ماہنامہ الحسنات

مجالس سترہوین بیان شہادت قاسم بن الحسن علیہ السلام

مجالس اٹھارہوین سعادت حضرت عباس بن علی علیہ السلام

مجالس انیسویں میں انبیا کو سانحہ کربلا سے اخبار دادن اور شہادت علی اکبر

مجلس اکیسویں میں فضایل شہدا وجہاد ...

نظم لمولفہ یہ دن وہ ہیں کہ مدینہ نبی کا ویران ہے

صفحہ فہرست حاشیہ ابتدا کتاب سے

مجموع آیات و حدیث و روایات مذکور متن کتاب و ملحقات

مجموع آیات و حدیث و روایات مذکور حاشیہ متن و ملحقات ۸۲۰

تمت بالخیر ۱۲۹۹

هو الله الاول والآخر المستعان الموفق والاحسان

ذلك الكتاب

لا ريب فيه بين يدي المفسر المحدث
الفقيه المؤيد على البكاء والآلام المسمى باخبار ماتم
مجمع احوال المولد والمعجزات والمصائب والوقائعات لرسول
الكبرياء ونور الثقلين وبتول الزهراء ام السبطين وابيه اسد الله
مولى الكونين ومقتلي الامامين السبطين الحسن والحسين
عليهم الاف التحية والسلام ما دامت الليالي والايام من
تاليف عبده الراجي محمد حسين بن محمد علي
غفر الله له ولوالديه وعفا عنه ذنبه
الخفي والجلي

جسنی مطبع حسینی میں واقع اریو کی صفحۂ نزہت پر مطبوع کیا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صادق ترجمانانِ احادیثِ غم کہ اخبارِ ماتم کو زبانِ حال ہین واقعہ محرم کہتی ہین بسط قال مین ہر دم خطبہ حمد و ثنا سی مؤلفِ کتابِ حدوث و قدم کی کہتی رہتی ہین + اور واثق بیانانِ آیاتِ الم جو سانحۂ عالم پر آوارِ اتہال ہین سر گشتہ قدم گذرتی ہین + صفحۂ خیال مین مقدم دیباچۂ شکر و سپاس کو حاملِ لوح و قلم کی رقم کرتی ہین + جسنی اہتمام رسالت سی باب ہدایت پر حلوہ نما

وَمَسٰکِنَ طَیِّبَۃً فِیْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ذٰلِکَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ کی

سبیل نجات رکھی + اور فرمانِ طاعت کی عنوان پر طغرای نَبِّئْ عِبَادِیْٓ

اَنِّیْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ سی کائنات کو سندِ حسنات لکھی + تعریف کردہ

خطبۂ حمد پروردگار

دنیا مین بحکم اِنَّ الْمُتَّقِیْنَ فِیْ مَقَامٍ اَمِیْنٍ کی نیلگون شامیانہ آسمان کو
بی ستون برپا فرمایا + اور ایمن شور و نوا کی دایرہ کو ذکر و سارِعُوا
اِلٰی مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّکُمْ سی ملاء اعلی مین بڑہایا + کتم عدم سی راہ
توفیق مصفا مین نشانِ وَالَّذِیْنَ جَاهَدُوْا فِیْنَا لَنَهْدِیَنَّهُمْ سُبُلَنَا
پنجہ مہر پر چمکایا + اور صحن سرای بکا مین قنادیل ماہ و انجم کو مصباح نوری
روشن کرکی اوج سپہر پر لٹکایا + اگر سوز وجود واسطی مجمرہ گردانی قصر جنان کی
عہدہ لِتُجْزٰی کُلُّ نَفْسٍ بِمَا تَسْعٰی مین عقل فعال کو دیا + اور کلا
پاس چشم مہر گینی کو رخسار اہل رقت کی عطیہ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ
لَا تُحْصُوْهَا سی حوالہ مردم کیا + بیت الاحزان سینہ مین بنی آدم کی ضریح
دلکو تربت درد و اندوہ کا حظیرہ بنایا + اور علم نالہ کو جریدۂ آہ اور شدہ
فنا کی ساتہ روضہ جگر مین قدسیو نکی اوٹہایا + ایوان بدن مین بساط حیات
جن و بشر کی مجلس اعضا و جوارح کو بچھایا + اور منبر کام و زبان پر ذاکر ناطقہ کو
سامعہ افروز کلام کا مقام ترنم بتایا + مرثیہ لَا یُکَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا
اِلَّا وُسْعَهَا کشور ایجاد مین رواج قبول سی لاجواب کہا + اور نوحہ
وَخُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِیْفًا پر داغ عبودیت کو صدر شیخ و شاب کی

خطبہ

وہ داور بنای خیر کہ انبیا کی صف تمولات پر جلوس کو ندای یبشرہم ربہم برحمۃ منہ

ورضوان سی غرفہ عالیہ جنات عدن مفتحۃ لہم الابواب مین جا دیتا ہی

اور مامور حرم و دیر کہ حال اوصیا کی رونق رولانی پر صلای ادخلوا الجنۃ انتم وازواجکم

تحبرون سی دعوت مین نعمات متکئین فیہا یدعون فیہا بفاکہۃ کثیرۃ وشراب

وعدہ وفا لیتا ہی + قادر توانا کہ جایزہ انشا اور تدوین مناقب مین سرفرازان بارگاہ کی

خوان بذل و نوال پر مائدہ ولحم طیر مما یشتہون سی طریقہ کامیابی جتایا + قاہر دانا

کہ معاوضہ املا اور تمکین مصائب مین محرمان حضور کی منبع عینا فیہا تسمی سلسبیلا

سی شربت بیضاء لذۃ للشاربین کو ذریعہ سیرابی بتایا + خوشامد بر الہام کنت

کنزا مخفیا جسی روایات معرفت کی حامل کو دولت آفرینش اور جاگیر تمکین دی ہی

مستبشر انعام فسوف نؤتیہ اجرا عظیما کہ حکایات مثوبات کی قائل کو قسمت آمرزش

روزی خلد برین کی + اوسکی صفت ذات کا بیان ہر شیخوان کتاب ایمان کو دلیل سی من جاء

بالحسنۃ فلہ عشر امثالہا مستوجب نعیم کرتا ہی + اور فقرات قدرتکا اعلان زمرہ

برہان سی وینقلب الی اہلہ مسرورا کی موروث فوز عظیم رہتا ہی + وہ احد کہ اوسکی

لیبلوکم ایکم احسن عملا سی ہر مقرب انجمن محبت سر کہ شوق لقا کا شہید ہی + اللہ الصمد

کہ شہید ایحسب الانسان ان یترک سدی مین طالبان حقیقت کا نقد جان بہا نہ

ایسا معبود جسکی بندگی اخلاص مین قیام و قعود والی محراب تیغ کی بصفای نیت لہو سی وضو کرتی

اینز و موجود کہ اوسکی پرستش خاص کی رکوع مصلای طاعت پر گردن جھکائی کوی رضا مین سر

گذرتی ہین + اوسکی عاشقان جمال روز بہجوم وصال مین خطاب یا ایہا الذین آمنوا کونوا

انصار اللہ سی جامہ طرحدار جراحات کو زیب تن ارغوانی پوش بنائی ہین + جانبازان

ذکر تالیف کتاب

ذوالجلال نے قرب لایزال میں پیام یٰۤاَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِیْ کی بشارت پر علائق
اہل و عیال کی بار سے سبک دوش رہجاتی ہیں + زہے حکیم بی نیاز کہ مادۂ امکان میں سالار
بلاکشان خیر الوریٰ محمد مصطفی علیہ التحیۃ والثنا کو سب دردمندوں کا قبلہ نما بنایا
زہی رحیم کارساز کہ قدم علی ولی اور اولاد ابرار علیہم السلام کو بارہ مقام سے تسلیم و رضا کی انتہا
درجۂ قصویٰ کو پہنچایا اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی خَاتِمِ الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَاِمَامِ الْاَصْفِیَآءِ
رَحْمَةً لِّلْعَالَمِیْنَ وَاٰلِهِ الطَّاهِرِیْنَ الْمَعْصُوْمِیْنَ وَاَهْلِبَیْتِهِ الْمَظْلُوْمِیْنَ وَتَحِیَّاتِ
کَرَمِکَ وَرِضْوَانَاتَ لِاَصْحَابِهِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالشُّهَدَاءِ وَالصَّالِحِیْنَ * اما بعد
راقم سطور آثم متعرف بقصور محتاج غفران لم یزلی محمد حسین ابن محمد علی ابن حاجی محمد بیگ ابن آقا علی
نقی کہ لقب کہاچی سی زبان زد اہل روزگار ہی + ورق یادگار دہر اور خاطر محبین حسین
اجلال سی خلاصہ نگار ہی + کہ والد میری قوم ترک قبیلہ افشار شہر ارومیہ کی رہنی والی نوجوان
آذربائیجان سی ہندوستان کو آئی + شوق روضہ خوانی میں اساتذۂ کامل یعنی ملا حاجی ابوطالب
اور شاہ حسین رضوان مکانان کی خدمت بجا لائی + مجھی بہی بدو فطرت سی یہ فن بسعادت
وراثت میں ملا + سامان رونی رولانی کو جمع آوری کتب سی بہت مستعد کیا + بعض میں
جو تحریف نامقبول خدا و رسول دیدۂ تحقیق سی دیکھی + کتاب مجالس الاخبار حاوی
اصول و فروع ماتم فارسی زبان میں لکھی + جب متولد اور مسکن لکھنوٴ سی نوکری سرکار
پادشاہی چہوڑکی چلا + ذریعۂ قدردانی اور طلب سی رئیس جنت آرامگاہ کی بلدۂ پٹنہ میں
ملازم رہا + ناگاہ ایام عزا میں ایک دن اونکی خلف غفران مآب نی بلایا + محفل عورات
اور محل مخدرات میں پس پردہ خوانندگی کا امر فرمایا + حقیر نی بنظر کَلِّمُوا النَّاسَ عَلٰی قَدْرِ عُقُوْلِهِمْ
عبارت اردو میں مصائب کو مختصر پڑہا + نالہ مرد و زن اور سلسلہ شیون بیشتر از بیشتر رہا +

اسبابِ تالیف کتاب

نوابصاحب نے اوس جلسۂ خواتین مین بیانِ مذکور پر ستایش کی + واسطے تحریر ترجمۂ حدیث و روایت
لسانِ ہندی مین مجہہ پر فرمایش کی + باوجودِ عدمِ شعور حسب الارشاد عمل مین لایا + صاف کرکے اوسکو
حضورِ پرنور مین پہنچایا + حسبِ ثواب اوسکو مجمعِ مستورات مین تحت اللفظ خوان رہی + تاکہ دنیا سے گذر کر
ملقب فردوس مکان ہوئی + بعد از انتقالِ فرمان رواے انصرام سے خدمات سرکار کی مہلتِ مجال
فرصت نپائی + اوس جیرچے کی فکرِ تحریر اور تقصیر اقدام تساہل سے طبیعت قاصر رہی + اکثر اوقات
مبتلاے امراض رہا + درد غم و الم کو خاطرِ ناشاد مین سہا + دستِ دہر نے وہ صفحات پریشان مثال
حواسِ راقم پریشان کئے + بعض محبانِ قدرشناس نے تقاضے سے عہد و پیمان لئے کہ اس اجزا قلیل کی
صورتِ انجام پر سعیِ جمیل سے متوجہ تکمیل رہو + اور تحصیل ثواب اسکے باب مین مَلِکِ جلیل کا انعامِ جزیل حاصل کرو
کیونکہ جو محققین عن عن لکہتے آئے کمتر مفید نکلا پایا ہے + مرثیہ خوانی ہند مین روایات جعلی سے انواعِ بہتان کا
دفتر بنایا ہے + مجالسِ عزا مین جانا باعثِ طاعتِ معنوی اور صوری ہے + بقدرِ ذاکر کو نسبت سے گوش
کرنا ضروری + مضامین و اشعارِ ہتکِ حرمتِ آلِ عبا خلافِ عصمتِ انبیا و اوصیا مین رونمائی
بلکہ اوسکا منع درصورتِ قدرت مقصود اور خوانندۂ بے ادب کی ملامت محمود + اکثر طالبانِ حق
اونہین افترا پردازونکو بلاتے اور عذر لاتے ہین + کیا کرین جو عبارتِ ازدو پسند آئے ہدایۂ شوق
جزاے خدا نہین پاتے ہین + علما بھی اس عام بلوی مین دم کہا رہے + اجتہاد کی قدم بندی جہاد مین اُنکی
نہ بڑھی + مجکو حسبِ توفیق نے امدادِ ہمت اور اعانت پہنچائی + چشمِ دل کو اقتضاے تحقیق نے راہِ قدر و
منزلت دکھائی + خصوص نقاوۂ خاندانِ خیر الانام مسندِ شرافت نجفی و علی نسب سیّد علی خلف
میر باقر علی زاد مجدہ کا اہتمام ہوا + خلوصِ زمرۂ عرفانِ ذریتِ کرام علیہم السلام کا مقام ارشاد
پیرا بند ہا + ہر چند اپنی طاقت استعداد سے احتمالِ بار بے تامل کو دشوار پایا + لاکن طاقت لاحول و لا
قوۃ الا باللہ العلی العظیم نے بخوبی سر انجام کار فرمایا + ہماری نواب نامدار بہت بڑی شاعر

طرز تالیف کتاب

اور صاحب دیوانِ غزل تھی + علم نظریات کی شایق ذی استعداد اجل تھی + خادم فی جو ابیات منقبت کا
اور تضمین دعا کو بیشتر اونکی تخلص ناظم پر تحریر کیا + بقای نام ولی نعمت کی لیئی اوس انتظام کو وضع
قدیم سی تغیر نہین دیا + تاکہ موجد خیر کی روح نتیجہ حسنات سی جایزۂ نیکنامی پائی + حدیقۂ عمل کا پہل
روضۂ جنات مین ہاتھ آئی + جسکی زبان فہم طرز جدید کی لذت اوٹھائی درگاہ حضرت مین دعای
مغفرت کو دستِ مواظبت بڑھائی + سابق ایام عشرۂ محرم کی پڑہنی کو شرایع منسوخ سی مجلسین
مشہور تھین + باب الم ذلک الکتاب مین شان و نزولِ محکم سی متشابہ آیاتِ صواب وہ صورتین
منظور کین + جو ہر واحد کا عبارتِ تمہید مین تحریص نالہ و فغان پر جدا جدا عنوانِ گفتار سے
مناسبِ وقت ایک سی دوسری کو بدلنی کا خوانندہ کی ہاتھ مین اختیار ہی + خلاصہ ایہام اس اوّلین
انام کو مبادی فیّاض نی طورِ انسجام کا یون الہام فرمایا + کہ آغاز مین رباعیات کلام شعرا کو عہد دائرے
توجہ خاص و عام کیواسطی مختلف اقسام لایا + بعد ازان برایت استہلال پر شور و شین کی روایات
فضیلت او مصیبت کا متن شارح بوستانِ آخران بنایا + سرگذشت کو زبانِ حال مین سینہ
مقام سی مقتضای واقعات پر بقدر وسعتِ بیان بڑہایا + ترجمہ مین حاصلِ مضمون کی رعایت
رکہی + جو بات منافی عصمت او طہارت تہی وہ نہین لکہی + کسی عبارتِ فارسی او ہندی کو
جامہ عربی نہین پہنایا + رقت او شہرت کی طلب کو لباس حدیث کا فقرہ لوحۂ دل سے مٹایا +
قرب و جوار مین تکرار الفاظ سی دوری کا ملاحظہ موجود ہی + بقدر امکان ایک جنس کی دو حرف مین
فاصلہ مقصود ہی + موزونی طبع نی جہان تک صفائی کلمع پائی + وجود فقرات کو زیورِ سجع کی لباس
مرصع پہنائی + اس دستور العمل خیرات کو تالیف کیا اور مقدمہ واحد او سینتالیس مجلس کی بنا سے
خاتمہ حائل ترصیف ہوا ہی اداب زیارات اور عیات و حمات کی ضروریاتِ اہل ولا سے
جب اقلامِ حق ارتسام نی آثار مناقب اور نوابِ آلِ سید انام کو حلیۂ اتمام دیا + تب اہتمام

نام و تاریخ تالیف

خاطرِ قدیر میں سمائی ارشادِ غیب سی اخبارِ ماتم نام کیا + پس یہی تاریخ ہی فسانہ ہی گنجینۂ غم کی + جو ماہِ
آفتابِ افقِ طبعِ فلک خرام سی چمکی + قطعہ مؤلفہ سند سی کتابونکی ناظم نی لکھا + روایاتِ صحیح
مصائب کو باہم + غم و درد و شیون بھری ایسی مضمون + خدا کی مدد سی کہی ہین فسانہ ہم + ہر اک لفظ
مفتاحِ قفلِ نگاہی + لڑین سطر کی سلک گوہر سی توام + ضیابخش مصداقِ نورٌ علیٰ نور + عروجِ
معانی کو نہ پایہ سلّم + قلم کی زبان پر نئی ہین جو انداز + ہوا روی قرطاس اشکو نسی پر نم + نظر
جو انصاف کی اونکو دیکھین + تو شایہ ثنا خوان ہون با فہمِ عالم + حقیقت مین اوستادِ روح
القدس ہی + کہ اثبات پر قولِ صادق ہی محکم + یہ ذکرِ حسین علی کی ہی بخشش + کہ جسکا عزا خانہ
عرشِ اعظم + حبیبِ خدا کا وہ پیارا کہ دایم + محبت کا دم اوسکا بھرتی ہین آدم + رہ دین
عرفان سی جو راست جائی + دُرود و سلام اونپہ بھیجی مقدّم + خرد سی جو تاریخِ تالیف پوچھی
ندا دی یہ اوسنی کہ اخبارِ ماتم + جالسانِ انجمنِ بیت الحزن کو سچا سخن مبتسم تن ہی کہ
١٢٨٥
حدیثِ معتبر اور حسن جو اس سی بدار نالہ و شیون مین ہی + اون مین بیشتر اختلاف مضامین سنا گیا
دیکھا جاتا + لاکن مؤلف سبکو اپنی علمای موثق کی تحریر سی مستند کرتا لاتا + فکرِ صحیح کی عورِ ضعیف
وجہِ اضداد اور نقص یون عقل و نقل مین آئی + کہ واقعاتِ مصائب مین راویانِ بادیانت کی جان
رسائی حضور کی کہان پائی + اعدا ظلم کرنیوالی ساری جہان کی فاسق اور فاجر بیدین سیہ
ناظرینِ دور و نزدیک یہود و نصاریٰ خواہ نا مسلمان بہی حمقای کمین تہی + دو ستین بیش تک
انہین اشخاص کی مشاہدہ اور سماعت پر سب ماجرا گذرا + جنکی زبانی جملہ قصص مشہور ہین اور
سلسلہ بیان منتہی ہوا + بعض نی حکایت مین غلبۂ نسیان سی تفاوت کیا + وہ تصرف بنا بر
کسیکی تقریر یا نقل کو قصورِ فہم سی نہ سمجھا + کہ اپنی طرف سی جو پایا ویسا کہا + بہر چار سو برس
بلکہ زیادہ شدّتِ اختفا مین یہ افسانی درمیانِ خلایق لسانی مذکور ہوتی آئی + تا کہ شیعہ کو

ذکرِ اختلافِ حدیث و روایت

فضلا نے ہر گوشہ و کنار سے اقوالِ مردم کو سنکے ثبتِ کتاب فرمائے + عرصہ دراز میں جمعِ خریدارانِ
اخبار اور حصولِ نام و نمود کی راہ واسطے فریفتۂ طالبِ جاہ کہلے + سخن سازوں کو افترا پردازی کے
مجال حسبِ خاطر خواہ ملی + فریقین کی واقعہ نویس نے اوسمیں تقسیمِ سبقتۂ حدیث کو عدمِ امکان سے
اسبابِ ہرج مانا + ذکرِ ہر ایک سانحہ کو یادِ حضرات کی لیے جو بلایا میں صبر کیا صورتِ فضیلت اور
متعین بکا جانا + بہت مدت میں آثارِ مناقب اور مصائب کو قیدِ نگارش میں لائے + فاصلہ و سقطے
جو صدہا سال گذرے فتورِ منافات ایک دوسرے کی حافظہ پر ظہور میں آئے + لہذا میں لوازمِ
توفیق اور توثیقِ عباراتِ مندرجہ سے ناچار ہوں + جو سانحہ دفترِ سلف میں لکھا پایا + اور نغارِ
عصمت نظر نہ آیا اوس میں پابندِ رشتۂ اظہار ہوں + ازان قبیل فاطمہ بنتِ امامِ ابرار کا مدینہ میں
رہنا + مرضِ شدائد کی ابتلا سے عراق میں پدرِ بزرگوار کو نامہ رقم کرنا + روایتِ ثانی واقعۂ کربلا میں
اہلحرم کی ساتھ تاراجی کا درد و الم سہنا + بازارِ کوفہ و شام کی رہگذار میں خلق کو سخنِ ملامت کہنا +
لاکن شادی قاسم جو اول بیاضِ قمری میں ذکر آیا وہی ماخذِ روضۃ الشہدا ہے + انہیں دو کتابوں
عربی اور فارسی کی سند سے بساطِ عزا پر ہنگامۂ نشاط کو سب نے پہلایا ہے + عدمِ تدبر میں اردو کا
عقل و نقل کی رو سے کہا پایا + خبرِ معتبر میں فاطمہ کا بیاہ حسن مثنی کی ہمراہ قبل از سفرِ کربلا ظہور پایا
دوسرے وہ ضغطۂ جدال اور محاصرۂ اعدا میں ایسی تقریب کی مہلت اور ضرورت کہاں تھی +
عبارتِ اعلام الورے سے معلوم ہوا کہ بازگشتِ خیمہ تک بھی مجالِ امان ہرگز نہ ملی + تیسرے من و
سالِ قاسم روزِ شہادت میں والد کی تین برس کا پایا جاتا ہے + لہذا غیر بالغ ہونا شاہزادے کا
تحریرِ وصیت نامہ اور قبالۂ نکاح کو مٹاتا ہے + وقوعِ زفاف غلط کہ فقدانِ آب سے دو فرزند
امام جنب رہیں معاذ اللہ + اسمیں فکرِ صحیح کو دخل نہ دیا زہے پیروی ضلالت پناہ + زارعِ
بنی اسد کا مشاہدہ صورتِ شبر میں ولی حسن کو جو مقتل سے آتا تھا ہے ایمان کی خلاف +

تعریف کتاب

مہمانداری شیرین بہانہ پرور و دسواری ہندہ خزانہ نہ نشین ملا محمد خطا کی بنائی ہتیا جاف الاوقات سکینہ
خاتون شہر دمشق مین حکایت ہی مشہور پھر اونکا عقد مین جانا شوہر کی اور مدت دراز تک جینا بھی مسطور
دونو حادثون مین کچھ قباحت نہین جو پڑھی اوسکو ہرگز مخالفت نہین اما در باب سر سرور دین اخبار مختلف
دفن ہونی کا شام اور مصر و کربلا و نجف اور مدینہ مین جو نظر آیا واقعی اوسکی حقیقت حال کو معلوم نہین کسی کو صحیح
ناقلین آثار نی تتغیر فرمایا خلاصہ تقریر مختصر کردن دفع اعتراض کی بیان کو ایسا بہت ہی مقام شبہ اور سہمین
ردیہ اغماض لازم جانلو عاصی نی ہر مصیبت پر بیشتر انبیا و اولیا کا دہیان لگایا مجالس الاخبار کی
سرچشمہ صدق و صفا سی دو سر ادریای عرفان بہایا اوسی روضۂ خلد آئین کی چمن سطور سی گلہای الفاظ
رنگین کو سبد تالیف پر چڑھایا وہی عمان کی صدف اوراق سی لآلی حروف پر معانی کو سلک تحریر مین لایا
منقح فقرات آبدار اشکبار کو طرۂ دستار صفحات رکھا مجمع فارسی زبان کو تبدیل جا و مقام سی کہیا
جسکی حلاوت تعریف پر نخل ماتم کی ثمر طبق اعلان مین رطب اللسان کرتی ہین بشارت توصیف سی بحر المصائب کی
دُر و گوہر دامان بیان مین غلطان او پیچان پھرتی ہین چشم بداندیش دور یہ مسودہ پسندیدہ ضیاء الابصار کا
نور افزا کحل الجواہر ہی دل نیک نہاد سرور کہ بجا لہ گزیدہ خلاصۃ المصائب کا سرمایۂ زرخار ہی سواد کا
ڈھنگ تیلیون پر حوران جنت کی چشمک زن بیاض کا رنگ طباشیر صبح عید کو جلوہ دیتی فصاحت مین
طوطی سدرہ اور عندلیبان طوبی ثناخوان بلاغت سی علم بیان اور معانی کا سلسلہ عیان سلاست مین
کلام کی روانی سلسبیل اور موجہ کوثر پانی بھری رشاقت الفاظ مین باہمہ زبان دانی روح الامین
سماعت پر کان دہری فقرات نثر کو عقد ثریا کی ساتھ قدر و قیمت کا دعوی ہی ابیات کی نظم سی
پروین اور سنبلہ نی عروض خجلت کو پایا ہی یہ دفینہ مناقب او مصائب شاہ لولاک
لما خلقت الافلاک ہی خزینہ رحمت او کرامت ایزد پاک بلکہ عرش علا کا زیور پاک ہی
جسکی ایک دُر بیش بہا سی رونق والی کو قصر یاقوت او ایوان زمرد کی صرف درہم سی الم او ثمانی

اسناد و ماخذ کتاب

گنج آمرزش نقد بیضوان ہاتھ لگی اس حدیقہ جنات الخلود نی بحار الانوار مجلسی کی مجاری سے
نزاہت مین آبیاری پائی اور جریدہ صفحات کو پرچم اعلام الوری سی طبرسی کی زینت پرشکوہ
سالاری آئی صحاح زبدۂ ششش جہات کو منتخب فخری سی وہ انتساب ہی جو کتاب و سنت کی
مطابق ہے انواج گزیدہ کی وجنات مین فوائح حسنیہ کا لب لباب ہی کہ ارباب مصیبت شائق عمان مواج کو
جذر و مد پر دنوحہ کی عین البکا سی جدول آمیزش ہی برہان و تاج کو اصول و فروع مین دلایل الشہدا کی
ساتھ تجمل سازش ہی اس نسخۂ کیمیا کو اوزان فریاد و فغان مین اجزای کثیر العبادت سی ملون
اجساد بنایا اور نصایح سودمند سی گوش الم فراموش مین تنبیہ الغافلین کی اوراد کو سنایا
مسلک طاعات مین تہیدستان بی مایہ کو زاد المعاد سی توشۂ کار آمد مہیا کیا اور پیکر حیات و
ممات مین صاحبان بلند پایہ کو ضروریات حلیۃ المتقین سی پیرایۂ زیبا دیا واقفان باب دار السلام کو
تحفۃ الزائر سی اداب کی راہ دکھائی مستحبان صلوٰۃ و صیام کو مفتاح الفلاح کی نوادر سی صف صفا کی
سچائی عبارات مین جوشش عبرت سی وہ روانی ہی کہ سحبان وائل قائل ہو جائی حکایات مین
کوشش ترصیعات پر ایسی خوش بیانی ہی جو فردوس کی عنادل کو شائل فرمائی جرعہ نوشان صہبای غم کو راح روان
جو میخانہ سعی مین ملائی ساقی کوثر کی وہ شراب طہور نکالی جسکا خمار نشہ ابد تک قہوۂ تلخ ملامت سی نہ ٹوٹی
گلچینان بہار الم کو غنچۂ دل خندان ہو جو چمن سخن مین وہ لالہ و ریحان حقایق کا دستہ باندھا جسکا رنگ شادابی
باغچۂ عمر کی خزانسی ہی چہوٹی طفلان دبستان بلاغت کو جو قرآن شوقسی آیات خدا کی شان مین تفسیر غلط پڑھتی
دست ارشاد کا تازیانۂ بصیرت لگایا عریان سیکران ہدایت کو جو آستین گریبان افادت مین پیوند بہت سا
وصل کرتی دنیاسی منظر اعتماد کا حلۂ قبولیت پہنایا خشک دماغان سودای غفلت کیو اصلی روغن بنفشہ یاد موت کا
کر انکہو مین تراوت بڑہی مرحلہ پیمایان زوایای جہالت کی لیی سوز و گداز حسرت کا چراغ جلایا کہ نظر مین بیت الاحزان
صداقت چڑہی مضمون لیلی مضمون کو جو بلا قید صحت دیوانہ وار واسوخت کہتا سلسلہ تحریر سی زنجیر نسیب بنائی

حقیقت سجھائی + آب و رنگِ حدیث و روایت سی وہ قواعدِ صوت اور معنی بتائی کہ صفحۂ
سینہ پر نقشِ ماتم کھینچی + ادویۂ مُطیّبِ تعزیت کی ایسی عطر گلزار بنائی + تا جامۂ شکیبِ سوگواری میں
شمیمِ الم پہنچی + بلکہ عشقبازانِ بساطِ ایمان جو کعبتینِ اندوہ و کلال سی کھیلتی ہین + داو
حریفِ شیطان کی مہرۂ عمل کو نہ مارین + اور سرود سرایانِ بزمِ عرفان جو نغمۂ
خیال مین تان اور اپچکی لیتی ہین حالِ وجد سی قولِ دغل پر ہاتھ پیر نہ مارین + انقباضِ
طبایعِ قاسیہ اس حبّ ایارج سی کیفیتِ ملال پر ملایم رہی + اور سکتۂ نفوسِ غالطیہ کو نفخۂ
روحِ افسانۂ شور و ابتہال سی مُتہاجم کری + حاذقِ مطبِ قلق اور سوگواری ماہر ہی کہ
تپِ محرقۂ عصیان کو اس تدبیر سی پچکیدۂ دیدۂ تبرید معتدل ہی + اور شایقِ گنجِ آہ و
زاری پر ظاہر کہ مفلسی مین روزِ حساب کی خرید جنسِ غفران کو یہ بدرۂ شور و شین سرمایۂ
کامل ہی + فاقہ کشانِ زمرۂ اہلبیت کو جو ہر ناکس کی جھوٹی لقمہ پر فکرِ معاش مین نہ پھیلائی
کُلّ جدیدٍ لذیذٌ فرمائی + صدقِ مقال سی آذوقۂ حلال کا انبار ہی + اور عابدوشان
صومعۂ ریا کو جو دیر ترسا و مجوس مین شبہۂ حرم پر جاتی + ذکرِ نجات مین ناقوس بجاتی
اصلاحِ حال سی حسنِ اعمال کا وظایف رٹا رہی + رجا کہ سبق پڑہنی والی سیدہی
شرایعِ ہموم کی مکتبِ دارین مین روبروی عالمِ اسرار آموختۂ الزام و قبول انعام
بی سوا در ہین + اور کاتبِ حروف کو مقطعاتِ انجام پر یعنی آب و خدر روانی مین جب
فضیلت پائین + دعای مغفرت سی یاد کرین + امید کہ یہ ذخیرۂ مثوباتِ دارین جو دامن
آرایش مین بھرا ہی + اور پیرایۂ حسناتِ ثقلین کہ معیارِ استعداد نی کفِ نمایش پر دہرا ہی
منظورِ قبول نذرِ حضورِ مصدرِ جلال ہو + اور یہ تحفۂ ماثول نتیجۂ حصول قدر سی مشہور لا زوال ہو

ارباب دانش جانتی ہین کہ ایزد باری ساری مخلوق پر ارشاد ہی وَلَقَدْ کَرَّمْنَا بَنِیْ آدَمَ وَ
حَمَلْنَاهُمْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنَاهُمْ مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَفَضَّلْنَاهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا
تَفْضِيْلًا یعنی انسان مہربان ہی + اصحاب نگارش ہچانتی ہین کہ ذات کردگاری منطوق پیغام
اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ يُّتْرَكُوْا اَنْ يَّقُوْلُوْا اٰمَنَّا وَهُمْ لَا يُفْتَنُوْنَ سب کا طالب امتحان
ہی + اگرچہ سعید اور شقی کا ازل سی شناسا ہی ناجی اور ناری کا ابداً بینا ہی + لیکن بنا بر اتمام
حجت جسدِ ابرار و اشرار کو بائرہ تکلیف مین گداز کرتا ہی + زرِ خالص اور ناسرہ کو بازار وجود
زبان مین محکِ امتیاز پر کستا ہی + قال مین چاشنی حال کو بنظر خاص دیکھتا ہی + رفاہ اور خلاص
قدر و قیمت کو سکۂ اخلاص کی پرکھتا ہی + اس بات کا مؤید ہی خلاصہ مطلب اَلْبَلَاءُ لِلْوِلَاءِ كَا
لِلذَّهَبِ کہ آزمایش کی مختلف اقسام ہین + اسکی وجہ تفاوت ہین قاصر اوہام ہین + عسرت
ناداری + ملالت و بیماری + شرفِ بزرگی مین اہانت خواری + تسلطِ اعدا + غم فوتِ اقربا
نقصانِ مال اور تلف ہونا عیال کا + زوالِ جاہ اور نہ رہنا جلال کا + ہلاکت اور ذلتِ نسوان
ہلاکت اور فنای جان + خواہ برعکس نظایر مذکور + دولت و نعمت کا وفور + فرزندی تمکنت
و حکومت + موزونی ملک و سلطنت از آدم تا خاتم عالم ابتلا سب کا جدا ہی + مصلحت و مناسبت
واقف خدا ہی + ابو البشر دوری جنت و فراقِ حوا سی نالان + نوح تا مدت دراز نوحہ خوان کشتیبان
ورطہ طوفان + ابراہیم خلیل کا نار نمرود مین گزار + اسماعیل کا خنجر زیر خنجر آبدار + یعقوب مہجوری
فرزند مین مبتلا + یوسف الم زندان سی مقید سلسلہ صبر و رضا + موسی زحمتِ فرعون و آفت
تیہ سی پر خطر + داؤد و سلیمان بادشاہت کی افسری بہرہ ور + ایوب آزردہ جانِ عداوت
شیطانی + یونس کو شکم ماہی مین حالاتِ ظلمانی + عیسی دار محنت پہ مصلوب + زکریا و یحیی ہلاکت سے

مقدمة الكتاب

بَشَرًا مِثْلَهُمْ لاکن واجب الوجود نی آفریدگان ممکنات کی ہدایت کو پیغمبر بہیجی اونکی صنف
بشر اور جنس خلق سی مبعوث کیی + فَلَوْ بَعَثَ اِلَيْهِمْ رُسُلًا مِنْ غَيْرِ صِنْفِهِمْ وَصُوَرِهِمْ
لَنَفَرُوا عَنْهُمْ وَلَمْ يَقْبَلُوا مِنْهُمْ اگر اونکی صورت وسیرت سی رسول نہین بہیجتا + تو ہر گز
لوگونکا دل ہرگز نہ ملتا + قول نبی کو قبول نکرتی + امر تکلیف سی بیگانہ رہتی + فَلَمَّا جَاؤُهُمْ
وَكَانُوا رُسُلًا مِنْ جِنْسِهِمْ يَأْكُلُونَ الطَّعَامَ وَيَمْشُونَ فِي الْأَسْوَاقِ پس
رہنما جب اوسی قسم اور نوع کی آئی + مثال مردم کہانا کہاتی کوچہ اور بازار مین پہرتی پائی
قَالُوا لَهُمْ اَنْتُمْ مِثْلُنَا فَلَا نَقْبَلُ مِنْكُمْ حَتّٰى تَأْتُونَا بِشَيْءٍ نَعْجِزُ اَنْ نَأْتِيَ بِمِثْلِهِ
اونسی کہا عبادنی تم ہماری صورت کی ہو تمہاری بات نہین مانتی جبتک وہ کام نکرو جو اوسکی
ہم نہین جانتی + فَنَعْلَمَ اَنَّكُمْ مَخْصُوصُونَ دُونَنَا بِمَا لَا نَقْدِرُ عَلَيْهِ جسپر ہم قادر نہین
وہ ظاہر کرو + تو جانین کہ شرف اور کرامت پر تم مخصوص ہو + فَجَعَلَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ
لَهُمُ الْمُعْجِزَاتِ الَّتِي يَعْجِزُ الْخَلْقُ عَنْهَا پس اللہ تعالی نی اپنی پیغمبرونکو معجزات ایسی قوتین
عطا کین + کہ طاقت بشری سی نہو سکین + وہ باعث عجز خلایق ہوئین + فَمِنْهُمْ مَنْ جَاءَ
بِالطُّوفَانِ بَعْدَ الْاِنْذَارِ وَالْاِعْذَارِ فَغَرِقَ جَمِيعُ مَنْ طَغٰى وَتَمَرَّدَ ایک اونمین سی
ڈرانی اور سمجہانی کی بعد جلال مین آیا + اہل انکار پر بلای طوفان کو لایا + جن لوگونکا تمرد و
طغیان دیکہا تہا اون سبکو موجہ قہر مین ڈبو دیا + وَمِنْهُمْ مَنْ اُلْقِيَ فِي النَّارِ فَكَانَتْ
عَلَيْهِ بَرْدًا وَسَلَامًا دوسری مشتعل نار نمرودی مین ڈالی گئی + کہ وہ آتش سوزان
سرد اور سلامت رکہنی والی رہی جو تناذی نہوی + وَمِنْهُمْ مَنْ اَخْرَجَ مِنَ الْحَجَرِ الصَّلْدِ
نَاقَةً وَاَجْرٰى فِي ضَرْعِهَا اللَّبَنَ اونمین ایک وہ تہا جسنی خارا پتہر کی اندر سی اونٹنی
نکالی کہ جہاتیونسی دودہ بہتا قوم نی دیکہی بہالی + وَمِنْهُمْ مَنْ فَلَقَ لَهُ الْبَحْرَ وَجَوَّزَ لَهٗ

مقدمۃ الکتاب

مِنَ الْحَجَرِ الْعُيُوْنُ وَجُعِلَ لَهُ الْعَصَاءُ الْيَابِسَةُ ثُعْبَانًا فَتَلْقَفُ مَا يَأْفِكُوْنَ
ایک نبی کی واسطی دریا شگافتہ ہوا راستہ چلنی کو پانی دیوار بنا کہڑا رہا پتہر پہٹ کی آب روان کا
چشمہ نکلا سوکہی لکڑی کا عصا اژدہا بنا ساحرونکی شعبدونکو سب نگل گیا فرعون اور اوسکی
تابعین کو ڈرادیا وَمِنْهُمْ مَنْ اَبْرَءَ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاَحْيَى الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ
عَزَّوَجَلَّ وَاَنْبَاَهُمْ بِمَا يَأْكُلُوْنَ وَمَا يَدَّخِرُوْنَ فِيْ بُيُوْتِهِمْ اونہین سی ایک مادرزاد
اندہونکو روشنی چشم دیتی بیماری برص اور جذام کو اچہا کرلیتی اذن خدا پاتی تو مردونکو جلاتی
لوگ جو اپنی گہر مین کہاتی خواہ چہپاکی رکہہ آتی اوسکی خبر مفصل فرماتی ہر چیز کا نام اور پتا بتاتی
وَمِنْهُمْ مَنِ انْشَقَّ لَهُ الْقَمَرُ وَكَلَّمَهُ الْبَهَائِمُ مِثْلُ الْبَعِيْرِ وَالذِّئْبِ وَغَيْرِ
ذٰلِكَ اور اونہین ایک وہ سید البشر تہی جسکی اشارہ انگشت سی چاند دوٹکڑی ہوا جیوانات
مانند اونٹ اور گرگ وغیرہ نی صاف کلام کیا فَلَمَّا اَتَوْا بِمِثْلِ هٰذِهِ الْمُعْجِزَاتِ وَعَجَزَ
الْخَلْقُ مِنْ اُمَمِهِمْ عَنْ اَنْ يَأْتُوْا بِمِثْلِهِ جب یہ خرق عادت سامنی لائی مرسلان خدا نی
بڑی معجزی دکہائی تو اونکی امت مین لوگ شرمائی کہ ویسا کرنی سی عاجز آئی كَانَ مِنْ
تَقْدِيْرِ اللّٰهِ وَلُطْفِهٖ بِعِبَادِهٖ وَحِكْمَتِهٖ یہ صورت تقدیر الٰہی کی حکمت سی ظاہر ہوئی
چشم لطف وعنایت خدا ناظر حال بندونکی رہی اَنْ جَعَلَ اَنْبِيَائَهٗ مَعَ هٰذِهِ الْمُعْجِزَاتِ
فِيْ حَالٍ غَالِبِيْنَ وَفِيْ اُخْرٰى مَغْلُوْبِيْنَ وَفِيْ حَالٍ قَاهِرِيْنَ وَفِيْ حَالٍ مَقْهُوْرِيْنَ
اپنی پیغمبرونکو ربت ودودنی آزمایا باوجود ہونی ان معجزات کی ایسا کیا جو کبہی غالب اور دوسری
وقت ضعف رہا کاہی زبردست زمان ثانی زیردست کا رتبہ دیا وَلَوْ جَعَلَهُمْ فِيْ جَمِيْعِ
اَحْوَالِهِمْ غَالِبِيْنَ وَقَاهِرِيْنَ وَلَمْ يَبْتَلِهِمْ وَلَمْ يَمْتَحِنْهُمْ لَاتَّخَذَهُمُ النَّاسُ
اٰلِهَةً مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اگر ایزد قدیر سب حال مین اونکو غالب رکہتا عجز بشریت مین

مقدمۂ کتاب

امتحان اور ابتلا کرتا، ہر آینہ ساری بندی جنہ اکو بھول جاتی اونکی صورت کی عبادت بجا لاتی وَلَمَّا عَرَفَ فَضْلَ صَبْرِهِمْ عَلَى الْبَلَاءِ وَالْمِحَنِ وَالْاِخْتِيَارِ پس اونکی شرف کو تمام صبر مین اوپر بلا و محنت کی پہچانا کہ اختیار تہا وہ قبول کرین یا چھوڑ دین اذیت اوٹہانا، وگرنہ درجۂ فضل خلایق پر چہپا رہتا، مرتبۂ تحمّل اقتدار مین اوپر بلا کی ہرگز نہ کہلتا ولکنّہ تعالیٰ جَعَلَ اَحْوَالَهُمْ فِي ذٰلِكَ كَاَحْوَالِ غَيْرِهِمْ لِيَكُوْنُوْا فِي حَالِ الْمِحْنَةِ وَالْبَلْوٰى صَابِرِيْنَ وَفِيْ حَالِ الْعَافِيَةِ وَالظُّهُوْرِ عَلَى الْاَعْدَاءِ شَاكِرِيْنَ لاکن خالق نی اونکو جامۂ انسانی پہنایا، گذرانِ معاش مین مثال اور آدمیونکی بنایا، کہ ابتلای محنت اور ایذای اہلِ عداوت مین صابرین ہوں جب آرام و چین اور صحت پائین دشمنون پر ظفر ہو تو شکر کرین وَيَكُوْنُوْا فِيْ جَمِيْعِ اَحْوَالِهِمْ مُتَوَاضِعِيْنَ غَيْرَ شَامِخِيْنَ وَلَا مُتَجَبِّرِيْنَ وہ بزرگوار ہر حال مین قوت و ضعف کی عباد اللہ سی متواضع رہی تکبر اور نخوت کی ہرگز مرتکب نہین ہوی وَلِيَعْلَمَ الْعِبَادُ اَنَّ لَهُمْ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ اِلٰهًا هُوَ خَالِقُهُمْ وَمُدَبِّرُهُمْ فَيَعْبُدُوْهُ وَيُطِيْعُوْا رُسُلَهٗ تاکہ خلایق جانین اوس رب کا جان آفرین مدبّرِ امور اور پالنی والا ہی پیغمبر جنہ اکی طاعت اور عبادت پروردگار کو پہچانین واجب الاداہی وَيَكُوْنُ رُسُلُهٗ حُجَّةُ اللّٰهِ تَعَالٰى ثَابِتَةً عَلٰى مَنْ تَجَاوَزَ الْحَدَّ فِيْهِمْ وَادَّعٰى لَهُمُ الرُّبُوْبِيَّةَ ہر آینہ اوسکی انبیا و رسول حجتِ واثق ہین اوس پر جو حدود الٰہی سی نکل جائی اللہ کو بہول کی اِن سادات پر شان خدائی کا شبہ لائی اَوْ عَانَدَ وَخَالَفَ وَعَصٰى وَجَحَدَ بِمَا اَتَتْ بِهِ الْاَنْبِيَاءُ وَالرُّسُلُ یا جو مرتکب ہی مخالفت اور سرکشی اور عصیان کا، یا لائی ہوی احکامِ انبیا و مرسلین سی جسنی انکار کیا وَلِيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْ بَيِّنَةٍ وَيَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْ بَيِّنَةٍ پس اگر ایسی دلیل اور برہان عیان کو نہ دیکہا، وہ فرقۂ تباہ اور ہلاک ہوا جو اوس طریق کا مطیع اور پیرو بنا، البتہ امر زیدہ

مقدمۃ الکتاب

دارین زندہ جاوید رہا۔ قَالَ اِنَّ الثَّوَابَ مِنَ اللّٰہِ تَعَالیٰ ذِکْرُہٗ عَلیٰ ضَرْبَیْنِ اِسْتِحْقَاقٌ وَّاخْتِصَاصٌ کتاب خصال مین قول معصوم سے کہا ہے ثواب اللہ تعالی کو دو قسم ارشاد کیا ہے ایک استحقاق کہ طاعت سے ملتا ہے دوسرے اختصاص جو فضل و کرم سے عطا کرتا ہے وَلِئَلَّا یُحْتَقَرُوْا ضَعِیْفًا لِضُعْفِہٖ وَلَا فَقِیْرًا لِفَقْرِہٖ وَلَا مَرِیْضًا لِمَرَضِہٖ لاکن ہر شخص پر اوسکا بھید نہین کھلتا ہے کہ کس لیے خالق ابتلا مین رکہتا ہے اسواسطے نہین چاہتی کہ ضعیف کو اوسکی سلب طاقت مین حقیر سمجھو یا فقیر کو بسبب ناداری کے خواہ مریض کو مبتلاے بیماری سے ناچیز دیکھو وَلِیَعْلَمُوْا اَنَّہٗ یُسْقِمُ مَنْ یَّشَآءُ وَیَشْفِیْ مَنْ یَّشَآءُ مَتیٰ شَآءَ کَیْفَ شَآءَ بِاَیِّ سَبَبٍ شَآءَ یقین جانو کہ وہی حکیم بے نیاز بیمار کرتا ہے جسے چاہتا ہے اور صحت دیتا ہے جسکو مناسب جانتا ہے جب چاہے جس طور چاہے جس علت سے چاہے وَیَجْعَلُ ذٰلِکَ عِبْرَۃً لِّمَنْ شَآءَ وَشَقَاوَۃً لِّمَنْ شَآءَ وَسَعَادَۃً لِّمَنْ شَآءَ اور جسکی واسطے چاہتا ہے شقاوت یا سعادت نصیب کرتا ہے وَھُوَ عَزَّ وَجَلَّ فِیْ جَمِیْعِ ذٰلِکَ عَدْلٌ فِیْ قَضَآئِہٖ حَکِیْمٌ فِیْ اَفْعَالِہٖ لَا یَفْعَلُ بِعِبَادِہٖ اِلَّا الْاَصْلَحَ لَھُمْ وَلَا قُوَّۃَ لَھُمْ اِلَّا بِہٖ باوجود اسکی وہ پاک پروردگار ان ساری امور مین عادل قضا یا ہے اور اپنی افعال مین منصف اور حکیم و دانا ہے بندوسی کوئی فعل بدون اونکی صلاح اور ضرورت نہین ظہور مین لاتا ہے اور کسی کو زور و طاقت بے امداد الہی نہین آتا ہے رُوِیَ فِی الْمُنْتَخَبِ اَنَّ مُوْسیٰ لَمَّا تَوَجَّہَ لِمُنَاجَاتِ رَبِّہٖ عَزَّ وَجَلَّ عَرَضَہٗ رَجُلٌ مِّنْ عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ کتاب منتخب فخری مین روایت کی ہے یہ بات سند سے کہی ہے ایک دن حضرت موسی نے مناجات الہی کیواسطے ارادہ کیا ناگاہ بندگان خدا سے مرد صالح راہ مین ملا فَقَالَ لَہٗ یَا مُوْسیٰ اَبْلِغْ رَبَّکَ اَنِّیْ اُحِبُّہٗ وَاَنَا مُطِیْعٌ لَّہٗ کہا یا موسی اپنی رب کو سیرا پیام پہنچانا مین اوسے بہت

مقدمۃ الکتاب

چاہتا اور طاعت بجالاتا ہون فَلَمَّا فَرَغَ مُوسٰی مِنْ مُنَاجَاتِ رَبِّہٖ نُودِیَ یَا مُوسٰی
اَلَا تُبَلِّغُنِیْ رِسَالَۃَ عَبْدِیْ جب موسی نی باتون سی خدا کی فراغت پائی ندا ہوئی
ای کلیم تو نی کیون ہماری بندی کی رسالت چھپائی فَقَالَ یَا اِلٰہِیْ اَنْتَ الْعَلِیْمُ بِمَا
قَالَ عَبْدُکَ موسی نی عرض کی خداوندا تو بینا اور دانا ہی جو سخن تیری عبد صالح نی کہا
خوب جانتا ہی فَقَالَ لَہٗ ذُوالْجَلَالِ یَا مُوسٰی وَاَنَا اَیْضًا اُحِبُّہٗ خالق انام نی فرمایا
ای موسی اوسکی نیت پر نظر کرتی ہین اور مدام ہم بھی اوسی دوست رکہتی ہین فَازْدَادَ ذٰلِکَ
الرَّجُلُ فِیْ یَقِیْنِ مُوسٰی اِنَّہٗ عَبْدٌ صَالِحٌ اوس آدمی کی قدر و منزلت کا یقین دل کلیم مین
زیادہ ہوا کہ وہ خاص اور نیک بندون مین ہی خدا کا فَلَمَّا رَجَعَ مُوسٰی مِنْ مُنَاجَاتِ
رَبِّہٖ جَعَلَ یَتَفَقَّدُ ذٰلِکَ الرَّجُلَ فِیْ مَکَانِہٖ جبکہ موسی مناجات کیواسطی بہر کی تشریف
لائی نوازش کرنی کو از راہ مہربانی اوس مرد کی گہر قدم رنجہ فرمائی فَاِذَا ھُوَ بِالْاَسَدِ قَدِ
افْتَرَسَہٗ فَتَعَجَّبَ مُوسٰی وَحَزِنَ عَلَیْہِ موسی کو اوس محبوب الہی کا حال دریافت ہوا
کہ ناگاہ شیر آیا گردن توڑکی مارڈالا ندیم رب العالمین مرد یا خدا کی مصیبت پر غمگین ہوئی
حیرت اور تعجب کی عالم سی ہوش گم کئی فَقَالَ یَا اِلٰہِیْ رَجُلٌ صَالِحٌ یُحِبُّہٗ وَیُحِبُّکَ
تَسَلَّطَ عَلَیْہِ کَلْبًا مِنْ کِلَابِکَ یَفْتَرِسُہٗ درگاہ صمدیت مین عرض کی ای رحیم
یہ کیا مصلحت ہی تیری ایک بندہ شایستہ جو تجہی دوست رکہی تو بہی اوسکی محبت کا اقرار
کری اوسپر دنیا کی کتون سی شیر اسکاری تازی دوڑی جان ماری استخوان توڑی اور کہال
فَاَتَاہُ النِّدَاءُ نَعَمْ یَا مُوسٰی ھٰکَذَا اَفْعَلُ بِاَحِبَّائِیْ وَاَوْلِیَائِیْ اَبْتَلِیْھِمْ فِیْ دَارِ
الْھَوَانِ وَاُسْکِنُھُمْ عِنْدِیْ فِیْ غُرُفَاتِ الْجِنَانِ اوسدم واقعہ عجیب کا منادی غیب
جیب ہوا ہان ای موسی اپنی اولیاسی میں معاملہ و نہین گذرتا ہی ابتدا سی انتہا تک سلوک

مقدمۃ الکتاب

رہتاہی اونکو دنیای غوارمین مبتلای زحمت رکھتاہون دار ناپایدارسی لیجاکی آخرت مین موفورعنایت
قصرجنت کامکین کرتاہون ایضًا رُوِیَ اَنَّ رَجُلًا جَاءَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ فَوَقَفَ بَیْنَ یَدَیْہِ
جلد بحارمین اس روایت کو ذکر کیا کہ عہد نبی مین ایک شخص رسولخدا کی پاس ٹہرا ہوا فَقَالَ
یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ اُحِبُّ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ فَقَالَ لَہٗ اِسْتَعِدَّ لِلْبَلَاءِ کہا ای سیدانبیا
مین بہت دوست ہون ایزد باری تعالی کا فرمایاپس آمادہ رہنا ابتلای درد اور ایذای دنیا کا
فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ اُحِبُّکَ فَقَالَ لَہٗ اِسْتَعِدَّ لِلْفَقْرِ عرض کی ای خیرالوری مین دلسی
تمہارا چاہنی والا ہون ارشاد کیا مہیارہ نادار یکو فقر و فاقہ مین بحال زبون فَقَالَ لَہٗ وَاِنِّیْ
اَیْضًا اُحِبُّ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْطَالِبٍ فَقَالَ لَہٗ اِسْتَعِدَّ لِکَثْرَتِ الْاَعْدَاءِ پھر گذارش کی
اوسنی ای رسول مقبول مین کہتاہون کہ علی ابن ابیطالب سی بہی محبت کا دم بھرتا ہون اوس حضرت
جل وعلا نی جوابدیا کہ ای مرد انتظار مین بیٹہنا غلبہ اعدا و فور ایذای دنیا کا زیادتی دشمنان بیدرد جفا
جور وجفا کا وَلَمَّا کَانَ الْاِمَامُ الْحُسَیْنُ عَلَیْہِ السَّلَامُ حَبِیْبَ الْمَلِکِ الدَّیَّانِ وَابْنَ
وَلِیِّ الْوَاحِدِ الْمَنَّانِ حُجَّۃَ اللّٰہِ عَلَی الْعِبَادِ یونہین تہی امام حسین علیہ السلام دوست اور پیاری
حضرت رحمان کی بیٹی ولی اور خلیفہ ایزد منان کی امام وپیشوای خلق خدا تہی جہان مین ہادی اور
برگزیدہ جن انس و جان مین لَاجَرَمَ اِبْتَلَاہُ اللّٰہُ بِاَھْلِ الْعِنَادِ اس لئی رب داور نی فرزند
پیغمبر کو آفات مین مبتلا کیا او نپر اعدا کا طغیان بی انتہا گذرا وَھَلْ اَصَابَتْہُ تِلْکَ السِّھَامُ
وَالْمِحَنُ الْعِظَامُ مِنْ قَوْسِ الَّذِیْ وُتِرَ عَلٰی اَبِیْہِ وَاَخِیْہِ سخت محنت اور مصیبت کی تیر
پی درپی چلی اوس جناب پر کہ نگار بنایا ایسی کمان کینہ سی جسنی اونکی باپ اور بہائی کو نشان
آزار بنایا رُوِیَ فِیْ کِتَابِ النَّوَادِرِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ زِیَادٍ الْعَطَّارِ قَالَ سَاَلْتُ اَبَا
عَبْدِ اللّٰہِ عَنْ قَوْلِ اللّٰہِ عَزَّ وَجَلَّ کتاب نوادر مین حسن ابن زیاد عطارسی روایت مستجاب

مقدمۂ کتاب

کی ہی جو اوسنی کہا یعنی حضرتِ صادق سی ارشادِ الٰہی کی تفسیر پوچھی ہی اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ قِیْلَ لَہُمْ
کُفُّوْا اَیْدِیَکُمْ وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ یعنی آیا نہیں دیکھتی طرف مخاطب الیہ کی جو
کہا گیا اونکو کہ زبان روک لو اور ہاتھہ کو تہامی رکھو قیامِ نماز کو برپا کرو مال سی زکوٰۃ کو پہنچا دو
قَالَ نَزَلَتْ فِی الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ اَمَرَہُ اللّٰہُ بِالْکَفِّ مخبرِ صادق نی فرمایا اس آیت پر امام
حسن ابن علی علیہما السلام کو اشارت ہی اونکو سکوت اور گوشہ نشینی کی امرِ خدا سی بشارت ہی
قَالَ قُلْتُ فَلَمَّا کُتِبَ عَلَیْہِمُ الْقِتَالُ راوی ناقل ہی امامِ برحق سی یعنی عرض کی اس آیت ثانی سی
کیا مرادِ علّامُ الغیوب تہی یعنی جب لکہا اونپر اقدام لڑائی کا اعدای دین اور منکرین پر احکام کا
قَالَ نَزَلَتْ فِی الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ کَتَبَ اللّٰہُ عَلَیْہِ وَعَلٰی اَہْلِ الْاَرْضِ اَنْ یُّقَاتِلُوْا
مَعَہٗ جعفر ابن محمد علیہما السلام نی فرمایا کہ یہ قول باریتعالی شان میں امام حسین علیہ السلام کی آیا
خالقِ بی ہمتانی اونکو جہاد کا اذن دیا حکمتِ بالغہ سی قتال کو ارشاد کیا ساری عالم پر واجب گردانا
ساتہہ جناب کی مخالفون سی لڑنیکو جانا تمام اہلِ زمین پر قبلۂ امام کی طاعت اور مددگاری
لازم ٹہری نافرمانی اور انحراف سی مَلِکُ العلّام کی معصیت ٹہری جسنی جان بازی اور قربانی مین
سبقت کی وہ ناجی ہی جو عداوت اور طغیانی پر آمادہ ہوا ناری ہی فی الحقیقت اندنون ہی وہ
شاخص رحمت ہی خالق اکبر کا وسیلۂ عبادت اور مغفرت ہی جہان مین حضرتِ داور کا اونکی
واسطی ایامِ عزا مین مصروفِ نالہ و فغان ہونا ذکرِ مصیبت اظہارِ سرگذشت مین ہوش کہونا گوش
رغبت سی بیانِ مناقب اور نوائب کو سننا چشمِ الفت سی دو آنسو رونا خواہ شبیہ سوگوار بنا
کردارِ ابتلا واقعۂ جانگزا پر دوسرونکو رولانا ذاکر اور اہلِ شور و نوا کو پلانا کہلانا تہوڑا بہت نذر
آقا مین فائدہ پہنچانا راہِ ولایت سی زیارتِ مشاہد کو قدم بڑہانا جو خدمت ہو سکی موافقِ مقدور
بجالانا دل و جان و مال و عیال کو شہید بنانا ہرایک امر موجبِ وصولِ جنت و رضوان ہی ترک

٢٦

مجلس اول

خواہ شانا اس رسم کا سبب عقوبت یزدان ہی اِن افعالِ حسن پر جوکہی محبِ حسین علیہ السلام کو شاق ہی وہ انفعال اور ندامت اپنی جلن کی حضورِ حسن اور رسول بین روزِ قیام پائی شعر بن الجہ شرطِ بلاغ بانو سیکویم + تو خواہ از سخنم پند گیر وخواہ ملال وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَاِلَیْہِ اُنِیْبُ

مجلس پہلی کیفیاتِ ولادتِ رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وآلہ اور معجزات اور وفات

رباعی آدم کو یہ تحفہ یہ ہدایا نہ ملا + ایسا تو کسی بشر کو پایہ نہ ملا + اللہ ری لطافتِ تنِ پاکِ رسول ڈہونڈہا کیا آفتاب سایہ نہ ملا + رباعی حورین گلِ جنت لئی داما نون بین + ہین گردِ ضریح فاتحہ خوانون مین + فانوس کی پردی بین زمین بوس ہی عرش + حاضر ملکِ قدس ہین پروانون بین + رباعی روضہ بین جو بار یاب ہوجاتا ہی + وہ رتبہ بین لاجواب ہوجاتا ہی شب جلتا ہی جو کہ قبرِ احمد پہ چراغ + وہ صبح کو آفتاب ہوجاتا ہی + رباعی کسطرح نہو جان فدای احمد + ہی سرمۂ چشم خاکپای احمد + آیات سی ہی ثبوت اسکا نادر + واجب ہی ہر ایک پر ولای احمد + تمہیدِ بکا محامدِ خاتمِ انبیا علیہ التحیۃ والثنا اصولِ مصیبتِ دنیا نبی الوری کا ماجرای فرقت ہی + اور مقبولِ کبریا آجیاسی محمولِ رقت ہی + قانونِ محنت اور ابتلا واقعۂ انتقالِ سیدِ اصفیا جانو + شجرۂ کرب وبلا کی اصل حادثۂ وفاتِ جدِ ائمۂ ہدی پہچانو + اشکِ مرحومہ کا فراہم ہونا واسطی ذکرِ خیر البشر کی تقاضای آب وگل ہی + رحلتِ بین سرورِ عالم کی ہر دم رونا جلای دیدہ ودل ہی + اخبارِ ماتم کا خطبہ شفیعِ امم کی سبب تسی حزن افزا کہا + اشتہار نوا ہر فقرہ ساری پیمبرونکی نام سورش غوغا لکہا + چاہئی آدم غم اولاد سی قابیل آہ وفریاد کی جہانِ شور ونوا بین پہیلائی + نوح الم ایمان دارانِ عشرہ کو دریای سکوت بین کشتی طوفان بکا پر بٹہائی + خلیل ملال سوزِ سینہ بین گل داغ سوگواری کو مثالِ گلزار ابراہیم کہلائی + اسماعیل جان بسنای تمنا بین رتبۂ ذبحِ عظیم کی سبب فغان کو تیغِ بیتابی پر بڑہائی + یعقوب شوق کنعانِ محفل بین شہیدِ

٢٧

مجلس اول

یوسفِ اشک دامنِ شیون پر ٹھوکرنی دکھائی + داؤدِ خوش الحانِ نالہ زمزمۂ واحسرتا سی خاطر
فاسی کو نرم بنائی + سلیمانِ اخلاص ملکِ مجلس مین جن وانس کو بساطِ نوحہ پر امرِ سینہ زنی فرمائی
ادریسِ توفیق اہالی ولا کو دنیای فرع سی جانبِ صبری پہنچائی + خضرِ مقال سرچشمۂ زاری پر
لب تشنگانِ وادی کلال کو پہنچائی + الیاسِ ابتہال منزلِ بیداری مین خستگانِ بادیۂ اہمال کو
لائی + موسیِ دریا شگافِ اندوہ طورِ ترقی پر یدِ بیضای جزع کو صدای ارنی سی چمکائی + عیسیِ مسیحا دمِ
عشق احیای نفسِ قلق کو دلِ پژمردہ سی نعرۂ قم باذنِ ربی سنائی + کشاکش سی ارۂ تاسف کی زکریای
تحمل کا جسم دو پارہ ہو + برشِ خنجرِ تلہف سی گردنِ یحیی شکیب حوالۂ آہ و نالہ ہو + اس ابتدای
روزِ عاشورا اور ثانی یومِ نشور مین آشکارا ہی کہ بعثت المقہورین ذکرِ احمدِ مختار سی زبانِ قدسیون پر
تکرار ہی + صوامعِ لاہوت مین صفِ ملائکہ غلغلۂ واحمداسی برہم + مجامعِ ناسوت مین وفاتِ زبدۂ دنیا
وما فیہا سی درہم + زمین اور ساری زمانی مین صدای خروش کا جوش + سماوات رنگِ انقلاب سی
نیلی پوش + دریا چشمِ حباب سی دُرہای سرشک بہاتی ہین + کوہ اور صحرا خاکِ اندوہ سر پر اوڑاتی ہین +
اسواسطی کہ فاطمۂ زہرا کی اعضا و پہلو فگار ہین + علیِ مرتضی کی آنکھین خونبار ہین + حسنِ مجتبی کا دل و جگر
صد پارہ + حسینِ بیسنوا کا سرو سینہ خون کا فوارہ + زینب اور ام کلثوم مو پریشان + ازواجِ طاہرہ
آشفتہ و نالان + گھر مین اہلبیت کی رقت سی کہرام + صحابہ کا فقدانِ پیغمبر سی کام تمام + مہاجر و انصار
بیتاب + منبر اور محراب مسجد خراب + نزولِ وحی اور برکاتِ الہ کا سلسلہ قطع ہوتا ہی + بہشت و دنیا و عالم
جاتا ہکہ اور مدینہ روتا ہی + مینہ انجمنِ شیون مین سخنِ مدحت کرتا ہون + کہ رقتِ شوق آئی + مرد
زنان کو چینِ عدن وصفِ رسالت کا دکھاتا ہون + جو حالتِ ذوق بڑھائی + شمائلِ نبیِ عربی جو مذکور
آیات و آثار ہین + وہ فضائلِ نسبی اور حسبی بحد و شمار ہین + کیا کہنا منقبت کا اوسکی جو صدر طرازِ بزم
لامکان ہی + جا بیجی درود پڑہنا اوسپر کہ سرفرازِ بساطِ قربِ یزدان ہی + جسکا پایۂ عنوہ عرش و کرسی کی

مجلس اول

فرازسی درگذرا تساراز مانند ظہور نورِ قدسی کی پرتوسی پیدا ہوا مرتبۂ رفعت میں ادنا مقام احمدی جنکا معراج ہی زمرۂ استسی کمینہ غلام آپکا صاحبِ تخت وتاج ہی جسکی رائحۂ دامان سی دماغ فرحانیان معطر خاکِ نعلین سی دیدۂ افلاک اور کرّوبیان منوّر جامہ خانۂ ہستی میں خلعتِ خلافت سی کردگار کی بہرہ اندوز کارنامۂ حق پرستی میں منصبِ رسالت سی دادار کی چہرہ افروز خلقت میں کائنات سی مقدم خلوت میں رموزاتِ الہی کی محرم شہسوار براق دردفعت سیار و ناقِ عزوشرف بار یابِ حجاب ربُّ الارباب خطاب نبی الرحمہ سی کامیاب آفرینشِ عالم کی سبب آمرزش کی وسیلہ طلب السَّیِّدُ البَهِیُّ السِّرَاجُ المُضِیُّ صَاحِبُ الوَقَارِ وَسَنَدُ الاَبرَارِ الاَطهَارِ الاَحمَدُ حَبِیبُ اِلٰهِ العَالَمِینَ المُؤَیَّدُ بِنَصرِ اللّٰهِ فِی السَّمَاءِ وَالاَرضِینَ اَبُو القَاسِمِ مُحَمَّدٌ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ رُوِیَ فِی الاَعلَامِ الوَرٰی وُلِدَ رَسُولُ اللّٰهِ عَلَیهِ التَّحِیَّةُ وَالسَّلَامُ یَومَ الجُمُعَةِ عِندَ طُلُوعِ الشَّمسِ السَّابِعَ عَشَرَ مِن شَهرِ رَبِیعِ الاَوَّلِ عَامَ الفِیلِ وَکُنیَتُهٗ اَبُو القَاسِمِ وَاِسمُهٗ مُحَمَّدُ بنُ عَبدِ اللّٰهِ بنِ عَبدِ المُطَّلِبِ بنِ هَاشِمٍ کتابِ اعلام الورٰی میں مولانا طبرسی نی ارشاد کیا جب مشیتِ ازلی نی منشورِ ختمِ رسالت کو جلوۂ ظہور دیا شہریارِ اقلیمِ نبوّت کی ولادتِ باسعادت روزِ جمعہ ہنگامِ طلوعِ آفتاب ہوئی کہ وہ سترہوین ماہِ ربیع الاول سالِ فیل کی تہی کنیت حضرت ابو القاسم نامِ ہمام گرام محمد ابن عبد اللہ ابن عبد المطلب ہی ذکرِ لقب اور اسمِ اقدسِ رسول کو درود پڑہنا مناسب ہی وَاُمُّهٗ اٰمِنَةُ بِنتُ وَهبِ بنِ عَبدِ مَنَافٍ وَاَرضَعَتهُ حَتّٰی شَبَّ حَلِیمَةُ بِنتُ الحَرثِ بنِ شُجنَةَ السَّعدِیَّةُ مِن بَنِی سَعدِ بنِ بَکرِ بنِ هَوَازِنَ وَکَانَت ثُوَیبَةُ مَولَاةُ اَبِی لَهَبِ بنِ عَبدِ المُطَّلِبِ اَرضَعَتهُ اَیضًا والدۂ کریمہ آمنہ بنتِ وہب بن عبد مناف تہین کہ ابتدا مین دودہ اپنا پلایا جب اونکا شیر خشک ہوا تو حلیمہ بنتِ حرث دائی رہی اور پرورش مین جوان کیا تا قلاّن تقدیر کی

۳۹

مجلس اول

زبان پر یہ روایت آئی ہے کہ ثویبہ کنیز ابی لہب نے بھی سعادت رضاعت پائی ہے جدتہ ام ابیہ
عبد اللہ فہی فاطمۃ بنت عمرو بن عائذ بن عمران بن مخزوم وام عبد المطلب
سلمی بنت عمرو من بنی النجار وام ہاشم عاتکۃ بنت مرۃ بن ہلال من بنی
سلیم دادی حضرت کی فاطمہ بنت عمرو ابن عائذ ابن عمران جو مادر عبد اللہ تھیں اور عبد المطلب کے
والدہ سلمی بنت عمرو بنی نجار سے اور ماں ہاشم کی عاتکہ بنت مرہ بنی سلیم ذیجاہ تھیں وبعث
بالرسالۃ یوم السابع والعشرین من رجب ولہ یومئذ اربعون سنۃ ومدۃ
حیاتہ علیہ وآلہ السلام ثلاثا وستین سنۃ ہرگاہ چالیس برس کا سن شریف گذرا
ستائیسویں ماہ رجب میں درجہ نبوت کو پایا جناب کی مدت حیات ساٹھ اور تین سال ہوئی
جمیع انواع ایذا دعوت اسلام پر سہی منہا مع ابیہ سنتین واربعۃ اشہر ومع جدہ
عبد المطلب ثمانین سنین ثم کفلہ عمہ ابو طالب بعد وفاۃ عبد المطلب
فکان یکرمہ ویحمیہ وینصرہ ایام حیاتہ اوس میں دو سال اور چار مہینے والد بزرگوار کے
زیر سایہ رہے آٹھ برس دادا کی آغوش ناز میں بڑی ہوئے پھر ابو طالب چچا نے جان سے زیادہ
پرورش کیا عمر بھر عزت اور حرمت میں یاری و نصرت کا ساتھ دیا وتزوج بخدیجۃ
بنت خویلد وھو ابن خمس وعشرین سنۃ وتوفی عمہ ابو طالب ولہ ست
واربعون سنۃ وثمانیۃ اشہر وعشرین یوما وتوفیت خدیجۃ بعدہ بثلاثۃ
ایام بی بی خدیجہ کی ساتھ شادی جب ٹھہری تو حضرت کی عمر شریف پچیس برس گذری تھی جب کہ
عم کرام محتشم ابو طالب کا دنیا سے انتقال ہوا تو سن مبارک چالیس اور چھ سال آٹھ مہینے بیس روز کا تھا
تین دن بعد ازاں خدیجہ کا بھی واقعہ رحلت سامنے آیا رسول خدا نے مصیبت پے در پے کا بہت صدمہ پایا
وسمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ ذلک العام عام الحزن خیر الوری نے اوس برس کو

مجلس اول

عام الحزن نام فرمایا + مراسم عزا و رقت کو خاطر ناشاد میں ٹہرایا + وَاَقَامَ بِمَكَّةَ بَعْدَ الْبِعْثَةِ ثَلَاثَ عَشَرَ سَنَةً ثُمَّ هَاجَرَ مِنْهَا اِلَى الْمَدِيْنَةِ بَعْدَ اَنْ اسْتَتَرَ فِي الْغَارِ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ وَدَخَلَ الْمَدِيْنَةَ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ الْحَادِيْ عَشَرَ مِنْ شَهْرِ رَبِيْعِ الْاَوَّلِ وَبَقِيَ بِهَا عَشَرَ سِنِيْنَ ثُمَّ قُبِضَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ لِلَيْلَتَيْنِ بَقِيَتَا مِنْ شَهْرِ صَفَرٍ سَنَةَ اِحْدٰى عَشَرَ مِنَ الْهِجْرَةِ نبوت سے فائز ہوکے تیرہ سال مکہ میں بسر کئے بعد ازان عزم ہجرت پر تین روز غار میں چھپکے مدینہ کو راہی ہوے + دوشنبہ کے دن گیارہوین ربیع الاول کو شہر طیبہ کو زینت شوکت سے بہنچے + دس برس وہان رہے + اٹھائیسوین ماہ صفر کو سال یازدہم ہجری میں جنت بریں گئے فِيْ ذِكْرِ اٰيَاتِهِ الْبَاهِرَةِ وَمُعْجِزَاتِهِ الْخَارِقَةِ لِلْعَادَاتِ

وَهٰذِهِ الْاٰيَاتُ قِسْمَانِ اَحَدُهُمَا مَا ظَهَرَ قَبْلَ مَبْعَثِهٖ وَالْاٰخَرُ مَا ظَهَرَ بَعْدَ ذٰلِكَ اَمَّا مَا ظَهَرَ قَبْلَ الدَّعْوَةِ وَالْبَعْثِ فَمِنْهَا مَا اسْتَفَاضَ فِي الْحَدِيْثِ اَنَّ اُمَّ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ لَمَّا وَضَعَتْهُ رَاَتْ نُوْرًا اَضَاءَتْ لَهُ قُصُوْرُ الشَّامِ حدیث میں وارد ہوا ہے کہ والدہ سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ نے جب وضع حمل کیا ہے تو ایک نور ایسا نور حقیقت جمکا جسکی روشنی مین قصرہاے عمارت شام کو تجربی دیکھا + وَحَدَّثَتْ هِيَ اَنَّهَا اُتِيَتْ حِيْنَ حَمَلَتْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ فَقِيْلَ لَهَا اِنَّكِ حَمَلْتِ بِسَيِّدِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ فَاِذَا وَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ فَقُوْلِيْ خبر صادق کی والدہ نے خبر دی کہ ہرگاہ رسول مقبول کی بارسے حاملہ ہوی + نداے غیب آئی کہ تمکو پیٹ رہا ہے سید امت نبی آخر الزمان کا + پس وہ سرور جب پیدا ہوں تو اس دعا کو پڑہنا اُعِيْذُهٗ بِالْوَاحِدِ مِنْ شَرِّ كُلِّ حَاسِدٍ فَاِنَّ اٰيَةَ ذٰلِكَ اَنْ يَّخْرُجَ مَعَهٗ نُوْرٌ يَمْلَاُ قُصُوْرَ بُصْرٰى مِنْ اَرْضِ الشَّامِ اس بشارت کی یہ نشانی ہے کہ جمال سرور سے وہ نور ظہور کریگا + جو قصور بصری شام کو جلوہ افروز دکھائیگا

مجلس اول

فَاِذَا وَقَعَ فَسَمِّيهِ مُحَمَّدًا فَاِنَّ اِسْمَهُ فِي التَّوْرٰيةِ اَحْمَدُ يَحْمَدُهُ اَهْلُ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ
وَاِسْمُهُ فِي الْقُرْاٰنِ مُحَمَّدٌ پس ہرگاہ وہ رسالت پناہ پیدا ہوں تو اونکا نام محمد رکہنا
مدبرستی کہ اسم مبارک توریت میں احمد لکہا ہے اہل اسمان اور زمین نی اوسپر ستایش کی ہی نام
خیر الانام سی زینت قران میں ثبت ہوئی قَالَتْ فَسَمَّيْتُهُ بِذٰلِكَ آمنہ فرماتی ہیں جو
کہا تہا مینی ویساہی کیا اپنی فرزند کا اسم گرامی محمد رکہا مِنْهَا مَا رَوَاهُ اَبُوْسَعِيْدٍ
عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبِيْ عُثْمَانَ عَنْ مَخْزُوْمِ بْنِ هَانِيْ فَقَالَ لَمَّا كَانَتِ اللَّيْلَةُ الَّتِيْ
وُلِدَ فِيْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ اُرْتُجِسَ اِيْوَانُ كِسْرٰى فَسَقَطَتْ
مِنْهُ اَرْبَعَةَ عَشَرَ شُرْفَةً ابوسعید عبدالملک ابن عثمان خرگوشی نی اپنی سند میں مخزوم
ابن ہانی سی روایت کی ہی جس رات میں رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ کی ولادت ہوئی ہی
ایوان کسری بادشاہ ایران میں بڑا شور مچا زلزلہ آیا کہ چودہ کنگرہ کو فراز قصر سی گرادیا وَخَمِدَتْ
نِيْرَانُ فَارِسَ وَلَمْ تَخْمُدْ قَبْلَ ذٰلِكَ بِاَلْفِ عَامٍ وَغَاضَتْ بُحَيْرَةُ سَاوَةَ آتشخانہ
فارس خموش ہوگیا جو ہزار سال سی جل رہا کبہی بجہا نہتا بحیرۂ ساوہ میں پانی نرہا علاوہ
غریبکو پی دریں کاہنوں سی کہا وَرَاَى الْمُوْبَذَانُ اِبِلًا صِعَابًا تَقُوْدُ خَيْلًا عِرَابًا
قَدْ قَطَعَتْ دِجْلَةَ فَانْتَشَرَتْ فِيْ بِلَادِهَا سلطان موبدان فرمانروای عجم نی خواب دیکہا
جو گہبرایا ہوا نیند سی چونکا پستر ان قوی ہیکل پر لشکر عرب سوار آیا ہی دریای دجلہ سی پار ہوکی
ملک ایران میں پہیلا ہی وَفِيْ تَعْبِيْرِهَا قَالَ سَطِيْحٌ يَا عَبْدَ الْمَسِيْحِ اِذَا كَثُرَتِ التِّلَاوَةُ
وَظَهَرَ صَاحِبُ الْهِرَاوَةِ وَفَاضَ وَادِيْ السَّمَاوَةِ وَغَاضَتْ بُحَيْرَةُ السَّاوَةِ وَ
خَمِدَتْ نَارُ فَارِسَ فَلَيْسَ الشَّامُ لِسَطِيْحٍ شَامًا حسب الحکم بادشاہ اوسکی تعبیر میں سطیح کاہن
شامی سی عبدالمسیح نی جاکی پوچہا تو حالت احتضار مرگ میں اوسنی جواب یون کہا ہرگاہ

مجلس اول

كثرت ہو قران كی تلاوت میں اور ظہور کرے صاحب عصا رسالت میں کہل جاے بہید او ر نازل ہو کلام آسمانی
سو کہو بحیرہ ساوہ کا شان کا آتشخانہ فارس ہرگاہ بجہیگا پس شام اور سطیح اوسمین باقی نرہیگا
يَمْلِكُ مِنْهُمْ مُلُوكٌ وَمَلِكَاتٌ عَلَى عَدَدِ الشُّرُفَاتِ وَكُلُّ مَا هُوَ آتٍ آتٍ
خاندان سلطنت میں ملک اور ملکہ چودہ شخص کنگرہ شکستہ کی عددسی بادشاہت کرینگی پہر جو بات
ہونی والی ہی ملک اور رعیت میں اوسکا ظہور دیکہینگی فَمَلَكَ مِنْهُمْ عَشَرَةٌ فِي أَرْبَعِ سِنِينَ
وَالْبَاقُونَ إِلَى إِمَارَةِ عُثْمَانَ یہ خبر جو کسری نی سنی تو اپنی دلسی تجویز کی اتنی سلاطین کو
عرصۂ بعید حکمرانی کرتی گذریگا بعد ازان معلوم نہین کیا انقلاب جلوہ کریگا مگر چار برس مین دس
بادشاہ ماری گئی باقی عہد خلافت مین عثمان ابن عفان کی پوری ہوی رضی منہا عن عکرمۃ
عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ يُوضَعُ لِعَبْدِ الْمُطَّلِبِ فِرَاشٌ فِي ظِلِّ الْكَعْبَةِ لَا يَجْلِسُ
عَلَيْهِ أَحَدٌ إِجْلَالًا وَكَانَ بَنُوهُ يَجْلِسُونَ حَوْلَهُ حَتَّى يَخْرُجَ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ عکرمہ نی
ابن عباس کی زبانی کہا سایۂ کعبہ مین واسطی عبد المطلب کی مدام فرش بچہتا تعظیم مقام اور حرمت کی
سبب اوسپر کوئی نہین بیٹہتا بساط کی چاروں طرف حلقہ فرزندوں کا بندہا کرتا جبتک عبد المطلب
گہر سی باہر تشریف لاتی صدر عزت اور جلال پر تکیہ لگاتی فَكَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ
وَآلِهِ يَخْرُجُ مَعَهُ وَهُوَ غُلَامٌ فَيَمْشِي حَتَّى يَجْلِسَ عَلَى الْفِرَاشِ رسول خدا جو طفل خرد سال تہی
ہمراہ اونکی آتی دادا کی ساتہ قدم بڑہاتی پہلو مین جلوس فرماتی فَيَعْظُمُ ذَلِكَ أَعْمَامَهُ
وَيَأْخُذُونَهُ لِيُؤَخِّرُوهُ فَيَقُولُ لَهُمْ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ إِذَا رَأَى ذَلِكَ مِنْهُمْ دَعُوا
ابْنِي فَوَاللهِ إِنَّ لَهُ لَشَأْنًا عَظِيمًا یہ مرتبہ توقیر ناگوار ہوتا سب اعمام خیر الانام کو ہاتہہ پکڑ کی
پیچہی اوتارتی کہ فرش سی علاحدہ بٹہیں ہرگاہ عبد المطلب اونکی بی ادبی دیکہتی تو کہتی تمہارا کیا
ضرر ہی میری فرزند کو پاس رہنی دو یہ ذی شان اوسکی عظیم و برتر ہی إِنِّي أَرَى أَنَّهُ سَيَأْتِي

۳۳

مجلس اول

عَلَيْكُمْ يَوْمٌ وَهُوَ سَيِّدٌ كَمْ اَرِىٰ اَرىٰ عِزَّتَهُ تَسُوْدُ النَّاسَ مین دیکھتا ہون عنقریب

یہ سرور تمہرا افسر ہوگا میری دہیان مین ہی کہ رتبہ عزت اوسکا ساری مخلوق سی بڑہ کر ہوگا

ثُمَّ يَحْمِلُهُ فَيُجَالِسُهُ مَعَهُ وَيَمْسَحُ ظَهْرَهُ وَيُقَبِّلُهُ وَيَقُوْلُ مَا رَاَيْتُ قَبْلَهُ

اَطْيَبَ مِنْهُ وَلَا اَطْهَرَ قَطُّ پھر اوس گوہر کو اوٹھا کی لاتی پہلوی ناز مین بٹھاتی پشت مبارک پہ

دست شفقت پھراتی محبت سی سونگھتی خوش ہوکی بولتی ہرگز کوئی گل تر اتنی معطر اور پاکیزہ

بہتر عمر بہر نہین سونگھا نہ مشک و عنبر مین ایسا رائحۂ جان پرور و دماغ آرزو نی دیکھا ثُمَّ يَلْتَفِتُ

اِلٰى اَبِيْ طَالِبٍ وَذٰلِكَ اَنَّ اَبَا طَالِبٍ وَعَبْدَ اللّٰهِ لِاُمٍّ وَاحِدٍ فَيَقُوْلُ يَا اَبَا طَالِبٍ

اِنَّ لِهٰذَا الْغُلَامِ لَشَاْنًا عَظِيْمًا فَاحْفَظْهُ وَاسْتَمْسِكْ بِهٖ فَاِنَّهُ فَرْدٌ وَحِيْدٌ

وَكُنْ لَهُ كَالْاُمِّ يُوْصِلُ اِلَيْهِ بِشَيْءٍ يَكْرَهُهُ پس ابو طالب کو خطاب کرتی اسواسطی کہ

وہ اور عبد اللہ ایک مان سی تھی فرماتی ای فرزند تحقیق کہ اس بچہ کی بڑی شان و رفعت

پاتا ہون آثار تائید الٰہی مین پیشوای جہان ہوا اوسکی ناصیۂ تابان سی پہچانتا ہون اسکی اور

بہت حفاظت و نگہبانی کرنا وہ یتیم و تنہا ہی مادر مہربان سی زیادہ سرپرست رہنا اس

عزت کو پرورش مین بڑہانا جو چیز کا سر انجام آرام دی سامنی لانا ثُمَّ يَحْمِلُهُ عَلٰى عُنُقِهٖ

فَيَطُوْفُ بِهٖ اُسْبُوْعًا وَكَانَ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ قَدْ عَلِمَ اَنَّهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ السَّلَامُ يَكْرَهُ

اللَّاتَ وَالْعُزّٰى فَلَا يُدْخِلُهُ عَلَيْهِمَا پس وہ شہسوار براق و رفرف کو اپنی دوش پر چڑہاتی

حرم کی طواف مین ورد پڑہتی ہوئی پھراتی جاتی تھی کہ حضرت لات و عزیٰ سی برا مانتی تو صنام

روبرو اونکو ہرگز نہ لیجاتی فَلَمَّا تَمَّتْ لَهُ سِتُّ سِنِيْنَ مَاتَتْ اُمُّهُ اٰمِنَةُ بِالْاَبْوَاءِ بَيْنَ

مَكَّةَ وَمَدِيْنَةَ جب چھ برس کی عمر شریف پوری ہوئی تو والدہ مکرمہ آمنہ نی وادی ابوا مین درمیان

مکہ و مدینہ قضا کی فَبَقِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ يَتِيْمًا لَا اَبَ لَهُ وَلَا اُمَّ فَاِذًا

مجلس اول

عَبْدُ الْمُطَّلِبِ لَهُ رِقَّةً وَحِفْظًا پس خاتم انبیا دنیا مین ایسی یتیم و بیکس ہوی کہ باپ اور
ماں سی کوئی سرپر باقی نہ ہی۔ اوسوقت عبدالمطلب کی رقت و الفت حضرت پر زیادہ تر ہیے
اور لوازمِ حفاظت و پاس داری مین دنرات اوقات گذری وَكَانَتْ هٰذِهٖ حَالَةً حَتّٰى
اَدْرَكَ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ الْوَفَاةَ ایسا ہی عبدالمطلب واسطی پوتی کی ہردم روتی تہی اور
غریبی و ناچاری سی اونکی مدام جان کہوتی تہی تاکہ وقتِ رحلت اونکا ہی نزدیک آیا اور موت کی
اپنی سرپر آمادہ پایا فَبَعَثَ اِلٰى اَبِيْ طَالِبٍ فَجَاءَهُ وَمُحَمَّدٌ عَلٰى صَدْرِهٖ وَهُوَ فِيْ غَمَرَاتِ
الْمَوْتِ جب حال اپنا غیر پایا تو ابی طالب کو پاس بلایا۔ وہ جلد ہی آئی تو سامانِ مرگ پدر ان کی نظر آئی
لاکن دیکہا کہ رسولخدا سینہ پر دادا کی بیٹہی ہین اور سکرات مین ہی عبدالمطلب اونکو جان کی برابر
لئی ہین فَصَارَ يَبْكِيْ وَيَلْتَفِتُ اِلٰى اَبِيْ طَالِبٍ وَيَقُوْلُ يَا اَبَا طَالِبٍ اُنْظُرْ اَنْ تَكُوْنَ
حَافِظًا لِهٰذَا الْوَحِيْدِ الَّذِيْ لَمْ يَشُمَّ رَائِحَةَ اَبِيْهِ وَلَا ذَاقَ شَفَقَةَ اُمِّهٖ اوس حال مین
بہت روکی جانبِ ابوطالب دیکہا اور خیر الوری کی سفارش کو وصیت مین کہا ای جان پدر اس
طفلِ ناز پرور کی طرف نگران رہو حفاظت و خاطر و مدارات مین غریب و حیا کی سعی کرو کہ معدوم نی
باپ کی بوی الفت نہین سونگہی اور ماں کی ہی لذت شفقت نہین چکہی افسوس کہ خردسالی مین
یتیم و بینوا ہوا کوئی مونس و غمخوار دنیا مین جیا نہ بچا اُنْظُرْ يَا اَبَا طَالِبٍ اَنْ تَكُوْنَ مِنْ
جَسَدِكَ بِمَنْزِلَةِ كَبِدِكَ فَاِنِّيْ تَرَكْتُ بَنِيَّ كُلَّهُمْ وَوَصَّيْتُكَ بِهٖ لِاَنَّكَ مِنْ
اُمِّ اَبِيْهِ خبردار ای اباطالب دیکہو اسکو اپنی جگر کی برابر سمجہو کسی وقت پرستاری سی غافل
نہ ہو ہر چند مینی بہت فرزند چہوڑی ہین لاکن علاقہ محبت سبکی تہوڑی ہین ابن عبداللہ کی سفارش
خاص تمکو اسلئی کی ہی جو تمہاری والدہ اوسکی حقیقی دادی ہی یَا اَبَا طَالِبٍ اِنْ اَدْرَكْتَ
اَيَّامَهُ فَاعْلَمْ اِنِّيْ كُنْتُ مِنْ اَبْصَرِ النَّاسِ بِهٖ وَمِنْ اَعْلَمِ النَّاسِ بِهٖ ای اباطالب ہر گاہ

٣٥

مجالس اول

تم اوسکی ایامِ ظہورِ جاہ وجلال کو پاوکی تو میری قول وفعل کی قدر ومنزلت کا مزہ اوٹہاوگی فَاِنِ
اسْتَطَعْتَ اَنْ تَتْبَعَهُ فَافْعَلْ وَانْصُرْهُ بِلِسَانِكَ وَيَدِكَ وَمَالِكَ جانو کی مین
سب خلق سی اوسکی حق کا پہچاننا سا تہا اور ساری لوگونسی بہت رُموز امور کو پہچانتا تہا
اگر تمسی ہوسکی طاعت وپیروی اوسکی تو ضرور کرنا مگر طریقہ یاری اور مددگاری زبان وہاتہہ و
مال سی اپنی ملحوظ رہنا فَاِنَّهُ وَاللّٰهِ سَيَسُودُ وَيَمْلِكُ مَا لَمْ يَمْلِكْ اَحَدٌ مِنْ بَنِي اٰبَائِي
بتحقیق کہ واللہ عنقریب یہ فرزند سردار وپیشوای قبیلہ واحرار ہوگا ایسا مرتبہ پای جو ہماری
قبائل مین کسی کو نملا ہوگا فَاحْفَظْ لِوَحْدَتِهِ هَلْ قَبِلْتَ وَصِيَّتِي قَالَ نَعَمْ قَدْ قَبِلْتُ
وَاللّٰهُ عَلٰى ذٰلِكَ شَاهِدٌ پس اوسکی تنہائی پر رحم کرنا اور حفاظت مین سرگرم رہنا ابا وصیت
میری سنکی تمنی مانی عرض کی خدا شاہد ہی جان ودل سی واجب جانی قَالَ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ
فَمُدَّ اِلَيَّ يَدَكَ فَمَدَّ يَدَهُ اِلَيْهِ فَضَرَبَ يَدَهُ عَلٰى يَدِهِ عبد المطلب نی کہا تو اپنا ہاتہہ
میری آگی لانا جب بڑہایا تو دستِ حق پرست اوسپر مارکی عہد وپیمان کو مضبوط کیا ثُمَّ قَالَ
عَبْدُ الْمُطَّلِبِ الْاٰنَ خَفَّفَ عَلَيَّ الْمَوْتُ اوسوقت عبد المطلب بولی اب موت مجہپر گوارا
ہوئی اور فکر وتشویش ہمین کوئی باقی نرہی ثُمَّ لَمْ يَزَلْ يُقَبِّلُهُ وَيَقُولُ اَشْهَدُ اَنِّي
لَمْ اُقَبِّلْ اَحَدًا مِنْ وُلْدِي اَطْيَبَ رِيحًا مِنْكَ وَلَا اَحْسَنَ وَجْهًا مِنْكَ پس رسول اللہ کو
چہاتی سی لگایا اور صورت چوم کی فرمایا اللہ جانتا ہی ای نورِ نظر پارۂ جگر تجہسی بہتر خوشبو کوئی
اپنا فرزند نہیں پایا فَمَاتَ عَبْدُ الْمُطَّلِبِ وَهُوَ ابْنُ ثَمَانِ سِنِيْنَ وہی حالِ ملال اور ابتہال کا
تہا کہ عبد المطلب نی انتقال کیا سید انبیا کی سات برس کی عمر تہی جو اونکی دادا نی جہان فانی سی
رحلت کی فَضَمَّهُ اَبُوْ طَالِبٍ اِلٰى نَفْسِهِ لَا يُفَارِقُهُ سَاعَةً مِنْ لَيْلٍ وَلَا نَهَارٍ وَكَانَ
يَنَامُ مَعَهُ حَتّٰى بَلَغَ لَا يَاْتَمِنُ عَلَيْهِ اَحَدٌ بعد ازان ابو طالب نی اپنی برادر کو آغوش تربیت مین

٣٦

مجلس اول

پالا وزرات جان سی زیادہ اپنی ساتھ راحت مین رکھا دم بھر نظر سی جدا نکرتی پہلو مین سلاتی
ہرجا ہمراہ لیتی پھرتی تاکہ ایام وہنگام جوانی قوت شباب آیا وہ مرتبہ نبوت کے خدائی کرامت سے
پہنچایا جو کوئی نپای کا وَاَمَّا مَا ظَهَرَ مِنْهُ صَلَوٰاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ عَقِيبَ الْبَعْثِ
وَاِظْهَارِ النُّبُوَّةِ مِنَ الْاٰيَاتِ وَالْمُعْجِزَاتِ سِوَى الْقُرْاٰنِ فَكَثِيرَةٌ فِي كِتَابِ
شِفَا رَوَاهُ الْوَاقِدِيُّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ لَمَّا وَجَّهَ رُسُلَهُ اِلَى الْمُلُوكِ
فَخَرَجَ سِتَّةُ نَفَرٍ مِنْهُمْ فِي يَوْمٍ وَاحِدٍ فَاَصْبَحَ كُلُّ رَجُلٍ مِنْهُمْ يَتَكَلَّمُ بِلِسَانِ
الْقَوْمِ الَّذِي بَعَثَهُ اِلَيْهِمْ کتاب شفا قاضی عیاض مین واقدی سی روایت کی ہی جب واسطے
ارسال ہدایت نامہ شتت حضرت ٹہری ہی چہ اشخاص کو صحابہ سی چنا اس خدمت پر مامور کیا
بقدرت خدا و اعجاز خیر الوری ہر ایک جو صبح کو اوٹھا زبان سی اپنی مکتوب الیہ کی ماہر اور گویا
تہا اَيْضًا وَحَكَى ابْنُ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ خَرَجَ ذَاتَ لَيْلَةٍ وَنَاقَةٌ بَارِكَةٌ فِي الدَّارِ
فَلَمَّا مَرَّ بِهَا قَالَتِ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا زَيْنَ الْقِيَامَةِ يَا رَسُولَ رَبِّ الْعَالَمِينَ
قَالَ فَالْتَفَتَ النَّبِيُّ اِلَيْهَا فَقَالَ وَعَلَيْكِ السَّلَامُ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ
اِنِّي كُنْتُ لِرَجُلٍ مِنْ قُرَيْشٍ يُقَالُ لَهُ اَعْصَبُ فَهَرَبْتُ مِنْهُ فَوَقَفْتُ فِي مَغَارَةٍ
فَكَانَ اِذْ غَشِيَنِي اللَّيْلُ اِحْتَرَسَنِي السِّبَاعُ وَنَادَتْ بَعْضُهَا بَعْضًا لَا تُؤْذُوهَا
فَاِنَّهَا مَرْكَبُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاِذَا اَصْبَحْتُ وَاَرَدْتُ اَنْ اَرْتَعَ نَادَتْنِي
كُلُّ شَجَرَةٍ اِلَيَّ اِلَيَّ فَاِنَّكِ مَرْكَبُ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ السَّلَامُ حَتَّى وَقَعْتُ هُنَا
قَالَ فَسَمَّاهَا عَضْبَاءَ شُقَّ لَهَا اِسْمًا مِنِ اسْمِ صَاحِبِهَا ثُمَّ قَالَتِ النَّاقَةُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ
اِنَّ لِي اِلَيْكَ حَاجَةً قَالَ وَمَا هِيَ قَالَتْ تَسْاَلُ اللّٰهَ اَنْ يَجْعَلَنِي مِنْ مَرْكَبِكَ فِي
الْجَنَّةِ كَمَا جَعَلَنِي فِي الدُّنْيَا قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ قَضَيْتُ اَيْضًا وَقَدْ رُوِيَ

مجلس اول

فی قصۃ العضباء وکلامہا النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وتعریفہا لہ بنفسہا فی مبادرت العشب الیہا فی الرعی وتجنب الوحوش عنہا وندائہم لہا انک لمحمد المصطفی علیہ وآلہ السلام ای حاضران بزم عزا تمنی سنا جو مذکور ہوا قصہ ناقۂ عضبا کا اوسکی باتین کرنا سید انبیا سی اور تعریف اپنی دو اد وستی مین شوق لقاسی وقت چرنیکے ہر درخت و سبزۂ مرغزار کا بلانا دعوت مین جانوران درندہ کا باہم کلام حفاظت مین خاطر داری سی پیش آنا اسلئی کہ تو مرکب رسول ہی تیری عزت و حرمت اوس نسبت حضرت سی ہمارا امر ہی انصاف کرو نباتات اور اشیای بی شعور یابین خیر البشر کرین طائفۂ امت وشت کربلا مین لحمۂ روایت پیغمبر کی حافظ نرہین حدیث حسین منی وانا من حسین کو بہلا ئین پیاسی گلی پر نواسی کی خنجر آبدار پہرائین فرزند نبی کی لاش بی سر کو سم ستور سی روندین گہر لوٹین اور بیٹی کو اسیر قیدی بنائی دربدر کہینچین قال الراوی وانہا لم تاکل ولم تشرب بعد موتہ حتی ماتت راوی کہتا ہی اوس ناقۂ بی زبان کو بعد رحلت نبی ایسا غم ہوا کہ آب و علف پینا کہانا یکدم سی چہوڑ دیا یہان تک فراق پیغمبر مین بیچین ہوکر شدت ترپ سی ترپ کی مر گیا ایضا وما روی عن ابراہیم بن حماد بسندہ من کلام الحمار الذی اصابہ بخیبر وقال لہ اسمی یزید بن شہاب فسماہ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ یعفورا سندسی اپنی ابراہیم ابن حماد نی روایت کی ہی نقل ایک حمار کی جو غزوۂ خیبر مین اوسی خدمت سواری ملی ہی حیوان دراز گوش بولا مجہی یزید ابن شہاب کہتی ہین ای سوال رسول جن بشر نی اوسکا یعفور نام رکہا وانہ کان یوجہہ الی دور الصحابۃ فیضرب علیہم الباب راسہ ویستدعیہم جب کبہی حضرت امر فرماتی واسطی طلب صحابی اونکی مکان مین بہیجاتی وہ جا کی سر اپنا دروازی پر مارتا حاضر ہونی کو خدمت رسول مین بلاتا

مجلس اول

قَالَ النَّبِیّ لَمَّا مَاتَ تَرَدّٰی الْحِمَارُ فِی بِئْرٍ جَزَعًا وَحُزْنًا فَمَاتَ ہرگاہ نبی اللہ کا

واقعۂ رحلت ہوا عالم کو داغِ مصیبت دیا وہ مرکب فرطِ حزن و اندوہ سی جا کی چاہ مین گرا

تڑپتا رہا تا مر گیا بہت مشابہت ہی اس مرکب کی حال کو ساتھ اسپِ سید الشہدا کی جو روزِ عاشورا

بعد قتل مولا روتا درِ خیمہ پر پچھاڑ کہاتا کی یہان تک سر کو زمین پر پٹکا کہ آخر کو بیدم ہو کی مر اخاک پر گرا

مِنْهَا خُرُوجُ الْمَاءِ مِنْ بَیْنِ اَصَابِعِهٖ وَذٰلِكَ اَنَّهُمْ كَانُوا مَعَهٗ فِی سَفَرٍ فَشَكَوْا

اَنْ لَا مَاءَ مَعَهُمْ اور جو سرورِ کائنات علیہ الصلوٰۃ و آلہ سی امور بعد از بعثت کی ظہور مین آئی

وہ معجزات و خارقِ عادات سوای قرآن کی بہت سی جمہور کو دکہائی انمین جاری ہونا تہا

انگشتِ شریف کی پانی کا جو تمامہٖ صحابہ سی علمانی پایا ثبت تالیف کیا کہ ایک سفرِ خیر الشر مین

جمعیت لشکر ہمراہ تہی منزلِ قرارگاہ مین رفقا شاکی ہوی جو بوند پانی کی باقی نرہی فَاِنَّهُمْ

بِعَرْضِ التَّلَفِ وَسَبِیْلِ الْعَطَبِ فَقَالَ كَلَّا اِنَّ مَعِیَ رَبِّی عَلَیْهِ تَوَكَّلْتُ

وہ سب لوگ پیاس کی شدت سی قریبِ ہلاکت پہنچی جب گہبرائی تو اکی حضرت سی ملتجی ہوی جنابِ نبی

ساری اصحاب کو جواب دلاسا دیا کہ میری ساتھ فضلِ خدا ہی او سیر جو ہمیشہ بکتیہ توکل پر ہا

ثُمَّ دَعَا بِرَكْوَةٍ فَصَبَّ فِیْهَا مَاءً مَا كَانَ لِیَرْوِیَ رَجُلًا ضَعِیْفًا وَجَعَلَ یَدَهٗ

فِیْهِ فَنَبَعَ الْمَاءُ مِنْ بَیْنِ اَصَابِعِهٖ پس ایک ڈول سنگ کی روبرو رکہا اتنا پانی جو آدم

ضعیف کو سیراب کری اوسمین ڈالا دستِ معجز نما کو اندر ظرف کی داخل کیا درمیانِ انگشتان

حضرت سی پانی ابلنا شروع ہوا وَضَجَّ فِی النَّاسِ فَشَرِبُوْا وَسَقَوْا حَتّٰی نَهَلُوْا

وَعَلَوْا وَهُمْ اُلُوْفٌ وَهُوَ یَقُوْلُ اَشْهَدُ اَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ حَقًّا خلایق کو واسطی سیرابی کی

پکارا سبنی جو ہزارون تہی اکی پیا دواب کو بہی پلایا یہان تک کہ ساری مشک و چہاگل بہری

ہرچند وہ صرف کرتی ویسا ہی بہرا پاتی تہی او سوقت ناطقِ برحق نی پکار کی فرمایا کہ گواہی دیتا ہون

مجلس اول

کرین سو بخدا ہون روایت کو آیا مِنْهَا حَنِيْنُ الْجِذْعِ الَّذِيْ كَانَ يَخْطُبُ عِنْدَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَذٰلِكَ اَنَّهٗ كَانَ فِيْ مَسْجِدِهٖ بِالْمَدِيْنَةِ يَسْتَنِدُ اِلٰى جِذْعٍ فَيَخْطُبُ النَّاسَ اور یہی رونا سوکہی درخت خرما کا جو مسجد مدینہ مین قدری زمین سی او بچار رکہیا تہا جب سرور انبیا کہڑی ہو کی خطبہ پڑہتی او سپر تکیہ کر تے صحابہ سی موعظہ اور حدیث کہتی فَلَمَّا كَثُرَ النَّاسُ اتَّخَذُوْا لَهٗ مِنْبَرًا فَلَمَّا صَعِدَهٗ حَنَّ الْجِذْعُ حَنِيْنَ النَّاقَةِ فَقَدَتْ وَلَدَهَا ہرگاہ حاضرین بزم رسالت کا مجمع زیادہ ہوا واسطی عروج قدم بابرکت کی منبر بنا کی رکہا جب صدر آرای بساط قرب الہی نی اوسپر جلوہ فرمایا چوب خشک نخل نی مثال ناقہ کی جسکا بچہ گم ہو جای آہ و نالہ کا شور مچایا فَنَزَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ حَتّٰى جَاءَ فَوَضَعَ يَدَهٗ عَلَيْهِ فَضَمَّهٗ اِلَيْهِ فَكَانَ يَئِنُّ اَنِيْنَ الصَّبِيِّ الَّذِيْ يُسَكَّتُ وہ معدن رحم و کرم سنکی بیچین ہوی منبر سی اوتر کی بیخ درخت کی پاس تشریف لیگئی اوسی تسکین و تسلی مین اپنی گلی سی لگایا یہانتک کہ جوش رقت مین اوس بیقرار کی آرام آیا جیسی لڑکا دلاسی مین چپ ہو جای ویساہی حضرت کی پیار نی سوکہی لکڑی کو لوازم راحت پہنچائی ہای رسالت پناہ زاری وآہ چوب خشک پر دلداری کو دوڑی باوجود مرتبۂ خلافت و بادشاہی لکڑی چہاتی سی لگاتی کہ اوسی چین پڑی تعجب ہی اونکی اولاد کو ستایا شیون و بکا پر ست نی ترس نکہایا گلا کاٹا اسباب لوٹا گہر جلایا عورات و اطفال کو عوض دلاسا مارکی رولایا ایک رحم دل نہ ہوا کہ سکینہ دختر یتیم کی رقت کو بہلاتی کوئی مسلمان نہتا جو زینب خاتون کی شیون مین پرسا دینی قریب آتی عزیزونکی سر لہو بہری نیزون پر سامنی لیجاتی جو حرم محترم اشک بہاتی ظالم تہرہم ڈراتی کعب نیزہ اور تازیانہ لگاتی وہ بی پدر بچونکا افغان ستمگر اعدا کا طغیان مِنْهَا حَدِيْثُ الْغَارِ وَاَنَّهٗ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ السَّلَامُ لَمَّا اَوٰى اِلَى الْغَارِ بِقُرْبِ مَكَّةَ يَعْنِيْ ثَوْرَ التِّلَالِ

مجلس اول

وَيَاوِي اِلَيْهِ الرُّعَاةُ مُتَوَجِّهَةً اِلَى الْهِجْرَةِ اَيْضًا نقلِ حدیثِ غار ہی جو مشتہر روزگار ہی ہرگاہ

معاندینِ قریش نی کثرتِ آزار میں تدبیرِ قتلِ صفوۃ اللہ کی سید ابرار نی قریب مکہ زاویہ کوہ میں پناہ لی

جہان آیندہ و روند بیجا و گو طیشِ آفتاب سی ٹھہرتی کہ یہ ہی چوپایہ کی تہکی ماندی اوترا کرتی بعزمِ ہجرت

سید البشر اوسکی اندر پوشیدہ رہی بسامانِ سفر جب پایا صدماتِ غربت سہی فَخَرَجَ الْقَوْمُ فِي

طَلَبِهِ فَعَمَّى اللّٰهُ اَثَرَهُ وَهُوَ نُصْبُ اَعْيُنِهِمْ وَصَدَّهُمْ عَنْهُ وَاَخَذَ بِاَبْصَارِهِمْ

دُوْنَهُ وَهُمْ دُهَاةُ الْعَرَبِ نقشِ قدم سرور پر منافقین تلاش میں باہر آئی خدا نی ازینجا عرش

فرسا زمین پر اونکی پیشِ نظر سی چہپائی پردۂ حیرت اور سرگردانی حائل کیا آنکھوں سی اوجہل امن و

امان میں رکہا وہ روسای قومِ عرب جتنی ہوی عیار تہی جو قیاس و نظنہ سی غار تک جا پہنچی وَبَعَثَ

سُبْحَانَهُ وَتَعَالَى الْعَنْكَبُوْتَ فَنَسَجَتْ فِي وَجْهِ النَّبِيِّ فَسَتَرَتْهُ وَاَيْئَسَهُمْ ذٰلِكَ مِنَ

الطَّلَبِ فیہ سبحانہ وتعالی نی عنکبوت کو مامور کیا جو درِ غار پر اوسنی فوراً جالا تنا کہ ہی کی

تا رسی روبروی رسالت مآب حجاب ہوا کہ اعدا کو اوس مزاحمت نی جستجو اور طلب سی حضرت کی

نا امید رکہا وَبَعَثَ اللّٰهُ حَمَامَتَيْنِ وَحْشِيَّتَيْنِ فَوَقَفَتَا بِفَمِ الْغَارِ دو کبوتر صحرائی کو

رب داور نی خدمتِ سرور میں بہیجا کہ منہ پر شگافِ کوہ کی وہ جوڑا بیٹہا وَاَقْبَلَ فِتْيَانُ قُرَيْشٍ

مِنْ كُلِّ بَطْنٍ رَجُلٌ بِعِصِيِّهِمْ وَهَرَاوَاهُمْ وَسُيُوْفِهِمْ حَتّٰى اِذَا كَانُوْا مِنَ النَّبِيِّ بِقَدْرِ

اَرْبَعِيْنَ ذِرَاعًا ہر قبیلۂ قریش سی چالاک و ہوشیار آدمی لاٹہی اور تلواریں لیکی دوڑی تاکہ درمیان

خیر المرسلین تہوڑا فاصلہ رہا وہاں تک بڑہی فَتَعَجَّلَ رَجُلٌ مِنْهُمْ لِيَنْظُرَ مَنْ فِي الْغَارِ فَرَجَعَ

اِلٰى اَصْحَابِهٖ ایک شخص سبقت کرکی بیشتر سب سی گیا جو غار میں دیکہی کون ہی جا کی جلدی پہرا

رفقا کو بکارا یہاں کچہہ نہیں پہر چلو عبث اپنی اوقات ضایع نکرو فَقَالُوْا لَهٗ مَا لَكَ اَلَا تَنْظُرُ

فِي الْغَارِ اشتبا فی کہا تبہی کیا ہوا کہ یہ جو اس آتا اور ہمیں روکتا ہی جو کی نہ ٹوٹا ہی تا معلوم ہو اگر

۴۱

مجلس اول

وہ مین کیا ہی فقال رأیت حمامتین بفم الغار فعلمت ان لیس فیہ احد
جوابدیا جوڑا کبوتران وحشی کا غار پر آشیان لگائی ہکین ہین اس علامت سی مین جانا یہان کچہ
نہین ہی وسمع النبی ما قال ودعا لھن النبی وفرض جزاؤھن فانحدرن فی
الحرم حضرت نی اونکی سب باتین جو آپسمین ہوتین سماعت کین کبوترونکو دعائین خیر وسلامتی
اور برکت کی دین اونکا نشانا اور ساری کبوتر حرم کا مارنا حرام فرمایا اوسدن سی کبوتر کی جوڑی نی
خانہ خدا مین آشیان رہنی کو بنایا منہا ان اصحابہ صلوٰۃ اللہ علیہ والہ ارملوا و
ضاقت بہم الحال وصاروا بعرض الھلاک لفناء الازواد فی یوم الاحزاب
اور غزوہ احزاب مین اصحاب رسالت مآب پر فقر اور بینوائی کی شدت ہوئی تمام آذوقہ خورش مین
نوبت ہلاکت پہنچی فدعاہ رجل من اصحابہ الی طعامہ فاجفل القوم معہ فدخل
ولیس عند القوم الا قوت رجل واحد او رجلین ایک خیرخواہ فدائی کو قدری طعام
میسر آیا ضیافت کی واسطی رسول اللہ کو بلایا سارا مجمع قوم کا رفاقت حضرت مین ساتھہ چلا
جب وارد ہوئی تو دیکھا میزبان کی پاس بقدر خوراک ایک آدمی یا دوسی زیادہ نتہا فقال
رسول اللہ علیہ والہ غطوا اناءکم ثم برک علیہ وقدمہ سرور عالم نی
فرمایا کہانی کی ظرف پر چادر ڈہانک دین پہر قدرت خدا سی اعجاز نبی کا تماشا دیکھین خیر الوری نی
اپنا دست حق پرست واسطی برکت کی اوسپر پہرایا نکال کی دیا اور کہلانا شروع کیا تا سب
لشکر کو پہنچایا والقوم الوف فاکلوا وصدروا وکان لم یعبوا قط شباعا رواء
والطعام بحالہ لم یفقدوا منہ شیئا وہ گروہ ہزاروں آدمی تہی جو آتی نوش کرتی
سیر ہوکی پہر جاتی کوئی باقی نرہا چہوٹا بڑا جسکا پیٹ مائدہ کرم سی نہ بہرا لاکن وہ برتن کو خورش سی
ویسا ہی لبریز باقی رہو سین تحایف درود اور شکر معبود کیا لاتی منہا انہ اجتمع الیہ

مجلس اول

فقراءِ قومہٖ واصحابہٖ فی غزوۃِ تبوک فشکوا الجوع روایت ہی غزوہ تبوک مین فقرای
سپاہ اور اصحاب رسول اللہ اونکی خدمت مین فراہم ہوی بہوک اور فقدان طعام سی الجوع کی نالی
اور شکوی کی فدعا بفضل زادٍ لھم فلم یوجد الا بضع عشرۃ تمرۃ فطرحت بین
یدیہ حضرت نی توشہ پس ماندہ اونکا منگایا ہرچند ساری لشکر مین ڈہونڈا پندرہ سولہ دانہ خرما کی
سوا کچہہ نکلا وہ خورش قلیل نو یا دہ خلیل کو لاکی دی خلیفۃ اللہ نی اپنی روبرو رکہی فاقبل القوم
فوضع یدہ علیہا وقال کلوا بسم اللہ قوم طالب غذا کا جوش وخروش ہوا ابو القاسم نی اپنا
ہاتہ اوسپر دہانکا لوگونکو دیا اور کہلانا شروع کیا فرمایا تم سب آو بسم اللہ کہو نعمت خداو
عطای رسول نوش کرو فاکل القوم حتی شبعوا وھی بحالھا یرونھا عیانا پس جماعہ ہمراہیان
رکاب سعادت مآب کا وہ خورش سی پیٹ بہرا پہر دیکہا تو اطعمہ ویساہی برقرار اور موجود رہا
ایسا معجزہ باہرہ آشکارا نظر سی گذرا مومنین کو سرور منافقین کا رو سیاہ رہا ومنھا ان ظبیۃ
کلمتہ حین وقعت فی شبکۃ فقالت لہ یا رسول اللہ ان لی طفلا یحتاج
الی لبن منقول ہی مادہ ہرن نبی ذو المنن سی ہم سخن ہوی جب صیاد کی جال مین پہنسی گہبراتی تہی
عرض کی ای ناجت روای کونین میرا بچہ چہوٹا ہی جنگل مین بہوکا دودہ کو ترپتا ہی وانی قد وقعت
فی ھذہ الشبکۃ فخلنی حتی ارضعہ مین پہندی مین گرفتار ہوا ہون اگر چہڑا دو ادسی جاکی
شیر پلاون فقال صلی اللہ علیہ وآلہ کیف اخلیک وصاحب الشبکۃ غائب
فرمایا کیونکر تجہی رہا کرون صیاد مالک دام غائب ہی اوسکا جواب کیا دون قالت فانی
ارجع فخلاھا وجلس حتی رجعت الظبیۃ وجاء صاحبھا فشفع رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وآلہ حتی خلی سبیلھا مادہ آہو نی کہا مین وعدہ کرتی ہون خلاف نہوگا اپنی بچہ کی
پاس جلدی جاونگی دودہ پلاکی ادسی پیر پہرا ونگی پس مشکل کشای عالم نی اوسی چہوڑ دیا اور آپ انتظار

مجلس اول

وہان ہرنی کی بدلی توقف کیا تہوڑی دیر مین وہ غزال دوڑتی آئی اور حضور مین مالکِ جان کی
سعادتِ قدم بوسی پائی شافعِ عبید و احرار نی اوسکی لئی رہائی مانگی شکاری صاحبِ جان نی
خاطرِ حضرت سی ہرنی چھوڑ دی فَاتَّخَذَ الْقَوْمُ مِنْ ذٰلِكَ الْمَوْضِعِ مَسْجِدًا اہلِ اسلام نی
اوس جا کی عزت اور شرافت بڑہانی کو واسطی خدا کی برکتِ رسول سی مسجد بنائی مِنْهَا حَدِيْثُ
الْاِسْتِسْقَاءِ وَاِنَّ اَهْلَ الْمَدِيْنَةِ مُطِرُوْا حَتّٰى اَشْفَقُوْا مِنْ خَرَابِ دُوْرِهَا
وَانْهِدَامِ بُنْيَانِهَا اَيْضًا روایت ہی نزولِ باران کی جو کرامت ہی رسولِ یزدان کی ایک
دفعہ اہالیٔ شہرِ مدینہ پر زور شور سی مینہ برسا اسقدر کثرت سی جو اندیشہ ہوا مکانات کی انہدام کا
پس فریادرسِ ہر درماندہ و بیکس کی قرین صحابہ مضطر آئی خرابیٔ مسکن اور تلفِ جان و تن کا شکوہ
زبان پر لائی فَقَالَ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ السَّلَامُ اَللّٰهُمَّ حَوَالَيْنَا وَلَا عَلَيْنَا فَانْجَابَ السَّحَابُ
عَنِ الْمَدِيْنَةِ وَاَطَافَ حَوْلَهَا مُسْتَدِيْرًا كَالْاِكْلِيْلِ حضرت نی درگاہِ خدا مین ازو
نیاز سی دعا کی کلماتِ فرح مین رحمت سی رہائی چاہی فوراً بادل فوقِ شہر سی ہٹا اور ہٹ گیا
اطرافِ مدینہ مین حلقہ کئی مانندِ تاج کہڑا ہا وَالشَّمْسُ طَالِعَةٌ فِي الْمَدِيْنَةِ وَالْمَطَرُ يَهْطِلُ
عَلٰى مَا حَوْلَهَا گہرون کی در و دیوار پر آفتاب چمکتا تہا چارون جانب آبادی کی پانی پڑتا تہا
ذٰلِكَ ظَاهِرًا مُؤْمِنُهُمْ وَكَافِرُهُمْ وَضَحِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهٗ
مومنین اور کافرین ظاہر اور باہر معجزہ دیکہتی تہی سیّد المرسلین ہنستی اسقدر کہ دندان نظر پڑتی تہی
وَقَالَ لِلّٰهِ دَرُّ اَبِيْ طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ لَوْ كَانَ حَيًّا قَرَّتْ عَيْنَاهُ مَنْ يُنْشِدُنَا
قَوْلَهٗ فرمایا خدا بخشی اگر اسوقت چچا ابو طالب زندہ اور سلامت ہوتی تو مزید سرور دل روشنی دیدہ
مین اشعار اپنی پڑہ کی ہوش ہوتی فَقَامَ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ
كَاَنَّكَ اَرَدْتَ قَوْلَهٗ علی ابن ابی طالب نی سنکی دیر و کہڑی ہو کی کہا یا رسول اللہ گویا اس نظم کا

مجلس اول

انکو دھیان آیا جو میری والد ماجد نے موزون کیا ہے آپکی مدح مین کہ ہر مضمون باندھا ہے بلیت
وَاَبْیَضُ یُسْتَسْقَی الْغَمَامُ بِوَجْہِہٖ ثِمَالُ الْیَتَامٰی عِصْمَۃٌ لِّلْاَرَامِلِ یَطُوْفُ بِہٖ
الْہُلَّالُ مِنْ اٰلِ ہَاشِمٍ فَہُمْ عِنْدَہٗ فِیْ نِعْمَۃٍ وَّفَوَاضِلِ مِنْہَا شَکْوَی الْبَعِیْرِ اِلَیْہِ
عِنْدَ رُجُوْعِہٖ اِلَی الْمَدِیْنَۃِ مِنْ غَزْوَۃِ بَنِیْ ثَعْلَبَۃَ مکارم اخلاق و مروت سے اوس معدن
رحمت کی بیان کیا ہے کہ جب غزوہ بنی ثعلبہ سے مدینہ کو پہری تو ایک بوڑہا اونٹ دیکہا روبرو
حضرت فریاد کرتا ہے فَقَالَ اَتَدْرُوْنَ مَا یَقُوْلُ ہٰذَا الْبَعِیْرُ قَالَ جَابِرٌ قُلْنَا اللّٰہُ وَرَسُوْلُہٗ
اَعْلَمُ جناب نے اصحاب کیطرف خطاب فرمایا تم جانتے ہو یہ حیوان مجہسے کیا کہتا ہے کہا جابر ابن عبد اللہ نے
عرض کی خدا و رسول اعلم ہین کیا غرض ہے اسکی قَالَ اِنَّہٗ یُخْبِرُنِیْ اِنَّ صَاحِبَہٗ عَمِلَ عَلَیْہِ
حَتّٰی اِذَا اَکْبَرَہٗ وَاَدْبَرَہٗ وَاَہْزَلَہٗ اَرَادَ نَحْرَہٗ وَبَیْعَہٗ کہا مخبر صادق نے بولی یہ مجہسے اپنا دکہ
سناتا ہے کہ مالک نے مدت جوانی مین بوجہ لادکے پہرایا ہے سواریکا آرام پایا ہے اب ناتوان دیکہا
تو گوشت بیچنے کو نحر کیا چاہتا ہے یَا جَابِرُ اِذْہَبْ مَعَہٗ اِلٰی صَاحِبِہٖ فَاْتِنِیْ بِہٖ قَالَ قُلْتُ
وَاللّٰہِ مَا اَعْرِفُ صَاحِبَہٗ قَالَ عَلَیْہِ وَاٰلِہِ السَّلَامُ ہُوَ یَدُلُّکَ ارشاد کیا اے جابر اسکے
ساتہہ مالک پاس جاؤ اور میرے حضور مین بلا کے لاؤ راوی نے کہا مینے عرض کیا یا رسول اللہ مین تو اوسکے
نہین پہچانتا فرمایا اونٹ خود بتا دیگا جہان ہوگا قَالَ فَخَرَجْتُ حَتّٰی انْتَہَیْتُ اِلٰی بَنِیْ حَنْظَلَۃَ
اَوْ بَنِیْ وَاقِفٍ جابر ناقل ہین شتر کی پیچہے چلا تا کہ محلہ بنی حنظلہ مین مجہے لیگیا وہان جاکے کہڑا ہوا
وہان برا مجمع تہا فَقُلْتُ اَیُّکُمْ صَاحِبُ ہٰذَا الْبَعِیْرِ فَقَالَ بَعْضُہُمْ اَنَا قُلْتُ اَجِبْ
رَسُوْلَ اللّٰہِ مینے پکارا کون تمہاری محل مین اسکا صاحب ہے ایک بولا مین ہون تو جسکا طالب
مینے کہا اوٹہو جلدی چلو رسول خدا نے بلایا حاضر ہو فَجِئْتُ اَنَا وَہُوَ وَالْبَعِیْرُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ پس وہ اونٹ اور مالک نے قدم بڑہائے میری ہمراہ نبی اللہ کی پاس آئی

مجلس اول

فَقَالَ عَلَیْہِ وَاٰلِہِ السَّلَامُ بِعِیْرُکَ ھٰذَا یُخْبِرُنِیْ بِکَذَا وَکَذَا قَالَ قَدْ کَانَ ذٰلِکَ

یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ حضرت نے اوسکو ارشاد فرمایا ای مرد تیرا جمازہ مجھسے ایسا اظہار کرتا ہے

اوسنے عرض کی یا خیر الوری یونہین ہے جیسا کہتا ہے فَقَالَ بِعْنِیْہِ قَالَ ھُوَ لَکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

بِعْنِیْہِ رحمۃ للعالمین مخزن رحم وکرم نے زبانِ فیض ترجمان سے کہا اپنی اونٹ کو میرے ہاتھ

فروخت کر بشرطِ رضا عرض کی یونہین ایک نذر ہے تمہارے اختیار مین مال وجانِ ہر بشر ہے فرمایا

یونہین ہو سکتا بلکہ بیعِ حلال تو لونگا فَاشْتَرَاہُ مِنْہُ رَسُوْلُ اللّٰہِ ثُمَّ صَرَفَ عَلٰی صَفْحَتِہٖ

فَتَرَکَہٗ یَرْعٰی فِیْ ضَوَاحِی الْمَدِیْنَۃِ پس صاحبِ شتر نے جو قیمت مانگی ہمرورِ شافعِ محشر نے

فوراً عطا کی اونٹ کی پشت پر دستِ شفقت پھیرا خوشی خواہ رسول اللہ نے چھوڑ دیا کہ اطراف

مدینہ مین سبزہ چرتا پھرتا رہا بندِ اندوہ اور بلا کے سے آزاد زنجِ جاوید ہوا وَکَانَ الرَّجُلُ مِنَّا

اِذَا اَرَادَ الرَّوْحَۃَ وَالْغَدْوَۃَ وَضَحٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ لِقُرْبِ اَلَیْہِ

جابر کہتے ہین ہر شخص ہمارے گروہِ صحابہ سے واسطے رضای سیدِ انبیا اوس اونٹ کو پانی اور چارہ

دیا کرتا صبح اور شام اوسکا رات جا بجا سے ملتا رہتا قَالَ جَابِرٌ فَرَاَیْتُہٗ وَقَدْ ذَھَبَتْ

دَبَرَتُہٗ وَرَجَعَتْ اِلَیْہِ نَفْسُہٗ راوی نے ذکر کیا دیکھا مینے تھوڑے دن مین اوسکا ضعف

اور نشانِ زخم جاتا رہا فربہ اور توانا ہو کے بہت رنگ و روپ لایا اللہ اکبر کیا فیضِ وجود ہے

اوس بحرِ عطا کی کہ زحمت وتکلیف حیوان بھی گوارا نتھی ہرن کو دامِ صیاد اور تیغِ جلاد سے بچایا

شتر کو بند ہلاک جورِ بیداد سے چھڑایا افسوس کہ اوسکی عترتِ طاہرہ اسیر ہون کوئی ترس نہ کہائے

اولاد بھوکی پیاسی ماری جائے کسی کو رحم نہ آئے زین العابدین کو قید مین بھی ایذا دین زینب

ام کلثوم کی بازو مین رسی باندہین کھینچین پھرین یتیم بچون کی سنہ پر بجائے تسلی سیلی اور طمانچے لگائین

سرہای آلِ نبی نازپروردۂ بتول در بدر لائے دروازون پر لٹکائین فِیْ ذِکْرِ مَبْدَءِ الْمَبْعَثِ

مجلس اول

ذَكَرَ عَلِيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ هَاشِمٍ وَهُوَ مِنْ اَجَلِّ رُوَاةِ اَصْحَابِنَا فِي كِتَابِهِ آغاز بعثت اور اِرادۂ
وسادۂ رسالت میں ذکر کیا ہی علی بن ابراہیم نی جو ہماری بڑی اصحاب حدیث تہی اپنی کتاب میں لکہا ہی
اِنَّ النَّبِيَّ لَمَّا اَتَى لَهُ سَبْعٌ وَثَلَاثُونَ سَنَةً كَانَ يَرَى فِي نَوْمِهِ كَاَنَّ اٰتِيًا اَتَاهُ
صلوٰۃ اللہ کا سن شریف تیس اور سات برس کو پہنچا تو خواب میں ایسا دیکہتی کوئی شخص آکی سامنی کہڑا ہوا
فَيَقُولُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَيُنْكِرُ ذٰلِكَ وہ بشارت سی خطاب کرتا ہی ای رسو لخدا مگر یہ کلمہ حضرت کو
دل سی گوارا ہوتا فَلَمَّا طَالَ عَلَيْهِ الْاَمْرُ وَكَانَ بَيْنَ الْجِبَالِ يَرْعٰى غَنَمًا لِاَبِي طَالِبٍ
جب مدتکا زمانہ اسپر گذرا تو ایک دن ابی طالب کی دنبی چرانی کو پہاڑ مین عبور ہوا فَنَظَرَ اِلَى الشَّخْصِ
يَقُولُ لَهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَقَالَ لَهُ مَنْ اَنْتَ فَقَالَ اَنَا جَبْرَئِيلُ اَرْسَلَنِي اللّٰهُ
اِلَيْكَ لِيَتَّخِذَكَ رَسُولًا ناگاہ مرد نورانی صورت دکہائی دیا اور اوسنی ادب سی عرض کی
ای رسو لخدا پوچہا تو کون ہی جو یہان آیا ہی کہا مین جبرئیل ہون کہ اللہ نی تمہاری پاس بہیجا ہی
تا خلعت نبوت آپکو پہنائی اور دعوت خلق پر واسطی ہدایت کی مبعوث فرمائی فَاَخْبَرَ رَسُولُ اللّٰهِ
خَدِيجَةَ بِذٰلِكَ وَكَانَتْ خَدِيجَةُ قَدِ انْتَهٰى اِلَيْهَا خَبَرُ الْيَهُودِيِّ وَخَبَرُ بَحِيرَا وَحَدَّثَتْ
بِهٖ اٰمِنَةُ اُمُّهٗ پس مخبر صادق نی یہ ماجرا خدیجہ سی ذکر کیا کہ اونکو بیان یہود اور قول بحیرا و حدیث
آمنہ والدہ حضرت سی گوش زد ہوا تہا فَقَالَتْ يَا مُحَمَّدُ اِنِّي لَاَرْجُو اَنْ تَكُونَ كَذٰلِكَ وَكَانَ رَسُولُ
اللّٰهِ يَكْتُمُ خدیجہ بولین کہ یا محمد امید ہی کہ یونہین آپکی واسطی ظہور میں آئی گا لاکن خیر البشر نی بہت دن
یہ راز اغیار سی چہپائی رکہا فَنَزَلَ جَبْرَئِيلُ وَاَنْزَلَ عَلَيْهِ مَاءً مِنَ السَّمَاءِ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ
قُمْ فَتَوَضَّأْ لِلصَّلٰوةِ پس ایک روز جبرئیل امین آئی تہوڑا پانی آسمان سی لائی کہا ای محمد اوٹہو
نماز کی لیئی وضو کرو فَعَلَّمَهٗ جَبْرَئِيلُ الْوُضُوءَ عَلَى الْوَجْهِ وَالْيَدَيْنِ مِنَ الْمِرْفَقِ وَمَسْحِ
الرَّاْسِ وَالرِّجْلَيْنِ مِنَ الْكَعْبَيْنِ جبرئیل نی منہ دہونا کہنی تک ہاتہون پر پانی ڈالنا بتایا

مجلس اول

اور سر و پا کا مسح ٹخنوں تک سکھایا وَعَلَّمَهُ الرُّكُوعَ وَالسُّجُودَ ادای صلوٰة میں قیام وقعود کی
ترتیب سمجھائی عبد و معبود کی راہِ سلوک و رضاجوئی حبیب دکھائی فَلَمَّا تَمَّ لَهُ أَرْبَعُونَ
سَنَةً أَمَرَهُ بِالصَّلَاةِ وَعَلَّمَهُ حُدُودَهَا فَلَمْ يُنْزِلْ عَلَيْهِ أَوْقَاتَهَا ہرگاہ چالیس برس
عمر مبارک سے گذر گئے پھر جبرئیل حاضر خدمت والا ہوئے نماز پڑھنے کو امر کیا تاکہ بجا لاویں اور اوسکی
ارکان و حدود حضرت کو بتائے لاکن وقت سے خبر نہ دی اور عدد رکعات سے بھی کمی رہی فَكَانَ
رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ فِي كُلِّ وَقْتٍ پس پیشوای کائنات
عبادت میں کھڑے رہتے ہر وقت میں دو رکعت نماز ادا کرتے وَكَانَ عَلِيُّ بْنُ أَبِي طَالِبٍ
عَلَيْهِ السَّلَامُ يَأْلَفُهُ وَيَكُونُ مَعَهُ فِي مَجِيئِهِ وَذَهَابِهِ لَا يُفَارِقُهُ فَدَخَلَ
عَلَى رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَهُوَ يُصَلِّي علی بن ابیطالب علیہ السلام جو خیر الانام سے
الفت زیادہ رکھتے تھے ہر دم آنے جانے میں رفاقت سے جدا نہ ہوتے تھے جب رسول مقبول نماز میں
مشغول تھے ناگاہ شاہ ولایت پناہ وارد ہوئے فَلَمَّا نَظَرَ إِلَيْهِ يُصَلِّي قَالَ يَا أَبَا الْقَاسِمِ
مَا هٰذَا قَالَ هٰذِهِ الصَّلَاةُ الَّتِي أَمَرَنِي اللهُ بِهَا ہرگاہ سرور اولیائے سید انبیا کو صورت
صلوٰة رکوع اور سجود میں دیکھا عرض کی ای ابو القاسم یہ کیا فعل ہے کہا نماز جسکو بھی خدا نے امر کیا
وَدَعَاهُ إِلَى الْإِسْلَامِ فَأَسْلَمَ وَصَلَّى مَعَهُ ہادی انسانی شاہ نجف کو دعوت اسلام اور نماز
ملت کی ولی اللہ نے فوراً مسلمان ہو کے ساتھ نماز پڑھی وَأَسْلَمَتْ خَدِيجَةُ وَكَانَتْ لَا تُصَلِّي
إِلَّا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَعَلِيٌّ وَخَدِيجَةُ خَلْفَهُ پس خدیجہ نے بھی مذہب
اسلام رغبت سے قبول کیا خیر الوری کی پیچھے نماز پڑھنے والا کوئی نہ تھا سوای خدیجہ اور علی مرتضیٰ
فَلَمَّا أَتَى لِذٰلِكَ أَيَّامٌ دَخَلَ أَبُو طَالِبٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ إِلَى مَنْزِلِ رَسُولِ اللهِ
صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَمَعَهُ جَعْفَرٌ ہرگاہ یونہیں چند روز گذرے ایک دن ابو طالب رضی اللہ عنہ

مجلس اول

کہ مین پیغمبر کی وارد ہوئی اونکی ساتھ جعفر بھی آئی رسم تہنیت اور سلام بجا لائی فنظر الی رسول اللہ
وعلی علیہما السلام بجنبہ یصلیان فقال لجعفر صل جناح ابن عمک خلیفہ نبی کو
دیکھا مصروف نماز ہین اور علی علیہ السلام اونکی برابر کھڑی ہوئی دمساز ہین ابو طالب اپنی فرزند
جعفر سی بولی جاکی تمہی بھائی عمزاد کی شریک ہو فوقف جعفر بن ابی طالب من
جانب الاخر فلما وقف جعفر علی یسارہ بدر رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وآلہ من بینہما وتقدم وانشد ابو طالب فی ذلک یقول پس جعفر بھی بائیں
پہلو مین آموم کھڑی ہوئی جب بائین طرف شاہ نجف کی وہ ذی شرف مقیم ہوئی تو رسول اللہ اونکی بیچ سی
آگی بڑہی اور سردم بیچ امام اور مولای انام وکلا سلام پر ابو طالب نی اپنی شعر پڑہی
عن عباد بن عبد اللہ عن علی علیہ وآلہ السلام قال کنا بمکۃ مع رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وآلہ فخرج فی بعض نواحیہا عباد بن عبد اللہ نی علی ابن ابی طالب علیہ السلام
روایت کی ہی فرمایا کہ ہم رسول خدا کی ساتھ مکہ مین رہتی تھی ناگاہ ایک سفر کو سید البشر صلی
ہم بھی اونکی ہمراہ قدم بجا ہوئی فما استقبلہ شجر ولا جبل الا قال لہ السلام
علیک یا رسول اللہ پس راہ مین کوئی درخت اور پہاڑ اور سنگ نہین ملا کہ جسنی فروتنی
اور سی السلام علیک یا رسول اللہ نہ کہا وفی حدیث ابی ذر رضی اللہ عنہ علیہ السلام
ان الانبیاء مائۃ الف واربعۃ وعشرون الف نبی وذکر ان الرسل منہم
ثلاث مائۃ وثلاثۃ عشر اولہم آدم ابی ذر نی اوس جناب سی نقل کی ہی فرمایا
پس ہی کہ خدای تعالی نی ایک لاکھہ چوبیس ہزار برگزیدہ کو نبی بنایا اور یہی راوی نی ذکر کیا
کہ اون مین تین سو تیرہ کو درجہ رسالت دیا پہلی سب سی آدم ابو البشر ہین آخر مین محمد مصطفی
علیہ السلام پیغمبر داور ہین مروی عن واثلۃ بن الاسقع قال علیہ السلام ان اللہ

۴۹

مجلس اول فضایل نبوی مین

اصطفی من بنی کنانۃ قریشًا واصطفی من قریش بنی ہاشم واصطفانی من بنی ہاشم ۔ واثلہ ابن اسقع نی کہا کہ مخبر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہوا خدا نی اولاد ابراہیم سے اسماعیل کو چنا اور اوس مین بنی کنانہ اور اون مین قریش اور اونسی بنی ہاشم کو منتخب کیا مجہی برگزیدہ آل ہاشم بنایا کہ میری حسب و نسب سی سبکو فخر آیا ومروی عنہ ابوذر وابن عباس وجابر بن عبد اللہ وابن عمر وابو ہریرۃ انہ قال اعطیت خمسا وفی بعضہا ستا لم یعطہن نبی قبلی صحابہ مذکورنی متفق حدیثین نقل کین حضرت نی فرمایا مجہی عطا ہوئین پانچ کرامتین اور دوسری روایت مین چہہ شرافتین جو کسی نبی کو پہلی نہین ملین نصرت بالرعب مسیرۃ شہر وجعلت لی الارض مسجدا وطہورا فایما رجل من امتی ادرکتہ الصلوۃ فلیصل نصرت پائی نبی اللہ سی کہ ایک ماہ راہ تک رعب سے رسایا اور ساری زمین میری مسجد بنائی جو کوئی اس امت سی وقت نماز مین چاہی ہر جا پڑھ سکتا ہی واحلت لی الغنائم ولم تحل لاحد قبلی وبعثت الی الناس کافۃ واعطیت الشفاعۃ اموال مشرکین وعیال کفار سی غنیمت حلال کی جو پیشتر کسیکی واسطی اس غایت پہ مجال نہتی مبعوث کیا مجہی ساری دنیا کی ہدایت کو جو روز قیامت تک یہ شریعت باطل نہو تاج شفاعت سی خلایق کی سرفراز کیا وسیلہ آمرزش بنایا او سپرلوای حمد اور حوض کوثر دیا آیضا وقال علیہ السلام ان بنی اسرائیل افترقوا علی اثنین وسبعین فرقۃ وان امتی تفترق علی ثلاث وسبعین کلہا فی النار الا واحدۃ قالوا ومن ہم یا رسول اللہ قال الذی انا علیہ الیوم واصحابی ارشاد کیا رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ نی صحابہ سی جو بیٹھی تہی بدرستیکہ قوم بنی اسرائیل بعد موسی کی بہتر فرقہ ہوی اور میری امت سی تہتر ہونگی اور تین گروہ نہین گی سوای جماعت واحدہ سب دوزخ مین جلین گی پوچہا وہ کون لوگ ہین جنکی نجات ہین فرمایا

مجلس اوّل

پابند اس راہ کی جسپر آج ہم اور صحابہ مستقیم ہین ای مسلمین محبین مدح و منقبت کو تمنی سنا خوش ہوسیکو
اب حاضرین شرح مصیبت گوش کرو ونیکو مروی فی کتاب کامل الزیارت بسندہ
عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ عَلَیْہِ السَّلَامُ قَالَ لَمَّا اُسْرِیَ بِالنَّبِیِّ کتاب کامل الزیارت مین اپنی سند سے
روایت کی ہی کہ ابی عبد اللہ جعفر صادق علیہ السلام نی یہ حدیث کہی ہی جب سرور کائنات کو معراج مین
رتبہ قاب قوسین او ادنی کی سیر دکھائی اور بساط قرب الہی پر اوس صدر نشین کونین کی تشریف پہنچائی
قِیْلَ لَہٗ اِنَّ اللّٰہَ مُخْتَبِرُکَ بِثَلٰثٍ لِیَنْظُرَ کَیْفَ صَبْرُکَ اونسی کہا اللہ تعالی تین امر مین تمہین مختار
کرتا ہی کہ دیکھی اونمین صبر اور تحمل کا مقام کیسا ثابت رہتا ہی قَالَ اُسَلِّمُ لِاَمْرِکَ یَا رَبِّ وَلَا
قُوَّۃَ لِیْ عَلَی الصَّبْرِ اِلَّا بِکَ عرض کی ای خدا مین اوس امر کی تسلیم کرونگا اور سوای تیری مدد کی قوت
صبر نہین پاونگا فَاَمَّا اُوْلٰہُنَّ قِیْلَ اَوَّلُہُنَّ الْجُوْعُ وَالْاَثَرَۃُ عَلٰی نَفْسِکَ وَعَلٰی اَہْلِکَ لِاَہْلِ الْحَاجَۃِ
نبی الوری نی پوچھا وہ کیا ہین اونکا بتا بتا فرمایا گیا پہلی اونمین فقر و فاقہ کی ابتلا تمہاری ذات کا
بہوکا رہنا اور اہل و عیال پر بھی وہ صدمہ رہنا واسطی حاجت والونکی ایثار کرنا اپنی اوپر اونکو مقدم کرنا
قَالَ قَبِلْتُ یَا رَبِّ وَرَضِیْتُ وَسَلَّمْتُ وَمِنْکَ التَّوْفِیْقُ وَالصَّبْرُ خیر البشر نی کہا ای والی
مینی قبول کیا رضا و تسلیم سے مجہسی توفیق صبر کو چاہا وَاَمَّا الثَّانِیَۃُ فَالتَّکْذِیْبُ وَالْخَوْفُ الشَّدِیْدُ
وَبَذْلُکَ مُہْجَتَکَ فِیْ مُحَارَبَۃِ اَہْلِ الْکُفْرِ بِمَالِکَ وَنَفْسِکَ دوسری ایذا تکذیب اور خوف
شدید کی بلا اوٹہانا اپنی تئین اہل کفر کی جہاد پر ہلاکت مین ڈالنا مال اور جان کو اونمین بیدریغ کہونا
اور بذل و جہد مین ذات مصروف ہونا وَالصَّبْرُ عَلٰی مَا یُصِیْبُکَ مِنْہُمْ مِنَ الْاَذٰی مِنْ اَہْلِ النِّفَاقِ
وَالْاَلَمِ فِی الْحَرْبِ وَالْجِرَاحِ اس مین جو مصیبت پہنچی وہ اذیت پر صبر کرنا اور حالات مین سب کرنا
بلا کی راضی رہنا منافقونکی آزار اور الم پر تاب لانا جراحات بدن کا جنگ مین رنج و غم اوٹہانا قَالَ یَا رَبِّ
قَبِلْتُ وَرَضِیْتُ وَسَلَّمْتُ وَمِنْکَ التَّوْفِیْقُ وَالصَّبْرُ سید انبیا نی کہا ای مولا مینی یہ بھی قبول کیا

۵۱

مجلس اول

اوسپر تہ دل سی راضی ہوا گردن طاعت کو راہِ رضا مین جہکایا اور تیری توفیق و طاعت و صبر پر

تکیہ لگایا وَاَمَّا الثَّالِثَۃُ فَمَا تَلْقٰی اَھْلُ بَیْتِكَ مِنْ بَعْدِكَ مِنَ الْقَتْلِ امر تیسرا وہ ہی مین

مبتلا ہونگی اہلبیت بعد از تمہاری سب ماری جاینگی جور اور جفا سی وہ بیچاری اَمَّا اَخُوْكَ عَلِیٌّ

مِنْ اُمَّتِكَ الشَّتْمُ وَالتَّعْنِیْفُ وَالتَّوْبِیْخُ وَالْحِرْمَانُ وَالْجَهْدُ وَالظُّلْمُ وَاٰخِرُ ذٰلِكَ الْقَتْلُ پس

بہائی تمہاری علی امت کی ہاتہہ سی گرفتار ستم ہونگی اٹہاینگی ذلت اور زدست این ستمگران کی ہونگی

اپنی حق سی محروم اور ناکام ہونگی زندگی بہر لبستر اذیت پر ہونگی انکا پہ شرف اور بزرگی ظلم

ہوگا آخر کو ان بلیات کی درجہ شہادت پاینگی فَقَالَ یَارَبِّ قَبِلْتُ وَسَلَّمْتُ وَرَضِیْتُ وَمِنْكَ

التَّوْفِیْقُ وَالصَّبْرُ رسول مجتبی نی جواب دیا یعنی تسلیم و رضا مین یہ قبول کیا اور تجہسی ہی توفیق و صبر کا

وَاَمَّا ابْنَتُكَ فَتُظْلَمُ وَتُحْرَمُ وَیُؤْخَذُ حَقُّهَا غَصْبًا الَّذِیْ جَعَلْتَهٗ لَهَا اور بیٹی تمہاری

پس اوسپر ظلم کی آری چلینگی جو حق تمنی دیا ہوگا وہ غصب سی چہین لینگی وَتُضْرَبُ وَهِیَ حَامِلَۃٌ وَ

یُدْخَلُ عَلٰی حَرِیْمِهَا وَمَنْزِلِهَا بِغَیْرِ اِذْنٍ جس حال مین وہ حاملہ ہوگی دشمن ین مارینگی بی اذن اوسکی محل مین

داخل ہونگی و قدم دہرینگی ثُمَّ یَمَسُّهَا هَوَانٌ وَذُلٌّ ثُمَّ لَا تَجِدُ مَانِعًا پہر اوسی بہت اذیت اور

ذلت کی شدت پہنچی گی حامی اور مددگار مانع از ار کوئی نہین دیکہی گی وَتُطْرَحُ مَا فِیْ بَطْنِهَا مِنَ

الضَّرْبِ وَتَمُوْتُ مِنْ ذٰلِكَ الضَّرْبِ پیٹ کا بچہ اوس ضرب کی صدمہ سی گر جائیگا غم و غصہ اوس مظلومہ کی جان کو

فَقُلْتُ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ قَبِلْتُ یَارَبِّ وَسَلَّمْتُ وَمِنْكَ التَّوْفِیْقُ وَالصَّبْرُ

پیغمبر خدا فرماتی ہین کہ مینی حضور باری مین استرجاع کیا کلمہ رضا و کلمہ تسلیم اور طلب صبر و توفیق کو سنا یا

وَیَكُوْنُ لَهَا مِنْ اَخِیْكَ ابْنَانِ یُقْتَلُ اَحَدُهُمَا غَدْرًا وَیُسْلَبُ وَیُطْعَنُ تَفْعَلُ ذٰلِكَ

اُمَّتُكَ اوس بیٹی کی تمہاری بہائی سی دو فرزند پیدا ہونگی فریب اور مکر سی زہر دیکر ایک کو وہ ماریگی

ہنگامہ مین لوٹ لیجاینگی دست جفا سی خنجر کا وار لگاینگی یہ آزار و ستم تمہاری امت اوپر

مجلس اول

جاری رہی تیرِ مدا و بعد شہادت بر سنیگی قَالَ قُلْتُ یَا رَبِّ وَسَلَّمْتُ وَاِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ عرض کی رسالت پناہی نی کہ الٰہی مجھی یہی منظور ہی اور دل و زبان پر تسلیم و رضا مین صبر و شکر موفور ہی وَاَمَّا اِبْنُهَا الْاٰخَرُ فَتَدْعُوْہُ اُمَّتُکَ اِلَی الْجِهَادِ ثُمَّ یَقْتُلُوْنَهٗ صَبْرًا وَیَقْتُلُوْنَ وَلَدَہٗ وَمَنْ مَعَهٗ مِنْ اَهْلِ بَیْتِهٖ دوسرا بیٹا اوس دختر کا امت کی لوگ نامی بھیجینگی پردیسمین جہاد کی واسطی غریب مظلوم کو بلائینگی بحالتِ صبر و بیکسی اور پیاس مین قتل کرینگی اوسکی فرزند اور ساری اقربا جو ساتھ ہونگی سبکو مارینگی ثُمَّ یَسْلُبُوْنَ حَرَمَهٗ پھر عورات الحرم کا اسباب زیور لوٹینگی وہ بی وارث اور بیکسی چہاتی کوٹین گی فَیَسْتَعِیْنُ بِیْ وَقَدْ مَضَی الْقَضَاءُ مِنِّیْ فِیْهِ بِالشَّهَادَةِ لَهٗ وَلِمَنْ مَعَهٗ وہ ستم زدہ مجھسی امداد مانگی گا اپنی حال زار پر اعانت چاہی گا تحقیق کہ میری قضا و قدر مین اوسکی شہادت کا امر ہو چکا اور جو رفقا و عزیز ہمراہی مین ہونگی اونکا مارا جانا لکھ گیا وَیَکُوْنُ قَتْلُهٗ حُجَّةً عَلٰی مَا بَیْنَ قُطْرِهَا اوسکی قتل کا حادثہ جہان پر دست آویز اور حجت ہیگا عذاب اور ثواب کا نتیجہ ناری اور ناجی کو ملیگا تَبْکِیْهِ اَهْلُ السَّمٰوٰتِ وَاَهْلُ الْاَرْضِیْنَ جَزَعًا عَلَیْهِ اوسکی شہادت سی ساری اہل آسمان و زمین نوحہ و بیقراری کرینگی با چشم پر نم اور دل حزین وَتَبْکِیْهِ مَلٰٓئِکَةٌ لَمْ یُدْرِکُوْا نُصْرَتَهٗ مدام رقت مین آنسو بہائینگی سب محبان فدائی اور وہ فرشتی جنہون نی اوسکی سعادت نصرت نہین پائی ثُمَّ اُخْرِجُ مِنْ صُلْبِهٖ ذَکَرًا بِهٖ اَنْصُرُکَ اوسکی صلب اطہر اور نسل بہتر و برتر سی ایک فرزند رشید پیدا کرونگا اوسکی برکت وجود سی تیری دین اور ملت کو خوب رونق دونگا وَاِنَّ شَبَحَهٗ عِنْدِیْ تَحْتَ الْعَرْشِ یَمْلَاُ الْاَرْضَ بِالْعَدْلِ وَیُطَبِّقُهَا بِالْقِسْطِ یَسِیْرُ مَعَهُ الرُّعْبُ یَقْتُلُ حَتّٰی یُشَکَّ فِیْهِ وہ صورت نورانی کی شبیہ میری تحت عرش زینت افزا ہی اوسکی ہاتھ سی روی زمین پر بھی عدل اور برکت کو بھر ناہی لشکر ہیبت اور اقبال و ظفر وہ سرور کی ہمراہ رہیگا کافر اور ناپاک انسان و حیوان کو قتل کریگا یہان تک جو وہ وز قتالہ سے

مجلس اول

شکایت کہینکی صدق وصفای اسلام اور ایمان کا دم بھرنگی فقلت انا للہ وانا الیہ راجعون
فقیل لی ارفع راسک فرفعت راسی فنظرت الی رجل من احسن الناس صورة
واطیبہم ریحا پس منادی نی آواز دی مجھی کہ ذرا سر اونچا کر عرصۂ رحمت مین قدرت حق کا
تماشا دیکھ جب مینی منہ کو اوٹھایا تو ایک جوان رعنا نظر آیا کہ ساری جہان کی خلق نیکوی خوشرو تھا
اور لطافت مین رایحہ کی عطر غالیہ اور عنبر سی زیادہ خوشبو تھا والنور یسطع من بین عینیہ و
من فوقہ ومن تحتہ لمعان نور اوسکی پیشانی اور سراپا سی چمکتا تھا کہ آنکھون مین پرتو روشنائی
ولکو سرور پہنچاتا فدعوتہ فاقبل الی وعلیہ ثیاب النور وسیما کل خیر پس مینی اوسکو
اپنی پاس بلایا تو میری نزدیک آیا لباس نور پہنی ساری نیکی کا حسن دلربا دکھائی دیا حتی قبل
ما بین عینی مجھسی بہت محبت اور پیار سی بلا کر میری درمیان چشم اور پیشانی کا بوسہ لیا ونظرت
الی ملائکة حفوا بہ لا یحصی عددہم الا اللہ عز وجل فرشتون نظر کی مینی جو اوسی چارون طرف
گھیری تھی کہ اونکی تعداد سوای خدا کوئی حساب نہین کرسکی فقلت یا رب تغضب ہذا الغضب
اعلی ہؤلاء رسول خدا کہتی ہین مینی عرض کی بارالہا جو عداوت رکھی میری عترت سی اسکی ہاتھون
اونپر غضب نازل کرتا ہا وقد وعدتنی النصر فیہم فانا انتظرہ منک تحقیق کہ تونی مجھ
اہلبیت مین وعدہ کیا ہی نصرت اور یاریکا پس منتظر ہون وفای اقرار اور ظہور مددگاری کا وہؤلاء
اہلی واہل بیتی وقد اخبرتنی بما یلقون من بعدی پروردگارا یہ لوگ جان اور
اہل وعیال ہین میری جو مصائب مین مبتلا ہونگی تونی سب خبر دی مجھی ولو شئت لاعطیتہم
النصر فیہم علی من بغی علیہم اگر تو چاہتا اور مصلحت جانتا تو اونکی نصرت اور امداد کرتا دشمنون کی
جو بغاوت کرین اونکو ظفر دیتا کہ عداوت کا نام کوئی نہ لیتا وقد سلمت وقبلت ورضیت
ومنک التوفیق والرضا والعون علی الصبر بیشک مینی تیری مشیت پر تسلیم ارادہ تقدیر کی

مجلس اول

مرضی رب قبول ہوئی توفیق طاعت کو جیسی چاہا اور مدد صبر کا طالب گار بنا رہا تفصیل یہ ہے

اَمَّا اَخُوْكَ فَجَزَاءُهُ عِنْدِیْ جَنَّةُ الْمَاْوٰی نُزُلًا لِصَبْرِهٖ مخبرِ صادق فرماتی ہیں یہ

ندای غیب آئی اور یہی بشارتِ دلنواز سنائی یا محمد وہ بہائی تمہارا جو علی مرتضیٰ ہی اوسکی ادا جزا

صبر کی عوض جنّۃ الماوی ہی اُفلج حُجَّتَهٗ عَلَی الْخَلَائِقِ یَوْمَ الْبَعْثِ روز قیامت اوسکی فضیلت

اور بزرگی خلایق پہ کہلیگی اوس شرفِ بےحساب کا زبانِ دوست اور دشمن اقرار کریگی وَاُوَلِّیْهِ

حَوْضَكَ یَسْقِیْ مِنْهُ اَوْلِیَاءَكُمْ وَیَمْنَعُ مِنْهُ اَعْدَاءَكُمْ تمہاری حوضِ کوثر کا اوسی

اہتمام سقایت دونگا خزانہ کرم اور عفو کا پیمانہ بخش نام کرونگا کہ تمہاری ساری محبّوں کو آب سرد

پلائی اور اعدا کو پیاسا مارکی دور تر ہنگائی وَاَجْعَلُ عَلَیْهِ جَهَنَّمَ بَرْدًا وَسَلَامًا یَدْخُلُهَا

فَیُخْرِجُ مَنْ كَانَ فِیْ قَلْبِهٖ مِثْقَالُ ذَرَّةٍ مَوَدَّةً زبانۂ آتش اوسپر جہنم کا سرد اور سلامت

ہوجائیگا تا اوسمیں داخل ہوکی دوستوں کو عذاب سی چہڑائیگا جسکی دل میں ذرہ برابر اپنی محبت پائیگا

نہال کی بہشت میں عزت سی پہنچائیگا وَاَمَّا ابْنُكَ الْمَقْتُوْلُ الْمَخْذُوْلُ وَابْنُكَ الْمَعْرُوْرُ

الْمَقْتُوْلُ صَبْرًا فَاِنَّهُمَا مِمَّا اُزَیِّنُ بِهِمَا عَرْشِیْ اور تمہارا بیٹا پامال جفا شہید زہر جفا

اور دوسرا فرزند جگر پارہ تیغِ ستم کا مارا وہ مقتول عمامہ اور جامہ بدن سی عریان و تیغ خاک اوفتادہ

میں غلطان صبر کرنیوالا محنت شہادت کا مبتلای مصیبت ابتدای است کا اون دونوں سی اپنی عرش کی

زینت بڑہاونگا قائمہ جلال کی پاس منبرِ نور پہ بٹہاونگا تاکہ خلق اونکی رتبہ شرف اور عزت کو پہچانی

اور بلا کا عوض آل عبا پائیں وَلَهُمَا مِنَ الْكَرَامَةِ سِوٰی ذٰلِكَ مِمَّا لَا یَخْطُرُ عَلٰی قَلْبِ بَشَرٍ

لِمَا اَصَابَهُمَا مِنَ الْبَلَاءِ واسطی اونکی اوس فضل و کرم استعداد ہی کہ وہ کسی بشر کی خیال میں ہرگز

نہیں گذرنی بسبب اوس امتحان جور و جفا کی جو اونپر پڑیگی اوس شدت آفت میں صبر او شکر

میری درگاہ میں کرینگی فَعَلَیَّ فَتَوَكَّلْ پس تو مجہپر توکل اور تکیہ اعتماد کرنا اور چشم امید رحمت کی

مجلس اول

وصول ہین ربہنا وَلِكُلِّ مَنْ اَتٰى قَبْرَهُ مِنَ الْخَلْقِ مِنَ الْكَرَامَةِ لِاَنَّ زُوَّارَهُ زُوَّارُكَ
وَزُوَّارُكَ زُوَّارِىْ وَعَلَىَّ كَرَامَةُ زَائِرِىْ خلایق سی جو اونکی تربت پر زیارت کو
آئیگا وہ کرامت اور ثواب عظیم دنیا و آخرت کا پائیگا بدرستی کہ اونکا زایر تمہارا زوار ہی اور تمہارا
زیارت کرنیوالا میرا زوار ہی مجھپر لازم ہی اپنی زوار کی توقیر بجا لانی واجب گردانا نعمات عالیہ
میں چاہی وَاَنَا اُعْطِيْهِ مَا سَاَلَ وَاَجْزِيْهِ جَزَاءً يَغْبِطُهُ مَنْ نَظَرَ اِلٰى عَظَمَتِىْ اِيَّاهُ
وَاَرَدْتُ لَهُ مِنْ كَرَامَتِىْ وہ لوگ جس امر کی طالب ہون عطا کرونگا ایسی مغفرت اور عنایت
نیک جزا دونگا کہ جو دیکھی اوسی غبطہ آتی کسی و ہم و خیال مین وہ مرتبہ نہ سمائی میری مشیت نی
اونکی واسطی کرامت کا قصد کیا اور عالمان قضا و قدر کو نفاذ کا حکم دیا وَاَمَّا ابْنَتُكَ فَاطِمَةُ
فَاِنِّىْ اُوْقِفُهَا عِنْدَ عَرْشِىْ مگر تیری اختر تمہاری فاطمہ پس اوسکو بلا دونگا روز محشر سایہ مین
اپنی عرش کی پھر اونکا فَيُقَالُ لَهَا اِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَكَّمَكِ فِىْ خَلْقِهٖ پس خطاب ہوگا اللہ نی تجھی
آج کی دن حاکم عرصات کیا ساری بندون کی جزای نیک اور سزای بد کا اختیار دیا فَمَنْ ظَلَمَكِ
وَظَلَمَ وُلْدَكِ فَاحْكُمِىْ فِيْهِ بِمَا اَحْبَبْتِ ای فاطمہ جسنی تجھپر ظلم روا رکھا خواہ تیری اولاد کا دل
اوسکی ہاتھ سی دکھا اپنی دشمن کی حق مین جو چاہو پاداش عقوبت عذاب کی تجویز کرو فَاِنِّىْ اُجِيْزُ
حُكُوْمَتَكِ فِيْهِمْ تحقیق کہ مین اونکی باب مین تیری حکم کو منظور کرونگا اور ویسی ہی سلوک انکی ساتھ
ہوگا فَتَشْهَدُ الْعَرْصَةَ فَاِذَا اُوْقِفَ مَنْ ظَلَمَهَا اَمَرَتْ بِهٖ اِلَى النَّارِ روز حشر
نشور مین پھر جسکو اپنی حق کا غاصب اور ظالم دیکھینگی اوس بدکار کو گرفتار کیا امر کرینگی آتش
جہنم مین لیجانی کا فرمان دینگی پس ای اہل ولا اپنی ہادی اور پیشوا کا ماجرا سنا اذیت ذات اور
اولاد کی مصیبت کا بیان بصیرت کیا دیکھا کہ پیغمبر آخر الزمان ہماری اوپر کس قدر مہربان تہی جو اپنی جگر اور
اقربا محبون پر قربان کی روز ازل سی چاہا کہ راہ خدا مین فرزند ہلاک ہو جائین مگر قیامت مین

مجلس اول وفات سرورکائنات

ابراہیم فی حجۃ الوداع سے مدینہ میں رحلت کی ہر خطبہ میں صحابہ کو اپنی وفات کی خبر مصیبت دی وَلَمَّا

اَحَسَّ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ بِالْمَرَضِ الَّذِیْ اِعْتَرَاہُ وَذٰلِکَ یَوْمُ السَّبْتِ اَوْیَوْمُ

الْاَحَدِ لِلَیَالٍ بَقِیْنَ مِنْ صَفَرٍ بیمار ہوئی خیر الورٰی اوس مرض میں کہ عارض حال رہا بالین نحو ریکہ

سر رحمت رہا وہ آخر مہینا شہر صفر کا بیان کیا کہ ہفتہ خواہ اتوار کا دن تہا اَخَذَ بِیَدِ عَلِیٍّ عَلَیْہِ

السَّلَامُ وَتَبِعَہٗ جَمَاعَۃٌ مِّنْ اَصْحَابِہٖ وَتَوَجَّہَ اِلَی الْبَقِیْعِ نہایت ضعف سے علی مرتضیٰ کا

ہاتہہ تہام کی بقیع میں گئی اونکی ساتہہ بہت صحابہ محزون اور مغموم جا پہنچی اہل قبور سے فرمایا کی السلام علیکم

ارواح شہدا کو ہدایای رحمت دیئی ثُمَّ قَالَ اِنَّ جِبْرَئِیْلَ کَانَ یَعْرِضُ عَلَیَّ الْقُرْاٰنَ کُلَّ سَنَۃٍ

مَرَّۃً وَقَدْ عَرَضَہٗ عَلَیَّ الْعَامَ مَرَّتَیْنِ پہر کہا کہ جبرئیل ہر سال مجہی ایکبار قرآن سناتا اب کی برس میں

دو مرتبہ عرض کیا وَلَا اَرَاہُ اِلَّا لِحُضُوْرِ اَجَلِیْ اسکا باعث کچہہ نہیں دیکہتا بجز اسکی کہ ہنگام رحلت میرا

اور زمانہ اجل کا قریب پہنچا ثُمَّ قَالَ یَا عَلِیُّ اِنِّیْ خُیِّرْتُ بَیْنَ خَزَائِنِ الدُّنْیَا وَالْخُلُوْدِ فِیْہَا

اَوِ الْجَنَّۃِ فَاخْتَرْتُ لِقَاءَ رَبِّیْ وَالْجَنَّۃَ پہر خطاب کیا یا علی مجہی اختیار دیا دنیا کی ساری خزانی

اور ہمیشہ زندہ رہنی کا یا شربت موت پینا جنت الماوا میں جانا میں نی لقای پروردگار کو مانگا اور

داخل ہونا فردوس کا چاہا ثُمَّ عَادَ اِلٰی مَنْزِلِہٖ فَمَکَثَ ثَلَاثَۃَ اَیَّامٍ مَّوْعُوْکًا پہر بیت الشرف

پہری تین روز شدت میں تپ لرزی کی مبتلا رہی ثُمَّ خَرَجَ اِلَی الْمَسْجِدِ یَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ

مَعْصُوْبَ الرَّاْسِ مُتَّکِئًا عَلٰی عَلِیٍّ بِیُمْنٰی یَدَیْہِ وَعَلَی الْفَضْلِ بْنِ عَبَّاسٍ بِالْیَدِ الْاُخْرٰی

روز چہارشنبہ دہنی ہاتہہ سے دوش پر علی ابن ابی طالب کی تکیہ لگائی اور دست چپ شانی پر فضل ابن

عباس کی رکہی مسجد میں تشریف لائی تسکین درد سر کو عصابہ باندہی تہی ضعف و نقاہت سے قیام

کر نہ سکتی تہی فَجَلَسَ عَلَی الْمِنْبَرِ فَحَمِدَ اللّٰہَ وَاَثْنٰی ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ اَیُّہَا النَّاسُ اِنَّہٗ قَدْ

حَانَ مِنِّیْ خُفُوْقٌ مِّنْ بَیْنِ اَظْہُرِکُمْ عرشہ منبر پر اجلاس فرمایا حمد اور ثنای خدا کو ادا کیا

مجلس اول وفات سرور کائنات

صحابہ کو پیام فراق سنایا کہا ای گروہ خلایق میری رحلت کا وقت آیا میں عنقریب سفر آخرت کرتا ہوں
فمن کانت له عندی عدة فلیأتنی اعطه ایاها ومن کان له علی دین فلیخبرنی
یہ جسکی واسطے میرا کوئی طرح کا وعدہ ہو بیان کرے اوسے دیا جائے اور جو کسی کا میرے اوپر کچھہ قرض ہو
مانگے تا اسے اپنا حق پائے فقام الیه رجل فقال یا رسول الله لی عندک عدة انی
تزوجت فوعدتنی ان تعطینی ثلاثة اواق ایک شخص نے حضرت کے روبرو اوٹھہ کے کہا
ای سید انبیا تمہارا میرے ساتھہ اقرار ہوا تھا جب میں نے شادی کی تو آپنے وعدہ کیا مجھے تین اوقیہ عطا
کرنے کا فقال علیه وآله السلام اعطها ایاه یا فضل فرمایا ای فضل خزانہ کرم سے لا دو
اور سایل کا مدعا پورا کرو ثم نزل فلبث الاربعاء والخمیس بعد ازاں وہ سید ابرار نصایح
کہکے اوتر آئے روز چہارشنبہ اور پنجشنبہ علیہ مرض میں مبتلا رہے وکما کان یوم الجمعة جلس علی
المنبر فخطب جمعہ کے دن مسجد میں قدم رکھا منبر پر جا کے خطبہ پڑھا ثم قال ایها الناس انه
لیس بین الله وبین احد شیء یعطیه به خیرا او یصرف به عنه شرا الا العمل
پھر سرکار نے کہا ای گروہ خلایق یقین جانو درمیان بندے اور خدا کے واسطہ قرابت نہ مانو جسکی سبب
اپنی نیکی دے اور برائی کو جدا دے دور کرے سوا عمل خیر کے جو اوسمیں مطیع اور سرگرم ہوا الا لا یدعی
مدع ولا یتمنی متمن اس دعوی باطل پہ کوئی قدم نہ بڑھائے اور تمنای بیہودہ میں نہ کوئی
والذی بعثنی بالحق لا ینجینی الا عمل مع رحمة الله ولو عصیت لهویت
قسم ہے اوسکی جسنے مجھے برحق نبی کیا کہ نجات دینے والا میرا کوئی نہیں مگر عمل خیر کا وہ بھی جب رحمت
الہی شامل ہوا اور اگر میں گناہ کروں تو ہلاکت سے جان نہ بچے اللهم هل بلغت ثلاث مرات
خداوندا میں تیرا حکم پہنچا پایا تین مرتبہ اوسکو باشفقت فرمایا اس کلام کو تین بار تکرار کیا اور منافقین کو بہت
ڈرایا ثم نزل فصلی بالناس ثم دخل بیته وکان اذ ذاک بیت ام سلمة

٥٩

مجلس اول وفات سرور کائنات

فاقام به یوما او یومین پس مقتدای انام نے نزول فرما کے ہمراہ صحابہ نماز پڑھی اور ناتوانی
کرتے پڑتے حجرۂ طیبہ کی راہ لی اس حال سے گھر میں ام سلمہ کے گئے ایک دن خواہ دو روز وہاں
بسر ہوے فجاءت عائشة تسأله ان ينقل الى بيتها لتتولى تعليله فاذن لها
وہاں بی بی عائشہ عیادت کو آئیں اپنے مکان میں اوٹھا لیجانے کو چاہا کہ بیماری کا اچھا علاج ہو
حضرت نے بھی منظور کیا فانتقل الى البيت الذى اسكنته عائشة فاستمر مرضه
فيه اياما وثقل عليه واله السلام حبیب خدا نے اوس کاشانے میں نقل مکان فرمائی
دو دن جو وہاں رہے بیماری نے شدت دکھائی ثم اغمى عليه من التعب الذى لحقه
فمكث هنيئة پھر ضعف آزار کے سبب غش آیا تھوڑی دیر تک وہی حال رہا وبكى المسلمون
وارتفع النحيب من ازواجه وولده ومن حضره اس محنت اور ملال میں سب
مسلمین آواز بلند سے چلائے نالہ و شیون میں ازواج طاہرات اور اولاد نے سرشک بہائے جو آیا
خاتم انبیا کا صدمۂ مرض دیکھا بیتاب ہو کے رونے لگا صبر جاتا رہا فافاق عليه واله السلام
فقال ولكن احفظوني في اهل بيتي پس فریاد و زاری سنکے خیر البشر ہوش کی حاضرین یا فرمایا
اتمام حجت میں بولے لاکن میری اہلبیت پر نظر رعایت رکھنا قرابت رسول کی باعث عزت اور حرمت
کرنا واستوصوا باهل الذمة خيرا واطعموا المساكين الصلوة وما ملكت
ايمانكم میری سفارش پاسداری میں کفار اہل ذمہ کی نہ بھولیو بھوکے مساکین کو طعام کھلاؤ واگرچہ
تمہارے پاس حاضر نہو تو خدا سے اونکے واسطے دعا مانگو لونڈی غلام پر مہربان رہو بندگان الہی کو بے قدر
نہ مارو فلم يزل يردد ذلك ثم اعرض بوجهه عن القوم فنهضوا بار بار ایسا ہی کلام
فرماتے رہے حبیب خدا اولسی پھیرا تو سب لوگ چلے گئے وبقى عنده العباس والفضل وعلى
واهل بيته خاصة فقال له العباس جب حضور سے غیر سب دور ہوے عباس اور فضل

مجلس اول وفات سرورِ کائنات

اور علی علیہ السلام باقی رہی تو عباس بولی یا رسول اللہ اِن یَکُنْ ھٰذَا الْاَمْرُ فِیْنَا مُسْتَقِرًّا
مِنْ بَعْدِکَ فَبَشِّرْنَا وَاِنْ کُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّا نُغْلَبُ عَلَیْہِ فَاَوْصِ بِنَا اے رسولِ خدا ہرگاہ
یہ امرِ خلافت بعد تمہاری ہمکو ملی تو بشارت دو اور اگر جانتی ہو کہ ہم دبای جائینگی صدمات اوٹھاینگی
تو ہمیں وصیت کرو فَقَالَ اَنْتُمُ الْمُسْتَضْعَفُوْنَ مِنْ بَعْدِیْ وَاَصْمَتَ جواب دیا کہ میری
پیچھی تم عاجز اور ستم رسیدہ ہوگی یہ فرما کی حضرت خاموش ہوگئی وَنَہَضَ الْقَوْمُ وَہُمْ یَبْکُوْنَ
لوگ اوٹھ کی چلی اور فراق و مصیبت میں روتی تھی فَلَمَّا خَرَجُوْا مِنْ عِنْدِہٖ قَالَ رُدُّوْا اِلَیَّ
اَخِیْ عَلِیَّ بْنَ اَبِیْ طَالِبٍ وَعَمِّیْ فَحَضَرَا فَلَمَّا اسْتَقَرَّ بِہِمَا الْمَجْلِسُ جب ساری حاضرین گھر
باہر نکلی تو سید المرسلین خاتم النبیین بولی میری بھائی علی اور چچا عباس کو پکارو کچھ کہنا ہی سامنی بلالو
وہ دونوں بزرگوار کہ دولت سرا میں کھڑی خدمت اقدس میں رو برو بیٹھی قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ یَا
عَبَّاسُ یَا عَمَّ رَسُوْلِ اللّٰہِ تَقْبَلُ وَصِیَّتِیْ وَتُنْجِزُ عِدَتِیْ وَتَقْضِیْ دَیْنِیْ فرمایا
اے عم کرام خیر الانام کی میری وصیت گوش قبول میں سنو اور وعدہ کو وفا قرض کو ادا کرو فَقَالَ
الْعَبَّاسُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ عَمُّکَ شَیْخٌ کَبِیْرٌ ذُوْ عِیَالٍ کَثِیْرٍ وَاَنْتَ تُبَارِی الرِّیْحَ سَخَاءً
وَکَرَمًا وَعَلَیْکَ وَعْدٌ لَا یَنْہَضُ بِہٖ عَمُّکَ عباس نے جواب دیا کہ اے حبیب خدا تمہارا چچا بہت
بوڑھا اور بال بچوں والا ہی تم سخا و کرم میں طوفان ہو وعدہ عطا و جود بے پایاں ہے اوسکا عم غریب
وفا نہیں کر سکتا فَاَقْبَلَ عَلٰی عَلِیٍّ فَقَالَ یَا اَخِیْ تَقْبَلُ وَصِیَّتِیْ وَتُنْجِزُ عِدَتِیْ وَتَقْضِیْ
دَیْنِیْ فَقَالَ نَعَمْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ پس امیر المؤمنین علی کی جانب خطاب کیا فرمایا اے بھائی
وصیت یاد رکھنا جو وعدہ کیا ہی وفا اور جتنا قرض ہی وہ سب ادا کرنا عرض کی بہت اچھا
اے رسولِ خدا فَقَالَ لَہٗ اُدْنُ مِنِّیْ فَدَنٰی مِنْہُ فَضَمَّہٗ اِلَیْہِ وَنَزَعَ خَاتَمَہٗ مِنْ یَدِہٖ
فَقَالَ لَہٗ خُذْ ہٰذَا فَضَعْہُ فِیْ یَدِکَ یہ جواب سنکی رسالت مآب نی اونکو پاس بلایا [illegible]

۶۱

مجلس اول وفات سرور کائنات

تو سینہ سی لگایا۔ دریائی نبوّت اور امامت کو جوشِ الفت میں ملایا۔ ابوابِ علوم اور فتوح کی پہونچا
طریقہ سنایا انگشتری مُہر دستِ مبارک سی اوتاری اور تاجدارِ ہل اتی کو عطا کی۔ فرمایا یہ نشانی ہماری
لو۔ اپنی انگشت سی کبھی جدا نہ کرنا۔ شکلات میں ہنگو ودعا بسیفہ ودرعہ وجمیع لامتہ فدفع ذالک
الیہ پس نبی اللہ نی شمشیر خاص اور جوشن زرہ اور سارا سامان منگایا۔ ہر گاہ وہ جمع ہو شاہ اولیا
عنایت کیا والتمس عصابۃ کان یشدھا علی بطنہ اذا لبس درعہ سرور او صیانی
وہ پٹکا مانگا جو زرہ پہنکی کمر پیغمبر میں باندھا جاتا ان جبرئیل نزل بھا من السماء فجیٔ بھا الیہ
فدفعھا الی امیر المؤمنین مدینی کہ جبرئیل امین ایک روز آئی تہی وہ کمربند آسمان سی لائی تہی
رسولِ مجیدنی وہ بھی طلب کیا جب آیا تو آپنی پشت و پناہ امیر المؤمنین کو دیا۔ وقال اہ اقبض
ہذا فی حیاتی فرمایا ای جانِ پاک میری حیات میں اس مال پر قبضہ کرو پھر مآل میں دیکھا چاہی
کیا انقلاب ہو۔ ودفع الیہ بغلتہ وسرجھا وقال امض علی اسم اللہ الی منزلک
اپنا مرکب سواری اور ساز و زین منگایا۔ شاہ دین کو سونپکی کہا اپنی گھر لیجاؤ۔ یا امان خدا۔ ولما کان
من الغد حجب الناس عنہ وثقل فی مرضہ صلوات اللہ علیہ والہ جب دوسرا
دن ہوا خلق کی آنا جانا کم کیا۔ مرض کی زیادتی سی ضعف بڑھا جان کو صدمہ دیا۔ وکان علی
لا یفارقہ الا لضرورۃ فقام فی بعض شؤونہ اور سرحال میں حیدر صفدر دم بدم
نہیں ہوتی تہی ایک دفعہ رفع ضرورت کو باہر گئی تہی فافاق افاقۃ فافتقد علیا رسولِ خدا کو
جب ذرا سا ہوش آیا۔ تو علی مرتضی کو اپنی بالین پر نہ پایا فقال ادعوا لی اخی وصاحبی و
عاودہ الضعف فاصمت کہا بلاؤ میری بہائی اور صاحب اور مونس جان کو پہر شدت
مرض میں غش آیا۔ سکتہ ہوا زبان کو کبھی نی کسی کو آدمی بہیجا اور دوسری نی کسی کا نام لیا فدخل
فلما نظر الیہ اعرض عنہ بوجھہٖ جو آیا وہ سامنی کیا حضرت نی دیکھا اور اپنا منہ پھیر لیا

مجلس اول وفات سرور کائنات

ثُمَّ قَالَ اُدْعُوا لِیْ اَخِیْ وَصَاحِبِیْ پھر فرمایا میری بھائی اور یاور کو لاو جسی دل اور جان سے
ڈھونڈھتا ہوں بلاؤ فَقَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ اُدْعُوا لَهٗ عَلِیًّا فَاِنَّهٗ لَا یُرِیْدُ غَیْرَهٗ ام سلمہ نے
سمجھایا کہ پکارلو اونکی واسطی علی مرتضی کو بتحقیق کہ نہیں چاہتی اونکی سوا غیر کو فَدُعِیَ اَمِیْرُ
الْمُؤْمِنِیْنَ فَلَمَّا دَنٰی مِنْهُ اَوْمٰی اِلَیْهِ فَاَکَبَّ عَلَیْهِ پس شاہ ولایت کو حاضر کیا پھر گاہ جناب
رسالت مآب کا سامنا ہوا حضرت کی اشارے سے نزدیک بلایا امام کبار نے اپنا سر پیغمبر کی سینہ پر جھکایا
فَنَاجَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ طَوِیْلًا ثُمَّ قَامَ فَجَلَسَ نَاحِیَةً حَتّٰی اَغْفٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ دیر تک
رسول دوسرا نے علی ولی خدا کو چھاتی سے لگا کے راز و نیاز کہی اوسکی بعد سید اوصیا اوٹھکی علاحدہ
بیٹھی کہ خیر الوریٰ سو رہی ثُمَّ ثَقُلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَحَضَرَ الْمَوْتُ فَلَمَّا قَرُبَ خُرُوْجُ نَفْسِهٖ
قَالَ لَهٗ ضَعْ رَاْسِیْ یَا عَلِیُّ فِیْ حِجْرِکَ پھر خاتم انبیا پر غلبہ مرض کی صدمات بڑہی موت کا وقت
آیا مفارقت روح کی سامان بندہی کہا یا علی بالین کی پاس رہو میرا سر اپنی گود میں رکھو فَقَدْ
جَاءَ اَمْرُ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ بدرستی کہ پیام اجل آیا ہی ہنگام رحلت دکہائی دیا ہی فَاِذَا فَاضَتْ
نَفْسِیْ فَتَنَاوَلْهَا بِیَدِکَ وَامْسَحْ بِهَا وَجْهَکَ جسدم میری سانس اوکھڑ جائی تو اپنا ہاتہ
اوسکی برابر دہان کی لانا او سکو اپنی منہ پر پھرانا اکاشف رموز نظر سے بچانا ثُمَّ وَجِّهْنِیْ اِلَی
الْقِبْلَةِ وَتَوَلَّ اَمْرِیْ وَصَلِّ عَلَیَّ اَوَّلَ النَّاسِ وَلَا تُفَارِقْنِیْ حَتّٰی تُوَارِیَنِیْ
فِیْ رَمْسِیْ وَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مجھی قبلہ رو لٹانا سامان کفن پہنانا جنازہ کو اوٹھا
سب سے پہلی نماز میت پڑہنا ایک دم سرہانی سے جدا نہ ہونا جبتک مجھی قبر میں رکہنا اور خدا
طالب امداد ہوا کرنا وَاَخَذَ عَلِیٌّ رَاْسَهٗ فَوَضَعَهٗ فِیْ حِجْرِهٖ فَاُغْمِیَ عَلَیْهِ وصی مصطفی نی
پیغمبر کا سر اوٹھایا اپنا آغوش میں لیا تو سید البشر کو غش آیا وَاَکَبَّتْ فَاطِمَةُ تَنْظُرُ فِیْ وَجْهِهٖ
وَتَنْدُبُهٗ وَتَبْکِیْ وَتَقُوْلُ فاطمہ زہرا بیتاب ہو کی نزدیک بالین پدر آئیں پدر کی سینہ پر

مجلس اول

سر جھکا کی شدت بکا میں آنکھیں سوجائیں روی مبارک اندوہ و یاس میں دھنستیں لوحہ ازیں
میں جگر خراش کرتیں وَاَبْيَضُ يُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ ثِمَالُ الْيَتَامَى عِصْمَةٌ لِلْاَرَامِلِ
حیف یہ چہرہ سفید نورانی جسکی روبرو ابر پانی بھرتا ہی وہ فریادرس یتیمان اور پناہ بیوہ زنان
دنیا سی گذر کرتا ہی فَفَتَحَ رَسُولُ اللهِ عَيْنَيْهِ وَقَالَ بِصَوْتٍ ضَئِيلٍ يَا بُنَيَّةُ
هٰذَا قَوْلُ عَمِّكَ اَبِي طَالِبٍ لَا تَقُولِيهِ وَلٰكِنْ قُولِي رسولخدا نے آنکھیں کھولکی نظر
تاسف میں دیکھا آواز نقاہت اور ضعف سی فاطمہ کو خطاب کیا اے فرزند یہ قول تمہاری چچا
ابیطالب کا ہی اسی نہ کہو بلکہ یہ کلام حق بہت اچھا ہی وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُولٌ قَدْ خَلَتْ
مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَاِنْ مَاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰى اَعْقَابِكُمْ فَبَكَتْ طَوِيلًا
اس بیان مصیبت ترجمان کو سنکی مشغول عذرابی قرار ہوگئیں زندگانی پدر سی نا امید ہوکی زیادہ
روئیں فَاَوْمٰى اِلَيْهَا بِالدُّنُوِّ مِنْهُ فَدَنَتْ فَاَسَرَّ اِلَيْهَا شَيْئًا تَهَلَّلَ لَهُ وَجْهُهَا
پس اشارہ سی اوس نالان وحزین کو آگی بلایا جب پاس میں تو چہاتی سی لگایا اونکی کان میں
آہستہ کچھ کہا جو چہرہ گلرنگ خوشی میں چاند سا کہلا گیا قَالَ الصَّادِقُ عَلَيْهِ السَّلَامُ
جَاءَ جَبْرَئِيلُ عِنْدَ رَسُولِ اللهِ وَقَالَ يَا مُحَمَّدُ هٰذَا آخِرُ نُزُولِي اِلَى الدُّنْيَا
اِنَّمَا كُنْتَ اَنْتَ حَاجَتِي مِنْهَا کتاب اعلام الوری میں لکھا ہی کہ حضرت صادق علیہ السلام
فرمایا ہی حالت سکرات میں نبی کی جبرئیل نازل ہوئی اور وکی حسرت میں سید المرسلین سی بولی
یا محمد یہ آخری آنا ہی دنیا میں اسواسطی کہ مقصد اور مراد تم تہی اور میں جب آپکو زندہ نہ پاؤنگا
تو پھر کبھی زمین پر نہ آونگا ثُمَّ قُضِيَ عَلَيْهِ وَآلِهِ السَّلَامُ وَيَدُ اَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ الْيُمْنٰى
تَحْتَ حَنَكِهِ فَفَاضَتْ نَفْسُهُ فَرَفَعَهَا اِلٰى وَجْهِهِ فَمَسَحَهَا بِهَا اوس وقت کہ
انتقال حضرت پر احمد مختار کی مقرر ہوا امیر المومنین اپنا داہنا ہاتھ ٹھوڑی کی نیچی رکھا تہی روح مبارک

مجلس اول وفات سرورِ کائنات

دم والپسین نکلی روحِ شریف نی خلدِ برین کی راہ لی یداللہ نی اپنا دستِ حق پرست پیمبر کی رخساری پر پھرایا
وس ہاتھہ سی اپنی منہ کو مسح کیا ثُمَّ وَجَّهَهُ وَغَمَّضَهُ وَمَدَّ عَلَيْهِ إِزَارَهُ وَاشْتَغَلَ بِالنَّظَرِ
فِي أَمْرِهِ شاہِ اولیانی سیدِ انبیا کو قبلہ رو لٹایا آنکھونکو رومال سی باندھا جسدِ مطہر پر بالاپوش اوڑھایا
اونکی حال مین شیون اور بکاسی اہتمام کیا قَالَ وَصَاحَتْ فَاطِمَةُ عَلَيْهَا السَّلَامُ وَصَاحَ
الْمُسْلِمُونَ وَيَضَعُونَ التُّرَابَ عَلَى رُؤُوسِهِمْ اوسوقت فاطمہ زہرا غم پدر سی چلاتین سینہ
اور سر پیٹ کی پچھاڑین کہاتین وا محمداہ وا سیداہ وا نبیاہ کہتین زبانِ حال مین جگر خراش نوحہ کرتین
ہای یہ طلعتِ مہر و محبت کہان پاؤنگی اندوہ و بلا مین دردِ جگر کسکو سناؤنگی حسنین کی ناز کون اوٹھائیگا
فقر اور فاقہ مین نعمت راحت کون پہنچائیگا ساری مسلمین بیتاب ہوکی آنسو بہاتی سینہ چاک اپنی سر
ہالِ مصیبت اوٹھاتی علیِ مرتضی ماتم سی نالان سبطِ مصطفی نانا کی لئی محوِ فغان زینب اور ام کلثوم وا نالان
مادر کی روتین زوجات نبی شیون اور فریاد مین جان کہوتین وَمَاتَ عَلَيْهِ وَآلِهِ السَّلَامُ لِلَيْلَتَيْنِ
روایت کی ہے رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ نے منقبت حیدر کہی اگر ساری اشجار دنیا قلم ہوں اور سب
دریا جلد سیاہی رقم کی ہیں جن وانس کتابت باہم کریں تو بھی فضایل علی علیہ السلام تمام نہ لکھ سکیں
وروی قال رسول اللہ علیہ وآلہ السلام ان اللہ تعالی جعل لاخی علی
بن ابیطالب فضائل لا یحصی عددہا غیرہ سند ثقات سے یہ روایت ہے کہ مخبر
صادق نے حدیث ہذا فرمایا تحقیق کہ خدا نے علی بن ابی طالب کو اسقدر فضایل عطا کیے جو سوا
اسکے کی شمار اونکا خلق سے نہیں ہو سکتی من ذکر فضیلۃ من فضائلہ مقرا بہا غفر اللہ
ما تقدم من ذنبہ وما تاخر ولو اتی یوم القیامۃ بذنوب الثقلین
جو بیان کرے اونکی مناقب سے ایک فضیلت کو اور دل سے بھی مانا ہو صاحب کرامت کو خدا
تعالی سیئات اول وآخر اوسکی بخشدیگا اگرچہ روز قیامت وہ شخص ذنوب ثقلین سے آوے بخشا جاویگا
فمن کتب فضیلۃ من فضائلہ لم تزل الملائکۃ یستغفر لہ ما بقی من تلک
الکتابۃ رسم پس جو کوئی ایک تعریف یا منقبت اوس مجمع کرامت سے شاہ ولایت کی
ہمیشہ ملایکہ اوس کاتب کی لیے طالب مغفرت رہینگے جب تک اوس تحریر صفحہ روزگار میں باقی رہیگا
ومن استمع فضیلۃ من فضائلہ غفر اللہ لہ الذنوب التی اکتسبہا بالاذن
والاستماع جو سنے کوئی فضیلت سرور اوصیا کی عفو کریگا رب العزت وہ خطا کہ
سماعت سے اوس سے ہوئی ہے ومن نظر فضیلۃ من فضائلہ غفر اللہ لہ الذنوب
التی اکتسبہا بالنظر اور جو بندہ خاص دیکھے شوق سے طرف ایک منقبت ساقی کوثر کی
خالق اکبر بخشدیگا اوسکی وہ گناہ جو کسب کیے ہونگے نظر کی راہ سے بہتر ہوگا ہر بشر سے
اوس خیر بشر کو پاک شہر سے یا کعبہ میں ولادت ہوئی مسجد میں وفات ہوئی پایا اسکی

۱۲۵

تیسری مجلس فضائل و مناقب امیر المومنین علی بن ابیطالب علیہ السلام

اپنی پدر کی پہنچی جبت انہہ نا زیانہ اوٹھایا فرزندِ جگر بند کی مارنی کو ہاتھ بڑھایا سبطِ مصطفیٰ فی فرمایا
کہ ای بابا ابھی نہ ماریو عم گرامی جعفرِ طیار کی واسطی معاف کرو یداللہ نی ضرب دست کو روک
لیا نورِ چشم سید البشر سی یون کہا ای جانِ پدر کیا سبب فی تمہاری صبر و تحمل کو بدلوایا جو
شہد سب مسلمانون سی پہلی منگوایا مظلومِ کربلا بولی ابا ہمارا حصہ اسمین تھا ولی خدا نی
پسر مین کہا ہر چند تم اپنی حق مین سزاوارِ سرفرازی ہو لاکن اہلِ اسلام سی مقدم نہین چاہئی
کہ تو پہر اسکے بعد اپنی مال سی دیکر قنبر کو فرمایا جا کی بازار سی شہد خرید جب وہ سامنی لایا تو
دستِ حق پرست اسمین بہرا رو تی جاتی کہ حسین کو معاف کرنا ایسا عبادت
وہ کثرت اور سرگرمی تہی کہ دن رات مین یادِ الٰہی سی کبہی فرصت نہ ملتی مجتہدین فریقین کا لکہا
ہوا روایت نقل کرتا ہی ہر شب منزلِ علی ابن ابیطالب علیہ السلام سی ہزار تکبیر کی آواز آتی کہ ہر ایک سی
دو رکعت نمازِ نوافل پڑہی جاتی ایک روز آدہی رات سی پہلی رات کو نخلستان مدینہ میں گذرا جہانکی جا
کی تلاش مین ہر طرف پہرا حضرت ابوتراب کو خاک پر مشغولِ نماز دیکہا ذکرِ خدا مین رقت نہ وہ
سر کو سجدی مین رکہا تقدیس اور تہلیل اور تسبیح سی گویا ہوتی عشقِ الٰہی مین بیخود روتی تاگاہ وہ
ہمدم راز و نیاز آواز بند پائی جب دیر تک نالہ یا اللہ کی صورت نہ آئی تو یہی سمجہا کہ سو گئی پکارا
جواب نہ ملا بیتابانہ دوڑ کی نزدیک گیا سجدی مین سرجہکای نظر آئی دیا ہر چند بازو کو ہلایا پر
لیکن جنبش سی معلوم ہوا قالب بیجان کا حکم رکہا یہ روتا ہوا شہر کی اندر پہنچا فاطمۂ زہرا کی دروازہ پر
بتول سی کہا ای بضعۂ خیر الوری خبر لو کہ علی مرتضیٰ علیہ السلام نی انتقال کیا خاتونِ محشر نی پوچہا تو نی کیونکر
جانا یہ عرض کی اس رات کو میانِ باغ مدینہ گذرا وہان امام ہدیٰ کو ایسی کیفیت مین چہوڑا صدیقۂ کبری
خندان ہوئین جواب مین تسکین کو بولین ای ابودردا عبادتِ رب العلا مین ہر شب وصیِ مصطفیٰ کا
ایسا حال ہوتا ہی جو دنیا سی گذرنی مرنی کا خیال ہو جاتا ہی تواضع اور حسنِ خلق کا اور بہی

تیسری مجلس فضائل و مناقب امیر المومنین علی بن ابیطالب علیہ السلام

پاس بہیجا حضرت نے انگشت مبارک اوسمین فرو کی اور سونگہا ارشاد کیا ای حلوا رنگ و بو مین اچہا
معلوم ہوتا ہے لیکن نہین جانتا کہ اسکا مزہ کیسا ہے پہر انگشت کو صاف کر کی بولی اوٹہا لو اسی لیجا کی کسی دوسرے کو دو
ایک روز مکانِ بیت المال مین حضرت کا عبور ہوا وہان چاندی اور سونی کو فرمایا کہ اے زر و سیم دنیا میری سوا غیر کو فریب دینا مین ہرگز تیرا فریفتہ نہونگا ہمیشہ تجہسی بیزار اور جدا
رہونگا پس تمام دولت اور مال کو اوٹہوا دیا فقرای مساکین اسلام کی واسطی بہجوا دیا اوس پانچ برس کی
مدت مین جو سلطنتِ ظاہری تہی کوئی اینٹ عمارت باہم نہین جوڑی جب دنیا سی دار بقا کو تشریف
لیگئی تو ایک درہم نہین چہوڑی بیشتر فرمایا کہ نعمت مین حلال جسکا حساب ہی اور دولت مین
حرام جسکا عذاب و عقاب ہی نقل معتبر ہی ایک مرتبہ حسنین علیہما السلام کو عارضہ بیماری لاحق ہوا
والدین اور ساری گہر نی اونکی صحت ادای نذر کا روزہ رکہا شام کو افطار کی لئی ہر ایک نی تو دو
نان جو پائی جب ارادہ کہانی کا ہوا تو فقیر سائل کی آواز کان مین آئی تصدق جو دو سخا علی مرتضیٰ
علیہ السلام نی اپنا حصہ پہلی اوسکو حوالی کیا پہر فاطمہ زہرا و حسنین صلوات اللہ علیہم اور فضہ خادمہ لاثانی
اپنی روٹی کو اوٹہا دیا فقط پانی پیکی دوسرے دن روزہ رکہا فقر و فاقہ مین نہایت طاعت اور
صبر و قناعت کا مزہ چکہا اوس روز بہی ہنگام شام ہوئی ایک ایک روٹی جو کی سب کو ملی پہر
دروازہ کرم پر دستِ طلب نکالا مسرور ہو تقیا اپنا حصہ اوسکی دامن امید مین ڈالا سب گہر کی لوگ
دیسا ہی عمل مین لائی پانی ہی افطار کر کی دل بہلائی تیسری دن پہر وہی صورت پیش آئی
گدا و سر شاہ اولیا کی آیا اوسکو بہی ملا روٹی اوسکو ملی ان بزرگوارون نی تین روز تک روٹی
(یعنی بہوکا ہونا)
رکہی اور اپنا کہانا بہوکی فقیر کو بخشا پانی پیکی رہی حق تعالی نی اس طاعت کی شان مین سورۃ ہل اتی
کا نزول فرمایا منزل تعریف مین سب امیر امت کی بقر و فستران لکہا ایا اب تصور کی جاہی کہ حضرات
بزم عزا نوحہ و فریاد روا ہی اس حادثہ جانکاہ مین صبح و مسا جو امام غریب نواز کہ تین دن غذا کہا

و الفضائل بی رفعه الی سعید بن جبیر عن ابن عباس قال لما نزلت هذه الآیة قالوا یا رسول الله من قرابتک هولاء الذین وجبت علینا مودتهم قال علی و فاطمة و ابناهما

انما یاکل آل محمد من هذا المال
یقول لا نورث ما ترکناه صدقة
فقال لهما ابوبکر انی سمعت رسول الله
و هما یطلبان ارضه من فدک و سهمه من خیبر
قالت ان فاطمة و العباس اتیا ابابکر یلتمسان میراثهما من رسول الله
کتاب السقیفة بی رفعه الی عایشة
و آل ابراهیم و آل محمد علی العالمین و من
ابن مسعود ان الله اصطفی آدم و نوحا

مجلس تیسری فضائل اور شہادت امیر المؤمنین علیہ الصلوٰۃ والسلام

اپنا اور بچوں کا طعام راہِ خدا میں بہو کی فقیر کو پہنچاتی افسوس اور دریغ ایسی رہنما کو ابن ملجم غدار نے
بارا جسکی ساتھ مراعات کرتی رہی اوس شقی نی احسان کا بدلا تلوار سی اوتارا + روزہ دار کو فدا کار
ایامِ صیام میں پیمانۂ ہلاک پلایا + عابدِ شب زندہ دار کو محرابِ نماز میں خاک پر گرایا + مجاہد اسلام کا
مسجد میں خون بہایا + برادرِ خیر الانام کو شبِ قدر میں روزِ موت دکھایا + محبوں کو مصیبتِ مولا نے
تباہ کیا + غلاموں کو شہادتِ آقا میں علمِ نالہ و آہ دیا + اندنوں حسنین کو غمِ پدر میں رلایا + زینب
اور امّ کلثوم کو صفِ ماتم پر بٹھایا + عباس اور عون و جعفر درد یتیمی سی بیقرار ہوئی گہر میں اہلبیت کی
سب اپنی بیکانی سوگوار بنی دنیا کی درد کہ علی مرتضیٰ کو مارا + صد حیف وصیِّ مصطفیٰ کو مارا
ابن ملجم نی از رہِ جور و عناد + بابای شہید کربلا کو مارا فظلم ملوا لذہ غم ولی خدا کا ہے موثر ہے
دنیا + کہ اشکِ چشم ہوا ہیج زن مثالِ فرات + رسول زار و ملول و بتول سوگ نشین
حسن حسین کو غم نی کیا قرینِ ممات + الم کی پنجہ سی پیٹو عزیز و سینہ و سر + کہ ٹوٹا بازوئی الوی
زکین ہیہات + فلک سی بارشِ خون ہی وفورِ ماتم پر + عجب نہیں جو خزان ہو بہار کا باغ حیات
صفِ عزا میں جو رقت زدہ رہا ناظم + صراطِ حبِّ علی پر وہ راہی پای ثبات

ضربت فرقِ شاہِ ولایت کی حالات اور بیان مصیبت شہادت امام عصمت کی

راکعانِ سجادۂ تسلیم و رضا و ساجدانِ محرابِ تیغ قدر و قضا + عاکفانِ صومعۂ عرفان و محبت
و شہیدانِ معرکہ امتحانِ محنت + سرنہادگانِ وعدہ قرب و وصال و مہمانانِ خوانِ اندوہ و ملال
یکہ مضمونِ خونچکانِ کلیم بیانِ حسرت نشان بیت الاحزان سامعین مشتاقی یوں شوہر
حیاتی ہیں کہ جب زمانہ نی پدری حسنین علیہما السلام کا آیا + اور دستِ روزگار نی در بدری
زینب وام کلثوم کا ہنگام پایا + عباس وعون وجعفر کی یتیمی نی صورتِ غم دکھائی + اسلام کی

مجلس تیسری فضائل اور شہادت امیر المومنین علیہ السلام

تا ہی ہو الیکی مصیبت عظیم آئی شب قدر کو امیر المومنین کا وعدۂ وصال قسمت دار و یادرونی لگا

محبوب کو قدم سے سری جانی کا اشتہار کیا اونیسویں رات ماہ رمضان کی شوق بیتابی میں گذری

ہر دم مناجات اور عبادت سے اندر باہر جاتی آتی سحر ہوئی قَالَ اَنَّہٗ بَاتَ فِی الْمَسْجِدِ

وَمَعَہٗ رَجُلَانِ اَحَدُهُمَا شَبِیْبُ بْنُ بُجْرَةَ وَالْاٰخَرُ وَرْدَانُ بْنُ مُجَالِدٍ یُسَاعِدَانِہٖ

اَنَّہٗ عَلٰی قَتْلِ عَلِیٍّ عَلَیْہِ السَّلَامُ راوی کہتا ہے عبدالرحمان ابن ملجم مرکا عشق قطامہ

تیمی کا مبتلا ہوا اور سے کہا تیار اسی مسجد میں اکی زمرہ عاکفین میں سو رہا اوسکی ساتھ

شبیب بن بجرہ اور وردان ابن مجالد بھی مددگار اس کے ہر ایک فی مانند فتنہ خوابیدہ جاہی کمین میں تھا

بستر خواب آرام سے اٹھے فَلَمَّا اَذَّنَ وَنَزَلَ مِنَ الْمَاذَنَةِ جَعَلَ یُسَبِّحُ اللّٰہَ وَیُقَدِّسُہٗ

وَیُکَبِّرُہٗ وَیُکْثِرُ مِنَ الصَّلٰوةِ عَلَی النَّبِیِّ پس امام کہ بارش حشمت منارہ پر جاکی اذان صبح کی آواز

کہ ساری شہر کو نہیں گوش مردوزن کو پہنچی وہاں سے اتری تو بہت تسبیح اور تقدیس الٰہی

راہ محراب عبادت کی صلوۃ اور تحیات تمام نبی پر بھیجی وَکَانَ مِنْ کَرَمِ اَخْلَاقِہٖ یُنَبِّہُ النَّائِمِیْنَ

فِی الْمَسْجِدِ وَیَقُوْلُ الصَّلٰوةَ یَرْحَمُکَ اللّٰہُ راوی کہتا ہے ہمیشہ نظر مرحمت

امیر المومنین کی عادت کرم اور مصلحت خلق سے تھا سوتوں کو مسجد کی مہربانی سے جگاتے

یاد نماز دلاتے فَفَعَلَ ذٰلِکَ کَمَا کَانَ یَفْعَلُہٗ عَلٰی عَادَتِہٖ مَعَ النَّائِمِیْنَ فِی الْمَسْجِدِ

حَتّٰی اِذَا بَلَغَ اِلَی الْمَلْعُوْنِ فَرَاٰہُ نَائِمًا عَلٰی وَجْهِهٖ بدستور سابق حضرت کا مسجد کو اور

قلب مالک امامت ہر طرف گردش بجالایا تا کہ بالین پر ابن ملجم کی آئی اوسی اوندھا سوتا دیکھا

تو لب ارشاد ہلائی قَالَ لَہٗ یَا هٰذَا قُمْ مِنْ نَوْمِکَ هٰذَا فَاِنَّهَا نَوْمَةُ اَهْلِ النَّارِ

بولی ای مرد اوٹھ نماز کو یہ سونا تیرا خواب شیطان ہے بدل اولٹا نہ لیٹا کر کہ طریقہ اہل نار ہے

قَالَ فَحَرَّکَہُ الْمَلْعُوْنُ کَاَنَّہٗ یُرِیْدُ اَنْ یَقُوْمَ وَهُوَ مِنْ مَکَانِہٖ لَا یَبْرَحُ وہ مردود

عن طلحۃ بن مصرف قال سألت عبد اللہ بن ابی اوفی هل کان النبی اوصی فقال لا قلت فکیف

معاویۃ بن ابی ثعلبۃ اللیثی قال

آل داؤد بن ابی عوف قال حدثنی

مناقب ابن مردویہ برفعہ

مجلس تیسری فضائل اور شہادت امیر المومنین علیہ السلام

دنیا اور ما فیہا کی لوگ گھبرائی فَلَمَّا سَمِعَ النَّاسُ الضَّجَّةَ ثَارَ اِلَيْهِ كُلُّ مَنْ كَانَ فِي الْمَسْجِدِ

ثُمَّ اَحَاطُوْا بِاَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ خلایق نی جو آواز جانگداز سنی تو حاضرین مسجد دوڑی

روتی پیٹتی چارطرف امیر المومنین کی ہجوم آور ہوئی وَصَارُوْا يَدُوْرُوْنَ وَلَا يَدْرُوْنَ

اَيْنَ يَذْهَبُوْنَ عَنْ شِدَّةِ الْبُكَاءِ وَالدَّهْشَةِ لوگ سب گھبرائی ہوئی ادہر اودہر

تاپتی پھرتی بکثرت رقت اور دہشت میں اوپر تلی گرتی وَهُوَ يَشُدُّ رَاسَهُ بِمِئْزَرَةٍ وَالدَّمُ

يَجْرِي عَلَى وَجْهِهِ وَلِحْيَتِهِ وَقَدْ خُضِبَتْ بِدِمَائِهِ دیکھا اوسی جناب فی فرق

فرق مبارک پر عصابہ محکم باندھا ہی خون کا جوش نہیں تھمتا منہہ پر اور محاسن مبارک سی بہتا ہی

پونچھتی ہیں پھر قطرہ قطرہ مانند لعل ٹپکانی نکلتا ہی ریش مقدس کو خضاب کیا زمین پر ٹپکتا ہی

وَضَجَّتِ الْمَلَائِكَةُ فِي السَّمَاءِ بِالدُّعَاءِ وَهَبَّتْ رِيْحٌ عَاصِفٌ سَوْدَاءُ مُظْلِمَةٌ

راوی کہتا ہی ملایکہ فی نالہ و فغان میں دعای رفع خوف مانگی ہوای تیرہ و تاریک غبار و گرد بھری

وَنَادٰى جَبْرَئِيْلُ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ بِصَوْتٍ يَسْمَعُهُ كُلُّ مُسْتَيْقِظٍ تَهَدَّمَتْ

وَاللّٰهِ اَرْكَانُ الْهُدٰى وَانْطَمَسَتْ وَاللّٰهِ نُجُوْمُ السَّمَاءِ وَاَعْلَامُ التُّقٰى وَانْفَصَمَتْ

وَاللّٰهِ الْعُرْوَةُ الْوُثْقٰى جبرئیل فی درمیان زمین و آسمان ایسی فریاد و زاری کی جو ہر ایک

جاگتی اور سوتی فی وہ بیقراری سے سنی واللہ ارکان ہدایت اسلام ٹوٹی اور نشانِ تقوی اور

پرہیزگاری اوٹھ گئی ہوئی ستاری فلک دین و اسلام کی چھپی محکم رشتہ ایمان لوگوں کا ٹوٹ گیا

قُتِلَ ابْنُ عَمِّ الْمُصْطَفٰى قُتِلَ الْوَصِيُّ الْمُجْتَبٰى قُتِلَ عَلِيُّ نِ الْمُرْتَضٰى قَتَلَهُ اَشْقَى

الْاَشْقِيَاءِ ابن عم محمد مصطفی اور وصی خیر الوری کو اسلام شہید کیا علی مرتضی کو شقی ترین

اشقیا نی مار لیا فَلَمَّا سَمِعَتْ اُمُّ كُلْثُوْمٍ نَعْيَ جَبْرَئِيْلَ فَلَطَمَتْ عَلٰى

وَجْهِهَا وَخَدِّهَا وَشَقَّتْ جَيْبَهَا وَصَاحَتْ وَا اَبَتَاهُ وَا عَلِيَّاهُ وَا مُحَمَّدَاهُ

تیسری مجلس شہادت امیر المومنین علیہ السلام

راوی کہتا ہی جبدم سی جناب امیر مسجد مین تشریف لائی تھی ٭ اُمّ کلثوم اور زینب خاتون کی
دلمین سو طرحکی وسوسی آئی تھی ٭ گہر کی اندر اور صحن مین مضطرب ہوتی پہرتین ٭ رات کی باتین بیقراری
اور پاس پدر کی باہم کرتین ٭ ناگاہ صدای نوحہ جبرئیل آسمان وزمین کی درمیان سی آئی کہ سید
اولیائی ایک شقی کی ہاتہہ سی ضربت کہائی ٭ اُمّ کلثوم نی یہ کلام سنکی بیتابانہ جوش حسرت مین
رو دیا ٭ منہ پر طمانچی مارکی منہہ اور سر اپنا پیٹ لیا ٭ گریبان پہاڑا حال اپنا غیر بنایا ٭ ہای بابا
واعلیا واحمدا کہکی شور مچایا ٭ ثُمَّ اَقْبَلَتْ اِلٰی اَخَوَیْهَا الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ فَاَیْقَظَتْهُمَا
وَقَالَتْ لَهُمَا لَقَدْ قُتِلَ اَبُوْکُمَا یعنی دونو بہائی حسنین کو بالین پر جاکی خواب سی اوٹہایا
کہا دوڑو جلدی خبر لو ہماری تمہاری والد کو مار ڈالا ٭ واحسرتا اولاد علی سب یتیم ہوگئی
ہوئی ٭ اب زمانی مین بی وارث اور رہگئی فَقَامَا یَبْکِیَانِ فَقَالَ لَهَا الْحَسَنُ یَا اُخْتَاهُ
کُفِّیْ عَنِ الْبُکَاءِ حَتّٰی نَعْرِفَ صِحَّةَ الْخَبَرِ کَیْلَا تَشْمُتَ الْاَعْدَاءُ ٭ حسنین روتی ہوئی
بستر سی اوٹہی ٭ ضبط شور وشین مین دلاسا دیکی بولی ٭ ای بہن ذرا رقت کو تہام لو تا کہ خبر صحیح
ہمکو حقیقت سی دریافت ہو ٭ اعدا بیقراری پر طعنہ نہ دین ٭ بی وجہ زاری سی شماتت نکرین ٭
بابا کی پاس ہم جاتی ہین ٭ جو حال گذرا ہی وہ دیکہہ آتی ہین ٭ فَخَرَجَا فَاِذَا النَّاسُ یَنُوْحُوْنَ
وَیُنَادُوْنَ وَااِمَامَاهُ وَاَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ قُتِلَ وَاللّٰهِ اِمَامٌ عَابِدٌ
لَمْ یَسْجُدْ لِصَنَمٍ قَطُّ کَانَ اَشْبَهَ النَّاسِ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ پس شتاب اور پریشان
بیتاب طرف مسجد قدم بڑہائی ٭ راہ مین لوگ سراسیمہ اور گریان پائی ٭ فریاد وزاری شیون
اور نوحہ کرتی ٭ واعلیا ہای آقا زاری سی کہتی ٭ دریغا ایسی امام عابد کو قتل کا آزار دیا
جسنی کبہی سجدہ اصنام اکیا رنہ کیا ٭ سو بخدا اکا شبیہ بی مثال تہا ٭ خلق زمانہ مین نیکی سی
مالامال تہا فَلَمَّا سَمِعَ الْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ صَرَخَاتِ النَّاسِ نَادَیَا وَااَبَتَاهُ

تیسری مجلس شہادت امیرالمومنین علی علیہ السلام

وا علیاہ لیت الموت اعدمنا الحیات جب یہ بین اور شور وشین حسنین نے سنی شدت غمسے
بیچین ہوے الم درد مین سر دھنتے بے اختیار بولے کاش اسوقت موت ہی ہمین فنا کیا ہوتا جو ہم یہ بین
ایسا نالہ واعلیا اور صیحہ وای بابا کرتی کہ دم نکلا ہوتا فلما وصلا الجامع و دخلاہ وجدا
ابا جعدۃ بن ہبیرۃ و معہ جماعۃ من الناس وہم یجتہدون ان یقیموا الامام
فی المحراب لیصلی بالناس وامیر المؤمنین یصلی ایماء من جلوس ہرگاہ مسجد مین اندر پہنچے
شاہ اولیا کو دیکھا خون مین ڈوبی ڈاڑھی ہین چار طرف محبین روتی پیٹتی اوس جنابکو گھیری کھڑی
ہین ابا جعدہ وبعض لوگ چاہتی ہین امام انام کو اوٹھائین پیشوای عابد صحابہ کو نماز پڑہائین جو زخم کے
بہت جاتی سی ضعف مین رو بمحراب گرتی ہین بیٹھی ہوئی ایما اور اشاری مین دوگانہ ادا کرتی ہین
وہو یمسح الدم عن وجہہ وکریمۃ الشریف یمیل تارۃ ویسکن اخری ہر بار جبین
اور چہرہ مبارک سی لہو کو پونچھتی ہین مگر دیکھا منکا ڈہلتا کبھی ٹھہرتا گاہی جھک جاتی پھر سنبھلتی الغرض
فاخذ الحسن راسہ فی حجرہ فوجدہ مغشیا علیہ فعند ذلک بکا بکاء شدیدا
وجعل یقبل وجہ ابیہ وما بین عینیہ وموضع سجودہ پس امام حسن علیہ السلام
اپنی پدر کی سر کو آغوش مین اوٹھایا دیکھا تو صدمہ زخم سی اوس حضرت کو غش مین پایا اس
حالت مین سبط نبی بالین پدر حیدر کی بہت روتی والد کی لہو بھری رخسار اور پیشانی درمیان چشم کو
لیتی فتقطر من دموعہ قطرات علی وجہ ابیہ امیر المؤمنین ففتح عینیہ
فرآہ باکیا ناگاہ سرشک دیدہ امام حسن جو نکلی روی پدر پر ٹپکی پیدا اوس سا غفلت بیہوشی کی جو تھی
دیدہ حضرت کو نور خدا نی کہولا حسن مجتبی کو اشکبار دیکھا فقال یا بنی یا حسن ما ہذا
البکاء یا بنی لا روع علی ابیک بعد الیوم فرمایا ای بیٹا یا حسن کیون اتنا روتے ہو
قلق اور حسرت مین جان اپنی کہوتی ہو آج کی بعد تمہاری پدر کو درد اور اذیت نہ ملیگی حسرت دنیا کی

مجلس تیسری شہادت امیر المومنین علیہ السلام

فرصت پائی اب راحت سے کی هٰذَا جَدُّكَ مُحَمَّدُنِ الْمُصْطَفٰى وَخَدِيْجَةُ الْكُبْرٰى وَفَاطِمَةُ الزَّهْرَاءُ وَالْحُوْرُ الْعِيْنُ مُحْدِقُوْنَ مُنْتَظِرُوْنَ قُدُوْمَ اَبِيْكَ فَطِبْ نَفْسًا وَقِرَّ عَيْنًا وَاكْفُفْ عَنِ الْبُكَاءِ اسے دم تیرے نانا محمد مصطفیٰ نانی خدیجہ کبریٰ ماں فاطمہ زہرا سب حوران جنت کی حاضر ہیں اور اپنے پاس ورود مقدم کی بہت منتظر ہیں پس آنکھوں کو روشن دل ٹھنڈا رکھو صف اندوہ اور مصیبت میں رونے سے چپ رہو فَاِنَّ الْمَلٰئِكَةَ قَدِ ارْتَفَعَتْ اَصْوَاتُهُمْ اِلَى السَّمَاءِ تمہاری نالہ و فغان جو ملائکہ سنتے ہیں تو صومعۂ طاعت سے درمیان زمین و آسمان آواز شیون بلند کرتی ہیں یَا بُنَیَّ اَتَجْزَعُ عَلٰى اَبِيْكَ وَغَدًا تُقْتَلُ بَعْدِيْ مَسْمُوْمًا مَظْلُوْمًا وَيُقْتَلُ اَخُوْكَ بِالسَّيْفِ هٰكَذَا جان پدر آج کے دن تم بابا کی صدمہ سے روتے ہو اور اپنے اوپر جو آفت کا سامنا ہے غافل ہوتے ہو یا حسن کل زہر سے تم کو مظلوم شہید کریں گے تمہارے بھائی حسین کا تیغ سے کلا کاٹ کے نیزہ پر سر چڑھائیں گے وَتَلْحَقَانِ بِجَدِّكُمَا وَاَبِيْكُمَا وَاُمِّكُمَا افسوس کہ دونوں کا جگر صد پارہ اور تن خون آلودہ ہوں گے اور اسی حالت سے جنت میں جد و پدر و مادر کی ملاقات کرو گے فَقَالَ لَهُ الْحَسَنُ يَا اَبَتَاهُ مَا تُعَرِّفُنَا مَنْ قَتَلَكَ وَمَنْ فَعَلَ بِكَ هٰذَا قَالَ قَتَلَنِي ابْنُ الْيَهُوْدِيَّةِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ مُلْجَمٍ الْمُرَادِيُّ امام حسن پرسان ہوئے اے بابا ہمیں فرمائیے کہ تمہیں کس نے مارا بولے عبد الرحمن ابن ملجم کی شرارت ہے اوس کی تیغ جفا سے یہ واقعہ شہادت ہے قَالَ لَمْ يَزَلِ السَّمُّ يَسْرِيْ فِيْ رَاْسِهِ وَبَدَنِهِ ثُمَّ اُغْمِيَ عَلَيْهِ سَاعَةً راوی کہتا ہے شاہ اتقیاء پر صدمہ زہر کا اثر چڑھتا سر اور بدن شریف میں زخم کا فساد بڑھتا یہاں تک بیہوش جا بجا محراب میں جا بجا ہو کا تھا الاثر فَمَا كَانَ اِلَّا سَاعَةً وَقَدْ جَاؤُوْا بِعَدُوِّ اللّٰهِ ابْنِ مُلْجَمٍ مَكْتُوْفًا وَهٰذَا يَلْعَنُهُ وَهٰذَا يَضْرِبُهُ حَتّٰى اَدْخَلُوا الْمَسْجِدَ ...

تیسری مجلس شہادت امیر المومنین علیہ السلام

مگذری تھی کہ عدو اللہ ابن ملجم کو جماعت محبین پکڑ کی لائی مشکیں باندھی چار طرف سی گھیری لعنت
ملامت کرتی مارتی مسجد میں آئی ثُمَّ انْکَبَّ الْحَسَنُ عَلیٰ وَجْهِ اَبِیْهِ یُقَبِّلُهُ وَقَالَ لَهُ
یَا اَبَاهُ فَلَمْ یُجِبْهُ وَکَانَ نَائِمًا فَکَرِهَ اَنْ یُوْقِظَ مِنْ نَوْمِهٖ اوسوقت امام حسن
علیہ السلام بیکس خونچکان پدر پر جھکی رخسار مہبط انوار سرور کی بوسی لیی پکار کی اونسی کہا
ای بابا یہ تمہارا قاتل دشمن خدا گرفتار آیا ولایت مآب غش میں سوتی تھی کچھ نہ بولی امام
حسن علیہ السلام کو ناگوار ہوا کہ بیدار کریں چپ رہی فَرَقَدَ سَاعَةً ثُمَّ فَتَحَ عَیْنَیْهِ
وَهُوَ یَقُوْلُ اُرْفُقُوْا بِیْ یَا مَلٰئِکَةَ رَبِّیْ تھوڑی دیر بند کا خوطہ رہا پھر امیر مومناں
جاگی آنکھیں کھولیں آواز ضعیف سی فرمانی لگی ای فرشتو میری رب کی مہربانی میں اوٹھا
لیجانا ای دنیا سی مقام راحت کو مدارات سی پہنچاو ہر آوی تاقل ہی زخم شمشیر سی اتنا لہو سر
اقدس کا بہا تھا کہ صورت اور جامہ حضرت دامن مصلا تک بھرا تھا دمبدم صعوبت زہر
غش آتی ہر مرتبہ شیون موالیان اور فرزندان سی چونک جاتی حسنین خلایق سی جواب و سوال
کرتی روتی عباس و عون و جعفر و محمد اور چھوٹی لڑکی کھڑی دیکھتی جان کھوتی فَقَالَ لَهُ
الْحَسَنُ هٰذَا عَدُوُّ اللّٰهِ وَعَدُوُّکَ ابْنُ مُلْجَمٍ وَقَدْ حَضَرَ بَیْنَ یَدَیْکَ یا سید شہید
زہرا نی پکار کی کہا ای بابا یہ کو صدمہ پہنچا ہی یہ تمہارا عدو ہی قاتل دشمن خدا گرفتار آیا روبرو
قَالَ فَفَتَحَ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ عَیْنَیْهِ وَنَظَرَ اِلَیْهِ وَهُوَ مَکْتُوْفٌ وَسَیْفُهٗ
مُعَلَّقٌ فِیْ عُنُقِهٖ شاہ لافتی نی چشم حق بین سی اوس کور باطن کیطرف دیکھا ہاتھ بندھی ہی
سر کہلا تلوار کا طوق لعنت گردن میں پڑا تھا ثُمَّ الْتَفَتَ عَلَیْهِ السَّلَامُ اِلیٰ وَلَدِهٖ الْحَسَنِ
وَقَالَ لَهٗ اُرْفُقْ یَا وَلَدِیْ بِاَسِیْرِکَ وَارْحَمْهُ وَاَحْسِنْ اِلَیْهِ وَاَشْفِقْ عَلَیْهِ
پس علی ابن ابیطالب امام حسن کی جانب ملتفت ہوئی سفارش میں دشمن جان کی یہ سخن کہی

مجلس تیسری شہادت علی مرتضی علیہ التحیۃ والثنا

ای پسر پیغمبر اپنی قیدی پر مہربانی کرنا تحیت اور حسن سلوک سی پیش آتی رہنا الا ترے

اِلیٰ عَیْنَیْهِ قَدْ طَارَتَا فِیْ اُمِّ رَاْسِهٖ وَقَلْبُهٗ یَرْجُفُ خَوْفًا وَرُعْبًا وَفَزَعًا

دیا نہیں دیکھتی کہ دہشت سی آنکھوں میں حلقی پڑی ہیں دل خوف میں کانپتا رعب سی

حواس پریشان ہو رہی فَقَالَ لَهُ الْحَسَنُ یَا اَبَاهُ قَدْ قَتَلَکَ هٰذَا اللَّعِیْنُ وَاَفْجَعَنَا

فِیْکَ وَاَنْتَ تَاْمُرُنَا بِالرِّفْقِ فرزند رسول نی کہا ای پدر آپکو اسی کمبخت نی شہید کیا ہم

ایا کر اس جفاکار نی ولی داور کا خون ناحق بہایا ہمکو تمہاری مصیبت شہادت میں نہایت

رولایا عوض میں بدلی شفقت کی اپنی امر فرمایا فَقَالَ لَهُ نَعَمْ یَا بُنَیَّ نَحْنُ اَهْلُ بَیْتٍ

لَا نَزْدَادُ عَلَی الْمُذْنِبِ اِلَیْنَا اِلَّا کَرَمًا وَعَفْوًا مِنْ شِیْمَتِنَا لَا مِنْ شِیْمَتِهٖ

اوسکو جواب دیا ہاں ای بیٹا ہم اہل بیت کا پیشہ کرم اور بخشش ہی جو ہمارا گناہ کری او

واسطی مراعات اور بخشش ہی اگر بادارسنہ پہنچی تو خیال سزا اولیس نہ لائیں ہرگز دشمنانہ ہمی ہم

اپنا سچا ای نور راہ ہدایت بسا این بِحَقِّیْ عَلَیْکَ فَاَطْعِمْهُ یَا بُنَیَّ مِمَّا تَاْکُلُ وَاسْقِهٖ مِمَّا تَشْرَبُ

وَلَا تُقَیِّدْ لَهٗ قَدَمًا وَلَا تَغُلَّ لَهٗ یَدًا فَاِنْ اَنَا مُتُّ فَاقْتَصَّ مِنْهُ وَاِنْ اَنَا عِشْتُ

فَاَنَا اَوْلٰی بِالْعَفْوِ عَنْهُ وَاَنَا اَعْلَمُ بِمَا اَفْعَلُ بِهٖ تمکو اپنی قسم دیتا ہوں بہ سبک جیسا

اپنی خبر لینا جو کہا و پیتا اوسکو بہی وہی دینا نہ ہاتھ دست وپا میں ہتھکڑی اور بیڑی ڈالنا

اگر میں گذر جاؤں تو ایک ضرب تیغ قصاص پر لگانا ہرگز میں نہ رہا تو عفو کرونگا

سخن ہوا ای اہل عزا ستم است کو سن لو جو ای خدا جو سولا کہ اپنی قاتل کو زندان میں ہورہ نوش

طریق اعانت بتائی اور طوق وزنجیر پہنانیکو اپنی دشمن کی ہاتھ پاؤں میں ممانعت فرمائی

اوسکی فرزندونکو جہان بلائیں بہوکا پیاسا ماریں لاشوں پر گہوڑی دوڑائیں مریض پر

بیجرم وگناہ طوق اور سلاسل پہنائیں اہلبیت کو لوگی اسیر کریں بی پردہ اونٹوں پہ بٹھاکی

مجلس تیسری شہادت علی مرتضی علیہ السلام

شہیر دینِ و دیعتِ رسالت کو مانندِ کفار قید رکہین لونڈی اور غلام سی بدتر نظرِ حقارت سی
دیکہین وَقَالَ مُحَمَّدُ ابْنُ الْحَنَفِيَّةِ ثُمَّ اِنَّ اَبِي قَالَ اِحْمِلُوْنِي اِلَى مَوْضِعِ مُصَلَّائِي فِي
مَنْزِلِي محمد حنفیہ سی روایت کی ہی جو کہا اوسوقت شاہِ مردان میری والد نی امر کیا مجہی سی
اوٹہاو گہر مین لیجلو مقامِ عبادت جای نماز مین پہنچادو قَالَ فَجَعَلْنَاهُ اِلَيْهِ وَهُوَ مُدْنَفٌ
وَالنَّاسُ حَوْلَهُ وَهُمْ فِي اَمْرٍ عَظِيْمٍ بَاكِيْنَ مَحْزُوْنِيْنَ قَدْ اَشْرَفُوْا عَلَى الْهَلَاكِ
مِنْ شِدَّةِ الْبُكَاءِ وَالنَّحِيْبِ محمد نی بیان کیا بموجب ارشاد امام ہدی سب اوسکو اوٹہا
متوجہ ہوی بہمہ کلیم کو عباخواہ گلیم پر لٹاکی اوٹہا لیچلی حضرت کی چار طرف زن و مرد کا اژدہام تہا
بچون تک اندوہ مین بیتاب رقتِ خلق سی کہرام تہا عجب طرحکا شیون اور نوحہ ساتہ ہوتا تہا
کوئی گرتا کوئی بیٹہتا کوئی الم سی ہوش کہوتا کسی نی سر و سینہ پیٹ کی خاک اوڑائی کسی نی حسرت
بکا مین جان دینی پر آستین چڑہائی لڑکی پکارتی کہ ہای پدر یتیمان ڈہیی چیخین مارتی کہ حیف بیکسان
مسکینان عورتین فریاد زنان کہ شوہر بیوہ اور وارثِ غربا ہای لونڈیان نالان کہ آقا ہمکو بیکس چہوڑ
مارا گیا ہزارون آدمی آذوقی اور اہلِ حجازی سی لپٹی تہی اولادِ مرتضوی غلامانِ حیدری کربیان
سب کی بیٹی تہی ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَيْهِ الْحُسَيْنُ وَهُوَ يَبْكِي فَقَالَ يَا اَبَتَاهُ مَنْ لَنَا بَعْدَكَ
مظلومِ کربلا حسین علیہ السلام نی یارای ضبط اور قرار نہ دیکہا با چشمِ گریان خونفشان اور دلِ
بریان پکار کی کہا ای بابا تم قدمِ شہادت سی جنت کو جاتی ہو لقای پیغمبر اور وصالِ آمرنا کی
دولت پاتی ہو اب مونس و غمخوار کون ہوگا ہمارا بزرگ کون مین پرستارِ اہلبیت کا خاتمہ ہوا
لَا يَوْمُكَ اِلَّا كَيَوْمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ مِنْ اَجْلِكَ تَعْلَمُ الْبُكَاءُ يَعِزُّ وَاللّٰهِ عَلَيَّ اَنْ
اَرَاكَ هٰكَذَا تمہاری شہادت کا دن مانندِ روزِ ماتمِ رسولِ خدا ہی شدتِ مصیبت مین خروش
بکا بر پا کرو یا اسواسطی ہی رونا سیکہا ہی مجہپر دشوار ہی کہ آپکو اس حال مین دیکہون سر اقدس کا خون بہی

تیسری مجلس شہادت علی مرتضی علیہ السلام

میں شیون سے خاموش رہوں فناداہ علیہ السلام وقال لہ یا حسین یا ابا عبد اللہ
ادن منی علی مرتضی علیہ السلام کو رقتِ امام حسین پر صبر و قرار نہ آیا بے اختیار پکارا یا ابا عبد اللہ
اور پاس بلایا فدنا منہ وقد قرحت اجفان عینیہ من البکاء مظلوم کربلا والد کے
قریب ہوئے تو اونکی صورت دیکھی فرطِ بکا سے آنکھیں لال پلکیں سُنی آنسوؤں کی جھڑی لگی فمسح
الدموع من عینیہ ووضع یدہ علی قلبہ اوس حال میں دستِ شفقت سے اُس جگر
چشم نور دیدہ سے آنسو پونچھے پیغمبر و محبت میں اونکے سینہ پر ہاتھ پھیرا دردا پیا ہوئے وقال
لہ یا بنی ربط اللہ قلبک بالصبر واجزل لک ولاخوتک عظیم الاجر
فسکن روعتک واھدئ من بکائک بولے اے فرزند تیرے دلِ بیتاب کو اللہ صبر
عطا فرمائے اور بھائی بہنو کا اجر مصیبت زیادہ بڑھائے جانِ پدر بہت بیقرار نہو زاری و
زاری کو تھام لو ثم ادخل الی حجرتہ علیہ السلام وجلس فی محرابہ پس عصمت سرا
جب صحابہ اور اولادِ حضرت وارد ہوئے خلقِ بیگانہ پاسِ حرمت سے آستانہ میں رو کی زینب
خاتون اور ام کلثوم نے باپکا جنازہ آتے سنا زوجاتِ مطہرات اور سب مخدرات نے استقبال کو
جاکے شیون میں سر دھنا فرزندوں نے حیدرِ صفدر کو دست بدست گھر میں پہنچایا حجرہ مصلا میں
سریرِ عبادت اور مسندِ امامت پر لٹایا قال الراوی واقبلت زینب وام کلثوم
حتی جلستا معہ علی فراشہ واقبلتا تندبانہ زینب خاتون اور ام کلثوم با سوز
جگر مانند شمعِ سر اہ پدر کی بالین پر بیٹھیں با دلِ پُرغم اوس مصیبت میں سرورِ مظلوم کی نوحہ گری
لگیں عوراتِ اہلِ حرم نے سرِ امام امم سے خون رواں جو دیکھا چاروں طرف سے رونا پیٹنا شروع
کیا رقت کا سماں بندھا زنانِ بنی ہاشم خبر سنکے پے در پے آئیں شور و بکا میں بال بکھرا کے ننگا
سر پیٹیں النین کنیزانِ پر الم رو رو کے قربان جاتیں خواتینِ محترم کو غش اور غش میں سینہا

مجلس سیوم شہادت علی بن ابیطالب علیہ السلام

وتقولان یا ابتاہ من للصغیر حتی یکبر ومن للکبیر بین الملاء یہ رونی
سنہہ ملکی جوتین الفت مین بوسی لیتی زینب خاتون بڑی بیٹی فی یہ مین جگرخراش کہتی ای بابا
کون ہی بعد از تمہاری جو اطفال خردسال کو پرورش کیا کری کون باقی نہین کہ بڑون کو
شر اعدا ہجوم بلاسی بچایا رہی یا ابتاہ حزننا علیک طویل وعبرتنا لاترقی
ہمارا غم والم تمہاری شہادت سی بی پایان ہوا ہے نالہ وبکا ساری عمر کا ہمدوش جان ہوا قال
فضج الناس من وراء الحجرۃ بالبکاء والنحیب سوالیان اور اصحاب جناب
در بیت الشرف پر اژدہام تھا پردہ نشینان عصمت سرا کا جب سنا توغلغلہ شیون سی کہرام
سب فی باہم نوحہ اور ماتم علی اور نالہائی مناقب اور فضائل کی ذکر ہین واعلیاہ وا اماماہ کا
بچایا وفاضت دموع امیر المؤمنین عند ذلک وجعل یقلب طرفہ
وینظر الی اہل بیتہ واولادہ اور سدم آوازیکا سنکی شاہ مردانکو ہوش آیا
اونکی روئی پر حسرت واندوہ سی بی اختیار دریای سرشک بہایا دہنی بائین جانب نظر
پاس بین اٹھین پہرائی چہوٹی بچی اور حرم کو دیکہ کی غم کہاتی ثم دعا الحسن والحسین
وجعل یحضنہما ویقبلہما ثم اغمی علیہ ساعۃ طویلۃ یعنی حسنین علیہما
السلام کو اس دلدار کی پاس بلایا پیار مین اونکا سرچہاتی سی لگایا پیشانی کا بوسہ لیا
اثرزہر سی پہر غش کیا عجب دیرتک ہوش نرہا حاضرین کو اور ہی صدمہ ہوا ثم افاق
ناولہ الحسن قعبا من لبن فشرب منہ قلیلا ثم نحاہ عن فیہ وقال
احملوہ الی اسیرکم ہرگاہ افاقہ ہوا حسن مجتبی علیہ السلام پیالہ دودہ کا بہر لاسامنی لای
شیرخدا نی تہوڑا پیا اور چہوڑدیا کہ قاتل ہبول نہ جائی فرمایا اسکو لیجاو اپنی قیدی ابن ملجم کو
پہنچاؤ وقال ولما حمل امیرالمؤمنین الی منزلہ جاؤا باللعین مکتوفا

مجلس تیسری شہادت امیر المومنین علیہ السلام

اِلٰی بَیْتٍ مِنْ بُیُوْتِ الْقَصْرِ فَحَبَسُوْہُ روایت کی ہرگاہ امیر المومنین کو اوٹھا لائے بیت
الاحزان مین لٹایا اور ابن ملجم کو بھی مشکین باندھی کھینچا ایک حجرہ دار الخلافت مین نظر بند بٹھایا
فَقَالَتْ لَہٗ اُمُّ کُلْثُوْمٍ وَھِیَ تَبْکِیْ یَا وَیْلَکَ اَمَّا اَبِیْ فَاِنَّہٗ لَا بَأْسَ عَلَیْہِ
وَاِنَّ اللّٰہَ مُخْزِیْکَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ ام کلثوم نی وہان جاکی روتی ہوئی اوسکو
الزام دیا کہ وای او پر تیری ای دشمن خدا کہ بڑا ظلم و جفا کیا سلوک اور احسان کی بدلی میری باپکو
بیگناہ مارا ساری امت پیغمبر کو ساحلِ تباہی اور ہلاکت مین اوتارا لاکن امید وار ہون میری باپکو
آسیب ہلاک سی خدا بچائی اور تجھی دنیا و آخرت مین عذاب شدید کو پہنچائی فَقَالَ لَھَا
اِبْنُ مُلْجَمٍ اَبْکِیْ اِنْ کُنْتِ بَاکِیَۃً فَوَاللّٰہِ لَقَدِ اشْتَرَیْتُ سَیْفِیْ ھٰذَا بِاَلْفٍ
وَسَمَّمْتُہٗ بِاَلْفٍ وَلَوْ کَانَتْ ضَرْبَتِیْ ھٰذِہٖ لِجَمِیْعِ اَھْلِ الْکُوْفَۃِ مَا نَجَا
مِنْھُمْ اَحَدٌ ابن ملجم نی اونکو جواب دیا ای ام کلثوم اپنی والد بزرگوار پہ فریاد و زاری کرو
ہرگاہ روتی ہو تو سامانِ عزا و ماتم سی مصروف بیقراری رہو قسم خدا کی ہزار دینار کو یہ تلوار
مول لی اور ہزار دینار دیکی زہر ہلاہل سی بجھائی اگر ضربت میری تیغ کی ساری اہل کوفہ پہ
قسمت پاتی ہر آینہ ایک آدمی بھی ہلاکت سی بچا نہ بچاتی اس کلام کو سنکی دختر شیر خدا روتی ہوئی اور
ناکام پھرین گوشہ مین قیام کی زانوی اندوہ پہ سر رکھا اور روتی رہین قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَنَفِیَّۃِ
وَبِتْنَا لَیْلَۃَ عِشْرِیْنَ مِنْ شَھْرِ رَمَضَانَ مَعَ اَبِیْ وَقَدْ نَزَلَ السَّمُّ اِلٰی قَدَمَیْہِ
محمد حنفیہ نی کہا شب بستم رمضان کو بالین پر والد کی حاضر اور جاگتا رہا اثر زہر کو دیکھا
حضرت کی قدم شریف تک چڑھا وَکَانَ یُصَلِّیْ تِلْکَ اللَّیْلَۃَ مِنْ جُلُوْسٍ وَلَمْ یَزَلْ
یُوْصِیْنَا بِوَصَایَاہُ وَیُعَزِّیْنَا عَنْ نَفْسِہٖ وَیُخْبِرُنَا بِاَمْرِہٖ وَتِبْیَانِہٖ اِلٰی
حِیْنِ طُلُوْعِ الْفَجْرِ ضعف و نقاہت سی حضرت نی اوس راتکو بیٹھی ہوئی نماز پڑھی کی

مجلس تیسری شہادت امیر المومنین علیہ السلام

اپنی مرضی پر وصیت کی ماتم اور مصیبت مین تعزیت کہی حال گذشتہ اور آیندہ ہمین سنایا
یہان تک جو صبح قیامت اثر نی چہرہ پر غبار دکہایا فَلَمَّا اَصْبَحَ اِسْتَأْذَنَ النَّاسُ
عَلَیْہِ فَاَذِنَ لَھُمْ بِالدُّخُوْلِ موالیانِ حضرت نی عیادت کو دروازی پر جمعیت کی
تمنای زیارت سی مولا کی اندر آنی کو اجازت مانگی سیدِ اوصیا نی فرمایا ای حسن پردہ
سب سیری دوستونکو گہر مین بلالو فَدَخَلُوْا عَلَیْہِ وَاَقْبَلُوْا یُسَلِّمُوْنَ عَلَیْہِ وَیَرُدُّ
عَلَیْھِمُ السَّلَامُ پس فوج فوج داخل ہوکی سلام کرتی وہ جناب جواب ہر ایک کو دیتی
حسرت سی منہ تکتی ثُمَّ قَالَ اَیُّھَا النَّاسُ اِسْاَلُوْنِیْ قَبْلَ اَنْ تَفْقِدُوْنِیْ
وَخَفِّفُوْا سُؤَالَکُمْ لِمُصِیْبَۃِ اِمَامِکُمْ شاہِ ولایت نی اونسی فرمایا ای گروہِ خلایق
جو چاہو وہ پوچہو پیش از انکی جو مجہکو دنیا مین زندہ اور سلامت نہ دیکہو لاکن تہوڑا کلام
ضروری عرض کرو اپنی امام کی مصیبت اور حادثہ شہادت کا لحاظ رکہو قَالَ فَبَکَی النَّاسُ
عِنْدَ ذٰلِکَ بُکَاءً شَدِیْدًا وَاَشْفَقُوْا اَنْ یَسْاَلُوْہُ تَخْفِیْفًا عَنْہُ راوی کہتا ہے
کہ لوگ نزدیک سرور کی جا کی بیٹہی بعضی فرط ادب اور بیقراری مین پاس بیٹہی اور بعضی
کہڑی ہوی حضرت کا سر ورم لیکر از رنگ چہرہ کا متغیر دیکہا جب نظر پڑا تو بیتابی بادو فغان کی
اوس امام کی رو دیا اور شور و نالہ بڑہا شوقِ الفت مین جان ہی گذرتی تہا ہاتہ پاون چومتی
آنکہین ملتی کچہہ باتین ضروری پوچہتی اور جواب باقی چشم حسرت سی اشک بہاتی
ثُمَّ قَالَ ھَلْ مِنْ شَرْبَۃٍ مِنْ لَبَنٍ فَاَتَوْہُ بِلَبَنٍ فِیْ قَصْعٍ فَاَخَذَہُ عَلَیْہِ السَّلَامُ
وَشَرِبَہُ کُلَّہُ تَذَکَّرَ الْمَلْعُوْنَ ابْنَ مُلْجِمٍ وَاَنَّہُ لَمْ یُخَلِّفْ لَہُ شَیْئًا اوس وقت شاہ
لافتی نی کہا ایا دودہ ہو تو میری واسطی لاؤ کاسہ شیر اسد اللہ کی ہاتہ مین دیا مولا نی وہ
نوش کیا بعد از ان ابن ملجم کا دہیان آیا کہ اوسکی لیئی کچہہ نہ بچایا فَقَالَ عَلَیْہِ السَّلَامُ

تیسری مجلس شہادت امیر المومنین علیہ السلام اور واقعۂ ہجر و سم

وَكَانَ اَمْرُ اللّٰهِ قَدَرًا مَقْدُورًا اِعْلَمُوا اَنِّي شَرِبْتُ الْجَمِيعَ وَلَمْ اُبْقِ لِاَسِيرِكُمْ
شَيْئًا مِنْ هٰذَا اَلَا وَاَنَّهُ اٰخِرُ رِزْقِي مِنَ الدُّنْيَا فَبِاللّٰهِ عَلَيْكَ يَا بُنَيَّ اِلَّا مَا
اَسْقَيْتَهُ مِثْلَ مَا شَرِبْتُ جناب نے افسوس میں فرمایا بیٹا یہ دودھ لیا سارا جو میرے
تقدیر تھا اوس سے اپنا ظہور دکھایا تمہارے قیدی کی نام کو ذرا بھی نہ رہا جانلو دنیا سے یہ آخری
رزق میرا تھا قسم ہے تمہیں یا حسن جسقدر مینے پیا ابن ملجم کو بھی اوتنا کاسہ بھر دینا مجمل اوّل
ذٰلِكَ فَشَرِبَهُ حسب الارشاد ایک قدح لیجاکے اوسکو پہنچایا کریم ساقی کوثر سے پانی پانی
ہوکے شقی نے زہر مار کیا اور سر ہلایا قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَنَفِيَّةِ لَمَّا كَانَتْ لَيْلَةُ اِحْدٰى
وَعِشْرِيْنَ وَاَظْلَمَ اللَّيْلُ جَمَعَ اَوْلَادَهُ وَاَهْلَبَيْتِهِ وَوَدَّعَهُمْ ثُمَّ تَزَايَدَ وَلُوجُ
السَّمِّ فِي جَسَدِهِ الشَّرِيفِ حَتّٰى نَظَرْنَا اِلٰى قَدَمَيْهِ قَدِ احْمَرَّتَا جَمِيعًا محمد حنفیہ
کہا جب شب بست و یکم رمضان آئی اور اندہیری ظلمت ماتم کی جہان احزان میں چھائی اوس
جناب نے ساری اولاد و اہلبیت کو فراہم کیا وداع بازپسیں میں داغ الم اور صدمۂ عظیم دیا
زہر کی شدت نے بدن اقدس میں سرایت کی یہان تک جو پاہای عرش پیما پر تمام سرخی دوڑ
چڑہی علامت رویۂ بشرہ سے پائی ہوئی اوسے نظروں میں ہجوم لائی فَكَبُرَ ذٰلِكَ عَلَيْنَا
وَاَيِسْنَا مِنْهُ پہر یہ حالت سخت ناگوار گذری جینے سے شاہدین کی امید قطع ہوئی ثُمَّ اَصْبَحَ
ثَقِيْلًا فَدَخَلَ النَّاسُ عَلَيْهِ فَاَمَرَهُمْ وَنَهَاهُمْ وَاَوْصَاهُمْ بہت محبت داری غم کے
دروازی سے جدا ہو تے آقا کی جوشش الفت میں دہرات بیٹھی اور کہڑی روتی جب صبح سیست اثر
دشواری میں دکھائی دی خلق نے اجازت سے اندر جاکی زیارت قدم سرور کی حضرت نے اونکو
امر معروف اور نہی منکر سے وصیت فرمائی گویا وہ آخری ملاقات مقدر تہی کہ پہر سیر نہ آئی ثُمَّ
عَرَضْنَا عَلَيْهِ الْمَاْكُوْلَ وَالْمَشْرُوْبَ فَاَبٰى اَنْ يَشْرَبَ پس اونکے پاس آب و طعام

مجلس تیسری شہادت اور وصیت امیر المومنین علیہ السلام

جو ہمیں لا دیا سب سے انکار فرمایا کچھ نوش نہ کیا فنظرنا الی شفتیہ وھما یختلجان بذکر
اللہ وجعل جبینہ یترشح عرقا وھو یمسحہ بیدہ اوسدم دیکھا لبہای مبارک میں
جنبش کی وضع ملتی کان دھر کی سنا تو ذکر خدا میں زبان ہلتی قطرات عرق پیشانی نورانی سے گرتی
ہر دم دست ناتوان سے پسینا پونچھا کرتی قلت یا ابت اراک تمسح جبینک فقال
یا بنی انی سمعت جدک رسول اللہ یقول ان المؤمن اذا نزل بہ الموت
ودنت وفاتہ عرق جبینہ وصار کاللؤلؤ الرطب وسکن انینہ
بیٹی عرض کی اے پدر اسدم آپکی ماتھے پر عرق بہتا ہے تبدیل رنگ سے کیا دل بیچین رہتا ہے
بولی ہاں اے نور دیدہ پیغمبر سے سنا ہے کہ جب وقت رحلت دنیا سے ہوتا ہے مومن کی جبین سے
یونہی پسینا گرتا ہے کم تب مرض اور آہ و نالہ اوسکا ٹھہرتا ہے ثم قال یا ابا عبد اللہ
ویا عون ثم نادی اولادہ کلھم باسمائھم صغیرا او کبیرا واحدا
واحدا وجعل یودعھم پس آواز ضعیف سے نعرہ مارا حسن اور ابا عبد اللہ کو پکارا سب چھوٹی
بڑی اولاد کو روبرو بلایا دہان ورخسار کا بوسہ لیا چھاتی سے لگایا بیٹیا بیٹی سے ناکام اور ناشاد
ملتی آہ سرد کہینچتی دلداری کی باری باری وداع کرتی ویقول اللہ خلیفتی استودعکم
اللہ وھو یکون فرماتی حفظ خدا میں تم ساری یتیم بچون کو سونپتا ہون اوسکو اپنی جی وار
سر پیت کرتا ہون حسرت سے جملہ عورت اور مردان اہلبیت داڑھین مار کر روتی تھی فرزند
عباس اور جعفر ہای بابا کہکر بیتاب ہوتی فقال یا ابا عبد اللہ خیرا فانتما منی
وانا منکما ثم اوید وحسین پکاری اے حسن وصیت سنو جو کہتا ہون یا ابا عبد اللہ تمکو
خیر او سلامتی سنا تا ہون تم دونو میری دل وجان کا سہارا روح اور جسم سے توانا ان میں تمہارا
ثم التفت الی اولادہ الذین من غیر فاطمۃ واوصاھم ان لا یخالفوا اولاد

تیسری مجلس شہادت اور وصیت امیر المومنین علیہ السلام

فاطمۃ یعنی الحسن والحسین پھر اپنی اولاد کی طرف ملتفت ہوئی جو فرزند کہ بطن
فاطمہ زہرا علیہا السلام سی تھی فرمایا سب طاعت کرنا اونکی کہ سبط پیغمبر ہین یعنی حسن
اور حسین درجہ شرف مین تمسی برتر ہین اوسدم صدای الوداع اور نالہ الفراق سی شور
عام تھا چھوٹی بڑونکی رقت سی اہلبیت مین کہرام تھا ثم قال احسن اللہ لکم العزا
الا وانی منصرف عنکم وراحل فی لیلتی ہذہ ولاحق بحبیبی محمد
کما وعدنی یس حریم عصمت سی امیر المومنین بولی خدا تمکو میری عزا مین جزای خیر دیگا
اور اس ماتم جانگزا پر درجہ صبر کرامت کریگا مین آجکی رات جیسا وعدہ کیا ہی تمہاری درمیان سی
جاتا ہون اپنی دوست محبوب الہی محمد مصطفی سی جنت مین ملتا ہون یا ابا محمد فاذا
انا مت فغسلنی وکفنی وحنطنی ببقیۃ حنوط جدک رسول اللہ فانہ
من کافور الجنۃ جاء بہ جبرئیل الیہ ای ابا محمد جبکہ مین وفات پاؤن تم نہلانا
کفن پہنانا بقیہ کافور بہشت سی اپنی نانا کی کہ جبرئیل جو لائی تھی حنوط لگانا ثم
ضعنی علی سریری ولا یتقدم احد منکم مقدم السریر واحملوا
موخرہ واتبعوا مقدمہ فای موضع وضع المقدم وضعوا الموخر
پھر تابوت لیٹانا پیش اوسکا کوئی نہ پکڑی عقب سی اوٹھانا وہ خود بلند ہوکی چلیگا
رفاقت کرنا مقدم جنازہ جہان اوتری وہین پچھلا سر رکھنا فحیث قام سریری
فہو موضع قبری جس موضع پر لاش ٹھری وہ میری قبر کی جا ہی اوس مقام
اشرف کو خوابگاہ ابدی ازل سی کیا ہی ثم تقدم یا حسن وصل علی وکبر
علی سبعا واعلم انہ لا یحل ذلک علی احد غیری الا علی رجل یخرج
فی اخر الزمان من ولد اخیک الحسین ای ابا محمد تم سب سی آگی بڑھنا

[Marginal notes, partly legible:]
ثم اختلفوا بعد وفاۃ اسماعیل وعبد اللہ ومنہم المبارکیۃ
ومنہم من قال بامامۃ اسماعیل وانکر موتہ
ثم الی ابنہ علی بن موسی الرضا
ثم ساق الامامۃ الی الحسن العسکری
والقول بالرجعۃ بعد الموت والقول
بالغیبۃ ہذہ جملۃ الاختلافات
فی الامامۃ وسیاق تفصیل ذلک

تیسری مجلس شہادت اور وصیت امیر المؤمنین علیہ السلام

ساتھ تکبیریں مجھ پر نماز پڑھنا ۔ معلوم ہو کہ یہ واسطے غصب سبب کے سیری سوا نہیں روا
مگر وہ شخص جو اولاد سے حسین تمہارے بھائی کی آخر الزمان میں ہوگا پیدا ۔ فَاِذَا اَنْتَ صَلَّیْتَ
یَا حَسَنُ فَنَحِّ السَّرِیْرَ عَنْ مَوْضِعِهٖ ثُمَّ اکْشِفِ التُّرَابَ عَنْهُ فَتَرٰی قَبْرًا
مَحْفُوْرًا وَلَحْدًا مَثْقُوْبًا وَسَاجَةً مَنْقُوْبَةً فَاَضْجِعْنِیْ فِیْهَا یعنی تابوت کو وہاں
سے ہٹانا اور وہاں کی مٹی تھوڑی ہٹانا جو قبر کھدی تختہ سنگ سے ڈھکی دیکھو گی لحد صاف
اور ہموار بنی ہوئی نظر کرو گی اور مجھے اس میں سلانا ، خوابگاہ راحت میں پہنچانا فَاِذَا اَرَدْتَ
الْخُرُوْجَ مِنْ قَبْرِیْ فَافْتَقِدْنِیْ فَاِنَّكَ لَا تَجِدُنِیْ وَاِنِّیْ لَاحِقٌ بِجَدِّكَ رَسُوْلِ اللّٰهِ
جب تربت کو سونپ کر تم باہر آؤ گی تو مجھے نہ پاؤ گی کچھ اثر وہاں نہ پاؤ گی اس واسطے کہ میں
تمہارے نانا سے جدا سے جا کر ملوں گا وصال بتول اور نعیم رضوان سے شادمان ہوں گا
ثُمَّ اشْرَجِ اللَّحْدَ بِاللَّبِنِ وَاَهِلِ التُّرَابَ عَلَیَّ ثُمَّ غَیِّبْ قَبْرِیْ لحد کو خشت
خام سے بند کرنا ، خاک قبر پر ڈالی پاٹ کہنا ، ثُمَّ یَا بُنَیَّ بَعْدَ ذٰلِكَ اِذَا اَصْبَحَ الصَّبَاحُ
اَخْرِجُوْا تَابُوْتًا اِلٰی ظَاهِرِ الْکُوْفَةِ عَلٰی نَاقَةٍ وَاَمِّرْ مَنْ یَسِیْرُهَا بِمَا عَلَیْهَا کَاَنَّهَا
تُرِیْدُ الْمَدِیْنَةَ بِحَیْثُ یَخْفٰی عَلَی الْعَامَّةِ مَوْضِعُ قَبْرِیَ الَّذِیْ تَضَعُنِیْ فِیْهِ
جب دوسرا دن ہوا ایک شتر نکالنا اوسپر تابوت بندھا لیجانیوالے سے کہنا یہ ظاہر کرے شہر
مدینہ کو جنازہ چلا تاکہ خلق پر موضع قبر پوشیدہ رہے جہاں مدفون کیا وہ اعدا پر مقام نہ کھلے وَکَاَنِّیْ
بِکُمْ وَقَدْ خَرَجَتْ عَلَیْکُمُ الْفِتَنُ مِنْ هٰهُنَا وَهٰهُنَا فَعَلَیْکُمْ بِالصَّبْرِ فَهُوَ
مَحْمُوْدُ الْعَاقِبَةِ گویا دیکھتا ہوں جو انواع مصیبت تم پر یہاں گذری کی ہر طرف فتنہ اعدا
جان و مال پر چڑھائی سب کی لازم ہے کہ سب آفات میں صابر اور متحمل رہنا رضائی خدا پر تسلیم کا
دھیان سے عمل کرنا ثُمَّ قَالَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَنْتَ شَهِیْدُ هٰذِهِ الْاُمَّةِ فَعَلَیْكَ

تیسری مجلس شہادت اور وصیت امیر المومنین علیہ السلام

بِتَقْوَى اللّٰهِ وَالصَّبْرِ عَلٰى بَلَائِهٖ پس امام حسین کو خطاب کیا قریب ہی کہ تم اس امت کی
ہاتھ سے شہید ستم ہو جاؤگے بلائے کربلا پر تقویٰ سے شکیبا ہر دم رہو ثُمَّ اُغْمِيَ عَلَيْهِ سَاعَةً
وَاَفَاقَ وَقَالَ هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ وَعَمِّيْ حَمْزَةُ وَاَخِيْ جَعْفَرُ وَاَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ
وَكُلُّهُمْ يَقُوْلُوْنَ عَجِّلْ قُدُوْمَكَ عَلَيْنَا فَاِنَّا اِلَيْكَ مُشْتَاقُوْنَ یہ باتیں کرتی تھی
پھر غش آگیا تھوڑی دیر میں کچھ افاقہ ہوا تو کہا اسدم رسولخدا کی ساتھ میری چچا حمزہ اور
بھائی جعفر اور صحابہ نبی آئی ہیں مجھی بلاتی ہیں جلدی قدم بڑھاؤ تمہاری انتظاری میں
انتہیں بھائی ہیں ثُمَّ اَدَارَ عَيْنَيْهِ فِيْ اَهْلِ بَيْتِهٖ كُلِّهِمْ وَقَالَ اَسْتَوْدِعُكُمُ
اللّٰهَ جَمِيْعًا سَدَّدَكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا حَفِظَكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا خَلِيْفَتِيْ عَلَيْكُمُ اللّٰهُ
وَكَفٰى بِاللّٰهِ خَلِيْفَةً ہرگاہ شب محنت اور تعب زیادہ گذری وسیدم رحلت کی حالت
اوپر پائی گئی چارطرف سے اہلبیت کو نظر حسرت اور یاس میں دیکھا آواز جانگداز سے سبکو
پکار کی برسم وداع کہا لو میں تمسے رخصت اور جدا ہوتا ہوں امان خدا میں سب چھوٹی بڑی
سونپتا ہوں پروردگار سارے بیوارثوں کا حامی اور نگہبان ہے وہ میرا وکیل کافی ہے
جو تمکو حفاظت کرے ثُمَّ قَالَ وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ يَا رُسُلَ رَبِّيْ وَعَرِقَ جَبِيْنُهٗ
وَهُوَ يَذْكُرُ اللّٰهَ كَثِيْرًا وَمَا زَالَ يَتَشَهَّدُ الشَّهَادَتَيْنِ ناگاہ بولے اے فرستادگان
رب ملائکہ مقرب تم پر سلام پہنچے استقبال جنت پر وصال الٰہی کی پیام لو اور سدم پسینا
پیشانی پر آیا ذکر الٰہی بہت کیا کلمہ طیبہ بار بار پڑھا ثُمَّ اسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ وَغَمَّضَ
عَيْنَيْهِ وَمَدَّ رِجْلَيْهِ وَيَدَيْهِ پھر اوس کعبۂ اسلام نے منہ قبلہ کیطرف متوجہ کیا
زندگانی دنیا آنکھوں کو میچ لیا ہاتھ پیر اپنی برابر پھیلائے سامان سفر اور اندوہ جہان میں
وَقَالَ اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ

تیسری مجلس شہادت اور وصیت امیر المؤمنین علیہ السلام

ورسولہ ثم قضی نحبہ علیہ السلام آخر ین کر اس کلمۂ طیبہ کی روح شریف نے
تنہائی جسد سے راہ جنت لی فعند ذلک صرخت زینب بنت علی وام کلثوم
وجمیع نسائہ وقد شقوا الجیوب ولطموا الخدود اوس وقت ساری عورتیں
چھوٹی بڑی اقربا شاہ اولیا کی بالین پر مجتمع کئی تھیں ہر ایک سانحۂ مولا سے محو شور و بکا ہو رہی
تھی ناگاہ زینب خاتون با دل پرخون مرگ پدر سے چلائیں ام کلثوم بحال حسرت نالہ و واعلیا
اور شیر یاد ہای بابا ہای پکارتیں اور زنان بنی ہاشم نے غلغلہ شیون سے شور محشر کو اوٹھا کر گریبان
چاک سر پر خاک آنکھوں سے دریای سرشک بہایا سینہ اور منہ پیٹ کی نوحہ وا ابا تاسی صدمت
بے پایان بیتابی پر شدائد دہ کی بپا کرتیں تھا ایک طرف حسنین والد کی چہاتی سے لپٹی روتے
تہی دوسری جانب محمد حنفیہ عباس و عون و جعفر در و دیوار سے ٹکرا کی جان کہوتی اونکے
آواز آہ و زاری عالم بالا کو تہ و بالا کرتی غلاموں کو رقت ہای سولا ہای آقا میں فلک سے
گذرتی ہنگامہ غم اور الم نے جن و انس کا قرار کہو دیا تہا صبر و سکون کو ملائکہ کی خم سے کنوا
دیا واہ تفعت الصیحۃ فی القصر فعلم اہل الکوفۃ ان امیر المؤمنین
قد قبض جب یہ صدای بکای مصیبت قصر اقصر معلای حرم کبریا سے بلند ہوئی اہل کوفہ
جو ہر دم گوش بر آواز تہی سب نے جانا کہ امیر المؤمنین نے قضا کی فاقبل النساء والرجال
یہرعون افواجا وصاحوا صیحۃ عظیمۃ فارتجت الکوفۃ باہلہا وکثر
البکاء والنحیب راوی کہتا ہی سراسیمہ عورت اور مرد اپنی جا سے دوڑے ہر ایک سمت سی
غول پر غول بتیابانہ سر و پا برہنہ بڑی آتا صدمہ ہوا کہ زنان پردہ نشین جوش خروش سے
بیخود نکلیں ہر محلہ اور گہر سے نالہ و بکا کا شور سے چہاتی چہاتی کوٹتی سر پیٹتی دار الامارہ چلیں ہر طرف
وہ وا ویلا اور ماتم برپا نظر آیا کہ زمین کو شہر کوفہ زلزلہ محشر آیا کوئی ہول کہا کی واقعہ الم

تیسری مجلس شہادت اور دفن امیر المومنین علیہ السلام

کوئی راہ مین مضطر اور پریشان پہرتا کیون حاضران بزم عزا ہرگاہ اوس روز تم بہی
وہان بار پاتی تو مولا کی حادثۂ شہادت مین کیا حال نہ پاتی اگرچہ جراحت سر وسی ہو ہتا آنکہین
تو اپنی فرق کی دستار اور کلاہ وَكَثُرَ الضَّجِيجُ بِالْكُوفَةِ وَقَبَائِلِهَا وَدُورِهَا وَ
جَمِيعِ أَقْطَارِهَا فَكَانَ ذٰلِكَ كَيَوْمٍ مَاتَ فِيهِ رَسُولُ اللّٰهِ نوحہ اور شیون کو فی کی محلات
اور قبائل شہر اور اطراف مین وہ دہوم سی ہوا کہ جیسا مدینہ مین یوم وفات کو رسول خدا علیہ السلام
و آلہ کی عندلہ بکا تہا فَلَمَّا أَظْلَمَ اللَّيْلُ تَغَيَّرَ أُفُقُ السَّمَاءِ وَارْتَجَّتِ الْأَرْضُ
وَجَمِيعُ مَنْ عَلَيْهَا بَكَوْهُ جب دفن حضرت کی شب حسنات آئی دست روزگار نی سیاہ
لباس مصیبت جہانکو پہنائی آفاق آسمان مین غبار سی تغیر دیکہا زمین کا نالہ اور افغان دنیا
اور مہاجرات بہر ہوا مین ہر طرحکی ظلمت سوگواری تہی دوسری ولت تک شدت غبار اندوہ
طاری تہی وَكُنَّا نَسْمَعُ جَلَبَةً وَتَسْبِيحًا فِي الْهَوَاءِ فَعَلِمْنَا أَنَّهَا أَصْوَاتُ الْمَلَائِكَةِ
فَلَمْ يَزَلْ كَذٰلِكَ إِلَى أَنْ طَلَعَ الْفَجْرُ ہوا مین بانگ تسبیح اور تہلیل ہمکو سنائی دی فرشتگی
صدای تقدیس تعزیت مولا مین پہچان لی دریای قلق اور ملال کا یون تلاطم رہا تا کہ دست
حسرت سی گریبان صبح چاک ہوا ثُمَّ ارْتَفَعَتِ الْأَصْوَاتُ وَسَمِعْنَا هَاتِفًا بِصَوْتٍ
يَسْمَعُهُ الْحَاضِرُونَ وَلَا يَرَوْنَ شَخْصَهُ پہر ایک مرتبہ غیب سی ہاتف نی ندا دی طبع
حزین سی یہ مرثیہ رقت ردیف کی نظم پڑہی حاضرین کو مضامین اتہال کی اشعار سماعت ہوتی آتی
لاکن پڑہنی والی کو ہرچند ڈہونڈہا پتہ نپائی حمیہ بِنَفْسِي وَمَالِي ثُمَّ أَهْلِي وَأُسْرَتِي
فِدَاءٌ لِمَنْ أَضْحَى قَتِيلَ ابْنِ مُلْجَمٍ جان اور مال قوم اور قبیلہ اہل وعیال میری فدا ہون
اوس مظلوم کی جو تیغ ابن ملجم سی مارا گیا اوسکی فرزند یتیم اور موالی مغموم رہی عَلِيٌّ سَمَا فَوْقَ
الْخَلَائِقِ فِي الْوَفَا فَهُدَّتْ لَهُ أَرْكَانُ بَيْتِ الْمُحَرَّمِ علی علیہ السلام جو بہ سبب وفا کے

حکایت مرد نابینا کی جو روایت ہی عین البکا کی

خلایق سی جہان کی برتر ہی اور ماتم سی حضرتِ والا کی ارکانِ خانۂ خدا منہدم اور زیر و زبر ہوئی

عَلٰی اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَمَنْ بَکَتْ لِمَقْتَلِهِ الْبَطْحَا وَاَکْنَافُ زَمْزَمَ امیر المومنین کی

شہادت پر چاہیے رسمِ عزا بجا لاتے جسکی لیے بطحا اور اطرافِ حرم اور چاہِ زمزم پر شور بکا سی تہلکہ پڑا

وَاَصْبَحَتِ الشَّمْسُ الْمُنِیْرُ ضِیَاءُهَا لِقَتْلِ عَلِیٍّ لَوْنُهَا لَوْنَ دُلْهَمٍ آفتاب کی

نور و ضیا پر ظلمتِ رنج کا اندھیرا چھایا قتلِ علی علیہ السلام سی نظامِ انجم اور افلاک مین روزِ انقلاب آیا

وَنَاحَتْ عَلَیْهِ الْجِنُّ اِذْ فُجِعَتْ بِهٖ حَنِیْنًا کَثَکْلٰی نَوْحُهَا بِتَرَنُّمٍ جنات اوسکی

سوگ مین اتنا سر و سینہ پیٹتی بیٹھیں رہی جیسی مادرِ فرزند مردہ بیٹی کی لاش پر نوحہ اور شیون کرتی

لِفَقْدِ عَلِیٍّ خَیْرِ مَنْ وَطِیَ الْحَصٰی اَخِی الْعَالِمِ الْهَادِی النَّبِیِّ الْمُعَظَّمِ علی

علیہ السلام سی جو بہترین ساجد اور عابد عالم ہی جہان درہم ہوا وہ امام مقتدا جو پیغمبرِ خدا کا برادر کرم

دو حکایتین جو ملا علی نقی بروجردی نی کتابِ فارسی عین البکا مین

لکہی مین جو اعتبار کی واسطی محدثین نی عربی زبان مین

نقل کر کی ترجمہ ہندی مین ضبط کین

جب حسنین علیہما السلام دفن سی شاہِ ہدیٰ و حسنین کی پہری تو راہ مین ایک مکانِ ویران کی جا

یا دلِ شکستہ اور حالِ خراب گذری وہان ایسی آوازِ نالہ استماع آئی کہ دل سامعان سی تا

قرار جاتی دریافتِ حقیقت کو شاہزادون نی اوس گہر مین قدم رکہا تو ایک بیمار ضعیف

اور بہت ناتوان زمین پر لیٹا دیکہا فرشِ خاک پر تکیہ کی بدلی اینٹین سرہانی دہری کراہتا

حالت تشریح سا پوست اور استخوان مانند زنِ پسر مردہ آنسو بہاتا ہی پوچہا ای مرد اپنی سرگذشت

خوار و زار ہین تنہا تو کیونکر یہان رہتا ہی اور کہان سی کہاتا پیتا اوسنی جواب دیا مین غریب

اور ملک کا آوارہ وطن ہون باوجود عوارضِ محتاج اور مبتلای انواعِ رنج و محن ہون پردیسی

تیسری مجلس شہادت امیر المومنین علیہ السلام سی نوحہ کرنا جناب کا

یار اور مددگار نہین سوای ناداری اور تنہائی کوئی آشنای پرستار نہین قسمِ زندانِ رسول سی سوال کیا ای شخص اگر تیرا کوئی مونس نہ تھا تو غذای پرہیز اور دوا کون دیتا ہی اس ویرانی مین اور سر پرست کیونکر جیتا ہی وہ مسکین یہ کلام سنکر شدت سی رویا حسرت زدہ آہ زاری مین بولا ایک سال گذرا جو مین یہان وارد ہوا مبتلای امراض مرنیکی قریب بستر پر پڑا تہا ناگاہ مردِ خدا مثلِ فرشتۂ رحمت میری بالین پر آیا پدرِ شفیق سی زیادہ مہربانی مین مجہی کہلایا پلایا ہر روز وہ بزرگ معمول سی تشریف لاتا سرہانی بیٹہہ کی محبت سی بالین سیاہ فرماتا اپنی ہاتہہ سی نوالی بنا کی منہہ مین ڈالتا پلاتا غذا علاج بیماری لا دیتا جبکو سنبہالتا سنبہالتا پہنی تو پوچہا تو اونکو پہچانتا ہی وضع کیسی صورت کیا پایا ہی عرض کی مین شناسا نہین ہون جو اوسکا نشان بتکو دی سکون بولی اونکا نام کیا ہی جواب دیا کہ اسم اپنا جیسی چہپایا ہی چہرہ مینی چاہا کہ مجہی نہین بتایا ہی یہی کہا میری شناخت کا مدعا کیا ہی مین تیری خدمت واسطی رضای خدا کی بجا لاتا ہون اسکی عوض مین اجرت اور ناموری نہین چاہتا ہون پوچہا اونکی صورت کا بیان سمجہا کر قد اور قامت اور بشرہ کیسا تہا بولا مین آنکہون سی اندہا ہون کسی کو نظر سی نہین پہچان سکتا ہون افسوس ہی کہ وہ مہربان تین دن سی جدا ہوا خدا جانی کس شفیق کس دکہہ مین مبتلا ہوا حسنین فرمانی لگی ای بندۂ خدا کوئی پتا بتا کچہہ خو یا صفت سی اونکی جو یاد ہو علامت وہی سنا اوسنی عرض کی ہر وقت زبان پر ذکرِ خدا کا جاری تہا وظیفہ اوسکا تسبیح اور تہلیل کا رہتا تہا جب میری پاس آکی خاک پر جلوس فرمایا کرتا تو کہتا مسکین قرین مسکین اور غریب بالین غریب مین بیٹہا ہی اوصاف سنکی شاہزادون نی داڑہین مار کی رو دیا فرمایا ای مرد وہ ہمارا پدر علی مرتضی علیہ السلام تہا جسکا تو نی ذکر کیا اوس مریض نی کہا پہر کیا سبب ہوا جو حضرت جیسی خدا بین کو ان سی آفت یا مصیبت پڑی جس مین وہ مبتلا ہی

۱۵۵

حکایت زنِ بیوہ روایت عین البکاسی زبانی امِ کلثوم رضی اللہ عنہا

حسنین بولی ای بہنو اشقی ترین خلق نی اونکی سر پر زہر کی بجھی تلوار لگائی کہ اوسکی صدمات سی
شہید ہوی جنت کو رحلت فرمائی ابھی ہمنی اونکو دفن کیا ہی اس ماتم نی داغ یتیمی ہمکو دیا ہی
نابینائی جو یہ خبرِ مصیبت اثر کو سنا طاقتِ ضبط نرہی بیتاب ہوکی سر دہنا منہہ اور سینہ اپنا
پیٹ کی چلا یا زار زار اور بیقرار انکھون سی دریای سرشک بہایا کہتا ہای افسوس ای مومنو کی سرور
اب کون میری خبر لینی کو آئیگا صد حیف ای غریبون کی پرستار اس مہربانی سی کون کہلائی پلائیگا
واحسرتا ایسا شفیق دنیا سی گذر جائی اور مین جیتا رہون ملو ظلم و جفا سی شہادت پائی اور سنکی
عزا و مصیبت مین جان سی نہ مرون ہر چند اوس غمزدہ کو حسنین علیہما السلام تسلی دیتی مگر جو شِ
غم و شِ مین سرِ شک نہین دم لیتی شاہزادون سی تمنا کی واسطی اپنی نانا رسولِ خدا کی بھی قبر حضرت پر
پہنچاؤ غلام کو جلدی اوس تربتِ مقدس کی بوی روح افزا سنگھاؤ فرزندان بتول اوسکا ہاتھ
پکڑکی مزار والد پر لائی لحدِ انور کی برابر بٹھایا الفاظِ صبر و شکیبائی فرمائی اوس روشن دل نی قبر
مولا پر سر اپنا رکھا خاکِ پاک منہہ مین لگا کی درگاہِ خدا سی طالب رہا پروردگار تجھی قسم دیتا ہون صاحب
تربت کی میری موت آجائی اب دردِ فراق مین ایک لحہ جینا شاق ہی مرون تو آرام ائی دعا اوسکی
درجہ اجابت کو پہنچی مزارِ شاہِ مردان پر جان بیقرار نکلی حسنین علیہما السلام نی اوسکو غسل اور کفن دیا
جوارِ امام سلطانِ اوصیا مین فقیر کو دفن کیا ایضاً اوسی کتاب مین امِ کلثوم سی روایت کی جب
بہائی حسن اور حسین کو تجہیزِ پدر سی فراغت ملی اور ہمکو خبر دی صفِ ماتم حیدرِ صفدر کی اہلبیت مین
الہم فی رسمِ سوگ اور عزاداری برپا کہی ہماری گہر مین نوحہ اور بکا سی شورِ محشر ہونی لگا حد سی
زیادہ ایک عورت کو سر پیٹ کی روتی دیکہا مین جانا کوئی زن ہاشمیہ سی وہ دیکہا ہی جو فرط غم
اوسکا نام اور نشان بھی بھول گیا ہی نزدیک جاکی پوچہا ای بی بی تجھی عترتِ رسالت سی کیا
کہ سی زیادہ مبتلای زاری و رقت ہی اوسنی جواب دیا ای بنتِ خاتونِ جہان یہ مصیبت مین

وكفنوني قال الحسن فوجدنا
عند رأسه طبقا من الرطب
عليه خمس تمرات من
رطب الجنة فسألت من
كفن الجنة فلما فرغوا من
غسله وتكفينه اتى العجب
وحملوه فما العجب قال فيا
منه وكان قال العجب
الى فوجه فقيام عنده قائما
الضريح وقعد على شفير القبر

تتمہ حکایت زن بیوہ بروایت ام کلثوم رضی اللہ عنہا

پھری بربادی کا سامان آیا زمانہ میں دوبارہ فلک نے مجھ بیوہ اطفال کو یتیم بے خانمان بنایا
یہی کہا بیان کرنا وہ کیا ماجرا ہے بولی میرا شوہر جہاد میں مارا گیا ہے چند طفل صغیر بے وارث چھوڑ گئے
اونکو محنت اور مزدوری سے پالتی ہوں ایک روز مشک پانی کی بھری لئے راہ سے گذری میری اوس
حال پر مولای دوجہان کی نظر پڑی رحم اور مروت سے کہا ای ضعیفہ یہ مشک مجھ دے کہ لیچلوں
اس بار کو تیری مکان تک پہنچا دوں میں نے قبول کیا راہ میں میری گذران اوقات پوچھی
سرگذشت سنکر تاسف میں دردانہ سے مراجعت کی دوسرے دن راہ کرم اور غربا پروری میں
قدم رکھا دروازہ پر آواز دی تو میں نے پوچھا کون ہے بولے وہ بندۂ خدا جو کل تیری مشک
لایا تھا جب کیواڑ کھولی تو صحن سرا میں آئے جنس طعام بچوں کی واسطے زنبیل میں بھری لائے اور
کہا میں اطفال کو بہلاتا ہوں جب تو آٹا گوندہ لے تو آتش تنور میں روشن کر دوں پس میری لڑکی
سینہ میں اپنی ہاتہ سے نوالے بناکے دیتے تھے اور کہتے تھے کہ ہم کو معاف کرو جو تم سے خبر اب تک نہیں تھی
ہوئی باتوں سے لڑکوں کو بہلاتے کھلاتے والدہ سے زیادہ محبت میں اونپر دست شفقت پھیراتے
ہرگاہ خمیر تیار ہو چکا میں نے پکار کے اونسے کہا اوٹھو آگ جلاؤ اور تنور میں روٹی لگاؤ حضرت
آتش کو روشن کرتے تھے جو شرارے سینہ میں لگتے تو کہتے تھے ای نفس حرارت کو نار جہنم کی
اوٹھانا پرورش آرامل اور ایتام کو بہول جانا اس حال میں ایک عورت ہمسایہ آئی سر دیوار سے
مصروف محنت دیکھ کے چلائی ای بیوہ کیا غضب ہے کہ شوہر بتول سے خدمت لیتی ہے اور حضرت
رسول کو اذیت بخت ویتی ہے جب کہ اوس ضعیفہ ہمسایہ کا بیان سنا جانا اور امام پہنچا
نبی ہدا کو پہچانا دوڑکی قدم عرش پایہ پر نجالت رکھا ندامت اور عذر خواہی میں باچشم تر کہا
ای آقای دوجہان لونڈی کی قصور کو معاف کرو میری جان اور تمامی فرزندان آپکی شفقت پر
قربان ہو اوس سے وہ پریشان اور شوہر بیوہ زنان ہمیشہ آتی آذوقہ چند روزہ اپنی ہاتہ سے

بیان علم ائمہ ہدین الخیرین الا من طرق
مختص علی امیر المومنین وسندیہ
فوجد الزہراء وحوا ومریم وآسیہ
کشف الحسین حائل بحالیہ
محمد نون مع امیر المومنین و
فوجدنا رسول اللہ وادم وابراہیم
الحسین حائل وجد امیر المومنین
الضریح مغطی بثوب من سندس کشف

تتمہ حکایت زن بیوہ و بیانِ بیت شاہ ولایت در مقامات مختلف

لاکی دیجاتی ہیجان اسدجوا ون طفلان بی پدر کی پرورش کرتی رانڈ عورت پریشان کی نوازش پہ
مصروف رہتی اونکی اولادِ غریب کو کسی نی خالی تسلی نہ دی کہا پیٹ کیا بہوک پیاس میں بازیا
مارا طمانچہ اور سیلی سی خبر لی قطعہ للمولفہ سکتہ ہی اب مقال سی طبعِ حزین کو جوش نہ کا
ہوش نہیں ہو منین کو ہلتا ہی عرشِ صدمہ ماتم سی بار بار نالان جو دیکہا عیسیٰ گردون نشین کو
کیونکر نہ ہو یہ شور و فغان سکانِ عرش روتی ہین جبرئیل کہڑی شاہدین کو فریاد آہ و زاری ماتم کی دہوم
رقت سی زلزلہ ہوا ساری زمین کو کہتی ہین انبیای سلف خلد مین بہم ہنگام تعزیت ہی رسول امین کو ناظم کو ہی وسیلہ مشکل کشا علی دستِ ولا مین رکہتا ہی حبل المتین کو

تتمۂ روایات حاشیہ

من طریق البرسی ولا اعتمد علی ما یتفرد بنقله ولا اردها لورود الاخبار الکثیرة
الدالة علی ظهورهم بعد موتهم فی اجسادهم المثالیة وقد مرت فی کتاب المعاد
وکتاب الامامة کا العدة عن البرقی قال لما اصیب امیر المؤمنین نعی الحسن
الی الحسین وهو بالمداین فلما قراء الکتاب فقال یا لها من مصیبة ما اعظمها
مع ان رسول الله قال من اصیب منکم بمصیبة فلیذکر مصابی فانه
لن یصاب بمصیبة اعظم منها وصدق صلوات الله علیه حه ان جعفر
حدثها ان امیر المؤمنین علیه السلام امر ابنه الحسن ان یحفر له اربع قبور
فی اربع مواضع فی المسجد وفی الرحبة وفی الغری وفی دار جعدة بنت هبیرة
وانما اراد بهذا ان لا یعلم احد من اعدائه موضع قبره حه قال لما مات اخرجناه
وجعلنا نحمل مؤخر السریر وتکفی مقدمه وجعلنا نسمع دویا وحفیفا حتی اتینا
الغریین فاذا صخرة بیضاء تلمع نورا فاحتفرنا فاذا ساجة مکتوب علیها

وستة اشهر ممتحنا بجهاد المنافقين من الناكثين والقاسطين والمارقين ثم مضطهدا ... كما كان رسول الله ثلاث عشرة سنة من نبوته ... من احكامها ... وهاربا ومطرودا ... من جهاد الكافرين ... من المؤمنين ثم هاجر

واقام بعد الهجرة عشر سنين مجاهدا المشركين ممتحنا بالمنافقين الى ان قبضه الله اليه واسكنه جنات النعيم وقبض صلوات الله عليه قتيلا في المسجد الكوفة وقت التنوير ليلة الجمعة لتسع عشرة ليلة مضين من شهر رمضان سنة اربعين من الهجرة على يدي عبد الرحمن بن ملجم المرادي ...

حالات اخفا وظهور مزار علی مرتضیٰ علیه السلام

علیه السلام دعا برئة شاة حارة فاستخرج منها عرقا ثم نفخه ثم استخرجه
واذا علیه بیاض الدماغ فقال یا امیر المومنین اعهد عهدک فان عدو الله
اور پرچپ کی جسقدر راہ نہین دیکھتا تہی تو تیرتی مروی المبرد فی الکامل قال مروان بن الحکم انی مشغوف ببغلۃ الحسن بن علی علیہما السلام کتاب کامل ازیارت مین لکہا ہی کہ مبرد نی سند سی کہا ہی ایک روز مروان ابن حکم اپنی مقربونسی بولا مین بہت شایق ہون مرکب امام حسن ابن علی علیہما السلام کی سواری کا فقال لہ ابن ابی عتیق ان دفعتہا الیک تقضی لی ثلاثین حاجۃ قال نعم ابن ابی عتیق نی ذمہ لیا اگر مین تیری خواہش کو ادا کرون تو میری تیس حاجت کو روا کرنا وعدہ کیا اچہا اپنی قول سی نہ پہرنا قال اذا اجتمع القوم فانی اخذ فی مآثر قریش وامسک عن مآثر الحسن علیہ السلام فلمنی علی ذالک تماجب اکابر قریش کا جلسہ ہوگا مین سب ناموران قوم کی تعریف اور مدح کرونگا امام حسن علیہ السلام کی ثنا زبان پر نہ لاونگا اوسمین تمہید مدعا ہی جو بات سناونگا تو مجہی ملامت کرنا جواب مین تماشا دیکہنا فلما حضر القوم اخذ فی اولیۃ قریش فقال مروان الا تذکر اولیۃ ابی محمد ولہ فی ہذا ما لیس لاحد ہرگاہ مشایخ اور بزرگان قریش جمع ہوئی ہزار اوسنی ہر ایک قریش کی وصف کو جلوہ دیا مروان بولا کیون ابو محمد حسن علیہ السلام نام درمیان نہین لایا کہ خدا نی اونکی نسل دوسرے عرب مین نہین بنایا قال انما کنا فی ذکر الاشراف ولو کنا فی ذکر الانبیاء لقدمنا ذکرہ جواب دیا یہ وصف جناب اشراف بنی آدم کا تہا روئی گر شان اور شوکت انبیا بیان کرون تو اونکا نام لون فلما خرج الحسن علیہ السلام لیرکب اتبعہ ابن ابی عتیق فقال لہ الحسن وتبسم الک حاجۃ قال نعم رکوب البغلۃ جسوقت امام حسن علیہ السلام اوس محفل سی باہر آئی اپنی مرکب پر چڑہنی کو قدم بڑہائی ابن ابی عتیق بہی دوڑا سامنی جا کی استادہ ہوا کہڑا ہو اخندہ زنان پوچہا تیرا کوئی مطلب ہی عرض کی اس خچر پر سوار ہونی کی طلب ہی فنزل الحسن

۱۹۰

مجالس چوتھی روایات فضیلت اور حالات شہادت امام حسن مجتبی علیہ التحیۃ والثنا

عَلَیْهِ السَّلَامُ وَدَفَعَهَا اِلَیْهِ اِنَّ الْکَرِیْمَ اِذَا مَا دَعَتْهُ اِنْخَدَعَ اَوْ رکب
دوش رسول پشت رہوار ہی اور تیری مرکب اپنا مع ساز حوالے کیا اوسی اور خوشی رہی مدہ سبکی
سخی کو جب کوئی فریب دیتا ہی تو وہ دہوکا پاتا فیض بخشی جان لیتا ہی مروی ہی اُبَیٍّ عَنْ
سَعْدٍ عَنْ سُدَیْرٍ قَالَ قَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ عَلَیْهِ السَّلَامُ وَمَعِیَ اِبْنِیْ یَا سُدَیْرُ
اُذْکُرْ لَنَا اَمْرَکَ الَّذِیْ اَنْتَ عَلَیْهِ فَاِنْ کَانَ فِیْهِ اِغْرَاقٌ کَفَفْنَاکَ عَنْهُ
وَاِنْ کَانَ مُقَصِّرًا اَرْشَدْنَاکَ سند معتبر سی کتاب علل الشرایع مین لکہا ہی کہ ابی اور سعد
اور سدیر نے حضرت صادق علیہ السلام سی منقول کہا ہی چند شخص ابی عبد اللہ کی حاضر ہوا
میرا بیٹا بہی اوس دن ہمراہ تہا جناب نے خطاب کیا ای سدیر ہمارے سامنی بیان کرو وفاداری کی
امر کو جسمین تم مبتلا اور پریشان ہو اگر وہ مبالغی سی زیادہ بڑہا ہی تو ہم گہٹا دون ہرگاہ اوسمین
تمہاری فہم سی قصور کمی ہی تو ہدایت کرون قَالَ فَذَهَبْتُ اَنْ اَتَکَلَّمَ فَقَالَ اَبُوْ جَعْفَرٍ
عَلَیْهِ السَّلَامُ اَمْسِکْ حَتّٰی اَکْفِیَکَ راوی کا اظہار ہی مین چلا کہ سائل سکوی
گفتگو درمیان مین لاؤن ابوجعفر علیہ السلام بولی چپ رہو کہ رفع شبہات ایک بات سنا دون
اِنَّ الْعِلْمَ الَّذِیْ وَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ عِنْدَ عَلِیٍّ عَلَیْهِ السَّلَامُ
مَنْ عَرَفَهُ کَانَ مُؤْمِنًا وَمَنْ جَحَدَهُ کَانَ کَافِرًا بیشک جتنا علم کان اور یا کیا تہا
وہ سب رسو لخدا نے علی مرتضی علیہ السلام کو سونپا جو اوس سے عارف ہوا مومن ہوا جسنی انکار کیا
وہ کافر اور مرتد ہوا ثُمَّ کَانَ مِنْ بَعْدِهِ الْحَسَنُ عَلَیْهِ السَّلَامُ اونکی بعد حسن مجتبی علیہ السلام
وہی مرتبہ تہا کہ رتبہ علائی علم اور فضل مین اپنا خلیفہ کہا قُلْتُ کَیْفَ یَکُوْنُ بِتِلْکَ الْمَنْزِلَةِ
وَقَدْ کَانَ مِنْهُ مَا کَانَ دَفَعَهَا اِلٰی مُعَاوِیَةَ یعنی عرض کی کیونکر ہو سکتا جو ایسی رتبہ
عالی ہی کہ اونکی لیئی ثابت ہوا خلافت کی امر سی ہاتہ اوٹہایا حق اپنا غیر کو دلوایا فَقَالَ

بعلاً على المنبر فاراد الكلام فخنقته العبرة فقعد ساعة ثم قام فقال خطبة طويلة ثم قال واقد حدثني حبيبي جدي رسول الله ان الامر يملكه اثنا عشر اماما من اهل بيته وصفوته ما منا الا مقتول او مسموم ثم نزل عن منبره

مجلس چھتیسویں روایاتِ فضیلت اور حالاتِ شہادتِ امام حسن مجتبیٰ علیہ التحیۃ والثنا

فقال اُسکت فانّہ اعلم بما صنع لولا ما صنع لکان امرٌ عظیم ارشاد فرمایا اپنی زبان تھام لے بدرستی کہ وہ بہت اچھی عالم احکام تھے جو مناسب جانا وہی عمل میں لائے صلح کرنیمیں مفاسدِ امت مٹائے اگر بالاب پر وہ راضی نہوتے تو جان و مال خلق بہت کھوتے پس ای حاضرانِ بزمِ عزا ویکتائی مناقب اور مراتبِ علیا کو سنا اپنی مولا امام ہما کی قدر و منزلت کو پہچانا مسلو کہ بحجتِ خدا واسطے رفاہِ احبا کی قوت ایمان سے جانا لہذا مصائب اور محنت کی حالات گوش کرو بنای سوگواری میں مصروفِ نالہ و خروش ہو قطعہ للمولفہ اب آیا وقتِ زاری

فریاد انجمن ہے بیٹھو مجھو دل سے کرو ماتم حسن + ایسا جانِ ہوش جان لڑا دو خروشمیں جوش کا
تختہ طوفان پہ طعنہ زن + اس غم میں روح شاہ نجف بیقرار ہے + تہ سے سیر شکِ فاطمہ سے دامن کفن
بیتاب ہیں رسول نواسے کی واسطے + تربتِ اخترِ نبی کا ہوا خلد کا چمن + ناظم تھی ہیکا یہی
دونو جہان میں + راضی خدا کی ذات ہو خوشنود پنجتن

ذکرِ مصیبت اور شہادتِ رابعِ آلِ عبا امام حسن مجتبیٰ علیہ التحیۃ والثنا

لب تشنگانِ زلالِ حزن و ملال و تشنہ گانِ مایدہ اندوہ و انتہال جرعہ نوشانِ پیمانہ زہرِ بلا و سبز پوشانِ جامۂ تسلیم و رضا و وفا کیشانِ سلسلۂ مصیبت و ماتم و دلریشانِ سودہ غم و الم جامِ بیانِ حسرت فام کہ سبو کی مضمونِ شور افکن سے چھلکاتی واسطے تشنہ قسمت کے اس کیفیت میں زبان و دہن پر لاتی ہیں کہ مدام قدحِ ہیچ بنائی سے آلام حریفانِ بزمِ خلقت کو مدہوش کرتا ہے اور مستانِ تلخکام کو نمانِ شوق دُرد و دہر خراب سے خم آفت کا سر جوش پیالۂ نوش میں بھرتا ہے کسی کی خوانِ بیامانی میں روزہ کشائی کو شیرِ بلا اِل امیر طبق افطار پر لاکش کیا کسی کی ہیچ زندگانی سے روزہ دو دو وصال میں الوان گرسنگی اور تشنگی کا مزہ چکھا کسی کی شیشہ ہمہ کی

۱۹۲

فقال الربيع تنفعه والحر ونفعني
والبرود يطيبه بها عادتي
كلابه فقال انا امام خلق
الله وابن محمد رسول الله
فخشي معاوية ان يتكلم بعد
ذلك بما يفتتن به الناس
فقال يا ابا محمد انزل فقد
كفى ما جرى فنزل عن المنابر
من ابا بيات المدائن في خبر
ان مروان بن الحكم خطب يوما
فذكر علي بن ابيطالب فنال منه والحسن بن علي
جالس فبلغ ذلك الحسين فجاء الى مروان فقال
يا ابن الزرقاء انت الواقع في علي في كلام له
دخل على الحسن فقال لتسمعن هذا لسبب ان اقول له
تقول له شيئا فقال وما عسيت ان اقول لرجل
مسلط فيقول ما شاء ويفعل ما شاء الى ابي سعيد
علي بن احمد بن محمد معقل عن الحسن بن ابيطالب
عقيصا قال قلت للحسن بن علي بن ابيطالب يا
رسول الله لم داهنت معاوية وصالحته
وقد علمت ان الحق لك دونه فقال يا ابا سعيد

۱۹۳

مجالس ہوتی ہیں ثواب فضیلت اور حالات شہادت امام حسن مجتبی علیہ التحیۃ والثنا

دہار اور غبار پیمانہ سرشار پر جان دی کیسی صراحی گردن شادین سے قلقل و اعطشا حتمار ہین روانکی
اگر شاید ہو زبانی پانی پلا یا تھہ بادہ ہلاکسے بھر لا یا ہر گاہ ساقی دور ویلا نی سے کہا گلا یا یا ہو قطرہ
لہو خاک پہ بہایا ہو وہ صبوحی کش ہین دست جور وجفا کی وہ عاشق وش ہین لذت صدق و وفا کی
ایک سردار جلسہ عرفان ہی ایک پاکیب عرصہ امتحان ہی امام حسن علیہ السلام کی دل وجگر سے پارا
لگری ہوی امام حسین علیہ السلام پیاسی کی ماری زیر خنجر و لبا خنجر تڑپتی رہی عج مروی عن
الصّادق علیہ السّلام عن آبائہ انّ الحسن قال لاہل بیتہ انّی اموت
بالسّم کما مات رسول اللہ کتاب خرائج مین حضرت صادق اور اوکی اباء کرام علیہم
السلام روایت کی ہی کہ امام حسن علیہ السلام فی اپنی اہلبیت سے یہ عبارت کہی ہی عنقریب مین
مین شہید کیا جاؤنگا جیسا کہ رسولخدا مسموم ہوکی درگذری صدمہ پاونگا قالوا ومن یفعل ذالک
قال امرأتی جعدۃ بنت الاشعث بن قیس فان یدس الیہا و یامرہا
بذالک اقربانی پوچھا یہ ناگہانی آفت کہان سے آئیگی جوابدیا میری زوجہ جعدہ بنت اشعث
دست جفا بڑہائیگی فریب سے حقی آمادہ ستم کی جائیگی اشارہ دشمن سے مجہی زہر قاتل پلائیگی
قالوا اخرجہا من منزلک و باعدہا من نفسک عرض کی اوسے دو تنہانہ
سے کہو اپنی جان پر محنت اور مصاحبت سے دور کرو قال کیف اخرجہا ولم تفعل بعد
شیئا ولو اخرجتہا ما قتلنی غیرہا وکان لہا عذر عند النّاس فرمایا کیونکر
اوسکو نکالدون جبتک ضرر پہنچاتی نہ دیکہون اگر میں گھر سے باہر ہی کیا تو سوا اوسکی کون ہی
مار یگا بہہ الزام بیگناہ مدام رہیگا خلق مین عذر ظالم بدنام کریگا فما ذہبت الایام
حتی بعث الیہا معاویۃ مالا جسیما و جعل یمنیہا بان یعطیہا مائۃ الف درہم
ایضا و یزوجہا من یزید تہوڑی دن نگذری کہ جعدہ کو بست ساز رومال ارسال کیا

احد الاخیل قال الصدوق
لما نا لمن شیعتنا علی وجہ الارض
وجہ الحکمۃ فیہ ولولا ما اتیت
وفی مکرہ انا امام مفترض الطاعۃ
فعلہ لاشتباہ وجہ الحکمۃ
الا تری ان الخضر لما خرق السفینۃ
واذکان وجہ الحکمۃ فیہا ذا ما جاریۃ

مجلس چوتہی روایات فضیلت اور حالات شہادت امام حسن مجتبی علیہ التحیۃ والثنا

اور علاوہ سو ہزار درہم حق السعی کا وعدہ دیا دوسری طمع کی بات کہی جو یہ کام کری کی حصول و
اور جاہ پر زوجہ یزید کی ہوگی وحمل الیہا شربۃ السم لتسقیہا الحسن علیہ السلام
زہر ہلاہل پوشیدہ ساتھہ اسیکی مکر کی پہنچایا امام حسن علیہ السلام کی پلانی کہلانیکو طریق ہلاکت بتایا
فانصرف علیہ السلام الی منزلہ وھو صائم ہرگاہ وہ جناب بیت الشرف میں اپنی
باہر سی پہری اتفاقا اوسدن بہی مانند سائر ایام روزی سی تہی فاخرجت وقت الافطار
وکان یوما حارا شربۃ لبن وقد القت فیہا ذالک السم فشربہا جب وقت
افطار آیا وہ موسم شدت گرمی کا اور یوم تپش تہا جعدہ بیوفانی زہر بہا دودہ ملاکی سامنی کیا
اوس تشنہ کام تیغ شہادت نی پیالہ اجل نوش کیا تمام دل اور جگر حضرت کو پاش پاش کر دیا
کام و دہان سی ناف تک سوزش سم پہنچی سر مبارک درد سی بیتاب قرار و آرام کم ہوئی وقال عدوۃ
اللہ قتلتنی قاتلک اللہ واللہ لا تصیبین منی خلفا ولقد غرک وسخر
بنات وخزیک وخزیہ فرمایا ای دشمن خدا ناحق تو نی مجہی مارا پروردگار تجکو بہی قتل کری
جیسا تیری ہاتہہ سی میری اوپر ستم گذرا ای ظالم بہروت دنیا و اخرت میں خسارت اوٹہایگی ہرگز
مراد اور مطلب دلکی بخیر و خوشی نہ پایگی اوس ستمگار غدار سیرت مکار نی بہی فریب دیا مشہور میں مرد
اوس شقی بی نصیب کیا بعد انہیں ہمیشہ غمگین اور حزین رہیگی میری خوبی اور سلوک یاد کریگی اتھک
علیہ السلام یومان ثم مضی پس جناب نی دو دن اسکی اوپر درد میں بسر کی بعد ان
باہزاران اندوہ راہ خلد برین سدہارے ایضا وفی روایۃ اخری جعلتہ فی طعام کانا
وضعتہ بین یدیہ اور دوسری روایت میں یون آیا ہی کہ وقت شام جب ہوا ایمان افطار کا
خوان بنایا ہی کہانی میں زہر ملا کر اکی چاشنی ملائی امام صائم الدہر کی سامنی وہ طبق لائی قال
انا للہ وانا الیہ راجعون والحمد للہ علی لقاء جدی محمد سید المرسلین وابی سید

مجلس چوتھی درروایات فضیلت اور حال شہادت امام حسن مجتبیٰ علیہ التحیۃ والثنا

سَیِّدُ الْوَصِیِّیْنَ وَاُمِّیْ سَیِّدَۃُ نِسَاءِ الْعَالَمِیْنَ وَعَمِّیْ جَعْفَرُ الطَّیَّارُ فِی الْجَنَّۃِ وَحَمْزَۃُ سَیِّدُ الشُّہَدَاءِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِمْ اَجْمَعِیْنَ ہرگاہ اوس طعام قاتل پر نظر اوپڑی آئینہ ضمیر میں صورت شہادت دیکھی آیہ اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ پڑھی لقای جد و مادر و اقربا کی نوید کہی مُرْوِیٌّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ وَدَخَلَ الْحُسَیْنُ عَلَیْہِ السَّلَامُ عَلٰی اَخِیْہِ الْحَسَنِ عَلَیْہِ السَّلَامُ فِیْ مَرَضِہِ الَّذِیْ تُوُفِّیَ فِیْہِ فَقَالَ کَیْفَ تَجِدُکَ یَا اَخِیْ راوی کہتا ہی امام حسین علیہ السلام فی حسیدہم خبر وحشت اثر بیماری برادر کی سنی بیتاب اور مضطر پاس امام حسن علیہ السلام کے آئے عجب حالت دیکھی عورات اہل حرم اطفال پر غم چار طرف سی گھیری ہین امام اہم شدت الم سی وجع کی لوٹ رہی ہین پوچھا ای بھائی کیا حال ہے انتقال کی کہ رنگ زرد چہرہ اوداس جی نڈھال ہی قَالَ لَہٗ اَجِدُنِیْ فِیْ اَوَّلِ یَوْمٍ مِّنْ اَیَّامِ الْاٰخِرَۃِ وَالْاٰخِرِ یَوْمٍ مِّنْ اَیَّامِ الدُّنْیَا جواب دیا اپنی جان کو آمادہ موت پاتا ہون دورہ حیات کو تمام ہوا دیکھتا ہون پہلا روز ہی ایام عقبیٰ کا اور پچھلا دن ہی گذران دنیا کا وَاَعْلَمُ اَنِّیْ لَا اَسْبِقُ اَجَلِیْ وَاِنِّیْ وَارِدٌ عَلٰی اَبِیْ وَجَدِّیْ عَلَیْہِمُ السَّلَامُ عَلٰی کُرْہٍ مِّنِّیْ لِفِرَاقِکَ وَفِرَاقِ اِخْوَتِکَ وَفِرَاقِ الْاَحِبَّۃِ ای برادر جانو تم کہ مین اجل سی نہین بچونگا اب جد و پدر و مادر علیہم السلام سی جا کی ملونگا مگر سوز فراق مین تمہاری اور بھائی بہن کی غمزدہ ہون دوری اور ہجرت سی احباب کی بہت آزردہ ہون افسوس کہ مرگ نی درمیان مین تفرقہ ڈالا ساری عزیز اور فرزندون سی حسرت و یاس مین باہر نکالا فَقَالَ لَقَدْ سُقِیْتُ السَّمَّ مِرَارًا وَمَا سُقِیْتُہٗ مِثْلَ ہٰذِہِ الْمَرَّۃِ فرمایا کبھی دو مرتبہ دغا سی زہر پلایا ہی مگر ایسا مہلک شربت جفا کبھی نہین چکھا یا ہی لَقَدْ تَقَطَّعَتْ طَائِفَۃٌ مِّنْ کَبِدِیْ وَرَاَیْتُنِیْ اُقَلِّبُہٗ بِعُوْدٍ فِیْ یَدِیْ دریغ و درد کہ سم قاتل نی میری دل کی ٹکڑی کئی اور اس بلا کی

مجلس چہارم روایات فضیلت اور حالات شہادت امام حسن مجتبیٰ علیہ التحیۃ والثناء

تیر ہی سی اعضا و احشای درون ثابت نرہی ای برادر تم دیکھتی ہو کہ سختی خون کی قی کرتا ہو
جو لکڑی میری ہاتھ مین ہی اوسکی نوک سی ریزہ جگر الٹتا ہون چند بار زہر کی تردینی دیکھو
کی ہی کہ سب لگن کلیجی کی ٹکڑون سی بھری ہی وَلَقَدْ عَرَفْتُ مَنْ دَهَانِی وَمِنْ اَیْنَ
اُوْتِیْتُ بدرستی کہ مینی پہچانا جسنی یہ کام کیا ہی او معلوم ہی کہان سی فساد کیا دیا ہی فَقَالَ
لَهُ الْحُسَیْنُ یَا اَخِیْ وَمَنْ اَسْقَاکَ امام حسین علیہ السلام نی پوچھا ای بھائی کسنی پلایا
اور عمر بھر کو سوز غم سی جلایا ہی قَالَ لَهُ وَمَا تُرِیْدُ بِذٰلِكَ فَاِنْ کَانَ الَّذِیْ اَظُنُّهُ
فَاللّٰهُ حَسْبُهُ وَاِنْ کَانَ غَیْرَهُ فَمَا اُحِبُّ اَنْ یُؤْخَذَ بِیْ بَرِیٌّ اوس سعدین رحم
کرم نی فرمایا ای شان اوس نام مجرم سی کیا قصد ہی تمہارا چاہتی ہو میری آزار کا انتقام
کردار لو دشمن جفاکار کو سزای اطوار دو پس اگر جسپر میرا شبہہ گیا وہی ستم آرا ہی تو خدا
عوض اعمال دینی والا ہی اور اگر وہ خطا شعار نہو تو بھی منظور نہین سکتا وہ تبلای گیرودار
قَالَ فَلَا اُخْبِرُكَ بِهٖ حَتّٰی نَلْقٰی رَسُوْلَ اللّٰهِ ارشاد کیا قاتل کا پتا ہرگز نہ بتاؤنگا
تاکہ نانا سعد خدا کی زیارت کرون اونہین سناؤنگا رُوِیَ عَنْ جُنَادَةَ بْنِ اَبِیْ اُمَیَّةَ
قَالَ دَخَلْتُ عَلَی الْحَسَنِ بْنِ عَلِیٍّ فِیْ مَرَضِهِ الَّذِیْ تُوُفِّیَ فِیْهِ جنادہ ابن ابی امیہ سی
روایت کی ہی اوسنی یہ مصیبت دیکھی ہوئی کہی ہی یعنی خبر بیماری امام حسن علیہ السلام کی پائی
وہ مرض جسین دنیا سی رحلت فرمائی عیادت کو گیا بشرفیاب خدمت ہوا وَبَیْنَ یَدَیْهِ
طَسْتٌ یُقْذَفُ عَلَیْهِ الدَّمُ وَیَخْرُجُ کَبِدُهٗ قِطْعَةً قِطْعَةً مِنَ السَّمِّ الَّذِیْ
اَسْقَاهُ دیکھا طشت آگی رکھا ہی وہ جناب اوسمین جگر کی ہوئی استفراغ کرتی ہین جو زہر دیا
اوسکی باعث خوناب قی مین جگر کی سختی تیرتی ہین فَقُلْتُ یَا مَوْلَایَ مَا لَكَ لَا تُعَالِجُ
نَفْسَكَ جنادہ بیان کرتا ہی مین بیتاب ہوگیا چشم پر آب اوس جناب سی کہا یا مولائی

مجلس چوتھی روایات فضیلت اور حالات شہادت امام حسن مجتبیٰ علیہ التحیۃ والثنا

جو دکھہ اوٹھاتی ہو اور اپنا علاج مرض نہیں فرماتی ہو فقال یا عبد اللہ بماذا اعالج
الموت بولی ای بندۂ خدا نہیں جانتا ہی مداوای موت کس چیز سی ہو سکتا ہی قلت انا
للہ وانا الیہ راجعون ثم التفت الیّ فقال اوسدم تاسف سی مجہی رونا آیا
فقرہ انا سد زبان پہ لایا پھر وہ سرور میری طرف متوجہ ہوی آواز دردناک ضعیف سی کلام کی
واللہ لقد عہد الینا رسول اللہ ان ہذا الامر یملکہ احد عشر اماما
من ولد علی وفاطمۃ ما منا الا مسموم او مقتول قسم خدا کی عہد و پیمان رسول
ہماری ساتھہ کیا گیا ہی یہ مصیبت ساری فرزندان علی اور فاطمہ کی لئی مہیا ہی زہر جفا
کہلا جاتی خواہ تلوار اور خنجر سی گلی کٹتی ہیں ثم رفعت الطست وبکی قال ثم
انقطع نفسہ واصفر لونہ حتی خشیت علیہ بعد ازان وہ طشت پر خون
اوٹھایا اور شاید خدام فی حرم سرا میں بھیجا یا دستور ہی بیمار کا طشت ہر گاہ اوسمیں کی آنا
ملاحظہ کو پرستار و یگانہ بھجوم اوس پر ہو جاتا ہی اگر علامت صحت کی اوسمیں پاتی ہیں تو اخلاص
علاج سی دلکو بہلاتی ہیں اور جو مواد فاسد سی قرینۂ ہلاکت خیال میں گذرتا ہی تو ہمیشہ
آتش تپش سی چین نہیں پڑتا ہی رنجور کا غم ہر دم کہاتی ہیں مذکور علیل کی سوا کلام نہیں ہاتی
ہیں امام حسن علیہ السلام کی سترہ بہائی اور نو بہنیں بندرہ اولاد صد ہا زنان منکوحہ اور
اور کنیزیں فراہم تہیں کہ بجوم وشدت مرگ سی اوس مظلوم کی سبب مصروف حزن والم تہیں
زینب خاتون اور ام کلثوم مانند پروانۂ چراغ بیقرار دمنات بستر برادر کی پاس بیٹھی خورد
خواب سی ہاتھ اوٹھا اندیشۂ موت اور زیست سی دل ہارتی رو تی ہیں علامت ردیہ کی شاید
ہیں حسرت سی جان کہوتیں ودیکھتی ہی پارہ ہای جگر کی ہر ایک بی بی کا حال تغیر ہوا چاروں طرف
جمع ہوگئی حتی بچہ بچہ کا شور ہوا کہ پہر اکی ایک سانس دو سرکو گشت جگر دیکہا یج مادر قاسم اور ازواج

مجالس جو تہی روایات فضیلت اور حالات شہادت امام حسن مجتبیٰ علیہ التحیۃ والثنا

مطہرات نے کلیجہ کے ٹکڑوں پر اشک خونین بہائے عورت اور مرد اقربا کو بہت ہراس نے کا
حضرت سے او سدم سبکو یاس بجسی کو رنڈاپے کا سامان نظر آیا فرزند ونکو یتیمی کا دکہہ دل مین
جوش لایا وہ فریاد و زاری ہنگی امام حسن علیہ السلام نے بہی رودیا شدت تیغ اور سوز درد منین
دم او کہرا جگیر تہام لیا مگر غلبہ دردسے رنگ رخسار نہایت زرد ہوا طاقت ضبط جو بدن مین نرہی
غش آیا جسم سرد ہوا و دخل الحسين عليه السلام والاسود بن ابي الاسود
فانكب عليه حتى قبل راسه و بين عينيه ناگاہ امام حسین علیہ السلام یا ہین
آئے بہائی کا حال جو غیر دیکہا بیتاب اونکی سینہ پر گرے درمیان دوچشم اور سر کا بوسہ لیا
منہ پر منہ رکہا خدا کسیکی برادر کو ایسا ماجرا جانگزا سامنے نہ لائے اس مصیبت غم پرور سے شمن
اثر کو بہی بچائے امام حسین علیہ السلام کمال مضطر اور پریشان ہوے فرط قلق مین نالہ وا فغان کرتی
روتی رہی ثم قعد عنده فتسارا جميعا سر امام حسن علیہ السلام کی جو تہی
آنکہ تہام لیے دونوں امام فریقین گلے ملکے دیر تک باہم راز و نیاز کئے لاکن اوس مظلوم سموم کو نزع کی
بیتاب سے ہر پہلو مین کروٹ بدلتے جیسے جو ند ناما نند ماہی بے آب خاک پر سینہ ملتی اور تڑپتے تہم
قال يا اخي اذا انا مت فغسلني وحنطني وكفني واحملني الى قبر جدي
حتى الاحد د به عهدي پس ہرگاہ سبط مجتبیٰ نے غش سے افاقہ پایا جسد ای نحیف سے
بہائی کو خطاب وصیت فرمایا جب مین اس صدمہ ہلاکت سے زندہ نرہون بحسرت فراق تمہاری مین
جنت کو رحلت کرون میری جنازہ کو نہلانا حنوط چہڑکنا کفن پہنانا اوٹہا کی روضہ جد بزرگوار
تابوت لیجانا برابر مرقد حضرت رسالت لاش کو رکہنا واقعہ مصیبت کی نانا کو خبر کہنا یا رب مین
اوس قہر سے ظاہر اور باطن بلکون اپنا ہون داغ دہر کا دل ورنیا کیلوات وتلحدني الى جنا
قبر رسول الله فان منعت من ذلك فبحق جدك وابيك ان لا تخاصم

مجلس چوتھی روایات فضیلت اور حالات شہادت امام حسن مجتبیٰ علیہ التحیۃ والثنا

اَحَدًا وَارْدُدْ جَنَازَتِیْ مِنْ فَوْرِكَ اِلَی الْبَقِیْعِ حَتّٰی تُدْفِنَنِیْ مَعَ اُمِّیْ عَلَیْهَا

السَّلَامُ پہلوی تربتِ رسول میں لحد میری بنانا اگر اہلِ عداوت مانع آئیں غم نہ کھانا

اپنی جد و پدر و مادر کی واسطے اونسی جھگڑا ہرگز نہ کرنا فوراً جنازہ کو بقیع میں مدفن والدہ کی

لیجاکی نہ خاک رکھنا اَیْضًا وَرُوِیَ اَنَّ الْحَسَنَ عَلَیْهِ السَّلَامُ لَمَّا دَنَتْ وَفَاتُهٗ

وَنَفِدَتْ اَیَّامُهٗ وَجَرَی السَّمُّ فِیْ بَدَنِهٖ تَغَیَّرَ لَوْنُهٗ وَاخْضَرَّ جَسَدُهٗ رَوَایت

کی ہی جب امام حسن علیہ السلام کا وقت وفات آیا قطع رشتہ عمر سی عرصہ مدتِ حیات فی

طی پایا زہر فی رنگ بدن شریف میں تغیر دی جسم حضرت پر سبزی سمیت کی غالب ہوئی

فَقَالَ لَهُ الْحُسَیْنُ اِنِّیْ اَرٰی لَوْنَكَ مَائِلًا اِلَی الْخُضْرَةِ امام حسین علیہ السلام فی کہا

ای برادر مظلوم کیا سبب ہی جو لونِ رخسار آپکا ہرا دیکھتا ہوں فَبَكَی الْحَسَنُ وَقَالَ

یَا اَخِیْ لَقَدْ صَحَّ حَدِیْثُ جَدِّیْ فِیْ وَفِیْكَ ثُمَّ اعْتَنَقَهٗ طَوِیْلًا وَبَکَیَا

راہی الِ عبا فی لب حسرت بیان کہولی با دلِ بیقرار اور خاطرِ افسردہ بولی ہنگام فراق اور ایام

جدائی پر افسوس ہی ای بھائی یہ نانا محمد کی حدیث شب معراج راست آئی کہ مرتی وقت

میرا رنگ اثر زہر سی سبز نظر پڑیگا تمہارا بدن ساعت شہادت میں خون گلو سی احمر ہوگا پس وہ دو

برادر غم پرور دیر تک آپس میں گلی ملی ایسا روئی کہ زمین اور زمان رقت سی لرزنی لگی عَنْ

عَنْ اَبِی الْحَسَنِ الرِّضَا عَنْ اٰبَائِهٖ عَلَیْهِمُ السَّلَامُ لَمَّا حَضَرَتِ الْحَسَنَ بْنَ عَلِیٍّ

الْوَفَاةُ بَکٰی کتاب امالی اور عیون اخبار میں مذکور ہی کہ حضرت امام رضا اور اُن کے

اباے کرام علیہم السلام سی ماثور ہی کہ جب وقت وفات امام حسن علیہ السلام قریب آیا شدتِ

حزن والم سی روی اشکِ حسرت بہایا فَقِیْلَ لَهٗ یَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَتَبْکِیْ وَمَکَانُكَ

مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ مَکَانُكَ الَّذِیْ اَنْتَ بِهٖ وَقَدْ قَالَ فِیْكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

199

مجلس چوتھی روایات فضیلت اور حالات شہادت امام حسن مجتبیٰ علیہ التحیۃ والثنا

ما قال بعض حاضرین صحبت نے کہا اے فرزند رسول خدا موت کی خوشی پکارتی ہو باوجود مرتبۂ
عالی اور قرابت پیغمبر جو تم رکھتی ہو تمہاری شان میں وَمَا یَنطِقُ عَنِ الْهَوٰی وہ بیان
کیا ہی جو کسی کی حق میں نہیں فرمایا اور یہ شرف اللہ نے تمکو دیا ہی وَقَدْ حَجَجْتَ عِشْرِیْنَ
حَجَّةً مَاشِیًا وَقَدْ قَاسَمْتَ رَبَّكَ مَالَكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ حَتَّى النَّعْلِ
وَالنَّعْلِ بیس دفعہ پاپیادہ کعبہ میں جا کی حج کیا ہی خدا کی راہ میں تین بار مال اپنا
حتی جوتا بھی نصف لٹا دیا ہی فَقَالَ اِنَّمَا اَبْكِیْ لِخَصْلَتَیْنِ هَوْلِ الْمُطَّلَعِ وَفِرَاقِ
الْاَحِبَّةِ ارشاد فرمایا دو سبب سے رقت اور زاری کرتا ہوں ایک اندیشۂ روز محشر
دوسری صدمۂ فراق عزیز و احباب سے تڑپتا ہوں ثُمَّ وَصّٰى اِلَیْهِ بِاَهْلِهِ وَوُلْدِهِ
وَتَرَكَاتِهِ فَمَا كَانَ وَصّٰى اِلَیْهِ اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ حِیْنَ اسْتَخْلَفَهُ وَاَهَّلَهُ
لِمَقَامِهِ وَسَلَّمَ اِلَیْهِ اسْمَ الْاَعْظَمِ وَمَوَارِیْثَ الْاَنْبِیَاءِ الَّتِیْ كَانَ لِاَمِیْرِ
الْمُؤْمِنِیْنَ سَلَّمَهَا اِلَیْهِ پھر سید الشہدا کو اپنی وصیت سنائی اور اہل و عیال و اولاد
واسطی نام بنام سفارش فرمائی تبرکات انبیا و اصفیا جو شاہ اولیا نے سونپا تھا اونکو دیا
اسم اعظم اور علم امامت موروثی حضرت رسالت سپرد کیا فَقَالَ عَلَیْهِ السَّلَامُ فَاِنِّیْ
اُوْصِیْكَ یَا حُسَیْنُ بِمَنْ خَلَّفْتُ مِنْ اَهْلِیْ وَوُلْدِیْ وَاَهْلِ بَیْتِیْ اَنْ تَصْفَحَ
عَنْ مُسِیْئِهِمْ وَتَقْبَلَ مِنْ مُحْسِنِهِمْ وَتَكُوْنَ لَهُمْ خَلَفًا وَوَالِدًا بھائی سے بولے
یا حسین میں تمہیں حوالی کرتا ہوں جو زن و فرزند واسباب رکھتا ہوں یہ چھوٹی بچی بعضی
شیر خوار ہیں عورات میں چند ضعیفہ غمزدہ اکثر بیمار ہیں ان سب کی بیقراری میں وارث اور
سرپرست رہنا اپنی اولاد کی مثال پرورش کا دھیان رکھنا ہی بدکاران سادات کی
در گذرنا اچھوں کی بھلائی اور حسنات پر نظر عطا رکھنا اب تم میری اہل بیت کی مالک اور مختار

چوتھی مجلس شہادت اور وصیت امام حسن علیہ السلام

خاندانِ نبوت اور امامت میں خلیفہ کردار ہو زینب خاتون اور ام کلثوم خواہران مظلوم کو
تسلی دینا جو مصیبت اور محنت ہجوم لائی صبر اور شکر میں پناہ لینا پس ہر ایک اہل حرم کو اپنی
بلایا پیار میں اوسکا سر چھاتی سی لگایا قاسم اور عبداللہ اطفال خورد سال کو محبت سی گود میں
بٹھایا پیشانی چوم کی دست شفقت سر پر پھرایا محمد حنفیہ عباس عون جعفر اور سارے اخوان
اور پسر باری باری آگی آئی سب سی وہ جناب اداب وصیت فرماکی رسم وداع بجالائی
راوی کہتا ہی وہ زینب خاتون اور ام کلثوم اور بانوان معصوم کا بیتابانہ دوڑنا بھائی کی
درد ہجران شیون اور افغان سی تڑپنا زبانی کو آہ و فریاد پر یاد رہیگا ہر دو جوان کی رقت
زیادہ کریگا اوس وقت جوش غم سی چاروں طرف میں اژدہام ہوا سامان قیامت میں نالہ
الفراق اور خروش بکا سی کہرام ہوا وَحُكِيَ اَنَّ الْحَسَنَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَمَّا اَشْرَفَ
عَلَى الْمَوْتِ قَالَ لَهُ الْحُسَيْنُ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَا اَخِي اُرِيدُ اَنْ اَعْلَمَ حَالَكَ
نقل ہی جب امام حسن علیہ السلام کو مشرف موت دیکھا تو امام حسین علیہ السلام نی آنکھ کہا
ای برادر چاہتا ہوں دریافت ہو حال تمہاری انتقال کا اور جانوں بدنسی نکلنا جان
پر ملال کا فَقَالَ لَهُ الْحَسَنُ سَمِعْتُ النَّبِيَّ يَقُولُ لَا يُفَارِقُ الْعَقْلُ مِنَّا
اَهْلَ الْبَيْتِ مَا دَامَتِ الرُّوحُ فِينَا فرمایا اس حدیث کو پیغمبر سی میں سنا ہی جو زبان تاج
البشر نی کہا ہی بدرستیکہ ہم اہل البیت کی ہرگز عقل کم نہیں ہوتی مادامیکہ روح اور جسد میں تعلق
نہیں ہوتی فَضَعْ يَدَكَ فِي يَدِي حَتَّى اِذَا عَايَنْتُ مَلَكَ الْمَوْتِ اَغْمِزُ يَدَكَ
پس تم ہاتھ اپنا میری ہاتھ میں رکھو تھامی رہو جب تک کہ ملک الموت نظر آئی اوس دم
فشار دونگا فَوَضَعَ يَدَهُ فِي يَدِهِ فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ سَاعَةٍ غَمَزَ يَدَهُ غَمْزًا
خَفِيفًا امام حسین علیہ السلام نی اپنا پنجہ عقدہ کشا بھائی کی دست حق پرست میں دیا

تھوڑی دیر جو گذری تو مسموم زہر جفا نی آہستہ سی دبالیا، فَقَرَّبَ الْحُسَيْنُ أُذُنَهُ إِلَى فِيهِ فَقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَهُ پس امام حسین علیہ السلام نی اپنا کان بھائی کی دہانِ مبارک پاس رکھا اوس حضرت نی کمالِ نقاہت مین سخنانِ یاس کو یون کہا قَالَ لِي مَلَكُ الْمَوْتِ أَبْشِرْ فَإِنَّ اللهَ عَنْكَ رَاضٍ وَجَدُّكَ شَافِعٌ مجھسی گویا ہوئی الخ خوش رہو کہ خدا تمسی راضی ہی اور تمہاری جد بزرگوار شافع محشر امداد و حمایت مین کافی ہی پس وہ رکن دین اور کعبۂ یقین امام حرم نی طرف قبلہ ہاتھ پیر پہیلائی کلمۂ شہادت اور ذکرِ خدا و مناجات زبان پر لائی جانِ شریف نی تنِ لطیف سی مفارقت کی دار الفناء دنیا سی خلدِ برین کی راہ لی فَلَمَّا قُبِضَ الْحَسَنُ عَلَيْهِ السَّلَامُ وُضِعَ عَلَى سَرِيرِهِ وَانْطَلِقَ بِهِ إِلَى مُصَلَّى رَسُولِ اللهِ الَّذِي كَانَ يُصَلِّي فِيهِ عَلَى الْجَنَائِزِ روایت کی جب امام حسن علیہ السلام نی شہادت پائی ہی امام حرم نی فریاد و زاری مین صف ماتم بچہائی ہی جنازہ بنوا دہایا، اقرباء نی ہلکی نہلایا، کفن پہنایا، تابوت مین لٹایا، سب خویش و برادر اگی پیچھی ہاتھ لگایا، دہوم دہام اور ہجوم عام سی مصلا مین جہان پیغمبرِ بیت پر نماز پڑہتی پہنچایا فَصَلَّى عَلَى الْحَسَنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ نماز کو ساری مرد و عورت اہلبیت اور محبین و صحابہ جمع ہوئی امام حسین علیہ السلام کی ہمراہ جملہ برادران اور سائر عزیزان متوجہ صلوٰۃ رہی فَلَمَّا أَنْ صُلِّيَ عَلَيْهِ فَأُدْخِلَ الْمَسْجِدَ ہر گاہ درود اور سلام سی فراغت کی لاش نور پاش کلمۂ طیبہ پڑہکی اوٹہائی تابوت روضۂ رسول اللہ مین رکہا ہنگامۂ رد و بدل دفن اب مجمل مین بپا ہوا وَقَالَ إِنَّهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ تَزَوَّجَ مِائَتَيْنِ وَخَمْسِينَ امْرَأَةً وَقَدْ قِيلَ ثَلَاثَ مِائَةٍ إِنَّ هٰذِهِ النِّسَاءَ كُلُّهُنَّ خَرَجْنَ فِي خَلْفِ جَنَازَتِهِ حَافِيَاتٍ راوی کہتا ہی دو سو پچاس خاتون بکرمات امام حسن علیہ السلام کی تصرف مین آئین تہین اور تین

چوتھی مجلس شہادت اور وصیت امام حسن علیہ السلام

سو کی بہی روایت ہی یہ سب بیبیان جنازہ کی بہی تشریف لاتی تہین غم اور سانحہ سوا ہے
داڑہین مار کی روتین نوحہ اور شیون مین سر کہولی قدم زن ہوتین کسی کی زبان پر نالہ و آہ کا
جوش تھا کسی کو شدتِ اندوہ سی واویلا واحسرتا کا خروش تھا بانو کی قافلہ مین خواہرانِ
محترمِ امام کا انبوہ روتا جاتا امام حسین علیہ السلام کی بہی برادرانِ نالان مین محبوبوں کا ہجومِ مشہور
محشر دکھاتا وہ دو سبطِ رسول دو نورِ چشمِ بتول دو گوشوارۂ عرشِ خدا دو زادۂ علی مرتضی
دو سیدِ شبابِ جنت دو محضرِ شفاعت است ایک امام کا جنازہ اس دہوم سی اوٹھا جو دنیا مین
اوسکا شہرۂ الم رہا دوسرے کا جسم صد پاش خاک و خون مین تڑپا تین روز تک دفن کرنیوالا
کوئی باقی نہ بچا ایک معصوم کی ماتم اور عزا کو برپا کیا لوگ پرسی کو آئی دوسری مظلوم شہید کی
لاش کو دہوپ مین رہنی دیا اوسپر خاسی کہوڑی دوڑائی نظم مولفہ کیا کہون اک شہ بین قتیل تا
کہ اب سکتہ ہوا جیش زن ہی ولین حالِ کشتۂ زہرِ دغا اشکبار ہیں ہر اک فردِ بشر شیاب
ماتمِ فرزندِ احمد سی ہوا محشر بپا اہلِ مجلس اشکبار و غمزدہ خاطر حزین رحمت جوش مین آیا
ہی ایسے وقتِ دعا ای خداوند کریم از بہرِ نامِ پنجتن مقصدِ حسنا جو دل مین ہو وہ کر عطا
ذاکرِ سبطِ پیمبر ناظمِ حسرت مقال ہی مریضِ خستہ تن اوسکو شفا ہو وے عطا

وكان الحسن بن الحسن حضر مع عمه الحسين عليه السلام يوم الطف فلما قتل الحسين ع واسر الباقون
من اهله جاءه اسماء بن خارجة فانتزعه من بين الاسارى وقال والله لا يوصل الى ابن خولة
ابدا فقال عمر بن سعد دعوا لابي حسان ابن اخته ويقال انه اسر وكان به جراح قد اشفى منها واما
عمرو والقاسم وعبد الله بنو الحسن بن علي عليهما السلام فانهم استشهدوا بين يدي عمهم الحسين بن علي
عليهما السلام بالطف رضي الله عنهم وارضاهم واحسن عن الدين والاسلام واهله جزاءهم وعبد الرحمن
بن الحسن خرج مع عمه الحسين الى الحج فتوفي بالابواء وهو محرم والحسين بن الحسن المعروف بالاثرم كان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ علی نعمائہ الذی جعل البلاء لاولیائہ واحبائہ والصلوٰۃ والسلام علی انبیائہ واصفیائہ والشہداء من اودائہ عنوان اذکار عالم و مستمعان اخبار ماتم کو بشارت میں تعزیت پر اشارت ہی اور تہنیت سی توام ہی خوشا زمان کہ درج عصمت سی گوہر اجلال فی سلف اور خلف کی ظہور کیا اور دوران برج رفعت سی اختر اقبال کی ثابت و سیارہ کو شرف نور ملا وہ ماہ اوج سعادت اور مہر سپہر رسالت مصفر شہادت کا طغرای غرا کشور شفاعت میں فرمان روای روز جزا جسکی عبارات ماتم و نشان میں عبرات کی شورش ہی اور صفات ماتم کی ذکر و بیان پر حسنات کی جوشش ہی سرخی خیابان مغفرت کو اوسکی محبت کا ایاغ ہی اور لالہ زار بہشت میں اوسکی مصیبت کا داغ ہی اوس نوشتہ کی منقبت سی دیدہ دل کو جلا ہی اور گوشوارہ عرش علا کی مدح و ثنا میں کانون کو صفا ہی اوسکی عزاداران بزم تولا کو انعام فواکہ جنت اور طوبی سی کامیابی ہی جرعہ نوشان دورہ بکا و عزا کو چشمہ تسنیم و کوثر سی ذریعہ سیرابی ہی نسب میں پردہ کی کبریا خانہ زاد خدا مادر صدیقہ کبری فخر مریم و حوا حسب میں سبط خیر الوری ابو الائمہ امام ابن امام ... عالم میں اثنای ...

پانچوین مجلس تذکرہ فضیلت اور مصیبت پنجتن آل عبا امام حسین علیہ السلام

مرشد زادہ روح الامین حلم مین کرسی عظمت کی ہمپایۂ وقار و تمکین سخاوت مین وہ تن کہ سر کی ساتھ تمام گھر لٹایا شجاعت مین خشک لب اور چشم تر با تن مجروح تین ہزار لشکر زہد مین فاقی گذری اور صبر و شکر سی دکھہ سہی تقوی مین زر و مال دنیا سی بیزاری کرتی رہی معجزات و کرامات سی کتابونکا دامان بھرا ہی تسلیم و رضا کا مرتبہ زمین و آسمان مین قدر و قضا پہ کہلا ہی ہمت وہ کہ بخشش امت پر جو کمر باندہی سند نجات لیتی کو عاصیونکی جان دی رحم و مروت کا درجہ قدرت بیان سی باہر ہی ایک شمہ زعفر جن کی روایت مین قصہ مختصر بذل و نوال کا حال ایسا کہ دشمنونکو پیاسا پایا تو اپنی دست درایت سی کنار دشت مین پانی بہر کر پلایا زور و طاقت کا کیا کہنا جو بار مصیبت اور شہادت اوٹہایا جسکی تحمل سی انبیا و اولیا روز الست مین سر ندامت جہکایا سجادہ فقر و ریاضت کو فخر سلطنت جانا سر و گردن کو راہ مولا مین دینا فرض العین مانا پس اس طبع رسا جو بحرین فکر سی آبدار و پر مضمون ہاتہ آئی چاہی کہ منقبت مین امام ابرار کی صرف ترصیع کیا جائی کہ پنجم دیباچہ کتاب سی حال خامس آل عبا کی تحریر ہوا یکا باب ہی اور پانچوان فقرا انتخاب مقال مین وصف سید الشہدا کی نشو لا جواب ہی ای حاضرین مومنین جب یہ کلام فرحت انجام سنو زبان تحسین سی نام حسین علیہ السلام در دو علی الدوام بہیجو مروی ہی وُلِدَ الْحُسَيْنُ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَامَ الْخَنْدَقِ بِالْمَدِينَةِ يَوْمَ الْخَمِيسِ لِثَلَاثٍ خَلَوْنَ مِنْ شَعْبَانَ سَنَةَ أَرْبَعٍ مِنَ الْهِجْرَةِ بَعْدَ أَخِيهِ بِعَشَرَةِ أَشْهُرٍ وَعِشْرِينَ يَوْمًا امام حسین علیہ السلام پیدا ہوی شہر مدینہ مین جو سال غزوۂ خندق تہا وہ روز پنجشنبہ تیسری شعبان چوتہا برس ہجرت رسول حق تہا امام حسن علیہ السلام کی ولادت سی دس مہینی اور بیس دن کا زمانہ جب گذرا تو اس کوکب شرف نور ظہور سی پیدا ہوا مطلع ضیا ہوا وَاسْمُهُ الْحُسَيْنُ وَفِي التَّوْرَاةِ شَبِيرٌ وَفِي

٢٠٥

پانچویں مجلس تذکرہ فضیلت و مصیبت پنجتن آل عبا امام حسین علیہ السلام کی

سبعاً و اربعین سنة وکانت مدت خلافته عشر سنین و اشهر
سات برس سید محمد صلوٰۃ اللہ علیہ و الہ کی ساتھ رہی اور تیس برس امیر المومنین کی خدمت میں
بسر ہوئی اور دس برس امام حسن علیہ السلام کی ہمراہ گذری اور دس برس اور ایک مہینی تک آپ نے
خلافت پائی ایضاً وقال ابو الفرج فی المقاتل کان مولده لخمس خلون
من شعبان سنة اربع من الهجرة وقتل یوم الجمعة لعشر خلون من المحرم
سنة احدی وستین وله ست وخمسون سنة وشهور ابو الفرج اصفہانی نے
کتاب مقاتل الطالبین میں ذکر او مسطور پایا ہی چوتھی سال ہجری کی پنجم شعبان کو امام حسین
علیہ السلام کا روز ولادت ماثور پایا ہی سنہ اکسٹھہ میں جمعہ کی دن دسویں محرم کو ارض نینوا میں
شہید ہوئی عمر پچاس اور سات برس اور دو مہینی عمر شریف سی گذری تھی وقیل قتل یوم السبت
روی ذلک عن ابی نعیم الفضل بن دکین والذی ذکرناه اولاً اصح اور بعضوں نے
بعض نی قول ضعیف کہا یوم شہادت حضرت ہفتہ تہا یہ کہا ابی نعیم سی مروی آیا لاکن جو اول
ذکر ہوا وہی معتبر پایا وکان اول المحرم الذی قتل فیه یوم الاربعاء اخرجناه
بالحساب الهندی من سائر الزیجات اس واسطی کہ جب امام علیہ السلام کو درجۂ شہادت
ملا اوس برس میں روز چہارشنبہ محرم کا غرہ تہا یہ حساب ہندی یہی ہمنی نکالا اور اونکی ساری
زیج میں تحقیق کیا و اذا کان ذلک فلیس یجوز ان یکون الیوم العاشر من المحرم
یوم السبت او الاثنین پس جب حال ایسا ہو تو جایز نہیں کہنا کہ دسویں محرم کو جو ہنگام واقعہ
کربلا ہفتہ یا دوشنبہ تہا ایضاً فی المنتخب عن ابن عباس قال لما اراد الله ان
یهب لفاطمة الزهراء الحسین وکان مولده فی رجب فی اثنا عشر لیلة
خلت منه کتاب منتخب طریحی میں زبانی ابن عباس یہ روایت نقل کی جب اللہ کی ارادے

پانچوین مجلس تذکرۂ فضیلت اور مصیبت پنجتن آل عبا امام حسین علیہ السلام کی

فاطمہ زہرا کو تولد امام حسین علیہما السلام سے خوشی ہی پس ہرگاہ اونکی پیدایش سے ہوم ہوئی وہ
بارہوین تاریخ ماہ رجب کی تہی فلما وقعت فی طلقہا اوحی اللہ الی لعبا وہی
حوراء من حور الجنۃ جسوقت بتول عذرا کو درد شکم عارض ہوا خدا نے واسطے حدیث کے
لعبا سے کہا وہ حوران جنت سے بڑی ممتاز تہی اور سب مین برگزیدہ بی نیاز تہی واہل الجنا
اذا ارادوا ان ینظروا شیئاً حسناً نظروا الی لعبا اہل بہشت جو اچہی صورت کے
مشتاق ہوا کرتی تو چہرۂ زیبای لعبا کی محو تماشا رہتی قال ولہا سبعون الف وصیفۃ
وسبعون الف قصر وسبعون الف مقصورۃ لعبا کی تعریفین یونہی کان فرما
صفاسی یون کہین اوسکی ستر ہزار کنیز و صیفہ اور ستر ہزار خادمہ مقصورہ اور ستر ہزار عمارتین قصر
اور ستر ہزار غرفہ عالیہ سے قبل کی حشمتین ہین وسبعون الف غرفۃ مکللۃ بانواع
الجواہر والمرجان وقصر لعبا اعلی من تلک القصور ومن کل قصر فی
الجنۃ اذا اشرفت علی الجنۃ نظرت جمیع ما فیہا واضاءت الجنۃ من ضوء
خدہا وجبینہا حسین یعنی کا قصر سب سے زیادہ اونچا انواع موتی اور مونگا اوس مین
جس گہر سی چاہتی ساری فردوس کی سیر نظر آتی جب گردن جانب تماشا بڑہاتی رخسار و جبین کی
چمک سے یہ خلد روشن ہو جاتی فاوحی اللہ الیہا ان اہبطی الی دار الدنیا الی بنت
حبیبی محمد فانسی لہا خدا نے اوسے حکم دیا کہ دنیا مین نزول کرے فاطمہ زہرا بنت محمد مصطفی
علیہ الصلوۃ والہ کی خدمت مین ہی فاوحی اللہ الی رضوان خازن الجنان ان زخرف
الجنۃ وزینہا کرامۃ لمولود یولد فی دار الدنیا رضوان خازن جنت کو فرمان
اسکا جو ہر نوع آرایش اور زینت سے فردوس کو سجا کرامت سے اوس فرزند کی جو اج پیدا ہوگا
ہمارے دوست کا دل اوسکی وجود پر شیدا ہوگا واوحی اللہ تعالی الی الملائکۃ ان قوموا

پانچویں مجلس تذکرہ فضیلت اور مصیبت میں خامس آل عبا امام حسین علیہ السلام کے

صفوفاً بالتسبیح والتقدیس والثناء علی اللہ تعالیٰ امر کیا ملائکہ اسماکو تو ہو جاکے
فی اور ہو کھڑی ہو صف باندھکر تسبیح اور تقدیس اور ثنای الٰہی ادا کرو ۔ و اوحی اللہ الیٰ
جبرئیل ومیکائیل واسرافیل ان اھبطوا الی الارض فی قندیل
من الملائکۃ قال ابن عباس والقندیل الف الف ملک پھر ارشاد ہوا جبرئیل
میکائیل و اسرافیل کو ایک قندیل ملائکہ ہمراہ لیکر زمین پر اترو و ہماری رسول کو بشارت دو
ابن عباس کا بیان ہی قندیل شمار کرتی ہیں دس لاکھ فرشتونکو قال فھبطت لنا
علیٰ فاطمۃ وقالت لما امر بالک یا بنت محمد کیف حالک قالت لھما
تبشیر یا دی فی خبر دی ابرھما نازل ہوئی اور خدمت میں فاطمہ زہرا کی پہنچی کہا خوشا جاہ و
جلال آپکا پوچھا ای دختر محمد مصطفیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کیا حال ہی تمہارا صدیقہ کبریٰ نی جواب
فضل خدا سی بخیر ہی مزاج میرا و لکن الحیاء فاطمۃ بین لھما لم تدری ما تفرش لھما و فی
حیا سی مجبول عذر اشرمندہ ہوں میں کیا لائیں جو اجلاس ہماکی واسطی گہر میں بچھائیں فبینما
سعکن اذ ھبطت حوراء من الجنۃ ومعھا درنوک من درانیک الجنۃ
فبسطتہ فی منزل فاطمۃ فجلست علیہ انبیاس تشریش میں تھی ناگاہ
جنت ای سماتو بہشت کی لائی دو تشکی ابریشم بہادی امر خاتون حشر کی
بچھایا اور بہشت کی نمرکان فاطمۃ ولدت الحسین فی وقت الفجر فقبلھا
وقطعت سرتہ ولفعۃ بمندیل من منادیل الجنۃ بنو فاطمۃ
وقت فجر امام حسین علیہ السلام کو جنا انہیں نال کاٹی نہلایا رومال حریر جنت سی پوچھا جاسہ
فردوس میں لپیٹا گود میں لیا درود و سلام پہونچا سر و صورت کو چوما دیا وقبلت عینیہ
وتفلت فی فیہ وقالت لہ بارک اللہ فیک من مولود وبارک اللہ فی

پانچوین مجلس تذکرہ ولادت اور خبر شہادت مین خامس آل عبا امام حسین علیہ السلام کی

وَالِدَتِكَ پھر اوس نور عین کی آنکھونکو چوما سینی سی لگا کی پیار کیا منہہ سی منہہ ملایا اور کہا مبارک کری خدا تمہارا پیدا ہونا برکت دی اوسکی والدہ کو اور تم سلامت باکرامت سدا رہو

وَهَنَّتِ الْمَلَائِكَةُ جَبْرَئِيلُ وَهَنَّأ جَبْرَئِيلُ مُحَمَّدًا سَبْعَةَ اَيَّامٍ بِلَيَالِيهَا پس جملہ فرشتون نی جبرئیل کو اوس ولادت کی تہنیت دی جبرئیل اور ساری ملایکہ نی محمد مصطفی علیہ وآلہ السلام کو مبارکباد کہی سات شب و روز قدسی باری باری آئی بہ سیم خوشی اور جشن سول بارگی خدمتمین بجا لاتی فَلَمَّا كَانَ فِي الْيَوْمِ السَّابِعِ قَالَ جَبْرَئِيلُ يَا مُحَمَّدُ اِئْتِنَا بِابْنِكَ هٰذَا جب ساتوان دن ہنگامہ عیش کا ہوا جبرئیل نی سرور عالم سی کہا یا محمد اپنی فرزند کو جمال دلپسند ہمین دکہاو وَقَالَ فَدَخَلَ النَّبِيُّ عَلٰى فَاطِمَةَ فَاَخَذَ الْحُسَيْنَ وَهُوَ مَلْفُوفٌ بِقِطْعَةِ صُوفٍ صَفْرَاءَ فَاَتٰى بِهِ اِلٰى جَبْرَئِيلَ راوی ناقل ہی کہ رسول خدا فاطمہ زہرا کی پاس قدم رنجہ کیا امام حسین کو صوف زرد مین لپٹا لاکی جبرئیل کو دیا فَحَلَّهُ وَقَبَّلَ بَيْنَ عَيْنَيْهِ وَتَفَلَ فِي فِيهِ وَقَالَ بَارَكَ اللّٰهُ فِيكَ مِنْ مَوْلُودٍ وَبَارَكَ اللّٰهُ فِي وَالِدَيْكَ يَا صَرِيعَ كَرْبَلَا جبرئیل نی گوہر درج نبوت کو صدف قنداغ مین سی اوٹہایا اہلا وسہلا ومرحبا کا فقرہ سنایا دو چشم کی درمیان سی نور دیدہ بتول کی بوسہ لیا اور دہان سی دہان ملا کی عرض کیا برکت دی اللہ تمکو اور تمہاری والدین کو سدا فضل وکرم شامل رہی ای غلطان دشت کربلا وَنَظَرَ اِلَى الْحُسَيْنِ وَبَكٰى وَبَكَى النَّبِيُّ وَبَكَتِ الْمَلَائِكَةُ پھر امام حسین کیطرف دیکہنی سی جوش بکا ہوا جبرئیل کی رقت سی پیغمبر اور ساری ملایکہ نی نوحہ وَقَالَ لَهُ جَبْرَئِيلُ اِقْرَأْ فَاطِمَةَ اِبْنَتَكَ السَّلَامَ وَقُلْ تُسَمِّيهِ الْحُسَيْنَ فَقَدْ سَمَّاهُ اللّٰهُ اِسْمَهُ جبرئیل نی خیر الانام سی عرض کی اپنی دختر فاطمہ کو سلام پہنچاو اور کہو اللہ نی اس فرزند کا نام حسین کہا تم بہی یہی اسم رکہو وَاِنَّمَا سُمِّيَ الْحُسَيْنَ لِاَنَّهُ لَمْ يَكُنْ

الذی اورده مسلم فی صحیحه فقال ما تقول فی الحدیث عن واثلة بن الاسقع قال سمعت رسول الله یقول ان الله اصطفی کنانة من ولد اسمعیل واصطفی قریشا من کنانة واصطفی من قریش بنی هاشم واصطفانی من بنی هاشم ... اعلم ولقد ناظرت بعض النبویة فی الظاهر بالمنزل الاعلی والله ... القول بامامة هؤلاء لانهم

... مذهب اهل الاسلام ... الا اثنی عشر و یعتقد عصمتهم و یوجب ... کل زمان من ولده منهم سوی الشیعة الامامیة وعلمهم علی ذلک ... تعداد اسمائهم صلوات الله علیهم فالاول علی بن ابیطالب علیه السلام وقد مر ذکر بعض فضائله وکناه واسمائه والقابه وقال ابن ابی الحدید ...

... قال هذا الفخر ... الامام جعفر الصادق علیه السلام ... قال یاقوت الحموی فی تاریخ ... علی بن ابیطالب ... علیه السلام ... فی روایات الشیعة ... فی السفینة ... الثانی الحسن ... والله اعلم ... وسلامه ... اسمائه والقابه

پانچوین مجلس تذکرہ ولادت اور تہنیت مین خامس آل عبا امام حسین علیہ السلام کے

فِی زَمَانِہٖ اَحْسَنُ مِنْہُ وَجْہًا اسوا سطے اونکا نام حسین معین ہا چہ او سنرمانی مین
سرور سی بادہ کوئی حسین تہا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ یَا جِبْرَئِیْلُ تُہَنِّیْنِیْ وَتُبْکِیْ قَالَ نَعَمْ
یَا مُحَمَّدُ اٰجَرَکَ اللّٰہُ تَعَالٰی فِیْ مَوْلُوْدِکَ ہٰذَا رسو لخدا علیہ السلام وآلہ نی پوچہا اے جبرئیل
تہنیت دیتی ہو کیا باعث ہی جو سبار کباد مین تم گریہ کرتی ہو عرض کی یا نبی اللہ پروردگار تمکو
اجر بخشی اس مولود کی شہادت مین جزای صبر مقدر کری قَالَ یَا جِبْرَئِیْلُ وَمَنْ یَقْتُلُہٗ
قَالَ شَرُّ اُمَّۃٍ مِنْ اُمَّتِکَ فرمایا ای حامل وحی کبریا میری فرزند کو قتل کون کریگا جواب دیا
تمہاری امت کی اشرار جنکی شقاوت پر حجل ہین کفار وَدَخَلَ النَّبِیُّ عَلٰی فَاطِمَۃَ فَاَقْرَءَہَا
مِنَ اللّٰہِ السَّلَامَ وَقَالَ لَہَا یَا بُنَیَّۃُ سَمِّیْہِ الْحُسَیْنَ فَقَدْ سَمَّاہُ اللّٰہُ الْحُسَیْنَ
پس رسالت پناہ نی حجرہ فاطمہ مین قدم رکہا اللہ کا سلام اور پیام اونکو پہنچایا کہا اسکا نام حسین رکہو
جو خدا نی تجویز کیا وہ ہمارا ہو وَہَنَّاہَا النَّبِیُّ فَبَکٰی فَقَالَتْ یَا اَبَاہُ تُہَنِّیْنِیْ
وَتَبْکِیْ قَالَ نَعَمْ یَا بُنَیَّۃُ اٰجَرَکِ اللّٰہُ فِیْ مَوْلُوْدِکِ ہٰذَا فَشَہِقَتْ شَہْقَۃً
وَاَخَذَتْ فِی الْبُکَاءِ وَسَاعَدَتْہَا الْعَبَا وَوَصَایِفُہَا پروردگار کی جانب سی بابا
کہی اور شیمون سی آنسو کی ندی بہی زہرا بولین ای بابا تہنیت بہی دیتی ہو اور جوش بکا پیری
جان لیتی ہو ارشاد کیا ہان ای بیٹا خدا تمکو اجر دی اس پسر کی شہادت کا بجرد استماع خبر بنت
خیر البشر بیتاب ہوئین نالہ وآہ کی ہمراہ شدت سی روئین اونکی ساتہ لعبانی بہی شور بکا بپا
ساری حوریان رفقای لعبانی سامان ماتم پہیلایا فَقَالَتْ وَمَنْ یَقْتُلُ وَلَدِیْ وَقُرَّۃَ
عَیْنِیْ وَثَمَرَۃَ فُؤَادِیْ قَالَ شَرُّ اُمَّۃٍ مِنْ اُمَّتِیْ بتول عذرا نی پوچہا کون ماریگا میری
نور نظر اور لخت جگر کو ای بابا جبرا وری بولی جو شریر خلق ہی اس امت سی بہ فعل ظلم وجفا ظہور پذیر ہو
مین ہی اوسکی قَالَتْ فَاطِمَۃُ یَا اَبَاہُ اِقْرَءْ جِبْرَئِیْلَ مِنِّی السَّلَامَ وَقُلْ لَہٗ فِیْ اَیِّ مَوْضِعٍ

پانچوین مجلس تذکرہ فضیلت اور مصیبت مین خامس آل عبا امام حسین علیہ السلام

یقتل قال فی موضع یقال لہا کربلا فاطمہ نی سہا اسی پدر جبرئیل کو میرا سلام ابلاغ کرو
اور حسین کہان مارا جائیگا وہ زمین کا سراغ لو فرمایا اوس زمین پر جسی کربلا کہتی ہین اور ملائکہ
وہانکی آرزو مند رہتی ہین فاذا نادی الحسین لم یجبہ احد فعلی القاعد عن
نصرتہ لعنۃ اللہ والملائکۃ والناس اجمعین ہای غربی اور بیکسی حسین کی وہ روز
شہادت طلب امداد کیجائیگا کوئی فریادرس مصیبت مین نہین پائیگا جو استغاثہ سنکی حمایت
اور یاری اوسکی نہ کری خدا اور رسول و فرشتونکی لعنت کا مبتلا رہی الا انہ لا یقتل حتی
یخرج من صلبہ تسعۃ من الائمۃ ثم سماہم باسمائہم الی آخرہم
وہو الذی یخرج آخر الزمان مع عیسی بن مریم آگاہ رہو کہ وہ مارا نہین جائیگا جبتک
اوسکی نسل سی خدا نو امام کو ظہور مین لائیگا پھر جبرئیل نی ہر ایک متعدد کا نام لیا حلیہ صورت
اور سیرت بھی بتا دیا کہا آخر مین وہ سرور خروج کریگا جو عیسی ابن مریم کی ساتھ نکلی اور اونکا
پیشوا رہیگا قال ابن عباس والذی بعث محمدا بالحق نبیا ان لمنا نفتخر
علی العرب العین بانہا قاتلۃ الحسین ابن عباس ناقل ہین قسم اوس خدا کی جسنی محمد کو
رسالت برحق مبعوث کیا ہی لعبا کا افتخار حور العین پر ہوتا کہ مرتبہ رفعت انسی دیا کہ تین ہین
حسین بن علی و فاطمہ علیہم السلام کی دائی شاق ہوئی جنت خیر الوری کی خدمتین سلسلہ بسا تا
اٹھتی ہین لائی ہوئی مروی فی المنتخب عن شرحبیل بن عون قال لما ولد
الحسین ہبط ملک من الملائکۃ الفردوس الاعلی ونزل الی البحر الاعظم
کتاب منتخب تحریر ہی مین شرحبیل ابن عون سی یہ روایت لکھی ہی کہ جب امام حسین علیہ السلام
ولادت سی عرصہ گیتی پر دہوم ہوئی ایک فرشتہ قدسیان فردوس اعلی سی چلا بحر اعظم کی ساحل تک
پہنچا ونادی فی اقطار السماوات والارض یا عباد اللہ البسوا اثواب

پانچویں مجلس تذکرہ ولادت و منقبت پنجتن آل عبا امام حسین علیہ السلام کے

تھا پس آسمانوں میں کوئی ملک باقی نہیں بچا تھا الا یہ کہ وہ اس خاک شفا کو تبرکاً سونگھا
اشہوئی لگا یا صل علی کہا و لما اخذ النبی تربة الحسین جعل یشمها و یبکی
و هو یقول قتل الله قاتلک یا حسین و اصلاه فی نار الجحیم ہر گاہ
وہ گل خوشبو مزار امام حسین علیہ السلام کی سید ابرار نے باس مشام کو معطر کیا بہت حسرت
رقت آئی رو رو کی بولی ای میری مظلوم حسین تیری قاتل کو خدا ماری اور آتش دوزخ میں
اوسی ڈالی ایسا جلائی کہ الامان پکاری ثم دفع تلک القبضة من تربة الحسین
الی زوجته ام سلمة پس اب غیرت مشکناب شیشہ میں بھری اور اپنی زوجہ محترمہ ام سلمہ کو
سونپی قب عمران بن سلیمان و عمرو بن ثابت قالا الحسن و الحسین اسمان
من اسامی اهل الجنة و لم یکونا فی الدنیا کتاب مناقب میں عمران ابن سلیمان
اور عمرو بن ثابت سی روایت کی ہی کہ دو نو راوی نی کہا اسمای حسن و حسین علیہما السلام نامہای
اہل جنت ہیں دنیا میں کسیکو یہ دولت نہ ملی ہی ایضاً و عن جابر قال النبی سمی الحسین
حسناً لان باحسان الله قامت السماوات و الارضون جابر نی مخبر صادق سے
نقل کی جو فرمایا کہ حسن ہی حسن کا نام رکھا گیا بدرستی کہ احسان الٰہی کی سبب آسمان اور زمین
قائم ہوئی ساری مخلوقات کو صورت اور سیرت کی وجود ملی و اشتق الحسین من الاحسان
و علی و الحسن اسمان من اسماء الله تعالی و الحسین تصغیر الحسن اور یہ بھی کہا
حسین کو ماخذ احسان ہی کا لا تحقیق کہ علی اور حسن اسمای مقدسہ خدا میں اور حسین تصغیر حسن کی
ل عن ابراهیم بن علی الرافعی عن ابیه عن جدته زینب بنت ابی رافع قالت
اتت فاطمة بنت رسول الله بابنیها الحسن و الحسین الی رسول الله فی
شکواه الذی توفی فیه کتاب اقبال میں راویان ثقہ سے زینب دختر ابی رافع کی

الفصل الاول فی ذکر
بیان مولدہ ومبلغ سنہ
الفصل الثانی
فی ذکر الدلائل علی امامتہ
والنصوص علیہ من جہۃ ابیہ واخیہ علی امامتہ

پانچوین مجلس تذکرہ فضیلت اور منقبت مین خامس آل عبا امام حسین علیہ السلام کے

روایت کی ہی اوسنی کہا مینی یہ سرگذشت انکھون سی دیکھی ہی ایکدن فاطمہ زہرا بنت خاتم
انبیا حسنین کو لیکی اپنی والد رسول خدا کی پاس آئین اوس اوقات مین کہ غم وفات سی خیر الوری کے
دریای حیرت و یاس مین نہائین فَقَالَتْ یَا رَسُولَ اللّٰہِ ہٰذَانِ اِبْنَاکَ فَوَرِّثْہُمَا
شَیْئًا وَفِی رِوَایَۃٍ اُخْرٰی قَالَتْ فَانْحِلْہُمَا عرض کی ای خلیفہ خدا یہ دونو تمہاری لاڈلی
بیٹی ہین انکو اپنا ورثہ کچھ دو اور دوسری روایت مین ہی کہا کوئی عطیہ تبرکہ عزو شرف سے
ممتاز کرو فَقَالَ اَمَّا الْحَسَنُ فَاِنَّ لَہٗ ہَیْبَتِیْ وَسُؤْدَدِیْ وَاَمَّا الْحُسَیْنُ
فَاِنَّ لَہٗ شُجَاعَتِیْ وَجُوْدِیْ فرمایا مخبر صادق نی کہ امام حسن کو اپنی ہیبت اور سیادت کا
مختار کیا اور امام حسین کو صفت شجاعت اور جود وسخاوت کا افتخار دیا وَفِی قَوْلِ الثَّانِی
فَانْحَلَہُ الْہَیْبَۃَ وَالْحِلْمَ وَالْجُوْدَ وَالرَّحْمَۃَ قول ثانی مین راوی کی یون ہی کہ بڑی
فرزند کو ہیبت وحلم اور چھوٹی کو جود ورحم وکرم فرمایا ہی لی عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ
قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ اِذَا کَانَ یَوْمُ الْقِیَامَۃِ زُیِّنَ عَرْشُ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ
بِکُلِّ زِیْنَۃٍ کتاب امالی مین نافع اور ابن عمر سی روایت کی ہی کہ یہ خبر مخبر خیر البشر سے
ہی کہ جب روز محشر ہو یہ قیامت برپا ہوگی عرش رب داور ہر طرح کی زینت اور زیور سے آراستہ ہوگا
ثُمَّ یُؤْتٰی بِمِنْبَرَیْنِ مِنْ نُوْرٍ طُوْلُہُمَا مِائَۃُ مِیْلٍ فَیُوْضَعُ اَحَدُہُمَا عَنْ یَمِیْنِ الْعَرْشِ
وَالْاٰخَرُ عَنْ یَسَارِ الْعَرْشِ بعد ازان دو منبر نور جو ہر ایک سو میل طولانی ہوگا ایک جانب راست اور دوسرا
عرش ربانی بچھایا جائیگا ثُمَّ یُؤْتٰی بِالْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ فَیَقُوْمُ الْحَسَنُ اَحَدَہُمَا وَالْحُسَیْنُ عَلَی الْاٰخَرِ
یُزَیِّنُ الرَّبُّ تَبَارَکَ وَتَعَالٰی بِہِمَا عَرْشَہٗ کَمَا یُزَیِّنُ الْمَرْاَۃَ قُرْطَاہَا پھر سبط
الہی حسنین علیہما السلام کو بلایا جائیگا ہر فرزند نبی کو داہنی بائین منبر کی ترشہ پر بٹھایا جائیگا خدا تعالی
اپنی عرش کبریائی کی زینت اونسی بڑہائیگا جیسا خاتون عذا کا پہرہ بندون سی کانون کی زیبا

٢١٥

پانچویں مجلس بیچ ذکر فضیلت اور منقبت پنجتن آل عبا امام حسین علیہ السلام کے

سو جاے رونق دکھایگا روی فی المنتخب عن ام سلمة قال دخل علی رسول
الله ذات یوم ودخل فی اثره الحسن والحسین وجلسا الی جانبیه
فاخذ الحسن علی رکبته الیمنی والحسین علی رکبته الیسری وجعل
یقبل هذا تارة وهذا اخری کتاب منتخب فخری مین یہ روایت ہی کہ ام سلمہ سے
منقول حکایت ہی کہا ایکروز پیغمبر خدا میری گہر داخل ہوی اونکی پیچہے حسنین ائے اور دونو پہلو مین
مقابل بیٹہی زانوی راست اور چپ کی اوپر شاہزادی جلوہ افزا تہی خیر الوری پیار سے
اونکا منہ چومتی کاہی اسکا بوسہ لیتی واذا جبرئیل قد نزل وقال یا رسول الله
انک لتحب الحسن والحسین ناگاہ جبرئیل آئی عرض کی ای حبیب کبریا امام حسنین سے
علاقہ رکہتی ہو بہت محبت کا فقال وکیف لا احبهما وهما ریحانتای من الدنیا
وقرتا عینی جواب دیا کیونکر انہین دونو کو دوست نرکہون یہ گل ریحان دنیا ہین اور
دیدہ جانا ہین فقال جبرئیل یا نبی الله ان الله قد حکم علیهما ان الحسن
یموت مسموما والحسین یموت مذبوحا جبرئیل نی عرض کی کہ ایسی
انکی واسطی خدا نی مقدر کیا حسن بزہر دغا سی بیوفا کی مارا جائیگا اور حسین تیغ جفا سی کاٹا جائیگا
وان لکل نبی دعوة مستجابة فان شئت کانت دعوتک لولدیک
الحسن والحسین فادع الله تعالی ان یسلمهما من السم والقتل ای سید انبیا
ہر پیغمبر کی دعا ای مستجاب ہوتی ہی تم اگر چاہو تو استجابت کرو تاکہ خالق عالم موت زہر اور قتل
شمشیر سی بچاوی دونو کو وان شئت کانت مصیبتهما ذخیرة لک فی الشفاعة
من امتک یوم القیامة اور ہرگاہ انکی مصیبت کو مناسب جانو تو روز قیامت مین
داخل شفاعت امت کی ذخیرہ کر دالو فقال النبی یا اخی جبرئیل انا راض بحکم

پانچویں مجلس تذکرہ فضیلت و منقبت پنجتن آل عبا امام حسین علیہ السلام

ربی لا امر ید الا ما یرید ہ و قد احببت ان تکون دعوتی ذخیرۃ
لشفاعتی فی العصاۃ من امتی و یقضی اللہ فی و کذای ما یشاء فرمایا ای
برادر جبرئیل اپنی رب کی حکم سی مین رضا مند ہون خلاف ارادہ الٰہی کی نہین تمنا کرتا ہون
اور یہی میری دعا امت عاصی کی وسیلہ نجات ہی اور جو مقدر مین آفت ہی او نپر گذریگا
ایضا و قال فی جملۃ الروایات البحار و بھذا الاسناد عن ابی عبد اللہ
بن وصیف عن الشطاع الوراق قال سمعت الصبح بن شحرف العابد
یقول ان الخبز الصافی کل یوم فکانت تاکل سند معتبرہ سی کتب مناقب مین
ذکر ہوا ہی کہ شطاع وراق نی کہا شحرف عابد سی مین سنا ہی اونسی بیان کیا ہر روز ایک ظرف
چڑیونکی روٹی توڑتا اور ڈالتا تھا اونکا ہجوم ہوتا تھا اونسی بیٹھ کر مین تماشا دیکھتا تھا
فلما کانت یوم عاشورا فتت لھم فلم تاکل فعلمت انھا امتنعت لقتل
الحسین بن علی جب روز عاشورا نی دلکو صدمہ غم دیا اونکی لئی روٹی کو چور کیا ہر گاہ
زمین پر ڈالا تو کسینی ایک ذرہ بھی نہین کھایا یعنی جانا سانحہ امام حسین علیہ السلام کی قتل
اونکی شہادت سی اونکو حرام ہوا دانہ اور پانی ہی شا کان للحسین ستۃ اولاد علی
بن الحسین الاکبر کنیتہ ابو محمد امہ شہر بانو بنت کسری یزدجرد
ارشاد مین لکہا ہی امام حسین علیہ السلام کی چہ اولاد سعادت نشان ہین بڑی فرزند علی ابن
الحسین الاکبر کنیت اونکی ابو محمد والدہ زکیہ شہر بانو دختر کسری یزدجرد شاہ ایران ہین
و علی بن الحسین الاصغر قتل مع ابیہ بالطف و قد تقدم ذکر فیما
سلف وامہ لیلی بنت ابی مرۃ بن عروۃ بن مسعود الثقفیۃ دوسری
پسر علی ابن الحسین الاصغر جنکو علی اکبر کہتی ہین وہ کربلا مین اپنی والد بزرگوار کی ہمراہ شہید

پانچویں مجلس تذکرۂ شہیدوں و بنات میں خامس آل عبا امام حسین علیہ السلام کے

ہوئی ہیں اونکی ماجرا کو ساری شہداسی پہلی ذکر کیا ہی مادر گرامی کا نام لیلی بنت ابی مرۃ بن عروہ ثقفیہ کہا ہی وجعفر بن الحسین لا بقیۃ لہ وامہ قضاعیۃ وکانت وفاتہ فی حیاۃ الحسین علیہ السلام اور ایک بیٹا جسکی ماں قضاعیہ تھی جعفر بن الحسین اوسکا نام تھا وہ جیتی نرہی والد کی حیات میں صغیر السن وفات کیا وعبد اللہ بن الحسین قتل مع ابیہ صغیرا جاءہ سہم وہو فی حجر ابیہ فذبحہ اور عبد اللہ طفل شیرخوار آغوش پدر میں تھا ناگاہ لشکر مخالف سے تیر آیا گلی پر لگا وار پار ہوا وسکینۃ بنت الحسین وامہا الرباب بنت امرء القیس بن عدی کلبیۃ معدیۃ وہی ام عبد اللہ بن الحسین علیہ السلام سکینہ دختر امام حسین علیہ السلام اونکی ماں رباب بنت امرء القیس اور وہی ماد علی اصغر ہیں کہ یہ دونو بیٹا بیٹی انکھوں کی تاری نور چشم سرور کو بہت منظور نظر ہیں وفاطمۃ بنت الحسین وامہا ام اسحاق بنت طلحۃ بن عبد اللہ تیمیۃ دوسری بیٹی امام حسین علیہ السلام فاطمہ ہیں والدہ کرام اونکی ام اسحاق بنت طلحہ ابن عبد اللہ تیمیہ ہیں وان علی بن الحسین الباقی کان یوم کربلا من ابناء ثلاثین سنۃ وان ابنہ محمد الباقر کان یومئذ من ابناء خمس عشر سنۃ وکان لعلی الاصغر المقتول نحو اثنی عشر سنۃ علی ابن الحسین زین العابدین علیہ السلام واقعۂ کربلا میں تیس برس کی تھی اور اونکی فرزند محمد باقر علیہ السلام کی عمر شریف روز عاشورا پندرہ برس کی تھی علی اصغر شہید کو جو علی اکبر مشہور ہیں بارہ سال کا بتایا ہی اور کسی روایت میں اٹھارہ برس کا ہونا ہی آیا ہی مروی قال ابن الکلبی ولی امیر المؤمنین علی بن ابی طالب حریث بن جابر الجعفی جانبا من المشرق فبعثت بنت یزدجرد بن شہریار

پانچویں مجلس بذکرہ فضیلت اور منقبت پنجتن آل عبا امام حسین علیہ السلام کے

بن کسریٰ فاعطاها علیٌّ ابنهُ الحسین فولدت منه علیًّا ابن کلبی نے کہا امیر

المومنین علی علیہ السلام نے حریث ابن جابر کو جانب ملک مشرق حاکم رکھا اوسنے بنت یزدجرد

ابن شہریار پادشاہ ایران کو وہانسے بھیجا اوس بانوی والاجاہ کو ولی اللہ نے اپنے فرزند

سبط خیر الوریٰ کو دیا اونکے بطن سے مقدم علی بن الحسین علیہما السلام نے ظہور کیا وقال

غیرہ اِنّ حریثًا بعث الی امیر المومنین بِبنتَی یزدجرد بن شہریار

دوسری روایت ہین کہا حریث والی عراق نے دو بیٹیان یزدجرد ابن شہریار کی بائین وہ

دونو شہزادیان عجم کی امیر المومنین سلطان عرب کو بھیجا اوین فاعطی واحدۃً لابنه

الحسین فاولدها علیّ بن الحسین علیہما السلام ایک خاتون معظم کو عقد مین اپنے

خلف امام حسین کی لائے جو سید سجاد زین عُبّاد اونسے عالم وجود مین آئے واعطی الاخریٰ

محمّد بن ابی بکر فاولدها القاسم بن محمد فہما ابنا خالۃٍ دوسری بی بی کو حبالہ نکاح

مین محمد ابن ابی بکر کی دیا اونکے شکم سے قاسم ابن محمد نے تولد کیا پس بنا بر کربلا اور قاسم آپسمین خالہ زاد

بھائی ہین دونو بزرگوار ہین قرابت مادری نسبتین آئی ہین حدیث و روایات فضیلت بہت

سناو نکا تشریحات گلزار اخبار ماتم کو ہر صفحہ سے چمن جنت کی ملاو نکا اب لازم ہے طرف عزاداری

توجہ کرو سوگواری مین مصروف نالہ وزاری رہو ایہا الناس بہت جاے حمد و سپاس اور شکر

بیقیاس ہے کہ ہم اور تم سال بھر جیتی رہے دوبارہ صحت و سلامتی سے عشرہ محرم کی دن دیکھے صحبت

اہتمال مین باہم بیٹھے بسبب سعادت کی ایام دنیا مین آئے طریقے تحصیل بہشت کی خدا نے بتائے

افسوس و دریغ جو عمر گئی حسرت اس عمل خیر کی رکھتی ہین حیف اون لوگون سے کہ جیتے ہین لاکن

غفلت مین بسر کرتے ہین ای مجلس نشینان بزم غم اور دل پریشان مجمع ماتم فرصت کو غنیمت

جانو زاد آخرت کا تہیہ نہ بہولو ہو تکو سر پر سوار پہچانو راحت قبر کی راہ خیر نکالو یہ عشرہ محرم گیا

پانچوین مجلس ذکر فضیلت و شادی میں خامس آل عبا امام حسین علیہ السلام

الساطع والشہاب اللامع للحسین ان کنت مخیّرۃ شہربانو چار طرف نگران
ہمسر اور خواہان یاری مقدر تہین ناگاہ آفتاب سپہر امامت اور ماہ رسالت کو دیکہکی
بولین آیا نہین ہون مین واسطی اوسکی جو نور ساتی طور تجلا پر سوف تراني فرماتا ہی
اور ستارہ روشن سی زیادہ چہرہ تابان مطلع شوق مین نظر آتا ہی وہ جو مردم چشم بینش کی
ضیائی عین ہی اور نام نامی اوسکا امام حسین ہی اگر کبھی اپنی نفس بیقرار پر اختیار دیتی تو میری
دل وا غدار کا مقصود وہی لا الہ غیرہی فقال امیر المومنین لمن تختارین
ان یکون ولیّک فقالت انت علی مرتضی علیہ السلام نے کہا تم مالک اپنی
خدا کی طرفسی آزاد اور منصور واحترام دونو جہان کی جسکو چاہو اپنی ہمسر مناسب جانکو اوسکی
حبالہ نکاح مین شاد کام وذی مراتب ہو عرض کی مین اوسی قمر درخشان برج کتاب دری کی
اور طالع مہر منیر منزل شرف مین جانکی مشتری ہون جو عالم لدنی ماہر سلونی کا شرف
پہنچایا ہی شہربانو ایجاب کیواسطی کسی وکیل قبول کرتی ہو اپنا وہ سعادت سیما بولیں یہ
حافظ تمنا مین عروس جہانبانو شاہ عجم کی وارث دین و دنیا ہین فامر امیر المومنین
علیہ السلام حذیفۃ بن الیمان ان یخطب فخطب وزوجہا من الحسین
علیہ السلام پس امام ہمام نی اول کلمات ارشاد اور ہدایت اونکو تلقین فرمائی طاقوس
مقام کو مسائل ایمان اور یقین بتائی بعد اسکی حذیفہ ابن یمان کو امر کیا تا خطبہ عقد پڑھی
زہرہ برج شہربانو کو مہر عالم افروز امام حسین علیہ السلام کی ساتھ عقد کرنی مین چرخ کہن
چالاکی نصیب ہی کار گذاران رحمت نی بیاہ کا سامان آمادہ کیا طلیب عجب وجد
با جوش و عشرت ارض و جہان پر نبا زن قدرت نی کشادہ کر دیا ایوان جہان اسباب ذوق
سرور سی مزین اور جو سنہ صفت چرخ آسمان کی شامیانہ نور سایہ فگن دلائکی فرش مرغ

پانچوین مجلس بذکرہ عقد شہربانو بین ساتھہ امام حسین علیہ السلام

رونق افزا ہوی محفل شادمانی بہرگاہ شوکت سلیمانی سی آراستہ کی اور منزل سدرہ مکانی
مزید بہجت جاودانی سی پیراستہ کی حذیفہ ابن یمان حکم سی شاہ مردانکی منبر پر جا چمن بلاغت
اور گلبن فصاحت سی لحن وجد آور بین خطبہ پڑہا عقد کرامت کو احلیہ سیادت کی حبالہ
نکاح بین مہر طہارت پر لایا اور عالم ایجاد نی شرف توالد اور فخر تناسل کا شادیانہ مسرت
بجایا محرمان بزم فضیلت کو نقل و شیرینی کی عوض لائی اور جواہر غفران سی دامن بھری حاضر و
غایب کو بجای پیالہ شربت زلال رضوان کی سرچشمی لی ہرگاہ دو نو ماہ و مہر نی درجہ ایجاب
اور قبول سی منزل سعادت کی راہ لی اسرافیل اور میکائیل نی مثال نقیب سیدانی بڑہاو
عمر و دولت کی صدا دی مولا کی یمین اور یسار بین تزک اور شان خداداد عہدہ شکوہ
لیی دوڑتی چلی آسیہ اور مریم دست تعظیم سی دامان برقع عروس کو سنبہالی ہوی
خدام اقبال و جاہ کی صفین جلو بین طرفہ گویان تہین کنیزان شیرین اندام احتشام نام جا
طرف حد ادب سی روان تہین حوا و بلقیس نی پا انداز کو انکہین بچہا ئین حور العین طبقہای نور
پیرایہ جنت نثار کو لائین پس دولہن اور دولہہ نی قدم برکت شیم حجلہ طہارت بین رکہا
نظر صدق و صفا سی اپسمین آئینہ رخسار اور مصحف رو دیکہا زہرہ نی کف نگارین سی
دف ماہ دو ہفتہ میمنت کی تال پر بجایا شجر طوبی کی ہر ورق نی ساز عشرت بین نغمہ داؤدی گایا
مشتری مقام شعف کی شعبدہ بازی پر مجرا شکری ادا کی بہرام اصول طرب سی ہر گوشہ نشاط کا
سرگرم بازو ہی جبرئیل اوس تقریب فرحت نصیب بین مجسمہ عود لیی عطر پاشی اور بیل خلیل
جلیل فرزند زادی کی شادی بین بسر سامانی سی بشاشت مبارکباد ازدواج کو اعیان قدس
دست بوسی کرتی اور ہیج انبساط بین فصحای کروبی قائل درود و ثنا ہوتی واہ واہ قدرت
الہی کا شانہ رسالت پناہ بین کیا اچہا بیاہ رچایا جسکی چرچا زمین و آسمان بین ہوا سفید و سیاہ

۲۲۶

پانچوین مجلس تذکرہ مزاوجت و مفارقت شہربانو بیبی سی امام حسین علیہ السلام کی

عالم نی نقد امرزش اور گنجینہ رفاہ پایا خواہران سید معصوم زینب اور ام کلثوم نی جشن
دلکشا کی دہوم سو اُٹھائی عورات اہل حرم زوجات شفیع امم نی ساز و برگ عشرت کی رسوم
انجام کو پہنچائی کیون حاضرین بزم تولا عروسی شاہ دین کا ماجرا سنا خوشی کا جوش آیا
اب روز فراق کا سانحہ بیان کرون جو اوس واقعہ نی ہوش گنوایا راوی کہتا ہے
جب سید الشہدا معرکہ جانسوز کربلا مین تنہا رہی اور ساری یار و آشنا عزیز و اقربا
پیاسی ماری گئی حضرت نی واسطی ملاقات رخصت کی خیمہ اہلبیت مین قدم رنجہ فرمایا مجروح بدن
خون چکان سی ہر ایک بہن اور بیٹی کو سینہ سی لگایا خواتین اہل حرم کی رونی سی کہرام اور چار طرف
اژدہام تہا اندوہ جدائی درد ہجران شہر بی بی کا شیون سی جینا حرام تہا بچون کی زاری بی قراری سنکر
بیقراری ہوتی گوشون مین فرط غمخواری عورات کی جان کہوتی اوس وقت شہربانو کا دیدہ پرآب
دل بیتاب سی امام انام کی پاس آنا قدم سرور کو مزید شوق اور غلبہ ملال مین گردن جہکا کی
آنکہون سی لگانا صدمہ فراق مین نعرہ الوداع سی پچھاڑین کہانا روز وصال کی یاد مین لرزان اور
ہراسان جان سی جانا جبہی اس گہڑی عالم خیال مین نظر آگیا اور تصور ماجرا سی کلیجہ شق ہوا
شوہر کا پیاس کی ماری لبون پر دم تہا زوجہ کو رنڈاپی کی دہیان مین قلق و ماتم تہا شاہ
دین سی رخصت کا سنہ کہلا ہو بیٹہا سر شہربانو پر غبار مصیبت کا تودہ پانو قابو مین نہ تہا
خاوند کو بیکسی مین گردن کٹانی منظور بی بی کو بچون کی یتیمی اپنی اسیری مین ایذا پانی ضرور امام حسین علیہ السلام
نگاہ حسرت و یاس مین بانوی غریب کا چہرہ دیکہتی آنسو بہاتی خاتون حزین جو مولا کو طرف
مقتل جاتی تصور کرتی اندوہ سی غش آتی بنت کسری کی زبان پر نالہ و فغان تہا ای آقا حسین تم
سدہارے ہمین کسکی حوالی کیا امام کی حسب حال یہ مقالہ احسان تہا جدا کو یاد کرتے
اونکی حفاظت مین سونپتے دیا ہر سمت آواز شیون کا جوش تہا خیمہ گاہ مین شور محشر کا خروش تہا

٢٢٩

چہٹی مجلس تذکرہ فضائل سید الشہداء روایت بچہ آہو کا مسجد میں آنا

اور پہچانو کہ مرید قدرت فرط اختیار سے واسطے صفائی امتحان کی شدائد منافقین سے

وَرُوِيَ فِي بَعْضِ الْاَخْبَارِ اَنَّ اَعْرَابِيًّا اَتَى الرَّسُوْلَ فَقَالَ لَهٗ يَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

لَقَدْ صِدْتُ خِشْفَةَ غَزَالَةٍ وَاَتَيْتُ بِهَا اِلَيْكَ هَدِيَّةً لِوَلَدَيْكَ الْحَسَنِ

وَالْحُسَيْنِ صیادان آہوان وحشی نژاد مضامین میر شکاران نخچیر سخنہای نگارین دام بیان کو

بیابان ترجمان میں پہیلاتی ہیں اور یہ روایت جان پرور کو سامعہ میں لاتی ہیں اور گرہ

عقدہ کشائی بند نجات شفیع رہائی کائنات سجد میں رونق افزا تھی دلفروز حرفہای طیبہ سے

اطفال طبع حاضرین کو مصروف عطا تہی ناگاہ قراول عرب کمال ادب سی آیا ہرن کا بچہ

اپنا پکڑا ہوا بر سبیل ہدیہ لایا بولا اے رسولخدا یہ خشفہ میری جال میں گرفتار ہوا ہے تمہارے حسنین کی

خاطر جی بہلانے کو پہنچایا ہے فَقَبِلَهَا النَّبِيُّ وَدَعَا لَهٗ بِالْخَيْرِ حضرت نے مرید خلق سے بچہ

کیا عوض میں نقد رضا اوس کا دامن سوال بھر دیا فَاِذَا الْحَسَنُ وَاقِفٌ عِنْدَ

جَدِّهٖ فَرَغِبَ اِلَيْهَا فَاَعْطَاهُ اِيَّاهَا اوس وقت غزال مرغزار نبوت حسن مجتبی حضور میں آئے

تھے سید امم سے اوس بازیچہ کودکی پر مائل ہوئے جناب نے اونہیں بخشا ناز فرزند سے وہ گھر لیکے

خوشی میں پھرتے رہے فَمَا مَضَى سَاعَةً اِلَّا وَالْحُسَيْنُ قَدْ اَقْبَلَ فَرَاَى الْخِشْفَةَ عِنْدَ

اَخِيهِ فَقَالَ لِلْحَسَنِ اَعْطَانِيهَا جَدِّي رَسُوْلُ اللّٰہِ تہوڑی دیر نہ گذرنے پائی کہ امام حسین ذیشان

پہنچے بہائی کو بچہ آہو سے کہیلتا دیکہا تو بولے اے برادر یہ تمہیں کہاں سے ملا جواب دیا ہمارے نانا نے

عطا کیا فَسَارَ الْحُسَيْنُ مُسْرِعًا اِلَى جَدِّهٖ فَقَالَ يَا جَدَّاهُ اَعْطَيْتَ اَخِي خِشْفَةً

يَلْعَبُ بِهَا وَلَمْ تُعْطِنِي مِثْلَهَا پس امام حسین جلدی سے اپنے جد کے پاس دوڑے اور کہا

اے سید انبیاء برادر گرامی کو تمنے ہرن کا بچہ بخشا ہمیں ویسا نہیں دیا شاید تمہیں بہولا پکڑ بیچہ

جو میری خاطر عزیز منظور ہو تو مثل اوسکی عنایت کرو وَجَعَلَ يُكَرِّرُ الْقَوْلَ عَلَى جَدِّهٖ وَهُوَ

چھٹی مجلس تذکرہ فضائل الشہیدا روایت بردہ آہو کا مسجد میں آنا

سالت تکنۃ یسلی خاطرہ و یلاطفہ بشیء من الکلام حتی انقضی من امر
الحسین الیٰ آن ہم ہمیشگی جد بزرگوار سی بار بار اخلاص و پیار مین تکرار کرتی پھرو برابر
چپ تھی دکھوئی اور ملاطفت مین مصاف رہتی مگر نورعین کو قرار اور چین ہرگز نہ آیا یہان تک
جو رقت کا شنہ بنایا خیر الوری نی ہر چند گلی سی لگایا اور وہی کو منایا لا اوس بیتاب طلب
ہاتہہ سنا اوٹھایا پیغمبر ذو الجلال کو سوای دعا کچھہ تدبیر بن آئی زہرا کی لال پر صدمہ ملال کی
اور اسی بیان فبینما ہو کذالک اذ نحن بصیاح قد ارتفع عند باب المسجد
فنظرنا فاذا ظبیۃ و معہا خشفہا و من خلفہا ذیبۃ تسوقہا الی رسول اللہ
و تضربہا باحد اطرافہا حتی اتت بہا النبی وہ اوس حال اور مقال میں تھا
ناگاہ راوی نی سنا کہ در مسجد پہ فریاد و شور کی آواز آتی ہی دیکھا ہرنی بچہ ساتھ لیے دوڑتی
جانب پیغمبر قدم بڑھاتی ہی جب سست ہو چلتا بچہ تو شاخ پہلو مین لگاتی اوسی دباتی ہی پیچھی اوسکی بھیڑیا
چوکڑی بھرتا ملا کہ خوف سی گھبراتی ہی یونہین شتابان اندرون مسجد دوڑی تا کہ خدمت پیغمبر مین
جا کی سانس بھری ثم نطقت الغزالۃ بلسان فصیح و قالت یا رسول اللہ قد کان
لی خشفتان احدہما صادہا صیاد و اتی بہا الیک و بقیت لی ہذہ الاخری
و انا بہا مسرورۃ و انی کنت الان ارضعہا پس قدرت الہی نی زبان حیوان کو دی
فصاحت ناطقہ یہ بات بولی ای مرتضا میری دو بچی پیدا ہوئی ایک صیاد پکڑ لایا آپکی ہی یہان
دوسرا باقی رہا چند روز گذری مین اوسکی ساتھ خوش پھرتی تھی اور ایسی دم دودھ پلاتی شکر کرتی تھی
فسمعت قائلا یقول اسرعی اسرعی یا غزالۃ بخشفک الی النبی محمد و اوصلیہ
سریعا پس ندای غیب کو مین نی سنا ہاتف نی کہا شتاب کر اور دوڑ آگاہ اپنی بچہ کو جلدی محمد مصطفی
صلی اللہ علیہ و آلہ کی پاس لیجا لان الحسین واقف بین یدی جدہ و قد ہم ان یبکی

فقد بلغني ذكاءك وفهمك
فاعرض على الحسين عليه
السلام أن يبايع ليزيد
وجميع أصحابه فإذا فعل
ذلك رأينا رأينا والسلام
فلما ورد الكتاب قال
عمر بن سعد قد خشيت أن
لا تقبل ابن زياد العافية
وورد كتاب ابن زياد في أثره
والاتحال إليه أن حل بين الحسين
وأصحابه وبين الماء فلا يذوقوا
منه قطرة كما صنع بالتقي عثمان بن عفان

چہٹی مجلس تذکرہ فضائل سید الشہداء روایت بچہ آہو کا مسجد نبوی مین آنا

والملائكة بأجمعهم قد تحيروا وسئموا من صوامع العبادة بدرستی کہ حسین کا
نورعین سامنے کھڑا ہوا اپنا اونکا ہی طلب بدعا مین عازم ہیگا اور خفا ہو رہا نواسی کا تیغ ناناکو صدمہ
دیتا ہی ساری ملائکہ کو آنسو بہانی پر اوسکی تلاطم شور و نوا ہی اپنی صوامع عبادت سی اندیشہ قتل مین
اوسکی سر اوٹھا لیا ہی ولو بكت الحسين لبكت الملائكة المقربون لبكائه اگر حسین روپا
سید ثقلین بی چین ہووینگی تو سب فرشتہ مقرب اونکی طاعت مین روینگی وسمعت قائلا
ايضا يقول أسرعي يا غزالة قبل جريان الدموع على خد الحسين فإن لم تفعلي
سلطت عليك هذه الذئبة تأكلك مع خشفتك پھر یہ بھی گوش زد ہوا منادی
آسمان سی پکارا جھپٹ جا ای غزالہ پیشتر حسین کی اشکباری سی اور اگر تاخیر کی وہان جلدی نہ پہنچی
تو بھیڑیا تجھپر مسلط کیا ہی ہمراہ بچہ کہا لیگا خواری سی فأتيت يا رسول الله وقطعت إليك
وقطعت مسافة بعيدة ولكن طويت لي الأرض حتى أتيتك مسرعة
پس ای سرور خدا بچہ اپنا لیکی فوراً مین تمہاری پاس آئی مسافت بعید قطع کی زمین پیرون کی نیچے
جو سرعت سی خدمت بجالائی وأنا أحمد الله ربي على أن جئتك قبل جريان دموع
الحسين على خده ای سید انبیا مین شکر خدا کرتی ہون ہزار وان سینی قبل اوسکی جو رخسار حسین پر
آنسو روان ہون فارتفع التكبير والتهليل من الأصحاب غلغلہ تکبیر اور تہلیل سرورکا
حاضرین سی بڑھا اور صحابہ نی پیغمبر پر درود و سلام کو پڑھا ودعا النبي للغزالة بالخير
والبركة وأخذ الحسين الخشفة وأتى بها إلى أمه الزهراء فسرت بها بذلك
سرور ہوا تبلیغا رسول زمن کی خلق نی مادہ ہرن کو دعای خیر و برکت سی رحمت فرمایا اور امام
حسین علیہ السلام نی بچہ اوسکا لیکی والدہ کو دکھایا وہ بھی مسرور و شادمان ہوئین فرزند کی قدر و
منزلت پر شاکر و ثناخوان ہوئین وفي مرفق الخبر عن ابن مسعود قال قال النبي صلى الله

چھٹی مجلس تذکرۂ فضائل سید الشہدا اور پیدائش نور پنجتن سے ایجاد سماوات و عرش و کرسی لوح و قلم و جنات کا

عَلَيْهِ وَآلِهِ يَا ابْنَ مَسْعُودٍ إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ خَلَقَنِي وَعَلِيًّا وَالْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ

مِنْ نُورِ عَظَمَتِهِ قَبْلَ الْخَلْقِ بِأَلْفِ عَامٍ حِينَ لَا تَسْبِيحَ وَلَا تَقْدِيسَ

کتابِ منتخب فخری میں ابن مسعود سے روایت کی ہے مخبرِ صادق نے حدیثِ طویل میں یہ عبارت

کہی ہے خالقِ عزوجل نے پیدا کیا مجھے اور علی و حسن و حسین کو اپنے نورِ عظمت و کبریائی سے

ہزار سال قبلِ ایجادِ تمامی دنیا اور ما فیہا قدرت کذائی سے اوس وقت تسبیح اور تقدیس کرنے والا

کوئی نہ تھا اور نہ کسی قسم تہلیل اور ذکر کا حرف بنا تھا فَفَتَقَ نُورِي فَخَلَقَ مِنْهُ السَّمٰوَاتِ

وَأَنَا أَجَلُّ مِنَ السَّمٰوَاتِ پس میرے نورِ ذات کو شگافتہ کیا اوسکے پرتوِ ضیا سے آسمانوں کو

جسم ظہور دیا پس میں بہتر و برتر ہوں لاجوردی سپہر کی طبقات سے ارفع شان و مرتبہ کے بلند

درجات سے فَفَتَقَ نُورَ عَلِيٍّ فَخَلَقَ مِنْهُ الْعَرْشَ وَالْكُرْسِيَّ وَعَلِيٌّ أَجَلُّ مِنَ الْعَرْشِ وَالْكُرْسِيِّ

یعنی شگافتہ کیا نورِ علی ابن ابی طالب کو پیدا فرمایا اوسکی روشنی سے کرسی و عرش عالی مراتب کو

لہٰذا علی جلیل و عظیم ہے تقدیم سے قدر و منزلت میں کرسی اور عرش ربِ کریم سے فَفَتَقَ

نُورَ الْحَسَنِ فَخَلَقَ مِنْهُ اللَّوْحَ وَالْقَلَمَ وَالْحَسَنُ أَجَلُّ مِنَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ پھر نورِ حسن

لوح اور قلم کو منصۂ ایجاد میں لایا اور حسن میرے نے لوح و قلم سے بزرگی اور شرف پایا فَفَتَقَ

فَتَقَ نُورَ الْحُسَيْنِ فَخَلَقَ مِنْهُ الْجِنَانَ وَالْحُورَ وَالْحُسَيْنُ أَجَلُّ مِنَ الْجِنَانِ وَالْحُورِ

پھر نورِ حسین کو نمود ظہور دیا اور اوسکی صفائے رنگ تجلی نور سے بہشت و حور کو پیدا کیا پس میں

جنت و حور سے جلالت قدر میں اچھا ہے اور نعیم خلد نے اوسکی شعشعۂ حسن سے زیور پہنا ہے فَأَظْلَمَتِ

الْمَشَارِقُ وَالْمَغَارِبُ فَشَكَتِ الْمَلَائِكَةُ إِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ الظُّلْمَةَ ناگاہ بعض

وجوہ سے مشارق و مغارب میں اندھیرا چھا یا ملایک نے اوس تاریکی میں گھبرا کر خدا سے شکوہ بلا یا

قَالُوا اللّٰهُمَّ بِحُرْمَةِ هٰذِهِ الْأَشْبَاحِ الَّتِي خَلَقْتَهُمْ إِلَّا مَا فَرَّجْتَ مِنْ هٰذِهِ الظُّلْمَةِ

چھٹی مجلس تذکرۂ فضائل سید الشہدا روایت نظارہ آدم و حوا سلام اللہ علیہما عرش پر اسمائے آل عبا لکھا ہوا

دیکھا حیرت بڑہی قَالَ آدَمُ یَا رَبِّ مَنْ هٰؤُلَاءِ مناجات کی الٰہی یہ کون سرور مقدس ہین

کہ زینت عرش اور تیری نور وجہ سے مقتبس ہین قَالَ عَزَّ وَجَلَّ هٰؤُلَاءِ الَّذِيْنَ اِذَا تَشَفَّعُوْا

اِلَيَّ خَلْقِيْ بِهِمْ شَفَّعْتُهُمْ ایزد کریم نے فرمایا یہ میری وہ بندہ مقرب ہین جب خلق انکا نام

شفیع لائین درگاہ کبریا سے اثر قبول پائین برکت واسطہ سے کامیاب ہوجائین فَقَالَ

آدَمُ يَا رَبِّ بِحَقِّ قَدْرِهِمْ عِنْدَكَ مَا اِسْمُهُمْ آدم نے سوال کیا اے خدای عالم

تجکو انکی قدر و منزلت کی قسم مجہے بتا انکے نام معظم و مکرم تاکہ ہم آئین بروقت حاجات اہم

فَقَالَ عَزَّ وَجَلَّ اَمَّا الْاَوَّلُ فَاَنَا الْمَحْمُوْدُ وَهٰذَا مُحَمَّدٌ فرمایا خدا تعالی نے پہلا نام سو

مین محمود ہوں اور وہ محمد مصطفی ہے وَاَمَّا الثَّانِيْ فَاَنَا الْعَالِيْ وَهٰذَا عَلِيٌّ دوسرا

جو اسم مشتق ہے پس مین عالی ہوں اور وہ علی مرتضی وَاَمَّا الثَّالِثُ فَاَنَا فَاطِرُ السَّمٰوَاتِ

وَهٰذِهٖ فَاطِمَةُ الزَّهْرَاءُ تیسرا نام پس مین فاطر سماوات ہوں اور وہ فاطمہ زہرا وَاَمَّا

الرَّابِعُ فَاَنَا الْمُحْسِنُ وَهٰذَا الْحَسَنُ چوتھا اسم پس مین احسان کرنیوالا محسن اشیا ہوں اور

یہ حسن مجتبی وَاَمَّا الْخَامِسُ فَاَنَا ذُو الْاِحْسَانِ وَهٰذَا الْحُسَيْنُ اور پانچوان جو نام ہے

مین صاحب جود و احسان ہوں یہ حسین تشنہ کام ؑ وَرَوٰى صَاحِبُ الدُّرِّ

الثَّمِيْنِ فِيْ تَفْسِيْرِ قَوْلِهٖ تَعَالٰى کتاب زاد المسافرین روایت کی ہے کہ صاحب در ثمین

اس قول خدا کی تفسیر یون کہی ہے فَتَلَقّٰى آدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمَاتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ

اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ یعنی جب حضرت آدم ترک اولی سے نادم ہوئے اور باغ جنت سے

کمال حسرت مین پریشان خاطر نکلے و نزات فراق حوا و قصوری روتے مناجات مین آمرزش تقصیر کی

طالب ہوتے اور علیم نے اونکو کلمات فتح الہام کئے اوسکی ذکر سے مشغول انابت اور ابرام ہوتے وسیلہ

اون اسما کی آدم نے دعا مانگی درگاہ باری مین توبہ قبول کو پہنچی بدرستی کہ وہ خدای بخشندہ مہربان

چھٹی مجلس بذکرہ فضائل ومصائب سید الشہدا روحی فداہ عرش پر لکھا ہوا نام پنجتن آل عبا و توبۂ آدم و حوا سلام اللہ علیہما

وسعت رحمت اوسکی نسبت خلق یکسان ہی راوی نی کہا حقیقت ماجرا یون گذری کہ ابو البشر پر
مدت دراز تک رقت رہی انہ رای ساق العرش اسماء النبی والائمۃ علیہم السلام
علیہ تحقیق کہ آدم نی ساق عرش پر لکھے ہوئی دیکہا تہا نام پیغمبر اور ائمہ ہدی صلوات اللہ علیہم خط نور
کا لکہا تہا فلقنہ جبرئیل وامرہ قل یا حمید بحق محمد یا عالی بحق علی یا فاطر بحق فاطمۃ
یا محسن بحق الحسن والحسین ومنک الاحسان جبرئیل ملاقات کو تشریف لائی اور
پر اسماء مقدسہ درگاہ خدا مین شفیع لانیکو بتائی امر کیا پیاری فرزند و نکو اپنی یاد کرو اونکی واسطہ
نام اور جاہ و مقام سی دعا مانگو یا حمید بحق محمد یا عالی بحرمت علی یا فاطر بخاطر فاطمہ یا محسن برای حسن
اورحسین کی چہ تو قدیم الاحسان اور بخشندہ عصیان ہی فلما ذکر الحسین سالت دموعہ
وانخشع قلبہ جب نام پنجوان زبان آدم پر آیا تو لکو صدمۂ غم نی ہلایا بی اختیار آنکہون سی
دریای سرشک بہایا قال یا اخی جبرئیل فی ذکر الخامس تنکسر قلبی وتسیل
عبرتی بیتاب ہوکی جبرئیل سی بولی ای بہائی چار نام بزرگوار سی مین شاد ہوتا ہون پانچوین
اسم کی لینی سی دل شکستہ اشکبار قرین نالہ و فریاد ہواس کہوتا ہون حزن اور اندوہ جگر کو
آرام اور قرار باقی نہین رہتی ہین قال جبرئیل ولدک ہذا یصاب بمصیبۃ تصغر
عندہا المصائب حایل وحی نی چشم کو پر آب کیا آدم کو حسرت سی جواب دیا تمہاری اولاد
سی فرزند وہ بہاری مصیبت اوٹہائی گا کہ ساری عالم کا بار محنت اوسکی برابر شمار مین نہ آئی گا
فقال یا اخی جبرئیل وما ہی پوچہا ای برادر جبرئیل وہ کیا مشقت جلیل ہوگی جو اس جگر پارۂ
خلیل کو پہنچی گی قال یقتل عطشانا غریبا وحیدا فریدا لیس لہ ناصر ولا معین
این رازنی کہا روز عاشورا دشت بلا مین پیاسا مارا جائی گا تن تنہا مظلوم غریب بیکس بیار
اور مددگار اپنا کوئی نپائیگا ولو تراہ یا آدم وہو یقول واعطشاہ واقلۃ ناصراہ

چھٹی مجلس تذکرۂ سیّد الشہدا و بکای آدم و چار مصائب خامس آلِ عباسی بروز عاشورا

يَحُولُ الْعَطَشُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ السَّمَاءِ كَالدُّخَانِ ای آدم اگر او سدم دیکھو تم اوسکی بیکسی کو
بھائی بیٹی عزیز اقربا کی بعد قتل ابتلای بی بسی کو کہ وہ حجّتِ پروردگار نرغۂ اعدا میں گرفتار و عطشا
پکاریگا فریاد و استغاثہ میں وَاقِلَّةَ نَاصِرَاهُ کا نعرہ ماریگا اوسکی پیاس اور سوزِ نالۂ یاس سی (زمین) دھوئیں کی
مثال اوٹھی گی آسمان پر وہ آتشِ حسرت کی طپش دل تا ناف میں بٹھی گی وَلَمْ يُجِبْهُ اَحَدٌ اِلَّا بِالسُّيُوفِ
وَشُرْبِ الْحُتُوفِ افسوس کہ یاری اور مددگاری اوس غریب اندوہ یاری کو کوئی نکریگا ایک
رحم دل ہوادار یکو نزدیک مبتلای زاری قدم حمایت نہ دھریگا مگر تلوار کا وار نیزہ کا ہولہ بدن
لگاینگی تیر اوسپر برسائینگی شربتِ موت پلائینگی فَيُذْبَحُ ذَبْحَ الشَّاةِ مِنْ قَفَاهُ اوس
حال میں جلادِ بیمروت دوڑیگا تیر بھری زخمی سینہ پر چڑھیگا مانندِ ذبح گوسفند بھری یا تیز
رگیں دن کی گدی سی کاٹیگی پھر اسکا لاش بی سرخاک و خون میں پڑی رہیگی جنازے کو دفن و کفن (نہیں)
نہیں باد صبا اور شمال اوسپہ چلیگی وَيُنْهَبُ رَحْلُهُ اَعْدَاؤُهُ فوج ستمگار انکو اسباب خیمہ کی
لوٹینگی حتی چادر اور بچھر اور زیور حرم محترم کا اعدا لوٹینگی وَتُشْهَرُ رُؤُسُهُمْ هُوَ وَاَنْصَارُهُ
فِي الْبُلْدَانِ وَمَعَهُمُ النِّسْوَانُ اوسکا سر مع اقربا اور انصار کا کی نیزون پر چڑھائینگی بہن (اور بیٹی)
اور زوجات کو اسیر لیجائینگے ہمراہ سرہا دربدر قریہ میں پھرائینگی كَذٰلِكَ سَبَقَ فِيْ عِلْمِ اللّٰهِ
صفحۂ کتابِ علم اور ارادۂ الٰہی میں یون ازل ہی لکھا ہی اور آئینہ قضا و قدر میں اوکی رنج و تکلیف
دیکھا ہی فَبَكٰى اٰدَمُ وَجَبْرَئِيْلُ بُكَاءَ الثَّكْلٰى بیان ہی سکا بیا آشوب ہما کی آدم اور جبرئیل
بہت روئی فریاد و زاری میں مثال عورات فرزند مردہ کی اپنی ہوش کہو دئی پس ای اہل عزا
اور نالہ کرو اب دن مصیبت کی آئی غلامان مولا نوحہ اور بیقراری میں مصروف ہو ایام (ر)
تشریف لائی امام حسین علیہ السلام زن اور فرزند کو ساتھ لیکے دشت وعدہ گاہ میں جا آی ہین
تمہاری مغفرت کو ساری گھر اور جان و مال سی ہاتھ اوٹھاتی ہین اوکی غم اور الم سی دست اور دل کو

چہٹی مجلس مدینہ سے عزم روانگی سید الشہدا و وداع قبر جد و مادر و برادر و تسلی فاطمہ صغرا

رحمت دو عشرہ محرم کی دن ہیں ذکر اہلبیت کو جاگتی اور سوتی ہر گز نہ بہولو اس موسم کو جو تیار
رحمت خدا کی غنیمت جانو سال اینده تک معلوم نہیں ہماری تمہاری زندگی ہو یا کہ نہو نظم
للمولفہ غم شبیر میں جو آہ و بکا کرتی ہیں + حق غلامی کا شہ دین کی ادا کرتی ہیں شیون و شہیر کی
دن آتی تڑپتا ہی دل + در و دیوار الم سی یہ صدا کرتی ہیں + پھر ہوا غرقہ زہرا سی خروش رقت
سنکی جبریل بہی سامان عزا کرتی ہیں + بزم اندوہ میں آتی ہیں ملک خاک بسر + اور علم نالہ کا کام
بپا کرتی ہیں + شعر ناظم کی مضامین یہ سبحان علی + ورد طالان سپہر شک اپنی فدا کرتی ہیں

مصیبت روانگی مدینہ حضرت امام حسین علیہ السلام قبر جد و مادر و برادر و فاطمہ صغرا

مسافران تنہوای رقت و بکا در کمان باد پای محنت و بلا بہ بندان محمل باری و امتثال و جہاز
کشان ناقہ اندوہ و ملال مہاجران مزار آرام و راحت و انصاران شہریار ملک شہادت
کاروان اشک روان کو ساتھ بانوان آہ و فغان کی وطن بیت الاحزان سی دشت کربلا کی
امتحان میں یوں لیجاتی ہیں کہ جب بزم وصال میں کبریا کی جانیکا شوق دل سید الشہدا
علیہ السلام پر چہایا اور روز الست کی وعدہ سی راہ الٰہی میں سر کٹانیکا وقت نزدیک آیا اور ایسا
ہنگام ہوا کہ بہر آگہر اہلبیت خیر الانام کا ماتم سرا ہی اور ایام عشرہ محرم کو شور عزا کا چرچا تا ساعت
قیام رہی ہوا لی اپنی آقا کی غمسی خونباری کریں اہالی آسمان و زمین سوگواری میں تڑپتی تہا
رسولان ملک شیون سی بیچین رہیں حوالی مدینہ اور دشت نجف میں فریاد و آہ و بکا کریں و ایسی
رحمت کو جو شفاعت کی واسطی بہانا نکلی خونبہای الٰہی سی امت عاصی کو جنت کا ٹہکانا رہی جو ذاکر
صدق مقال سی حال شاہ کربلا پڑہی یا ورائی رسول او را امام سی نظر قبول میں خدا کی جزا ہی سرفراز
فی کتاب البحار عن زید بن علی قال سألت جعفر بن محمد علیہما السلام عن مقتل

چھٹی مجلس مدینہ سی عزم روانگی سید الشہدا و وداع قبور جد و مادر و برادر و تسلی فاطمہ صغرا

ابْنِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ جلد عاشر بحار میں زید ابن علی سی یون روایت کی
اوسنی کہا مینی جعفر صادق علیہ السلام سی شہادت ابن رسول کی سرگذشت پوچھی ہی قَالَ لَمَّا
هَلَكَ مُعَاوِيَةُ وَذٰلِكَ لِلنِّصْفِ مِنْ شَهْرِ رَجَبٍ سَنَةَ سِتِّيْنَ وَتَوَلَّى الْأَمْرَ
بَعْدَهٗ يَزِيْدُ فرمایا جب پندرہویں رجب سنہ ساٹھ ہجری میں ساتھ کی معاویہ نی دنیا سی آخرت کو
قدم بڑھایا یزید نی اہتمام جور و جفا سی منصب خلافت کو میراث میں پایا بَعَثَ عَامِلَهٗ عَلَى
الْمَدِيْنَةِ وَهُوَ ابْنُ عَمِّهِ الْوَلِيْدُ فَقَدِمَ الْمَدِيْنَةَ وَعَلَيْهَا مَرْوَانُ بْنُ الْحَكَمِ وَكَانَ
عَامِلُ مُعَاوِيَةَ فَأَقَامَهُ الْوَلِيْدُ مِنْ مَكَانِهٖ ولید ابن عتبہ ابن ابوسفیان اپنی پسر کو مدینہ کی
حکومت پر بھیجا وہان مروان معاویہ کیطرف سی والی تہا پھر گاہ وہ یا نائل شہر میں داخل ہوا داروالا
مین مسند ریاست پر بیٹہا وَبَعَثَ اِلَى الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ فَقَالَ اِنَّ اَمِيْرَ
الْمُؤْمِنِيْنَ يَزِيْدَ اَمَرَكَ اَنْ تُبَايِعَ لَهٗ امام حسین ابن علی علیہما السلام کو پیام دیا یزید کو
مومنین کا امیر بنا طاعت سی خلافت کی عہدہ صغیر و کبیر لیا اوسنی تمہین اپنی بیعت کا امر کیا فقال
الْحُسَيْنُ يَا وَلِيْدُ قَدْ عَلِمْتَ اَنَّا اَهْلُ بَيْتِ الْكَرَامَةِ وَمَعْدِنِ الرِّسَالَةِ لَقَدْ سَمِعْتُ
جَدِّيْ يَقُوْلُ اِنَّ الْخِلَافَةَ مُحَرَّمَةٌ عَلٰى وُلْدِ اَبِيْ سُفْيَانَ وَكَيْفَ اُبَايِعُ اَهْلَ بَيْتٍ
قَدْ قَالَ فِيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ هٰذَا جناب امام حسین علیہ السلام جواب مین بولی ای ولید تو جانتا
معدن رسالت اہلبیت کرامت کی باب خدانی ہم کہول تحقیق کہیں اپنی نانا حضرت صادق سی یہ قول
سنا ہی کہ خالق نی اولاد ابوسفیان پر خلافت کو حرام کیا ہی اس صورت مین جو خاندان نبوت
اور شرافت سی ہو پیشوا کیونکر طاعت یزید مین آئی جسکی حق مین رسول نی یون کہا فَلَمَّا سَمِعَ
وَلِيْدُ ذٰلِكَ دَعَا الْكَاتِبَ وَكَتَبَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ يَزِيْدَ
اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ مِنْ وَلِيْدٍ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ لَيْسَ يَرٰى لَكَ خِلَافَةً

چھٹی مجلس مدینہ سے عزم روانگی سید الشہدا و وداع قبر جد و مادر و برادر و تسلی فاطمہ صغرا

وَلَا بَیْعَةَ فَرَأْیُكَ فِیْ اَمْرِهٖ وَالسَّلَامُ ولید نے بعد سماعت اس کلام کے منشی کو بلوایا یزید کو

مضمون یاس کا نامہ لکھوایا بتحقیق کہ حسین ابن علی تجکو لایق امامت سے جانتے ہین ہون اب جو

تیرا حکم ہو اونکے واسطے وہ تدبیر مین کرون فَلَمَّا وَرَدَ الْكِتَابُ عَلٰی یَزِیْدَ كَتَبَ الْجَوَابَ

اِلٰی وَلِیْدٍ اَمَّا بَعْدُ فَاِذَا اَتَاكَ كِتَابِیْ هٰذَا فَعَجِّلْ عَلَیَّ بِجَوَابِهٖ وَبَیِّنْ لِیْ فِیْ كِتَابِكَ

كُلَّ مَنْ فِیْ طَاعَتِیْ اَوْ خَرَجَ مِنْهَا وَلْیَكُنْ مَعَ الْجَوَابِ رَأْسُ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ

عرضی ولید کی یزید کو پہنچی جواب مین یہ عبارت لکھ بھیجی اما بعد اے ولید میرا نوشتہ تجھے جب ملے

چاہیے کہ جلدی جواب سے میرے واسطے بیعت لے جو طاعت کرین اونکا نام لکھنا میرا بھی ایندم

بھرنے والونکا بھی ذکر ملحوظ رہنا لاکن حسین ابن علی کا سر ہمراہ نامے کی ضرور آئے تاکہ وہ جو میں عہد

خلافت سے اندیشہ فتور جاتے فَبَلَغَ ذٰلِكَ الْحُسَیْنَ عَلَیْهِ السَّلَامُ فَهَمَّ بِالْخُرُوْجِ مِنْ

اَرْضِ الْحِجَازِ اِلٰی اَرْضِ الْعِرَاقِ ہرگاہ یہ خبر امام جن و بشر نے سنی ملک حجاز سے جانب

عراق عزیمت کی فَلَمَّا اَقْبَلَ اللَّیْلُ رَاحَ اِلَی الْمَسْجِدِ النَّبِیِّ لِیُوَدِّعَ قَبْرَهٗ فَلَمَّا وَصَلَ اِلَی

الْقَبْرِ سَطَعَ لَهٗ نُوْرٌ مِنَ الْقَبْرِ فَعَادَ اِلٰی مَوْضِعِهٖ جسوقت رات کا اندھیرا عرصۂ تشویش کا

چھایا مزار پیغمبر سے وداع کو امام حسین علیہ السلام نے قدم ثبات بڑھایا ہر گاہ تربت کے پاس پہنچے تو ایک نور

چمکا شاہ دین کچھ سوچکے بازگشت بیت الشرف کو منہ پھیرا فَلَمَّا كَانَتْ لَیْلَةُ الثَّانِیَةِ قَالَ

مُحَمَّدُ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ خَرَجَ الْحُسَیْنُ مِنْ مَنْزِلِهٖ وَاَقْبَلَ اِلٰی قَبْرِ جَدِّهٖ جب دوسری شب

عالم تعب مین ابی محمد ابن ابیطالب نے یہ روایت ذکر فرمائی کہ امام حسین علیہ السلام وہ انتشار سے بیکلی

رخصت کو روضۂ احمدی مین داخل ہوے فَقَالَ السَّلَامُ عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَا الْحُسَیْنُ

بْنُ فَاطِمَةَ فَرْخُكَ وَابْنُ فَرْخَتِكَ وَسِبْطُكَ الَّذِیْ خَلَّفْتَنِیْ فِیْ اُمَّتِكَ کہا درود

اور سلام خدا ہو تجپر اے رسول خدا مین ہون حسین ابن فاطمہ تیرا پیارا نواسہ تمہارا فرزند نازون کا

۲۳۹

اصحاب الحسین علیہ السلام

وحمل الحر بن یزید علی اصحاب عمر بن سعد و یتمثل و یقول

چھٹی مجلس مدینہ سے عزم روانگی سید الشہدا و وداع قبر جد و مادر و برادر و تسلی فاطمہ صغرا

زادہ خیر النسا وہ بیٹا جسکو امت میں تمنی امانت سونپا فَاشْهَدْ عَلَيْهِمْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اِنَّهُمْ
خَذَلُوْنِيْ وَضَيَّعُوْنِيْ وَلَمْ يَحْفَظُوْنِيْ وَهٰذِهٖ شَكْوَايَ اِلَيْكَ حَتّٰى اَلْقَاكَ پس گواہ
رہنا یا نبی اللہ کہ تمہاری امت نے مجھے بہت ستایا جور و جفا سے روندا عزت اور حرمت کو مٹایا
میں ضایع اور برباد ہوا امرہ رحمت کا مقصود تمہا آپکی قرابت کا کچھ لحاظ اعدا نے منظور نہ کیا یہ تھوڑا سا
شکوہ ہے اونکی ایذا کا جو گذرا ہے باقی جب ہم تمسے ملاقات کرینگے تو صدمات کا ماجرا سارا کہونگا
قَالَ ثُمَّ قَامَ فَصَفَّ قَدَمَيْهِ فَلَمْ يَزَلْ رَاكِعًا وَسَاجِدًا راوی ناقل ہے بعد ادای
کلام وہ امام عبادت کی نیت سے کہڑے ہوے خضوع اور خشوع سے متصل رکوع اور سجدہ کو نماز میں کرتے
رہے قَالَ وَاَرْسَلَ الْوَلِيْدُ اِلٰى مَنْزِلِ الْحُسَيْنِ لِيَنْظُرَ اَخَرَجَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ اَمْ لَا
ولید نے اپنا آدمی امام حسین علیہ السلام کی بیت الشرف کو دریافت حال میں بہیجا تا خبر دے وہ
حضرت شہر میں ہیں یا کسی طرف کو سفر کیا فَلَمْ يُصِبْهُ فِيْ مَنْزِلِهٖ فَقَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ
اَخْرَجَ وَلَمْ يَبْتَلِيْنِيْ بِدَمِهٖ وہ خادم جا کے پہر آیا اور کہا میں سبط رسول کو مکان میں نہیں دیکھا
ولید کو بہت خوش ہوا اور بولا شکر اور احسان اوس خدا کا جسنے حسین کو سلامت مدینہ سے باہر
نکالا مجھے اونکی خون میں نہ ہونے دیا مبتلا قَالَ وَرَجَعَ الْحُسَيْنُ اِلٰى مَنْزِلِهٖ عِنْدَ الصُّبْحِ
رات بہر وہ نور نظر خیر البشر ذکر اور مناجات بجا لائے قریب صبح شاہ کر اپنی منزل اشرف میں پہر کے
آئے فَلَمَّا كَانَتِ اللَّيْلَةُ الثَّانِيَةُ خَرَجَ اِلَى الْقَبْرِ اَيْضًا جس ہنگام میں دوسری شب ہوئی
اور پاسبانوں کی آنکھ نیند سے لگ گئی پہر قبلۂ انام حرم سرا سے باہر نکلے قبر نبی کرام کی بالین پر پہنچے و صلی
رَكَعَاتٍ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهٖ جَعَلَ يَقُوْلُ کئی رکعت نماز پڑہی جب فراغت پائی درگاہ
خدا میں ہاتھ اوٹھا کے یہ دعا سنائی اَللّٰهُمَّ هٰذَا قَبْرُ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ وَاَنَا ابْنُ بِنْتِ نَبِيِّكَ
وَقَدْ حَضَرَنِيْ مِنَ الْاَمْرِ مَا قَدْ عَلِمْتَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اُحِبُّ الْمَعْرُوْفَ وَاُنْكِرُ الْمُنْكَرَ

چھٹی مجلس عشرہ محرم روانگی سید الشہدا و تذکرہ وداع تربت رسول خدا علیہ و آلہ السلام

وانا اسالک یا ذا الجلال والاکرام بحق القبر ومن فیہ الا اخترت لی ما هو لک رضیً ولرسولک رضیً ای خدا یہ تیری پیغمبر کی قبر مطہر ہی جسپر آشفتہ سر ہون اور مین اوسکا پسر نور نظر عازم سفر ہون میری اور صدمہ فراق نہایت دشوار ہوا تو جانتا ہی کہ اعدا کا نرغہ بیشمار ہوا پس مہیا فرما وہ سامان جسمین تیری رضا ہی اور بتا ایسی راہ جو ترے لیکی خوشی سراپا ہی قال ثم جعل یبکی عند القبر حتی اذا کان قریباً من الصبح راوی کہتا ہی کہ حضرت کلمات کو ذکر فرماتی اور قبر انور پر سر رکھی روتی جاتی تا کہ آثار صبح نمودار ہوی اور جا و ظلمت کی تابہ بکہرنی لگی وضع راسہ علی القبر فاغفی فاذا هو برسول اللہ قد اقبل فی کتیبۃ من الملائکۃ عن یمینہ وعن شمالہ وبین یدیہ اوسوقت ناناکی تربت سی تکیہ امید و بیم لگا یا غنودگی مین آنکہون کو بند کیا سر تسلیم جہکایا ناگاہ رسول اللہ دیکہی قرین مزار سی تشریف لائی فرشتو کی غول یمین و یسار اور آگی پیچہی آی حتی ضم الحسین الی صدرہ وقبل بین عینیہ فرط شوق مین اوکی بر یا امام حسین علیہ السلام سی لی یہان تک جو سینہ سی لگا کی پیشانی کی بوسی لی وقال حبیبی یا حسین کانی اراک عن قریب مرملاً بدمائک مذبوحاً بارض کرب وبلاء من عصابۃ من امتی فرمایا ای روشنی چشم دلکی چین پیاری نوا سی ناناکی یا حسین وہ دن قریب ہی کہ تجہی اپنی لہو مین ڈوبا خاک پر لوٹتا دیکہون اور دیاو ہان زمین محنت و بلا ہی کربلا مین امت اشقیاکی ہاتہہ سی سر کٹا پاون وانت مع ذلک عطشان لا تسقی وظمآن لا تروی اوس حال مین تو پیاسا ہو کوئی پانی نہ دی مانند مچہلی کی تڑپتا ہی ایک رحم دل خبر نہ لی حبیبی یا حسین ان اباک وامک واخاک قد قدموا علیّ وهم مشتاقون الیک ای آرام جان یا حسین بدرستی کہ تیری والد اور مادر

رای الحصین بن نمیر وکان علی الرماة فصاح اصحاب الحسین علیہ السلام بالنبل فرشقوهم فلم یلبثوا ان عقروا خیولهم وجرحوا الرجال فصاحوا واشتد القتال بینهم ساعة وجاء شمر بن ذی الجوشن لعنہ اللہ فی اصحابہ فحمل علیہم زہیر بن القین فی عشرة رجال وکشفوهم عن البیوت وعطف علیہم شمر فقتل من القوم وردّ الباقین الی مواضعهم وکان القتل یبین فی اصحاب الحسین علیہ السلام لقلة عددهم ولا یبین فی اصحاب عمر بن سعد لکثرتهم وکثر القتل فی اصحاب الحسین علیہ السلام فی زوال الشمس فصلی الحسین علیہ السلام باصحابہ صلاة الخوف وتقدم حنظلة بن اسعد الشامی بین یدی الحسین علیہ السلام فنادی یا قوم انی اخاف علیکم مثل یوم الاحزاب یا قوم انی اخاف علیکم یوم التناد ... ثم تقدم فقاتل حتی قتل رحمہ اللہ

۲۴۱

علیک یا ابا عبد اللہ ورحمة اللہ وبرکاتہ استودعک اللہ ثم قاتل ولم یزل یقاتل حتی قتل ولم یبق مع الحسین علیہ السلام الا اهل بیتہ خاصة فتقدم ابنہ علی بن الحسین علیہ السلام وکان من اصبح الناس وجهاً وهو یومئذ ابن تسع عشرة سنة فشد علی الناس وهو یقول انا علی بن الحسین بن علی نحن وبیت اللہ اولی بالنبی تاللہ لا یحکم فینا ابن الدعی ففعل ذلک مراراً واهل الکوفة یتقون قتلہ فضربہ مرة بن منقذ العبدی لعنہ اللہ فصرعہ واحتواہ القوم فقطعوہ باسیافهم فجاء الحسین علیہ السلام حتی وقف علیہ فقال قتل اللہ

چھٹی مجلس عشرہ دوم روانگی سید الشہدا مدینہ سے وداع قبر پیغمبر کلمات رسول اپنی اہلبیت سے

برادر میری پاس آئی ہین وہ سب مشتاق ملاقات انتظار مین کہڑی ہدیہ سلام لائی ہین + وَاِنَّ لَکَ فِی الْجِنَانِ لَدَرَجَاتٍ لَنْ تَنَالَهَا اِلَّا بِالشَّهَادَةِ تیری واسطی بہشت مین ایسا بڑا درجہ رکہا ہی کہ اوسکو بدون شہادت کی پا نہین سکتا ہی فَجَعَلَ الْحُسَيْنُ فِي مَنَامِهِ يَنْظُرُ اِلٰى جَدِّهِ وَيَقُولُ يَا جَدَّاهُ لَا حَاجَةَ لِي فِي الرُّجُوعِ اِلَى الدُّنْيَا فَخُذْنِي اِلَيْكَ وَاَدْخِلْنِي مَعَكَ فِي قَبْرِكَ امام حسین عالم رویا مین جد بزرگوار کو دیکہتی تہی اور یہ کلام حسرت انجام عرض کرتی تہی ای نانا مجہی اب دنیا مین جانا گوارا نہین اس مصیبت بہری زندگی فانی کا مزہ رہا نہین نظر توجہ سی ادہر دیکہو میرا ہاتہہ پکڑو اپنی قبر مین داخل کر لو جوار رحمت مین رکہو فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ لَا بُدَّ لَكَ مِنَ الرُّجُوعِ اِلَى الدُّنْيَا حَتّٰى تُرْزَقَ الشَّهَادَةَ وَمَا قَدْ كَتَبَ اللّٰهُ لَكَ فِيهَا مِنَ الثَّوَابِ الْعَظِيمِ رسولخدا نی فرمایا ای حسین دنیا مین رہی اور بلا سہنی کی لئی ضرور تم جاؤ تا شہادت اور جو مرتبہ عظیم ثواب کا خدا نی اوس وعدی پر منحصر کیا ہی وہ پاؤ قَالَ فَانْتَبَهَ الْحُسَيْنُ مِنْ نَوْمِهِ فَقَامَ مَهْمُومًا راوی کہتا ہی کہ وہ جناب خواب سی چونکی وحشت اور ہراس مین جاگی آمادہ ہوئی واقعہ شہادت اور مصیبت کربلا کی فَقَصَّ رُؤْيَاهُ عَلٰى اَهْلِ بَيْتِهِ پس امام حسین پر شور با چشم تر اور دل مضطر گہر مین تشریف لائی عالم رویا کا قصہ حسرت زدہ مین بہائی اور فرزند کو سنائی فَلَمْ يَكُنْ فِي ذٰلِكَ الْيَوْمِ فِي مَشْرِقٍ وَلَا مَغْرِبٍ قَوْمٌ اَشَدَّ غَمًّا مِنْ اَهْلِ بَيْتِ رَسُولِ اللّٰهِ عجب طرح کا غم اور الم اونپر طاری ہوا گویا روز عاشورا کا سماں اونکو دکہائی دیا فرط الم سی یارای ضبط اور قرار نہ تہا سب عورت اور مردوں رقت وزاری مین حال تباہ کیا مشرق اور مغرب مین کوئی مکان عزادار کا ہوگا ایسا جس شدت سی گہر مین اہلبیت کی اوس روز غم اور ماتم کا چرچا پہیلا قَالَ وَتَهَيَّاَ الْحُسَيْنُ لِلْخُرُوجِ مِنَ الْمَدِينَةِ راوی کہتا ہی کہ سید الشہدا نی اندیشہ جور وجفاسی اعدا کی ہجرت

والقتل من اهل بيته فقالت عنه فقيل معا لقاسم بن الحسن بن علي بن ابي طالب عليه السلام ثم حامل الحسين عليه السلام انا من الفسطاط فاتت ابنه عبد الله بن الحسين عليه السلام وهو طفل فاجلسه في حجره فرماه رجل من بني اسد بسهم فذبحه فتلقى الحسين عليه السلام دمه ملأ كفه وصبه في الارض ثم قال رب ان تكن حبست عنا النصر من السماء فاجعل ذلك لما هو خير

چھٹی مجلس تذکرہ وداع سیّدۃ النساء قبر فاطمہ زہرا و حسن مجتبیٰ علیہما السلام

وطن کا ارادہ کیا اور بحکم قضا و قدر سامانِ سفر اوٹھا لیا روضۂ احمد کو داغِ فراق دیا و مضیٰ فی جَوفِ اللّیلِ اِلیٰ قَبرِ اُمِّہٖ فاطِمَۃَ الزَّہراءِ فَوَدَّعَہا جب سایبان ظلمت کا صحن جہان پر چھایا امام حسین علیہ السلام نے والدہ فاطمہ زہرا کی مزار پر قدم بڑھایا بحدِ قبول سے لپٹی دیر تلک وداع کی روتی رہی پھر مناسب مقام زبانِ حال سے گویا ایسے کلام کہے ای مادر گرامی تمہیں میری محبت میں دنیا میں قرار نہ تھا ملاحظہ رنج و محنت سے یارائے صبر نہ تھا دل زار تڑپتا آپ دیکھیے بعد پدر اور برادر ستمگر کیا مصیبت کی پہاڑ ٹوٹی ہیں نرغۂ اعدا سے گھر بار عزیز و اقربا سب چھوٹے ہیں رسول باری نانا کی مزار سے حسرت میں جدائی ہے تمہاری تربت اور بھائی حسن کی قبر سے دور ہونا آفت کی چڑھائی ہے اس موسم طوفانِ مخالف میں وطن سے مجبور جاتا ہوں اپنی بہن زینب اور ام کلثوم بیٹی سکینہ کو بھی سفر میں ساتھ ہمراہ ہوں کیا کروں علی اصغر طفل شیرخوار متحمل صدمات راہ کا نہیں ہماری اہلبیت کی چھوٹی بڑوں کو دشت و کوہ و صحرا میں پناہ نہیں ثُمَّ مَضیٰ عَلَیہِ السَّلامُ اِلیٰ قَبرِ اَخِیہِ الحَسَنِ عَلَیہِ السَّلامُ فَفَعَلَ ذٰلِکَ اس نقشہ طاہرہ سے محزون اور دیدہ پرخون باہر نکلے روضۂ برادر بزرگوار حسن مجتبیٰ میں جا کی قبر سے لپٹی برسم وداع یہ کلمات زبانِ حال پر لائی نالۂ ہائے فراق حسن و حسین ایسا کیا جو درد دیوار تھرائی ملا علی نقی بروجردی نے حکایت سوز و گداز لکھی ہے اپنی کتاب محن البکا میں سند کی کی جبکہ امام حسین علیہ السلام سب مزاروں سے بکمال شوروشین رخصت ہوئی اپنی بیت الشرف کو پھری تدارک سفر میں وطن سے ہجرت کی مستعد رہی سرور انام کی ایک چھوٹی بیٹی فاطمہ نام اون اوقات میں بہت مریض ہو رہی تھی سات برس کی عمر میں تھوڑی ایام پیشتر ماں بھی دار دنیا سے گذر گئی تھی وہ صغیر زار و ازار میں بیماری اور بی مادری کی انتہا کو گرفتار تھا اور لیل و نہار سوز حسرت سے مثال شمع اشکبار تھی محرقہ میں منہ خشک لب پر تبخال صدمۂ درد سر سے چہرہ زرد تھی نہ طاقت جسم بادل ناتوان

عنه فحمل يقاتلهم وحده حتى واحاط القوم بالعباس فاقتطعوه بسهم الى مكانه واشتد به العطش

قال وبلغ الحسين عليه السلام من الشدة تقدم اليه شمر بن ذي الجوشن لعنه الله في جماعة من اصحابه وضربه رجل يقال له مالك بن نسر الكندي على رأسه بالسيف وكان عليه قلنسوة فقطعها حتى وصل الى رأسه فادماه فامتلأت القلنسوة دما فقال له الحسين عليه السلام لا اكلت بيمينك ولا شربت بها وحشرك الله مع الظالمين ثم القى القلنسوة ودعا بخرقة فشد بها رأسه واستدعى قلنسوة اخرى فلبسها واعتم عليها ورجع عنه شمر ومن كان معه الى مواضعهم فمكث هنيهة ثم عادوا اليه واحاطوا به فخرج اليه عبد الله بن الحسن عليه السلام وهو غلام لم يراهق من عند النساء يشتد حتى وقف الى جنب الحسين عليه السلام فلحقته زينب عليها السلام لتحبسه فقال لها الحسين عليه السلام احبسيه يا اختي فأبى وامتنع عليها امتناعا شديدا وقال لا والله لا افارق عمي فاهوى ابحر بن كعب الى الحسين عليه السلام بالسيف [illegible]

چھٹی مجلس مدینہ سی عزم روانگی سید الشہدا بروایت عین البکا و وداع فاطمہ صغرا

شالِ تشبیح پوست اور استخوان صورتِ گذران میں زندگی و بالِ جان روز و شب قلق و رنجورِ اندوہ و تعب سی مادر کی فراق میں ناصبور باپ اور بہائی کی وصال سی تسکین پاتی پہوپہی کی ملاقات میں اپنی جی کو بہلاتی واسطی تسلی کی ہر وقت شاہ دین اوسکو چہاتی سی لگاتی دامنِ محبت میں رات کو آرام سی سلاتی مشہور ہی چہوٹی بچی کو علاقہ الفت کا بزرگی طبیعت میں پیدا اور مادہ سی بڑہتا ہی اپنی پالنی والون سی رنج اور محنت میں ایکدم کی جدائی پر سامنا ہوتا پڑتا ہی فاطمہ کو بہی والدِ بزرگوار سی موانست کمال تہی حضرت کی پاس دن رات رہنی میں راحت سی مالامال تہی زانوی پدر کو بالینِ فرحت کا تکیہ جانتی خوشبوی صحبت کو دماغِ صحت کا نخلخہ پہچانتی تپِ دقِ معتدل اوسکی مزاج کو شربتِ دیدار تہا قدم عیادت سی سرور کی پاشویہ بخار تہا لاکن اس آفت کی خبر نہ تہی کہ دستِ قضا جدائی پدر کی انتہا نکریگا چہوٹی عمر میں بڑی مصیبت کی بار اوٹہانی کو دیکہا عنقریب آغوشِ مرحمت سی باپکی بی کنار بیٹہنا ہی کا اور تپِ سوزان میں جلانی سی علاوہ عزیز و اقربا کا نایرہ فراق دکہائیگا امام حسین علیہ السلام نی ہرگاہ عزم سفر کو جزم ٹہرایا جسیمہ مرضیہ کی وداع کو سر بالین فاطمہ پر قدم بڑہایا جسدم نظر حضرت اوس نورِ چشم علیلہ کی جانب پڑی بی اختیار آنکہون سی آنسو ہی اور لگی جہڑی عالم تصور میں فاطمہ کی بیکسی کا نقشہ دیکہا خالی گہر میں در و دیوار پر سر پٹکنی کا خیال بندہا کہ شوق ملاقات میں بیتابی سی وہ گہبرا اٹہیگی زمانِ انتظار میں قاصد اور نامہ وصال در وازی سی باہر جائیگی وہ معصومہ رقت حضرت سی اپنی طرف مظنہ ہوئی کہ شاید بیماری کی طول سی اب مدتِ زیست باقی نہ رہی عرض کی باباجان پیشتر جو تم عیادت کو میری آتی تہی مجہی مانگی بجرت اور تپِ دردِ سر کی شدت میں تسلی فرماتی تہی اسدم کیا باعث ہی کہ دکہی یون روتی ہو آہ سرد بہرتی ہو ہوش اور حواس میری کہوتی ہو شاید تمہیں کہل گیا اس عارضہ سی میں

[illegible]

چھٹی مجلس مدینہ سے عزم روانگی سید الشہدا و وداع فاطمہ صغرا

صحت نہ پاوٴنگی قرینہ حال سی یقین جانا کہ اب جلدی مرجاوٴنگی کہ زندگانی مرگ نوجوانی پر اُسکو
حسرت ہی بمزید الفت مین سفر اری سی یہ جوش رقت ہی اِی واقف آشکارہ و پنہان اگر و اقعی یہی
سبب ہی تو مجہی اسکی خوشی اور عین مطلب ہی ہزار مرتبہ میری جان اُنکی قدم پر نثار ہو خدا کری اُنکی
سلامتی مین اجل پر ستار ہو بہت اس امر سی خوشحال ہون کہ اُنکی روبرو انتقال کرون آرزو یہی کہ
ہنگام نزع اپنی ہاتہہ سی میری آنکہین باندہو قبلہ رو لٹاکی یاسین پڑہو سامان غسل آمادہ کرو
رداکی دامن سی کفن دو کافور حنوط چہڑکو بہائی سید سجاد اور علی اکبر کی ہمراہ نماز کو کہڑی ہو دوش
مبارک پر جنازہ اوٹہاو بقیع مین لیجاکی خاک لحد پر سلاو مٹی ڈالکی چوڑی سی تربت بناو فراز
لحد پاس جڑہاو اب رقت بہاو مگر امید وار ہون میری قبر پر کبہی کبہی آیا کرو بہن سکینہ اور اپنی گلی
بہی لایا کرو سورہ قران کی تلاوت سی روح کو ثواب پہنچاو تاکہ عدم جانی مین ذکر فاتحہ سی
میری یاد کو نہ بہولو جو یہ باعث ہی تو شاد رہو غم نہ کہاو والا دل کرامت منزل کا مدعا اور روح
بتاو امام حسین علیہ السلام نی زیادہ مہر شاک بہاکی تاسف اور دریغ فرمایا ہاتہہ بڑہاکی اُسکا
اپنی چہاتی سی لگایا کہا اِی غریب کم نصیب مجہی سفر در پیش ہی صدمات جانکاہ کو راہ اور گذرگی
اوٹہا تو بیمار اور مبتلای ضعف و نقاہت ہی تحمل محنت مین پردیس کی اندیشہ ہلاکت ہی لہذا
ناچار مدینہ مین ام سلمہ نانی کو سپرد کر جاونگا بعد از افاقہ مرض اور حصول آرام اپنی پاس بلا لونگا
اس کلام کی سماعت سی فاطمہ کی ہوش اور حواس جاتی رہی جو فی الجملہ طاقت اور توانائی تہی
وہ بہی گئی آنسو منہہ پر بہی کہا ای مولا تم جانتی ہو کہ مین بیمار ہون مرگ والدہ سی ماتم دار اور بیقرار
ہون بعد از تمہاری پہوپہی زینب اور ام کلثوم دوای علاج کو میری اپنا نہ کہینگی غمخواری اور دلداری
اور پرستاری مین مجہی کب چین سی رکہینگی حضرت نی دختر مضطر کو جواب دیا وہ دونو خواہر
اپنی ہمراہ لیا فاطمہ نی عرض کی بہائیون مین بہائی سکو چہوڑ جاتی اور چچا عباس ہمراہ عون و جعفر

ساتوین مجلس تذکرہ عزم سید الشہدا مدینہ سے نکلنا و وداع ام سلمہ و محمد حنفیہ اور بیان تحفہ کربلا

لطفِ حیدر + ڈھونڈھو تو نہ پھر کوئی گنہگار ملی + سر باجی گر سبطِ نبی کی مہربانی ہوجای +
مردونکو نصیب زندگانی ہوجای + ڈرتی نہین دوزخ سی ہوا خواہِ حسین + سایہ ڈالین تو آگ
پانی ہوجای + پیشنوانی ملولفہ یثرب کی شور و شین سی برہم ہوا حجاز + پیر و جوان کی
دل پہ کیا غم نی تیر کشاز + اندوہِ سینہ جوش مین آ گیا شکیب + ہی اشک زیبِ دامن و رخسار کی
طراز + سوسن کی آبرو ہی سپر شک و چشم تر + قربِ خدا کا سوزِ الم ہی وسیلہ ساز + ہر گھر مین
اہلبیت کی رقت کا ذکر ہی + شیون بکا مین فرض خموشی سی احتراز + رونی مین عین طاعتِ حق کا
ثواب ہی + خمس و زکوۃ و روزہ ہی حج ہی نماز + رتبہ مصیبتِ شہ بیکس کا دیکھ لو + کعبہ ہیا
پوش عزاداری نیاز + روح ہی وحیدر و زہرا کی آہ سی + رضوان ہی شغلِ نالہ مین گیسوی حور دراز
جبریل مضطرب ہو کس طرح سی جب + ماتم سرای قدس ہی عرش کا فراز + آیا نظر جو نوح کا طوفان اندون
خشکی مین ڈوبا آلِ رسالت کا ہی جہاز + سامانِ سوگواری گلگون قبا کرو + چھاتی کو پیٹو خاک بسر ہو
جگر گداز + بزمِ جہان مین منصب ناظم ہوا دو چند + خالق سی مدح خوانون مین پایا ہی امتیاز +
تمہید بکا تنبیہ امرِ باب افترا حاضرینِ محفلِ عزا + جالسینِ منزلِ ثقلا یہ صدق و یقین جانو
ہرگز وسوسہ شیاطین کو نہ مانو درگاہِ خدا مین سید الشہدا کا مرتبہ بہت اعلا ہی اور محبِ سلطانِ
کربلا دارین مین برگزیدہ امتِ خیر الورٰی جو شخص امام حسین علیہ السلام کی مصیبت مین روتا ہی
مشمولِ رحمتِ پروردگار موصولِ احمدِ مختار ہوتا ہی جب کوئی موزون طبع اونکی تعزیت سی شعر و نظم
مرثیہ کہتا ہی سب خلقِ دنیا سی اسکا اظہار کا مقبول اور باکرامت رہتا ہی ذاکرِ آلِ نبی کو امام برحق
اپنا محسن اور مددگار فرمایا ہی مجلس مین فراہم ہوکی سرگذشت حسن سنی کو ثوابِ عبادت ستر برس کا
بتایا ہی مداح اور مرثیہ خوانِ شاہِ کربلا خدا کی پیاری ہین اونکی ثنا اور صفت مین ارشاد پیغمبر سی
صد ہا اشارے ہین کتاب لسان الذاکرین مین ملا ہادی نائینی لکھتی ہین کہ امام حسین بانی

ساتوین مجلس تذکرہ عزم سید الشہدا مدینہ سی نکلنا اور مدحت مرثیہ گو شعرا

ترجمان سی یہ حدیث کہتی مَنْ قَالَ فِيْنَا بَيْتًا بَنَى اللّٰهُ تَعَالٰى بَيْتًا لَهُ فِي الْجَنَّةِ یعنی جو ہماری مدحت خواہ محنت پر ایک بیت سی کو یا ہیکا خالق عالم اوسکی لئی عوض مین ایک گہر بہشت کا پیدا کریگا ایضًا مَا قَالَ مُؤْمِنٌ بِمَدْحِنَا شِعْرًا اِلَّا بَنَى اللّٰهُ لَهُ مَدِيْنَةً فِي الْجَنَّةِ اَوْسَعَ مِنَ الدُّنْيَا سَبْعَ مَرَّاتٍ دوسری جا وارد ہوا فرمایا کوئی ناظم اور مومن ہماری مدح کا شعر نہین کہتا ہی مگر یہ کہ خدا دو مصرع کی صلہ مین ایک شہر زمین بہشت پر بناتا ہی وہ سات مرتبہ برابر دنیا سی زیادہ ہوگا اوسمین شاعر کا قیام بی تقطیع مدام ہوگا وَيَزُوْرُهُ كُلُّ مُؤْمِنٍ مُخْلِصٍ وَمَلَكٍ مُقَرَّبٍ وَنَبِيٍّ مُرْسَلٍ مومنین خالص اور ملایکہ مقرب اور پیغمبران مرسل مادح کی زیارت کو اوس جا آئینگی تحیت اور سلام کی تحایف ثناخوان خیر الانام کو دیتی مرحبا ثنا اونکی فکر شگفتہ قافیہ عالی فکر کو لازم ہی کہ خواص تجربہ شہرت مین حدیث بتقلید اور قول بی دلیل ضعیف کا ہموزن نہ ہتیان ہرگز نہ کہی اوپر خدا و رسول اور اپنی امام و اہلبیت کی افترا باندہنی سی بچیں تا کہ واسطی رد اونکی سامعین کو یہ روایت تو تالیف اور تازہ عراق اور کربلا سی نہ منگائی واہ واہ کی خاطر خانہ دین بلکہ ہمرہ اسلام اپنا اور حاضرین کا تباہ نہ بنائی جو عبارت جدید حاشیہ سی بائی مولوی صاحب وغیرہ فضلا کی پائی اوسمین بنظر غور عصمت و رتبہ امامت کی مناسبت کو دیکہی آئی تو زبان پر لائی ورنہ فتح نامہ یزید پلید نقل مقابلہ اور شکست مرثیہ تمہید تازہ بتازہ نو بنو جہان سی اونکی صفحہ کتاب کو مرید لائی کذاب اور جو تقلید ملا و بنائی پر ہوا اوڑائی کیونکہ اس خطا سی آدمی کا دین اور دنیا مین خجیدہ کل سیاہ بلکہ قابل مواخذہ ہوتا ہی اہل خلاف کا دست طعنہ دراز ہوتا ہی کو اب ملامت کا ہوتا عرق خجالت مین ڈوبنا ہی بخوای کلام امام اور فتوای علمای فہام سی نامناسب ملال حسب اتصال ساتہ زبان حال کی ذاکر کو پڑہنا شایان ہی جیسا کہ مضامین اکبر اہل قلم اون شعرا کی جو روبروی ایمہ انام اپنی تصانیف کو پڑہتی رہی عیان ہی جو بایر و جیب زینت منبر اور مجلس

ساتوین مجلس تذکرۂ عزم سید الشہدا مدینہ سی نکلنا روانہ حضرت مرثیہ گو شعرا تغنیہ ارباب افترا

عرش پہ پہچاہی سنغمبر بیٹہہ ا وس رتبہ مین نہ دا داد محشر سی تقریر زبان پر جو نہ بیان آوے ہو شم کرو

جموٹ فضیلت اور ذکر مصیبت کو ہرگز روا نرکہو احادیث مین قول سی راوی مفوضہ اور غالی کی

باتمیز رہو اپنی مولا کو ترک سلوک سی آئمہ اثنا عشر کی ایذا نہ دو کہینی اور سنی مین اصحاب حضرات کی

طریق حق پر چلو یہ کیا روا ہی کہ ہر فقرہ مرثیہ مین صدا ہاتف کی غیب سی آئی اور نبی و علی و فاطمہ

حسنین علیہم السلام کی روح فی چلتی ہو یہ بات فرمائی نہین مقتل کو زہرا کی بالون سی جہڑواتی ہو

پنجتن اسما ی خدا کو خبر کی استقبال مین بلواتی ہو روال تہل عذرا کو اپنی راہی کی آنکہون پہ

باندہنی سی اپنی بصارت جمعیت چہپاتی شادی قاسم سی غم افزا تہا جو نسبت مین علی اکبر اور عباس

رضی اللہ عنہما کی دہوم اوٹہاتی بیاہ رچاتی ہو جو ظلم اعدائی نہین کیا مزید رقت کو دل سخت کری

نم پڑہاتی ہو وہ جور و جفا جو ہوا کہ تمہاری نزدیک تہوڑا ہی کہ او سپر شاخ و شاخ لگاتی ہو ہم

عشرۂ محرم سی اہلبیت پر کہانا پانی بند کرتی بخبر ترتی ہو شب عاشورا کو بیس مشک پانی بہرلانا

جناب عباس اور ہلال ابن نافع کا نہین پڑہتی ہو پیاس کی شدت مین سر امام حسین علیہ السلام

زبان باہر نکلی پکارتی ہو حیوان تہ پانی کی پیاس پر نور خدا کا ستیزہ ایسا اپنی منہہ سی بکا کرتی ہو

خرابہ مین ہندہ زن یزید کی لانیکو دشمن کا جاہ و حشم کذب محض دکہاتی ہو زینب خاتون سی کہ باہم

انکار مین قسم پر ٹہراتی ہو افسوس سی یہ عمل خیر بہ شر شیطان سی باطل ہو سکا و عمل نشنیدنی

اوس مین بخواہش نزراو طلب شہرت خلل ڈالا انشاء اللہ سر گذشت مصیبت اور واقعات

صحت کو مجالس آئندہ مین ثبت دیکہو کی جو کتاب خوان اور مرثیہ گو و حدیث طرازون کا بنا یا ہی

اوسکی حقیقت بوجہو کی سنجان رتبہ یہ ذکر امام حسین علیہ السلام کو دنیا اور دین مین کیا رتبہ

جو اوسکی قدر و منزلت مین زبان بیان کو تشتر اخجلت ہی بہ بین چشم خود اس مفخر احسان کو جو

مجیبین تہ عالیہ ذاکر اور باکی و مبیان کرو ہرگاہ سامعین کا قصور کثرت مین گریہ و بکا ہو گریہ

ارفع عالی من ... ما عندکم ... بدون قتل الحسین علیہ السلام ... قتل الحسین علیہ السلام

امالی ابن ... عبد اللہ بن ... علیہ السلام ... الحسین علیہ السلام

ساتوین مجلس تذکرۂ عزم سید الشہدا مدینہ سے نکلنا اور دعبل کو پیغمبر سے خلعت ملنا اور ابی ارکا قرینا

صغر سے زیادہ گنا جاتا ہے اشک عزا جب کبھی یا مچہر کی پر سے برابر باہر نکلی دریای مغفرت سے عصیان کو بہا دے محبت شاہ ولایت کی ساتھ اگر اقتضای بشریت سے کوئی مبتلای طغیان ہوتا ہے البتہ جناب احدیت اوسکو مزید کرم اور امتنان سے عفو کرتا حسنات کر دیتا ہے حکایت

رُوِیَ عَنِ ابْنِ دِعْبِلِ الْخُزَاعِی قَالَ اِذَا بَلَغَتْ رُوْحُ اَبِی عِنْدَ التَّرَاقِی اِسْوَدَّ وَجْهُهٗ

ابن دعبل شاعر خزاعی سے یہ حکایت نقل کی ہے اور کتاب حاشیہ بحار مین بسند صدق لکہی ہے اوسنے کہا ہے کہ آخر عمر مین باپکی مرنے کا وقت قریب ہوا سکرات موت کا صدمہ اوسپر سخت گذرا تشنہ جان کا بند گلی مین اڑا زبان بند ہوئی سارا منہ کالا پڑا وَکُنْتُ عَلٰی ذٰلِکَ کَئِیْبًا فَلِقًا

مَہْمُوْمًا دَاعِیًا لَّہٗ بِالْمَغْفِرَۃِ اوس حالت کی ملاحظہ سے مین بہت غمگین اور حزین ہا پدر کی واسطی طلب آمرزش مین مناجات کرتا گیا خلایق سے نہان اپنی والد کو غسل دیکی کفن پہنایا جنازہ

اوٹہایا نماز پڑہکی قبر مین لٹایا وہ ماجرا کسیکو نہین جتایا اِذْ رَاَیْتُ اَبِیْ بَعْدَ اَیَّامٍ فِیْ

مَنَامٍ وَّجْہُہٗ مُنِیْرًا کَالشَّمْسِ الطَّالِعِ مُکْتَسِیًا بِاَفْخَرِ الْاَلْبِسَۃِ اسکو با ہزار فکر اور اندوہ

سوتا تہا بعد اندک زمان عالم رویا مین اپنی باپ کو دیکہا اوسکا چہرہ آفتاب سا چمکتا اور شاد ہاتی ہے بدن پر لباس عمدہ بہت سفید اوسپر ایک جڑای نورانی ہے فَقُلْتُ یَا اَبَتَاہُ مَا

اَمْرُ اللّٰہِ عَلَی الرَّحِیْمِ مَا رَاَیْتُکَ عِنْدَ الْمُطَلَّبِ مینی پوچہا ای بابا کیا عجب حال ہے تمہارا

مرتی وقت یہ صورت کالی دیکہی اور اب کہری وہ تیرگی باقی نہین ہے قَالَ یَا بُنَیَّ اِنَّمَا

اِسْوَدَّ وَجْہِیْ عِنْدَ النَّزْعِ جَزَاءً لِمَا شَرِبْتُ الْخَمْرَ وَکُنْتُ بِذَالِکَ بَعْضِ الْمُنْکَرِ

جواب دیا ہان ای فرزند ساعت نزع مین سکرات کی میرا نقشہ بگڑ گیا اوسکا سبب یہ ہی کہ مینی زندگی مین

شراب کو بہت پیا تہا گناہ ہونکی پاداش سے جو مرتکب کبائر ہوا تہا قبر مین ہی وہ سواد گرد ہری

ساتہہ رہا اِذْ جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ عَلٰی حَمْزَۃٍ وَخَاطَبَنِیْ

ساتویں مجلس تذکرہ عزم سید الشہداء مدینہ سے نکلنا روایت دعبل کا حضور امام قصیدہ پڑہنا

رہا فقط ناگاہ سید بہن رسول اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہ نی بالیں پہ قدم رکہا مزید لطف و مدارا
پکار کی مجہسی پوچہا اَنْتَ دِعْبِلُ تَرثِیْ شُہَدَاءَ اَہْلِبَیْتِیْ تو دعبل خزاعی ہی کہ میری
شہداء اہلبیت کی مصیبت مین مرثیہ کہتا ہی اور سامعین کو وہ مین سنا کی حال ملال پیدا م
رولاتا رہتا ہی قُلْتُ نَعَمْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مین خواب مین اس جواب سی شاد کام ہا
کہ ہاں ای نبی رب علا دنیا مین یہی کام تہا میرا قَالَ اِرْثِ مَا قُلْتَ فرمایا کہ اوسکو پڑہکی سنا
جو تونی انشا کیا کلام اپنا قُلْتُ لَا اَضْحَکَ اللّٰہُ سِنَّ الدَّہْرِ اِنْ ضَحِکَتْ وَاٰلُ اَحْمَدَ
مَظْلُوْمُوْنَ قَدْ قُہِرُوْا مینی یہ اشعار جانسوز بیان کئی بی تکلف روبرو ی حضرت
پکار کی پڑہی خدا خوشی نہ دی زمانی کو جب چاہی کہ شاد رہی افسوس اولاد احمد کو ظلم اور ستم سی
وہ برباد کری مُشَرَّدُوْنَ نُفُوْا عَنْ عُقْرِ دَارِہِمْ کَاَنَّہُمْ جَنَوْا مَا لَیْسَ یُغْتَفَرُ
جبر و تعدی میں اعدائی اونکو گہر سی باہر نکالا گویا ایسا گناہ اونسی ہوا کہ لائق بخشش کی نہ تہا
قَالَ دِعْبِلُ اَنَا اُنْشِدُ الْاَشْعَارَ وَہُوَ یَبْکِیْ بُکَاءَ الثَّکْلٰی دعبل نی کہا مینی اپنی
قصیدہ کی اشعار جو نہیں پڑہی پیغمبر خدا اسکی مانند زن پسر مردہ روتی رہی اِلٰی اَنْ اِنْتَہَیْتُ
اِلٰی اٰخِرِ مَا قُلْتُ یہان تک جو مرثیہ مینی تمام کیا اور تکلم سی آرام لیا فَکَسَانِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ
تِلْکَ الْکِسْوَۃَ وَشَافَہَنِیْ وَلَاطَفَنِیْ وَقَالَ مَرْحَبًا یَا دِعْبِلُ خیر الورٰی نی اپنی دوش
مبارک سی لباد و اوتارا ٭ وہ حلہ مغفرت بہ رسم خلعت دست عنایت سی مجہی اوڑہایا در گاہ خدا میں
گناہوں کی شفاعت سی آمرزش والی لطف و کرم سی بہت تسلی کی شاباش فرمائی یہ امر بشری
بہ صورت دعای خلیفہ داور کا ظہور رہی اور درخشانی جامہ رحمت مین بلیحہ سی اور مولف خیر
مذکور ہی اَیْضًا فِیْ اَخْبَارِ الْاَحْزَانِ عَنْ اَبِیْ ہَارُوْنَ الْمَکْفُوْفِ قَالَ دَخَلْتُ
عَلٰی اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ عَلَیْہِ السَّلَامُ فَقَالَ لِیْ اَنْشِدْ فَاَنْشَدْتُہٗ کتاب اخبار الاحزان میں

ساتوین مجلس تذکرہ عزم سید الشہدا مدینہ سے نکلنا روایت دعبل کو پیمبر سے خلعت ملنا اور ابی ہارون کا مرثیہ پڑھنا

ابی ہارون مکفوف سے روایت کی ہی کہ اس حکایت مین شعر اکو عجب ترقی فکر بحر حسنات سے ملی ہی
راوی کہتا ہی ایکروز اپنے مولا کا شوق غالب ہوا تو جعفر صادق علیہ السلام کی پاس گیا حضرت نے
جب مجھے دیکہا تو مرحبا فرمایا اور ارشاد کیا کچہہ نظم حسن اف زا سنا کہ دل بھر آیا ہی جو کلام
حسرت فرجام یاد تہا پڑہا آداب تمام سے امام کا منتظر تحسین ہا فَقَالَ لَا كَمَا تُنْشِدُونَ
وَكَمَا تَرْثِيهِ عِنْدَ قَبْرِهِ کہا ای ابا ہارون شعر پڑہتا یون نہیں چاہتا ہون بلکہ جیسے
ویسا سنون اور قرین زاری و فغان رہون جو تم قبر امام حسین علیہ السلام پر بے تکلف شیون کرتے ہو
ذاکر اور سامع فراہم اتی نالہ و بکا سے پہنچتی آہ کا دم بھرتی ہو فَأَنْشَدْتُهُ اُمْرُرْ عَلَى جَدَثِ
الْحُسَيْنِ فَقُلْ لِأَعْظُمِهِ الزَّكِيَّةِ یعنی گذر کر تربت امام حسین مظلوم پر اور اونکی ہان فاطمہ کو دو
خبر قَالَ فَلَمَّا بَكَى أَمْسَكْتُ أَنَا راوی کہتا ہی جب اوس جناب کو پایا بی رقت کا صدمہ ہوا اس
لحاظ کی ماری خاموش حسرت زدہ رہا فَقَالَ مُرْ فَمَرَرْتُ پہر اشارہ کیا اور شتر سنا ہی
چند بیت کو زیادہ پڑہا ثُمَّ قَالَ زِدْنِي زِدْنِي فَأَنْشَدْتُهُ بار دیگر بولی مجھے وہی مین سہری
ہوتی ہی اور پڑہا راوی کہتا ہی میں دوسرا قصیدہ شروع کیا جو مضمون تعزیت کا دریا بہا يَا مَرْيَمُ
قُومِي وَانْدُبِي مَوْلَاكِ وَعَلَى الْحُسَيْنِ فَاسْعِدِي بِبُكَاكِ ای مریم ثانی بتول عذرا
کہڑی ہو اونکی گریہ و نوحہ حسین شہید پر نوحہ و نالہ سی اشک جاری کرو قَالَ فَبَكَى وَتَهَايَجَ النِّسَاءُ
قَالَ فَلَمَّا أَنْ أَمْسَكْنَ ابو ہارون بیان ہی کہ حضرت بہت روتی رہی اور حرم سرا سی شیون
عورات کی خروش بلند ہوئی دیر تک اندر گہر کی ماتم سا ہو رہا اور شور برپا جب حرم سلم فرما ہوئی تو حضرت
ثم ٹہرا قَالَ لِي يَا أَبَا هَارُونَ مَنْ أَنْشَدَ فِي الْحُسَيْنِ فَأَبْكَى عَشَرَةً ثُمَّ جَعَلَ
يَنْقُصُ وَاحِدًا بَعْدَ وَاحِدٍ حَتَّى بَلَغَ الْوَاحِدَ فَلَهُ الْجَنَّةُ پس ارشاد کیا ای ابا ہارون
جو شعر کہی مرثیہ امام حسین علیہ السلام کی یاد دل پر خون بکا مین لائی دس آدمی کو سامعین سے

ساتوین مجلس تذکرہ عزم سیّد الشہدا مدینہ سے نکلنا روایت فضیل کا حضور امام قصیدہ پڑہنا

پہر ایک ایک رونیوالے کو قصر کیا نہ مژدہ حزین ہی وہ جنت کا بیت اور قطعہ نعیم صلہ مین پاے گا نتیجہ طبع رسا قافیہ غفران کا ردیف دنیا سے جاے گا فقال مَنْ اَنْشَدَ فِي الْحُسَيْنِ شِعْرًا فَاَبْكٰى وَاحِدًا فَلَهُ الْجَنَّةُ پہر کہا اگر موزون کرے واسطے ابی عبد اللہ کی اور تنہا ایک شخص کو رولاے وہ بہی خلعت رضا جاگیر خلد سے لذت بے تقطیع اوٹہاے ثُمَّ قَالَ مَنْ ذُكِرَهُ فَبَكٰى فَلَهُ الْجَنَّةُ پہر بولے جو اپنی نظم سے آپ روے وہ بہی فردوس مین داخل ہووے

حُكِيَ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ عَبْدٍ اَنَّهُ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى الْاِمَامِ مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ فَقُلْتُ لَهُ يَا سَيِّدِي اِنِّي اَنْشُدُكَ قَصِيْدَةً جلیل عاشر بحار مین فضیل ابن عبد سے حکایت کی ہے اونسے کہا ایک دن اپنی امام موسی ابن جعفر علیہما السلام کی زیارت ہوئی اونسے عرض کی بڑی تمنا مین آیا جو رخصت پاون تو قصیدہ پڑہکے حضور کو سناون قَالَ اَجَلْ ثُمَّ اِنَّهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَمَرَ بِسُتُوْرٍ فَسُدِلَتْ وَاَبْوَابٍ فَفُتِحَتْ وَاَجْلَسَ حَرِيْمَهُ مِنْ وَرَاءِ السُّتُوْرِ فرمایا بہت اچہا اور خدام سے امر کیا پردہ والین اور دروازہ کہلوایا حرم محترم کو بلوایا اوسکے پیچہے بٹہایا پس عورات حرم ہو کی پشت حجاب آئین مرثیہ جد بزرگوار کی مشتاق رہین ثُمَّ قَالَ اَنْشِدْ يَا فُضَيْلُ بَارَكَ اللّٰهُ فِيْكَ مجہی اجازت دی بسم اللہ اب شروع کرو اے فضیل خدا برکت اور کرامت مین رکہی تجکو فَاَنْشَدْتُ قَصِيْدَةَ السَّيِّدِ الَّتِيْ اَوَّلُهَا لِاُمِّ عَمْرٍو بِاللِّوٰى مَرْبَعٌ یعنی آواز بلند سے وہ ابیات پڑہا جو سیّد اسمٰعیل نے کہا اور اول یہی اوسکا لِاُمِّ عَمْرٍو بِاللِّوٰى مَرْبَعٌ طَامِسَةٌ اَعْلَامُهُ بَلْقَعٌ فَلَمَّا بَلَغْتُ اِلٰى وَجْهِهِ كَالشَّمْسِ اِذْ تَطْلُعُ وَسَمِعْتُ نَحِيْبًا مِنْ وَرَاءِ السِّتْرِ وَذٰلِكَ نَحِيْبُ اَهْلِ بَيْتِهِ وَعِيَالِهِ راوی کہتا ہی مین نظم پڑہے جاتا تہا تا کہ مصرع مذکورہ تک ذکر پہنچا ناگاہ شور بکا دولت سرا کی اندر سے اوٹہا کہ وہ شیون

ساتویں مجلس تذکرہ عزم سید الشہداء مدینہ سے نکلنا رویت امام کا عفو خطائے حمیری کو فضیل سے کہنا

اور نالۂ مخدرات عیال اور اطفال خُباب کا تھا وَبَکیٰ هُوَ اَیضاً لِاَنَّهُ کَانَ رَقِیقَ القَلبِ
سَرِیعَ العَبرَةِ حضرت آپ بھی شدت سے روئے اور بیقرار تھے کہ بہت ملایم طبع نرم دل
اشکبار تھے فَقَالَ یَا فُضَیلُ لِمَن هٰذِهٖ فَقُلتُ هٰذِهٖ لِلسَّیِّدِ الحِمیَرِیِّ
فَقَالَ یَرحَمُ اللهُ پھر کاہ رقت سے افاقہ پایا مجھسے پوچھا اے فضیل یہ قصیدہ کس کا ہے کہا
میں نے یہ سید اسماعیل حمیری نے موزون کیا ہے فرمایا اوسپر خدا کی رحمت ہو کہ ناصر ہمارے ہیں
فَقُلتُ لَهُ یَا مَولَایَ اِنِّی رَأَیتُهُ یَرتَکِبُ المَعَاصِیَ فَقَالَ یَرحَمُهُ اللهُ یعنی عرض
کی اے مولا اوسے گناہان کبیرہ کا مرتکب دیکھا بارہا وہ محبت خالق پھر ناطق ہوئے آمرزش
کرے اوسکی باری تعالیٰ فَقُلتُ اِنِّی رَأَیتُهُ یَشرَبُ نَبِیذَ الرُّستَاقِ فَقَالَ
یَعنِی الخَمرَ فَقُلتُ نَعَم قَالَ یَرحَمُهُ اللهُ یعنی گذارش کی اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کیا ہے
جو اوسنے مدام نبیذ کو لیا اور پیا ہے فرمایا یعنی وہ شراب خوار تھا جواب یہی بات ہے اے مقتدا
حضرت نے اوسپر بھی ارشاد کیا رحمت میں داخل کردے اوسے ایزد کبریا وَمَا ذَا عَلَی
اللهِ یَسِیرًا اَن یَغفِرَ لِمُحِبِّ جَدِّی عَلِیِّ بنِ اَبِی طَالِبٍ عَلَیهِ السَّلَامُ اَن یَشرَبَ
الخَمرَ پھر زبان مبارک سے کہہ رہا ہو کہ بہری اوپر ابواب اقتضا کھولے ہیں پروردگار نے کیا دشوار ہے
مغفرت سے گناہ کبیرہ کا بخشنا محب علی ابن ابیطالب علیہ السلام کی محبت سے شراب خوار کو
ضرور کرنا فَقُلتُ الحَمدُ لِلّٰهِ عَلَی وِلَایَتِهٖ وَمَحَبَّتِهٖ ثُمَّ اِنِّی اَکمَلتُ القَصِیدَةَ
اِلَی آخِرِهَا وَهُوَ عَلَیهِ السَّلَامُ مَعَ ذٰلِکَ یَبکِی اوس وقت یہ سنکے میں گویا ہوا کہ شکر
واہب العطایا کا جسنے مجکو بنایا دوست اور پیرو علی مرتضی علیہ التحیۃ والثنا کا پس میں نے قصیدہ کے
باقی اشعار سب پڑھے اور وہ جناب آخر تک سماعت سے روتے رہے اب اے حاضران بزم
عزا تمنے پہچانا ذاکروں کی قدر کی انتہا کو اور فضل سبب غلامی جانا ولایت حیدر میں آمرزش عطا

سا تو ین مجلس تذکرہ عزم سید الشہدا مدینہ سی نکلنا روایت ام سلمہ کا وداع مین تشنہ کربلا دیکھنا

پاتا جنت وطوبی کو اس صورتسین لازم ہی کہ دامن وقت سخن تعزیت مین زیادہ پہیلاؤ
مادام حیات لوازم محبت اور صدق ارادت سی ہاتہہ نہ اوٹہاؤ نظم لمولفہ شبیر کی
ماتم سی حاصل وہ شرافت ہی بخشش پہ گناہون کی محشر مین فراغت ہی + فردوس مین جای گا
جو روی رولائی گا + فرمودہ صادق سی یہ ہمکو بشارت ہی + چاہو کہ خدا راضی ہو خوشنود پیمبر ہو
وزارت رسولان افضل یہ عبادت ہی + اقلیم تجمل کا دارین مین ہو مالک + جسکو شہ مردان سی
دعوای ولایت ہی + تا یہہ سی ہو لاکی ناظرین کبھی وہ نظم دیکھو تو ہر ایک مصرع دیوان سعادت ہی

وداع الشہید مصیبت سید الشہدا ام سلمہ اور کہانا کربلا کی دشت کا اور محمد حنفیہ کی مرثیہ

مجاوران روضہ حسرت وبیقراری و محافظان شیشہ اندوہ وزاری + ناظران صفحہ رقت و
ملال + وواقفان معرکہ مصیبت وابتہال بیقراران عرصہ شیون وبکا + وصابران واقعہ تسلیم ورضا
سانحہ دشت کرب وبلا کو انگشت شہادت نما سی دیدہ خون افشان عزا مین یون لکہتی ہین
کہ جب فتنہ مدینہ مین طوفان سی جو بنی امیہ کی بہا آل نبی تباہی مین آیا + یزید کی جانب سی طغیان
ناخدای ورطہ بلانی اقامت کا لنگر اوٹہایا + شہرای نوحہ مشغول نالہ سی مین ولیسار ہر طرف
آسمان فرسا + تلاطم دریای شیون مین مثبای صبر وشکیبائی کا تہا ہوش برجا + کشتی چشم
ہر بشر کی گرداب سرشک سی چکر مین آئی + سفینہ سینہ کی کوہ ماتم سی ہوای مخالف مین ٹکر
کہائی + سکان سماوات سی سطح عرش تک قطب غم والم پر نگران عبری عبرات جن وانس کی
تہہ آہ وفغان مین کنارہ دامن کو روان + روضہ سید ثقلین ساکنان زاری اور شیون بڑہا + جہدی
امام حسین علیہ السلام سی روح پیغمبر کو قبر مین چین جاتا رہا + تربت بتول وفدا پر غمام اندوہ چہایا +
اودامی کا شامیانہ بندہا + چراغ مزار گل ہوا جو محمد کا مجاور تہا اسا فراوسہو زمانہ ہوا + گنبد

٢٥٥

ساتوین مجلس کہ بعزم سید الشہدا مدینہ سی نکلنا اور امّت کا وداع مین نقشہ کربلا دیکھنا

مسجد پر فریاد و وا دریغا بلند کہ مقتدای محراب اور مُصلّا قدم نہین ٹھراتا ہی + پایۂ منبر بھی جلسۂ
خلق کا پابند کہ صدر آرای بلا فراق کا خطبہ سنتا ہی + حرم اہلبیتِ طہارت مین قیامِ عزا کی
صف بچھی کہ جماعتِ نماز مین تفرقہ پڑا + رکن مین اذان و اقامت کی تکبیر بکا کا شور اوٹھا +
کہ امام نیتِ ہجرت پر کہڑا ہوا + گہر سی باہر تک زن و مرد مین آہ و نالہ سی کہرام ہر ایک بانِ
حضرتِ شاہِ امم کا نام + کوئی یتیم نوازی اور بیوہ پروری کو سوالکی بیان مین لاتا + کوئی دلسوزی
اور کرم گستری مخفی و آشکار کا ماجرا کہتا تا + کوئی زینب خاتون کی ضعیفی اور صدمات سفر سی
ہولناک خوفی گرمی کی خردسالی سکینہ اور علی اصغر مین ہلاک + کوئی عباس کی جوانی اور اخلاقِ
حسنی کا ذکر تاسّف سی کرتا + علی اکبر کی شیرین زبانی اور کم سنی قاسم کا اندیشہ تلہّف رکھتا +
حسرت مین کہتی افسوس ایسی شمشاد قامت رعنا پردیس کو چلی ہمارا شہر ویران ہوا + صد حیف
کہ یہ پرستار غریبان بی امداد کا آسرا اوٹھا دل پریشان ہوا + ہو کون کو اس دولتسرا سی کہانا
بٹا تہا + ننگون کا تن جامہ خانۂ عطا سی کپسا دراست ڈہکتا تہا + بیمارون کی عیادت کو انکی سوا کون
آیگا + بیکسون کو پناہِ حمایت مین اب کون بٹہایگا + دریغ و درد کہ بزرگانِ بنی ہاشم کا مکان عالی ایشان
خاک مین ملا + خاندانِ رسالت اور امامت کا نشان دنیا سی چلا + وَ اَنَّهُ عَلَیْهِ السَّلَامُ لَمَّا
عَزَمَ عَلَى الْخُرُوجِ مِنَ الْمَدِينَةِ اَتَتْهُ اُمُّ سَلَمَةَ کتاب منتخب فخری مین اپنی سند سی
روایت کی ہی امام حسین علیہ السلام نی عزم سفر سی پہلے جبہ دوست داقربا کو خبر دی ہی اپنا
اسباب روانگی سب اہل خلاف سی مخفی رکہی + جناب عباس کو اہتمام سر انجام سی خدمت
سپہ سالاری بخشی + پس عزیزون کا نام دفتر ہمراہیون مین خط غبار سی لکہا + ساری رفقای برکاب
امام کی ترکِ قیام پر قدم رکہا تا + گاہ امّ سلمہ زوجۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ نی یہ سنا + ہائی
تابِ ضبط و قرارِ دل سی کہوی بہاگی ہمراہی چادر حسرت سر پر ڈالی نقاب رقت منہ سی باندہی +

ساتوین مجلس محرم سید الشہدا مدینہ سی نکلنا ام سلمہ کا وداع مین حادثہ کربلا پر نظر کرنا

عصای نالہ و آہ کو لئی فرزند بتول کی پاس پہنچی امام اور پیشوای آفاق کو معراج شہادت کے
واسطی سوار براق فراق پایا مسافر ملک عراق کو زاد سفر مین باتراب کئی دیکھا تو جذبہ اشتیاق نی
جوش کیا فقالت یا بنی لا تحزنی بخروجك الی العراق فانی سمعت جدك
یقول یقتل ولدی الحسین بارض العراق یقال لها کربلا رونی کا تار بندھا
یا رای صبر نہ رہا حواس پریشان بدن لرزان یون کہا ای متاع نام و نشان آل عبا
ای مقتدای دودمان مصطفی ای یادگار خاندان پنجتن ای سردار بزرگان وطن ای نور عین
غمدیدہ یا حسین بہشت پر برید مین ایک ضعیفہ عاجزہ پیرزال ناتوان ہون تمہاری جد
پدر و برادر کی ملال سی نالان ہون دن رات اونکی ماتم سی روتی تمہاری زیارت سی تھی
تسلی ہوتی مہجوری رسول و دوری بتول نی میری جان تمام کی مصیبت علی اور شہادت
حسن مین طاقت قعود اور قیام نہ رہی عوض مین اسکی جو تھی صدمہ ہجر میری تسکین دیتی
اپنی قرین پاس کرتی ہو چاہیئی کہ مرہم وصال میری ناسور دل پر تم رکھو نہ یہ کہ نمک فراق
زخم جگر پر چھڑکو نام سفر سی اندیشہ میری خاطر ناشاد مین بڑہا اسواسطی کہ تمہاری نانا
اکثر سنائی ہی یا حسین عاجز اور بیکس غربت مین جا کر زمین عراق مین جسی کربلا کہتی ہین شہادت
پائیگا اس قصد کو کہنا مانو ترک کرو سفر پر خطر سی میری نزدیک حضر میں رہو مبادا انکو
پھر تمہیں نہ دیکھون سوگوار تھی ساری بزرگو کی تازہ مصیبت مین بیٹھون فقال لها یا اماہ
وانا واللہ اعلم ذلك وانی مقتول لا محالۃ ولیس لی من هذا بد جواب دیا کہ ای نانی
قسم خدا کی مین اپنی ساری کہانی جانتا ہون سب جگہ موت کو سر پر آئی زندگانی اب محال نظر آئی
پاتا ہون وان لم اخرج الی العراق یقتلونی ایضا اگر جانب عراق نہ جاون تو بھی
نہ بچونگا اعدا کی جفا سی امان سلامتی نہ پاون جہان رہونگا وانی واللہ لاعرف الیوم الذی

عليه السلام من انواع العلوم اكثر من ان تحصى فلنقتصر على ما ذكرناه له الفضائل الكاملة في ذكر اولاده عليه السلام و بلا من امامهم له خمسة عشر ولدا محمد الباقر عليه السلام امه ام عبد الله بنت الحسن بن علي بن ابي طالب عليه الاثرم وابو الحسين زيد وعمر امهما ام ولد وعبد الله والحسين الحسين سليمان لام ولد والحسين الاصغر وعبد الرحمن و امهما ام ولد وعلي وكان اصغر ولده و ام كلثوم وكان زيد بن علي بن الحسين عليه السلام افضل اخوته بعد ابي جعفر الباقر عليه السلام وكان عابدا ورعا سخيا شجاعا وظهر بالسيف يطلب بثارات الحسين عليه السلام ويدعو الى الرضا من آل محمد فظن الناس انه يريد بذلك نفسه ولم يكن يريدها به لمعرفته باستحقاق اخيه الباقر عليه السلام الامامة من قبله ووصيته عند وفاته الى ابي عبد الله جعفر الصادق عليه السلام

ساتویں مجلس عزم سید الشہدا مدینہ سی نکلنا ام سلمہ کا وداع میں حادثہ کربلا نظر کرنا

أَقْتَلُ فِيهِ وَأَعْرِفُ مَنْ يَقْتُلُنِي والله میں اوس مکان کو جس میں مارا پڑونگا جانتا ہوں اپنی
قاتل کی نام و نشان کو پہچانتا ہوں وَأَعْرِفُ الْبُقْعَةَ الَّتِي أُدْفَنُ فِيهَا وَإِنِّي أَعْرِفُ
مَنْ يُقْتَلُ مِنْ أَهْلِ بَيْتِي وَقَرَابَتِي وَشِيعَتِي میری دھیان میں ہی وہ زمین جہاں
گرد ونگار رضا کی ساتھ مجھپر کہلا ہی اہلبیت اور اقربا و محبوں میں کون مریگا کس کی ہاتھ فَقَالَ
لَهَا يَا أُمَّاهُ قَدْ شَاءَ اللهُ عَزَّ وَجَلَّ أَنْ يَرَانِي مَقْتُولًا مَذْبُوحًا ظُلْمًا وَعُدْوَانًا پھر کہا
ای اماں قدر و قضا میں گذرا ہی بیہ ظلم و عدوان سی شہید ہونا خدای تعالی نی چاہا ہی کہی فریح کا
جان کہونا وَقَدْ شَاءَ أَنْ يَرَى حَرَمِي وَرَهْطِي وَنِسَائِي مُشَرَّدِينَ وَأَطْفَالِي
مَذْبُوحِينَ مَظْلُومِينَ مَأْسُورِينَ مُقَيَّدِينَ شاہ حقیقی کی ارادہ میں گذرا ہی میری
اہلحرم اور ناموس خاندان کا در بدر پہرنا بچونکا تیغ جفاسی اعدا کی گلا کٹنا فرزندونکا بابیدردی ستم
اوٹھانا بند قید اور اسیری میں پہنسکی غل نہ چانا وَهُمْ يَسْتَغِيثُونَ فَلَا يَجِدُونَ نَاصِرًا
وَلَا مُعِينًا وہ ایسی دکہہ میں پڑیں کہ ناچار فریاد و داد پکارا کریں یار اور مددگار کہیں نکوئی طلبیں
کوئی پناہ دینی والا اپنا نہ کہیں وَإِنْ أَرَدْتِ يَا أُمَّاهُ أُرِيكِ حُفْرَتِي وَمَضْجَعِي وَ
مَصْرَعَ أَصْحَابِي پس ای والدۂ ملول اور مخدومۂ رسول اگر تم چاہو تو اپنا موضع شہادت اور
جای تربت بتادوں قتلگاہِ اصحاب اور سرگذشت اقربا الان تمہاری نظر میں کہینچ لاؤں تاکہ
جانو کیا مصیبت اوٹہاونگا حسرت میں کیونکر مارا جاؤنگا کس طرح خاک و خون میں غلطاں ہونگا
تعدی منافقین کہاں تک ہونگا جب اوس خدیجۂ ثانی اور جانِ حوا و مریم نی یہ کلام سنا
شدت اندوہ سی بی آرام ہوکی سر دہنا کہا وہ ماجرا تمہاری دشمنوں کا مشاہدہ کروں صاف
اور بتا کر تقدیر باری میں رہوں ثُمَّ مَسَحَ بِيَدِهِ عَلَى وَجْهِهَا فَفَسَحَ اللهُ عَنْ بَصَرِهَا
پس آئینۂ حق نمای باصفا اور پردہ کشای نہان و آشکار انصاحب بر ضیای اعجاز وارث کرانا

٢٥٠

ان هشام بن عبد الملك ... اهل الشام ... الله ... مقامات ... الخلافة ... ابنای

ساتوین مجلس عزم سید الشہدا مدینہ سی نکلنا ام سلمہ کا وداع مین حادثہ کربلا نظر کرنا

انبیای بی نیاز فرزند ید اللہ نی اپنا دست خدا پرست بڑہایا ام سلمہ کی چہرہ پر واسطی کہولنی حجاب راز کی پنجہ مشکلکشا پہرایا قادر مطلق نی اوسکی قوت بینائی مین معو فور دیا کہ واقعہ صفحہ امکان مین رأی العین سی مشاہدہ کیا ثُمَّ اَشَارَ الْحُسَیْنُ عَلَیْهِ السَّلَامُ اِلٰی جِهَةِ کَرْبَلَا پہر امام ارض وسمائی زمین کربلا کی جانب اشارہ فرمایا عجائب قدرت کا عالم ایجاد مین نقشہ تازہ بنایا فَانْخَفَضَتِ الْاَرْضُ حَتّٰی اَرَاهَا مَضْجَعَهٗ وَمَدْفَنَهٗ وَمَوْضِعَ عَسْکَرِهٖ وَمَوْقِفَهٗ وَمَشْهَدَهٗ مدینہ سی نینوا تک ساری مانع تحت اتم ٹہی اور پردہ دوری جو مزاحم نظر تہی سامنی سی اوٹہی صفحہ دشت بلائی روبرو جلوہ کیا پہر کر روز عاشورا صاف دکہائی دیا ایکطرف سو کہی ریتی پہ خیمی آسمان سا ادہمین عورات حرم سراسیمہ شور ونوا لشکر حسینی کا پا چند طفل جوان و پیری بندہا ہوا ماہ بنی ہاشم اوسکی درمیان علم نور افشان لیے کہڑا ہوا مقابل مین سپاہ خونخوار کا اٹہہ وہاں آنا ادہ تار تیز قتل سادات کی اہتمام امام علیہ السلام کی ہر ایک رفیق اور عزیز کا مارا جانا سوار وپیادہ کا دریای خون مین باری باری نہانا فریاد العطش سی چلانا اکیلا رہکی سردار کا تسکین عورات کو آنا تن تنہا ہزاروں سی پیاسا لڑنا کثرت زخم سی نیزہ وتلوار تیر کی خاک پر گرنا صدمہ مین سی اوٹہنی کی جراحات کا پہٹنا رگڑون سی خنجر قاتل کی رگہای گردن کا کٹنا سر کو نیزہ پر چڑہاکی دور میدان مین پہرانا لاش کو ٹاپون سی سوارونکی روندنا اور گہوڑی دوڑانا یہان تک جو لشکر مخالف چارطرف سی دوڑا سراپردہ جلایا اسباب کی لوٹ مین تہلکہ پڑا عورات کا قافلہ روتا ہوا باہر نکلا چادر و معجر زیور کی چھن جانی سی دکہہ ملا چہوٹی بڑی شہید ونکی سرکٹی گور وکفن کی بدنی زخم دل پہ لیے مستورات ذلت اور خواری مین اسیر ہوئین قیدی جاکی مقتل اقربا اور اشہای شہدا پر گرین مارکوٹ کی جب سپاہ ظلم نی کو چہین قدم بڑہایا بہائیون کو خاک وخون مین جمع وحوش اور طیور

ساتوین مجلس تذکرۂ عزم روانگی سید الشہدا مدینہ سی نکلنا اور محمد حنفیہ کا وداع بنین ببصیحت کرنا

پایا اوسوقت آنکھونمین ام سلمہ کی غبار ماتم سی اندھیرا چھایا بانوی بیقرار کو شدت غم اور کثرت الم سی غش آیا۔ فعند ذلک بکت ام سلمۃ بکاءً شدیدًا وسلمت امرہ الی اللہ

ہرگاہ قدری ہوش آیا رقت اور نالہ مین وہ حالت کی جو ساری حاضرین کو شیون مین طاقت باقی رہی ناچار شوق بیتابی مین دوڑ کی امام حسین علیہ السلام کو سینہ سی لگایا اونکا افسر (شفقت)

اور تقدیر خدا کو سونپا اور بارہ صبر اوٹھایا کیونکہ غلامان علی مرتضی علیہ السلام اگر واقعۂ کربلا کو (دیکھتی)

تو کیا کہتی سانحۂ عاشورا مین مصائب آقا اور مولا نظر پڑتی تو کیا کرتی کب ہوسکی اونپر وہ

حادثات گذرین صعب قدم بپشتر نہ دہرین بجست عجب ہی کہ اقربا و انصار سید الشہدا جان (واری)

ہم تم چپکی رہین وہ کیا دوست امام تہی جو سامنی کھڑی ہو کی تن پر زخم کہاتی حمایت مین اپنی

بنی کی بدن و فرزند کو چہڑ جانی دشمن فی کیسی وفاداری کی حبیب فی کس طور جان بازی (دکہا)

طیاری کی غلامان باوفانی پاس تماسی سر و پا بیچون تا کر فی ادای حق رفاقت مین قدم (لیا)

فاقبل الیہ اخوہ محمد بن الحنفیۃ وقال لہ یا اخی انت احب الناس الیّ

لانک نفسی وروحی وبصری وکبیر اہل بیتی یا اخی تحرّج الی مکۃ

پس اوسوقت بیتاب ہو کی محمد ابن حنفیہ امام حسین علیہ السلام کی پاس آئی با دیدۂ پر آب اور (تشویش)

تمام عرض پاس یہ کلام سنائی ای بہائی تم ساری زمانی سی زیادہ مجکو پیاری ہو میری جان

اور تن وروح وروشنی چشم اور زہرا کی دولاری ہو اگر ناچار وطن کی سکونت کو چہوڑتی ہو ہمارا

گہر بار محن سی فراق کی توڑتی ہو تو نہار سمت عراق اور کربلا نہ جاؤ بلکہ جانب مکہ امان خدا مین

امیدا سائش پر قدم اوٹھاؤ فان اطمأنت بک الدار والا لحقت بالرمال و

شعوب الجبال اگر وہان شہر اعدا سی پناہ ملی تو خاطر جمع ہو والا دشت وصحرا یا شکاف

کوہ مین جا کی چھپو و تحرّمت من بلد الی بلد ایک شہر سی دوسری کو ہمیشہ سفر کرو محنت

ساتوین مجلس تذکرہ عزم روانگی سید الشہدا مدینہ سی نکلنا اور محمد حنفیہ کا وداع مین نصیحت کرنا

غربت اور دربدری کو سوچتے حَتّٰی یَنظُرَ مَا یَؤُولُ اللّٰہُ اِلَیہِ اَمرَ النَّاسِ وَیَحکُمَ اللّٰہُ بَینَنَا وَبَینَ القَومِ الفَاسِقِینَ تا ہم دیکھین خلق کا آخر کار کیا ہوتا کہان پہنچا ہی ہمارے دشمن فاسق پر خدا تعالی کیونکر حکم دیتا ہی قَالَ فَقَالَ الحُسَینُ یَا اَخِی وَاللّٰہِ لَو لَم یَکُن فِی الدُّنیَا مَلجَأٌ وَلَا مَاوٰی لَمَا بَایَعتُ یَزِیدَ بنَ مُعَاوِیَۃَ فَقَطَعَ مُحَمَّدُ بنُ الحَنَفِیَّۃِ الکَلَامَ وَبَکٰی فَبَکَی الحُسَینُ عَلَیہِ السَّلَامُ مَعَہُ سَاعَۃً امام حسین علیہ السلام نی فرمایا ای برادر بخدا قسم ہرگاہ دنیا مین مجھی کہین امان و آسایش نہ ملی تیغ ظلم اور تعدی ہر جا گردن پر چلی تو بھی یزید کی بیعت نہ کرونگا صدمات جور و جفای اعدا سہونگا پھر محمد حنفیہ نی بہت قطع سخن زاری اور بکا کی امام حسین علیہ السلام کو بھی اونکی ساتھہ رقت عظیم و دیر تک طاری رہی ثُمَّ قَالَ یَا اَخِی جَزَاکَ اللّٰہُ خَیرًا فَقَد نَصَحتَ وَاَشَرتَ بِالصَّوَابِ وَاَنَا عَازِمٌ عَلَی الخُرُوجِ اِلٰی مَکَّۃَ فرمایا ای بھائی خدا سی تمکو جزای خیر ملی جو تمنی صلاح اور مشورہ نیک مجھی بتائی مین حرم الہی کو جاونگا اور مکہ مین پناہ یزدان سی راحت پاونگا وَقَد تَہَیَّأتُ لِذٰلِکَ اَنَا وَاِخوَتِی وَبَنُو اَخِی وَشِیعَتِی اَمرُہُم اَمرِی وَرَأیُہُم رَأیِی مین بھی سامان اور تدارک سفر کرتا ہون بھائی بہن اور بھتیجی اولاد اور شیعہ اپنی کو ہمراہ لیجاتا ہون اونکا سارا کام رفقا میرا ہی اور مجھی اونسی اتفاق رای کا بھروسا ہی وَاَمَّا اَنتَ یَا اَخِی فَلَا عَلَیکَ اَن تُقِیمَ بِالمَدِینَۃِ فَتَکُونَ لِی عَینًا عَلَیہِم لَا تُخفِی عَنِّی شَیئًا مِن اُمُورِہِم لکن ای برادر کچھ نہین جو مدینہ مین رہو میری آنکھونکی جا حال اعدا و نزات دیکھو مجھی خبر کرو پس محمد حنفیہ کو سوای رقت اور صبر کی چارہ نہ ملا حسرت سی قد و بالا دیکھا ہاتھونکو بوسہ دیا گویا دست زاری مین فرقت کی علامت پائی اور آئینہ ضمیر فی شہادت برادر کی صورت دکھائی سفر کرکے عراق مین ہمیشہ امام کا دھیان رہتا اور ایذای مخالفین کا اندیشہ مدام دلمین گذرتا کتاب

۲۶۱

ساتویں مجلس تذکرہ عزم سید الشہدا مدینہ سے نکلنا آخر کو ماجرا بازگشت اہلبیت میں محمد حنفیہ کا ملنا

کتاب ملا محمد حسن یزدی میں منقول ہے کہ جیسا محنت زدوں کا معمول ہے اہل حرم نے ہنگام بازگشت کربلا شہر کے باہر نخلستان میں مقام کیا کوچہ و بازار میں نوحہ قَدْ قُتِلَ الْحُسَیْنُ کا چرچا پھیلا یہ خبر مصیبت اثر جب گوش انتظار میں محمد حنفیہ کے پڑی اندوہ شدید میں اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ پڑھتے بیتاب ہو کے خارج مدینہ گئے باغ میں قدم رکھے دور سے خیمہ بی بی صاحب اور مرکب سیاہ پوش دیکھے کنار سراپردہ سے ہم نالہ و افغان اہل حرم بلند پایا بے اختیار نعرہ واحسینا اور خروش وامظلوما سے غش آیا حسینی دوڑے امام زین العابدین علیہ السلام کو یہ واقعہ جتایا کہ بہجوم غم اور بکا میں تمہارے عم نے اپنا حال غیر بنایا سید الساجدین بیقرار چچا کے بالین پر تشریف لائے زمین سے اونکا سر اوٹھا کے زانو پر دھرا سر شاہ بہائے ہرگاہ محمد حنفیہ کو قدرے افاقہ ہوا فرزند برادر کو سرہانے روتا دیکھا آہ و زاری میں کہا اَیْنَ اَخِیْ وَقُرَّةُ عَیْنِیْ وَثَمَرَةُ فُؤَادِیْ وَخَلِیْفَةُ اَبِیْ یا علی میرے بہائی صاحب کہاں ہیں کیوں پارہ جگر نور نظر انکھوں سے نہاں ہیں جانشین پدر بزرگوار قبلہ حرمین نور ثقلین کیا ہوئے سارے عزیز و اقربا امام حسین علیہ السلام کے ساتھ کس گوشے میں ہیں بیمار کربلا نے زبان حال میں جواب دیا یا عَمِّیْ اَتَیْنَاکَ یَتِیْمًا مِنَ الْکَرْبَلَاءِ اے چچا اہل بدعت نے ہم پر ظلم عظیم روا رکہا اونکی جفا سے میں گرفتار بلا یتیم ہو کے پھرا کاش تم صحرائے ماریہ میں قدم رنجہ فرماتے جو مصائب سید الشہداء پر گذرے ملاحظہ کرتے محمد حنفیہ نے پوچھا اے وارث آل عبا بیان ہو سکے تو کہو کیا سانحہ جفا پیش آیا مجھے سناؤ فرمایا خلق کوفہ نے ہزاروں خط لکہے صدہا قاصد پیغام فریب سے غلبہ شوق اداو نصرت کا وعدہ سوگند سے کیا عراق میں بلانے کو بیعت ہو کا دیا خلاف عہد روز عاشورا دشت نینوا میں طغیان جور و ستم سے گہیر چہوٹے بڑے انصار و اقربا کو دو پہر میں جان سے ما فرات کے

ونقل ان شوال سنة ثمان واربعين ومائة والحسن وستون سنة اقام مع جده وابيه اثنتي عشرة سنة ومع ابيه بعد جده تسع عشرة سنة وبقيت ايام امامته اربعا وثلاثين سنة وكان في ايام امامته بقية ملك هشام بن عبد الملك وملك الوليد بن يزيد

ساتوین مجلس تا کرہ عزم سید الشہدا مدینہ سی نکلنا اور بازگشت اہل بیت مین محمد حنفیہ کا ملنا

پانی سی جو ساکت خوک وحش وطیر سیراب تہی ہمین روکا بہوک اور پیاس کی صدمات سی اطفال اہلبیت کا برا حال ہوا عمو جان تہی وہ فت کا ہجوم نہین کہیا کہ جسم علی اکبر و قاسم و عباس ٹکڑا پاش پاش تہا خیمہ گاہ مین زاری وافغان کا ہردم کہرام رہا بیدفن و کفن لاشونکا انبار خاک مقتل مین لہو بہا ایک چلو پانی کی لئی حلق علی اصغر کو ہدف تیر بنایا بیکسی مین پدر بزرگوار نی وہ استغاثہ فرمایا کہ زمین وزمان آسمان ہی تہرایا ضرب نیزہ اور تلوار سی امام حسین علیہ السلام کا لہو بہا یا گرسنہ اور تشنہ بدن سارا چور گہوڑی سی گرایا شمر نی سر کاٹکی سنان پر چڑہایا عمامہ وردا و پیرہن غارت گرنی اوتار لیا تمازت آفتاب مین جسد عریان کہلا رہنی دیا بدن سادات شہدا کو سم ستور سی روندا حرم محترم کا زیور اور جہیز لوٹا جیز ستی بین پایا نکالا پردہ چہوٹا مانند اسیران کہا اونٹون پر بٹہایا اولاد رسول کو دربدر شہر و نبین پھرایا ضرب و شتم سی دختران بتول کو بہت ستایا جیہی ہی بیماری مین طوق پہنایا زنجیر سی باندا گیا اہلبیت کو رونیسی وداع مقتولین مین منع کیا دربار ابن زیاد و یزید مین شکل گنہگار کی کہڑا رکہا او طعنہ دیا زندان کوفہ اور شام کسی کہہ سکتا قید ہی ہزارون طرح کا جفا سہا شرح مصیبت ہماری سلسلہ بیان مین طولانی ہی ماجرای عترت نبی دنیا مین لاثانی ہی اس کلام حسرت انجام سی محمد حنفیہ کو فرط شیون مین ہوش نرہا چارون طرف سی غلغلہ آہ و فغان کا خروش اوٹہا نظم مولف زیادہ اس مین مناسب نہین حدیث کو طول کہ تا ہو نہین طبع سامعین کا جی فغان و نالہ سی برہم ہوا ہی بزم سکا زمانہ سوگ نشین ہی برای آل رسول نزول رحمت باری مین ہی مقام دعا بزرگوار خدایا یہ تعزیت ہو قبول تجھی بزرگی افتخار جہان مراد و مطلب مشتاق ہو وی جلد حصول خصوص ناظم افسردہ حال سوختہ مقال کہ دلسی رہتا ہی درخت سرای نیچ گل

آٹھوین مجلس تذکرہ روانگی امام ہدی مدینہ سے مشایعت فاطمہ صغرا و وداع پدر و ما در اور سکینہ سے

مجلس آٹھوین روانگی امام ہدی مدینہ سے مشایعت فاطمہ صغرا و وداع پدر و مادر و سکینہ سے

رباعی غافل تسی تو یہ دم نکل جاوی گا + اور گور مین سارا جسم گل جاوی گا + جانا ہی ضرور
زاد رہ کی کر فکر + گر آج نہین گیا تو کل جاوی گا + رباعی جسم نزدیک وقت رحلت ہوگا
یارو کیا ہی مقام حسرت ہوگا + کوئی عمل خیر جو ہوگا تمسی + آخر کو وہی رفیق تربت ہوگا +
رباعی دو دن کی حیات پہ عبث غرہ ہی + خورشید نہ بن خاک کا تو ذرہ ہی + ہر شخص کی نخل زندگی
کی خاطر + یہ اندیشہ نشتر نہین آرہ ہی + رباعی ای مومنو اس بات کا اب رونا ہی + تاریکی
مرقد مین ہمین سونا ہی + اور اسکا الم ہی کہ گناہونکی سبب + محشر مین خدا جانی وہ کیا ہونا ہی
تمہید بکا حدیث فضائل محبان سید الشہدا بیان مراتب اہل ولا وعزا
ای سامع الدعا واہب العطا + طلاقت زبان کو نطق کذب سی بچا + روایت حدیث یاں قال
صدق کو مدد پہنچا + عنایت وکرم سی حال عزا رونی فرما + جو کلام پسند حضرت پسند امام ہو
انجام پر نالہ و رقت سی کہرام ہو + ہر تضمین یاں خلد برین سی صدای آفرین آئی + سرورین کی
مصیبت مین دیدہ روح الامین سی اشک بہائی + رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ صدر نشین مجلس
رقت ہون تو خلعت رضا دین + بتول عذرا پردہ دار تعزیت ہون + تو انعام مرحبا سو کرین
علی مرتضی علیہ السلام سی شربت طہور کی جام پائین + حسن مجتبی علیہ السلام سی دو دونشور کی کام پائین
اہلبیت سی دارین مین دعوا بر ہی کہ تمہاری الم کو رکہتی ہین سید سجاد پر توسل کا تکیہ رہی کہ حسین علیہ
السلام کی ذکر فضیلت اور مصیبت کو پڑہتی ہین یہ صحبت غم ہمکو ہزار بزم جنت سی خوشتر حالت
رقت صف ماتم تخت جم اور افسر سلطنت سی بہتر + شاہ شہدا کی غلامی سی آزادی عقاب کا رتبہ پاتی
آتا ہی ائمہ کی پیروی مین رہائی حساب کا سند پاتی ہی ہماری ممدوح کا تو مرتبہ بہت اعلی ہی

آٹھوین مجلس تذکرہ اخبار نبی و علی شہادت خامس آل عبا مدینہ میں عم روانگی سید الشہدا

متوجہ ہو کی سنو منقبت کرنیوالون نی کیا درجہ پایا ہی مل عن جابر عن ابی جعفر علیہ السلام
قال قال امیر المومنین زارنا رسول اللہ وقد اھدت لنا ام ایمن لبنا وزبدا
وتمرا فقدمنا منه فاكل جابر ابن عبداللہ دو حضرت ابی جعفر علیہ السلام نی کہا کہ امیر المومنین
فرماتی ہین ایکروز ہماری گہر سید انبیا نی قدم رنجہ کیا حسن اتفاق سی ام ایمن کا ہدیہ دہی اور مکہن و خرما آیا
اوسکو آگی رکہا ہم سب نی ملکی اونکی ہمراہ کہایا + ثم قام الی زاویة البیت فصلی رکعات
فلما كان في اخر سجوده بكى بكاء شديدا بعد ازان گوشہ حجری مین جاکی مشغول نماز ہوی
جب سجدہ آخر کیا تو شدت سی رونی لگی فلم يسأله احد منا اجلالا واعظاما له فقام
الحسين في حجره وقال له يا ابة بعظمت وجلال سی کوئی وجہ رقت دریافت نہین کر سکتا تہا
ناگاہ حسین اونکی آغوش حضرت پر گود مین جا بیٹہا کہا ای بابا لقد دخلت بيتنا فما
سررنا بشيء كسرورنا بدخولك ثم بكيت بكاء غمنا فما ابكاك بدرستی کہ جب ہماری
گہر مین آپ آئی تو سب چیز سی زیادہ ہمنی سامان مسرت پائی پہر خود بخود آپ گریان ہوی +
تو ہمین بہی غم والم فراوان ہوی + کیا سبب ہی زاری اور اشکباری کا خدا آنکو ہرگز نہ دیکہائی
روز دل آزاری کا + فقال یا بنی انی نظرت اليكم اليوم فسررت بكم سرورا
لم اسر بكم قبله مثله فهبط جبرئيل انفا فاخبرني انكم قتلى وان مصارعكم
شتی جواب دیا ای بیٹا آجکی دن جو تم سبکو مینی فراہم دیکہا + تو ایسا شادمان ہوا کہ ہرگز کبہی اتنا
بشاش نہوا تہا پس جبرئیل امین اندونکی آیا تمہاری ماری جانی کا سانحہ زبان پر لایا + اخبار
جانگاہ پیارونکی قتل کا سنایا + اور یہ کہا کہ مدفن سب کا دور دور متفرق ہوگا + فقال له یا
ابة فمن يزور قبورنا ويتعاهدها على تشتتها قال طوائف من امتي
يريدون بذلك بري وصلتي امام حسین نی عرض کی ای پدر پہر کون ہماری پریشان قبرون کی

آٹھویں مجلس مدینہ سے عزم روانگی سید الشہدا تذکرہ خبار نبی و اسطے شہادت خامس آل عبا

ایکا اور وہان زیارت غربا کا ادابِ سلام بجا لائیگا + فرمایا ایک طایفہ میری است سے قصد
مشاہدہ کرینگے مزید محبت اور الفت سے واسطے آستانہ بوسی کی پہنچینگے فَقَالَ یَا اَبَتِ فَمَا لِمَنْ یَزُوْرُ
قُبُوْرَنَا کہا اے والدِ مہربان جو ہماری مزارِ شہدا پر آئے وہ کیا اجر و ثواب درگاہِ خدا سے پاوے +
فَقَالَ وَحَقِیْقٌ عَلَیَّ اَنْ اٰتِیَهُمْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ حَتّٰی اُخَلِّصَهُمْ مِنْ اَهْوَالِ السَّاعَةِ
مِنْ ذُنُوْبِهِمْ وَیُسْکِنُهُمُ اللّٰهُ الْجَنَّةَ مخبرِ صادق نے ارشاد کیا مجھپر لازم ہے کہ روزِ قیامت
اونکی امداد کو جاؤن تاکہ دغدغہ صراط و میزان و حسابِ قیامت سے چھڑاؤن گناہان صغیرہ و کبیرہ کو
شفاعت میں بخشواؤن خلدِ برین میں رہنے کو عالی قصر جنت تک پہنچاؤن مثل عَنْ اَبِیْ جَعْفَرٍ
عَلَیْهِ السَّلَامُ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِذَا دَخَلَ الْحُسَیْنُ اجْتَذَبَهٗ اِلَیْهِ ثُمَّ یَقُوْلُ
لِاَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ اَمْسِکْهُ ثُمَّ یَقَعُ عَلَیْهِ فَیُقَبِّلُهٗ وَیَبْکِیْ کتاب کامل الزیارت میں
ابی جعفر علیہ السلام سے منقول ہے کہ فرماتے جب امام حسین علیہ السلام نانا کی خدمت میں آتے
پیار سے ہاتھ بڑھا کے گلے لگاتے + امیر المومنین کو سفارش نگہبانی سناتے پھر اونکی سینہ و گردن پر
منہ جھکاتے + بسبب الفت میں بوسے لیتے اور بہت روتے جاتے فَیَقُوْلُ یَا اَبَتِ لِمَ تَبْکِیْ
فَیَقُوْلُ یَا بُنَیَّ اُقَبِّلُ مَوْضِعَ السُّیُوْفِ مِنْکَ وَاَبْکِیْ قَالَ یَا اَبَتِ وَاُقْتَلُ قَالَ
اِیْ وَاللّٰهِ وَاَبُوْکَ وَاَخُوْکَ وَاَنْتَ مظلوم کربلا سائل ہوتے کہ یا ابا آپ کیوں گریان ہیں
جواب دیتے اے فرزند جائے تلوار کو تمہارے بدن کی چومتا روتا ہوں کہ زخم کی نشان ہیں + پوچھا اے
واقف اسرار کیا ہم ماری جائینگے بولے ہان قسم خدا کی تو اور برادر اور پدر تیری سب خون میں نہائینگے
قَالَ یَا اَبَتِ فَمَصَارِعُنَا شَتّٰی قَالَ نَعَمْ یَا بُنَیَّ قَالَ فَمَنْ یَزُوْرُنَا مِنْ اُمَّتِکَ
عرض کی یا جدا پس ہماری تربتیں بھی باہم دور ہونگی کہا ایسا ہی قضا و قدر کی تجویز حکم
خدا سے ٹھہری + سید الشہدا نے حلیفہ بار یسے سوال کیا + تمہاری امت میں کون ہماری مزار پر آئیگا

آٹھوین مجلس بیچ بیان غم رو انگی سید الشہدا تذکرہ اخبار بیچ شہادت اور ثواب زیارت کا

قَالَ لَا یَزُوْرُنِی وَیَزُوْرُ اَبَاکَ وَاَخَاکَ وَاَنْتَ اِلَّا الصِّدِّیْقُوْنَ مِنْ اُمَّتِیْ
سمجھایا کہ میری اور تیری باپ بھائی کی قبرون پر نہین قدم ڈالینگی مگر وہ لوگ جو امت
مرحومہ سی درجہ صدیق و محب خالص پائینگی مل عَنِ الْحُسَیْنِ بْنِ اَبِیْ غُنْدَرٍ عَمَّنْ حَدَّثَهٗ
عَنْ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ کَانَ الْحُسَیْنُ بْنُ عَلِیٍّ ذَاتَ یَوْمٍ فِیْ حِجْرِ النَّبِیِّ یُلَاعِبُهٗ
وَیُضَاحِکُهٗ فَقَالَتْ عَائِشَةُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اَشَدَّ اِعْجَابَکَ بِهٰذَا الصَّبِیِّ
فَقَالَ لَهَا وَیْلَکِ وَکَیْفَ لَا اُحِبُّهٗ وَلَا اُعْجَبُ بِهٖ اوسی کتاب مین حسین ابن ابی
غندر اور نا قلان آثار سی روایت ہی کہ ابی عبد اللہ جعفر صادق علیہ السلام کی سند سی حکایت ہی
ایکروز امام حسین علیہ السلام خیر الانام کی آغوش ناز مین بیٹھی تھی اور سرور کائنات اونکو چھیڑ
کھیلتی ہنستی تھی بی بی عائشہ نی عرض کی بہت پیار ہی اپکو اس طفل سی اور ان سی جو اید یا تعجب
کرو ہر گز نہین کیونکر دوست نرکھون زیادہ جان سی وَهُوَ ثَمَرَةُ فُؤَادِیْ وَقُرَّةُ عَیْنِیْ
اِمَّا اِنَّ اُمَّتِیْ سَتَقْتُلُهٗ وہ تو میری ثمر دل کا ثمر خانہ چشم کا نور نظر ہی جسم و روح کی تقویت
آرام جگر تسلی وہ خاطر اگر ہی خبردار ہو کہ بیدین میری امت کی اوسی شہید کرینگی + وقت بیکسی
اور غربت مین آری ظلم کی نہال زندگانی پر چلینگی + فَمَنْ زَارَهٗ بَعْدَ وَفَاتِهٖ کَتَبَ اللّٰهُ
لَهٗ حَجَّةً مِنْ حِجَجِیْ قَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَجَّةً مِنْ حِجَجِکَ قَالَ نَعَمْ وَحَجَّتَیْنِ مِنْ حِجَجِیْ
بعد قتل و دفن جو اوسکی زیارت کریگا + میری حج کا ثواب پورا لیگا + بی بی بولین اپکی طواف کا
حسنات پائیگا + فرمایا دو حج سی میری اجر اوسکا بڑہ جائیگا + قَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَجَّتَیْنِ
مِنْ حِجَجِکَ قَالَ نَعَمْ وَاَرْبَعَةً قَالَ فَلَمْ تَزَلْ تُزَادُهٗ وَیَزِیْدُ وَیُضْعِفُ حَتّٰی بَلَغَ
تِسْعِیْنَ حَجَّةً مِنْ حِجَجِ رَسُوْلِ اللّٰهِ بِاَعْمَارِهَا ہمتوا بہ رسول مقبول نی کہا ای خیر الوری
اکی سعی و مناسک سی بہتر ہوگا ارشاد کیا ہان ایسا ہی اجر زائر دیکھا بلکہ نوی حج و عمل بجا

فائدہ گنہگار راوی کا بیان ہی یو ہہین پی بی کی اعتراض درمیان مین آئی اور حضرت زیادہ اوسی مضاعف کرتی جاتی + ہر بار درجہ ترقی کو میزان قدر مین بڑہایا + تا کہ سستر حجہ و عمرہ نبوی سی مقابل بنایا + خبر فی المنتخب عن جعفر بن محمد علیہما السلام قال رحم اللہ شیعتنا انہم اوذوا فینا ولم نوذ فیہم کتاب منتخب فخری مین سند معتبر سی آیا ہی کہ جعفر صادق علیہ السلام نی ارشاد فرمایا ہی + خدا رحمت کری ہماری دوستونکو جو اہلبیت کی محبت مین ستائی جاتی ہین + اور ہم اونکی طاعت و پیروی سی کوئی ایذا نہین پاتی ہین شیعتنا منا قد خلقوا من فاضل طینتنا وعجنوا بنور ولایتنا جس طینت سی ہماری سرشت ہی اوسکی زیادتی سی شیعونکی پیدایش ہوئی ہی + اور ہماری نور ولایت و دوستی کی دستور سی اونکی مٹی گوندہی گئی ہی رضوا بنا ائمۃ ورضینا بہم شیعۃ وہ راضی ہماری امامت اور پیشوائی پر موفور ہین + ہم اونکی طاعت و جان فدائی سی مسرور ہین + تصیبہم مصائبنا وتبکیہم اوصابنا ویحزنہم حزننا ویسرہم سرورنا ہماری مصیبت اونکو سوگوار کرتی ہی + اور محنت پر آنکہہ اشکبار و غمناک رہتی ہی + ہماری حزن و الم سی وہ صاحب ماتم ہین + اور شادی و فرحت مین بہجت و نشاط سی توام ہین + ونحن ایضا نتالم لتالمہم ونطلع علی احوالہم ہم بہی اونکی رنج و قلق سی غمین و الیم ہوتی ہین + سب حال ظاہر اور باطن ماہر و علیم ہاکتی اور سوتی ہین + فہم معنا لا یفارقونا ولا نفارقہم پس وہ ہماری ہمسی دور نہونگی + اور ہم بہی اونسی جدا کبہی نہونگی + لان مرجع العبد الی سیدہ و معولہ علی مولاہ بدرستی کہ غلام کی بازگشت طرف آقا کی ہی + اور مرید کی توجہ جانب مرشد مولا کی ہی فہم یہجرون من عادانا ویجہرون بمدح من والانا ویباعدون من اذانا تحقیق کہ وہ ہماری اعدا سی بیزاری مین بہاگتی ہین + اور دوستونکی مدح و ثنا و منقبت کو

آٹھوین مجلس بیچ بیان عزم روانگی سید الشہدا حدیث فضل اہل بکا و شرف روز جزا

پکارتی ہین + جو ہمین ستاتی ہین اونسی دور جاتی ہین + راہ و رسم محبت کو پورا بجالاتی

ہین + اَللّٰھُمَّ اَحْیِیْ شِیْعَتَنَا مِنَّا وَمُضَافِیْنَ اِلَیْنَا خداوندا جلا تا رہنا الفت

کرنیوالونکو ہماری حیات ہین اور ملای رکہنا اونکی جماعت با اخلاص کو اہلبیت کی

زمرہ برکات ہین فَمَنْ ذَکَرَ مُصَابَنَا وَبَکٰی لِاَجَلِنَا اَوْتَبَاکٰی اِسْتَحٰی اللّٰہُ اَنْ

یُّعَذِّبَہُ النَّارَ جو ذکر مصیبت کو ہماری بیان کرکی روی + اور بسبب قدر و منزلت عظیم کی

ہماری نالان ہووی + یا جبہ کہ اوسی رقت نہ آئی دل محزون سی رونیوالونکی صورت بنائی

شرم رکہتا ہی غفار الذنوب و ستار العیوب کہ اوسی پاداش مین گناہ کی ستائی آخر تیمین

عذاب نار سی جلائی عقاب پہنچائی اور دوسری فضیلت اپنی سنو + جوش خوشی مین گریہ

پیار کی رقت کرو قَالَ اَبِیْ عَبْدِ اللّٰہِ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَمَا عَیْنٌ اَحَبُّ اِلَی اللّٰہِ

وَلَا عَبْرَۃٌ مِنْ عَیْنٍ بَکَتْ وَدَمَعَتْ عَلَیْہِ وَمَا اِلّٰا یَبْکِیْہِ اِلَّا وَصَلَ فَاطِمَۃَ

وَاَسْعَدَھَا امام بحق ناطق جعفر صادق علیہ السلام نی فرمایا + کہ نہین ہی کوئی آنکھ خدا کی

روبرو پیاری مین سوا اوس آنسو بہانی کی محبوب باری زیادہ اوس چشم سی جو اشک بہای

اور امام حسین کی یاد بیکسی مین اوسی رونا آئی + مگر یہ کہ وہ رقت دہ غمدیدہ بتول عذرا سی

کرتی ہی + اور فاطمہ زہرا کو مدد خوشی اور بہجت دیتی ہی + وَوَصَلَ رَسُوْلَ اللّٰہِ وَاَدّٰی

حَقَّنَا اور وہ عین بنای دارین رسول الثقلین سی نظر اتحاد مین ملتی ہی + ہماری حق

اور طاعت کو پورا ظاہر کرتی ہی + وَمَا مِنْ عَبْدٍ یُّحْشَرُ عَیْنَاہُ بَاکِیَۃٌ اِلَّا الْبَاکِیْنَ

عَلٰی جَدِّیْ عَلَیْہِ السَّلَامُ خلایق مین کوئی آدمی نہوگا جو روز حشر آنکہونسی آنسو روان

سوای اہل بکای جد بزرگوار و مصایب سید الشہدا کی سوگوار کہ وہ بشاش ہونگی فَاِنَّہٗ

یُحْشَرُ وَعَیْنُہٗ قَرِیْرَۃٌ وَالْبَشَارَۃُ تَلْقَاہُ وَالسُّرُوْرُ عَلٰی وَجْہِہٖ بہشتی قرار دیا

آٹھویں مجلس مدینہ سے عسزم سفر سید الشہدا حدیث فضل اہل بکا و شرف روز جزا

شاہ مظلوماں جب محشور ہونگے تو اونکی آنکھیں نظارۂ کثرت نعمات سے روشن + بشارت

رحمت کی ملاقات سے آسودہ تن + سرور سے فورِ چہروں پر عیاں + حضور سے چین و آرام کی

وَالْخَلْقُ يُعْرَضُونَ وَهُمْ حُدَّاثُ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ تَحْتَ الْعَرْشِ فِي ظِلِّ

الْعَرْشِ لَا يَخَافُونَ سُوْءَ الْحِسَابِ ساری اہلِ عرصات بلا میں عقبات کی کھپی اور بکری

پھرینگی + اور مجلس والی تعزیت کی مصاحبت میں امام حسین علیہ السلام سے سرگرم حکایات

آپس میں باتیں کرینگی + یعنی سایۂ عرش کی فرشِ عزت پر بیٹھی ہونگی + اندیشۂ حساب و کتاب سے

بیخوف و خطر آرام سے ہونگی + يُقَالُ لَهُمْ ادْخُلُوا الْجَنَّةَ فَيَأْبَوْنَ وَيَخْتَارُوْنَ

مَجْلِسَهٗ وَحَدِيْثَهٗ ملائکہ مقربِ الٰہی اونسے بشارت کہینگی + واسطے داخلۂ بہشت کی

امر کرینگی + وہ لذت میں خدمت مولا کی ایسی محو ہینگی + کہ فردوس پرا ونکی ملازمت کو ترجیح

دینگی + امام دینی جلسۂ اختلاط کو نہیں چھوڑینگی + خلدِ بریں کی جانبسے روے انبساط موڑینگی

وَاِنَّ الْحُوْرَ لَتُرْسِلُ اِلَيْهِمْ اِنَّا قَدِ اشْتَقْنَاكُمْ مَعَ الْوِلْدَانِ الْمُخَلَّدُوْنَ حوران

فردوس اونکو پیام شوق دینگی + سخنانِ محبت آمیز زبانِ حال پر ظاہر کرینگی + کہ ہم تمہاری

تمنای وصال میں کھڑی ہیں + جلدی آؤ کہ جذبۂ فراق ہمپر دشوار پڑی ہیں + ولدانِ

مخلدون بھی آرزو مند + حضور عالیہ انتظار قدوم اشرف کی پابند + فَمَا يَرْفَعُوْنَ

رُؤُسَهُمْ اِلَيْهِمْ لِمَا يَرَوْنَ فِي مَجْلِسِهِمْ مِنَ السُّرُوْرِ وَالْكَرَامَةِ وہ فریفتۂ لقای

مظلوم کربلا اونکی طرف سر نہ اوٹھائینگی + نظرِ رغبت میں کسی کو منہہ نہ لگائینگی + بسکہ

مجلسِ امام حسین علیہ السلام سے خوشی اور کرامت پائینگی بی مولا کی جنت الماوا کو بھی

نہ جائینگی + شاہد جمال سرمدی پر عاشق ہونگی + فدای حبِ احمدی کی واثق ہونگی +

مدام نشہ سے ولای ساقی کوثر کی سنت + نام و نشانِ الفت کی داغدار الست + آہ

فقلت زدنا فلما ولی
ولد العباس نظرت الیه
وهو یعطی الجند فقلت
لاصحابی من هذا الرجل
فقالوا هذا عبدالله بن

آٹھوین مجلس مدینہ سے عزم سفر سید الشہدا مشایعت فاطمہ خارج شہر مین اور مقال رقت افزا

اشک سے چہرہ دہونی والی + کوثر و تسنیم سے بہی ابرو پاتی ہین + سوز آہ مین ل جلاکی + قبر و برزخ کی خوشبو کو اوٹہاتی ہین + ایک غم کہانی سے پنجتن کی زمری مین شمار ہوتی + دو گہڑی کی مجلس مین آگے حساب روز جزا کا اندیشہ کہوتی ہین + نظم لمولفہ احسان بزم عزای شہ ہدی + تمنے سنا یہ مژدۂ جان بخش برملا + ماتم سے نور چشم نبی کی بہاؤ اشک ہی فرض عین اسکو نہ بہولو کرو ادا + سوز جگر کا داغ ہو سینہ پہ آشکار + ہاتہون سے پیٹو فرق مصیبت کی ہی یہ جا + اس غم سے بیقرار ہوے ساکنان عرش + قصر جنان مین سوگ نشین فخر انبیا + فاطمہ جو ذاکر خلف بو تراب ہی + ہر شہر مین ہی اوسکی بہر ادفتر بکا +

مجلس وداع فاطمہ کبری بروقت عزیمت شہ مدینہ با سلطان کربلا و مقال برای اعلی

مریضان بادۂ اندوہ ملال + و ستمیان سراچۂ حزن و ابتہال + مہجوران قافلۂ صبر و شکیبا و مستوران زاویۂ محنت و بینوائی + رہروان کاروان اشک و آہ + و پیادگان بار حسرت جازم قبر یا بگاہ + فاطمۂ کبری کی مصیبت صغرا کو وداع پدر بزرگوار مین منطقی کرو ایا نتیجۂ زاری و رقت کی واسطی اسطرح بیان کرتی ہین + کہ جب سامان خانہ ویرانی کا اہلبیت رسول کی گہر مین آیا + اور سب پیروجوان بنی ہاشم کا ہمراہ فرزند رسول کی سفر قرار پایا + ارض یثرب و حجاز مین شیون سے تہلکۂ عظیم پڑا + دل بندہ و آزاد مین یقین تہا کہ سید الشہدا کا پہر آنا نہوگا + زن و مرد مین سینہ زنی کا جوش و خروش تہا روح و تن مین الفراق کی نعرہ سے فنای حواس و ہوش + روضۂ احمد مین گنبد سے ہای نور عین کی آواز آتی + منبر و محراب سے مسجد کی نام امام حسین علیہ السلام پر چیخ کو فریاد جاتی روی ان فاطمة الکبری بنت الحسین کانت مریضة یوم خروج

٢٦١

قال لا فالتفت ابو عبدالله ع
طاعتک کما یجب طاعة رسول الله
الوحی عن الله قال لا قال فیجب
شهادتک رسول الله قال لا قال
ابو عبدالله علیه السلام فانت
ومن عندی بعضه فقال له
من کلام رسول الله ص بعضه
الله علیه وآله او من عندک فقال

آٹھوین مجلس مدینہ سی روانگی سید الشہدا مشایعت فاطمہ کبری خارج شہر اور وداع اقربا

وَالِدِهَا مِنَ الْمَدِيْنَةِ اِلَى الْعِرَاقِ کتاب منتخب فخری مین روایت کی ہی جب
امام حسین علیہ السلام کی سواری مدینہ سی ملک عراق کی طرف چلی ہی فاطمہ کبری بیٹی
حضرت کی روز ہجرت مین بہت بیمار تہی + صدمات محنت و مصیبت مین دست
روزگار سی گرفتار تہی + بَعْدَ اَنْ وَدَّعَ جَدَّهُ وَاَخَاهُ وَاُمَّهُ فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءَ
اَمَرَ اَخَاهُ الْعَبَّاسَ بِتَجْهِيْزِ الْجَيْشِ ہر گاہ شاہ دین پناہ تربت رسول و زہرا
بتول اور مرقد حسن مجتبی و قبور سایر اقربا کی وداع سی پہری عباس علی برادر باجان کو
مراتب طیاری لشکر اور سواری حرم مطہر کی فرمان دیہی + اوس نشان حیدر کرار نی
محمل و عماریان شترون پر باندہین + کئی قطار دروازہ عصمت سرا پر لاکی حاضر کین
پردہ اعزاز میں باہتمام بند و بست کیا + سوار ہونی کا اہلبیت کو حکم سر دست دیا
ہر ایک بی بی کجاوہ اور محافہ مین جا کی بیٹہی + ہر چیز آسایش و ضرورت کی اپنی پاس
رکہی + جب نوبت بر آمد ہونی کی زینب خاتون و ام کلثوم کی آئی + بیہیر ہا کی ناقہ پہ لا کی
بٹہی عماری آگی منگوائی + دست و بازو کو سرورنی تہام کی چڑہایا + ناظر حرم
ناموس نبی بسم اللہ کہکی تسمہ بڑہایا + ایک طرف رباب حرم محترم سکینہ خاتون کو اپنی
آغوش مین لیکی سوار + دوسری جانب اُمِّ لَیلی علی اصغر کو سنبہالی ہوئی + پیکیکا
صدای دورباش باصد احتشام بلند ہوتی + تزک و شان سی خدام کی صف سوار کیان
چلی پس فیقان باوفا زاد و جانبازی قراک مین باندہی آئی + عہدہ داران باصدق و
صفائی در دولت سرا پہ اپنی شبدیز چالاک بڑہائی + فرزند ایک براق دو رفتی
سا بہ طراق انبیای سلف کی نکلا + وارث شکوہ شاہ نجف رہوار کی زین پر بیٹہ
غرو شرف چڑہا + فرشتوں کی پرنی تعظیم سی جہکایا + پسمر نی چہرہ کو سر کہیم سی کہول دیا

آٹھویں مجلس مدینہ سے عزم روانگی سید الشہدا خارج شہر مشایعت فاطمہ کبری

جبرئیل علم اجلال کا حامل + اسرافیل نفیر رحلت کا عامل + روح القدس کا بدار بنا + میکائیل جلو میں
شاطر وار چلا + کوکبہ فریدوں وجم اوس روز سواری میں گرد تھا + طلیعۂ اختر وانجم نقیبوں میں نمود تھا
ایکطرف عون وجعفر و عباس نوجوان ادب سے ترکی وتازی پر دوان + ایک جانب شاہزادہ علی اکبر و
قاسم توسن لحاظ پر امام حجازی کے گرم جولان + گرد و پیش ماہ پیغمبر کی مانند خیل کواکب صحابۂ ثابت قدم
چلی + شان خیر البشر و دبدبۂ حیدر صفدر سے سلطان امم با الحرم نکلی + کیوں نہ حاضران مجمع غم
تھی سنا جاہ و حشم اپنے مولا کا + اور ایک تازان صف ماتم دیکھا مرتبہ شاہ عالم کی سپاہ نور
افزا کا + روز ہجرت وطن کیا سامان ناز و نعم ہمرہ چتر اقبال کی ہمراہ تھا + کیا رفعت و حشمت کا عمل
رکاب میں سید عرب و عجم کی مدنگاہ تھا + فریاد ہی کہ مراجعت مدینہ میں شام سے فقط لشکر نالہ و
آہ کا اہتمام تھا + امام حسین علیہ السلام کا نام اوسکی ساتھ بیان قتل عام اور تاراجی خیام
ہمرام تھا گھوڑا بی صاحب عزا بن آقا کی سیاہ پوش + فرزند یتیم سید سجاد با حال تباہ رقت سے
بیہوش + زینب خاتون وام کلثوم کالی کفنی گلی میں ڈالی + بانوان محزون داغ مرگ فرزند و
دلکو سنبھالی + سب کربلا و کوفہ و دمشق کی بار مصیبت اوٹھائی + غارت خانمان کی کہانی
ضرب تازیانوں کی نشانی نہ یہ لائی فوج نہ لشکر و سپاہ و نہ کثرت ناس + نہ قاسم نہ علی اکبر
نہ عباس + لوگ پرسے کو آتی + رقت میں سبکو رلاتی + فکانا اذا المسیر تبعتہ فاطمۃ
الکبریٰ الی ظاہر المدینۃ وتعلقت باذیالہ خلاصہ کلام امام انام بروایت
سید و شیخ مفید شب یکشنبہ اٹھائیسویں شہر رجب سال شصتم ہجری وطن سے رانکو نکلی جور
ستم اعدا کی ہاتھ سے بادیہ توکل میں با امید خدا چلی + ناگاہ فاطمہ کبرا جو مسافران حرم سے باقی رہی
تھی + شوق پدر میں اوٹھی شتاب ہوکی پیادہ پا شہر مدینہ کی باہر باپ کی دامن سے جالپٹی
وقالت لہ یا ابی کیف تندعنی وانا ابقی بعدکم ضعیفۃ علیلۃ

آٹھوین مجلس مدینہ سی عزم روانگی سید الشہدا خارج شہر مشایعت فاطمہ کبری

غَرِیْبَۃً ذَلِیْلَۃً اونسی کہا ای پدر سبکو اپنی ہمراہ لیجاتی ہو + مجہی اکیلی گہر مین قرین نالہ و آہ
چہوڑی جاتی ہو + تمہاری پیچہی مین کیونکر دن گذرانون + جو بیمار و ناتوان ذلیل و خوار و عاجز ہون
وَلَیْسَ مَعِیْ مَنْ یُّوْنِسُنِیْ کوئی میری پاس عزیز و ہمدرد نہین + جو شدت وحشت مین
اوسکی ساتہہ دل بہلاؤن + ایک دوست ہمزبان نہین + جو ابتلای مصیبت مین مشغلہ صحبت
سی تہوڑا ارام و چین پاؤن + وَکَیْفَ اَسْتَقِرُّ بَعْدَکُمْ وَاَرٰی مَنَازِلَکُمْ خَالِیَۃً مِنْکُمْ
کس بہانی سی جسکو اپنی تسکین و تسلی سمجہون + جو تمہاری جای نشست و برخاست اور خوابگاہ کو
خالی دیکہون + وَلَا اَرٰی فِیْہَا اَنِیْسًا وَّلَا صَدِیْقًا وَّلَا جَلِیْسًا یُنَادِمُنِیْ وَیُلَاطِفُنِیْ
اور مکانون مین کوئی انیس و دوست و مہربان نظر نہ ائی + جو مجہی الفت کا سہارا دی پکار کی
درد بیخودی مین غش سی جونکائی + یَا اَبِیْ خُذْنِیْ مَعَکَ فَلَیْسَ لِیْ صَبْرٌ عَلٰی فِرَاقِکَ
وَفِرَاقِ عَمَّاتِیْ وَاَخَوَاتِیْ خُصُوْصًا اَخِیْ عَبْدِ اللّٰہِ الرَّضِیْعِ ای بابا میرا ہاتہہ پکڑکی
محمل مین بٹہا دو اپنی ساتہہ لیچلو + اکیلی گہر مین دیوارون سی سر ٹکرانی کو چہوڑ دو عاجزی پر رحم
کرو + مجہی طاقت تمہاری الم فراق مین صبر کی نہین + دوری سی پہوپہی اور بہنین خصوص
چہوٹی بہائی عبد اللہ کی جان کو چین نہین + ثُمَّ بَکَتْ بُکَاءً شَدِیْدًا حَتّٰی غُشِیَ عَلَیْہَا
بعد ازان زار زار نکلکر بیتابانہ ضعف سی گری + اتنا روئی کہ بیہوش ہو گئی + فَلَمَّا رَاٰہَا الْحُسَیْنُ عَلَیْہِ
السَّلَامُ بِاَسْوَءِ حَالٍ ذَرَفَتْ دُمُوْعُہٗ مِنْ عَیْنَیْہِ جب امام حسین علیہ السلام
اپنی ناز پروردہ کا وہ برا حال دیکہا + ترس کہا کی فرط اندوہ اور ملال سی رو دیا + وَاجْتَمَعَ
ہَمُّ الدُّنْیَا عَلَیْہِ وَکَثُرَ فِکْرُہٗ وَضَاقَ صَدْرُہٗ ساری دنیا کی غم و الم کا ہجوم ہوا +
کثرت فکر و اندیشہ سی چہاتی مین دم رکا + وَرَفَعَ رَاْسَہٗ اِلَی السَّمَاءِ وَحَرَّکَ شَفَتَیْہِ
بِالدُّعَاءِ سر کو آسمان کی طرف اوٹہایا + لب معجز بیان کو دعا سی آشنا کیا + خداوند میری عیال و

آٹھوین مجلس مدینہ سی عزم روانگی سید الشہدا تاج شہر شابیت فاطمہ کبریٰ

اطفال کی مصیبت کو دیکھنا + اس مریضہ کو آزارِ فرقت مین وارو ہی مصابرت دینا +

وَمَدَّ يَدَهُ اِلَيْهَا وَاَجْلَسَهَا اِلٰى جَانِبِهٖ وَهُوَ مَحْزُوْنٌ وَمَشْغُوْلٌ بِالْبُكَآءِ

دستِ شفقت کو پہیلایا + فاطمہ کو اوس خاکِ حسرت سی اوٹہا کی زانو پر بٹہایا + روتی

جاتی + حزن و اندوہ مین تسلی فرماتی + فَقَالَ لَهَا يَا بُنَيَّتِيْ فَاطِمَةُ اِذْهَبِيْ اِلٰى

دَارِكِ وَاسْتَاْنِسِيْ بِجَوَارِكِ کہا ای میری پیاری بیٹی فاطمہ اپنی گہر کو جاؤ اور طفلان

زنانِ ہمسایہ مین جی کو بہلاؤ وَاَنَا اِذَا وَصَلْتُ اِلَى الْعِرَاقِ وَاسْتَقَرَّ لِيَ الْجُلُوْسُ

فِيْهَا اَرْسَلْتُ اِلَيْكِ اَخَاكِ زَيْنَ الْعَابِدِيْنَ اَوْ عَمَّكِ الْعَبَّاسَ يَاْتِيْ

بِكِ اِلَيْنَا فَطِيْبِيْ نَفْسًا وَقَرِّيْ عَيْنًا + مین جب ملکِ عراق کو پہونچونگا + وہان

آرام سی قرار کرونگا + یعنی کو تیری بہائی زین العابدین یا چچا عباس کو بہیجونگا دل خوش رہو

آنکہونکو روشن کہو + فَلَمَّا تَيَقَّنَتْ فَاطِمَةُ بِالْفِرَاقِ وَرَاَتْ اَهْلَهَا عَلٰى مُتُوْنِ

النِّيَاقِ جب فاطمہ کو دوری پدر اور سکونت وطن پر یقین ہوا عماری کو سواری کی اونٹون کی

اونٹون پر روان پایا + وَاَبُوْهَا الْحُسَيْنُ يَتَقَدَّمُهُمْ وَهُمْ سَائِرُوْنَ قَدْ جَدَّ

الْمَسِيْرُ دیکہا والد بزرگوار کی سب سی قدم بڑہاتی ہین + اور ساری چہوٹی بڑی اہلِ حرم

اوس مریضہ کو چہوڑکی جاتی ہین + فَنَادَتْ فَاطِمَةُ بِاَعْلٰى صَوْتِهَا يَا اَبَاهُ يَا عَمَّاهُ

بِاللّٰهِ عَلَيْكُمْ اَوْقِفُوا الضَّعِيْفَةَ الْعَلِيْلَةَ حَتّٰى تُزَوِّدَ مِنْكُمْ وَتُوَدِّعَكُمْ

وَتُقَبِّلَ اَخَاهَا تَرْجِعُ عَنْكُمْ بیتاب ہوکی چلاتی ای بابا ای چچا اللہ کی قسم ذرا تہرو

ذرا کہری رہو مین گرتی پڑتی چلی آتی ہون + واسطی مریضۂ عاجزہ کی ٹہر جاؤ تاکہ سب سی

دل کہول کی ملی خصوص اپنی چہوٹی بہائی علی اصغر کی پیار مین ہو لی + وداع مین سب کی گلی

لگکر خدا کی حوالی کری + وَهِيَ تَمْشِيْ وَتَعْثُرُ بِاَذْيَالِهَا و بہکی ماری شوق کی

آٹھوین مجلس مدینہ سے عزم روانگی سید الشہداء خارج شہر مشایعت فاطمہ کبریٰ

دوڑی جاتی ضعف کی سبب ٹہوکرین کہاتی + مانند گرد کاروان اونکی پیچھی رواں تہی نارسائی مراد و مقصد سی نالان و گریان فَلَمَّا سَمِعَ الْحُسَيْنُ صُرَاخَ فَاطِمَةَ وَبُكَاءَهَا رَجَعَ اِلٰى عِنْدِهَا فَخَاطَبَهَا بِكَلَامٍ لَيِّنٍ جو امام حسین علیہ السلام نی فریاد و زاری فاطمہ کی سنا + گہوڑا پہرا کی پاس آکی زبانِ شفقت و مہربانی سی نام لیا + وَقَالَ لَهَا يَا بِنْتَ ارْجِعِي يَا فَاطِمَةُ وَاسْتَعْمِلِي الصَّبْرَ کہا ای فاطمہ زیادہ بیقراری سی لکو نہ کڑہاؤ + گہر مین پہر جاکی بار صبر کو اوٹہاؤ + فَاسْتَعْبَرَتْ وَبَكَتْ وَقَالَتْ يَا اَبَتِ لَا تَلُمْنِي فَاِنَّهُ خَطَرَ بِبَالِي اَمْرٌ خَطِيرٌ فَبَقِيتُ بَيْنَ هَمٍّ وَتَفَكُّرٍ انہون نی اشک بہرائی در دِجگر سی یہ کلام سنائی + ای پدر مجہی گہبرانی اور بیتابی سی باہر دوڑی آنی پر ملامت نکرو + انصاف سی دیکہو کیا صدمہ پڑا ہی + طاقت بیان سی زیادہ ماجرا ہی + کہ غم و الم بہری اکیلی گہر مین ہونگی + بیماری مین جانکاہ صدمہ فراق کا سہونگی وَنَفْسِي تُحَدِّثُنِي بِاَنِّي مَرِيضَةٌ وَاَخَافُ اَنْ يَزْدَادَ مَرَضِي وَاَمُوتَ قَبْلَ اَنْ يَاْتِيَنِي اَحَدٌ مِنْكُمْ میری دلکو تشویش ہی کہ بیمار ہون ہرگاہ مرض نی زیادتی کی اور مرگئی پیش از تمہاری پہر آنی کی تو حسرت دیدار باقی رہی فَاُرِيدُ مِنْكَ اَنْ تَمُنَّ عَلَيَّ بِحَطِّ الرِّحَالِ سُوَيْعَةً حَتّٰى اُوَدِّعَ مِنْكُمْ وَدَاعَ مُفَارِقٍ لَا يَعُودُ چاہتی ہون کہ میری اوپر احسان کرو دم بہر اپنی قافلہ کی باگ پہرالو + تاکہ مین پہر سب سی ایکبار وداع ہولون + ایسا کہ ڈرتی ہون پہر نصیب نہو کا جو ملون + وَاَصْبِرُ حَتّٰى يَحْكُمَ اللّٰهُ لِي بِاَمْرِهِ وَهُوَ خَيْرُ الْحَاكِمِينَ آیندہ صابر و شاکر بیٹہون تاکہ ہماری واسطی حکم دی خدا + پکڑی اونکو جو اعدائی باپکو گہر سی نکالا اونہی بیچین آرام کیا + فَبَكَى الْحُسَيْنُ مِنْ كَلَامِهَا وَاَمَرَ بِحَطِّ الرِّحَالِ امام حسین علیہ السلام نی

آٹھویں مجلس مدینہ سے روانگی سید الشہدا خلاصۂ شہر مشایعت اور وداع فاطمہ کبریٰ

اوسکی باتوں سے ہنسکی رو دیا + اور توقف کرنیکو لشکر اور محامل حرم کی واسطی حکم کیا + وَقَالَ

یَا فَاطِمَۃُ تُوَدِّعِیْ مِنْ اَھْلِكِ جبکہ شتر چلنی سے روکی + سید الشہدا عنان مرکب پیمبر کی

پہیری + فرمایا ای فاطمہ اب ماں بہنوں ہیں ہر ایک سے جا کی ملو + سبکو خاطر خواہ جیا

وداع کر لو + فَاَتَتْ اِلیٰ نَحْوِ النِّسَاءِ وَتُوَدِّعَتْ مِنْهُنَّ جَمِیْعًا فاطمہ فوراً شتر کی

پاس جن پر اہلبیت سوار تہی آئی + ہر ایک سے گلی ملکی فقرات حسرت کہکی مرثیہ حالت بیانی

فَالْتَقُوْھَا النِّسَاءُ بِصُرَاخٍ وَعَوِیْلٍ فَاَحْدَقُوْا بِھَا التَّوْدِیْعُ عورات حرم نی اوسکو

چار طرف سے درمیان میں لیا + اہ و نالہ ورقت میں اوس بیقرار کو رخصت کیا + فَقَالَتْ

اِئْتُوْنِیْ بِاَخِی الرَّضِیْعِ الصَّغِیْرِ اُوَدِّعُ مِنْهُ وَاَرْجِعُ جب سب رسم مفارقت ادا

کر چکی + اور باری باری اشک حسرت بہا چکی + فاطمہ نی کہا اخری آرزو ایک

اور ہی اوسی بر لاو + میری چہوٹی بہائی عبد اللہ کو دکہاو + پیار سی وداع میں سینہ پر لگا لوں

حسرت پاس میں اپنی گہر پہر جاؤں + فَاَتَوْھَا بِاَخِیْھَا علی اصغر کو مانکی آغوش سے لیکر

بیچ محمل سے اوس کو لیکر اصغر کو باہر نکالا + فاطمہ کی ہاتہ میں اوسکی بہائی کو دیا + لپک کر

ہنسنا رگل کی ساتہ کیا + فَاَتَاہُ وَاَتَتْهُ تَمِیْلُ حَتّٰی لَوَّنَھَا وَصَمَّتْ بِیَدِھَا وَضَمَّتْهُ

اِلٰی صَدْرِھَا جو فاطمہ نی ہمارا آرام دل وجگر کو پایا + بیتابی میں ہاتہ پہیلا کی

سینہ سے لگایا + فرط شوق میں رنگ چہرہ کا متغیر ہوا + بوسی لیکی رخسار پر اوسکی منہ کو رکہا

وَقَالَتِ النِّسَاءُ اِمْضُوْا سَالِمِیْنَ بِحِفْظِ اللہِ تَعَالٰی وَاَخِیْ یَبْقٰی عِنْدِیْ

عورات حرم سے کہا اب تم سب امان خدا میں بسلامت سفر کرو + بہائی کو وا ماں

میری پاس رہنی دو یہ تو جاتی ہر ایدہ وش دکہا دین ریگا + اوسکی باتیں اور پیارے دل

بیقرار بہلیگا + گہوارہ ناز میں جہلا کی سلاونگی + شیرہ حیات کا بجای دودہ پہنا کی پلاؤ

قال حدثنا علي بن محمد بن قتيبة النيسابوري
حدثنا عبد الواحد بن محمد العطار
كمال الدين لابي جعفر بن بابويه رض
قال حدثنا عبد الواحد بن ...
بن سليمان عن محمد بن اسماعيل بن بزيع
عن حيان السراج قال سمعت
اسماعيل بن محمد الحميري يقول كنت
اقول بالغلو واعتقد غيبة
محمد بن الحنفية زماناً فمن الله
علي بالصادق جعفر بن محمد عليه
السلام فانعقد في من الشان

شہادت امام حسین علیہ السلام کی موجبات اور تذکرۂ فضائل خمسۂ زیارات نزول ملائکہ و جنات

پیشتر چلیں اوس حال میں فاطمہ کی سوز فراق سے آہ شرر بار کرتی تہیں فاطمہ بہی تکی
پیچہی نگاہ حسرت و یاس و کہینچ مانند نقش قدم خاک پر پڑی نعرہ کرتی + ہای بابا کی ساتہ
پہوپہی کا نام لیتی وای سکینہ کی ہمراہ ذکر علی اصغر میں جان دیتی عباس چچا کی غمخواری کو یاد کرتی
زین العابدین بہائی کی پرستاری سے دم بدم بہرتی علی اکبر کی شادی کا دل میں ارمان اطفال
ہمسایہ کی فراق سے لالہ خالی گہر میں جانی سے بیزار تہی آزادہ جہوری میں اقربا کی مرنی پر طیار تہی

نظم لمولفہ بس ختم سخن آگی نہیں طاقت گفتار + پہٹتا ہی جگر سینہ میں بیساختہ ہر بار
اب قافلہ آہ و فغاں جاتا ہی پی ہم + اور خاک پہ حسرت سی تڑپتا ہی دل زار + شیون ہی سب
ہای حسینا کی صدا کا + ہیں ساری محب سوگ میں با دیدۂ خونبار + ناظر یہ وہ ماتم ہی کہ ہی
عرش سے تا فرش سب فاطمہ کی ساتہ ہیں شہ کی عزادار

ہوا تب اقتدا امام ابرار و موجبات البکاء فی عاشوراء فضیلت ملاحظہ ہادی
لسان الذاکرین میں چالیس حدیث لکہا ہی لاکن حقیر فی مجالس الا
خیار میں درج کیا ہے وہ تتمہ پایا ہے

عارفان مقامات عشق و محبت جانتی ہیں کہ جو قرب الہی کی زیادہ طالب ہیں معرکۂ
امتحان میں شدت بلا کو اوٹہاتی ہیں اور عمر ان کا نسبت شوق و الفت پہچانتی ہیں کہ جتنی
وصل کی بہا کی راغب ہیں جان و مال کو فرحت سے اٹہاتی ہیں + اور یہی حال ہی شاہ حسینی کی
توجہ التفات کا + جس نے اپنا فریفتہ دیکہا ہر حصہ سوز و گداز میں انواع التہاب کی ستایا
شعر ہر کہ دریں بزم مقرب تر است + جام بلا بیشترش میدہند + آخر کہ جب تحمل صبر
میں صادق پایا + تو اوس کا رتبہ قدر و منزلت سب سے بڑہایا جلوہ کا کمال میں جوش تہا

سپاہ ملائکہ کا راہ کہ میں آنا اور لشکر جنات کا بھی ہجوم لانا

غیرتِ کہکشان بناتی شارعِ عام پر گذرتی تھی + وَلَقِيَهُ أَفْوَاجٌ مِنَ الْمَلَائِكَةِ الْمُسَوَّمَةِ فِي أَيْدِيهِمُ الْحِرَابُ عَلَى نُجُبٍ مِنْ نَجَائِبِ الْجَنَّةِ پرتو ماہچہ علمِ سپہ دامانِ صحرا و بیابان نور افشان نظر آتا + اور نشانِ نعلِ سمندِ غازیانِ مجاہد کی دیدۂ بہرام و ماہ درخشان ہوتا + دوسری روز جب طلیعۂ سپاہِ فجر جلو میں امامِ غربِ شرق کی نمودار ہوا شہسوارِ مہر نگارانِ سپہر پر تیغِ شعاع نکالی سامنی خورشیدِ دین کی برق وار آیا + ناگاہ جنودِ ملائکہ مسوَّمہ رہوارِ جنت پر سوار بدن میں سجی ہوی اسلحہ کارزار + دلاوری طنطنۂ دلیری اور شجاعت دکھاتی + ہاتھ میں نیزہ اور تلوارِ حمایتِ دین کی چمکاتی قبلہ کی طرف سی مانندِ ابرِ رحمت بارانِ درود برساتی آئی + اور مقابل میں پادشاہِ جن و انس کی مثلِ غلامانِ جان نثار نقارۂ نصرت بجاتی پری بنائی فَسَلَّمُوا عَلَيْهِ پای علم سلام صفِ ادب باندھکی سرِ تسلیم جھکایا + نقیبِ شوکت و اقبال نی نگاہ روبرو کا غل مچایا امامِ ارض و سمانی زمامِ سمندِ عرش خرام کو روکا + اور جوابِ سلام پا اونکی طرف نظرِ لطف و عنایت سی دیکھا + وَقَالُوا يَا حُجَّةَ اللَّهِ عَلَى خَلْقِهِ بَعْدَ جَدِّكَ وَأَبِيكَ وَأَخِيكَ إِنَّ اللَّهَ سُبْحَانَهُ أَمَدَّ جَدَّكَ بِنَا فِي مَوَاطِنَ كَثِيرَةٍ وَإِنَّ اللَّهَ أَمَدَّكَ بِنَا ملائکہ نی عرض کی ای حجتِ داور بعد جد و پدر و برادر کی ہماری ہاتھ سی خدا نی تمہاری نانا رسول اللہ کی بہت جا امداد و حمایت کی اور ہمنی لوازمِ جانبازی اور نکو نثاری شقۂ کفر میں سعی بی نہایت کی اب پروردگار نی ہمکو آپکی خدمت میں بھیجا ہی + اور نصرت و یاری کا حکم باری ملا ہی کہ جبتک تن میں جان ہی بطریقِ سربازی میں بڑھا ہیں + اور تا دستِ رس آسمان پہلوی تلاش میں دشمنوں کی روبرو سی پشت نہ پھرائیں + منافقوں کی نقشِ حیات کو آبِ تیغ سی مٹائیں اور حق اونکی

بالفعل بامامة موسى بن جعفر عليهما السلام وفرقة ... الواقفين منهم ... رجعوا عن جعفر وقالوا بامامة اسماعيل ... [illegible]

الاسماعيلية ... وكان اكبر اخوته ... عند ابيه عليه السلام ... وادعى الامامة بعد وفاة ابي عبد الله عليه السلام ... القول بامامة موسى ... [illegible]

۲۸۱

... فكان يرى راي الزيدية في الخروج وكان شجاعا سخيا وكان يصوم يوما ويفطر يوما ... الضيافة وخرج على المامون في سنة تسع وتسعين ومائة بالكوفة ... اصحابه ... الى المامون فوصله واكرمه وكان ...

... مع عبيد الله بن الحسين ... فابوا ان ... مع محمد بن جعفر ... خرج التوقيع من المامون اليهم ... الطالبية التي خرجت عليه ... ان المامون ... يحتمل السلطان ... وكان المامون يحتمل منه ... [illegible]

سپاہ ملائکہ اور لشکر جنات کا راہ مکہ میں آنا

قدمِ ثبات کو ضربِ تیغ سے ملکِ عدم تک بھی ہٹاتے ہیں فقال لهم الموعد
حفرتي و بقعتي التي استشهد فيها وهي ارض كربلا فاذا اماوردها
فاتوني اوس حجتِ خدا نے زبانِ معجز نما سے فرمایا + بارک اللہ اور مرحبا الا ہمارا انتہا
ساتنہ وعدہ روزِ جہان سوزِ عاشورا زمینِ عراق میں کربلا ہے + کہ اوس جا میں شہید
اور دفن ہونگا وہ قربانگاہِ آلِ عبا ہے ہرگاہ وہاں پہنچونگا تم آنا اور جو امر کرون
اوسکو بجا لانا فقالوا يا حجة الله مرنا نسمع و نطع فهل نخشى من عدو
يلقاك فنكون معك فرشتہائے ربِ علا بولے اے خلیفۂ کبریا جو آپنے حکم دیا
وہ سنا اور طاعت میں قبول کیا + لاکن اندیشہ ہے مبادا ہم نہوں مخالفین آتے ہیں اور
کوئی طرح کا آزار آپکو پہنچاتے ہیں فقال لا سبيل لهم علي ولا يلقوني بكريهة
او اصل الى بقعتي اوس جناب نے جواب دیا ہرگز اعدا کا مقدور نہیں جو روا رکھیں
ما دامی کہ میں اپنے محل شہادت پر وارد ہولوں ذرا بھی ایذا دے سکیں + ناچار وہ سب
ملائکہ رخصت ہوئے اور قدم در رکابِ امام کا بوسہ لیکے پھرے واتته افواج من
مسلمي الجن پس جب سواری اوس شہسوار عجم و عرب کی پیشتر چلی ناگاہ مسلمانان
جن کی سپاہ راہ میں ملی صلاح و تقوی کی سلاح میں سجا کے آتی اور مغفرت و حمیت کا
جوشن و مغفر پہنے جلوہ نما ہوئی فقالوا له يا سيدنا نحن شيعتك و انصارك
فمرنا بامرك وما تشاء مثال خدام سب نے سلام کیا + اور بعد تعظیم و تکریم یہ
کلام سنا دیا + اے مولا تمہارے دوستدار و انصار جان نثار ہیں جو چاہو حکم دو بلا توقف
اختیار کریں فلو امرتنا بقتل كل عدو لك وانت بمكانك لكفيناك
ذلك ساری دشمنوں کی قتل میں اگر آپکا اشارہ ہو تو سفر اقامت میں سبھی ہوئے اونکی بلا

راہ مکہ میں جبا نا لشکر ملائکہ اور جنات کا آنا

تماشا دیکھو ہر ایک بیچارہ فنا فی النار کرتی ہین + اور دنیا مین ایک بہی زندہ نہین رکھتی ہین فجزاہم الحسین علیہ السلام خیرا یہ پیام ارادت فرجام سنکے امام نی شاباش کہی اور مقام تحسین مین جزای خیر دی + وقال لهم اوما قرأتم کتاب اللہ المنزل علی جدی رسول اللہ ارشاد کیا تمنی قرآن مجید کو نہین پڑہا ہی جو میری نانا رسول حمید پر نازل ہوا ہی اینما تکونوا یدرککم الموت ولو کنتم فی بروج مشیدۃ خدا نی اس ایت مین کیا فرمایا ہی + مرگ سی چارہ مفر نہین بتایا ہی واذا اقمت بمکانی فبما ذا یبتلی ھذا الخلق المتعوس وبماذا یختبرون اگر مین اپنی جا سی حرکت نکرون تو یہ منافقین کس ابتلای ہلاکت مین امتحان کی جائین + اور ہر گاہ فلکگاہ مین قدم نرکہون تو قوم بہی امید جہ مانند کہ کرک میری کمین مین ہین کسکو آزار پہنچائین ومن ذا یکون ساکن حفرتی بکربلا وقد اختارھا اللہ یوم دحا الارض وجعلها معقلا لشیعتنا ویکون لهم امانا فی الدنیا والاخرۃ کون ہی سطح مقتل پر لوٹتا رہی اور میری لحد کی اندر کربلا مین ارام کری کہ خدا نی جب دامن خاک دست قدرت سے پہیلایا تو اوس مین پاک اور طیب کو میری واسطی اختیار کیا دوستونکی لئی پناہ دنیا و اخرت بنایا اور اوسکو محل شرف ومباہات ہی قرینہ کرامت دیا ولکن تحضرون یوم السبت وھو عاشورا الذی فی اخرہ اقتل لاکن تم سب یوم عاشورا کو حاضر ہو گے کہ اوس دن کی آخر کو مین قتل کیا جاونگا ولایبقی بعدی مطلوب من اھلی ونسبی ولخوتی واھلبیتی ویسار براسی الی یزید میری شہادت کو کوئی مطلوب اہل شقاوت باقی نہین رہیگا اور اولاد رسول میری بہائی بہت

راہ مکہ مین لشکر ملائکہ اور جنات کا آنا حرم خدا مین سید الشہدا کا پناہ لینا

مارے جانے سے ایک نبی کا سر کاٹ کے بیزید کو ہدیہ دینگے اہلبیت کو غارت اور اسیر کرینگے وہ بہوک پیاس مین اطفال کا تڑپنا درد فراق سے عیال کا سر پٹکنا شور ماتم کی دہوم سید اوگر وبکا ہجوم فقالت الجن نحن واللہ یا حبیب اللہ وابن حبیبہ لولا ان امرک طاعۃ وانہ لایجوز لنا مخالفتک قتلنا جمیع اعدائک قبل ان یصلوا الیک لشکر جنات نے عرض کی اے حبیب خدا فرزند محبوب الہی ہم تابع فرمان ہین اور دل وجان سے آپکی ارشاد پر سب قربان ہین اگر ہمکو تمہاری حکم قدر توام کی طاعت مد نظر نہ ہتی اور خلاف رضا قضا اقتضا کی حرکت جایز ہوتی ہر اینہ آل عبا کی ساری اعدا کو قتل کرتی وہ مشرکین ہماری ضرب حرب سے زندہ نہ رہتے پیش ازاسکی جو وہ ستمگر آپکو آزار پہنچاتے اون سبکی نام ونشان دنیا سے فی النار ہوجاتی فقال لھم واللہ اقدر علیھم منکم ولکن لیھلک من ھلک عن بینۃ ویحیی من حی عن بینۃ سرور انام نے ارشاد کیا قسم خدا کی مین تمسے بہت زیادہ قدرت وطاقت رکہتا ہون اگر اشارہ سے انگشت سبحہ نما کے چاہون تو اون سبکو ایک لحظہ مین فنا کر دون ہر گاہ غضب کی آستین چڑہاؤن تو شہر وبلاد مشرکین کو اولٹ دون لاکن مجہے امتحان صبر دکہانا ہے اونکو تسلیت ورضای یزدان سے قدم نہین ہٹانا ہے ہلاک ہو جسنے نشان ہدایت سے آنکہہ بند کی زندہ جاوید رہا جسکو برہان سعادت کی تلاش رہی وکان دخل الحسین مکۃ وکان دخولہ ایاھا یوم الجمعۃ لثلاث مضین من شعبان وھو یقرء پس فوج جنی جان نے امام زمان سے مراجعت کی اجازت پائی اپنی مکان اور منزل مین جاکی اندیشہ مولا سے خاک اوڑائی روز جمعہ تیسری شعبان کو وہ قبلہ کعبہ وحرم

شہادت کی موجبات کو جمع پایا مکہ میں متواتر قاصد اور نامہ اہل کوفہ کا طلب کو آنا

خانۂ خدا میں داخل ہوئی اور اس آیت کو قرآن سی کلام الٰہی کی پڑھتی تھی وَلَمَّا تَوَجَّهَ تِلْقَاءَ مَدْيَنَ قَالَ عَسَىٰ رَبِّي أَنْ يَهْدِيَنِي سَوَاءَ السَّبِيلِ ثُمَّ لَزِمَهَا وَبَلَغَ أَهْلَ الْكُوفَةِ هَلَاكُ مُعَاوِيَةَ وَعَرَفُوا خَبَرَ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ

جب بیت الشرف میں چند روز اقامت فرمائی اور خبر وفات معاویہ و ہجرت حضرت امام حسین علیہ السلام مکہ میں اہل کوفہ نی پائی فَاجْتَمَعَتِ الشِّيعَةُ فَكَتَبُوا إِلَيْهِ ثُمَّ سَرَّحُوا بِالْكِتَابِ مَعَ عَبْدِ اللهِ بْنِ مِسْمَعٍ وَعَبْدِ اللهِ بْنِ وَالٍ ثُمَّ لَقُوا

مقدم سید الشہدا میں جمع ہو کی نامہ لکھا اور عبداللہ بن مسمع ہمدانی و عبداللہ ابن وال کی ہمراہ بھیجا فَخَرَجَا مُسْرِعَيْنِ حَتَّى قَدِمَا عَلَى الْحُسَيْنِ بِمَكَّةَ لِعَشْرٍ مَضَيْنَ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ وہ دونو قاصد کوفی شتابان چلی دسویں ماہ رمضان کو سرور انام کی پای بوس پر مشرف ہوئی ثُمَّ لَبِثُوا أَهْلُ الْكُوفَةِ يَوْمَيْنِ بَعْدَ تَسْرِيحِهِمْ بِالْكِتَابِ وَأَنْفَذُوا قَيْسَ بْنَ مُسْهِرٍ وَعَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَبْدِ اللهِ وَعُمَارَةَ بْنَ عَبْدِ اللهِ إِلَى الْحُسَيْنِ وَمَعَهُمْ نَحْوُ مِائَةٍ وَخَمْسِينَ صَحِيفَةً مِنَ الرَّجُلِ وَالِاثْنَيْنِ وَالْأَرْبَعَةِ نامہ بردن کی روانہ ہونیکے جب دو روز گذری غلبہ بیقراری سی اہل کوفہ نی پھر عرایض شوق لکھی امام حسین علیہ السلام کی خدمت میں ہمراہ قیس ابن مسہر و عبدالرحمٰن ارسال کیں کوئی تحریر ایک شخص واحد کی اور بعض میں دو دو تین تین چار چار مشاہیر قوم کی نام اسطرح کی ایکسو پچاس خط گذری تا آنکہ تحریریں ملاحظہ فرماکی رکھی وَهُوَ مَعَ ذَلِكَ يَتَأَنَّى وَلَا يُجِيبُهُمْ فَوَرَدَ عَلَيْهِ فِي يَوْمٍ وَاحِدٍ سِتُّمِائَةِ كِتَابٍ اور عالم اسرار لوح و قلم صحایف کو پڑھتی اور کسیکو جواب رقم نہیں کرتی کوفہ کی طرف سی نامہ

عليه السلام وهم الشيعة فاذا قيل الامامية ... الاقوال المتقدمة ثم امامة ابي الحسن موسى بن جعفر عليه السلام ... الائمة الى خروج ... جميع الاقوال ... الائمة وانصراف الامامة الى ... النص عليه من ابيه ... فانه ... عليهم السلام ... من الكلام ... على الكذب ...

ما رواه محمد بن يعقوب عن علي بن ابراهيم ... عن احمد بن مهران عن محمد بن علي عن معاذ بن كثير عن ابي عبد الله عليه السلام قال قلت له اسأل الله الذي رزق اباك منك هذه المنزلة ان يرزقك من عقبك قبل الممات مثلها فقال قد فعل الله ذلك قال قلت من هو ... فاشار الى العبد الصالح وهو راقد فقال هذا الراقد وهو غلام

٢٨٥

وبهذا الاسناد عن احمد بن مهران عن محمد بن علي عن موسى الصيقل عن المفضل بن عمر قال كنا عند ابي عبد الله عليه السلام فدخل ابو ابراهيم وهو غلام فقال استوص به وضع امره عند من تثق به من اصحابك وبهذا الاسناد عن محمد بن ... عن عبد الله بن العلاء عن الفيض بن المختار قال قلت لابي عبد الله عليه السلام خذ بيدي من النار من لنا بعدك فدخل علينا ابو ابراهيم وهو يومئذ غلام فقال هذا صاحبكم فتمسك به وبهذا الاسناد عن علي بن ابراهيم عن ابيه عن ابن ابي نجران عن صفوان الجمال عن ابي عبد الله عليه السلام قال قال له منصور بن حازم ... ان الانفس يغدى عليها ويراح فاذا كان

شہادت کے موجبات کو جمع پایا کہ ہیں متواتر چہ سے اور نامۂ اہل کوفہ کا طلب کو آنا

اور قاصد کا روز جوش ہوتا ایسا کہ چہ سو قطعہ ایکدن میں نظر سے پی ہم گذرتا و تواتر

اَلْکُتُبُ حَتّٰی اِجْتَمَعَ عِنْدَہٗ فِی نُوَبٍ مُتَفَرِّقَۃٍ اِثْنَا عَشَرَ اَلْفَ کِتَابٍ

انکی اوسیہی اسقدر نوشتہ ہای ارادت حضرت کو پہنچی کہ ایام مختلف میں بارہ ہزار لفافہ

جمع ہوگئی عَنِ الشَّعْبِی قَالَ بَایَعَ الْحُسَیْنَ عَلَیْہِ السَّلَامُ اَرْبَعُوْنَ اَلْفًا

مِنْ اَہْلِ الْکُوْفَۃِ عَلٰی اَنْ یُّحَارِبُوْا مَنْ حَارَبَ وَیُسَالِمُوْا مَنْ سَالَمَ

شعبی نی روایت کی ہی اہل کوفہ سی چالیس ہزار نامردونکی شاہ دین سی بیعت

ہوئی تاکہ امام حسین علیہ السلام جسکی ساتھ لڑین خواہ صلح کرین وہ لوگ حضرت کے

مطیع اور منقاد رہین فَعِنْدَ ذٰلِکَ رَدَّ جَوَابَ کُتُبِہِمْ یُمَنِّیْہِمْ بِالْقَبُوْلِ

وَیَعِدُہُمْ بِسُرْعَۃِ الْوُصُوْلِ اس ہنگام امتحان میں امام انام نی جواب

تحریر فرمایا اور انکو قبول تمنا اور مرادسی اپنا ممنون وبندہ بنایا و عدہ جلدی

ملاقات کا لکھا اور سفر کوفہ کا قصد مصمم ہوا خاص و عام کو یہہ کلام روشن اور ظاہر و باہر

مبرہن ہین کہ امام حسن اور امام حسین علیہما السلام کی ساری کام موافق تقدیر

ربّ ذو المنن ہین حسب امر خیر الوری و ربط حیرانی میں ارشاد و ہدایت طالب کرین

تو لازم ہی کہ محبت خدا مقام اعانت میں بذل جان و مال سی ثابت قدم رہین

جس ہنگام زمانہ میں اسباب جہاد آمادہ دیکھین تو رفع ظلم و فساد پر کمر سعی چست

باندہین لہذا واجب ہوا کہ امام حسین علیہ السلام طرف کوفہ جائین اور اوس راہ مین

جو مصائب گذرین اونکو رضا و رغبت سی اوٹہائین وہ امام مفترض الطاعت

خلیفہ ربّ العزت نائب حضرت رسالت ہین اونکی اقوال و افعال حجت اور نمونۂ

احکام شریعت موروثہ ہا ہیت ہین فطم ما ولقہ محبوب ذوالجلال کا پایا

فقال لی ابو عبد اللہ
علیہ السلام خذہ الیک
یا فضل و بہذا الاسناد
عن احمد بن ادریس عن
محمد بن عبد الجبار عن
صفوان عن ابن مسکان
عن سلیمان بن خالد قال
دعا ابو عبد اللہ علیہ
السلام ابا الحسن موسی
علیہ السلام ونحن عندہ

نوین مجلس انبیا اور اولیا کے ابتلای مصیبت اور مسلم بن عقیل کی شہادت

حسین ہی جانِ علی و حضرتِ زہرا حسین ہی + مجموعۂ صفاتِ حسن ذاتِ باکمال
صورت مین کُن فکان کی معنی حسین ہی + زینت فزای عرش برین فخرِ کائنات +
اصلِ جنان و کوثر و طوبیٰ حسین ہی + فرمان برون مین دو نو قضا و قدر مدام میکائیل و
جبرئیل کا مولا حسین ہی + ناظم کو خوفِ حشر نہین اعتقاد ہی + فضلِ خدا سی شافعِ فردا حسین ہی

نوین مجلس انبیا اور اولیا کے ابتلای مصیبت اور مسلم بن عقیل کی شہادت

رباعی دنیا دریا ہی اور ہوس طوفان ہی + مانند حباب ہستی انسان ہی + لنگر
جو ہی دل تو ہی نفس باد مراد + سینہ کشتی ہی ناخدا ایمان ہی + رباعی دلکو جب
مسلم بیکس کا خیال آتا ہی + صاحب درد کو افسوس کمال آتا ہی + سر تو نیزی پہ چڑھا
لاش پھری کوچون مین + ایلچی پر کہین ایسا بھی زوال آتا ہی + رباعی آنکھ ابر بہار سی
لڑی رہتی ہی + اشکون کی رواں نہر پہ پڑی رہتی ہی + اے حسین یہ مری دونو ہین ساون
بھادون + یہان ساری برس ایک جھڑی رہتی ہی + رباعی دل روز بروز ناتوان
ہوتا ہی + مضمون سبک دل پہ گران ہوتا ہی + ہر آن تقاضا ہی یہی فکر سخن + تن
شل قلم صرفِ فغان ہوتا ہی تمہید بکا بیان ابتلای انبیا در بلا
و فضائل سید الشہدا علیہ السلام سیرتِ معشوق غیرت و استغنا ہی
صفتِ عاشق محنت و وفا ہی + لہذا جو طالب محبت الٰہی پیدا ہوا ہمیشہ اندوہ
کربت نامتناہی مین مبتلا رہا + انبیای عظام فی شدت بلا کو سبیل امتحان مین موجب
قربت سمجھا اولیای کرام نی راہ رضای دوست مین اذیت کو راحت جانا

نوین مجلس انبیا اور اولیا کی ابتلای مصیبت اور مسلم بن عقیل کی شہادت

حضرت آدم نی جہان ہجر مین سرشک ندامت بہای + نوح نی عالم صبر مین سنگ
ملامت کہای ابراہیم آتش شوق مین جلنی پہ سرگرم رہی اسماعیل گلا کٹنی مین کارد
تسلیم سی جان پر کہیل گئی موسی نی صدمات قوم کو مرتبہ رفعت کا وسیلہ پایا
عیسی نی دار آفات سی قدم طاعت کو فلک پر اوٹہایا + ذکریا نی کشاکش ارہ فنا کو
واسطہ تقا سمجہا + یحیی نی برش خنجر جفا کو ذریعہ سربلندی دیکہا + ایوب کو رنج و آزار نی
شفای جاودانی سی ہمکنار کیا + جرجیس کو جوش الفت نی درد سوزش تنہای ربانی کا
اشتہار دیا + حضرت مصطفی نی مکاید جہل کفار کی شدائد سہی تاکہ مقام محمود ملا جناب
مرتضی پر جور مخالف یہان تک گذری کہ محاسن مین لہو کا خضاب ہوا فاطمہ زہرا نی
صعوبات ضرب پہلو اور غصب حق کی بار اوٹہای حسن مجتبی نی کام حیات مین زہر
مرارت کی جام ناگوار چڑہای سب مصائب کی جامع خامس آل عبا ہوئی ساری
ماسبق کی نوائب سید الشہدا پر گذری + اسواسطی کہ حدیث قدسی مین سنا ہی الہام
رب انام نی کہا ہی مَنْ طَلَبَنِیْ وَجَدَنِیْ وَمَنْ وَجَدَنِیْ عَشِقَنِیْ جسنی
مجہی ڈہونڈا اوسنی پایا + اور جسکو میرا جمال دکہائی دیا وہ عاشق ہوا وَمَنْ عَشِقَنِیْ عَشِقْتُہٗ
فَقَتَلْتُہٗ وَمَنْ قَتَلْتُہٗ فَعَلَیَّ دِیَتُہٗ جو ہمارا طالب بنا ہمنی اوسکو قتیل کر ڈالا اور
جسی مارا ہمنی اوسکی دیت کو اپنی اوپر لازم جانا + وَاَنَا دِیَتُہٗ اور مین خود اوسکی دیت
یعنی خونبہا ہونگا + پس امام حسین علیہ السلام جو اپنی خالق کی عاشق صادق تہی
روز الست بربکم سی راہ خدا مین جان دینی پر مشتاق تہی + بار مصیبت بی انتہا کو
رضا و رغبت مین اوٹہایا + دربار قرب وصال مین خطاب محبوب عزت کا پایا +
جا عن جابر بن عبد اللہ الانصاری قال خرج علینا رسول اللہ لما

نویں مجلس تذکرہ فضیلت اور خبر شہادت خمسہ نجبا اور ابتلائے بلا

بید الحسن و الحسین فقال ان ابنیّ هذین ربیتهما صغیرین
و دعوت لهما کبیرین کتاب مجالس المفید میں مسطور ہے اور جابر ابن عبد اللہ سے
یہ روایت مذکور ہے کہ ایک روز جناب رسالت مآب ہمارے سامنے برآمد ہوئے
اور ہاتھ پکڑے حسنین کا بولے یعنی انکی روز پیدایش سے پرورش کی ہے اور بڑی
دعا دونوں کے حق میں خدا سے مانگی ہے و سألت اللہ لهما ثلاثا فاعطانی
اثنتین و منعنی واحدة خدا سے تین چیزیں تو اسونکے لیے طلب کیں
اونمیں ایک سے منع فرمایا دو مجھے دیں سألت اللہ لهما ان یجعلهما طاهرین
مطهرین زکیین فاجابنی الی ذلک یعنی اونکے واسطے سوال کیا کہ گردانے
دونوں کو طاہر و مطہر و زکی پس قبول فرمایا اور اثر اجابت دکھایا کہ حسنین کو پاک
ستھرا بنایا و سألت اللہ ان یقیهما و ذریتهما و شیعتهما النار
فاعطانی ذلک پھر تمنا کی میں نے کہ چھڑا دے اونہیں اور ذریت و محبوں کو اونکے عذاب
نار سے پروردگار نے منظور کیا یہ مدعا اور درگذرانا پس القرانی و سألت
اللہ ان یجمع الامة علی محبتهما فقال یا محمد انی قضیت قضاء
و قدرت قدرا تیسرا مدعا اپنا مانگا میں نے خدا سے جو ساری امت کو انکی
محبت پر متفق کرے بندہ نوازی سے جواب دیا کہ اے حبیب میرے محمد قضا و قدر ہو چکی
جو ارادہ و مشیت میں صلاح تھی گذر گئی و ان طائفة من امتک ستفی
لک بذمتک فی الیهود و النصاری و المجوس و سیخفرون ذمتک
فی ولدک بہ تحقیق کہ ایک طائفہ اس امت شوم سے ہزار وعدے اپنے تیرے پیمان
کو زمرہ مجوس و یہود و نصاری سے زیادہ چھوڑدیگی تو بھی بیچ حرمت اولاد کی

الفصل الثالث

تیرا عہد و پیمان توڑینگی حمایتِ دینِ اسلام و نگہبانی ذریت سی منہ موڑینگی وَاَنِّی
اَوْجَبْتُ عَلٰی نَفْسِیْ لِمَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ اِلَّا اَحِلَّهٗ مَحَلَّ كَرَامَتِیْ وَلَا اُسْكِنَهٗ
جَنَّتِیْ وَلَا اَنْظُرُ اِلَیْهِ بِعَیْنِ رَحْمَتِیْ یَوْمَ الْقِیَامَةِ پس مینی اپنی اوپر واجب
لازم گردانا جو تمہاری اہلبیت کی ساتھ مرتکبِ تقصیر ہوا وسکو محلِ کرامت و جنت سی
دور کر دینا روزِ قیامت اوسپر نظرِ لطف و رحمت سی ندیکھنا + عذاب و نکال قرین
اون سبکو مبتلا رکھنا لی عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ
طَالِبٍ قَالَ بَیْنَا اَنَا وَفَاطِمَةُ وَالْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ
اِذِ الْتَفَتَ اِلَیْنَا وَبَكٰی کتاب امالی مین یہ روایت لکہی ہی کہ محمد ابن عبد الرحمان
اور اوسکی والدنی امیر المومنین سی حکایت کی ہی کہ ایکروز مین و فاطمہ و حسن و حسین حضرت
رسول مین حاضر تہی اور گلشنِ اختلاط سی باہم شگفتہ خاطر تہی ناگاہ رسالت پناہ نی
ہماری طرف دیکہا حسرت و بیتابی مین رو دیا فَقُلْتُ مَا یُبْكِیْكَ یَا رَسُوْلَ
اللّٰهِ مینی عرض کی ای خیر الوری کیا سبب ہی اسدم اشکباری کا فَقَالَ اَبْكِیْ
مِمَّا یُصْنَعُ بِكُمْ بَعْدِیْ تمہاری مصیبت سی مجہکو رقت آئی جو میری بعد ایذا اور حسرت
پہنچی کی فَقُلْتُ وَمَا ذَاكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مینی پوچہا ای نبی الوری وہ کیا ہی
جو آپکی خیال مین ہمارا حال گذرا ہی قَالَ اَبْكِیْ مِنْ ضَرْبَتِكَ عَلَی الْقَرْنِ وَلَطْمِ
فَاطِمَةَ خَدَّهَا وَطَعْنَةِ الْحَسَنِ فِی الْفَخِذِ وَالسَّمِّ الَّذِیْ یُسْقٰی وَقَتْلِ
الْحُسَیْنِ فرمایا زاری و نالہ کرتا ہون واسطی تمہاری فرق کی جو تلوار سی شگافتہ
ہوگا اور یاد مین ناچاری فاطمہ کی جب حق چین کی طمانچہ منہہ پر لگیگا + مصیبت حسن
اسپر کا لبت جانا و زخم خنجر ران مین لگانا زہر دغا کو پلانا لخت جگر بہانا زندگی

نوین مجلس تذکرہ مناجات سید الشہدا بر فراز حضرت خدیجہ کبری بروایت انس ابن مالک

تا کام مونکا پانا+ پھر جنازہ پر ستم ڈھانا+ سب سی زیادہ واقعہ شہادت حسین کا سامنی آنا+ پیاسی گلی پر تیغ ابدار کا پھرانا دشت غربت مین برادر و فرزندکی ہمراہ لہو بہانا عترت کا بار ظلم و جفا اوٹھانا+ قَالَ فَبَکَی اَهْلُ الْبَیْتِ جَمِیْعًا اس بیان کی غم و الم سی اہلبیت مین رقت و بکا برپا ہوئی سب نی رسم عزا و ماتم دل سی ادا کی فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا خَلَقَنَا رَبُّنَا اِلَّا لِلْبَلَاءِ امیر المومنین ارشاد کرتی ہین کہ مین بولا ای خاتم انبیا+ حبیب خدا ہمکو اللہ نی نہین پیدا کیا مگر واسطی تحمل بلا کی بنایا قَالَ اَبْشِرْ یَا عَلِیُّ فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَدْ عَهِدَ اِلَیَّ اَنَّهُ لَا یُحِبُّكَ اِلَّا مُؤْمِنٌ وَلَا یُبْغِضُكَ اِلَّا مُنَافِقٌ جواب دیا بشارت ہو تمکو یا علی کہ پروردگار نی میری ساتھ عہد کیا ہی جو مومن ہی تمکو دوست رکھیگا اور نہین دشمنی کریگا الا وہ منافق ہوتا ہی عین اَنَّهُ عَلَیْهِ السَّلَامُ سَارَ مَعَ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فَاَتٰی قَبْرَ خَدِیْجَةَ فَبَکٰی کتاب عیون المجالس مین روایت کی جو صحابہ نقل کرتی ہین کہ ایکروز امام حسین علیہ السلام اور انس ابن مالک باہم راہ سی گذرتی تہی ناگاہ قبر خدیجہ خاتون پر وارد ہوئی وہان متوقف ہوئی اور بیان ایسا رویٔ لگی ثُمَّ قَالَ اِذْهَبْ عَنِّیْ قَالَ اَنَسٌ فَاسْتَخْفَیْتُ عَنْهُ انس کہتا ہی اوس جناب نی مجھی فرمایا+ یہان سی علاحدہ میری نزدیک سی دور ہو جا+ مین اوسی فاصلہ پر گیا+ ایک گوشہ مین چھپ رہا فَلَمَّا طَالَ وُقُوْفُهٗ فِی الصَّلٰوةِ سَمِعْتُهٗ قَائِلًا وہ جناب نی عبادت مین نیت قیام و قعود کی+ جبکہ اونکی نماز مین بہت دیر لگی مینی آواز مناجات کو اوس رفیع درجات کی سنا کہ بارگاہ قاضی الحاجات مین خطاب کرتا تہا یَا رَبِّ یَا رَبِّ اَنْتَ مَوْلَاهُ فَارْحَمْ عُبَیْدَكَ اِلَیْكَ مَلْجَاهَا

شأن تحتاج إليهما معه
فأراد أن علي بن يقطين
ردّها عليه ولم يلبسه
ما سبب ذلك فاحفظ
بالدراعة فلما كان بعد
أيام تغير ابن يقطين على
غلام له كان يخص بقصره
عن خدمته فسعى به
الى الرشيد وقال انه يقول

بحمل اليه خمس ماله في كل سنة وقد حمل
اليه الدراعة التي اكرمه بها امير المؤمنين
في وقت كذا وكذا فاستشاط الرشيد غضبا
وقال لاكشفن عن هذه الحال وامر باحضار
علي بن يقطين فلما مثل بين يديه قال ما
فعلت تلك الدراعة التي كسوتك بها قال
هي يا امير المؤمنين عندي في سفط مختوم
فيه طيب وقد احتفظت بها وكلما اصبحت
فتحت السفط ونظرت اليها تبركا بها وقبلتها
واردها الى موضعها وكلما امسيت
صنعت مثل ذلك فقال احضرها الساعة
قال نعم يا امير المؤمنين واستدعى بعض خدمه فقال

۲۹۲

زین مجالس نذکرہ مناجات سید الشہداء روایت انس ابن مالک جو فرزند جگر کبریٰ پڑھا کیا

ای پروردگار تو سبکا حامی اور مددگار ہی رحم فرما اوس بندی پر جو تیری فضل کا امیدوار
ہی یَا ذَا الْمَعَالِی عَلَیْکَ مُعْتَمَدِیْ × طُوْبٰی لِمَنْ کُنْتَ اَنْتَ مَوْلَاہُ ای صاحب
عظمت اور بزرگواری اعتماد میرا تجھ پر ہی سایۂ طوبیٰ کی راحت واسطی اوسکی
جسکا تو سرور مولا ہی طُوْبٰی لِمَنْ کَانَ خَادِمًا اَرِقًا × یَشْکُوْ اِلٰی ذِی الْجَلَالِ
بَلْوَاہُ خوشا حال اوس عبد کا جو ملازم و خادم ہو تیری کرم کا اور خدا کہی اپنی
حاجت کو شکوہ بلا و زحمت مین تجھسی مانگتا اور کہتا رہی وَمَا بِہٖ عِلَّۃٌ وَّلَا سُقْمٌ
اَکْثَرُ مِنْ حُبِّہٖ لِمَوْلَاہُ اوسکی دلمین کوئی اندوہ و آزار نہین ہی زیادہ غلبۂ شوق
محبت سی جو اپنی مولا کی ساتھ رکھتا ہی اِذَا اشْتَکٰی بَثَّہٗ وَغُصَّتَہٗ اَجَابَہٗ
اللّٰہُ ثُمَّ لَبَّاہُ جب شکایت کری رنج و الم کی خدا قبول توجہ کریگا ساری مطلب اور
مراد کو برلائی ندای لبیک دیگا اِذَا ابْتُلِیَ بِالظَّلَامِ مُبْتَہِلًا × اَکْرَمَہُ اللّٰہُ
ثُمَّ اَدْنَاہُ جو ابتلای ظلم سی زار و نالان ہو دعا کو اکرام سی اجابت کو پہنچای کہ شاد
ہو فَنُوْدِیَ عَلَیْہِ السَّلَامُ بیہ جواب مین اوس جناب کی منادی غیب سی
آواز آئی اور ادسی یہ عبارت دلنواز پکار کی سنائی لَبَّیْکَ عَبْدِیْ وَاَنْتَ
فِیْ کَنَفِیْ × وَکُلَّمَا قُلْتَ قَدْ عَلِمْنَاہُ لبیک ای خاص بندی تو نی میری
پناہ و حمایت مین شرافتین پائین اور جو راز و نیاز کی باتین کہین وہ ہمنی معلوم
فرمائین صَوْتُکَ تَشْتَاقُہٗ مَلَائِکَتِیْ × فَحَسْبُکَ الصَّوْتُ قَدْ سَمِعْنَاہُ
ملائکہ سماوات میری مشتاق تیری صدای جان فزا کی ہین بس کافی ہی یہ تجکو کہ ہم
اس آواز کی شنوا ہین دُعَاکَ عِنْدِیْ یَجُوْلُ فِیْ حُجُبٍ × فَحَسْبُکَ
السِّتْرُ قَدْ سَفَرْنَاہُ تیری دعا حجاب جلال اور قرب وصال مین ہماری پھرتی ہی

امض الى البيت الفلاني من داري وخذ مفتاحه وافتحه
الصندوق الفلاني فجئني بالسفط الذي فيه
بختمه فلم يلبث الغلام ان جاء بالسفط مختوما
فوضع بين يدي الرشيد فامر بكسر ختمه وفتحه
فلما فتح نظر الى الدراعة فيه بحالها مطوية
مدفونة في الطيب فسكن الرشيد من غضبه
وقال لعلي بن يقطين ارددها الى مكانها وانصرف
راشدا فلن اصدق عليك بعدها ساعيا
وامر ان يتبع بجائزة سنية وامر بضرب
الساعي الف سوط فضرب نحوا من خمس مائة سوط
فمات في ذلك وروى محمد بن
اسماعيل عن محمد بن الفضل قال
اختلفت الرواية بين اصحابنا
في مسح الرجلين في الوضوء اهو
من الاصابع الى الكعبين ام من
الكعبين الى الاصابع فكتب علي
بن يقطين الى ابي الحسن موسى
اوريه

توپن تجلی نگرہ در کعبہ پہ جبرئیل کا دست سید الشہدا کو پکڑنا واسطے بیعت خدا کی خلق سے کہنا

اور یہ بزرگی بس ہی کہ پردہ دوری اوٹھہ گیا توجہ خاص رہتی ہی کو هَبَّتِ
الرِّیحُ مِنْ جَوَانِبِهٖ خَرَّ صَرِیعًا لَمَّا تَغَشَّاهُ اگر نسیم لطف اوسکی اطراف سی
حرکت مین آئی ہر آینہ وہ ظہور تجلی دیکہہ کی سجدی مین جہک جائی ستخ عَنْ اِبْنِ
عَبَّاسٍ قَالَ رَاَیْتُ الْحُسَیْنَ عَلَیْهِ السَّلَامُ قَبْلَ اَنْ یَتَوَجَّهَ اِلَی الْعِرَاقِ
عَلٰی بَابِ الْکَعْبَةِ وَکَفُّ جَبْرَئِیْلَ فِیْ کَفِّهٖ کتاب تخریج مین ابن عباس
رضی اللہ عنہ سی روایت کی ہی کہ سفر عراق سی پہلی ایکروز امام حسین علیہ السلام کی
زیارت کی ہی در خانہ کعبہ پردہ سرور کہڑی تہی اور جبرئیل بصورت مرد نورانی اونکی
برابر متوقف ہوکی اپنی ید اللہ کا ہاتہہ پکڑی تہی وَجَبْرَئِیْلُ یُنَادِیْ هَلُمُّوْا
اِلٰی بَیْعَةِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ جبرئیل وہ دست حق پرست کو اوٹھا کی ندا کرتی تہی
اور سرگشتگان مقام غفلت کو فضایل کبری جتاتی تہی ای گروہ خلایق اس کف
سعادت وشرف کو پہچانو اور بیعۂ فرزند مشکلکشا پر آکی خالق ارض وسما کی بیعت
کرو یہ بیعت اور نشانہ لطف خدا ہی یہ تیہہ ضلالت سی منزل نجات کا راہ نما ہی
یہ وارث کرامات انبیا و اولیا ہی یہ صاحب معجزہ ید بیضا ہی یہ امت مرحومہ کا
امام اور پیشوا ہی یہ نقیب نقبای آل عبا ہی پس ای مومنین حاضرین سنا تھی گوش
صدق و یقین سی فضایل کو قرب و منزلت رب العالمین سی امام المتقین کی ہائی
افسوس کہ اس امت بی شرم و حیا نی محبوب حق تعالی پر بی انتہا ظلم و جفا کئے
خانہ خدا سی مہمان بلا کی بہوک پیاس مین تلوارونکی زخم کہائی کو دئی ہمسر اونکی خطا
وعدہ یاری اور غمخواری کی لکہی صدہا قاصد واسطی طلب ہدایت کی اور برگزیدہ
باری کو بہیجی اونکی قبول کو دیار غربت مین ذلیل و خوار کیا تا سبب قتل کا [illegible]

نویں مجلس شہادت مسلم بن عقیل رحمۃ اللہ علیہ

سر کاٹ لیا جنازی کو لہو بہتا کوچہ و بازار میں پھرایا + دفن و کفن کی عوض دروازہ
قصر میں لٹکایا + فاتحہ و قران پڑہنی کی جا دُہل و نقارہ شادی کا بجایا + غم و ماتم کی
مقام پہ فرشِ انبساطِ یزید کو بچھایا + نظم للمولفہ اولادِ مصطفی پہ یہ رنج و محن دریغ
آلِ زیاد کامروا خندہ زن دریغ + محبوبِ کبریا و دل و جانِ بوتراب + وشتِ بلا میں
ذبح ہوئی تشنہ دہن دریغ + اطفالِ اہلِ شام تو سوتیں پہ ہند ناز + در بدر میں یتیم حسین و حسن
دریغ + بی چادر و نقاب خواتینِ اہلبیت + بیدفن و بی کفن شہ گلپیرہن دریغ
ناظم عجب مذاق ہی تیری کلام میں + اس طرز کو نہ مانی جو اہلِ سخن دریغ

شہادت مسلم ابن عقیل علیہ الرحمہ منقول مقتل ابو مخنف

رسولانِ کشورِ بلا و محنت + و پیغمبرانِ شہرِ بکا و رقت + مسافرانِ دیارِ حسرت و
پریشانی + و صاحبانِ بادیۂ غربت و سرگردانی + قاصدانِ حاملِ تسلیم و رضا و شہروارانِ
منازلِ امتحانِ قضا پیام زاری و ابتہال کو واقعۂ شہادتِ مسلم ابن عقیل سے مجمع
احباب میں یوں پہنچاتی ہیں کہ جب بیوفایانِ کوفی رفاقتِ مسلم سے کنارہ کیا
اور خوفِ ابنِ زیاد سے مہمانِ غریب کو تنِ تنہا چھوڑ دیا + ثم ان مسلم ابن
عقیل خرج حتی اتی الی دار امراۃ یقال لہا طوعۃ من اہل الکوفۃ
مقتل ابو مخنف میں لکہا ہی کہ وہ بی وطن مسجد جامع سے نمازِ مغرب پڑہ کر جو کہڑی
ہوئی تو دیکہا کہ سب بیعت کرنیوالی اپنی گہر و سنکو بہاگ گئی اور عہد و پیمانِ وفا
ثابت قدم نہ ہوئی + ناچار حیران و پریشان دروازہ سے نکلی + بازار و کوچہ وار العدا ان
نا واقف تہی + ایک خدا پرست تہا کہ راہِ عافیت اونکو بتائی کہیں آشنا دو

نوین مجلس شہادت مسلم بن عقیل علیہ الرحمۃ

جو منزل نجات و رفاہ تک پہنچاتی اندھیری رات کو شب و فراز مین ہوکر
پہا کی کرتی اطراف محلات مین کوفہ کی بی یار و مددگار پھرتی شہر سی نکلنی کی واسطے
سنہ اوٹہای بی سر و سامان جاتی تہی کوئی مکان ایک شب کی توقف کو بہی
نہین باقی تہی بحسرت دہنی بائین دیکہہ کی گہبراتی تہی بہوک پیاس مین نیا ہوکی
غم سہاتی کبہی گوشہ خلوت مین کہڑی ہوکی مناجات کرتی طرف مکہ امام حسین علیہ
السلام کی تصور مین آ سر دہرتی ناگاہ اثنای راہ مین ایک ضعیفہ کی گہر پرکہ
اوسی طوعہ کہتی تہی آئی اوس عورتکو دروازی مین کہڑا دیکہہ کی یہ سخن لب پر لائی
فَقَالَ یَا هٰذِهِ اَضْیِفِیْنِیْ فِیْ هٰذِهِ اللَّیْلَةِ کہا ای نیک زن ہو سکتا
کہ تو قدم ہمت اکی دہری اور اجکی رات مجہی پردیسی مسافر جان کی اپنا مہمان کری
فَاِنْ اَنَا عِشْتُ کَافَیْتُکِ وَاِنْ مُتُّ وَقَعَ اَجْرُکِ عَلَی اللّٰهِ ہرگاہ
میری زندگی باقی رہی تو عوض مین سلوک اچہا کرونگا اور اگر مارا گیا تو خدا
اسکا اجر دیگا کہوںگا قَالَ فَاَخْلَتِ الْمَرْاَۃُ لَهٗ مَخْدَعًا وَاَدْخَلَتْهُ فِیْهِ
راوی کہتا ہی کہ اوس مومنہ نی خوش ہوکی جلدی سی اپنی مکان مین ایک حجرہ
خالی کیا اور مسلم کو وہان لیجاکی بہت عزت سی بٹہا دیا وَجَعَلَتْ تُکْثِرُ
التَّرَدُّدَ اِلَیْهِ وَکَسَاَلَهٗ عَنْ حَالِهٖ مسلم کو کنج سعادت جان کی گوشہ حجرہ مین
مخفی رکہا آب و طعام جو میسر تہا وہ لاکی روبرو رکہا اور خدمت جو کہا کرتی
و تسلی دلداری کی وہان آتی جاتی سوال نام و نسب مین زور کی شرماتی
جبکہ طوعہ مین اخلاص و محبت کا نشان ملا مسلم نی زبان حال سی اپنا واقعہ سب
بیان کیا ہم اہلبیت پیغمبر کی اقربا ہین درد و مصیبت مین مبتلا ہین اہل کوفہ نے

نوین مجلس شہادت مسلم بن عقیل علیہ الرحمۃ

اٹھارہ ہزار نامہ اور صدہا قاصد بھیجکر بلایا امامت اور ہدایت کا لایق جان کی وعدہ نصرت سنایا مجھی امام حسین علیہ السلام نی نامہ برونکی ہمراہ بھیجا اپنی وکالت کی منصب سی افتخار دیا تھی اس شہر مین خط فرزند رسول خداکو لاکی پڑہا چہبیس ہزار خلایق کا بیعت مین دست طاعت آگی بڑہا اب خوف ابن زیاد سی سارا زمانہ پھر گیا ہمکو ذلیل و خوار دشمنون کی ہاتھہ مین گرفتار چھوڑ دیا غریب بیابان در بدر پھرتا ہون کوئی دوست کا گہر اور وطن جانی کا طریق نظر مین نہین کہتا ہو اہل و عیال سی بحسرت دوری ہی امام حسین علیہ السلام کی مہجوری مین نا صبوری ہی نرغہ جفای اعدا سی شیشہ دل چور ہی صدمات مصیبت مین تن بیمار رنجور ہی روضہ نبی اور شہر مدینہ بہت یاد آتا ہی اپنی فرزندونکا غم فرقت دن رات رلاتا تنہائی مین بیکسی اور حسرت ساتھہ پھرتی ہی گران جانی مین موت سر پر ہاتھہ دہرتی ہی اگر زندگی باقی ہی تو دیکھون تقدیر کہان لیجائیگی ہرگاہ مارا جاؤن حسین علیہ السلام کی آرزو مین قبر بھی خوش نہ آئیگی یہ ماجرا اسکی طوعہ سنتی تھی مسلم کی جان پر خایف ہوتی تھی وَكَانَ لَهَا وَلَدٌ صَغِيرٌ لَا بَارَكَ اللّٰهُ فِيهِ راوی کہتا ہی اوس پیرزال کا چھوٹا بیٹا تہا وہ آیا ناگاہ گہر مین داخل ہوکر اوسنی ماں کو تشویش مین مبتلا پایا فَقَالَ لَهَا يَا أُمَّاهُ مَالِي أَرَاكِ تُكْثِرِينَ التَّرَدُّدَ إِلَى هٰذَا الْمَخْدَعِ ماں سی اپنی پوچھا کیا سبب ہی کہ آجکی رات اس حجری مین بہت آمد و رفت کرتی ہو کونسی تشویش ہی کہ جسکی تردد مین آہ سرد بھرتی ہو فَقَالَتْ لَهُ يَا بُنَيَّ اكْتُمْ عَلَيَّ فَإِنَّ ضَيْفَنَا اللَّيْلَةَ رَجُلٌ مِنْ آلِ بَيْتِ مُحَمَّدٍ جرایا ای فرزند اس راز کو پوشیدہ رکھنا اور دشمنون سی دین کی ہرگز نہ کہنا ہمارے گہرمین

نویں مجلس شہادت مسلم بن عقیل رحمۃ اللہ علیہ من رب جلیل

پیغمبر کی اہلبیت سے ایک مہمان آیا ہے وہ محنت کشیدہ خوف اعدا سے یہاں پناہ
لایا ہے فَلَمَّا قَالَتْ لَهُ ذٰلِكَ فَادَ الْكَلَامُ فِي صَدْرِهِ وَكَانَ اَبُوْهُ سَاعِيًا
لِعُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ زِيَادٍ جب اوس نابکار نے یہ کلام اپنی ماں کا سنا بغض و کینۂ آل
محمد سے دل نے سینہ میں تا و پیچ کھایا اوس طفل کا باپ شوہر طوعہ کہ کہا ہے کہ ابن
زیاد کا مصاحب مقرب تہا فَمَضٰى اِلٰى عِنْدَ اَبِيْهِ اُسَيْدِ الْحَضْرَمِيِّ فَقَالَ
لَهُ يَا اَبَتِ اِنَّ ضَيْفَنَا اللَّيْلَةَ رَجُلٌ مِنْ اَهْلِ بَيْتٍ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ وہ ماں کا
آنکھ بچا کے پدر کے پاس دوڑ گیا آہستہ سے اوس نے جیب کے کان میں کہا
ای بابا ہمارے گہر میں اقربائے پیغمبر سے ایک مرد مہمان ہے میری ماں کی محبت سے گہر
مجری میں پنہاں ہے فَسَمِعَهُ الْمَلْعُوْنُ عُبَيْدُ اللّٰهِ فَقَالَ لَهُ مَا يَقُوْلُ هٰذَا
الصَّبِيُّ ناگاہ اوس شریر کی تقریر کو ابن زیاد نے سنا اپنی مصاحب سے پکار کے
پوچھا ای اسید یہ لڑکا کیا کہتا ہے اور کہاں کی خبر دیتا ہے فَقَالَ اَبُوْهُ يَقُوْلُ
اِنَّ مُسْلِمَ بْنَ عَقِيْلٍ ضَيْفٌ عِنْدَ اَهْلِيْ اوس نے جواب دیا ای امیر یہ فرزند مژدہ
نیک لایا ہے کہ مسلم ابن عقیل ہماری مکان میں مہمان ہوا ہے فَفَرِحَ بِذٰلِكَ وَ
اَدْعٰى مُحَمَّدَ بْنَ اَشْعَثَ الْكِنْدِيَّ یہ خبر سن کے وہ ظالم مسرور کرنے لگا اور محمد ابن
اشعث کندی کو بلایا وَضَمَّ اِلَيْهِ خَمْسِمِائَةِ فَارِسٍ وَقَالَ امْضِ فَأْتِنِيْ بِهِ
پانچ سو سوار اوسکے ساتھ کیے اور کہا جلدی جا طوعہ کے مکان سے مسلم کو میرے پاس پکڑ لا
فَمَضٰى اِلٰى مَنْزِلِ الْمَرْاَةِ يَعْتَسِبُ الْمَرْاَةَ يَتْلُوْ وَمَعَهُ ابْنُ اَشْعَثَ
رسالہ سواروں کا لیکے دوڑ گیا اوس بیوہ زن کا حجرہ ہر طرف سے گہیر لیا طوعہ کے
جو صدمہ کہ ہونے کی اوس کے مکان میں پہنچی پریشان و مضطر اوس کی کہڑی ہوئی

زین مجلس شہادت مسلم بن عقیل علیہ رحمۃ من اللہ الجلیل

جاتا کہ لشکر واسطی گرفتاری مسلم کی آتا ہی سید عزیز مظلوم و بی گناہ اونکی جو روستم مارا جاتا ہی فقصدت الی درع کان لزوجها فلبستها وتقلدت بسیفها وخرجت الی لقاء القوم وہ مومنہ جان نثاری کی ارادہ پر دوڑی اپنی شوہر کی زرہ بدن مین پہنی اوسکی تلوار گلی مین حمایل ڈالی جہانکی حمایت مین گہر سی باہر نکلی لڑنیکو اوس لشکر سی مقابل ہوئی فصاح بها مسلم بن عقیل ارجعی ایتها الامرأۃ الی منزلک مسلم نی جب یہ ماجرا دیکھا عورت مومنہ پکارکی کہا ای زن جوانمرد اس ارادہ سی ہاتھ اوٹہا تحمل کرکی مکان کو اپنی پہر جا فان اللہ تبارک وتعالی قد رفع الجهاد عن النساء خدای تعالی نی جہاد کو عورات سی معاف کیا ہی مرحبا کہ تو نی ہم غریب رسول کا ساتھ دیا ہی فرجعت وهی تقول واخیبتاہ وہ نیک سیرت نی لابد مراجعت کی بہت حسرت وافسوس کرتی تہی فقال لها مسلم لا خیبتی علیک تقبل سعیک وعملک مسلم نی فرمایا تیری واسطی کوئی ندامت وناامیدی نہیں اللہ قبول کری جو تو نی ہماری طرفداریان کین بل اتیتنی بماء فاتته بماء فاغتسل به ولبس ثیابه ووضع علیه درعه وتقلد بسیفه ای تہوڑا پانی مجہی نہانی کو لادی جب کہ اوسنی فرمایش مہمان آمادہ کی مسلم نی بدن مبارک اپنا دہویا اور سپر لباس کو بصورت کفن پہنا زرہ کو زیب بیکر شہادت کیا تلوار کو گردن مین لٹکایا ورکب فرسه وخرج الی لقاء القوم فقال لهم یا ویلکم وما الذی تریدون منی باتوکل خدا گہوڑی پر سوار باہر نکلی اوس فوج شقاوت موج سی مقابل ہوئی بولی ای گمراہو وای اوپر تمہاری کیا چاہتی ہو

نویں مجلس شہادت مسلم بن عقیل علیہ رحمۃ من اللہ الجلیل

کیونکہ میری طرف ہجوم لاتی ہو۔ اس روایت میں یہ عبارت خارج از پایۂ اعتبار ہی
کہ مسلم کا نہا گہوڑی پر چڑہنا دونو منافی اختیار ہی فقالوا یا مسلم استأمن
الینا بخبر الامیر بخیر لک فصفح عن ذلک اون اشقیائی کہا ای مسلم
بامید نیکی امیر سی آنکر ملو ابن زیاد کی خدمت میں ہماری ساتھ چلو تمہاری
گناہونکو بخشدیگا کچھ خطای گذشتہ کا مواخذہ نکریگا فقال لهم یا ویلکم
أیعطی رجل من اهلبیت محمد انقیادا من نفسه والله لایکون
ذلک ابدا مسلم نی فرمایا عذاب الہی نازل ہو اوپر تمہاری کوئی آدمی اہلبیت
پیغمبر سی دشمن کی ہاتہہ میں اپنی جان کو نہیں دیتا اور کبھی ذلت کا قبول کرنا
نہوگا ثم حمل علی القوم وحملوا علیه باجمعهم بعد ازان وہ دلاور لشکر
ستمکر پر حملہ آور ہوئی اور سب اشقیا بہی ایکبارہ اوس خستہ جگر پر ٹوٹ پڑی
فما ترحل النهار حتی قتل منهم مائتین وخمسون فارس مسلم نی سینہ
سپر ہو کی شجاعت اور بہادری کا ہنر دکہایا یہانتک کہ تہوڑا دن چڑہا تہا
جو دوسو پچاس سوار وںکو مارا باقی کو بہگایا فبلغ ذلک الی عبید الله بن
زیاد فنفذ الی محمد بن الاشعث یعاتبه وهو یقول یا ویلک
انفذناک الی رجل واحد تاتینا به یہ ماجرا جو کہ عبید اللہ ابن زیاد نی
سنا محمد ابن اشعث کو پیام عتاب وسرزنش دیا ای مردود تجہی ایسا جسیم
ایک آدمی کی پکڑنیکو سونپا ہی اور تو نی اتنا عرصہ کیا اور کچہ کام نہیں بنایا
فانثلم من عسکرک هذه الثلمة العظیمة اس لشکر میں تدارک فساد میں رخنہ
بندی کر جو ہو سکی جلد ہی دام تدبیر اور فریب کی دہر فبعث الیه الکتائب

نویں مجلس شہادت مسلم بن عقیل رحمۃ علیہ من رب جلیل

یقول اتظن انک انفذتنی الی حرامقۃ الجزیرۃ او الی یہودی پسر اشعث نی جواب دیا ای امیر تو گمان کرتا ہی کہ جولاہان جزیرہ خواہ یہودیان بی حقیقت کی پکڑنیکو بھیجا ہی بل قد انفذتنی الی اسد ضرغام و لیث ہمام من ال بیت محمد بلکہ مجھی اوسکی ہم قتال پر مامور کیا ہی جو شیر بیشۂ جلادت اور دلیر خاندان رسالت سی یکتا ہی فبعث الیہ یقول اعطیہ الامان اوس ستمگار نی تعلیم کی تمکو چاہیی کہ مسلم کو امان دو اور اس تدبیر سی قابو مین لاکی پکڑ لو فقال مسلم وای امان لکم یا غدرۃ الفجرۃ مطابق کہنی ابن زیاد کی وہ اشقیا چلای کہ ای مسلم تمکو امیر نی پناہ دی ہی وہ مظلوم نی فرمایا تمہاری قول کا ہرگز اعتبار اور امان پر بہروسا نہین ثم انہ حمل فیہم وانشاء یقول پھر اوس بہادر نی اونپر حملہ کیا اور یہ اشعار کہہ رہی تہا اقسمت لا اقتل الا حرا وان رأیت الموت شیئا مرا قسم کہا رہا ہون سر گرم قتال رہونگا تمکو اپنی تلوار سی مار ونگا تاکہ موت کو پاونگا مانند تیغ اوسکو سہونگا + اخاف ان اخدع او اغر فاقتلکم ولا اخاف الفرا تمہاری فریب اور غدر کو اندیشہ کرتا ہون سبب کہ قتل کرونگا ہمت اور بلا نہین ہٹتا ہون + قال ولم یزل یقتل فارسا و راجلا حتی قتل منہم الثلاثۃ ماءۃ رجل وہ صفدر لڑتا رہا تاکہ بہت اشقیا ماری اور تین سی پیادہ اور سوار تلوار کی گہاٹ اوتاری ثم انہم او ثقوہ جراحا و اثخنوہ ایسا ہر طرفسی غریب مظلوم پر دشمنونکا ہجوم ہوا کثرت زخم سی اوسکا بدن چہید کر کسیینی سینۂ حضرت دفعۃً پر تیر مارا کسیینی بھالا عداوت سی پہلو مین لگایا +

نوین مجلس شہادت مسلم بن عقیل علیہ رحمۃ من اللہ الجلیل

بعضون نی دور سی جسیم پاش پاش کو سنگ باران کیا کسینی تودۂ خاک اوٹہا کر سر پر
پہینکا ناریون نی بوریا مین آگ لگا کی اوس جگر سوختہ پر ڈالی ایک مردود نی کمین سی
دوڑ کی برچہی ماری اوسکی صدمہ سی مسلم خاک پر گرا اشقیای کوفہ نی چار سمت سی گہیر کی
پکڑ لیا بازوی مجروح کو رسن بیدادسی کسکی باندہا لہو بہتا جانب دار الامارہ کہینچا وکیل
بہ سایق وکان فظا غلیظا جو موکل سنگدل او سپر مقرر ہوا بہت بی رحم تند خو او
دشمن تہا فمر بدار فیہا کیزان ماء افنان وخیزان سید مظلوم کو لیچلی ناگاہ اوس
مکان سی گذری کہ دروازی پر کوزہ ہای آب سرد رکہی تہی فقال لسایقہ اسقنی
شربۃ من الماء پیاس کی شدت مین مسلم کی جان پر بنی زبان خشک تالو سی چمٹی تہی
حال تباہ مین اپنی نگہبان سی کہا اسدم تہوڑا پانی مجہی پلا فان عشت کافیتک
وان مت وقع اجرک علی اللہ رب محمد علیہ السلام اگر اس بلا سی چہوٹ کی
جیتا رہونگا تو عوض مین تیری ساتہہ نیکی کرونگا اور اگر جور وجفا سی مارا جاونگا تو رب
محمد مصطفی پر اسکا اجر دینا لاگو ہوگا فقال لہ ہیہات ان تذوق الماء او تذوق
الموت غصۃ وجرعۃ اوس ظالم نی جواب دیا ہرگز تجہی پانی نہین ملیگا بلکہ شربت ناگوار
موت کو تو چکی جان دیگا قال فالح علیہم فی طلب الماء فاتوہ بقدح فیہ
ماء راوی کہتا ہی دوبارہ اوس غریب نی منت وزاری سی پیاس کا شکوہ کیا ایک سنگدل
ایک خدا پرست نی پیالہ بہر کی لا دیا وکانت قد اصابت شفتہ العلیا ضربۃ
فلما وضع القدح علی فمہ سقطت ثنایاہ فی القدح ضربت سی مسلم کا
لب بالا کٹا تہا جب پانی پینی کو قدح منہ سی لگایا سب دانت اوسمین گر پڑی اب
جو بہی پی نہ سکی فصار الماء دما عبیطا وہ برتن زخم دہن کی لہو سی بہر گیا

نوین مجلس شہادت مسلم بن عقیل علیہ رحمۃ اللہ الجلیل

خون تازہ کی سرخ ہوا فامتنع من شربہ وسالھم غیرہ فمنعوہ من ذلک
اوس تشنہ لب کو سیراب ہونیسی محروم رکہا ہرگاہ وہ سراپا پیالہ مانگتا اور کسی رحم دل نی
بھر کی دیا تو اون کافرون نی منع کیا گویا مقدر یون ہوا تہا کہ سید الشہدا کی اقربا و انصار
دنیا سی پیاسی جائین ساقی کوثر کی ہاتہہ سی جنت مین زلال رحمت پائین دہبت شبیہ گذراہی
یہ واقعہ مسلم غریب کا ساتہہ ماجرای سلطان کربلا کی جسدم وہ جناب تن تنہا نرغہ اعدا مین
باقی رہی کثرت عطش مین لشکر بیحیا سی طالب ایک جام آب کی ہوی وہ اشقیا نی رکہا
جواب صاف دیا فرزند رسول کو پانی سی محروم رکہا جناب نی بالب خشک اوس شیر
نہر کی طرف گہوڑا اوٹہایا چلو مین پانی اوٹہا کی پینی کا ارادہ تہا ناگاہ کمین بلا سی ستم سنگ
دغا یا تیر جفا ایسا لگا کہ لب و دہان مجروح اور پاش پاش ہوا دندان گوہر فشان کی تکی خون
فواری بہنی لگی لہو بھری پانی کو ہاتہہ سی پہینک دیا پیاس مین آب خنجر سی گلا تر کیا
وادخل علی عبید اللہ بن زیاد فقالوا اسلم علی الامیر راوی کہتا ہی مسلم کو
کشان کشان ابن زیاد کی روبرو لائی واسطی اداب سلام کی نقیب پکارتی آئی فقال
ما ینبغی السلام علیہ مسلم نی فرمایا کہ اس دشمن خدا کو رسول کی عترت کی کینہ ہی
ہمارا سلام کرنا ایسی ظالم کو بیجا ہی اور بیقرینہ ہی فقال الملعون ما علیک
سلمت اولم تسلم لابد من قتلک ابن زیاد بولا اچہا ہی سلام کرو خواہ انکار کرتی
بالضرور تم میری تلوار سی مقتول ہو قال مسلم یا ویلک اذا کان ولابد من قتلی
فامضنی بثقۃ حتی اوصی الیہ بوصیتی مسلم نی کہا وای اوپر تیری او ظالم ہرگاہ
میری قتل کا ارادہ مقرر ہی تو کوئی مرد ثقہ بلا دی کہ اوسکو مین وصیت کرون جو حق واجب
الادا ہی اوسکا مشغول الذمہ نہ ہون فنظر الیہ عمر بن سعد وقال لہ اوصنی

۳۰۲

نوین مجلس شہادت مسلم بن عقیل علیہ رحمۃ من اللہ الجلیل

ابن سعد کھڑا ہو کی نزدیک آیا اور کہا مجھی وصی کروانا فقال لہ اوصیک اوّلاً بتقوی
اللہ وایثار طاعتہ فرمایا کہ اول مین تجھی سفارش کرتا ہون طاعت خدا کی تقوی
اور پرہیزگاری سی عبادت مین سرگرم رہنا اوسکی واذا انا قتلت فادفن جثتی
دوسری یہ کہ جب مین شہید ہو جاون تو جنازی کو اوٹھانا نماز پڑہکی قبر مین سونپنا خاک سی
چھپانا وبع درعی ہذہ وادفع ثمنہ الی البقالین فی الجزیرۃ وانّہم
علیّ دین تیسری یہ کہ میری زرہ کو میری لاش سی اوتار کی بیچنا اوسکی زر قیمت کو بقالان جزیرہ کی
ہاتھ مین دینا کہ اونکا قرض مجھپر آتا ہی چند مدت سی نفقہ اور خوراک مرکب کو دیا ہی
وتکتب الی الحسین علیہ السلام ان لا یجیئ فانہ مقتول لا محالۃ
چوتھی یہ کہ میری طرف سی امام حسین علیہ السلام کو عرضی لکھنا یا ابن رسول اللہ تمہارا کوفہ کا ارادہ کرنا
یہاں کی مخلوق بہت بیوفا ہی اہلبیت کی واسطی قصد جور وجفا ہی اندیشہ رکھتا ہون وہ جناب
اس دیار مین آئین فرقہ سکار اور ظالم غدار کی ہاتھ سی ماری جائین عمر سعد نی جواب اون
باتون کا پکار کی کہا تاکہ حضرات مدعا کو ابن زیاد نی سنا فقال عبید اللہ اما انت
فلا بد من قتلک فلا نبالی ما تصنع بجثتک اوسنی کہا یا مسلم ضرور مین تجھکو
قتل کرونگا اور میت سی کچھ مزاحمت نہ کرونگا جو چاہی وہ لیجای قبر کھودی اور دفنا دی
واما درعک فالرجل مخیر فیہ ان شاء یؤدیہ اوّلا تیری زرہ سی ہمی
مین کیا سروکار ہی وصی تیرا قرض کی ادا کا مختار ہی واما الحسین فلا بد ان
نکتب الیہ نخدعہ حتی یخرج ونقتلہ ونستریح منہ لاکن امام حسین کو
البتہ فریب سی خط بھیجونگا کہ سی نکال کی کوفہ مین مار ونگا کہ اونکی ہاتھ سی یزید کو آرام
ملی اور اوسکی سلطنت خلش امامت جاتا رہی ثم ان عبید اللہ امر ان یصعدوا بہ

دسوین مجلس تذکرہ مسمار کشتی و تاویل کہیعص و روانگی سید الشہدا مکہ سی جانب کربلا

اِلیٰ اَعْلَاءِ الْقَصْرِ جَلَادٍ فِیْہِ وَ اُلْقِیَ عَلیٰ اَمْرِ رَاسِہٖ پس جلاد کو ابن زیاد نی حکم کیا مسلم کو بالای قصر لیجا کی اولٹا پھینک دیا فَانْدَقَّتْ عُنُقُہٗ صَلَوَاتُ اللہِ عَلَیْہِ سر و گردن کو اوس مظلوم کی چور کر ڈالا مرغ روح نی شاخسار طوبیٰ پر آشیانہ کیا اور دوسری روایت مین وارد ہی کہ اوس شقی نی کہا ای جلاد پشت بام قصر پر مسلم کو لیجا سر کاٹ کی میری پاس لا بدن کو رسی مین لٹکا یہ ماجرا خلایق کو واسطی عبرت کی دکہلا قاتل نی تلوار میان سی نکالی مسلم نی چار طرف بحسرت و یاس نظر کی اہل کوفہ کو دیکہا تماشی کو جمعیت کرتی ہین بعضی واقعہ آفت سی روتی بعضی ہنستی ہین اوس قربانی کعبہ وفا نی مکہ کی جانب منہ کر دن پہیری حالت رقت مین پکار کی یون مناجات کی خدایا میرا اسلام امام حسین سید انام کو کہنا اہل بدعت سی جو محنت مجہپر گذری ہی اسکا گواہ رہنا فظم للمولفہ ای غلام آلِ علی سوسیم افغان آیا + نوحہ و نالہ و فریاد کا سامان آیا + غم شبیر مین اوٹہا ہی دل اہل ولا + چشمہ دیدہ خونبار کا طوفان آیا + زخم کہانی کو دیئی پینی کو آب خنجر + تشنہ خون ہر ایک قاتل جہان آیا + دشت غربت مین ہوی دار و مقتل شہ دین + شمر مردود سر و جان کا خواہان آیا + شعر نا ظم کا جو مضمون ہی رقت افزا + سنکی ہر فرد بشر اوسکا ثنا خوان آیا +

دسوین مجلس تذکرۂ مسمار کشتی و تاویل کہیعص و روانگی سید الشہدا مکہ سی جانب کربلا

دا ہی آدم اشکون سی منہ کو دہویا کرتی + اندوہ الم مین عمر کہویا کرتی + شبیر کی حال سی نہتی کرچہ خبر + پر ہای حسین کہکی رویا کرتی + دا ہی دشمن جو یزید ستم ایجاد ہوا جمعیت خدا کا باغ بر باد ہوا + افسوس ہی کربلا مین گہر زہرا کا + ایسا اوجڑا کہ پہر نہ آباد ہوا + دعا

دسوین مجلس روانگی سید الشہدا مکہ سی جانب کربلا تمہید بکاھی تیہ مصاب قتیل الطف جسمی الخلا

دوڑی ہوی مانندِ صبا پہنچین گی + فردوس مین وہان پہنچکی جا پہنچین گی + ای انیس ملک کا
تب گلِ باغِ مراد + حبیب ہندسی تا کربلا پہنچین گی + باعث پیری آئی عذار پی نور ہوی
یارانِ شباب پاس سی دور ہوی + لازم ہی کفن کی یاد ہر وقت انیس + جو مشک سی
بال تہی وہ کافور ہوی + تمہید بکاھی تیہ مصاب قتیل الطف جسمی الخلا
وروانگی سید الشہدا کی بلا ہر جا بذا کو مکروہ طبیعتی ناگوار ہی + اور آزار
دردکی لیی طبیب و پرستار درکار ہی نا وا کو غذا + بیمار کو دوا + عاشق کو وصال یار +
غریب کو بازگشت دیار + غریق کو ساحلِ نجات + حریق کو اطفای لہبات + اسیر قید کو
رہائی + عریانکو لباس کی زیبائی + جراحت کو مرہم کی وصلت + خوف و دہشت کو امنیت
پیاسی کو پانی کا جام + بہوکی کو توشہ طعام + تمنت سفر کو سلامتی راہ + مصیبت کو تسلی
بخش خیرخواہ + موت کو تجہیز و تکفین و اقامت عزا و رثا + اطفالِ یتیم کو ماتم پرسی اقربا و احبا
جیسا کہ سانحہ وفات مین رسول خدا کی ہوا کہ امیر المومنین نی غسل دیا + کفن مین حنوط جو کا
ساری اصحاب نی دو روز مین نماز پڑہکی دفن کیا + فرش و عرش پر بپا کی حزن اور ملال
علمدار شیون پہیلا + ایسا ہی واقعہ سیدۃ النسا فاطمۃ زہرا تہا + ہرچند جنازہ مخفی اور مستور اوٹہا
مگر اعزا سی غم و الم کا سارا دستور رکہا + بالخصوص درانکی زینب و ام کلثوم کو ماں کا سوگ رہا
یونہین حادثہ علی مرتضی مین ایک عالم نی ماتم برپا کیا + خوب اسلوب سی جنازی کا سامان
کیا + موالی اور اہالی سیاہ پوش + ملک و رعیت و سپاہ مین عزا کا جوش + آخر کو ماجرای حسن
مجتبی بہی اگرچہ دلخراش ہی + مگر عزت و توقیر کی اسباب سی تسلی دہ جگر پاش ہی + تمام
بنی ہاشم سب جوان بہائی اور بیٹی امام حسین علیہ السلام کی ساتہ روتی تہی تابوت کی
پیچہی عول دو مین ستو عورتوں کی بپا حسرت مین جان کہوتی تہی + لاکن خاتمہ آل عبا مین سب

دسوین مجلس روانگی سید الشہدا مکہ سی جانب کربلا مرثیہ مصاب قتیل الطف جسمی الخلا

سید الشہدا کی نوبت مصیبت آئی تو دست روزگار نی ستم و جفا کی بہت طغیانی دکہائی غریب نہتی مگر بیکس اور غریب بنایا عزیز و مکرّم تہی لاکن بی بس و خوار کا رتبہ پایا بہن تہی مگر زغہ اعداسی مہجور بٹیا علیہ بیماری سی مجبور بیٹی تہی جو رونی نہین پاتی تہی بی بی آفت دیکہتی دور کہڑی پچہاڑین کہاتی تہی بہائی جنازہ اوٹہانی والی خود بی گور و کفن پڑی ہوی سوالی اور انصار سوگ رکہنی کو گرد و پیش سرکٹی قدم پر دہری ہوی جراحت کو بخیہ مرہم کی تا پوشی کہوڑونکی روندا کفن اور کافور کی عوض سرتاپا لباس بدن کو لوٹا خیمہ تہا گر تن بیسر دہوپ مین پڑا رہا فرش و بستر کی مقام پر لاشہ خاک و خون مین اٹا تہا نوحہ و بکا کی بدلی نقارہ شادی بجایا تابوت کی نام چوب نیزہ و تیر پر جسد مجروح اوٹہایا تین روز تک قبر ملی جو دفن ہوتی سر و تن کی جدائی پر ساری محب چاتی کوٹ کی روتی ہین ثیابہ مُصَابُ قَتِيلِ الطَّفِّ جِسْمِي الْبِلَا وَكَدَّرَ دَهْرِي وَعَيْشِي مَا خَلَا کشتہ صحرای کربلا کی بلا مصیبت نی میرا بدن گہلا دیا اور اوسکی ابتلای آفت کی تصور نی عیش زندگانی کو بدمزہ کیا اندوہ امام حسین علیہ السلام سی مجہی ہمیشہ ملال ہی اور وہ غم نیش زن رگ ابتہال ہے فَمَا هَلَّ شَهْرُ الْعَشْرِ إِلَّا تَجَدَّدَتْ بِقَلْبِي أَحْزَانٌ تُوَسِّدُنِي الْبَلَا ہلال ماہ محرم دیکہتا ہون میری دل مین حزن و الم تازہ ہوتا ہی ہرگاہ گذارش عاشورا کے وبیان پر آتا ہون بستر عزا پر جوش ماتم بچہاتی وَأَذْكُرُ مَوْلَايَ الْحُسَيْنَ وَمَا جَرَى عَلَيْهِ مِنَ الْأَرْجَاسِ فِي طَفِّ كَرْبَلَا جو اپنی مولا امام حسین علیہ السلام کا ذکر زبان پر لاتا ہون اور اونکی ماجرای بلا کو جو دشت کربلا مین گذرا ہی شمار کرتا ہون شدت رنج سے کلیجہ منہ کو آتا ہی آنسو کا دریا آنکہون سی بہتا آہ کا نعرہ اسمان کو جاتا ہی کہ اوس مظلوم کو امت پر جفا نی کس درجہ ستایا روضۂ احمد اور خانۂ خدا سی جبر و اکراہ مین نکالا کوئی قریہ اور

دسوین مجلس عشرہ محرم روانگی سید الشہدا مدینہ سے طرف کربلا روایت مسماجبرئیل کا لانا نوح کا سفینہ مین لگانا ۔

بلد مین ارام سے رہنے نہ دیا چارون طرف سے نرغہ جور وجفا مین گھیر لیا فواللہ لا انساہ باللطف قائلا لعترتہ الغر الکرام ومن تلا قسم خدا کی مجھی نہین بہولی کا امام حسین کا فرمانا جو اپنی اولاد واصحاب کو دشت نینوا مین کہا الا فانزلوا فی ہذہ الارض واعلموا بانی بہا امسے صریعا مجدلا یہان سواری سے اترو خیمہ برپا کرو یہیا افت وبلا ہوا اور یہ زمین کو پہچانو یہان ہم بہوکے پیاسے ہین ہم کہا ئینگی ضرب تلوار و نیزہ سے خاک مین گرا ئے جائینگے اس ریت مین صحرا کی ہماری بدن پڑی ہونگی چھوٹی بڑے مردان اہلبیت کی سرتن سے کٹی ہونگی واسقی بہا کاس المنون علی ظماء ونضیح جسمی بالدماء مغسلا یہان شدت تشنگی سے پانی کو ترسینگی پیکان آبدار وسنان نیزہ وتلوار کی وار بدن پہ پرسینگی یہ کہی حلق کو آب گلوگیر خنجر ومرگ ناگہانی عدو پلا ئینگی لاشہای کشتگان آل رسول کو اہو مین نہلا ئینگی یہ ہم غریبوں کا مقتل ا یعنی قتل ہو نیکی جگہ اس مین اور دشت مین ہمارا مسکن ہے ۔ ع من تاریخ محمد النجار باسنادہ مرفوع الی انس بن مالک عن النبی صلی اللہ علیہ والہ انہ قال لما اراد اللہ ان یہلک قوم نوح اوحی الیہ ان شق الواح الساج کتاب تاریخ مین تاریخ محمد نجار اور اسکی اسناد سے روایت کی ہی کہ انس ابن مالک نی رسول خدا صلی اللہ علیہ والہ کی زبانی سنی ہی کہا کہ جب اللہ نی ارادہ کیا اپنی غضب مین ہلاکت قوم نوح کا او تنزیل وحی سے خبر طوفان خبر بہیجی تا چوب ساج کی تختی چیرین اور تجویز کشتی ہوئی فلما شقہا لم یدر ما یصنع بہا فہبط جبرئیل فاراہ ہیئۃ السفینۃ و معہ تابوت بہا مائۃ الف مسمار و تسعۃ وعشرون الف مسمار جبرئیل مع نقشہ سفینہ کی تختی اسکے پاس آئے او صندوق مین ایک لاکہ انتیس ہزار میخ

دسویں مجلس روانگی سید الشہدا مکہ سی طرف کربلا ربط مسمار جبرئیل کا لانا نوح کا سفینہ بنانا

لائی فَسَمَّرَ بِالْمَسَامِيرِ كُلِّهَا السَّفِينَةَ إِلَىٰ أَنْ بَقِيَتْ خَمْسَةُ مَسَامِيرَ پس نوح نی موافق تعلیم روح الامین کی کشتی جوڑی میخین لگائین آخر کار یہ پانچ عدد کیل اونمین سی باقی رہین

فَضَرَبَ بِيَدِهِ إِلَىٰ مِسْمَارٍ فَأَشْرَقَ بِيَدِهِ وَأَضَاءَ كَمَا يُضِيءُ الْكَوْكَبُ الدُّرِّيُّ فِي أُفُقِ السَّمَاءِ پہلی کیل پر جب ہاتھ دوڑایا کہ اوٹھا کی نصب کرین کسی جا ایسی برق تجلی اوسمین سی دست تصرف پہ تکلی جیسی آسمان مین ستارہ روشن کی ضیا پھیلی وہ دیکھی فَتَحَيَّرَ نُوحٌ فَأَنْطَقَ اللّٰهُ الْمِسْمَارَ بِلِسَانٍ طَلِقٍ ذَلِقٍ فَقَالَ أَنَا عَلَىٰ اسْمِ خَيْرِ الْأَنْبِيَاءِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ نوح نبی متحیر ہوی کہ یہ کیا اسرار ظہور میں آیا ناگاہ خدائی اوس کیل کو قوت ناطقہ دیا پکار کی زبان چرب و نرم سی وہ بولی کہ میں نام ہون محمد ابن عبد اللہ کی جو ہی اشرف انبیا فَهَبَطَ جَبْرَئِيلُ فَقَالَ لَهُ يَا جَبْرَئِيلُ مَا هٰذَا الْمِسْمَارُ الَّذِي مَا رَأَيْتُ مِثْلَهُ فَقَالَ هٰذَا بِاسْمِ سَيِّدِ الْأَنْبِيَاءِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اسْمُرْهُ عَلَىٰ أَوَّلِهَا عَلَىٰ جَانِبِ السَّفِينَةِ الْأَيْمَنِ جبرئیل کا نزول ہوا نوح نی کہا ای حامل وحی خدا یہ کیل کیسی ہے کیا بھید تہا کہ ویسا ہرگز نہ دیکھا نہ سنا روح الامین بولی یہ اسم سید الانبیا محمد ابن عبد اللہ علیہ الصلوٰة والسلام پر ہی ہے پہلا لو کشتی کی اول سری مین جانب راست اسکو ٹہونکو ثُمَّ ضَرَبَ بِيَدِهِ إِلَىٰ مِسْمَارٍ ثَانٍ فَأَشْرَقَ وَأَنَارَ فَقَالَ نُوحٌ وَمَا هٰذَا الْمِسْمَارُ فَقَالَ هٰذَا مِسْمَارُ أَخِيهِ وَابْنِ عَمِّهِ سَيِّدِ الْأَوْصِيَاءِ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ فَاسْمُرْهُ عَلَىٰ جَانِبِ السَّفِينَةِ الْأَيْسَرِ فِي أَوَّلِهَا پھر نوح نی دوسری کیل اوٹھائی اور مانند ماہ وہ چمکی سوال کیا کہ ای برادر یہ کیا اسرار تہا جواب دیا کہ اسی اونکی وصی وابن عم بہترین خلفا علی ابن ابی طالب کا نام ہی اسکو بہی اگلی سری پر طرف چپ لگا و ثُمَّ ضَرَبَ بِيَدِهِ إِلَىٰ مِسْمَارٍ ثَالِثٍ فَزَهَرَ وَأَشْرَقَ وَأَنَارَ فَقَالَ جَبْرَئِيلُ هٰذَا مِسْمَارُ فَاطِمَةَ فَاسْمُرْهُ إِلَىٰ جَانِبِ مِسْمَارِ

دسوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا طرف کربلا اخبار سانحہ عاشورا حروف کہیعص کا اشارہ بجانب زکریا

آیہا ہرگاہ تیسری مرتبہ ہاتہہ دوڑایا سمارِ ثالث کو بہی پر نور و ضیا شعشعہ افروز پایا روح
القدس نوح سی بولا کہ یہ فاطمہ زہرا دختر نبیُ الورٰی کی نام سی درخشان ہی سمارہ والدکی پہلو
لگا دیا ثُمَّ ضَرَبَ بِیَدِهٖ اِلٰی مِسْمَارٍ رَابِعٍ فَزَهَرَ وَاَنَارَ فَقَالَ جَبْرَئِیلُ هٰذَا
مِسْمَارُ الْحَسَنِ فَاَسْمِرْهُ اِلٰی جَانِبِ مِسْمَارِ اَبِیْهِ پہر دستِ طلب اگی بڑہایا اور پینچ
اوٹہانیکا قصد دلِ نوح مین آیا چمک دمک نی چکاچوند دیا جبرئیل امین زبان بیان لایا
یہ حسن مجتبیٰ کی نام کا اثر تہا اسکو بہی یا نوح مقدمہ سفینہ مین جڑنا پہلوی سمارین اونکی پدر کی
نصب کرنا ثُمَّ ضَرَبَ بِیَدِهٖ اِلٰی مِسْمَارٍ خَامِسٍ فَزَهَرَ وَاَنَارَ وَاَظْهَرَ النَّدَاوَةَ
فَقَالَ جَبْرَئِیلُ هٰذَا مِسْمَارُ الْحُسَیْنِ فَاَسْمِرْهُ اِلٰی جَانِبِ مِسْمَارِ اَبِیْهِ اخر کا
پانچوین کیل نجی اسد نی کفِ نیاز پر اوٹہائی کہ وہ برقِ ساطع سی کہین زیادہ عرصہ نظر مین چمکی
اور تراوت دکہائی جبرئیل نی کہا یہ نام حسین کو بہی او اسی برابر سمارِ حیدر کرار اونکی الد کی
جڑو فَقَالَ نُوحٌ یَا جَبْرَئِیلُ مَا هٰذِهِ النَّدَاوَةُ فَقَالَ هٰذَا الدَّمُ فَذَکَرَ
قِصَّةَ الْحُسَیْنِ وَمَا تَعْمَلُ الْاُمَّةُ بِهٖ فَلَعَنَ اللّٰهُ قَاتِلَهٗ وَظَالِمَهٗ وَخَاذِلَهٗ نوح نی
پوچہا ای حاملِ وحیِ خدا یہ رطوبت کا سبب بتا کہا خون کی علامت ہی جو بدن سی اونکی نہین
بہیگا جب تلوار و تیر و نیزہ سی وہ جسم گل پیرہن چور ہویگا پس سارا قصہ امام حسین علیہ السلام کا
بیان کیا جو ظلم و جفا است بیدین کرینگی وہ ماجرا سنا دیا نوح نی رقت و زاری مین قاتلان و
ظالمان و دشمنِ سرور کو نفرین کی اسی اونکی واسطی زیادتی عذاب ستم طلب کی حق
سَعْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَاَلْتُ الْقَائِمَ عَنْ تَاْوِیْلِ کٓهٰیٰعٓصٓ قَالَ هٰذِهِ الْحُرُوْفُ
مِنْ اَنْبَاءِ الْغَیْبِ اَطْلَعَ اللّٰهُ عَلَیْهَا عَبْدَهٗ زَکَرِیَّا سعد ابن عبد اللہ کہتا ہی ایک روز
امام حسن عسکری علیہ السلام کی حضور مین کہا ان حروفِ مقطعات کی تاویل کو صاحب الامر

دسویں مجلس مکہ سے روانگی سید الشہدا جانب کربلا اور ان حروف کہیعص کے جو بار سانحہ عاشورا ایجاب کرتا ہے

صلواۃ اللہ علیہ سے پوچھا فرمایا یہ اخبار غیب سے ہیں مانند رمز و کنایہ جو اللہ نے اوسے اپنی بندہ
شایستہ زکریا کو واقف کیا ثُمَّ قَصَّهَا عَلَى مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ وَآلِهِ السَّلَامُ وَذَلِكَ اَنَّ
زَكَرِيَّا سَئَلَ اللهَ رَبَّهُ اَنْ يُعَلِّمَهُ اَسْمَاءَ الْخَمْسَةِ فَاَهْبَطَ عَلَيْهِ جَبْرَئِيلُ
فَعَلَّمَهُ اِيَّاهَا پھر اوس ماجرا کو اپنی خاتم المرسلین محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ سے دوہرایا
اور وہ یون تھا کہ زکریا نے اللہ تعالی سے نام مبارک پنجتن کی تعلیم چاہی جبرئیل ونپر نازل ہوئی اسمای
مقدسہ آل عبا تعلیم کیے فَكَانَ زَكَرِيَّا اِذَا ذَكَرَ مُحَمَّدًا وَعَلِيًّا وَفَاطِمَةَ وَالْحَسَنَ
سُرِّيَ عَنْهُ هَمُّهُ وَانْجَلَى كَرْبُهُ وَاِذَا ذَكَرَ اسْمَ الْحُسَيْنِ خَنَقَتْهُ الْعَبْرَةُ
وَوَقَعَتْ عَلَيْهِ الْبُهْرَةُ پس زکریا جب نام محمد و علی و فاطمہ و حسن علیہم السلام کو زبان پر لاتے
غم دور ہوتا اور سرور دلمین بڑہتا شادمان ہوجاتے ہرگاہ اسم حسین مظلوم کا ذکر آتا پریشانی
مین مبتلا ہوتے سیلاب چشم کا دریا بہتا رقت سے دم گھبراتا فَقَالَ ذَاتَ يَوْمٍ اِلَهِي مَا بَالِي اِذَا
ذَكَرْتُ اَرْبَعَةً مِنْهُمْ تَسَلَّيْتُ بِاَسْمَائِهِمْ مِنْ هُمُومِي وَاِذَا ذَكَرْتُ الْحُسَيْنَ
تَدْمَعُ عَيْنِي وَتَثُورُ زَفْرَتِي ایکدن عرض کی بار الہا کیا باعث ہے مجھے جب چار نام کو
پڑہتا ہوں حزن و الم سے تسکین پاتا خوشی منا تا ہوں جس دم پانچوان اسم حسین حال شورش مین
کہتا ہوں رونا و نالہ و فریاد سے جوش مین آتا ہون فَاَنْبَاهُ اللهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى عَنْ
قِصَّتِهِ وَقَالَ كهيعص فَالْكَافُ اسْمُ كَرْبَلَا وَالْهَاءُ هَلَاكُ الْعِتْرَةِ الطَّاهِرَةِ
وَالْيَاءُ يَزِيدُ وَهُوَ ظَالِمُ الْحُسَيْنِ وَالْعَيْنُ عَطَشُهُ وَالصَّادُ صَبْرُهُ یعنی وکار
اوس قصہ کا اشارہ زکریا کو سنایا اور تاویلات حروف سے پردہ خفا روی بکا سے اوٹھایا
یعنی کاف سے مراد زمین کربلا مہبط کرب و بلا دہا سے ہلاکت و قتل عام اولاد نبی روز عاشورا
یا سے کشندہ عترت طاہرہ یزید اور وہی آمر ظلم و جفا عین سے اشارہ پیاس کی شدت میں جان کا جانا

دسوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا الطراف کربلا ذیل کیبعض مین جب سانحہ عاشورا بجناب زکریا

صادسی صبر و تسلیم و رضا پر انکا ثابت رہنا فَلَمَّا سَمِعَ ذٰلِكَ زَكَرِيَّا لَمْ يُفَارِقْ مَسْجِدَهُ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ وَمَنَعَ فِيهِنَّ النَّاسَ مِنَ الدُّخُولِ عَلَيْهِ وَاَقْبَلَ عَلَى الْبُكَاءِ وَالنَّحِيبِ وَكَانَ يَرْثِيهِ جب زکریا نی سارا واقعہ جانگزا سنا مسجد مین جا کی صف ماتم بچھا کی تین شب و روز آنا جانا سبکا بند کیا رونا پیٹنا نالہ و فریاد کی شور ہر دم برہتی آواز سوز و گداز سی گرمی ہنگامہ عزا مین مرثیہ پڑہتی پس ای پیروان امام دین اور محبان پیشوای ارض و سما انہون کی غم اور الم کا تصور کرو اور اس ایام کی واقعہ جانسوز سی غافل نہو کہ مولا ہماری احاطہ مصیبت مین گرفتار تہی بعزم شہادت پر جان و مال سی گذر گی طیار تہی فنظم لمولفہ کعبہ سی جب امام امم کربلا چلی ✝ ارقدسی اپنی روتی ہوی مصطفی چلی ✝ نکلا حرم سی قافلہ یون اہلبیت کا ✝ جیسی باغ خلد سی باد صبا چلی ✝ آگی علم نبی کا نشان علی لیی ✝ سایہ مین جسکی اوج کی نور خدا چلی ✝ اوس ان سوار دوش نبی کی رکاب مین میکائیل و جبرئیل بصدق و صفا چلی ✝ انصار و اقربا شہ والا حشم کی ساتھ ✝ مقتل مین سر کی دینی کو راہ رضا چلی ✝ ارواح انبیای سلف مین یہ شور تہا ✝ حق کی وصول وعدہ پہ اہل وفا چلی ✝ چارون طرف سپاہ بلانی کیا ہجوم ✝ شمشیر و تیر و نیزہ لیی اشقیا چلی ✝ کاٹین جگر کو حیدر و زہرا کی اسلیی ✝ شمر و عمر کی خنجر ظلم و جفا چلی ✝ منتاج مغفرت ہی نیا ظم سخن ترا ✝ جنت مین جسکی ساتھ بہر شان اعلی چلی

مجلس وداع امام حسین علیہ السلام از مکہ معظمہ و ملاقات شیعیان در ہر منزل شوق

رہروان منزل مقصود و قدم زنان محفل قرب معبود ✝ مشتاقان کوی وصال و جانبازان معرکہ اہوال ارز و مندان درد و بلا ✝ و مسافران وادی کربلا اخبار ہجرت امام حسین علیہ السلام کو مکہ سی طرف عراق پر نفاق کی یون بیان کرتی ہین کہ سید امم اور قبلہ عالم کا ارادہ حرم

دسوین مجلس روانگی سید الشہدا مکہ سی جانب کربلا راہ مین شتر سوار کا خبر کوفہ لانا اور شہادت مسلم کا ہا۔

معبود مین ایسا ہوا کہ جیسی چشم اعمی کو نور اور دل شیدا مین سرور ایا۔ پس ہم اصناف بنی آدم
مقدم مکرم کی زیارت کو آتی اور تمتع و این مناسک طواف خدمت سی پاتی خازنان
کنوز سعادت مفتاح رحمت سی ابواب ہدایت کہولتی تہی اور واقفان رموز غایت
طریق شہادت اور سبیل شفاعت کی رہبر ہوتی تہی معاندین کو رشک وحسد کا جوش آتا
اہل کین مشرکین کا پیام ہر روز شام کو جاتا۔ امام حسین کی رونق ایام زیادہ ہوتی ہی ہر طرف سے
خلق اونکی پاس اژدہام کرتی ہی یزید نی اپنی سپاہ کو حج بہانی سی کعبہ مین بہیجا۔ اور در پردہ
گرفتاری شاہ یثرب وبطحا کا حکم دیا۔ سبحان اللہ کیا دنیا کا انقلاب ہی کہ جسکی نانا کا
لَوْلَاكَ لَمَا خَلَقْتُ الْأَفْلَاكَ خطاب ہی اوسی کو کوئی قطعہ زمین پر آرام نہ لی جان و
مال سی کہین مطمئن نہ ہی اگر اہل وعیال کو وطن سی نکالکی خانہ خدا مین پناہ لی تو وہان بہی
ستانی کو اشقیای است کی روسیاہ چلی اور حرم محترم مین ہرجا نداری کبوتر کی واسطے
جو امان ربانی تہی فرزند خیر الورٰی دلبند علی مرتضی پارہ دل فاطمہ زہرا کی نام وہ باقی نہ رہی
یہ خبر سنکی حضرت مایوس وپریشان ہوی ناچار تدارک سفر عراق کی سامان کئی مروی ہی انہ
عَلَيْهِ السَّلَامُ لَمَّا عَزَمَ عَلَى الْخُرُوجِ قَامَ خَطِيبًا سند معتبر سی روایت کی ہی کہ جب
مسافر منزل خلد کی سواری طیار ہوئی امام حسین علیہ السلام فی مقام ابراہیم مین قبلہ کیطرف منہ کیا
اتمام حجت کا خطبہ کہڑی ہوکی پڑہا وَقَالَ مَنْ كَانَ بَاذِلًا فِينَا مُهْجَتَهُ وَمُوَطِّنًا
عَلَى لِقَاءِ اللّٰهِ نَفْسَهُ فَلْيَرْحَلْ مَعَنَا فَإِنِّي رَاحِلٌ مُصْبِحًا إِنْ شَاءَ اللّٰهُ فرمایا جو کوئی
سعادت کردار ہم اہلحرم کیواسطی اپنی جان کو نثار کری اور سبیل شہادت سی لقای پروردگار کا
جویا ہووی میری ساتہہ چلی کہ انشاء اللہ فجر کو یہان سی جاونگا جہان تک تقدیر الٰہی لیجای
قدم قسلیم ورضا بڑہاونگا وَطَافَ بِالْبَيْتِ وَسَعَى بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ وَ

دسوین مجلس مکہ سے روانگی سید الشہدا محمد حنفیہ کا منع کرنا

أَحَلَّ مِنْ إِحْرَامِهِ وَجَعَلَهَا عُمْرَةً لِأَنَّهُ لَمْ يَتَمَكَّنْ مِنْ تَمَامِ الْحَجِّ مَخَافَةَ وَارِث

مکہ و منی نے سات شوط (روش) بیت اللہ کی طواف کئے صفا و مروہ بین وہ قبلہ دین ساعی ہوئے

احرام اعمال حج کو عمرہ سے بدلا اسواسطے کہ اتمام مناسک مین خوف سے رہنا ممکن نہ تھا

وَرُوِيَ عَنْ أَبِي عَبْدِ اللهِ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَالَ جَاءَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَنَفِيَّةِ إِلَى

الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِي اللَّيْلَةِ الَّتِي أَرَادَ الْخُرُوجَ فِي صَبِيحَتِهَا عَنْ مَكَّةَ

حضرت صادق علیہ السلام سے نقل کی ہے فرمایا جس رات کی صبح کو جناب امام حسین علیہ السلام نے

مکہ سے عزم سفر کیا محمد ابن الحنفیہ مضطرب الحال خدمت اقدس مین آئے اور ادای سلام و تحیت

رسم تعظیم و بزرگی بجا لائے فَقَالَ لَهُ يَا أَخِي إِنَّ أَهْلَ الْكُوفَةِ قَدْ عَرَفْتَ غَدْرَهُمْ

بِأَبِيكَ وَأَخِيكَ وَقَدْ خِفْتُ أَنْ يَكُونَ حَالُكَ كَحَالِ مَنْ مَضَى عرض کی اے

امام وحجت رب انام اہل کوفہ کی فریب و غدر کو آپ پہچانتے ہی کہ پدر عالی مقدار و برادر عالی قدر سے

کیا معاملہ کیا ہے مین ڈرتا ہون جو تم وہان جاؤ مبادا وہ طبع شریف سے بھی ایذا و ستم اونکی

ہاتھ سے اوٹھاؤ اون نامردون کی قول و قرار کا اعتبار نہین دغا اور عہد اون کا پیشہ

آئین کہ وارثی نہین امیر المومنین حیدر کا فرق مبارک شگافتہ ہوا حسن مجتبی کا جگر [illegible]

ٹکڑے ہوا سبب ابا و اجداد بزرگ مارے گئے اور تم ہیچ سادات کی نشانی باقی رہی فَإِنْ

رَأَيْتَ أَنْ تُقِيمَ فَإِنَّكَ أَعَزُّ مَنْ بِالْحَرَمِ وَأَمْنَعُهُ مناسب جانتا ہون کہ چند روز

حرم الہی مین اقامت کرو یہان امن و امان ہے عزت و حرمت مین گردش روزگار سے بچو

فَقَالَ لَهُ يَا أَخِي قَدْ خِفْتُ أَنْ يَغْتَالَنِي يَزِيدُ بْنُ مُعَاوِيَةَ بِالْحَرَمِ فَأَكُونَ

الَّذِي يُسْتَبَاحُ بِهِ حُرْمَةُ هَذَا الْبَيْتِ جواب دیا اے برادر گرامی قدر یہان کہتے

رہتا ہون ارادہ ہے کہیں چلا جاؤن سادات مین یزید مجھی قتل کرے اور بیحرمتی [illegible]

دسویں مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا جانب کربلا اور منع محمد حنفیہ میں بیان عذر مولا

کہ یا کی حرمت کو وہ سبحیا ملحوظ نہ کہیں ایسا نہو کہ زمرۂ منافقین بی ادبی سی پیش آئیں حرم خدا میں
ال رسول کا لہو بہائیں فَقَالَ لَهُ ابْنُ الْحَنَفِيَّةِ فَإِنْ خِفْتَ ذٰلِكَ فَصِرْ إِلَى الْيَمَنِ أَوْ
بَعْضِ نَوَاحِي الْبَرِّ فَإِنَّكَ أَمْنَعُ النَّاسِ بِهِ وَلَا يَقْدِرُ عَلَيْكَ أَحَدٌ ای سبط مصطفیٰ
اگر اس جا رہنی سی خوف ہی بربادی حرمت حرم کا تو اختیار کرو سفر ملک یمن اور صحرا و بیابان
عالم کا تا وہاں جا کی پناہ و ارام لو دست جفای اعدا عترت نبی کی دامن تک نہ پہنچی در آ
دشت غربت میں پھرتی رہو بلکہ آزار و ستم بھی ایسے نہ دیکھو فَقَالَ لَهُ أَنْظُرُ فِيمَا قُلْتَ جناب
امام حسین علیہ السلام نی جواب باہیبت ایسا ای برادر جو تمنی کہا اوسمیں غور کرونگا فَلَمَّا كَانَ
السَّحَرُ ارْتَحَلَ الْحُسَيْنُ عَلَيْهِ السَّلَامُ جبکہ دن گذرا صبح کی رات ہوئی شاہدین نی
سب حرم عماری اور محمل میں بٹہا کی جانب عراق توجہ کی فَبَلَغَ ذٰلِكَ ابْنَ الْحَنَفِيَّةِ
فَأَتَاهُ فَأَخَذَ بِزِمَامِ نَاقَتِهِ وَقَدْ رَكِبَهَا ناگاہ یہ خبر وحشت اثر محمد ابن الحنفیہ کو پہنچی
فرط قلق اور اندیشۂ خطر سی تاب توقف نہ رہی دوڑتی ہوئی سر راہ حضرت ائی مہار ناقہ سوار
پکڑکی چلائی فَقَالَ لَهُ يَا أَخِي أَلَمْ تَعِدْنِي النَّظَرَ فِيمَا سَأَلْتُكَ ای جانِ جہان ارشاد ہوا
ای سرو وانِ باغ رسالت آپنی مجھسی نہیں فرمایا تہا کہ جو مشورہ دیا ہی مراتب خیر خواہی کا ذکر ہوا
الحال اوسمیں فکر و غور کرونگا جیسا صلاح وقت دیکھونگا ویسا عمل کرونگا قَالَ بَلَى قَالَ فَمَا
حَدَاكَ عَلَى الْخُرُوجِ عَاجِلًا امام انام نی کہا البتہ تمسی اقرار ہوا تہا عرض کی پہر کیونکر آپنی
جلدی قدم باہر نکالا ہماری دلکو غمزدہ بیتاب و بیقرار کیا قَالَ أَتَانِي رَسُولُ اللّٰهِ بَعْدَ
مَا فَارَقْتُكَ فَقَالَ يَا حُسَيْنُ اخْرُجْ فَإِنَّ اللّٰهَ قَدْ شَاءَ أَنْ يَرَاكَ قَتِيلًا حضرت
ای برادر غمخوار جب تمسی رخصت ہوکی قدم بڑہائی میری پاس نانا رسولخدا تشریف لائی پیار
محبت سی فرمایا کہ یا حسین مکہ سی باہر جاؤ کہ طریقۂ سعادت یہی ہے کہ شربت کربلا میں آپکو پہنچاؤ

دسویں مجلس مکہ سے روانگی سید الشہدا اور راہ میں شتر سوار کا خبر قتل مسلم لانا

منظور مشیت و ارادۂ پروردگار ہے تمہیں قربانی راہِ وفا دیکھی ظہور مصلحت اسمیں منتظر ہے کہ تن سر جدا نیزے پر جا بجا پھرے یہ محاسن خون گردن سے لال ہو اور بدن سم توسن کا پامال ہو فَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَنَفِيَّةِ اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ اس کلام جگر خراش کی سماعت سے محمد ابن حنفیہ نے واحسرتا کی نعرے مارے زبان تاسف میں اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ پکارے جوش غم اور الم سے ہوش نہ رہے آنکھوں سے دریای سرشک بہے قَالَ فَمَا مَعْنٰى حَمْلِكَ هٰؤُلَاءِ النِّسَاءَ مَعَكَ وَاَنْتَ تَخْرُجُ عَلٰى مِثْلِ هٰذَا الْحَالِ دل بیقرار اور دیدۂ اشکبار سے بولے ای فرزند احمد مختار ای مظلوم بیکس و بے یار ہر گاہ یہ صورت ہے تو عورات حرم کا ساتھ لیجانا ایسے سفر میں خلاف مصلحت ہے آپ وادی غربت میں سراسیمہ و پریشان پھرو گے زنان نالان اور چھوٹے بچے بکہ شر اعدا سے کہاں بچا کے رکھو گے بعضی ان میں سن رسیدہ ضعیفہ ہیں کوئی طفل شیرخوار و چند بنات صغیرہ ہیں کاش یہ کاروان ناموس کو مجھے سونپ دو زینب خاتون و ام کلثوم و سکینہ و فاطمہ کو یہاں رکھو فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ شَاءَ اَنْ يَرَاهُنَّ سَبَايَا اوس مظلوم نے کہا ای برادر یہہ نہیں ہو سکتا ہے بہ مشیت کہ قادر توانا محل امتحان میں چاہتا ہے ان سکو اسیر طوق و زنجیر میں گرفتار دیکھے اور میری خواہر و دختر اونٹ پر سوار پھرے مجھے بعد شہادت لے اور اہلبیت کو سوز بلا و محنت سے کلیجہ جلے فَسَلَّمَ عَلَيْهِ وَمَضٰى ناچار محمد ابن الحنفیہ نے یہ گفتار سنکے صبر و رضا پر توکل و سلام و تحیت ادا کیا اور مال کار برادر نامدار کو مشیت و ارادے کو سونپ دیا نالان و گریان مراجعت کی اور دلمیں تشویش جان عترت طہارت رہے مَرْوِيٌّ فِيْ كِتَابِ الْمُنْتَخَبِ لَمَّا تَوَجَّهَ الْحُسَيْنُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ مَسِيْرِهٖ اِلَى الْكُوْفَةِ دَنٰى اِلٰى مَنْزِلٍ اِسْمُهٗ سُوْقٌ کتاب منتخب فخری میں لکھا ہے جب شہسوار دوش رسول خدا کا قافلہ جانب کوفہ چلا ہے اوس منزل میں ورود کیا کہ جسکا نام

دسوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا راہ مین شتر سوار کا خبر قتل مسلم لانا

نام سوق تہا فرسنگ سی جا بجا خیام فلک احتشام برپا کئی عترت طاہرہ عماری اور محمل سی اوترکی رونق افزای محل و ماوای ہوی فَجَلَسَ عَلَیْہِ السَّلَامُ نَاحِیَۃً عَنِ النَّاسِ سراپردہ اہل بیت کہ ہمپایہ عرش علا تہا فرش بچہایا اور وسمین کرسی عز و تمکین کو اوج شکوہ پر رکہا علاحدہ سب خلق سی مسند آرای سریر شہادت نی فراز مین جلوہ کیا سطحہ خاک کو افلاک پر اوس جلسی کا فخر و مباہات ہوا وَاِذَا بِرَجُلٍ قَدْ قَدِمَ مِنَ الْکُوْفَۃِ فَسَاَلَہُ الْحُسَیْنُ عَلَیْہِ السَّلَامُ وَقَالَ مَا الْخَبَرُ نور چشم رسول چارون طرف صحرا و بیابان کو نظر یاس و حسرت سی دیکہتی تہی اور تلاش حال وکیل جلیل مسلم بن عقیل مین راہ وصول تکتی تہی ناگاہ ایک شتر سوار جانب کوفہ سی شتابان اور نالان آیا ہرگاہ مقابل حرم سرای جناب سرور شہیدان سی گذرا حضرت نی اوسکو اشارہ مین بلایا خبر بد ونابدار کو اوس تیرہ رو سی سوال فرمایا پوچہا ای بندہ خدا تونی میری مسافر کو آیا کہین دیکہا ہی مسلم کو اوس شہر پر دغا مین کس طور سی پایا ہی فَبَکَی الرَّجُلُ وَرَمَی الْعِمَامَۃَ عَنْ رَاْسِہٖ وہ برگشتہ نصیب نام مسلم سنکی بہت رو دیا اور جلدی اوترکی سلام اور تحیت بجالایا عمامہ کو سر سی دور پہینکا گریبان جامہ صبر و شکیبائی کو چاک کیا فَقَالَ لَہٗ یَا سَیِّدِیْ مَا خَرَجْتُ مِنَ الْکُوْفَۃِ حَتّٰی رَاَیْتُ ہَانِیًا وَمُسْلِمًا مَقْتُوْلَیْنِ وَیَجُرُّوْنَ رَاْسَیْہِمَا اِلٰی یَزِیْدَ قریب کرسی مولا کے کہڑا ہوا نالہ و بکا مین دلکو سینہ الا عرض کی یابن خیر الوری مین کوفہ سی باہر نہین نکلا جب تک ہانی ابن عروہ اور مسلم ابن عقیل کو شہید تیغ جفا دیکہا دونوکی سر انور تن سی کاٹی گئین نیزی پر چڑہا کی یزید کو بہیجی گئین لاشین بی گور و کفن پڑی تہین ابہی قبر مین بہی نہین رکہی گئی تہین ثُمَّ قَالَ فَمِنْہُمْ مَنْ قَضٰی نَحْبَہٗ وَمِنْہُمْ مَنْ یَّنْتَظِرُ امام حجرہ برنی پہر فرمایا کہ حکم قدر و قضا بعض کی ہلاکت مین گذر گیا ہی اور کسی کی جان کو وہ صدمہ اوٹہانا

دسوین مجلس ہکہ سی روانگی سید الشہدا راہ مین شتر سوار کا سانحہ مسلم کہ بنت مسلم کا ماجرا

ابہی باقی رہا ہی وَسَارَ الرَّجُلُ وَلَمْ يَعْلَمْ بِهِ اَحَدٌ مِنْ اَصْحَابِهِ وہ سانی لاینو الا بعداز

ادای کلام محبت فرجام چلا گیا اور حضرت کی اصحاب و اقربا مین کسیکو اوسکا حال معلوم ہوا

نُقِلَ وَكَانَ لِمُسْلِمٍ بِنْتٌ عُمْرُهَا اَحَدَ عَشَرَ سَنَةً مَعَ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ

منقول ہی کہ مسلم کی ایک دختر گیارہ برس کی سن مین امام حسین علیہ السلام کی ہمراہ تہی

رقیہ بنت علی خواہر سید الشہدا علیہما السلام اوسکی مادر ذیجاہ تہی فَلَمَّا قَامَ الْحُسَيْنُ

عَلَيْهِ السَّلَامُ مِنْ مَجْلِسِهِ جَاءَ اِلَى الْخَيْمَةِ فَقَرَّبَ الْبِنْتَ وَقَرَّبَهَا مِنْهُ مَنْزِلَهَا

خامس آل عبا یہ ماجرا سنکی اپنی جا سی اوٹہی خیمۂ اہلبیت مین تشریف فرما ہوکی بیٹہی بنت

مسلم کو پیار سی نزدیک بلایا زانوی محبت کی قرین عزت اور توقیر سی بٹہایا گلی لگایا پیشانی کو

بوسہ دیا دست شفقت سر پہ پہیرا بالونکو پنجۂ مرحمت سی سلجہایا گرد و غبار ملال چہرہ سی پونچہا

مگر جوش غم سی روی حضرت متغیر ہوا بیساختہ آنسو نکا دریا آنکہونسی بہا آہ و نالہ کو سینہ میں

ہر چند ضبط کیا مگر بیقراری دل نی پردہ رقت اوٹہا لیا فَحَسَّتِ الْبِنْتُ بِالشَّيْءِ

لِاَنَّ الْحُسَيْنَ عَلَيْهِ السَّلَامُ قَدْ مَسَحَ عَلَى رَأْسِهَا وَنَاصِيَتِهَا كَمَا يَفْعَلُ

بِالْاَيْتَامِ وہ دختر اس محبت تازہ اور الفت بی اندازہ سی گہبرائی اوسی مصیبت بی پدری

اور تباہی کی دربدری یاد آئی کہ حضرت مثال آبای یتیم اوسی دلاسا کرتی تہی نگاہ حسرت

یاس مین دیکہہ کی آہ سرد بہرتی تہی فَقَالَتْ يَا عَمِّ مَا رَاَيْتُكَ قَبْلَ هٰذَا الْيَوْمِ

تَفْعَلُ بِيْ مِثْلَ هٰذَا الْيَوْمِ اَظُنُّ اَنَّهُ قَدِ اسْتُشْهِدَ وَالِدِيْ پس وہ لڑکی شدت

اندوہ سی بیقرار ہوئی غلبۂ حزن اور ملال مین عرض کی ای عم کرام وای سرپرست ایتام

آجکی دن سی پیشتر آپکو اپنی نسبت ایسی مہربانی کرتی نہ دیکہا تہا یہ سلوک اطفال یتیم کی ساتہ

ہوتا ہی جو بیری اوپر لطف حد سی سوا کیا گمان ہی کہ میری والد نی شہادت پائی جنابای

الفصل الثانی فی ذکر طرف من مناقبه ومناقبه واخلاقه الکریمة علیه السلام

عن ابراهیم بن العباس انه قال ما رایت ولا سمعت باحد افضل من ابی الحسن الرضا علیه السلام وشاهدت منه ما لم اشاهد من احد وما رایته جفا احدا بکلامه قط ولا رایته قطع علی احد کلامه حتی یفرغ منه وما رد احدا عن حاجة یقدر علیها و ما مد رجلیه بین یدی جلیس له ولا اتکی بین یدی جلیس له قط ولا رایته یشتم احدا من موالیه و ممالیکه وما رایته یقهقه فی ضحکه بل کان ضحکه التبسم وکان اذا خلا ونصب له مائدته اجلس علی مائدته ممالیکه ومولاه حتی البواب والسائس وکان قلیل النوم باللیل کثیر السهر یحیی اکثر لیالیه من اولها الی الصبح وکان کثیر الصوم ولا یفوته

دسوین مجلس مکہ سے روانگی سید الشہدا اشتر سوار کا ماجرای مسلم کہنا اور بنت مسلم و سکینہ کا ماتم کرنا

روز گار نی جہی سب مصیبت دکہائی فلم یتمالک الحسین من البکاء و بکی بکاءً شدیداً یہ کلام حسرت انجام سنکی امام علیہ السلام کو تاب ضبط بکا نہ رہی دہاڑین مارکی ایسا روئی کہ ریش مبارک بہر اشک سے تر ہوئی و قال یا ابنتی انا ابوک و بناتی اخواتک فرمایا ای آرام جان زار اب صبر و تحمل کی جا ہی تمہاری پدر کو خلق سے فانی شہید جانا کیا ہی جو قضا و قدر سے گذری اوسمین دل حزین کو تسلی دو صدمہ مرگ نا باپ کی زیادہ بیتاب نہو نالہ و فریاد سے چپ رہو عزت و حرمت مین خاطر جمع رکہو آیندہ مجہی بجای پدر بزرگوار سمجہو میری بنات کو اپنی بہن اکبر و اصغر کو بہائی جانو دیگر اطفال کی ساتہہ جی بہلاؤ جو حاجت ہو وہ زینب و ام کلثوم سے مانگ لانا فصاحت و نادبت بالویل والعویل ذکر قتل مسلم سے اوس یتیم مضطر کا حال غیر ہوا رقت کا جوش و اویلا کا خروش مین پہنچا آسمان کو پہنچا گویا زبان حال سے نوحہ اور بین کرتی تہی خاک پر پچہاڑین کہاتی تہی ہای بابا در وغربت کی مبتلا بیکس و بی اقربا مظلوم و تنہا تمہین شہر نا پرسان مین شہید کیا بی خطا سر تن سے اوتار لیا معلوم نہین مرتی دم پیاس مین پانی بہی دیا ہی یا تشنہ لب مار ڈالی تمہاری لاش نی کفن اور کافور پایا ہی یا تن مجروح عریان رہا ہی کیا جانو ستمگارون نی دفنا دیا یا اوٹہا پہینکا یا خاک و خون مین پڑا ہی کسی خدا ترس نی عزا و ماتم مین سوگ رکہا ہی یا رسم سوم و چہلم کو چہوڑا ہی ہای مصیبت مرتی وقت مجہہ دل جلی کو کسکو سونپا ہوگا آنکہون پر تنہائی مین رومال کب باندہا ہوگا افسوس تمہین خواری و زاری ہی پر دیس مین موت آئی پہوپہی سن مین فلک نی یتیمی کی محنت بہی دکہائی فسمعوا اولاد مسلم ذلک الکلام و ما سمعوا و اتکوا بکاءً شدیداً و رموا عمائمہم الی الارض ناگاہ یہ کلام جانکاہ فرزندان مسلم کی سماعت مین پہنچی نوحہ اور افغان سے چلائی او سر دیکہ کی خواہر کی باتین دہرتی

دسویں مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا اشتر سوار کا ماجرای مسلم کہنا اور بنت مسلم وسکینہ کا ماتم کرنا

شدت سی رقت اور شیون و ماتم کیا گریبان پہاڑا عمامہ سر سی اپنی پہینک دیا سارے ہی ابنا

بنی ہاشم اونکی ساتہ مصروف عزا تہی اہلبیت کی چہوٹی بڑی او سدم مچا تہی قُلْ قَاْلَ

لِلْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِي هٰذَا الْحَالِ وَقَتْلِ مُسْلِمٍ راوی کہتا ہی اس حال پر ملال میں

امام حسین علیہ السلام کو جانی سی کوفہ کی توقف رہا اور قتل مسلم برادر والا مقام پر کمال

تاسف ہوا وَقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ إِنَّ أَهْلَ الْكُوفَةِ هُمُ الَّذِينَ آمَنُوا عَلَىٰ قَتْلِهِ

أَمِيرِ الْمُؤْمِنِينَ وَنَهَبَ لِلْحَسَنِ وَضَرَبَهُ بِالْخَنْجَرِ عَلَىٰ فَخِذِهِ فرمایا یہ اہل کوفہ عجب

خلق بیوفا جماعت پر دغا او رجفا ہیں کہ ہم عترت رسول خدا کی ستانی پر ہمیشہ مہیا ہین امیر

المومنین علی علیہ السلام کی قاتلوں کو سہارا دیا حسن مجتبیٰ کی مال و اسباب کو سب لوٹ لیا

اونکی رانمین خنجر ستم کا ہولہ مارا شرم اور مروت کا طرف ایک قلم چہوڑا فَتَنَفَّسَ الصُّعَدَاءَ

وَبَكَى بُكَاءً شَدِيدًا حَتَّى أَخْضَبَتْ لِحْيَتُهُ بِالدُّمُوعِ ساری بہائی بہی حضرت کے

پاس فراہم ہوکی رونی بفرط اندوہ اور قلق سی چلائی وہم سر و بحر کی گہرے استعداد اوس کی

اشک حسرت آنکہون سی بہی کہ محاسن شریف کی بال تر ہوگئی کتاب عین البکا میں ملا

علی نقی نی لکہا ہی کہ فرزندان مسلم بہی اوس روز سید الشہدا سی کہا ہی کہ ہم جان و ذات پر

دینگی جبتک باپکی قاتلوں سی انتقام نہ لینگی جیسا اونکو مرتبہ شہادت ملا ہی راہ خدا مین

آفت و بلا مین مجبور کیا ہی ہم بہی وہی راہ جائینگی بیدریغ تیغ رضا و تسلیم سی گلا کٹوا دینگی

ای اہل عزا و محبان شاہ کربلا قدر فتنانی نما بندان اہلبیت مصطفیٰ پر جب دست جفا

پڑا یا دو صبیہ مرضیہ کو دیدیتی ہیں واغ بی پدری کا اوٹہایا ایک سکینہ خاتون بنت مسلم

محزون تہی دوسری سکینہ دختر امام ہمایون تہی ہرچند شرح بیان اوس وقت نالہ

فغان ہی کا لاکن تفاوت از زمین تا اسمان ہی زکیہ فی جو شہر غربت میں باپکا مارا جانا سنا

دسوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا شتر سوار کا خبر مسلم لانا اور ماجرا بنت مسلم و سکینہ کا

تو سر پر بیت امت خیر الانام امام حسین علیہ السلام نی اوسکو چہاتی سی لگایا، پیار و محبت سے
پیشانی کو بوسہ دیکی اغوش ناز مین بٹھایا، سکینہ کو زین خونچکان سی سر بحجر کی جو والد کا
سر جدا ہوتا نظر آیا، تو لشکر شقاوت کی تلوارین لیئی اوٹہنی کو دوڑا، خیمہ سی نکالکی یہ
اور خلخال و معجر بہی چہوڑا، زکیہ روتی تہی کہ ہای بابا کی جنازیکو قصر مین لٹکایا ہی، سکینہ
دیکہتی تہی کہ پدر کی لاش پی سر پر گہوڑو نکو دوڑایا ہی، زکیہ کو مرگ والدین المحرم سے
سبہا کی عزت اور توقیر بڑہائی، سکینہ نی شہادت پدر مین روئی پر اعدا کی مار کہائی،
زکیہ کو عزای قبلہ گاہ کا جو سوگ اوتارا تو زیور پہنایا، سکینہ کو مصیبت بابا مین گوہر چہینا
تو کان سی لہو بہایا، زکیہ یتیم ہوکی مادر و خواہر کی ساتہہ گہر آتی، بستر آرام پر سوتی تہی
آب و طعام لذیذ پیتی اور کہاتی، سکینہ دربدر بہوری اور ہمدمہ و دوری مین والد کی جلاتی
اسیر و قید ہوتی اونٹ پر سوار دربدر پہرائی جاتی، زکیہ اپنی مان بہن کو چین سی شاد پاتی
دیکہتی غم پدر اور الم غربت دل سی بہول رہتی، سکینہ ساری کنبی کو ناشاد مونچین محبوس
اور خوار نظر کرتی، دخترات خاک زندان اور خرابہ مین کرتی پڑی آہ سرد بہرتی، زکیہ ایک
ماتم مسلم سی بیقرار و اشکبار تہی کہ اوسکی ساتہہ پرسا دینی کو ہر ایک بی بی سوگوار تہی
سکینہ اٹہارہ شہیدون کا اور بہائی کی لاش خاک و خون مین دیکہہ کی فگار تہی اور اوسکی
ہمراہ تشہیر کوچہ و بازار تہی، زکیہ کو بابا کی سوم و چہلم مین نوازش امام جامہ نو پہنایا
ہر منزل مین سفر کی پردہ خیمہ مین حرمت اور عزت سی بٹہایا، سکینہ کو روز شہادت والد کی
گہر لوٹا سر اپنا جلایا، مان اور پہوپہی کا سر کہلا دکہایا، مثال گنہگاران روم و فرنگ و دیلم
کی دربار ابن زیاد و یزید کی بلوی مین پہنچایا، زکیہ نی عزیز و اقربا کی مہربانی سی مصیبت بابا کی
فراموش کی، سکینہ نی شدت جفا و محنت سی آخر کو قید خانہ مین جان پر خروش دی

گیارہوین مجلس یکسی رد انکی سید الشہدا خطبہ حمد و تذکرہ فضائل خامس آل عبا

نظم ملولفہ سخن کوتاہ رقت کا سما ہے + فلک پر شور ماتم ہو رہا ہے + محبون کو دل صد پارہ

ہر دم + لبون پر آہ و افغان کی صدا ہی + ہوی پیر و جوان مصروف شیون + سیر شک چشم سی

دامن بھرا ہی + کوئی مومن نہین ہولیگا ہرگز + ازل سی ہمکو غم شہ کا ملا ہی + وہ درد انگیز ہین

ناظر کی اشعار + ہر ایک مصرع زبان کربلا ہے

گیارھوین مجلس غریب نینوا کا جاتا کوفہ کیطرف سی بحکم ایام مین تشنگی کا بیابان کشت و منع لانا حقیقت

وخلافت کا عوض کی تیغ جفا دیکھو ر انا و لا ابی عبد اللہ کا فرزند امام حسن علیہ السلام کی سی شرف پانا

دنیا عجبی مجلس ہین جہان رونیکا غل ہوتا ہی + اوس جا کہ زخم رسل ہوتا ہی + داغون سی

کنول دلونکی روشن کرلو + زہرا کا چراغ اوگل ہوتا ہی + دنیا عجبی فردوس سی روح مصطفی

آتی ہی + پھولون بین بسی ہوئی صبا آتی ہی + کیمراین نہ گری سی مراد ابرحسین + یہان گلشن

جنت کی ہوا آتی ہی + دنیا عجبی زرخلق بین مردیا جاکونہ ملی + کچھ فیض امیر ون ہی کو گداکو نہ ملی

بازار جہان بین کیا عجب ہی ای انس + گر مفر فاوس ہی وفاکو نہ ملی + دنیا عجبی راحت بین

ہوئی بسر کہ ایذا گذری + کیونکر تار یک گہر بین تنہا گذری + ای کنج لحد کی رہنی والو افسوس

کس سی پوچھی کہ تمپہ کیا کیا گذری + تمہید بکا فضائل سید الشہدا تقدیر بلا یا

کیعوض بین عطایای امامت نَحْمَدُكَ يَا مَنْ اَجَلَّ مُصِيبَتَنَا الصَّائِبَ

الْمُصِيبَةِ الرَّاتِبَةِ وَالدَّمْعَةِ السَّاكِبَةِ حمد و سپاس کرتا ہون خدا کی جسنے

بڑہائی ہماری مصیبت ہی بسبب شہادت اور محنت اوسکی جسپر طغیانی غم پی در پی تسمہ

سیر شک اہل و لا نام سی مولا کی جوش زن ہین اور اسمان و زمین اوسکی ذکر سی مصیبت انگیز ہین

الْمَطْرُوحِ اللَّعِينِ وَالْمَقْطُوعِ الْوَتِينِ جو میدان مین گرایا گیا سیف و سنان -

گیارہویں مجلس کلمہ سی روانگی سید الشہدا تذکرہ فضائل خامس آل عبا

ازبسکہ کاٹی کمین رگین دل و گردن کی تیغ بران سی اَلذَّبِیحِ العَطشَانِ وَالسَّلِیبِ العُریَانِ
وہ پیاس کی شدت مین تڑپتا ذبح کیا ہی اوسکی بدنِ صد پارہ سی جامۂ خونچکان اوتار لیا ہی
شَیبَتُہُ بِدَمِہٖ خَضِیبٌ وَجہُہُ عَلَی الاَرضِ تَرِیبٌ ریش سفید کو خون سی فرق
پشانی کی خضاب ہوا بدن بی سر خاکین الودہ دہوپ سی جلتا پڑا رہا اَلمُعَفَّرُ الخَدَّینِ
سِبطِ رَسُولِ الثَّقَلَینِ وہ شہید جسکی دو نور رخسار زمین گہوڑی سی گرتی وقت مٹی بھری
وہ مظلوم سعید فرزند رسول جسی خیر الوری نی امت کی پاس اپنی امانت رکھی مَولَانَا
وَمَولَی الکَونَینِ اِمَامُ حُسَینٍ عَلَیہِ السَّلَامُ وہ اقا سیر کونین کا مولا ہی حضرت
امام حسین علیہ التحیۃ والثنا ہی فَعَزُّوا یَا اِخوَانِی فَاطِمَۃَ البَتُولَ عَلَی ابنِہَا المَقتُولِ
پس ای برادرانِ ایمانی ماتم پرسی کرو فاطمہ زہرا کی بتولِ عذرا کو تعزیت سید الشہدا کی
فَوَاحَسرَتَاہُ لِجُسُومِہِمُ المُرَمَّلَۃِ بِالدِّمَاءِ وَوَالَهفَتَاہُ لِاَفوَاہِہِمُ اليَابِسَۃِ
مِنَ الظَّمَاءِ ہای افسوس و دریغ ہی اون اجسام سادات انام پر جو لہو سی اپنی بہگی ہی
لال ہوی ہی اور بہت حسرت ہی اون دہان و مبارک لب و زبان پر جو شدت تشنگی او
پیاس سی خشک و بیحال رہی ہی عَن عَبدِ الرَّحمٰنِ بنِ المُثَنّٰی الهَاشِمِیِّ قَالَ قُلتُ
لِاَبِی عَبدِ اللّٰہِ عَلَیہِ السَّلَامُ جُعِلتُ فِدَاکَ مِن اَینَ جَاءَ لِوُلدِ الحُسَینِ الفَضلُ عَلٰی
وُلدِ الحَسَنِ وَہُمَا یَجرِیَانِ فِی شَرعٍ وَاحِدٍ کتاب علل الشرائع مین عبد الرحمان ابن مثنی ہاشمی
روایت کی ہی جو اونسی کہا مینی حضرت صادق علیہ السلام سی یہ مشکل پوچہی ہی مین تمپر فدا
ہوں امام حسین کی اولاد کو حسن مجتبی علیہما السلام کی فرزندوں پر کس وجہ سی شرف بڑہا ہی
باوجود اسکی جو وہ دونوں کا دریای امامت ایک ہی سرچشمۂ سعادت سی ساوی نکلا ہی
فَقَالَ عَلَیہِ السَّلَامُ لَا اَرٰیکُم مَا تَاخُذُونَ بِہٖ اوس جناب نی جواب دیا تمکو سبب او

گیارہویں مجلس مکہ سے روانگی سید الشہدا فضائل خامس آلِ عبا

جو اپنا مدعا پاؤ مرتبہ بزرگی حضرت حسین علیہ السلام جتاؤں تاکہ ساکت رہجاؤ اِنَّ جبرئیل
نَزَلَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَ اٰمّا وَلَدَ الْحَسَنُ بَعْدُ فَقَالَ لَهُ یُولَدُ لَکَ غُلَامٌ تَقْتُلُهُ اُمَّتُکَ
مِنْ بَعْدِکَ جب امام حسن کی پیدایش سے چند روز گذرے تو ایک دن جبرئیل امین رسولخدا کی
خدمتمین نازل ہوئے عرض کی قدرت باری نے چاہا ہے رحمت کردگاری کا تقاضا ہے
کہ نسل رسول مین فاطمہ زہرا سے ایسا لڑکا پیدا کرے جو بعد از تمہاری رحلت کی امت
جفا کی تیغ سے شہید ہووے فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ یَا جَبْرَئِیْلُ لَا حَاجَةَ لِیْ فِیْهِ
فَخَاطَبَهُ ثَلَاثًا وَمَا یَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰی نے فرمایا اے برادر جبرئیل مجھے ایسے فرزند کی حاجت
نہین اور تین مرتبہ یہ سوال و جواب کی باتین درمیان رہین ثُمَّ دَعٰی عَلِیًّا فَقَالَ لَهُ
اِنَّ جَبْرَئِیْلَ یُخْبِرُنِیْ عَنِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ اَنَّهُ یُوْلَدُ لَکَ غُلَامٌ تَقْتُلُهُ اُمَّتِیْ مِنْ بَعْدِیْ
فَقَالَ لَا حَاجَةَ لِیْ فِیْهِ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَخَاطَبَ عَلِیًّا ثَلَاثًا پھر مخبر صادق نے
امام اور صحیب ناطق علی ابن ابیطالب کو بلا کے کہا اے برادر مجھکو جبرئیل نے خداوند جلیل کی طرف سے
پیام لاکے دیا کہ تمہاری صلب سے ایک بیٹا ایسا عالم وجود مین آئیگا جو میری وفات کی بعد
ظلم و ستم امت سے مارا جائیگا علی مرتضی نے بھی وہ مولود سے انکار کیا کہ مین دلبند غم پرور
لیکی کیا کرونگا اونسے بھی تین بار اس باب مین تکرار ہوئی کسی صورت بار مصیبت اوٹھا
نہ سکے تب نہ ہی ثُمَّ قَالَ اِنَّهُ یَکُوْنُ فِیْهِ وَفِیْ وُلْدِهِ الْاِمَامَةُ وَالْوِرَاثَةُ وَالْخِزَانَةُ
جبرئیل نے کہا اے رسولخدا حضرت باری کی اس آفرینش مین مصلحت دیکھا کہ اوسمین اور
اولاد امجاد مین عہدہ امامت و خلافت معین رہیگا بار وراثت انبیا و اسرار کبریا وہ
اپنی دوش پر لیگا فَاَرْسَلَ اِلٰی فَاطِمَةَ اَنَّ اللّٰهَ یُبَشِّرُکِ بِغُلَامٍ تَقْتُلُهُ اُمَّتِیْ مِنْ
بَعْدِیْ فَقَالَتْ فَاطِمَةُ لَیْسَ لِیْ حَاجَةٌ فِیْهِ یَا اَبَهْ فَخَاطَبَهَا ثَلَاثًا بی بی شیر خدا نے

گیارہوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا تذکرہ فضائل ور ولادت خامس آل عبا

فاطمہ زہرا کو خبر دی کہ ایزدِ قدیر نی تیری واسطی پیدایش ولد مقدر کی جو میری رحلت ہونی کی
پیچھی است بی رحم ماریگی اور انواعِ محنت واذیت مین اوسکو ڈالینگی بتول عذرانی جواب دیا
مجھی اوسکا دیدار نا گوار ہی ایسا بیٹا جو شہید ہو نہین درکار ہی اوسنی بھی تین دفعہ یہی کلام
درمیان مین آیا اخر کو رازِ نہان سی پردہ کھولا سمجھایا ثُمَّ اَرْسَلَ اِلَیْهَا لَا بُدَّ اَنْ یَکُوْنَ
فِیْهِ الْاِمَامَةُ وَالْوِرَاثَةُ وَالْخِزَانَةُ پیام سی غم وشادی کی محزون اور مسرور کیا
اور کہا کہ ضرور قبول کرو امرِ قدر وقضا اوسکی اوپر وراثتِ انبیا کا مرتبہ قرار پاتا ہی
کنوزِ امانت وخزانہ رحمت حضرتِ ربانی کا سونپا جاتا ہی فَقَالَتْ لَهُ رَضِیْتُ
عَنِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَعَلِقَتْ وَحَمَلَتْ بِالْحُسَیْنِ عَلَیْهِ السَّلَامُ فَحَمَلَتْ سِتَّةَ اَشْهُرٍ
یہ نوید سنکی فاطمہ نی گردنِ تسلیم جھکا دی عرض کی خدا و رسول جسمین راضی ہون سینی
منظور کی پس مزید قلق واکراہ سی حمل رہا اور مدت چھہ مہینی کا عرصہ گذرا ثُمَّ وَضَعَتْهُ
وَلَمْ یَعِشْ مَوْلُوْدٌ قَطُّ لِسِتَّةِ اَشْهُرٍ غَیْرَ الْحُسَیْنِ بْنِ عَلِیٍّ وَعِیْسَی ابْنِ مَرْیَمَ
عَلَیْهِمُ السَّلَامُ پہر ولادتِ باسعادت ہوئی تو مسرت وقت اہلبیت کو توام ہی کوئی
مولود چھہ مہینی کا پیدا ہو کی نہین جیا سوای حسین ابنِ علی اور عیسی ابن مریم علیہما السلام کی
جو اوپر جامہ حیات رسا کیا فَکَفَلَتْهُ اُمُّ سَلَمَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا ہنگام پیدایش طاہر مین
کفالت امور پر ام سلمہ کا اہتمام تہا روایتِ معتبرہ سی لعیا نور العین فی ساتہ عورات میں سلمی
ہر طرحکا سر انجام کیا فَلَمْ یَرْضَعْ مِنْ فَاطِمَةَ وَلَا مِنْ غَیْرِهَا لَبَنًا قَطُّ فریقین کی احادیث
حسن اور صحیح مین ایا ہی کہ امام حسین علیہ السلام نی اپنی والدہ خواہ دوسری خاتون کا شیر نوش
نہین فرمایا ہی وَکَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ یَاْتِیْهِ فِیْ کُلِّ یَوْمٍ فَیَضَعُ لِسَانَهُ فِیْ فَمِ الْحُسَیْنِ
فَیَمَصُّهُ حَتّٰی یَرْوٰی رسولِ خدا ہر روز بتول عذرا کی قرین آتی تھی امام حسین علیہ السلام کو

گیارہوین مجلس مکہ سی عراق کو روانگی سید الشہدا تذکرۂ امامت حضرت جو بنا اونکا عوض ملا.

آغوش مین لیکی زبانِ مبارک اونکی دہان مین دیکی پلاتی تہی وہ تشنہ کام زلالِ شہادت ناناکی

لسان کو چوستی چشمہ فضل و کرم تہی چوستی یہان تک کہ دو دن و رات کو سیر ہوتی فَانْبَتَ اللّٰہُ

لَحْمَہٗ مِنْ لَحْمِ رَسُوْلِ اللّٰہِ پس گوشت اور پوست اور خون و رگ و پی امام حسین کی بدن

جو پیدا ہوا خاتم انبیا کی اجزای جسم سی بڑہا اور اوسی بحر سعادت کا شیفتہ تہا فَلَمَّا اَنْزَلَ اللّٰہُ

تَبَارَکَ وَتَعَالٰی فِیْہِ شانین امام حسین علیہ السلام کی خدا نی یہ ایت نازل کی ساری اُمت کو

ج ۲۶ پ احقاف

اونکی شرافت سی معرفت کامل دی وَوَصَّیْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَیْہِ اِحْسَانًا حَمَلَتْہُ اُمُّہٗ

کُرْہًا وَّوَضَعَتْہُ کُرْہًا وَحَمْلُہٗ وَفِصَالُہٗ ثَلٰثُوْنَ شَہْرًا ظاہر معنی یہ ہین کہ وصیت

بہنی انسان کو واسطی نیکی اور احسانِ والدین کی اور بار ور ہوئی ماں اوسکی مبتلای ہم اور غم او

جنی حالت کراہت کی تیس مہینے سی حَتّٰی اِذَا بَلَغَ اَشُدَّہٗ وَبَلَغَ اَرْبَعِیْنَ سَنَۃً قَالَ

رَبِّ اَوْزِعْنِیْ اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَکَ الَّتِیْ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا

تَرْضٰہُ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ تا یہ کہ قوت و زور کو پہنچا اور چالیس برس کا پورا ہوا کہا

ای خدا نصیب کر مجھکو کہ شکر بجا لاؤن تیری نعمت کا جو مجھی عطا کین ہین اور میری والدین کو

انواع نعمات دین ہین توفیق بخش کہ عمل صالح بجا لاؤن جو تو اوسکی سبب رضامند ہو وہ کام

کرون بار الہا نیک و پاکیزہ اور اچہا کر میری اولاد مین فَلَوْ قَالَ اَصْلِحْ لِیْ ذُرِّیَّتِیْ کَانُوْا

ذُرِّیَّتُہٗ کُلُّہُمْ اَئِمَّۃً معصوم ہی فرمایا کہ اگر خاص آل عبا دعا مانگتی رب عالمی بلا

صالح ہو نیکی اپنی اولاد مین ہر اینہ اونکی ساری نسل امام ہو اکرتی وَلٰکِنْ خَصَّ ہٰذَا اَصْلِحْ

لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ لاکن اوس بزرگوار نی تخصیص کی اپنی فرزندون مین بعض اولاد کی واسطی

تو بیٹی پوتی اونکی ذریت سی امام ہوئی ۲۸ رُوِیَ عَنِ الصَّادِقِ عَلَیْہِ السَّلَامُ اَنَّہٗ قَالَ

وَوَصَّیْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَیْہِ اِحْسَانًا قَالَ الْاِحْسَانُ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

گیارہویں مجلس مکہ سے عراق کو روانگی سید الشہداؑ تذکرۂ امامت و جمعیت دنیا اونکا عوض ملا

کتاب عاشر بحار میں ابی عبد اللہؑ ثانی کی زبانی روایت کی ہی کہ تفسیر میں اس آیت کی بشارت دی ہی مراد احسان سے پیغمبر خدا ہیں جو عبارت کلام الٰہی اوسپر دلالت فرماتی ہیں وَقَولُهُ بِوَالِدَيهِ اِنَّمَا عَنَى الحَسَنَ وَالحُسَينَ اور فرمودۂ خالق کام و زبان سے معنی والدیہ عیان ہیں کہ وہ امام حسن اور امام حسین سید شباب جنان ہیں ثُمَّ عَطَفَ عَلَى الحُسَينِ فَقَالَ حَمَلَتهُ اُمُّهُ كُرهًا وَوَضَعَتهُ كُرهًا پھر حق تعالیٰ نے عطف کیا یعنی بطرف ذکر شاہ شہیدان اور اونکی شان ہیں وَذٰلِكَ اَنَّ اللّٰهَ اَخبَرَ رَسُولَ اللّٰهِ وَبَشَّرَهُ بِالحُسَينِ قَبلَ حَملِهِ اور یہ ماجرا یوں گذرا کہ اللہ نے رسالت پناہ کو خوشخبری دی قبل از قرار پانے حمل کے جو اوس سے بعد امام حسین کی پیدایش ہوئی وَاَنَّ الاِمَامَةَ تَكُونُ فِي وُلدِهِ اِلَى يَومِ القِيَامَةِ فضیلت کا مزید کرامت سے رتبۂ قدر و منزلت بڑھایا کہ سلسلۂ امامت اونکی اولاد میں حشر تک قائم فرمایا ثُمَّ اَخبَرَهُ بِمَا يُصِيبُهُ مِنَ القَتلِ وَالمُصِيبَةِ فِي نَفسِهِ وَوُلدِهِ پھر اپنے حبیب و پیغمبر کو مطلع کیا وہ حادثۂ مصیبت سے جو ابی عبد اللہ گذریگا دشت امتحان میں وطن سے جانا بھوک پیاس میں زخم تیغ و سنان کھانا اولاد طفل و جوان کا شہادت پانا ضرب خنجر ستم سے گردن کا جدا ہونا اور جو عترت اطہار پر ظلم و جفا اعدا گذریگی گھر کا لٹنا خیموں کا جلنا عورات کا اسیر ہوکے دربدر پھرنگی ثُمَّ عَوَّضَهُ بِاَن جَعَلَ الاِمَامَةَ فِي عَقِبِهِ اوس صدمۂ مصیبت اوٹھانی کا عوض بخشا اور اونکی فرزندوں کو یہ درجۂ امامت دیا وَاَعلَمَهُ اَنَّهُ يُقتَلُ ثُمَّ يَرُدُّهُ اِلَى الدُّنيَا وَيَنصُرُهُ حَتّٰى يَقتُلَ اَعدَائَهُ وَيُملِكَهُ الاَرضَ جب رسول اللہ کو آگاہ فرمایا کہ حسین شہید کیا جائیگا اسکا قادر توانا بعد انقضائے مدت معلوم اوس مظلوم کو دنیا میں پھر لائیگا لشکر نصرت اور ظفر اپنی دیگا کہ ساری اعدائے دین کو قتل کریگا سلطنت عالم کا اوسے مالک اور مختار بنائیگا رتبۂ عز و جاہ

گیارہوین مجلس بکہ سی عراق کو روانگی سید الشہدا ثواب سورہ فجر کی تلاوت کا

اور شوکت امام ابرار بڑہا یگا و ہو قولہ تعالی اسپر دلیل قول رب جلیل ہی اور شان میں
امام مبین کی یہ تنزیل ہی و نرید ان نمن علی الذین استضعفوا فی الارض الی
الآیۃ ارادہ کیا ہمنی اس بات کا منت رکہین اونپر جو دنیا مین ضعیف ہو گئی ہین یعنی امام حسین
اور اونکی اولاد و اصحاب امجاد جو بار ہلاکت اور رانده اوٹہای تہی اون سبکو قدرت کاملہ سی
پہر زندہ کرین اپنی اعدا پر غالب ہوکی ہماری یاری سی زمین کی مالک رہین و قولہ و لقد
کتبنا فی الزبور من بعد الذکر ان الارض یرثہا عبادی الصالحون
دوسری جا قرآن مجید مین اللہ کا قول آیا ہی کہ ہرگاہ لکہا ہمنی زبور مین بعد ایراد کرنی ذکر کی
اس حرف کو بدرستی کہ زمین میراث ملی کی بندگان برگزیدہ شایستہ کو جو اونکی قبضہ تصرف مین
دین و ایمان سی آباد ہو فبشر اللہ نبیہ ان اہلبیتک یملکون الارض و
یرجعون الیہا و یقتلون اعداءہم پس ایزد تعالی نی اپنی رسول کو اس بات کی بشارت
کرامت کی کہ تمہاری اہلبیت کی عالم مین کمال اقتدار سی مراجعت ہو گی ساری دنیا و ما فیہا کی
مختار و مالک رہینگی اپنی مخالفونکو غلبہ قہر سی مار کی مدت تک سلطنت کرینگی کنز عن دارم
بن فرقد قال قال ابو عبد اللہ اقرءوا سورۃ الفجر فی فرایضکم و نوافلکم
فانہا سورۃ للحسین بن علی و ارغبوا فیہا رحمکم اللہ تعالی کتاب کنز القرآن مین
دارم ابن فرقد سی روایت کی ہی اور اوسنی ابی عبد اللہ ثانی کی زبانی بشارت سنی ہی جو فرزند
مخبر صادق نی فرمایا کہ ای محبو سورہ فجر کو اپنی نماز فرض و سنت مین پڑہو رحمت کری تمپر
خدای تعالی کہ اجر و ثواب زیادہ ہوگا تمہارا فقال لہ ابو اسامۃ و کان حاضر
المجلس و کیف صارت ہذہ السورۃ للحسین خاصۃ ابو اسامہ جو حاضر
مجلس و الاہتمام تہا بولا کیونکر یہ سورہ واسطی امام حسین علیہ السلام کی خاص ہوا قال

شططا جاوز القدر والحد و تباعد عن الحق

گیارہوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا تعرض و اقتدی و نمایش سپاہ ملائکہ

روانگی امام حسین علیہ السلام از مکہ جانب عراق و احوالات راہ تا منزل ثعلبیہ

قدم پیمایانِ وادی اندوہ و ملال و رہ نوردانِ صحرای زاری و ابتہال مسافرانِ دشتِ کرب و بلا و قافلۂ لشکرِ شیون و بکا رسیدگانِ مراحلِ قربِ یزدانی و مقیمانِ منازلِ امتحانِ ربانی قصہ پر غصہ قربانی راہِ وفا و سانحہ واقعہ ثانی یحییٰ بن زکریا زبانِ صدق و صفا سی یون بیان کرتی ہین کہ جب عاشقِ باری کو بیکباری ملال دوری فی مبتلای بیقراری کیا اور پیامِ بیکباری علایق و اسطی وصالِ حضوری کی سُروش کامگاری فی دیا فتوح روح پر جامہ ہستی ناگوار ہوا شوقِ تیغ سی سر پرشور کا کہہ دن پر بار ہوا پیشانی سنگِ طعنہ و سنان شکستن کشادہ ابرو کجبازی چرخِ مقوس پر آمادہ آنکھین نورِ نظر کی خاک مین ملانیکو راہِ اشارہ بین گوش کو صدای الغیاث کی سماعت سی خبرین گذرتین و دماغ شمیم شہادت کا جویا زبان یاد مولا سی گویا لب و دہان زلالِ عطش کی راغب چہرہ رخسارہ بلا کا طالب سینہ جوشِ محبت مین نیزہ محنت کا خواہان جگر پارہ ہو کی ٹکڑی ہونی پر خدنگِ جذب کا نشان ہاتھ کو قطعِ حیات پر خنجرِ جفا کی جستجو رہی کمر قوتِ بازو کی ٹوٹ جانی پر بندھی تہی قدم راہِ صبر کی سالک سرتا پا آفات و بینوائی کی مالک جان تحمل ہزار آزار اور تن مستعد زخم نیزہ و تیغ آیا وہ وقت آیا کہ نام و نشانِ پنجتن دنیا سی جاتی خاندانِ رسول چھوڑتین بلا و محن و مصیبتہا ہی سکینہ بی بی پدر ام کلثوم و زینب ننگی سر پھرین اطفالِ یتیم ضربِ سیلی و تازیانی سہاکی تڑپتی ہین اولادِ بتول شالِ کفار ترک و دیلم لیٹی اہلبیت کی عزت اسیری و قید مین لٹی مروی ہی عن الواقدی و زرارة بن صالح قالا لقينا الحسين بن علي قبل خروجه الى العراق بثلاثة ايام فاخبرناه بهوى الناس بالكوفة وان قلوبهم

گیا ہونا مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا عبداللہ بن عباس و ابن زبیر کا مزاحم ہونا

وَسَيُوفُهُمْ عَلَيْهِ کتاب عاشر بحار الانوار میں واقدی و زرارہ ابن صالح سی روایت کی ہی
کہ امام حسین علیہ السلام سی تین روز قبل جانی سفر عراق کی ہماری ملاقات ہوئی ہی ہمنی اہل کوفہ کی
نفاق سی اونکو خبر دی اور ابن زیاد و یزید کی حیلہ اور عداوت سی تفصیل کہی کہ اوس جماعت کی دل
تمہاری طرف الفت پر مائل ہیں اور تلواریں ساری اولادِ رسول کی جان کی قاتل ہیں فاومی
بِيَدِهِ نَحْوَ السَّمَاءِ فَفُتِحَتْ اَبْوَابُ السَّمَاءِ وَنَزَلَتِ الْمَلَائِكَةُ عَدَدًا لَا يُحْصِيهِمْ
اِلَّا اللّٰهُ تَعَالٰى اوس زینت عرش و کرسی نی ہاتھہ اوٹھا کی جانب افلاک اشارہ کیا ناگاہ دیکھا
کہ دروازہ اسمان کا باز ہوگیا فوج ملایکہ سلاح جنگ باندہی اسقدر آئی کہ اونکی جمعیت کی گنتی
سوای ذات باری کسینی نہیں پائی فَقَالَ عَلَيْهِ السَّلَامُ لَوْلَا تَقَارُبُ الْاَشْيَاءِ
وَحُبُوطُ الْاَجْرِ لَقَاتَلْتُهُمْ بِهٰؤُلَاءِ حضرت نی فرمایا اگر تقارب اشیا کا دہیان اور اپنی
اجر کا نقصان نہوتا تو ہراینہ اس لشکر کی امداد و نصرت سی لڑتا اور اعدا کو مارتا وَلٰكِنْ
اَعْلَمُ يَقِينًا اَنَّ هُنَالِكَ مَصْرَعِي وَمَصْرَعَ اَصْحَابِي لاکن پہچانتا ہوں یقین کہ میرا وہاں
مقتل اور مدفن ہی اور تمام اولاد و اصحاب کا حشر تک خوابگاہ و مسکن ہی وَلَا يَنْجُو مِنْهُمْ
اِلَّا وَلَدِي عَلِيٌّ ہلاکت سی کوئی ہمراہ نہیں باقی رہیگا سوای زین العابدین کہ ذریت انکا
ثبوت ہیں وہی بچا کا مرہی وَجَاءَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَبَّاسِ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ
فَاَشَارَا اِلَيْهِ بِالْاِمْسَاكِ پس اوس مسافر غربان اور عازم وفای عہد یزدان کی خدمت میں
عبداللہ ابن عباس و عبداللہ ابن زبیر آئی اور بعد سلام و تحیت بطریق مشورت کہ میں ہی کی
واسطی دلیل و برہان لائی فَقَالَ لَهُمَا اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ قَدْ اَمَرَنِي بِاَمْرٍ وَاَنَا مَاضٍ فِيهِ
حضرت نی مخبر صادق کی فرزند ہوئی مجہی نانا ہیسو خدا نی جو امر کیا ہی اوسکا بجالانا باعث صواب
خدا پر ہانا طاعت و فرض واہی قَالَ فَخَرَجَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْعَبَّاسِ وَهُوَ يَقُولُ

گیارہویں مجلس مکہ سے روانگی سید الشہدا عبد اللہ بن زبیر و ابن عمر کا مزاحم ہونا

واحسیناہ راوی کہتا ہے ابن عباس روتے ہوئے باہر نکلے نوحہ و فریاد واحسینا واسیداکرتے
بیت الحزن چلے مروی ہے قال وجاء عبد اللہ بن عمر فاشار علیہ بصلح اہل
الضلال وحذرہ من القتل والقتال راوی کہتا ہے سب عبد اللہ ابن عمر نے سنا
کہ امام حسین علیہ السلام مکہ سے جاتے ہیں اور قصد ملک عراق پر قدم بڑھاتے ہیں واسطے مشورہ
نصیحت کے حضرت سے ملاقات کی اور ترک مقاتلہ و طاعت اہل بدعت پر صلاح دی فقال
علیہ السلام یا ابا عبد الرحمن اما علمت ان من ھوان الدنیا علی اللہ تعالی
اوس جناب نے جواب دیا اے ابا عبد الرحمن تمنے نہیں سنا کہ دنیا بے اعتبار ہے اور کسقدر اللہ تعالی کے
نزدیک پست و خوار ہے ان راس یحیی بن زکریا اھدی الی بغی من بغایا بنی
اسرائیل خوشنودی زن فاحشہ کی واسطے یحیی ابن زکریا کا سر کاٹا گیا اور ہدیہ بھرا وہ زنیہ
بنی اسرائیل کی پاس بھیجا گیا اما تعلم ان بنی اسرائیل کانوا یقتلون ما بین طلوع
الفجر الی طلوع الشمس سبعین نبیا وہ اشرار ایسے تھے کا ترسے جو دلمیں خوف خدا کے مطلق نہ تھا
کہ مابین طلوع صبح اور طلوع آفتاب ستر پیغمبر کو مار ڈالا ثم یجلسون فی اسواقھم یبیعون
ویشترون کان لم یصنعوا شیئا خوش و خرم بازاروں دکانیں کھولتے خرید و فروخت میں
مصروف ہوتے گویا کچھ نہیں کیا جس کا چرچا کریں یا گریباں تاسف پرمیں ڈالیں منہ فلم
یعجل اللہ علیھم بل اخذھم بعد ذلک اخذ عزیز ذی انتقام پس خدا نے اونکو مہلت
بخشی جب مصلحت دیکھی سخت عذاب کی سزا دی اتق یا ابا عبد الرحمن ولا تدع
نصرتی اے ابا عبد الرحمن تقوی و پرہیز گار رکھ اپنا شعار اوقات کر و اور مجھ بے یار و بے کس کی
نصرت و مددگاری کو ہاتھ سے نہ دو مروی ہے عن الفرزدق انہ قال حججت بامی فی
سنۃ ستین فبینا انا اسوق بعیرھا حتی دخلت الحرم فرزدق شاعر کہتا ہے

گیارہوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا راہ مین فرزدق شاعر کا انا

یہ مضمون ادا ہوا کہ مین سنہ ساٹھہ مین والدہ کو ساتھہ لیکی عازم حج تہا صحرا و بیابان مین
اپنی اونٹ کو ہانکتا جاتا تاکہ حرم خدا کی قرب و جوار مین پہنچا اِذْ لَقِيتُ الْحُسَيْنَ خَارِجًا
مِنْ مَكَّةَ مَعَهُ اَسْيَافُهُ وَاَتْرَاسُهُ حوالی شہر مکہ مین قبلہ ایمان امام حسین علیہ السلام کو
قدم بیچا دیکہا اونکا ساماں سفر اور سپر تلوار والی سوار و پیادی کا لشکر جو ہمراہ تھا نظر سی گذرا
فَقُلْتُ لِمَنْ هٰذَا الْقِطَارُ فَقِيلَ لِلْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ مین پوچہا
یہ قطار مین کسکا اسباب بار اتا ہی جواب دیا کہ فرزند احمد مختار امام حسین علیہ السلام کا جاہ و حشم
جاتا ہی فَاَتَيْتُهُ وَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ وَقُلْتُ لَهُ اَعْطَاكَ اللّٰهُ سُؤْلَكَ وَاَمَلَكَ
فِيمَا تُحِبُّ بِاَبِيْ اَنْتَ وَاُمِّيْ يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ مَا اَعْجَلَكَ مِنَ الْحَجِّ یہ خبر سنکی
مین حضور شاہ دین مین گیا سلام و تحیت بجا لاکی رسم دعا و ثنا کو ادا کیا عرض کی اپنا حبیب و
دنیا و ما فیہا خدا تمہاری مراد اور آرزو کو بر لاوی اور میری ماں باپ کو تمہری قربان اور فدا
کری ای فرزند رسول دلبند بتول کیا ماجرا گذرا جو حرم کبریا سی اتنا جلدی قدم باہر نکالا اور مناسک
حج کو ایام طواف مین پورا نہ کیا کس ہجوم بلا نی اپکو صدمہ غربت دیا قَالَ لَوْلَمْ اُعَجِّلْ لَاُخِذْتُ
جواب دیا ہرگاہ مین اعمال حج بجا لانی پر توقف کرتا تو اعدا کی ہاتہہ مین گرفتار اور مقید ہو جاتا
ثُمَّ قَالَ لِيْ مَنْ اَنْتَ قُلْتُ رَجُلٌ مِنَ الْعَرَبِ وَلَا وَاللّٰهِ مَا فَتَّشَنِيْ عَنْ اَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ
کمال شفقت اور مہربانی سی پوچہا تو کون ہی جو ہماری حال کا جویا ہوا مین کہا قبائل عرب
ایک مسافر ہونگا قسم خدا کی زیادہ نام و نشان کا پتا نہ بتاونگا ثُمَّ قَالَ لِيْ اَخْبِرْنِيْ عَنِ
النَّاسِ خَلْفَكَ پہر مجہی ارشاد کیا وہ خبر دی جو دیکہا ہی اور خلائق کو اپنی شہر مین کس طور پر
چہوڑا ہی فَقُلْتُ اَيَّ خَبَرٍ سَئَلْتَ قُلُوْبُ النَّاسِ مَعَكَ وَاَسْيَافُهُمْ عَلَيْكَ
وَالْقَضَاءُ يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَاللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يَشَاءُ مین عرض کی جو اپنی حال عراق تہا

اونکی

٣٣٢

گیارہویں مجلس مکہ سے روانگی سید الشہدا راہ میں فرزدق کا ملنا عبد اللہ جعفر کا خط آنا

اونکی دل پر نفاق کو تمہاری دوستی پر اتفاق ہوا ہے مگر بلوا رہیں قبل آل رسول پر چمک جاتی ہیں

یزید کی ہواداری میں جوہر ستم دکہاتی ہیں حکم قضا و قدر آسمان سے آتا ہے اور اللہ جو چاہتا ہے

وہ کرتا ہے قَالَ صَدَقْتَ لِلّٰہِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُ وَكُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِي شَأْنٍ

اِنْ نَزَلَ الْقَضَاءُ بِمَا نُحِبُّ فَنَحْمَدُ اللّٰهَ عَلٰى نَعْمَائِهِ وَهُوَ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى اَدَاءِ الشُّكْرِ

فرمایا کہ سچ کہا تونی اول و آخر میں ہر کام پر ارادہ الٰہی کو اختیار ہے اور اوسکی امر و حکم کو ہر وقت

نیا اقتدار ہے وہ قضا و بلا جاری کرتا ہے جیسا کہ بندوں کی واسطی مناسب جانتا ہے اگر نازل ہوا اوسکی

طرف سے جو مطلوب ہے پس حمد کروں اسکی نعمات پر اور مدد کرتا ہے ادای شکر و سپاس میں

وَاِنْ حَالَ الْقَضَاءُ دُوْنَ الرَّجَاءِ فَلَمْ يَبْعُدْ مَنْ كَانَ الْحَقُّ نِيَّتَهُ وَالتَّقْوٰى

سَرِيْرَتَهُ اگر برخلاف مراد عباد مشیت و ارادہ خالق میں حکم صادر ہو تو بھی ناامید نہیں ہوتا

جو حق کی ساتھ اوسکی نیت اور سیرت پرہیزگاری فَقُلْتُ لَهُ اَجَلْ بَلَّغَكَ اللّٰهُ مَا

تُحِبُّ وَكَفَاكَ مَا تَحْذَرُ میں بولا سچ ہے اللہ تمہاری امید کو حسب دلخواہ بر لائے اور اعدا کی شر

اور آفت سے عترت رسالت پناہ کو بچائے وَسَاَلْتُهُ عَنْ اَشْيَاءَ مِنْ نُذُوْرٍ وَمَنَاسِكَ

فَاَخْبَرَنِيْ بِهَا وَحَرَّكَ رَاحِلَتَهُ یعنی پوچھا آداب زیارت اور مناسک طواف کو تو اوس

ہادی عالم نے ساری مسایل و ارکان تعلیم کئی مجکو بعد از ادای کلام زمام ناقہ سواری اوٹھا

کر سلام علیک فرمایا کے راہ مقصد میں قدم بڑہایا وہ قاسم جنت و نعیم شتیر علی پا کہ خوف و رجا کی

کشاکش سے منزل تنعیم میں پہنچی دُوِيَ وَلَحِقَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ بِابْنَيْهِ عَوْنٍ

وَمُحَمَّدٍ وَكَتَبَ عَلٰى اَيْدِيْهِمَا كِتَابًا يَقُوْلُ فِيْهِ حسب وقت شاہ بحر و بر کی خبر عبد اللہ جعفر کو

پہنچی تشویش جان فرزند احمد مختار سے طاقت ضبط و قرار باقی نہ رہی بہت الحاح و زاری کی

عرضی لکہی اور اپنی دو نو پسر عون و محمد کی ہاتھ بہیجی اَمَّا بَعْدُ فَاِنِّيْ اَسْاَلُكَ بِاللّٰهِ لَمَا

گیارہوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا عبد اللہ جعفر کا حاکم سی نامہ امان لانا

اِنْصَرَفْتَ حِیْنَ تَنْظُرُ فِیْ کِتَابِیْ هٰذَا فَاِنِّیْ مُشْفِقٌ عَلَیْکَ مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ الَّذِیْ تَوَجَّهْتَ لَهٗ ای قایم مقام رسول اور نشان ونام حیدر وبتول خدا کی واسطی جب میرا نوشتہ پڑہنا تو اوس دم سفر عراق سی پہرنا و ہانکا ہرگز قصد نکرنا مین ازراہِ خیرخواہی عرض کرتا ہون اور جدہر جاتی ہو مآل مین تباہی کا سامان دیکہتا ہون بِاَنْ یَکُوْنَ فِیْهِ هَلَاکُکَ وَاسْتِیْصَالُ اَهْلِ بَیْتِکَ یہ اسباب ہین تمہاری شہادت کی اور ہلاک وبربادی اہل وعیال وعترت کی وَاِنْ هَلَکْتَ الْیَوْمَ طُفِیَ نُوْرُ الْاَرْضِ فَاِنَّکَ عَلَمُ الْمُهْتَدِیْنَ وَرَجَاءُ الْمُؤْمِنِیْنَ پس اگر خدا نکری آپکو کچہہ بلا اور آفت نی گہیرا جان سی مارا تو گویا علم ہدا گرا رونق اسلام پہ پانی پہیر جیت اور خلیفہ خدا دنیا سی گیا امیدگاہ اہل سعادت کوئی نرہا تم زمین وزمان کی نور ہو جہان مین اندہیرا چہا جائیگا نشان طریق دین سر دارہ مومنین ہو نقش ایمان کا بگڑ جائیگا فَلَا تَعْجَلْ بِالسَّیْرِ فَاِنِّیْ فِیْ اَثَرِ کِتَابِیْ وَالسَّلَامُ تمکو قسم دیتا ہون جانی مین جلدی نکرو جہان میرا عریضہ دیکہو اوس مقام پہ توقف ہو کہ مین پاس تحریر کی پہنچا آتا ہون اور جو تدبیر مناسب ہی وہ کرتا جاتا ہون وَصَارَ عَبْدُ اللّٰهِ اِلٰی عَمْرِو بْنِ سَعِیْدٍ فَسَأَلَهٗ اَنْ یَکْتُبَ اِلَی الْحُسَیْنِ اَمَانًا وَیُمَنِّیْهِ لِیَرْجِعَ عَنْ وَجْهِهٖ عبد اللہ بن جعفر شتابان قدم بڑہایا مکہ مین جاکی عمرو بن سعید سی چاہا ای امیر گردش تقدیر سی حضرت شبیر عجب مصیبت مین گہری ہین خوف اور زمرۂ اعدا سی کہین پناہ نہی تو مقتل کیطرف چلی ہین اگر تمہین عافیت اور سلامت اونکی رہنی کو ملی تو مین پہیر لاؤن یقین آل عباس وہی باقی ہین عراق کو جانی نہ دون فَکَتَبَ اِلَیْهِ عَمْرُو بْنُ سَعِیْدٍ کِتَابًا یُمَنِّیْهِ فِیْهِ الصِّلَةَ وَیُؤَمِّنُهٗ عَلٰی نَفْسِهٖ وَاَنْفَذَهٗ مَعَ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ اوسی حسب استدعا کی طومار مشحون قول قرار کیا اور اپنی بہائی کی ہاتہ نوشتہ دلداری سید الشہدا کو بہیجا فَلَحِقَهٗ یَحْیٰی وَعَبْدُ اللّٰهِ

گیارہوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا عبد اللہ کا نامہ امان لانا فرزندونکو ہمراہ بھیجنا

بن جعفر بعد نفوذ ابنیہ ودفعا الیہ الکتاب وجہدا بہ فی الرجوع
پس یحیی کی ہمراہ بعد روانگی فرزندان عبد اللہ جعفر بھی امام حسین علیہ السلام کی خدمت مین
ائے اور کتابت دیکی بہت اصرار و مبالغہ سی حرف بازگشت لب پر لائی فقال انی
رایت رسول اللہ فی المنام وامرنی بما انا ماض لہ حضرت نے کہا مینی اپنی نانا
رسولخدا کو خواب مین دیکھا ہے اوس مطلب کی سرانجام کو جاتا ہون جو ارشاد ہوا ہے
فقالوا لہ ما تلک الرؤیا پوچھا وہ رویا کیا ہے جو اوسنے اپکو امر کیا ہے فقال
ما حدثت احدا بہا ولا انا محدث بہا احدا حتی القی ربی عز وجل
جواب دیا وہ ماجرا اپنی کسی پر نہین کہولا ہے اور کبھی نکہونگا تا خدا سی ملاقات ہو کہ وہ وقت
نزدیک آیا ہی فلما یئس منہ عبد اللہ بن جعفر امر ابنیہ عونا ومحمدا
بلزومہ والمسیر معہ والجہاد دونہ جب عبد اللہ ابن جعفر سرور کی مراجعت سے
مایوس ہوئے تو اپنی دونو فرزند اوس جناب کی ہمراہ رکاب کئی وصیت فرمائی کہ تم ہمراہ رکاب
ساتھ مانند سایہ جاؤ اگر اعداسی مقابلہ ہو جان نثاری مین شرط وفا بجا لاؤ چھوٹی سن مین
بڑا نام کرو جسمین روح رسول وبتول خوش ہو انجام وہ میدان جہاد مین حمایت امام دین ہے
ایسا کرنا جو دنیا مین نام اور نشان جعفر طیار کو زندہ کرنا ورجع مع یحیی بن سعید
الی مکۃ وتوجہ الحسین الی العراق پس عبد اللہ جعفر با چشم تر او غمین جگر یحیی کی
ہمراہ طرف مکہ معظمہ پھری اور حضرت امام حسین علیہ السلام اہلبیت اور موالی اپنی لیکی جانب عراق
راہی ہوی مغذا لا یلوی الی شیٔ حتی نزل ذات عرق لکن بیابی شوق کسی
کسی امر کی مقید اور پابند آسایش نہتی تاکہ منزل ذات عرق مین بار کرکے وکاوش پہنچی قال
سالم
لنا رصلوات اللہ علیہ حتی نزل الثعلبیۃ وقت الظہیرۃ راوی کہتا ہے وہ

گیارہویں مجلس مکہ سے روانگی سید الشہدا راہ میں ملنا ابا ہریرہ کا اور ابن زیاد کو ولید کا نامہ لکھنا

طریق ہدایت اکی پڑہتی تاکہ قریب وہ پہر مقام ثعلبیہ میں اوتری ثم بات علیہ السلام
فی الموضع فلما اصبح اذا برجل من اهل الکوفة یکنی ابا هرة الازدی
قد اتاه یعنی انکو اوس یگانۂ روزگار نی وہان آرام اور مقام فرمایا جب صبح ہوئی تو ایک
شخص ابا ہرہ ازدی جانب کوفہ سے آیا فسلم علیه ثم قال یا ابن رسول الله ما
الذی اخرجک عن حرم الله وحرم جدک محمد لوازم ادب سے اوس حجت خدا کو
سلام کیا اور کہا ای فرزند خیر الوری کیا سبب ہوا کیون اس ایام شور و فساد مین حرم کبریا
روضہ مصطفی سے باہر نکلی ہو عترت طاہرہ عورات اور بچونکو دشت غربت مین ساتھ لیکی
چلی ہو فقال الحسین ویحک ابا هرة ان بنی امیة اخذوا مالی فصبرت
وشتموا عرضی فصبرت وطلبوا دمی فهربت جواب دیا وای اوپر تیری ای ابا ہرہ
بنی امیہ نی میرا مال اور دولت غصب کیا تو چپ رہا علاوہ اوسکی برا کہا بد زبانی سے نا سزا
خطاب دیا پھر بھی در گذرا جب میری لہو بہانی کا بہانہ ڈہونڈا قطع اولاد رسول و تباہی
حریم بتول کا سامنا ہوا تو چلا آیا وایم الله لتقتلنی الفئة الباغیة [illegible]
باغی طائفہ مجھی کہیں جیتا نچھوڑیگی یہان یا اپنی شدت جور وجفا سی مع اولاد قتل کریگی
ولیلبسنهم الله ذلا شاملا وسیفا قاطعا ولیسلطن علیهم من یذلهم
حتی یکونوا اذل من قوم سبا میری شہادت کی انتقام سی ایزد قہار انکو ذلت کا
اور شمشیر قاطع سرکشوں کی گردن پہ پھیریگا اوسکو حاکم فرمائیگا جو سبکو ایسا جامہ رسوائی
پہنائے کہ قوم سبا سی بدتر انکا درجہ خواری ہو جائی و قال محمد ابن ابی طالب و اتصل
الخبر بالولید بن عتبة امیر المدینة بان الحسین توجه الی العراق فکتب
الی ابن زیاد راوی کہتا ہی جب امام حسین علیہ السلام کی خبر کوچ مکہ سی طرف عراق و

گیارہوین مجلس کہ سی روانگی سید الشہدا حاکم مدینہ کا ابن زیاد کو نامہ لکہنا ریاشی کا راہ مین ملنا

حاکم مدینہ کو پہنچی روضۂ احمد مختار کا تلاطم دیکہہ کی بہت اوسی تشویش گذری ابن زیاد کو
نامہ لکہا اوس بدنہاد سیدار فسادکو آگاہ کیا اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ الْحُسَیْنَ قَدْ تَوَجَّهَ
اِلَی الْعِرَاقِ وَهُوَ ابْنُ فَاطِمَةَ وَفَاطِمَةُ بِنْتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ فَاحْذَرْ یَا ابْنَ
زِیَادٍ اَنْ تَاْتِیَ اِلَیْهِ بِسُوْءٍ امابعد معلوم ہو کہ امام حسین علیہ السلام جانب کوفہ قدم رنجہ فرمایا ہین
اور وہ فرزند فاطمہ زہرا بنت رسولخدا برگزیدہ کبریا ہین خبردار ہنگام ورود اوس حضرت کا
پاس احترام رکہنا کوئی طرحکی اذیت اور بی حرمتی کا مرتکب ہونا فَتُهَیِّجُ عَلٰی نَفْسِكَ
وَقَوْمِكَ اَمْرًا فِیْ هٰذِهِ الدُّنْیَا لَا یَصُدُّهٗ شَیْءٌ وَلَا تَنْسَاهُ الْخَاصَّةُ وَالْعَامَّةُ
اَبَدًا مَا دَامَتِ الدُّنْیَا اپنی دلمین ذرا غور کرنا اوس جناب کی تعرض سی باز داشتن بچا رہنا
ہو کہ دنیا کی عام و خاص مین تیری ظلم و جفا کا چرچا رہی خلق کو یہ سانحہ نہ بہولی قوم
اور قبیلہ کو حشر تک لعنت پڑی قَالَ فَلَمْ یَلْتَفِتْ ابْنُ زِیَادٍ اِلٰی کِتَابِ الْوَلِیْدِ
اوس شقاوت اثر نی ولید کی خط پر کچہہ التفات نہیا اور سامان قتل و آزار مظلوم کربلا مین
زیادہ سرگرم ہوا وَفِیْ کِتَابِ تَارِیْخِ عَنِ الرِّیَاشِیِّ بِاِسْنَادِهٖ عَنْ رَاوِیْ حَدِیْثِهٖ
قَالَ حَجَجْتُ فَتَرَکْتُ اَصْحَابِیْ وَانْطَلَقْتُ اَتَعَسَّفُ الطَّرِیْقَ وَحْدِیْ کتاب
تاریخ مین ریاشی کی زبانی لکہا ہی کہ اپنی سند سی راوی حدیث کہتا ہی جب روانگی
امام حسین علیہ السلام کا ماجرا مکہ سی جانب عراق سنا بعد فراغ طواف سب رفقا کو چہوڑکی
تن تنہا راہ غیر مشہور سی اونکی پیچہی چلا فَبَیْنَمَا اَنَا اَسِیْرُ اِذْ رَفَعْتُ طَرْفِیْ اِلٰی اَخْبِیَةٍ
وَفَسَاطِیْطَ فَانْطَلَقْتُ نَحْوَهَا غلبۂ شوق ملازمت مین صحرا و بیابان سی گذرتا تہا
ناگاہ ایک طرف میری نگاہ پڑی خیمہ گاہ عرش اشتباہ کو دیکہا حَتّٰی اَتَیْتُ اَدْنَاهَا
فَقُلْتُ لِمَنْ هٰذِهِ الْاَبْنِیَةُ فَقَالُوْا لِلْحُسَیْنِ جب نزدیک سراپردہ پہنچا پوچہا

گیارہویں مجلس مکہ سے روانگی سید الشہدا عیاشی کا راہ ملنا

یہ دیر تک سکتا ہی جواب پایا کہ فرودگاہ حسین علیہ السلام خامس آل عبا ہی فقلت ابن علی و ابن فاطمۃ علیہما السلام قالوا نعم یعنی سوال کیا حسین ابن علی مرتضی و فاطمہ زہرا علیہما السلام ہیں مجھے بتا دیا وہی جو فرزند نانہ پروردہ رسول خدا خیر الانام ہیں قلت فی ایہا ھو قالوا فی ذلک الفسطاط یعنی اونسے دریافت کیا وہ مولا کہاں ہیں بولی اسی منزل بیت الشرف میں رونق افشاں ہیں فانطلقت نحوہ فاذا الحسین متکئ علی باب الفسطاط یقرء کتابا بین یدیہ میں اوسجانب کو شتابان گیا حضرت کو دروازہ خیمہ پر تکیہ لگائے دیکھا سامنے اونکی خطوط رکھی ہیں وہ یا ایک تحریر ملاحظہ کرتی ہیں فسلمت فرد علی فقلت یا ابن رسول اللہ بابی انت و امی ما انزلک فی ہذہ الارض القفراء التی لیس فیہا ریف ولا منعۃ پس باداب تمام میں نے سلام کیا امام انام نے مہربانی جواب دیا عرض کی سبط خیر الورٰی فرزند زہرا میری ماں باپ ہوں آپ پر فدا کیا سبب جو صحرا اس میں بے آب و گیاہ میں اوترے ہیں جہاں زراعت اور استحکام ابادی کا نام نہیں سنی ہیں قال ان ہؤلاء اخافونی وہذہ کتب اہل الکوفۃ وہم قاتلی جواب پایا کہ بنی امیہ فی طغیان حد سے بڑھا ہے مجھی خوف کا قتل کیا ہی نا چار دشت غربت میں جلا وطن کا بار دوش پر لیا ہی سرداران اہل کوفہ کی نامہ ہای تقاضای طلب کی حامل ہیں اور یقین جانتا ہوں کہ وہ سب میری دشمن قاتل ہیں فاذا فعلوا ذلک ولم یدعوا للہ محرما الا انتہکوہ بعث اللہ الیہم من یقتلہم حتی یکونوا اذل من قوم الامۃ جب ایسا فعل کرینگی اور حرمت الہی سے ہماری واسطی نہ ڈرینگی تو خدای تعالی اونپر ایسی جابر کو مسلط کریگا جو سبکو خاک میں ملا دیگا اور وہ ذلت دیگا کہ ساری امت سے بدتر خوار ہو جائیں قال المفید فلما بلغ عبید اللہ ابن زیاد اقبال الحسین من مکۃ الی الکوفۃ بعث

گیارہوین مجلس مکہ سے روانگی سید الشہداء حصین بن نمیر کا راہ بند کرنا زہیر بن قین کا ملنا

الحصین بن نمیر صاحب شرطہ سند معتبر سے شیخ مفید نے کہا ہے ہرگاہ خبر
ہجرت امام حسین علیہ السلام کو ابن زیاد نے سنا ہے کہ وہ قبلہ شعر و مینا الحرم کو لیکے مکہ سے جا
کوفہ عازم ہوا عبید اللہ نے حصین ابن نمیر داروغہ اور نقیب کو فوج ان لشکر وکی سر راہ بھیجا
حَتّٰی نَزَلَ الْقَادِسِيَّةَ وَنَظَمَ الْخَيْلَ مَا بَيْنَ الْقَادِسِيَّةِ إِلَى الْقُطْقُطَانِيَّةِ
وَقَالَ النَّاسُ هٰذَا حُسَيْنٌ يُرِيدُ الْعِرَاقَ وہ ستمگر منزل قادسیہ مین ہمراہ سپاہ اوترا
وہان سے قطقطانیہ تک اپنا لشکر ناکہ بندی کو مامور کیا خلایق سے کہا امام حسین عراق آتے ہین
سر راہ روکو خبردار اونکی مدد کو جو آتا جاتا ہو گرفتار کرلو فَأَخَذَ مَا بَيْنَ وَاقِصَةَ إِلَى
طَرِيقِ الشَّامِ وَإِلَى طَرِيقِ الْبَصْرَةِ فَلَا يَدَعُونَ أَحَدًا يَلِجُ وَلَا أَحَدًا يَخْرُجُ
اوسی طرف سے کوفہ کی راہ شام اور بصرہ مین اپنی نگہبان بٹھائے تاکہ مسافر کہین سے نہ آنی
جانی نہ پائے فَأَقْبَلَ الْحُسَيْنُ لَا يَشْعُرُ بِشَيْءٍ حَتّٰى لَقِيَ الْأَعْرَابَ فَسَأَلَهُمْ امام حسین
علیہ السلام کا مقام اور کوچ حال روزگار سے ناواقف ہوتا ناگاہ ایک جماعت عرب
دیکھا اونسے اخبار پوچھا فَقَالُوا لَا وَاللّٰهِ مَا نَدْرِي غَيْرَ أَنَّا لَا نَسْتَطِيعُ أَنْ نَلِجَ
وَلَا نَخْرُجَ فَسَارَ تِلْقَاءَ وَجْهِهِ جواب دیا مولا ہمین کچھ معلوم نہین کیا ہوا لیکن یہ کہ
جاسکتے ہین اور نہ ادھر کوئی آسکے حضرت ویسے ہی آگے بڑھے خدا پر توکل کئی تھی وحدث
جَمَاعَةٌ مِنْ فَزَارَةَ وَمِنْ بَجِيلَةَ قَالُوا كُنَّا مَعَ زُهَيْرِ بْنِ الْقَيْنِ الْبَجَلِيِّ حِينَ أَقْبَلْنَا
مِنْ مَكَّةَ بعض لوگون نے فزارہ و بجیلہ سے روایت کی کہ ہم نے زہیر بن قین بجلی کی ہمراہ بعد
فراغت حج جب مراجعت کی ہے وَكُنَّا نُسَايِرُ الْحُسَيْنَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَلَمْ يَكُنْ شَيْءٌ أَبْغَضَ
عَلَيْنَا مِنْ أَنْ نُنَازِلَهُ فِي مَنْزِلٍ ہر منزل مین امام حسین علیہ السلام کی پیچھے راہ چلتے اور
ہمکو ناگوار تھا جو حضرت کی ساتھ اترتے وَإِذَا سَارَ الْحُسَيْنُ وَنَزَلَ فِي مَنْزِلٍ

گیارہویں مجلس یکہ سی روانگی سید الشہدا راہ میں زہیر بن قین کا شریک ہونا

لَمْ نَجِدْ بُدًّا مِنْ اَنْ نُنَازِلَهُ فَيَنْزِلُ الْحُسَيْنُ فِيْ جَانِبٍ وَنَنْزِلُ فِيْ جَانِبٍ
ہرگاہ وہ دین پناہ روانہ ہو جاتی اور منزل پر وارد ہوتی تو ہم اکی چلنی اسواسطی کہ اونکی
رفاقت ہمپر لازم نہو مگر دو مقام کرتی سبحان اللہ جور و جفای ابن زیاد سی کیا انقلاب روزگا
تھا کہ قرب و جوار فرزند احمد مختار خلایق پر اس درجہ ناگوار ہوا فَبَيْنَا نَحْنُ جُلُوْسٌ نَتَغَدّٰى
مِنَ الطَّعَامِ لَنَا اِذْ اَقْبَلَ رَسُوْلُ الْحُسَيْنِ حَتّٰى سَلَّمَ ثُمَّ دَخَلَ راوی کہتا ہی اتفاقا
ایک منزل میں علاحدہ اوتری تھی دسترخوان بچھای ہم سب کہانی کو بیٹھی تھی ناگاہ امام حسین
علیہ السلام کا خادم ہماری پاس آیا سلام کیا اور خیمہ کی اندر داخل ہوا فَقَالَ يَا زُهَيْرُ بْنَ
الْقَيْنِ اِنَّ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ الْحُسَيْنَ بَعَثَنِيْ اِلَيْكَ لِتَأْتِيَهُ بولا ای زہیر تجکو ابا عبد اللہ
الحسین علیہ السلام نی بہیجا ہی اور تجکو اپنی پاس طلب فرمایا ہی فَطَرَحَ كُلُّ اِنْسَانٍ مِنَّا
مَا فِيْ يَدِهٖ حَتّٰى كَاَنَّمَا عَلٰى رُؤُوْسِنَا الطَّيْرُ یہ کلام سنکی حالت سکتہ میں سبکا نوالہ ہاتھ
گر پڑا گویا طایر ہوش نی سر سی ہماری پرواز کیا ہم ساری حاضرین خاموش تھی کسیکی منھ سے
لاو نعم نہ نکلی فَقَالَتْ لَهُ امْرَاَتُهٗ وَهِيَ دَيْلَمُ بِنْتُ عَمْرٍو سُبْحَانَ اللّٰهِ اَيَبْعَثُ
اِلَيْكَ ابْنُ رَسُوْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا تَاْتِيْهِ اوسکی جورو مسماۃ دیلم بنت عمرو بولی کیا عجب
فرزند رسول خدا بلاوی اور تو جانی سی جان چہپای اوسکا پیام خیال میں نہ لای وَلَوْ اَتَيْتَهٗ
فَسَمِعْتَ كَلَامَهٗ ثُمَّ انْصَرَفْتَ مناسب ہی کہ جلدی جاکی حاضر ہو ارشاد حضرت
سنکی چلا آنا توقف نکرو فَاَتَاهُ زُهَيْرُ بْنُ الْقَيْنِ فَمَا لَبِثَ اَنْ جَاءَ مُسْتَبْشِرًا قَدْ
اَشْرَقَ وَجْهُهٗ پس زہیر وہاں خدمت اشرف میں گیا تھوڑی دیر بعد خوش و خرم اور
شگفتہ رو پھر اکی دم لیا فَاَمَرَ بِفُسْطَاطِهٖ وَثِقَلِهٖ وَمَتَاعِهٖ فَقُوِّضَ وَحُمِلَ اِلَى
الْحُسَيْنِ اپنی خدام سی کہا خیمہ اوکہاڑو سب اسباب اوٹھاو بارکش پر لادو پس آپنا

گیارہویں مجلس مکہ سے روانگی سید الشہدا و زہیر بن قین کا راہ میں ملنا

سامان حضرت کی لشکر میں لیگیا اور دل و جان سے زمرۂ انصار میں جا ملا ثم قال لامرأتہ

اَنْتِ طَالِقٌ اِلْحَقِیْ بِاَهْلِكِ فَاِنِّیْ لَا اُحِبُّ اَنْ یُصِیْبَكِ بِسَبَبِیْ اِلَّا خَیْرٌ

اپنی زوجہ سے بولا میں تجکو طلاق دیا بخیر و عافیت عزیز و اقربا کی پاس ملحق ہو جا مجھے نگوارا

کہ بلا میں ہے اور تجھی کوئی آزار پہنچے وَ قَدْ وَطَّنْتُ نَفْسِیْ عَلٰی صُحْبَةِ الْحُسَیْنِ لِاَفْدِیَهٗ

بِرُوْحِیْ وَاَقِیَهٗ بِنَفْسِیْ ثُمَّ اَعْطَاهَا مَالَهَا وَسَلَّمَهَا اِلٰی بَعْضِ بَنِیْ عَمِّهَا لِیُوْصِلَهَا اِلٰی اَهْلِهَا

روایت سعید میں زیادہ بیان ہوا ہے کہ جب زہیر نے ملازمت امام حسین علیہ السلام کا قصد کیا تھا

جان نثاری کی واسطے بارہ وفا دوش پر لیا ہے بی بی کا مال و زیور دیکے اوسکی عمزاد بھائی کو سونپی

تاکہ قوم و قبیلہ میں عزت و حرمت سے لیجائے گوشہ خانہ عافیت میں سلامت اور تندرست پہنچا دے

فَقَامَتْ اِلَیْهِ وَبَکَتْ وَوَدَّعَتْهُ وَقَالَتْ خَارَ اللّٰهُ لَكَ زوجہ زہیر شوہر کو وداع کر

اکے بڑے رونے ہوئی حسرت و یاس میں کہنے لگی خدا تجکو خیر و برکت دارین دے اور منزل مقصود کا

مقام عالی نصیب کرے اَسْاَلُكَ اَنْ تَذْکُرَنِیْ فِی الْقِیَامَةِ عِنْدَ جَدِّ الْحُسَیْنِ

عَلَیْهِ السَّلَامُ آرزو ہے کہ مجھے اپنے دل سے قیامت کے روز نہ بھولنا خدمت میں سید انبیا جد حسین علیہ

السلام کی یاد رکھنا زن و شوہر آپس میں بیتاب اور جگر کباب رخصت ہوئے مشاہدہ حسرت

فراق پر ناظرین کی آنکھوں سے دریاے سرشک بہے اس جا مجھے یاد آیا ایک زوجہ مصیبت زدہ کا

شوہر سے جدا ہونا اور مایوس اندوہ بلا میں رو رو کے جان کہونا وہ امام حسین علیہ السلام کا

دم وداع خیمہ میں آنا صداے الوداع پر ام لیلیٰ و رباب کا بیتاب ہو جانا بی بی نگران کہ خاوند کا

بدن زخم نیزہ اور تلوار و تیر سے فگار ہے دہن جراحت سے لہو بہتا ہوا چہرہ پر غبار ہے پیاس کی

شدت سے زبان میں کانٹے پڑے ہیں حمید یا خشک ہے سوفار تک سینہ اقدس میں گڑے ہوئے

بھائی سب مارے گئے بیٹے بھتیجے کام آئے تن تنہا بیکس و بے یار سرور دین کو مقتل میں قدم رکھنا ہے

فقال سبحانه وانكحوا الايامى منكم والصالحين من عبادكم وامائكم ان يكونوا فقراء يغنهم الله من فضله والله واسع عليم

بارہوین مجالس لکہہ سی روانگی سید الشہدا الشہید کا بین نوحہ عزا

جوستناب بودیتاہی تمہید کا احادیث فضائل و مصائب روز عاشورا

و مرقت ائمۂ ہدیٰ ماہ محرم مین بنی آدم پہ ہجوم محنت اور الم ہی عالم مین اسباب راحت کم

سامان حسرت فراہم ہی پیر و جوان کو شغل نالہ و افغان ہی دل گبر و مسلمان کو جوش احزان ہی خاطر

ہر یک سیرت بیقرار ہی چشم ہر صاحب بصیرت اشکبار ہی نوحہ و ماتم کا جہان مین چرچا ہی

سینہ و سر پیٹتی ہین و ملک مین غلغلہ ہی وحش و طیر صحرا بین مین جماد و نبات ہی محو شور و شین ہین

زمین غبار مصیبت سر پر ڈالی سوگ نشین ہی آسمان ردای نیلی دوش پر سنبہالی غمگین ہی

دیدۂ اختر و انجم رات بہر آرام جان زہرا کی واسطی بیخواب ہین سینی مہر و ماہ کی ساری دن سرگردانی

آل مصطفی پر سوز تعب مین کباب ہین ہوای حسنہ جگر باری اندوہ کی بیتاب پہرتی ہی پانی کی

آنکہہ حباب آسا موج میر سراک سی بہرتی ہی آتش کو آہ فریاد کی شعلہ نی جلا یا ہی خاک پر صدمہ جوش

ملال سی زلزلہ آیا ہی خلق مین جسکو دیکہو گریبان چاک افسردہ حال ہی جامہ سوگو ابین عورت

مرد کو اپنہال ہی بچی روتی ہین کہ ہمارا والی مرنی چلا اب یتیم ہونگی بوڑہی جان کہوتی ہین کہ بیٹو کا

وقت شہادت آیا ہم ہی رخصت ہینگی اسواسطی کہ فاضل امت سی ائمہ طاہرین کی بہر نصیب ہی

اور یہ موسم مین اون بزرگوار و نکا خاندان اندوہگین ہی اپس خود دیکہو ہر شخص کا جوش ماتم

اور تصور نام امام حسین علیہ السلام سی نالہ و خروش کرتا ہی فو حسرہ ای وای مصیبت کہ فتنہ آیا

دل جوش مین لایا احمد کو لہو رونیکو تربت سی اوٹہایا وہ ظلم دکہایا واحسرت دوروکی پہر کو

ستایا گہر بار جلایا سب لوٹ لیا خانۂ حیدر مین جو پایا خیمونکو گرایا این اسد لیمپہ شہ تیرہ

برسا وہ پانی کو ترسا او سپہ ستم نان کی بہالا جو لگایا کانٹونین لٹایا زہرا کی جی جانی

و نزات سولایا اور نازاو ٹہایا بالای سنان خون کی سرا و سکا چڑہایا کیا قہر مچایا سید اولی تا

اکبر کی جوانی ہوئی برباد قاسم ناشاد دریا پہ علمدار کو چہ نشانگ بنایا تن خون مین نہایا سرخو

بارہوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا خاتمہ نوحہ اور فضیلت آل عبا

برادر کا شۂ دین کی کاٹا + بچہ بہی نہ چھوٹا + لاشون پہ نبی زادہ کی گہوڑونکو پھرایا + مٹی مین ملایا +
بی گور و کفن جسم رہی خاک پہ غلطان + اور دہوپ مین عریان + مقتل مین کوئی رونیکو و لسوز نہ آیا +
مدفن نہین پایا + وارث نہ رہی جیتی حمایت کو حرم کی + وہ کہہ پائی ستم کی + باہر کیا پردیسی کو زحمت نہ کہایا
فریاد جنہ ایا + مقتل مین کہڑی روتی تہی جسد مہ حرم شاہ + محشر ہوا واللہ + افلاک تو بجرش سپاہ ظلم کہیا
ہلایا + خلب بہایا + وہ بانوی شبیر کا بیتابی سی گرنا + ناچار سنبہلنا + بالونکو پریشان کیا چہرہ
چھپایا + گردونکو جہکایا + جب گوش سکینہ سی گہر چہین کی مارا + بانو نی پکارا + کیا قہر ہی احکام الہی کی
بہلایا + کچہہ خوف نہ آیا + ادس وشتِ بلاخیز مین زینب کا ٹہنا + بی مقنعہ پہرنا + بابا کو جگر تہام
اندوہ سنایا + اور پاس بلایا + یا شاہ نجف دیکہہ مین ہمّونکی خبر لو + ایدا سی چہڑا دو + دیکہو کہ لعینون نی
یہ طوفان اوٹہایا + آفت مین رولایا + پہر منت و زاری مین جفا کار ون سی کہتی + الزام کو سہتی + بیہودہ
زندانمین سجاد کو سنبہلوا بٹہایا + وہ بن اپنا گنوایا + ای اہل عزا سینہ پہ داغ کو سہو + خاموش نہ
ناظر نی جو یہ نوحہ جانسوز سنایا + ماتم کو بڑہایا + مُروِیَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَازِبٍ عَنْ رَسُولِ
اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ قَالَ لِعَلِیٍّ عَلَیْہِ السَّلَامُ کتاب منتخب مین جابر بن عازب
سی منقول ہوا ہی کہ خیر الوری نی ایکروز علی مرتضی کو فرمایا ہی + قُلْ یَا عَلِیُّ اَللّٰھُمَّ
اجْعَلْ لِیْ مِنْ عِنْدِکَ عَھْدًا وَّ فِیْ صُدُوْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ مَوَدَّۃً یا علی دعا مانگو بار الہا
کر دان میری لئی اپنی پاس عہد محبت و کرامت کو + اور دلونمین ساری مومنین کی مہر و محبت
ولایت کو فَاَنْزَلَ اللّٰہُ تَعَالٰی پروردگار نی اثر اجابت مین اوس مناجات کی نازل فرمایا
آیۂ بشارت کو اپنی ولی کی شان مین یعنی اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَیَجْعَلُ
لَھُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا بدرستی کہ جو لوگ خدا و پیمبر پر ایمان لائی اور نیک عمل کرتی ہین قریب ہی کہ
ایزد سبحان اونکی دلمین الفت بڑہائی لہذا محبان صادق الولا اس شور و شین کو نہین بہولتی ہین

بارہوین مجلس مکہ سی روانگی سید الشہدا احادیث حزن عاشورا بکاء اہل ارض و سما

عَمُرٍ فَابْكُوْا اَحَقًّا بَا اسد دروازہ بہشت رو نیوالی پر کھولدی کہ نعیم خلد بین آرام سی مقام کری وَاَيُّمَا مُؤْمِنٍ دَمَعَتْ عَيْنَاهُ دَمْعًا حَتّٰى تَسِيْلَ عَلٰى خَدِّهٖ لِاَذًى مَسَّنَا مِنْ عَدُوِّنَا فِي الدُّنْيَا بَوَّءَهُ اللّٰهُ مُبَوَّءَ صِدْقٍ فِي الْجَنَّةِ جو مرد با ایمان کی ہمارے سبب چشم بآہر آئین تا کہ چہری پر سیلان پائین بسبب اوس ایذا کی جو اعدا سی دنیا مین ہمکو ملی کشادہ کری خدا جنت مین اوسکی جا و منزل صدق و صفا کی وَاَيُّمَا مُؤْمِنٍ مَسَّهٗ اَذًى فِيْنَا فَدَمَعَتْ عَيْنَاهُ حَتّٰى تَسِيْلَ دَمْعُهٗ عَلٰى خَدِّهٖ مِنْ مَضَاضَةِ مَا اُوْذِيَ فِيْنَا اور جس مومن کو ہماری لیئی ایذا پہنچی اوسکی آنکھون سی اشک نکلی روی حسرت پر بہی بسبب زحمت و سختی کہ ستایا گیا ہو ہماری واسطی صَرَفَ اللّٰهُ عَنْ وَجْهِهِ الْاَذٰى وَاٰمَنَهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مِنْ سَخَطِهٖ وَالنَّارِ اوسکی طرف سے اللہ ہر بدی کو دور کریگا چین و آرام کی قرین روز حشر آتش غضب سے امان دیگا کش عَنْ زَيْدِ الشَّحَّامِ قَالَ كُنَّا عِنْدَ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ وَنَحْنُ جَمَاعَةٌ مِنَ الْكُوْفِيِّيْنَ کتاب رجال کشی مین زید شحام سی روایت کی اوسنی کہا ہم چند آدمی اہل کوفہ خدمت ابی عبد اللہ مین حاضر تہی جو دیکہا فَدَخَلَ جَعْفَرُ بْنُ عَفَّانَ عَلٰى اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ فَقَرَّبَهٗ وَاَدْنَاهُ جعفر ابن عفان حضرت کی پاس آیا جناب نی اوسی قریب اپنی بلایا عزت سے بٹہایا ثُمَّ قَالَ يَا اَبَا جَعْفَرٍ قَالَ لَبَّيْكَ جَعَلَنِيَ اللّٰهُ فِدَاكَ پہر فرمایا ای ابا جعفر اوسنی جواب دیا لبیک خدا مجہی فدا کری تمہارا بَلَغَنِيْ اِنَّكَ تَقُوْلُ الشِّعْرَ فِي الْحُسَيْنِ وَتُجِيْدُ فَقَالَ نَعَمْ جَعَلَنِيَ اللّٰهُ فِدَاكَ حضرت نی پوچہا یعنی یون سنا ہی کہ تو امام حسین علیہ السلام کی حال مین شعر کہتا ہی ردیف بلاغت و قافیہ فصاحت لاتا ہی اچہا مضمون فکر صائب سے نظم کرتا ہی اوسنی جواب دیا نعم ہند مشن ابیات مین طبع موزون کہتا خدا کری تمہاری اوپر قربان ہوجاون قَالَ قُلْ قَالَ فَاَنْشَدْتُهٗ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ فَبَكٰى وَمَنْ حَوْلَهٗ حَتّٰى صَارَتِ الدُّمُوْعُ عَلٰى وَجْهِهٖ وَلِحْيَتِهٖ ارشاد کیا جو کہا ہی اوسکی کہا سنا

ستر ہویں مجلس فضائل اہل بکا و حزن شہادت قاسم ابن الحسن علیہ السلام

تھی اور حاضرین کو اسوقت رولاتا وہ ناقل ہے پس میں نے اپنا کلام پڑھا وہ جناب جو پاس بیٹھے
سنکر روئے پھر اشک بہا اسقدر کہ چہرہ منور تر ہوا محاسن کو بھی بھگویا ثُمَّ قَالَ یَا جَعْفَرُ وَاللّٰہِ
لَقَدْ شَهِدَتْ مَلَائِكَةُ اللّٰهِ الْمُقَرَّبُوْنَ هٰهُنَا يَسْمَعُوْنَ قَوْلَكَ فِي الْحُسَيْنِ
وَلَقَدْ بَكَوْا كَمَا بَكَيْنَا وَاَكْثَرُ پھر خطاب کیا اے جعفر واللہ کہ ملائکہ مقربین خدا یہاں آئے
تھے ہیں تیرا مرثیہ غم امام حسینؑ میں سنا مثل ہمارے بلکہ زیادہ روئے ہیں وَلَقَدْ اَوْجَبَ
اللّٰهُ تَعَالٰى لَكَ يَا جَعْفَرُ فِيْ سَاعَتِهِ الْجَنَّةَ بِاَسْرِهَا وَغَفَرَ اللّٰهُ لَكَ بیدرستی کہ
پروردگار نے رحمت سے لازم کر دانا اے جعفر اس گھڑی تیرے لئے بہشت میں جانا سب گناہ تیرے
بخشدیا ہے صاحب مغفرت و رتبہ عالی کیا ہے فَقَالَ يَا جَعْفَرُ اَلَا اَزِيْدُكَ قَالَ نَعَمْ يَا سَيِّدِيْ
پھر کہا کیا نہ میں زیادہ بیان کروں تجھے عرض کی ہاں اے سید میں مسکون قَالَ مَا مِنْ اَحَدٍ
قَالَ فِي الْحُسَيْنِ شِعْرًا فَبَكٰى وَاَبْكٰى بِهِ اِلَّا اَوْجَبَ اللّٰهُ لَهُ الْجَنَّةَ وَغَفَرَ لَهُ فرمایا
حضور امام حسین علیہ السلام کیواسطے شعر کہا ہے اور پھر آپ رویا اور دوسروں کو رلایا ہے لازم کیا گیا ہے
جنت سوا گناہ سے آمرزیدہ کیا جاتا ہے لِابْنِ مَسْرُوْرٍ عَنْ اِبْنِ عَامِرٍ عَنْ عَمِّهِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ
بْنِ اَبِيْ مَحْمُوْدٍ قَالَ قَالَ الرِّضَا اِنَّ الْمُحَرَّمَ شَهْرٌ كَانَ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ يُحَرِّمُوْنَ
فِيْهِ الْقِتَالَ ابن مسرور نے عامر سے انہوں نے اپنے چچا سے انہوں نے ابراہیم بن ابی محمود سے روایت کی
جو امام رضا علیہ السلام نے ایک روز یہ عبارت حال فرمائی کہ شہر محرم وہ بابرکت مہینا تھا
کہ اہل جاہلیت اوس میں حرام جانتے تھے لڑنا فَاسْتُحِلَّتْ فِيْهِ دِمَاؤُنَا وَهُتِكَتْ فِيْهِ حُرُمَتُنَا
وَسُبِيَ فِيْهِ ذَرَارِيْنَا وَنِسَاؤُنَا ایسے مہینے میں ہماری ستم کشی حلال جانا ہمارا لہو بہایا
ذلت و خواری پہنچانا اولاد و عورات کو اسیر کرنا قید و بند میں ہمارا ڈالنا اون کو کنا وَاُضْرِمَتِ
النِّيْرَانُ فِيْ مَضَارِبِنَا وَانْتُهِبَ مَا فِيْهَا مِنْ ثِقْلِنَا وَلَمْ تُرْعَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ حُرْمَةٌ فِيْ اَمْرِنَا

ہماری خیمون مین نا ریون نی جلانیکو آگ لگا ئی جو جو لباس و زیور و سامان کی پائی لوٹ لی رعایت حرمت نبی عترت طاہرہ مین نہ کی ایذا و تکلیف ہماری تئین بحد بیان دی اِنَّ یَوْمَ الْحُسَیْنِ اَقْرَحَ جُفُوْنَنَا وَاَسْبَلَ دُمُوْعَنَا وَاَذَلَّ عَزِیْزَنَا بِاَرْضِ کَرْبٍ وَبَلَاءٍ وَاَوْرَثَنَا الْکَرْبَ وَالْبَلَاءَ اِلٰی یَوْمِ الْاِنْقِضَاءِ تحقیق کہ روز شہادت امام حسین علیہ السلام کی ایسا رولایا کہ پلکو مین جراحت اوس مصیبت کی یاد مین اتنی سرشک بہائی جو رخسارون پر اثر کلفت ہی عزیزونکو ارض کربلا مین ذلیل کیا روز حشر تک بلا و کرب و اندوہ کا ورثہ دیا فَعَلٰی مِثْلِ الْحُسَیْنِ فَلْیَبْکِ الْبَاکُوْنَ فَاِنَّ الْبُکَاءَ عَلَیْهِ یَحُطُّ الذُّنُوْبَ الْعِظَامَ پس چاہیی کہ ارباب رقت مثل روز شہادت پر امام حسین کی زاری کرین ایسا ہی کہ اوپر بکا بڑی گناہون کی پاک کرتا ہی جیسی کہ والد وہی گلیین ثُمَّ قَالَ کَانَ اَبِیْ اِذَا دَخَلَ شَهْرُ الْمُحَرَّمِ لَا یُرٰی ضَاحِکًا وَکَانَتِ الْکَاٰبَةُ تَغْلِبُ عَلَیْهِ حَتّٰی یَمْضِیَ مِنْهُ عَشَرَةُ اَیَّامٍ پھر امام رضا علیہ السلام نی کہا میری والد کو جب ماہ محرم آتا تو کوئی ہنستا نہین دیکھتا حزن و الم اوپر غلبہ کرتا یہان تک جو عشرہ گذر جاتا فَاِذَا کَانَ یَوْمُ الْعَاشِرِ کَانَ ذٰلِکَ الْیَوْمُ یَوْمَ مُصِیْبَتِهٖ وَحُزْنِهٖ وَبُکَائِهٖ وَیَقُوْلُ هُوَ الْیَوْمُ الَّذِیْ قُتِلَ فِیْهِ الْحُسَیْنُ پس جب یوم عاشورا ظاہر ہوتا وہ دن مصیبت و غم و رقت سی اونکی ہوش کھوتا فرماتی ایسی ہی روز جاں سوز مین سید الشہدا یعنی قتل امام حسین اقربا سمیت مانند جن و انس ہوئی ہین لی ما جیلویہ عَنْ عَلِیٍّ عَنْ اَبِیْهِ عَنِ الرَّیَّانِ بْنِ شَبِیْبٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلَی الرِّضَا فِیْ اَوَّلِ یَوْمٍ مِنَ الْمُحَرَّمِ کتاب امالی مین ما جیلویہ اور علی اور اوسنی اپنی باپ سی روایت کی ریان ابن شبیب نی کہا مجہی پہلی تاریخ محرم کو امام رضا علیہ السلام کی زیارت ملی فَقَالَ لِیْ یَا ابْنَ شَبِیْبٍ اَصَائِمٌ اَنْتَ قُلْتُ لَا حضرت نی پوچھا آیا آج کی دن صائم ہوا یعنی آج کا روزہ رکھا ہی میں نی کہا نہین قَالَ اِنَّ هٰذَا الْیَوْمَ هُوَ الْیَوْمُ الَّذِیْ

بسم الله الرحمن الرحیم

مشتمل بر فضائل [illegible]

الحمد لله الواحد الاحد الفرد الصمد الذی لم یلد ولم یولد ولم یکن له کفوا احد تعالی عن الصاحبة والولد وتقدست عن العدد والعدد وتقدست عن شبهه [illegible] وارتفعت عن مناسبت الاشیاء صفته واعجزت اوهام الفکر [illegible] عظمته واخذت الناس هیبته [illegible] وصحت آیاته الاله و[illegible] کل شیء [illegible] من [illegible] من اعلامه وذلک الانبیاء وشهد [illegible] وابطل الباطل بها آیاته وصلی الله علی عبده [illegible] من [illegible] نبیه المصطفی حبیب [illegible] وافضل الاولین والآخرین [illegible] الناصب [illegible] الطاهرین والائمة المعصومین من کل [illegible] ونحن المقصرین علی [illegible] والآئمة الذین [illegible] الموعود یوم [illegible] بامامتهم ولا [illegible] الصراط [illegible] هم العروة الوثقی [illegible] ومن [illegible] ومن [illegible] کباب حطة وکسفینة نوح من رکبها نجا ومن تخلف عنها غرق وهم خاصة الرسول صلی الله علیه وآله [illegible] الذین قرن الله [illegible] فی [illegible]

الاسلام وائمة الانام [illegible] وسلام [illegible] فی کل [illegible] الا کل [illegible] علیهم افضل الصلوة و السلام [illegible] واستمر [illegible] وتوشحت [illegible] وبعد فان [illegible]

سترھوین مجلس فضائل اربعین آل امر شہادت قاسم بن حسن علیہ السلام

دعا فیہ زکریا ربہ عز وجل فرمایا شل اوس روز کی ہی اجکا دن جو زکریا نی خدا سے
دعا مانگی ہنگام کبرسن فقال رب ھب لی من لدنک ذریۃ طیبۃ انک
سمیع الدعاء فاستجاب اللہ لہ وامر الملائکۃ فنادت زکریا وھو قائم
یصلی فی المحراب ان اللہ یبشرک بیحیی کہا خدایا مجہی عطا کر اپنی فضل و کرم سی پاکیزہ اولاد
بتحقیق کہ تو سامع دعا ہی پس اللہ نی اجابت کی اور ملائکہ کو امر فرمایا پکارو زکریا کو اور وہ جانماز
ہی کہ بسبب تیرا ہید کہیں یحیی کی بشارت دیتا ہی فمن صام ھذا الیوم ثم دعی اللہ
عز وجل استجاب اللہ لہ کما استجاب لزکریا جو شخص اجکی دن روزہ رکہی اور دعا مانگی
خدا اپنی لطف و عطا سی اوسکی حاجت کو بر لائی جیسی زکریا کی تمنا قبول ہوئی ثم قال یا ابن شبیب
ان المحرم ھو الشھر الذی کان اھل الجاھلیۃ فیما مضی یحرمون فیہ الظلم
والقتال لحرمتہ ای پسر شبیب یہ مہینا محرم کا وہ تہا کہ ایام گذشتہ مین اہل جاہلیت بہی
اوسکو حرام جانتی ہتی اس مہینی کی حرمت سی کسیکو نہیں مارتی اور نہ ستاتی ہتی فما عرفت ھذہ
الامۃ حرمۃ شھرھا ولا حرمۃ نبیھا افسوس کہ اس امت جفاکار نی توقیر ماہ محرم کی
نہ جانی اور نہ عترت پیغمبر کی عزت اور حرمت پہچانی لقد قتلوا فی ھذا الشھر ذریتہ
وسبوا نسائہ وانتھبوا ثقلہ فلا غفر اللہ لھم ذلک ابدا حیف کہ ان لوگون نی
قتل کیا اولاد رسول خدا کو اسیر بنایا اہلبیت کی عورتون کو تمام اسباب حرم مصطفی کو لوٹا
خیمہ گاہ امام حسین علیہ السلام کو جلایا خدا ہرگز اون جفاکارونکو نہ بخشی ہمیشہ عذاب سقر مین مبتلا
رکہی یا ابن شبیب ان کنت باکیا لشیء فابک للحسین بن علی بن ابی طالب علیہ السلام ای پسر
شبیب اگر تو کسی غم سی محزون اور گریان ہوتا تو مصیبت امام حسین ابن علی علیہما السلام کی یاد کر کی
نالہ و فغان سی رونا فانہ ذبح کما یذبح الکبش وقتل معہ من اہل بیتہ ثمانیا

سترہوین مجلس فضائل ارباب حزن و الام شہادت قاسم ابن الحسن علیہ السلام

عشرۃ رجالا ما لھم فی الارض من نظیر ولا شبیہ تحقیق کہ اوس جناب کو مانند
کو سفند قربانی ہو کا پیاسا ذبح کیا ہی اور ساتہ اوکی اٹھارہ بنی فاطمہ کو جان سی مارا ہی کہ زمین
اوکی مثل اور مانند کوئی نتہا گوشت اور پوست رسو خدا کی بدن سی ملا تھا ولقد بکت
السماوات السبع والارضون لقتلہ بدرستی کہ سید الشہدا کی ماتم پر ایسا ابر الم چھایا
کہ ساتون آسمان و زمین نی بہرشک گلگون دیدہ حسرت سی بہایا ولقد نزل الی الارض
من الملائکۃ اربعۃ الاف لنصرہ فوجدوہ قد قتل تحقیق کہ آسمان سی چار ہزار
فرشتہ مشغول نصرت کو زمین پر آیا جب کربلا مین پہنچا تو ابی عبد اللہ کو شہید پایا فھم عند
قبرہ شعث غبر الی ان یقوم القائم فیکونون من انصارہ وشعارھم
یا لثارات الحسین پس وہ ملائکہ اطراف قبر شریف مین گریان و پریشان خاک بسر مجاور رہینگی
تا صاحب الامر ظہور کرین اوکی ملازم اور ناصرین رہین شعار ملائکہ خونخواہی امام حسین علیہ السلام ہوگی
ماتم شبانہ روز عزای امام سی کام ہی یا ابن شبیب ولقد حدثنی ابی عن جدہ انہ
قال لما قتل جدی الحسین علیہ السلام امطرت السماء دما وترابا احمر یا ابن شبیب
مجھی ابا و اجداد نی خبر دی ہی حدیث معتبر بیان کی ہی کہ جب سانحہ شہادت امام حسین علیہ السلام
گذرا فلک سی خاک سرخ اور خون تازہ کا مینہ برسا یا ابن شبیب ان بکیت علی الحسین حتی
تصیر دموعک علی خدیک غفر اللہ لک کل ذنب اذنبتہ صغیرا کان
او کبیرا اگر تو مصیبت حسین مظلوم کی بکا کری اسقدر کہ آنسو رخسارون پہ جاری ہو تو حق تعالی
تیری سب گناہ صغیرہ و کبیرہ در گذر کیا چاہت ہون خواہ تہوڑی یا بکل بخشیگا یا ابن شبیب
ان سرک ان تلقی اللہ ولا علیک ذنب فزر الحسین علیہ السلام یا ابن شبیب اگر تو خوش ہوا
چاہی خدا کی ملاقات سی اور کسی گناہ کا مواخذہ نہو تو ہا کر امام حسین کی زیارت کو

سترہوین مجلس فضائل اہل بکا بشہادت ابن امام حسن علیہ التحیۃ والثنا

ترbت کو یَا ابْنَ شَبِیبٍ اِنْ شَاءَ اَنْ تَسْکُنَ الْغُرَفَ الْمَبْنِیَّةَ فِی الْجَنَّةِ مَعَ النَّبِیِّ فَالْعَنْ قَتَلَةَ الْحُسَیْنِ عَلَیْہِ السَّلَامُ اگر چاہی تو بیچ درجات عالیہ بہشت کے رہنا ہمراہ رسول خدا تو ہمیشہ اونکی قاتلون پر نفرین کرنا یَا ابْنَ شَبِیبٍ اِنْ سَرَّکَ اَنْ یَکُوْنَ لَکَ مِنَ الثَّوَابِ مِثْلَ مَا لِمَنِ اسْتُشْهِدَ مَعَ الْحُسَیْنِ فَقُلْ مَتٰی ذَکَرْتَہٗ ہرگاہ تو مسرور ہوا چاہی اور یہہ ثواب ملی تجکو مانند ثواب شہداکی جو روز عاشورا ہمراہ مظلوم کربلا جان سی قربان ہوئی تو جب اونکی مصیبت کو یاد کری لازم ہی کہ ان کلمات کو زبان سی کہی یَا لَیْتَنِیْ کُنْتُ مَعَهُمْ فَاَفُوْزَ فَوْزًا عَظِیْمًا یعنی کاش کہ دشت بلا مین اونکی ساتھہ ہوتا تو جان فدا کرتا فوز و سعادت عظمی پاتا یَا ابْنَ شَبِیبٍ اِنْ سَرَّکَ اَنْ تَکُوْنَ مَعَنَا فِی الدَّرَجَاتِ الْعُلٰی مِنَ الْجِنَانِ فَاحْزَنْ لِحُزْنِنَا وَافْرَحْ لِفَرَحِنَا وَعَلَیْکَ بِوِلَایَتِنَا ای پسر شبیب اگر تو ارادہ کری کہ خوش ہوی تیرا جنت مین مجاورت سی ہمراہ آل مصطفی کی پس ہماری غم کی دنون مین نالہ اور خروش کرنا اور ایام شادی مین فرحناک اور خندان رہنا مین تجہی ولایت اور دوستی اہلبیت سی تاکید فرماتا ہون کہ راہ رضای خدا و رسول بتاتا ہون فَلَوْ اَنَّ رَجُلًا اَحَبَّ حَجَرًا یَحْشُرُہُ اللّٰہُ مَعَہٗ یَوْمَ الْقِیَامَةِ تحقیق کہ اگر کوئی دنیا مین پتھر کو پرستش کریگا اوسکی الفت دلمین اپنی رکہی گا روز قیامت پتھر کی ہمراہ پکارا جای گا از فاقت سنگ مین خدا محشور فرمائی گا مومنین تمہی معنا مین حدیث کو ارشاد امام ہدی کو دریافت کیا پس لازم ہی اونکی ایام حزن اور مصیبت پر دست رونا عشرہ محرم مین نالہ و فغان پر مصروف ہونا کہ رسول خدا علی مرتضی فاطمہ زہرا حسن مجتبی علیہم السلام و سادات ملائکہ و ارواح انبیا مرحبا کہین وہ حضرات تمہاری واسطی جان و مال نثار ہین آئی دیکھو کیسی صدمات محنت اور بلا اوٹھائی بفظلم فضیحہ اہل ماتم کی بی الفت مین نبی کا یہ حال جیسی ان باپ کا ہوتا ہی پسر پر افضال صرف کرتا ہی عزای شہ بیکس مین جو مال اوسکو فرماتی مین زہرا وہی پیا

ورود الصحف العالیۃ والوصول منہا
ولما عاق الدہر ہذا الداعی المخلص عن
الی رواق العز والجلال ولا کمال بتلک
البہجۃ والجمال عوائق الزمان وعوادی
الاحوال اراد ان یخدمہا بکتاب یتضمن
اسامی الائمۃ والسادۃ الولاۃ واولی
الامر واہل الذکر واہل بیت الوحی الذین
اذہب اللہ عنہم الرجس وطہرہم تطہیرا
ویشتمل علی تواریخ موالیدہم واعمارہم
وطرف من اخبارہم ومحاسن آثارہم
والنصوص علیہم بالامامۃ

سترہویں مجلس شہادت قاسم بن الحسن علیہ السلام

کمال درروزِ محشر میں ثواب اسکا عیاں ہوئیگا + آج جو روئیگا کل خندہ زباں ہوئیگا +

مجلس شہادت قاسم ابن الحسن علیہ صلوات من رب المومن

متألمہ گانِ عروسِ حزن و ملال و غمزدگانِ چہرۂ افسوس و ابتہال نقل ریزانِ سپہرِ شاکے
بیقرار ہو دیدہ ہے بند اِن حجلہ عزا و سوگواری بہ نادیانِ صلائی محنت و غم و سرود سرایانِ نوای
درد و الم روایتِ صداقت اساس کو مجالسِ سامعہ حسرت و یاس میں سازِ نوائے شور
استعارات بکا ظہور میں یوں مذکور کرتی ہیں کہ جب مشتی قضائی روز عاشورا رخمہ البلائے اولا
اہلِ وفا کو لکھا اور سبب آلِ مرتضی کو پیامِ وصلیت کرب و بلا سے نا فرو کیا و نقارہ سینہ نا شکیبا
نوبتِ ماتم کا غلغلہ او کہا دیجاتہ نہ ہر اپ گلپر کسی خسرانِ اشجار عمر کی بندیں وار بند ہاہر ایک اولاد
مصطفی سے ارغوانی جامہ ہلاک بصد رنگ شادی پہنا اور ساحتِ قتلگاہ میں ذبح عظیم سے ہنگامہ
عید قربان کا دکہائی دیا شیون کی برات کا آرائش مصیبت سے اہلبیت کی گہر میں ورود ہوا عروس
حرم فی حجلہ رقت کا جوش برہزنِ حواس اور بہوش کیا آہ کی آتشبازی کا شرارہ زمین سے
آسمان تک مناسب چرخ کو پہنچا اور متاعِ نثارِ جانفشانی سے کفِ دست اور دامنِ صحرا بھرا صفحہ کربلا کا
نقشہ رشکِ چمن جنت الما وابنا اور جوان و پیر عترتِ رسول کا قبیلہ بسترِ فنا میں ایک جا بٹھا
ساداتِ ہاشمی نے شربتِ ناکامی زندگانی کا جامِ خوشگوار پیا اور گل ریحانِ زخم تیغ و خنجر کو طرہ دستار
اور گلے کا ہار کیا عطرِ خون اور غالیہ خاک دستِ تسلیم و رضا سے بدوش میں لگایا بیڑہ پیکان
تیر کا اور تنبول ایسے نشانِ رخصت روح میں دہانِ جراحت سے کہا یا چار طرف داغ حسرت کی چراغ
روشن کیے افسوس اِنا مہندی کی گانا انجمن ہو رہروانِ شہر میں سامانِ دعوت ہوک
پیاس کی دہوم ہو غم و درد میں مداراتِ زن و مرد پیش ہیشیں اور ہراس کا ہجوم اور دم حسن

الركن الرابع في امامة الاثنى عشر
والامام الثاني عشر وكل ركن منها
يتضمن ابوابا وفصولا تبين بها فيها
من مكنون العلم وتحرير الكلام مفصلا
ومجملا فان من اول الامور واولى
عند الجمهور وان يبين جلايل العقائد
على اجل معتقد بها وبعوض فوائد

سترہویں مجلس شہادت بن الحسن علیہ السلام

خطیبِ عشق محفلِ سعادت میں ندا دیتا اور بانوی سوت کی ہمسر کو قدم خواستگاری بڑہانی کی
تکلیف کی مروی فی کتاب البحار عن ثقاۃ الاخیار خرج قاسم بن الحسن علیہ
السلام وہو طفل صغیر لم یبلغ الحلم ناگاہ قاسم ابن الحسن علیہ السلام خلعت یاری کو
عم گرامی کی زیب تن استخباری کا سہرا ہمسلک در عدن تا بدامن آیا تکمیلِ فراق کی ہمراہ بہ عزم مجمع
حضور ہوا مسند زین پر شہانہ جلوہ دکہایا خطبہ رقت سی طلب عروس شہادت میں پہلا پا
دنیا کا ہین میں نقد جان کا منظور کیا ہر چند وہ لڑکا معرکہ کرب وبلا میں دولہا بنا ابہی عقد بلوغ
نہیں پہنچا تہا وصیت پدر بزرگوار کی تعویذ کو بازو کی آرزو سی کہولا عقدہ دل تنگی سی عقدہ کہولا
سوت پر نہایت حال میں بولا ای عم نامدار آل عبا کی غمخوار آج بزم امتحان میں ساری اقربا ملتی ہی
مقصود ہ اجل کی شادی مرگ ہوتی ہیں جامہ ہستی اوتار کی جیسی بیاہ کی ناتی سہرا ریزہ ہائی پر
سوتی ہیں ای بابا کی یتیم پرور آپ میری سر پر بجای والد نامدار ہیں چاہتا ہوں کہ اب اس گھڑی
گروہ اہل میں تحفہ آتی قتال سی میں بہی ہمکنار کریں آرائش حجلہ شہید ونکی رات میں نوشاہ بنا
خلعت رضا دیکی فرش عزت پر حجلہ شادی میں بٹہائی بیٹا تو ہمیشہ میرے کو جلسہ اقربا میں بڑہائی
قاسم جان بازی میں میری ماں باپ کی ارمان نکلیں وصلت عروس شہادت سی قاسم کو
بہی شادمان دیکہیں فلما نظر الحسین علیہ السلام الیہ قد برز اعتنقہ ہر گاہ اما
بیسپاہ اور گرفتار زغم اشک وآہ سی وہ نامدار ملاقی ہوا حضرت کو فرط قلق اور جوش محبت
یارای ضبط وقرار باقی نہ رہا دیکہا کہ شاہ مردانگی ہوتی فی سوار ونکی پری سی کہوڑا اسکا اڑی طلب
حضرت کی ہاتہ میں بہالا کمر میں تلوار لگائی کہڑا ہی حضرت نے بی اختیار دست شفقت بہا کر
اوسکو اپنی سینی سی لگا لیا فرط محبت سی سو کہا سنہہ دیکہہ کی پیشانی کو بوسہ دیا آستین سی
گرد وغبار چہرہ نورانی کا پونچہا کلمات دلداری فرما کی صورت پر اور زاری پر اپنا دامان بجز بیان کہا

الجواهر على اكمل منتقد بها والمعالم
من الذي العالي اعلى الله ان يغاف
على هذه والكرية المبينة ودليل على هذه
العقيلة النبيلة جاه القبول لينا الله
الخالص بذلك غاية المرام ونهاية السؤل
فانها مبيت على احسن ما يحبب الى قلوب العارفين
واكرم شيئات صيت على الارشاد
سبحانه الموفق للسداد والمهادي الى الرشاد
تبارك والمراد الركن الاول في ذكر
صلى الله عليه وآله ونسبه ومولده
واز واجه واعمامه واخواله ومعرفة
بعض غزواته واحواله ويشتمل على خمسة
ابواب الباب الاول في ذكر نسبه
ومولده وذكر اسمائه ومدة حياته
ووقت وفاته يشتمل على ثلاثة فصول
الفصل الاول في ذكر مولده ونسبه
الى آدم عليه السلام وذكر اسمائه ومدة
حياته ووقت وفاته ولد رسول الله
صلى الله عليه وآله يوم الجمعة عند طلوع
الشمس السابع عشر من شهر ربيع الاول
عام الفيل وفي رواية العامة ولد

يوم الاثنين ثم اختلفوا من قائل
يقول البرقيان طلعا من شهر ربيع
الاول ومن قائل يقول لعشر ليال
خلون منه وذلك لاربع وثلاثين
سنة وثمانية اشهر مضين من
ملك كسرى انوشيروان بن قباد

قال لما ولد ابراهیم بن النبی صلعم من ماریة اتاه جبرئیل ع فقال السلام علیک یا ابا ابراهیم کنیته ابو القاسم وروی انس بن مالک
بن مالک عمرو بن هند ملک العرب و
الصالح ولثمان سنین وثمانیة اشهر
ولدت فی زمان الملک
وهو الذی عنه رسول الله صلی الله علیه
وهو قاتل قزوک والزنادقة ومبیدهم

ستر ہوین مجلس شہادت قاسم ابن الحسن علیہ السلام

وَجَعَلَا یَبْکِیَانِ حَتّٰی غُشِیَ عَلَیْهِمَا شدتِ غم والم سی چچا اور بہتیجی دونو صدمۂ مہجوریین
ایسا روئی کہ خانہ زین مین علیہ رقت اور اندیشۂ فرقت سی غش ہوگئی ثُمَّ اسْتَأْذَنَ
الْحُسَیْنَ عَلَیْهِ السَّلَامُ فِی الْمُبَارَزَةِ جب حالتِ زاری مین افاقہ ہوا فرزند حسن
مجتبی علیہ السلام فی جان قربان کرنیکا فرمان مانگا راوی کہتا ہی اوسوقت امام حسین علیہ
السلام لاشہای یار و اقربا پہ مصروفِ نالہ و فغان ہوتی تہی فراقِ برادر اور فرزند جوان مین مثال
پیرِ کنعان روتی تہی ایک طرف از دحامِ اندوہ و آلام سی غلبۂ تشنہ دہانی ایک جانب تمام
لشکرِ مخالف کی غریبِ مظلوم پہ طغیانی خیمہ گاہ مین العطشِ اطفال سی کہرام تہا ہر طرف اعزای
اقربا مین فریاد سی کام تہا حضرت کو استماع سی زاریِ اہلِ حرم کی بیقراری وفای وعدۂ شہادت مین
سر و تن سی بیزاری اس وقت مین جو قاسم کو دیکہا کہ سو جان سی مرنی پہ طیاری کرتا ہی بہوک
پیاس مین لذتِ زندگی سی سیر زخم کہانیکو جاتا ہی نظرِ حسرت سی اوسکی چہری پہ نگاہ کی دلِ پُر درد
واذا سما کہکی آہِ سرد بہری تابِ ضبط نہ ہی کہ گرمی ہوا سی وہ گلِ رخسار مرجہای تہی سوزِ عطش سی
آنکہین حلقی پڑی دہن خشک ہونٹہ پپڑائی تہی فَاَبَی الْحُسَیْنُ عَلَیْهِ السَّلَامُ اَنْ یَأْذَنَ
لَهُ موافقِ سندِ واثق غریبِ کربلا اپنی بہائی امام حسنِ مجتبی کی عاشق تہی اور اونکی اولاد کی فریفتہ
اور شیفتہ صادق تہی سید الشہدا کو صدمۂ فراقِ قاسم ناگوار تہا مرنی کی رضا سی اوس روحِ
انکار کیا اسواسطی کہ وہ نوجوانِ شمع قامت خانۂ چشمِ آرزو کا اوجیالا تہا آغوشِ محبت مین بہت
نازون سی بارہ برس پالا تہا نہالِ باغِ نوجوانی برادرِ بزرگوار کی نشانی الحق کسی کی دلکو یہ صدمۂ
جانکاہ کیونکر گوارا ہوتی کہ ایسا چاند سا منہہ خاک اور خون مین ڈوبا دیکہی جس نازک بدن پہ گلکا
بیٹہنا دشوار و ناگوار ہو اوسپر تیر پڑین نیزی کی انی سی فگار ہو جس گلی پہ نشانِ گریبان دیکہی سی
مان باپکا دم گہٹی اوسکی رگہای گلو سی خون بہی خنجرِ بیداد کی رگڑون سی کٹی وہ اپنی ہوہو بہی اور

ونسبه محمد بن عبد الله بن عبد المطلب واسمه شیبة الحمد بن هاشم واسمه عمرو بن عبد مناف واسمه المغیرة بن قصی واسمه زید بن کلاب بن مرة بن کعب بن لوی بن غالب بن فهر بن مالک بن النضر وهو قریش بن کنانة بن خزیمة بن مدرکة بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان مروی عنه علیه وآله السلام قال اذا بلغ نسبی عدنان فامسکوا وروی عن ام سلمة زوج النبی فالنسب سمعت رسول الله صلی الله علیه وآله یقول

۴۹۲

سترہوین مجلس شہادت قاسم بن الحسن علیہ السلام

ام کلثوم کا پیارا لاڈ ضعیف کی چھتی کا سہارا عباس اور عون و جعفر کا نور نظر علی اکبر دلاور کا مونس و یاور ایسی راہ بیکر کو کیونکر مرنی کا حکم فرمائین کس دل سی تیر فراق یادگار برادر کا جگر پر کہاتین

فَلَمْ يَزَلِ الْغُلَامُ يُقَبِّلُ يَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ حَتّٰى اَذِنَ لَهٗ قاسم نی التماس تمام سی

دست و رکاب امام انام کو بوسہ دیا اور گریہ و فغان مین دمبدم واسطہ نام جد و پدر سی وہی سوال کیا پھر دن پر شاہدین کی منت سے سر کو جھکایا چھوٹی ہاتھ جوڑ کی بجاحت سے زبان حال مین یہ سنایا عمو جان امید وار ہون مجھی اجازت سرباز دو معرکہ قربانگاہ مین منصب اعزاز سی زندہ جاوید کرو کہ زیادہ غم دوری احباب سہنا دشوار ہی ساعت شیون اہلبیت سی جینا ساعت بھر ناگوار ہی سکینہ و رقیّہ کی بیتابی سی دم نکلتا ہی عبد اللہ و علی اصغر کی تشنہ لبی پر کلیجا جلتا ہی ناچار اس گفتگو سی قاسم امام ابرار کو چارہ نرہا پھر چھاتی سی لگا کی پارہ دل او رجگر کو مرنیکی واسطی رخصت کیا بعضی ناقلان مصیبت سی ہمنی سنا ہی کہ بیان حسب حال مین ایسا کہا ہی وہ مسافر ملک بقا وداع کرنی کو حرم محترم کی دروازہ خیمہ پر آیا با دل ناشاد اور پھوپھی زینب و امّ کلثوم کو آواز جانگداز سی پکارا تم سبکا خدا نگہبان کہ مین اسدم قتلگاہ کو روانہ ہوتا ہون مبتلای درد فراق کو بخشو کہ دیدار آخر دکہانی کو آیا ہون واویلا یہ صدای غم افزا سنکی ساری خواتین اندوہگین دوڑین گرد و پیش اسپ شاہزادہ مانند بنات النعش کی جمع ہوئین ایک طرف کہڑی زار و نزار مان روتی تھی ایکجانب بلائین لیکی پھوپھی قربان ہوتی تھی سراپردہ امام مظلوم مین الوداع کی دہوم ہوئی عورات بی نصیب نی شکایت ظلم سپاہ مشئوم کی کہ ہا قاسم بھی مرنی کو جاتا ہی چچا کی حمایت مین خنجر قاتل سی گلا کٹاتا ہی آج ہماری وارثون مین کوئی باقی نہ بچیگا فلک خانہ فاطمہ زہرا کو تباہ اور برباد کریگا اسوقت عجب طرح کا شور فریاد و فغان برپا ہوا ہر ایک نی دامن اور آستین کو فرزند حسن علیہ السلام کی رقت مین پکڑ لیا کوئی کہتی تھی ہائی کشتہ زہر جفا کی نشانی کوئی چلاتی تھی افسوس یہ خزان بہار نوجوانی ای اہل عزا دنیا کا دستور دیکھا ہی جو مسافر ہی

سترہویں مجلس شہادت قاسم بن الحسن علیہ السلام

اپنی گہر سی باہر جاتا ہی عزیز و اقربا کی ہمراہ کہانا کہاتا پانی پیتا رخصت ہوتا ہی ساکنان وطن کی
نان کی قسم سی توشہ راہ ساتہہ کرتی ہین تہوڑی دور پہنچا کی گلی لگا کی شاد ماں پہرتی ہین وای مصیبت
خاندان رسالت کی ہای محنت و طغیانی دشت غربت مین جفای امت کی اہلبیت کو اوسکی
وداع قاسم مین کچہہ میسر ہوا نہ چار سامان حسرت اور افغان سی زاد سفر مہیا کیا فخرج و دموعہ
تسیل علی خدیہ خلاصہ کلام الغرض ناکام مین ماتم کا کہرام رہا قاسم نی عنان توسن بڑہکی
عزم میدان خون آشام کیا بار بار منہہ پہرا کی خیمہ گاہ اور چچا کی حالت تباہ دیکہتا جاتا تہا بحسرت
غم مجبوری مین آنکہون سی اشک گلگون بہاتا تہا کبہی ماں کی بیکسی اور حسرت پر آہ بہرتا کبہی
بہائی کی یتیمی کو یاد کرتا جوری اور تنہائی پر امام حسین علیہ السلام کی سجتی فراق عباس و علی اکبر
شور و شین اہل حرم و چین شان سرور کی دیکہتا آشکوہ اور دبدبہ حیدری سی مقابل سپاہ
چہوٹی سن مین بہالا ہلاکی شہی فن شمشیر زنی جتنا آکہڑا ہوا وھو یقول زبان فصاحت ترجمان
رجز کی یہ اشعار انشا فرمائی باوجودی آفی دہان جوہر بلاغت تیغ زبان سی اعدا کو دکہائی
ان تنکرونی فانا ابن الحسن سبط النبی المصطفیٰ و المؤتمن یعنی ای اہل کوفہ و شام
اگر تم ہماری شرف کو نہین مانتی ہو اور عزت و اکرام خدا داد سی اہل حرم کی انکار کرتی ہو پس یقین جانو
اور بہی پہچانو کہ فرزند حسن مجتبیٰ امام ہدیٰ سبط مصطفیٰ ہون حسب اور نسب مین نواسہ پیمبر کا
دل و جان سی ہوا ہون ہذا حسین کالاسیر المرتہن بین اناس لا سقوا صوب
المزن یہ حسین ابن علی مرتضیٰ ہی جو اہی کہ مانند مرتہن لشکر اعدا مین پہنسا ہی امت پر جفا ہی
اوسی کنار دریا پیاسا رکہا آٹہہ پہر گذری کہ چشمہ مروت سی ایک قطرہ پانی کا نہین دیا و کان
وجہہ کفلقۃ القمر راوی کہتا ہی قاسم کا آفتاب جمال ہر گاہ افق میدان سی لشکر
شترہ طیسان شام کی طالع ہوا چہرہ رشک ماہ دسکا شال ماہ شب چاردہ کی چمکتا تہا سر دار

سترہوین مجلس شہادت قاسم بن الحسن علیہ السلام

تندرست مین کانٹا چبہتا ہی خراش درد کی سبب آرام اور قرار قابو سی جاتا رہتا ہی مجھی بہت
حیرت ہے یہہ روایت سرمایۂ حسرت ہے کہ اوس طفل غریب پر ہجوم آفت مین کیا گذری ہوگی چہوٹے
سن و سال مین حالت صبر و توان کیونکر باقی رہی ہوگی اول غلبۂ تشنگی و دوم صدمۂ گرسنگی
تیسری غم و غصۂ ہجران عزیزان چوتہی اندیشۂ رقت عمہ و خواہران ایکطرف ماکی فراق مین
رونا ایک جانب چچا کی اشتیاق پر جان کہونا کبہی منہہ پہر کی خیمونکو پاس مین دیکہنا گاہی
بیتابی سی گوش بر آواز نالۂ حرم رہنا کثرت زخم سی بدن صدپارہ ہر بن مو سی جاری لہو کا
فوارہ ایک جی کی ہزار ناہنجار خواہان تہی ایک سر پر بیشمار خنجر بران تہی تیغ کی گہاو پر تیر سہلیو
حال پر سی کو آتا تیر کی جراحت کو نیچہ گرز گران دباتا درد جگر کی خبر کو ناوک تیر پر بیٹہہ جاتی
بیکسی اور تنہائی مین بہلانی کو دلکی بہالی آتی سوار کو غلبۂ نقاہت مین طاقت قرار نا بود تہی
رہوار کی تاب و وہی قوت رفتار مفقود ہوئی چند صف مین تیور آنی لگی شدت بیحالی سے اسپ
جہوم جہوم کی رہنی پائین جہکی قال حمید بن مسلم کنت فی عسکر ابن سعد
فکنت انظر الی ہذا الغلام حمید ابن مسلم سی منقول ہی کہ اوسنی کہا لشکر عمر سعد مین کہڑا تہا
قاسم کو میدان مین وارد ہوتی دیکہا کس دبدبہ اور شان سی اکیلا لڑتی دلاور ونکو مارا جو جو میدان
ہجا مین نامی تہا علیہ قمیص و ازار و نعلان فانقطع شسع احدہما بائین جسم انور مین کرتا پاجامہ دو نعلین سی جلوہ نما ہوا لاکن تسمہ ایک پاپوش کا اوسدم ٹوٹا تہا
ما انسی انہ کان الیسری مجہی خوب یاد ہی نہین بہولا کہ وہ بائین پانوکا جوتا تہا
فقال عمر بن سعد الازدی واللہ لاشدن علیہ میری پہلو سی عمر ابن سعد ازدی
بولا قسم خدا کی مین اوس سردار لڑکی کو حملہ کرونگا فقلت سبحان اللہ وما ترید بذالک
یعنی اوس بیرحم کو بہت ملامت کی اور نصیحت سی کہی سبحان اللہ قاسم مظلوم سی تو کیا چاہتا ہے

من العین واختلف اهل بیته واصحابه
فی موضع دفنه فقال امیر المؤمنین
علیه السلام ان الله تعالی لم یقبض روح نبیه
نبیا صد الا فی اطهر البقاع فینبغی ان یدفن فی
هنالک فاخذوا بقوله ودفن فی حجرته
التی قبض فیها صلی الله علیه وآله الالباب
الثانی فی ذکر آیاته الباهرات ومعجزاته

سترہوین مجلس شہادت قاسم بن الحسن علیہ السلام

اوس معصوم کی مارنی کو کیون جاتا ہی وَاللّٰہِ لَوْ ضَرَبَنِیْ مَا بَسَطْتُ اِلَیْہِ یَدِیْ بخدا وہ
لڑکا ہرگاہ مجھی تلوار لگاوی زخم کہاؤن تو بھی مین اوسکی طرف دفع کو ہاتھ نہ اوٹھاؤن آلَمْ
یَکْفِیْکَ ھٰؤُلَاءِ الَّذِیْنَ تَرَاھُمْ قَدِ اسْتَوْحَشُوْہُ آیا کافی نہین تجہی یہ کہ اوسکو انہون نی چاروطرف سے
گہیرا ہی چارسمت سی جراحات مین تلوار و تیر و نیزہ کی گہرایا ہی بدنِ ناتوان سی لہو بہتا ہے
ضعفِ عطش مین غش کرتا ہی قَالَ وَاللّٰہِ لَاَفْعَلَنَّ اوسنی کہا خدا کی سوگند مین جاتا ہون
ابن حسن کو خاک پر گراتا ہون فَشَدَّ عَلَیْہِ پس اوس شقی نی گہوڑا اٹہایا کمین گاہ سی دوڑ کے
حملہ کیا فَمَا وَلّٰی حَتّٰی ضَرَبَ رَاْسَہٗ بِالسَّیْفِ کچہ عرصہ نہ گذرنی پایا تہا کہ سر قاسم پہ
تلوار کا وار لگایا فرقِ فرقدسای شاہزادہ پیشانی تک دو ٹکڑی ہوا خون مانند پرنالی کی بہنی لگا
فَوَقَعَ الْغُلَامُ لِوَجْہِہٖ وَنَادٰی یَا عَمَّاہُ اَدْرِکْنِیْ اوس صدمہ زخم کاری سی زین چہوٹ
گیا وہ غازی منہ کی بل خاک مین گرا ضعیف آوازسی سید الشہدا کو بلایا چچا آکر یہ کلام حسرت
انجام سنایا ای مولا میری پاس امداد کو جلدی آو مین تمہر فدا ہوا دم واپسین دیدار دکھا دیجیے
صدای نالۂ قاسم کان مین سرور دین کی پہنچی طاقتِ ضبط اور قرار دلکو باقی نہ رہی قَالَ فَجَاءَ
الْحُسَیْنُ عَلَیْہِ السَّلَامُ کَالصَّقْرِ الْمُنْقَضِّ امام حسین علیہ السلام مثالِ بازِ تیز پرواز خشمگین
بہری دوڑی جب کہ بالین پر حسین گران خونبہا کی وارد ہوئی چار طرف دشمنون کا نرغا اور انبوہ
پایا ازدحام سوار و پیادہ کا امام زادی کو گہیری نظر آیا فَقَاتَلَ الصُّفُوْفَ وَشَدَّ شِدَّۃَ
اللَّیْثِ الْحَرِبِ شمشیر آتش بار سی اعدا کی صفونکو توڑ دیا اوس لشکر روباہ پر مانند شیر غضبناک
حملہ کیا تلوار کی ہر وار مین سیکڑون سر پر غرور کٹی تا کہ لشکر شورہ پشت کی پانو بہی پیچہی ہٹی میدان
جہان قاسم پڑی تہی جا کی نزدیک سی دیکہا برادر زادی کا قاتل ذبح کرنیکی ارادی مین کہڑا تہا
فَضَرَبَ عُمَرَ قَاتِلَہٗ بِالسَّیْفِ شاہ بحر و بر نی قاتل حضرت قاسم پر باخترکو تیغ دو پیکر

الخارقة للعادات وهذه الآیات فمنها ما
ما ظهر قبل مبعثه والاخر ما ظهر بعد
فاما ما ظهر قبل البعثة والمبعث ان
فمن ذلک ما استفاض فی الحدیث ان
آمنة رسول الله صلی الله علیه وآله قیل لما وضعته
رأت نورا اضاءت له قصور الشام
انها انتبهت حین جاءت برسول الله
قیل لها انک قد حملت بسید هذه
الامة فاذا وقع علی الارض فقولی اعیذه بالواحد
من شر کل حاسد
۳۹۷
محمدا فان اسمه فی التوراة
احمد یحمده اهل السماء والارض واسمه
فی القرآن محمد قالت فسمیته بذلک
وروی ابو امامة قال قیل یا رسول الله
ما کان بدو امرک قال دعوة ابی ابراهیم
وبشری عیسی علیه السلام ورأت امی
انه خرج منها نور اضاءت له قصور الشام
ومن ذلک ما رواه الاستاذ ابو سعید
عبد الملک بن ابی عثمان الواعظ الزاهد
الخرکوشی باسناده عن مخزوم بن هانی
المخزومی عن ابیه وقد اتت علیه مائة
وخمسون سنة فقال لما کانت اللیلة
التی ولد فیها رسول الله صلی الله علیه
وآله ارتجس ایوان کسری وسقطت منه
اربعة عشر شرفة وخمدت نیران
فارس ولم تخمد قبل ذلک بالف
عام وغاضت بحیرة ساوة ورأى الموبذان

ستر ہوین مجلس شہادت قاسم بن الحسن علیہ السلام

لگائی ضربتِ عمرو آنتر گسل کی صفائی ابنِ فاتح خیبر نی دکھائی فَاتَّقَاهُ بِيَدِهٖ فَاَطَنَّهَا مِنَ
الْمِرْفَقِ اوسنی اپنی دستِ جفا اوٹھا کی دم شمشیر پہ سپر کی بدکار کی دونو ہاتھ کہنی سی قلم ہوی فَصَاحَ
ثُمَّ تَنَحّٰى عَنْهُ عمر سعد ازدی استغاثہ مین چلایا اپنی لشکر کو حمایت مین مدد کی واسطی بلایا کہ اوس
شقی کی طرفداری کو آئین امام حسین علیہ السلام کی قہر سی چھڑائین وَحَمَلَتْ خَيْلُ اَهْلِ الْكُوْفَةِ
لِيَسْتَنْقِذُوْهُ وَاعْتَرَضَ الْحُسَيْنُ پیادہ اور سوار اشرار کوفہ چار جانب سی ٹوٹ پڑی کہ امام
ذوالفقار سی عمر کو بچا لین وہ ملعون تو جان نہ برون سی لا سکا جنگِ معاویہ کا ہنگامہ برپا ہوا
حضرت ناچار اونکی مقابلی سی جہاد کرنی لگی ہجوم عام مین گرد و پیش سر مرزی وہ بہاگ گئی فَاسْتَقْبَلَتْهُ
بِصُدُوْرِهَا وَجَرَحَتْهُ بِحَوَافِرِهَا وَوَطِئَتْهُ حَتّٰى مَاتَ الْغُلَامُ واحسیناہ وا
قاسم جوان میدان دار وگیر مین بیہوش پڑی تہی آمد و رفتِ سپاہ ظلم سی پامال ہو رہی تہی
گہوڑوں کی ٹاپون نی سر و سینہ روند ڈالا کوئی عضو اوس زخمی بدن کا نہ تہا جو پامال نہوا آہ ہائی
جسم صد پاش پر صدمات گذر رہی کہ حالتِ جان کنی اور سکراتِ موت مین پہنچنی لگی قَالَ فَانْجَلَتِ
الْغَبَرَةُ فَاِذَا بِالْحُسَيْنِ قَائِمٌ عَلٰى رَأْسِ الْغُلَامِ وَهُوَ يَفْحَصُ بِرِجْلَيْهِ راوی کہتا ہی
ہنگامہ سپاہ روسیاہ کا غول ہٹا گرد و غبارِ صحرا کا اندہیرا فرو ہوا مین کیا دیکھتا ہون کہ شبیر کہڑا بقرارِ عزیز ہی
یہ ماجرا دیکھا اعضای جسم قاسم ٹکڑی ٹکڑی جا بجا پہ سامنی پڑی ہین امام حسین علیہ السلام
اوسکی سرہانی باچشم گریان کہڑی ہین حضرت دامن خاک و خون مین لتہڑا ہوا پوشاک بہی
رنگین لعل منہ سی بہتی ہوئی آنکہ مین نور فرق سا باپ کا ہوجاتی چہری پہ مردنی چہائی مرگ کا گردن کا
ڈہلا ہوا وہ صغیر زمین پر ایڑیان رگڑتا ہی غش مین ہچکیان لیکی دم توڑتا ہی فَقَالَ وَيَقُوْلُ
الْحُسَيْنُ يَعِزُّ وَاللّٰهِ عَلٰى عَمِّكَ اَنْ تَدْعُوَهُ فَلَا يُجِيْبُكَ اَوْ يُجِيْبُكَ فَلَا يُعِيْنُكَ
اَوْ يُعِيْنُكَ فَلَا يُغْنِيْ عَنْكَ امام حسین علیہ السلام نی عجب حال پر اختلال سی کہا اوسکی

سترہوین مجلس شہادت قاسم بن الحسن علیہ السلام

چاہیے اس حادثۂ بلا مین صبر کرو کہ آئینۂ بیچ خواری اور ہلاکت مین مبتلا ہوئے اے حاضران بزم ماتم اے
سامعان حدیث درد و الم خدا کسی خاندان محترم کو روز مصیبت نہ دکہائے اور عزیزونکی خبر موت
عالم غربت مین نہ سنائے مادر شکستہ بال کی روبرو جنازہ فرزند کا نہ لائے ہین اور بہائی کو بہن سی
جدائی سی نہ رولائے فکر و تصور کی چاہیے محل نالہ اور فغان و بکا ہی قاسم کی مادر بی نصیب کو جسدم
یہ ماجرا پہنچا کہ بیٹا ناشاد نامراد ہوکا پیاسا مارا گیا اوسکا بدن ضرب تیغ و نیزہ و تیر سی ٹکڑی ہوا
لاشہ خاک و خون مین بہرا دروازہ پر خیمہ کی دہرا ہی نہ جنازہ کی نہلانی اور کفن کی تدبیر ہی
نہ نماز میت اور دفن کی تقریب ہی بیتابی سی پچہاڑین کہاتی تہی سر و سینہ پیٹ کی روتی چلاتی تہی
دل پر درد سی آہ سرد بہرتی زبان حال سی یہ بیان کرتی تہی ہای میری ساری عمر کی دولت اور
کمائی افسوس قسمت جی کی امید خاک مین ملائی مجہی آرزو تہی کہ اوسکی شادی کرونگی دولہن کو شب
عیش مین فرزند کی پہلوسی ملی دیکہونگی مجہہ بیوہ کا خانۂ ویران بہوسی آباد ہوگا نام حسن مجتبی علیہ السلام
شمع شادی سی روشن رہیگا آخر عمر مین عصای پیری میرا نوجوان بیٹا ہی جب مرونگی یہ رونق تابوت
زینت جنازہ ہی حیف اور دریغ کہ دست دہر نی حجلہ گاہ کی جا قتلگاہ سجی عوض عروس تیغ کی بستر مین
تو شانہ مرگ ہم بستر دیکہی خلعت دامادی کی بدلی کفن بہی نہ ملا شربت اور نقل کی نام آب تیغ اور
خنجر گلی ہی اور ترانہ سرود کی مقام پر نالہ و نوحہ ہوتا ہی شور مبارکباد کی مقابلہ مین سارا عالم رو تا ہی
داویلا دشت کربلا مین دفن میت کی صورت نہین ظلم اعدا سی عزاداشیون کی مہلت نہین اے زنان
بنی ہاشم اس مصیبت مین میری امداد کرو مرگ قاسم نوجوان کا مجہی پہساد کیا کرون کہ مرتی وقت
نازونکی پالی کو پانی کا قطرہ نہین بہم پہنچا کس سی کہون زخم تیغ اور نعل سمند سی ایسا بدن ٹکڑی ہوا
کوئی عضو ثابت نہ رہا کہاں ہین حسن مجتبی علیہ السلام کہ اپنی لال کا یہ حال دیکہین خاک و خون بہری جسم کو
حسرت اور ملال مین چہاتی سی لگالین اوسوقت تمام اہلبیت ضعیفہ پر ارمان کی ساتہہ روتی تہی

اٹھارہویں مجلس بکاء خلیل سے قربانی اسماعیل کی فدا و شہادت عباس بن علی علیہ السلام روز عاشورا

اَوْ ذَبْحُ وَلَدِكَ بِيَدِكَ فِي طَاعَتِي ایزد معبود نے ارشاد کیا آیا ذبح ہونا اوسکی سخت جگر کا اعدا کی ہاتھ سے
تمہاری دلکو بہت جلاتا ہے یا سر کاٹنا اپنی بیٹے کا ہماری طاعت میں تمکو دکھ پہنچاتا ہے قَالَ يَا رَبِّ بَلْ ذَبْحُهُ عَلَى اَيْدِي اَعْدَائِهِ
اَوْجَعُ لِقَلْبِي بانی کعبہ حرم نے کہا اے خداوند محترم اوسکا گلا کٹنا تیرے حبیب کے فرزند کا دست اعدای غدار سے بہت
ناگوار ہے اور تحمل اس غم جانسوز میں بادہ دشوار ہے قَالَ يَا اِبْرَاهِيمُ فَاِنَّ طَائِفَةً تَزْعُمُ اَنَّهَا مِنْ اُمَّةِ مُحَمَّدٍ
ایزد کریم نے فرمایا کہ اے خلیل میری جانو تم کہ ایک طائفہ آخر زمانے میں پیدا ہوگا اور اپنی گمان میں محمد کی امت سے ہونیکا
دعوا کریگا سَتَقْتُلُ الْحُسَيْنَ اِبْنَهُ مِنْ بَعْدِهِ ظُلْمًا وَعُدْوَانًا كَمَا يُذْبَحُ الْكَبْشُ ظلم اور عدوان سے بعد وفات
رسول ہول جانیکی تبہ ثقلین کو قتل کرینگے حبیب میری حسین فرزند سید کونین کو جیسے قصاب گوسفند کو ذبح کرتے ہیں
اور خوش و خرم بیخوف رہتے ہیں وَيَسْتَوْجِبُوْنَ بِذٰلِكَ سَخَطِي باوجود اس گناہ کی مستحق ناراضی اور میرے قہر و غضب کے
سزاوار ہیں فَجَزِعَ اِبْرَاهِيْمُ لِذٰلِكَ وَتَوَجَّعَ قَلْبُهُ وَاَقْبَلَ يَبْكِي پس حضرت ابراہیم ان باتوں کو سنکے اندوہناک
ہوئے اور آنکھوں سے اشک حسرت جاری تھے اونکا دل بہت کڑھا غم و الم کا ہجوم ہوا فَاَوْحَى اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ يَا
اِبْرَاهِيْمُ قَدْ فَدَيْتُ جَزَعَكَ عَلَى اِبْنِكَ اِسْمَاعِيْلَ اوس وقت خداوند علیم نے وحی بھیجی کہ اے ابراہیم
یہ تمہاری قلق ذبح اسماعیل کی بدل ہوتی لَوْ ذَبَحْتَهُ بِيَدِكَ بِجَزَعِكَ عَلَى الْحُسَيْنِ وَقَتْلِهِ اگر اپنی ہاتھ سے
تم اپنے ہاتھ سے کاٹتے قلق مرگ فرزند میں درد ناک اور بیچین رہتے تو یہ ثواب رونے میں شہادت امام حسین کے دیا
جو ملا ہے قربانی اسماعیل کی برابر اجر اسکا عطا ہوا ہے وَاَوْجَبْتُ لَكَ اَرْفَعَ دَرَجَاتِ اَهْلِ الثَّوَابِ عَلَى
الْمَصَائِبِ بلکہ اوس مرتبہ سے زیادہ ہمنے یہ درجہ عظیم کیا ہے اور اپنی رحمت سے بڑا مقام حسنہ تمکو دیا ہے اے ابراہیم
عوض میں ان آنسوؤں کی جو تمہاری آنکھوں سے بہے اور ان نالوں کی بدلے جو سینہ سے نکلے اور محبت سے اوٹھے واجب کر دیا
دینے کو بہت بلند درجے ثواب کے اور مستحق کیا ہمنے تمکو ساتھ مرتبوں اہل مصائب کے وَذٰلِكَ قَوْلُ اللّٰهِ
عَزَّ وَجَلَّ وَفَدَيْنَاهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ اس مضمون کو حق تعالیٰ نے کلام مجید میں فرمایا ہے قصہ مذکوری
رسول اللہ نے اونکو واقف کیا ہے کہ یعنی فدیہ بھیجا ابراہیم کو یعنی قربانی اسمعیل پر ذبح عظیم کو بدرستی کہ

اٹھارویں مجلس فضائل سید الشہداء و جناب عباس بن علی علیہ السلام روز عاشورا

اوسکا رونا مصیبت امام حسین پر ہمکو زیادہ تر مقبول ہوا ہی اور سپر کی گردن کاٹنی سی راہ خدا میں جو
درجہ ملتا اوس سی بہ پڑہا ہی پس ای سامعان حدیث کیا قدر و منزلت کو اس شیون و شین کی جانو ہم
عزا میں ذکر مصیبت امام حسین علیہ السلام پر خاموش ہو جو ستم اور جفا امت بیوفا نی کربلا میں کئی ہیں یاد کرو
سرگذشت برادر اور فرزند سید الشہدا کو چاہیی گوش ہوشمین سنو نالہ و فریاد میں مصروف رہو اس غم و
الم سی رو رو کی جان دو مثل عن ابی یعفور عن ابی عبد الله قال بینا رسول الله في
منزل فاطمة والحسين في حجره اذ بكى وخر ساجدا الخ باب کامل الزیارت میں ابی یعفور نی
جعفر صادق علیہ السلام سی روایت کی ہی ایک دن خیر الورا جناب منزل بتول عذرا کو زینت جلوس دیا
امام حسین علیہ السلام کو آغوش نازمین لیا بہت روکی سجدہ بی نیاز کیا ثم قال يا فاطمة يا بنت
محمد ان العلي الأعلى تراءى لي في بيتك هذا ساعتي هذه في أحسن صورة وأهيأ
هيئة پھر کہا یا بنت محمد اسد ہم علی اعلی یعنی ظہور علم با صفات کمال اللہ نی مجکو تمہاری گھر میں جلوہ دکہایا
حسن صورت اور ہیات میں اوسکی رحمت و جبروت کو پایا وقال لي يا محمد أتحب الحسين فقلت
نعم قرة عيني وريحانتي وثمرة فؤادي وجلدة ما بين عيني اوسنی پوچھا ای محمد
امام حسین کو پیار کرتی ہو جو سینہ سی لگتا ہی یعنی عرض کی نعم وہ میرا نور دیدہ گل مراد میوہ دل حاجت
چشم کہلاتا ہی فقال لي يا محمد ووضع يده على رأس الحسين بورك من مولود
عليه بركاتي وصلواتي ورحمتي ورضواني پس خطاب کیا مجھی کہ یا محمد اور دست
کرم اپنا سر حسین پر رکہا اوس پر برکت و صلواۃ و رحمت و رضوان میری ہی یہ کہا ولعنتي
وسخطي وعذابي وخزيي ونكالي على من قتله وناصبه وناواه ونازعه اور غضب
لعنت و عذاب و خذلان و نکال خداوندی اوسکو شامل ہی جو اوسکا عدو اور ناصب حرب و دغا
ہی وقاتل ہی أما انه سيد الشهداء من الأولين والآخرين في الدنيا والآخرة

اٹھارہویں مجلس لباس حسنین علیہما السلام کا مختلف رنگ کا

وَسَیِّدُ شَبَابِ اَھْلِ الْجَنَّۃِ مِنَ الْخَلْقِ اَجْمَعِیْنَ وَاَبُوْہُ اَفْضَلُ مِنْہُ وَخَیْرٌ یقین جانو

کہ وہ سید الشہدای اولین وآخرین ہیں اور بہترین جوانان بہشت بریں ہیں حسین کی والدا ونسی ہیں اور

افضل ہیں جو یہ شرف کی دنیا وآخرت ہیں مشتمل ہیں فَاَقْرِئْہُ السَّلَامَ وَبَشِّرْہُ بِاَنَّہٗ رَایَۃُ الْھُدٰی

وَمَنَارُ اَوْلِیَائِیْ وَحَفِیْظِیْ وَشَہِیْدِیْ عَلٰی خَلْقِیْ پس اوسکو میرا سلام و پیام انعام خاص کہو

بتحقیق کہ وہ علم ہدایت محل نور اولیا حافظ و شاہد خلق دنیا ہیں یہ بشارت دو، وَخَازِنُ عِلْمِیْ وَحُجَّتِیْ

عَلٰی اَھْلِ السَّمٰوَاتِ وَاَھْلِ الْاَرْضِیْنَ وَالثَّقَلَیْنِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وہ میری علم کا پوشیدہ مخزن کا حجت

انس میں خازن ہیں اوپر اہل آسمان و زمین کی حجت ظاہر و باطن ہیں بیان اِنَّ الْعَلِیَّ الْاَعْلٰی اَیْ

رَسُوْلَہٗ جِبْرَئِیْلُ اَوْیَکُوْنُ التَّرَائِیْ کِنَایَۃً عَنْ غَایَۃِ الظُّہُوْرِ الْعِلْمِیِّ وَحُسْنِ الصُّوْرَۃِ کِنَایَۃً

عَنْ ظُہُوْرِ صِفَاتِ جَمَالِہٖ تَعَالٰی وَوَضْعُ الْیَدِ کِنَایَۃٌ عَنْ اِفَاضَۃِ الرَّحْمَۃِ وَرُوِیَ

عَنْ بَعْضِ الثِّقَاتِ الْاَخْیَارِ اَنَّ الْحَسَنَ وَالْحُسَیْنَ دَخَلَا یَوْمَ عِیْدٍ اِلٰی حُجْرَۃِ جَدِّہِمَا

رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ مضامین دلنگزار جامہ بیان بلند آستین لباس فضیلت کو

طرازنا لیف سے بعضی ثقات اخیار کی لاتی ہے خلعت روایت کو تم تراجم سے بوقلمون کا لون دکھاتی ہے یعنی

کہ ایک دفعہ حسنین علیہما السلام کو اعوش نانا میں جد بزرگوار کی عید آیا اور شاہزادوں کی لیے لباس تبدیلیا

نہیں تھا فَقَالَا یَاجَدَّاہُ اَلْیَوْمَ یَوْمُ الْعِیْدِ وَقَدْ تَزَیَّنَ اَوْلَادُ الْعَرَبِ بِاَلْوَانِ

اللِّبَاسِ وَلَبِسُوْا جَدِیْدَ الثِّیَابِ نانا سے عرض کی آج روز عید کو آپ سے یہ بات کہنی ہے

اولاد عرب نے ہر طرح کی نئی پوشاک پہنی ہے وَلَیْسَ لَنَا ثَوْبٌ جَدِیْدٌ وَقَدْ تَوَجَّہْنَا لِذٰلِکَ

اِلَیْکَ ہماری بدن پر ثیاب نو کا نام نہ ہوا دیکھیے لوا سوا سطے آپکی پاس آئی ہیں کہ بنا دو، فَتَاَمَّلَ النَّبِیُّ

حَالَہُمَا وَبَکٰی وَلَمْ یَکُنْ عِنْدَہٗ فِی الْبَیْتِ ثِیَابٌ تَلِیْقُ بِہِمَا وَلَا رَاٰی اَنْ یَمْنَعَہُمَا

فَیَکْسِرَ خَاطِرَہُمَا طرازندہ شعار احسان اس حال میں حیران تھے گھر میں کوئی خرقہ نہ تھا جو پہنا تے

الحسن البیہقی فی کتاب دلائل النبوۃ من طریقین ومن ذلک حدیث بحیرا قال ابن اسحق ان ابا طالب خرج فی رکب الی الشام تاجرا فلما تہیأ للرحیل واجمع السیر صب لہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ فاخذ بزمام ناقتہ وقال یا عم الی من تکلنی لا اب لی ولا ام فرق لہ ابو طالب رضی اللہ عنہ فقال واللہ لاخرجن بہ معی ولا یفارقنی ولا افارقہ ابدا فخرج وھو معہ فلما نزل الرکب بصری من ارض الشام وبہا راھب یقال لہ بحیرا فی صومعۃ لہ وکان اعلم اھل النصرانیۃ ولم یزل فی تلک الصومعۃ منذ قط راھب وکانوا کثیرا ما یمرون بہ قبل ذلک فلا یکلمہم ولا یعرض لہم فلما نزلوا ذلک العام قریبا من صومعتہ صنع لہم طعاما کثیرا وذلک انہ رای رسول اللہ وھو فی صومعتہ فی الرکب حین اقبلوا وغمامۃ بیضاء تظلہ من بین القوم ثم اقبلوا حتی نزلوا فی ظل شجرۃ قریبا منہ فنظر الی الغمامۃ حین اظلت الشجرۃ وتہصرت اغصان الشجرۃ علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ حتی استظل تحتہا فلما رای ذلک بحیرا نزل من صومعتہ وقد امر بذلک الطعام فصنع ثم ارسل الیہم فقال انی صنعت لکم طعاما یا معشر قریش وانی احب ان تحضروا کلکم صغیرکم وکبیرکم وعبدکم وحرکم فقال لہ رجل منہم یا بحیرا ان لک الیوم لشانا ما کنت تصنع ہذا بنا وقد کنا نمر بک کثیرا فما شانک الیوم فقال لہ بحیرا صدقت قد کان ما تقول ولکنکم ضیف وقد احببت ان اکرمکم واصنع لکم طعاما فتاکلون منہ کلکم فاجتمعوا الیہ وتخلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ من بین القوم لحداثۃ سنہ فی رحال القوم تحت الشجرۃ فلما رای بحیرا القوم لم یجد الصفۃ التی

٥٠٥

اٹھارہویں مجلس حلہ حسنین علیہما السلام کا مختلف رنگ ہونا اشہادت عباس علی علیہ السلام

اور نہ مناسب جانا منع کریں کہ خاطر اونکی پریشان رہی فکذا بہٗ وقال الہی اجبر قلبہما وقلب امہما ناچار درگاہ خدا مین دعا کی ای قادر توانا قلوب حسنین اور اونکی والدہ کو مسرور فرما فنزل جبرئیل ومعہ حلتان بیضا وان من حلل الجنۃ فسر النبی پس خدمت رسول مین جبرئیل امین آئے دو جوڑے سفید حلۂ جنت کی اپنی ساتھ لائی محبوب الہی دیکھ وہ جناب خوشنود ہوئے وقال لہما یا سیدی شباب اہل الجنۃ ہذا اتوا بکما خاطہا خیاط القدرۃ علی قدر طولکما دونوں نواسوں کو بلایا کہا ای سردارانِ جوانانِ جنت لو اپنی خلعت کہ درزی قدرت کی تمہاری اپنی سیتی ہین بقدرِ طولِ قامت فلما رایا الخلع بیضا قالا یا جداہ کیف ہذا وجمیع صبیان العرب لابسون الوان الثیاب جب انہای زہرانی جامۂ ابیض دیکھی بولی یا جداہ ہم کیونکر اس لباس کو پہنین کہ سارے اطفالِ عرب تو رنگین کپڑوں میں بناؤ کرین فاطرق النبی ساعۃ متفکرا فی امرہما فقال جبرئیل یا محمد طب نفسا وقر عینا اس کلام پیغمبر ساعت بھر فکر مین رہی کہ اولاد عزیز جان جبرئیل نی عرض کی یا نبی اللہ دل خوش آنکھین روشن رکھو یہ آسان ہی ان صابغ صبغۃ اللہ عزوجل یقضی لہما ہذا الامر ویفرح قلوبہما بای لون شاء تحقیق کہ خالق بیا سفید یہ مراد اونکی پوری کریگا جیسا چاہین وہی لون ظاہر کر دیگا فاتوا یا محمد بالطست والابریق فاحضرا یا محمد کہو کہ طشت و آفتابہ لائین پس وہ حاضر کیا کہ دعا پائین فقال جبرئیل یا رسول اللہ انا اصب الماء علی ہذہ الخلع وانت تفرکہما بیدک فتصبغ لہما بای لون شاء جبرئیل بولی ای رسول خدا کپڑوں کو لگن مین رکھی مین پانی ڈالون آپ ملیں جو رنگ اونہین مطلوب ہو اوسی تجویز کی دیکھ لو فوضع النبی حلۃ الحسن فی الطست فاخذ جبرئیل یصب الماء پس خیر الوریٰ نی جامۂ حسن مجتبیٰ طشت مین رکھا

فلما كانوا آخر من رسول الله صلى الله عليه وآله في ذلك
السفر الذي كان فيه مع عمه ابي طالب
اشياء فارادوه فردهم عنه بحيرا
وذكرهم الله وما يجدون في الكتاب من
ذكره وصفته وانهم ان اجمعوا لما ارادوه
لم يخلصوا اليه حتى عرفوا ما قال لهم

وصدقوه بما قال فتركوه وانصرفوا عنه

ذلك يقول ابو طالب شعرا في قصيدة الدالية

اٹھارہویں مجلس جامہ حسنین علیہما السلام کا مختلف رنگ ہونا شہادت عباس بن علی علیہ السلام

جبرئیل نے اوسپر آب کرامت ڈالا ثُمَّ اَقْبَلَ النَّبِيُّ عَلَى الْحَسَنِ وَقَالَ لَهُ يَا قُرَّةَ عَيْنِي بِاَيِّ لَوْنٍ
تُرِيدُ حُلَّتَكَ پھر حبیب انس امام حسن سے پوچھا اے نور دیدہ کس لون کا چاہتے ہو حلہ اپنا فَقَالَ
اُرِيدُهَا خَضْرَاءَ فَفَرَكَهَا النَّبِيُّ بِيَدِهِ فِي ذٰلِكَ الْمَاءِ فَاَخَذَتْ بِقُدْرَةِ اللّٰهِ لَوْنًا
اَخْضَرَ فَائِقًا كَالزَّبَرْجَدِ الْاَخْضَرِ جو ابدیا میرا جامہ سبز کا حضرت نے اپنے ہاتھ سے پانی میں ملا
جب نچوڑا تو قدرت صانع سے زمرد پر فایق ہر انکلا فَاَخْرَجَهَا النَّبِيُّ وَاَعْطَاهَا الْحَسَنَ فَلَبِسَهَا
نبی اللہ نے وہ جوڑا اسکو کہا یا امام حسن کو شاد و خرم دیا اور پہنایا ثُمَّ وَضَعَ حُلَّةَ الْحُسَيْنِ فِي الطَّسْتِ
وَاَخَذَ جَبْرَئِيلُ يَصُبُّ الْمَاءَ فَالْتَفَتَ النَّبِيُّ اِلَى نَحْوِ الْحُسَيْنِ وَكَانَ لَهُ مِنَ الْعُمْرِ
خَمْسُ سِنِينَ بعد ازاں کپڑے امام حسین کی طشت میں رکھے جبرئیل آب رحمت ڈالتے رہے سید انبیا
متوجہ ابن مرتضی ہوئے اوسوقت ناتی میں وہ حضرت پانچ برس کے تہے وَقَالَ لَهُ يَا قُرَّةَ عَيْنِي اَيَّ لَوْنٍ
تُرِيدُ حُلَّتَكَ فرمایا زہرا کے لال کیا رنگ چاہتے ہو کہ اوسکو اپنی رغبت سے پہنو فَقَالَ الْحُسَيْنُ
يَا جَدَّاهُ اُرِيدُهَا حَمْرَاءَ عرض کی سرخی مجھے لہرا تا ہے ازل سے یہی مجھکو بہاتا ہے فَفَرَكَهَا
النَّبِيُّ بِيَدِهِ فِي ذٰلِكَ الْمَاءِ فَصَارَتْ حَمْرَاءَ كَالْيَاقُوتِ الْاَحْمَرِ رسالتمآب نے
ہاتھ سے پانی ملا بقدرت خدا وہ یاقوت سا لال ہوا فَلَبِسَهَا الْحُسَيْنُ فَسُرَّ النَّبِيُّ بِذٰلِكَ
شہانا جوڑا جب امام حسین علیہ السلام نے پہنا اس نبا و پر دل پیغمبر شاد و خرم رہا وَتَوَجَّهَ الْحَسَنُ
وَالْحُسَيْنُ اِلَى اُمِّهِمَا فَرِحَيْنِ مَسْرُورَيْنِ اوسوقت حسنین جامہ رنگین سے خوش و چلے
مادر مہربان کی خدمت میں جا پہنچے فَبَكَى جَبْرَئِيلُ لَمَّا شَاهَدَ تِلْكَ الْحَالَ شاہد اس حال کے
جبرئیل بہت روئے حاضرین وقت کی رقت وا تہال نے ہوش کھوئے فَقَالَ النَّبِيُّ يَا اَخِي جَبْرَئِيلُ
فِي مِثْلِ هٰذَا الْيَوْمِ الَّذِي فَرِحَ فِيهِ وَلَدَايَ تَبْكِي وَتَحْزَنُ فَبِاللّٰهِ عَلَيْكَ اِلَّا
مَا اَخْبَرْتَنِي خاتم انبیا نے ارشاد کیا اے برادر جبرئیل آج کے دن جو میرے فرزندوں کو آئین سرور ہوا

وان العرب مع تطاول الازمان
ظهر عليه بين وادعى انه انتصر الله
قد تحدى العرب بهذا القرآن الذي
وادعاه الرسالة من الله اليناوانه
املها قد علم ظهوره على نبينا عليه السلام
القرآن ان كل عاقل سمع الاخبار

اٹھارہوین مجلس شہادت عباس بن علی علیہ السلام

ادس سی راضی ہو خدا اور رسول ثقلین ٭ جا بکہ خلد مین ہی شہ کی عزاداروں کی سبز بونہ پہ بیٹھین سبگی

ثناخوانِ حسین دل سی ہی ذاکرِ سردارِ شہیدان ناظمؔ ٭ شغل ہاتم مین کیا کرتا ہی دن رات یہ بین ٭ ہای

احمد کی نواسی کو پیاسا مارا ٭ جسکی الفت مین سدا رہتی تہی زہرا بی چین ٭ شرط انصاف نہین اہل عزا

خاموشی ٭ اشک انکھون سی بہانا ہی یہان فرض العین

مجلس شہادت فرزند حیدر کرار برادر سبط مختار عباس علمدار لشکر سید الابرار علیہ السلام

علمداران سپاہ نالہ وآہ و غمگساران شاہ دین پناہ ٭ جانبازان فراتِ اشک روان ٭ وسینہ سوزان

نائرہ حسرت واخران لب تشنگان زلال صدق وصفا ٭ و دست شستہ گان دریای مہر ووفا

روایت شہادت مین سقای بہشتی کی ساحل شط یا بیان پر یون طلیان ہوی ہین کہ جب روز عاشورا

میدان بلا مین اصحاب شاہ کربلا جان سی کام آئی اور سب اقربا ابنای عقیل اور مسلم جناب قاسم تک

دریای خون مین نہائی ٭ لاشین جوانان اولاد رسول کی زمین مقتل مین اوپر تلی پڑی تہین ٭ سراسیمہ

بیبیان ناشاد بتول کی عزیز وںکا لہو سنہ پہ ملی درخیمہ پر کہڑی تہین ٭ ایک طرف پیاس کی شدت سی علی اصغر

گہوارہ مین غش کرتا ٭ ایک جانب سکینہ خاتون کو المحرم کہیری زبان پر نالۂ العطش کذرتا ٭ کوئی بفرقتِ ہمدلا

حال زبون پر اپنی برادر کی نالان پہرتی ٭ کوئی حضرون فرزند آلودہ خون کو دیکہہ کی دم سرد بہرتی ٭

بیٹی کی واسطی مان چارون طرف تڑپتی ٭ بی بی کی صدمات کو دیکہہ کر لونڈی کی چہاتی پہٹتی ٭ ہر سمت

یہ نوحہ کا شور او ٹہا دوای وای اس دشت آفت مین ہم عاجز و ناچار ہین ٭ ہر گوشہ سی غلغلۂ ماتم ہوا

کہ آقا و سردارِ عالم نرغۂ اعدا مین گرفتار ہین ٭ اوسوقت محنت سرای اہلبیت عصمت مین سوای نسا

پر ملال اور اطفال کوئی یار و مددگار امام تہا سپاہ بیکسی اور غربت فی دور سلطان کربلا مین حجم

علم کیا قَالَ اِنَّ الْعَبَّاسَ لَمَّا رَاٰی وَحْدَتَهٗ اَتَا اَخَاهُ وَقَالَ راوی کہتا ہی جناب عباس نی

فوجه الاول ان المطلوب في المعانی ... الفصاحة والافصح یقاربه فی کلامه وفصاحته
من هو دون طبقته فاذا لم یاتوا ... فقد انقضت العادة وایضا فان الافصح انما
یمتنع مساواته ومجاراته فی جمیع کلامه او اکثره ولیس یمتنع مجاراته ومساواته فی البعض

اٹھارہویں مجلس شہادت عباس بن علی علیہ السلام

جب بھائی کی تنہائی دیکھی اپنی زندگی ناگوار ہوئی بخت کی بیداری سمجھی دلِ علمدار کو تابِ صبر و قرا
رِ فرطِ الم سے باقی نہ رہی بقدمِ وفاداری کوٹ ہاکی برادرِ بزرگوار سے عرض کی یَا اَخِی هَلْ مِنْ رُخْصَةٍ
ای سرورِ کشورِ توکل اب شہر پایہ صبر و تحمل زیادہ مجھی تحمل نہیں کہ جیتا رہوں اور جور و جفا آپ پر ہوا کرے
دیکھا کروں رخصتِ میدانِ کارزار کی کہ منزلِ شہادت کو جاوں اپنی جان کو تمہاری رفاقت میں قربان
کروں فَبَکَی الْحُسَیْنُ بُکَاءً شَدِیْدًا اس کلام کو سنکی امام حسین علیہ السلام پر جذبۂ رقت نے غلبہ کیا
یہان تک تصور میں فراقِ عباس کی آنسوؤں نے محاسنِ شریف کو بھگو دیا ہرگاہ برادرِ وفادار کو مثلِ تمام
دایۂ حیات پایا دریای محبت نے کنار جوش مارا فی الحقیقت بھائی کی دوری میں دل کا چین جاتا ہے
قوتِ بازو کو اپنی ہاتھ سے کون گنواتا ہے ثُمَّ قَالَ یَا اَخِی اَنْتَ صَاحِبُ لِوَائِیْ وَاِذَا مَضَیْتَ
تَفَرَّقَ عَسْکَرِیْ ارشاد کیا کہ ای برادر تم میری لشکر کی علمدار ہو باعثِ تسلی اور پشت و پناہ پیادہ و سوار ہو
اگر تمہاری قامتِ دلجوی بالا کا سایہ نظر نہ آئیگا تو لشکر بی رونق اور پریشان ہو جائیگا میری فوج
میں تفرقہ و زینت ہی اور اعلام کو پرچمِ علم کی دیکھنی سی تقویت ہی فَقَالَ الْعَبَّاسُ قَدْ ضَاقَ
صَدْرِیْ وَسَئِمْتُ مِنَ الْحَیَاتِ عباس نے کہا ای سیدِ عالی وقار میرا دل زندگانی
ناپائدار سے سیر ہوا ہی مشاہدۂ ضیقِ روزگار سے آپ کی تنگی کرتا ہی زیادہ اس فرقۂ غدار کی ستم
کہانتک دیکھوں بھائی بھتیجوں کی دردِ فراق سے قصد ہوں وَاُرِیْدُ اَنْ اَطْلُبَ ثَارِیْ
مِنْ هٰؤُلَاءِ الْمُنَافِقِیْنَ چاہتا ہوں انتقامِ خونِ اقربا لوں اور منافقوں کو سزا دوں
دوں امیدوار ہوں کہ مجھی اجازتِ میدانِ وغا ملی اور سعادتِ شہادت آج کی دن حاصل
ہو فَقَالَ الْحُسَیْنُ فَاطْلُبْ لِهٰؤُلَاءِ الْاَطْفَالِ قَلِیْلًا مِنَ الْمَاءِ حضرت نے سن کر
ارشاد کیا اگر یہی ارادہ مقرر ہوا ہے تو ان اطفالِ خردسال کی واسطی تھوڑا پانی بہم پہونچا دو
انکی تشنگی میں امداد کرو جہاں تک ہو سکی عیال کی پیاس بجھاو فَذَهَبَ الْعَبَّاسُ وَوَعَظَهُمْ

منه ممن هو دون طبقته ولهذا اتفق ... ساوت الطبقة المتقدمة ... الطبقة المتقدمة منهم النازلين من الشعراء وربما زادوا علیهم فی البیت والابیات

٥١٠

اٹھارہویں مجلس شہادت عباس بن علی علیہ السلام

وحذرھم فلم ینفعھم جس وقت حضرت عباس کو یہ خدمت ملی عنان مرکب جانب لشکر مخالف حرکت دی راوی

کہتا ہی فرزند اسد اللہ شجاع صاحب شمشیر تھی بیشۂ دلیری اور سپہگری مین شیر تھی رعنائی

قامت سبب جب اسپ دورکابہ پر سوار ہو اکرتی تو پای فلک فرسا زمین پر پہنچتی آل عمران مین سبا تھے

خلق حسن کی وہ عالی نسب بلا انتہا اور خوبی جمال اور کمال سی ماہ بنی ہاشم لقب ملا تھا جناب

عباس میدان مین جلوہ گر ہوی عمر ابن سعد کو خطاب فرمایا کہ بولی تو جانتا ہی کہ امام حسین فرزند

رسول الثقلین ہین اور نرغۂ ظلم وجفا مین مبتلای شور وشین ہین ساری اصحاب واقربا آن

جناب کی تو نی قتل کی اب وہ مظلوم تنہا گرفتار آفت اور بلا باقی رہگئی چند طفل صغیر اور عورتین

حرم پیغمبر بیکس ہین کہ شدت تشنگی مین قریب ہلاکت پہنچی ہین اگر تہوڑا پانی عترت رسول خدا کو دو

تو ان کی زندگی رہی جینی کا سہارا ہو جب کلام حسرت انجام عباس کو سپاہ عمر سعد نی سنا بعضی

اور بیکسی فرزند رسالت پر بعضی اشقیا نی رو دیا شمر ذی الجوشن میدان مین آگی بڑہا پکار کی عباس

دلاور سی کہا اگر بالفرض تمام روی زمین پانی کی سیل گہیرلی اور ہماری تصرف مین ہو تو ایک قطرہ

تمہین نہین دینگی کہ نہ لی فرجع الی اخیہ فاخبرہ اس جواب سخت سی جناب عباس مثال شیر غضبناک

جنجلائی مقابلہ اعداسی امام حسین علیہ السلام کی پاس پہر آئی عمر سعد اور شمر کا ماجرا بیان کیا اپنی

ناچاری اور اولادہی کی غمخواری مین غرق تھی کہ سنا فسمع الاطفال ینادون العطش العطش

حالت مین عباس غازی خیمہ گاہ کی طرف دیکہا اطفال کی آواز العطش کو اپنی کان سی سنا

تو یہ حال پیاسوں کی معلوم ہوا کہ اہل حرم کو پانی میسر نہ آنی پر سکینہ خاتون چلاتی ہی عمو جان پانی کی فکر کیجی

جان جاتی ہی فاطمہ کبری شور مچاتی تہی کہ ای چچا تشنگی سی ہماری دم پر آبنی ہی امام محمد باقر اور عبد اللہ ابن حسن

کی خیمہ مین قالب بیجان کی صورت گری تہی حضرت بیتی اور ابن عباس ایک طرف پڑی تہی کوئی لب و دہن

علی اصغر فی شیر مرتا ہی سینی کہا دیتی وہ صغیر ٹہنڈی سانس بہراتی زینب خاتون کی

٥١١

اٹھارہوین مجلس شہادت عباس بن علی علیہ السلام

صدا تسلی اطفال مین ہوش رہا تھے ام کلثوم سایر عورات حرم کو شکر خدا پر امر فرماتی تہا اب

اور اُم لیلیٰ زوجات امام حسین علیہ السلام شرم کی ماری آہستہ روتی تہین علمدار کی بی بی اور

مادر قاسم خاک پر پچہاڑین کہاتین غش ہوتی تہین کنیزان حضرت کا شیون مونہ حشر تہا ہمراہ پردہ عصمت مین

بیان مصیبت قمر بنی ہاشم عباس کو مشاہدہ سی اوس حالت کی تاب صبر نرہی قرین حسرت و یاس

جانبازی پر کمر باندھی فَرَکِبَ فَرَسَهُ وَاَخَذَ رُمْحَهُ وَالْقِرْبَةَ وَقَصَدَ نَحْوَ الْفُرَاتِ

اوسدم غازی نے تنگ مرکب کو چست کہینچا عزم جہاد پر پانو رکاب مین رکہا جب شرق زین سے

وہ ماہ بنی ہاشم طالع ہوا فرزند ید اللہ نی اپنی ہاتہ مین نیزہ کو اوٹھایا دروازہ خیمہ پر جا کی

ایک مشک طلب فرمائی کوئی غمزدہ سوکہی مشک اوٹھا کی پاس لائی عباس نی خم ہو کی گود

بغل مین رکہا قدم بڑہائی امام حسین علیہ السلام کی طرف رخ کیا الحاح و زاری سی اجازت رزم

پیکار مانگی حضرت نے علمدار کو واسطی پانی لانیکی رخصت دی اوس غازی نی شادی مرگ ہو کر خیمہ

علقمہ کی سمت گہوڑا نکالا چند بار منہ پہر کی حسرت و یاس مین برادر بیکس کو غریب و تنہا دیکہا

ولکو سینہ ہالا دای حاضران مجمع بجا نظر غور مین انصاف کی جا ہی اوس مصیبت کا ماجرا سرمایہ قیامت

اور ہوش ربا ہی اوسوقت جناب امام حسین علیہ السلام کا فراق برادر جان برابر مین کیا حال ہوگا

اور حرم محترم کو جانی سی اپنی غمخوار کی کسقدر ملال بڑہا ہوگا شیخ حسین واعظ کی بیان سی یہی سنا ہی

کہ اوس عالم نی اپنی زبان سی کہا ہی جبکہ عباس علی علیہ السلام نی عزم میدان رزم کیا پانی لانیکی

واسطی جان بہی پر مشک و علم لیا خواہران آنحضرت نزدیک پر غم سی وداع کرنیکو در خیمہ پر آئی اور

در فراق سی پکارکی یہ کلمات جانگداز سنائی یَا زَیْنَبُ یَا اُمَّ کُلْثُوْم یَا رُقَیَّةُ یَا فَاطِمَةُ

یَا سَکِیْنَةُ تم سب کا خدا نگہبان ہماری دلکو نظارہ مظلومی برادر اور شیون اطفال سی نہین تاب

ما لك والسؤال عن هذا اقبل على عملك قال فنزل
واخذ طبقا فصير اليه من ذلك الرطب
فاتى به رسول الله صلى الله عليه وآله فقال ما هذا قال صدقة
علينا بلغنا انكم قوم غرباء قدمتم هذه
البلاد فاحببت ان تاكلوا من صدقاتنا
فقال رسول الله صلى الله عليه وآله سموا
وكلوا فقال سلمان في نفسه وعقد
باصبعه هذه واحدة يقولها بالفارسية
ثم اتاه بطبق آخر فقال له رسول الله صلى الله عليه وآله ما هذا فقال له سلمان
رايتك لا تاكل الصدقة فهذه هدية
اهديتها اليك فقال عليه وآله السلام
سموا وكلوا واكل فعقد سلمان بيده
اثنين وقال هذه اثنتان يقولها بالفارسية
ثم دار خلفه فالقى رسول الله صلى الله
عليه وآله الازار عن كتفه فنظر سلمان
الى خاتم النبوة والشامة فاقبل يقبلها
فقال له رسول الله صلى الله عليه
وآله من انت قال انا رجل من اهل
فارس قد خرجت من بلادي

٥٦١

بیسوین مجلس جو محرم سے روز عاشور سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا

عاشورا صبح سے ظہر تک لشکرِ امام حسین علیہ السلام سے بتعداد سو پیادے چالیس و پانچ سوار درجۂ شہادت سے فائز ہوئے منجملہ اونکے سات غلام اٹھارہ جوان و طفل اولادِ فاطمہ بنت اسد اور باقی انیس صحابی خاک و خون مین آلودہ منزل جنت کو پہنچے جب یارانِ فرزندِ احمد مختار مین کوئی باقی نہ بچا عزیزانِ دلبندِ حیدرِ کرار کا خاتمہ ہوا سوائے بیکسی کوئی مولا کے پاس تنہا بغیر از غریبی شاہِ کربلا کے نزدیک کوئی نہ ہا لشکر کی نام درد و غم اور محنت و مصیبت صف باندھے موجود تھے یار و یاور کی جا زخم تیر و نیزہ و تیغ پہلو مین موجود تھے علمِ آہ فلک تک رسا ہوا چترِ نالے نے سر پر سایہ کیا سلطانِ دین کی اپنی تنہائی اور کربت مین رفتہ رفتہ منصبِ شہادت کیطرف سے جانِ دینی کی طیار کر ناگاہ ای عزیزو ہر جاندار کی حیات کو سیرابی باعث تقویت ہے ای اہلِ بکا جان لو پیاس کی شدت کئی جہت سے موجب ہلاکتِ خلقت ہے اول پانی کی ملنی مین عادت معتادسے زیادہ دیر ہونا دوم شدتِ گرمی اور گرد و غبار مین آنا جانا سوم آفتابِ تموز مین بی حجاب و سایہ کھڑا رہنا چہارم کثرتِ غم و الم سے ناچار ہو کر غصہ کہانا پنجم جنگ و جدل مین بدن کا کٹنا اور ہٹنا ان زخم سے خون کا گرنا اور بہنا ایسی حالات پر شدتِ تشنگی جان لیتی ہے اور بشر کو ایک صدمہ ہے تاب زندگی نہین رہتی ہے لاکن ہزار جانِ محبان جو سلسلۂ رقت مین سوگوار ہون شاہِ تشنہ جگر کی پیاس پر نثار ہون کہ ان سب وجہون مین خشکی کام وہ ہان کی آٹھ پہر گذری اور وہ فرزندِ ساقیِ کوثر اور پسرِ صابرِ و شاکر بہوکہ شبانہ روز کی پانی نہ پائے سے وہ سوکہی زبان تالو مین لگی تھی اوسوقت لعلِ لب حسن کی نیلی سرخی خون جمی تہی زخمِ تیغ و سِنان کی سنہہ تن پر چلی تہی سر و سینہ پر صدہا سنگ و تیر چھا چلی تہی چار طرف سے بدن کا لہو بہتا تہا گہوڑا بہی کثرتِ جراحت سے لرزتا تہا عمامہ سر کی پیچ کہل کی لٹکتی تہی کپڑے سب خاک و خون سے اٹی تہی قبا اور ردا کی تلوارون سے ٹکڑے ٹکڑے تہی ناپیدا مان اشک کی لڑیان چہرہ پر نور پر نمایان مروی ہے اِلْتَفَتَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِلَى الْخَيْمَةِ وَنَادَى روایت کی ہے

بیسویں مجلس واسطے زین العابدین کی وصیت کرنا اور حرم محترم سے وداع سید الشہدا

کہ غریب کربلا نے اس حالت میں معرکہ نبرد سے ذوالجناح کو آہستہ آہستہ پھیر کر خیمہ کی دروازے پر آواز جانگداز سے
پکار کے کہا یَا سَکِینَۃُ یَا فَاطِمَۃُ یَا زَیْنَبُ یَا اُمَّ کُلْثُومٍ عَلَیْکُنَّ مِنِّی السَّلَامُ یعنی اے سکینہ اے فاطمہ
میری دختران عم پرور اے زینب اے ام کلثوم خواہران مضطر اور بعض روایت میں یہی فرمایا یہ کلام فرقت افزا
سنایا هٰذَا فِرَاقُ بَیْنِی وَبَیْنَکُمْ میرا سلام آخر تمکو پہنچے اس فراق کی وقت میں خدا تمکو صبر دے میں جاتا
اب میں تم سے رخصت ہوتا ہوں اور نرغہ میں لشکر اعدا کی جاتا ہوں سب عورات کو نام لیکے دروازہ حرم
سرا پر بلایا اور وصیت کی طور پر ہر ایک بی بی کو سمجھایا جیسے بنات نعش گرد قطب جمع ہوتی ہیں ویسے خواہران
خواہران امام حسین علیہ السلام نے حلقہ باندھا جس طرح پروانے شمع پر ہجوم کرتے ہیں حضرت کو چار طرف سے
عورات نے گھیر لیا سکینہ و رقیہ دامن پر خون پدر کو پکڑے تھیں فاطمہ و صفیہ گھوڑے کی سموں سے
لپٹی تھیں زینب و ام کلثوم دونوں سمت سے ذوالجناح کی لگام کو تھامے تھیں ام لیلیٰ و رباب حسرت
سے کاہیں پکڑی تھیں امام ابرار اوس انبوہ اشکبار میں کھڑے روتے تھے ہر ایک خاتون کی صورت پریشان کو
حسرت سے نگران ہوتے تھے اوس وقت پدر یتیمان شوہر بیوہ زنان شاہ غریبان کو بیمار کربلا کی محبت
جوش میں آئی زینب خاتون خواہر محزون سے سید سجاد کی خبر پوچھی عرض کی مولا زین العابدین کو آج دو دم
غش آتا ہے جب ہوش ہوتا ہے تمہارا نام لے کر آنسو بہاتا ہے رات سے مرض اسہال کی طغیانی سے ہے
نہ دوا ہے نہ غذا ہے کوئی دم کا مہمان ہو رہا ہے اِنَّ عَلِیَّ بْنَ الْحُسَیْنِ الْمَسْعُودِیُّ قَدْ رَوٰی فِی
کِتَابِ اِثْبَاتِ الْوَصِیَّۃِ فِیْ حَدِیْثٍ اِنَّ الْحُسَیْنَ فِیْ وَقْتِ قِتَالِہٖ بِکَرْبَلَا اَحْضَرَ
عَلِیَّ بْنَ الْحُسَیْنِ کتاب اثبات الوصیت میں علی بن حسین مسعودی اس حدیث کا ذکر لایا ہے تحقیق کہ امام
حسین علیہ السلام نے وقت جہاد اپنی فرزند سید سجاد کو بلایا وَکَانَ عَلِیْلًا فَاَوْصٰی اِلَیْہِ بِالْاِسْمِ
الْاَعْظَمِ وَمَوَارِیْثِ الْاَنْبِیَاءِ اوس دن علی بن الحسین علیہ السلام بہت بیمار تھے درد جگر سے بیتاب
صدمات مصیبت میں گرفتار تھے حضرت نے انہیں وصیت کی اسم اعظم بتایا سب تبرکات انبیا

بیسویں مجلس و سالی سید الساجدین کی وصیت کرنا اور حرم محترم سے وداع سید الشہدا

میراث اجداد و اوصیا سپرد فرمایا و عرفہ أَنَّهُ قَدْ دَفَعَ الْعُلُومَ وَالصُّحُفَ وَالْمَصَاحِفَ وَالسِّلَاحَ إِلَى أُمِّ سَلَمَةَ وَأَمَرَهَا أَنْ تَدْفَعَ جَمِيعَ ذٰلِكَ إِلَيْهِ اور یہ بتایا کہ وقت خروج مدینہ ساری علوم کی ماخذ و مصحف و اسلحہ بزرگان ام سلمہ کو سونپی ہیں اور امر کیا ہی کہ بعد مراجعت شام وہ ودیعت مذکور تمکو دین قَالَ وَرُوِيَ أَنَّهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِي ذٰلِكَ دَعَا ابْنَتَهُ الْكُبْرَى فَاطِمَةَ فَدَفَعَ إِلَيْهَا كِتَابًا مَلْفُوفًا بعض حال جنرنی یون کہا ہی کہ روز ثانی ہین ایسا قول ملاہی کہ روز عاشورا سید الشہدا علیہ السلام نی اپنی بڑی بیٹی فاطمہ کبریٰ کو طلب کیا اور وصیت نامہ ملفوف بخط مبارک لکھا اوسکو دیا وَأَمَرَهَا أَنْ تُسَلِّمَهُ إِلَى أَخِيهَا عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ ارشاد فرمایا اوس دختر نیک اختر کو جب غش سی چونکی علی بن الحسین تو یہ دینا اپنی برادر کو فَسُئِلَ الْعَالِمُ أَيُّ شَيْءٍ كَانَ فِي الْكِتَابِ فَقَالَ فِيهِ وَاللّٰهِ جَمِيعُ مَا يَحْتَاجُ إِلَيْهِ وُلْدُ آدَمَ إِلَى فَنَاءِ الدُّنْيَا وَقِيَامِ السَّاعَةِ الْحَدِيثَ پس ایک عالم ربانی سے پوچھا اوس کتابت میں کیا تحریر ہوا تھا جواب دیا بخدا جو اہل جہان کو درکار ہی علم و عمل دنیا و عقبیٰ تا آخر فنا دہر و روز جزا سبکا حکم اوسمین تسطیر تھا فَادَتْهُ سَكِينَةُ يَا أَبَةِ اسْتَسْلَمْتَ لِلْمَوْتِ حدیث معتبرہ میں یہ بات پائی کہ اوسوقت سکینہ خاتون روکی چلائی ای پدر اسکہری وہ عمر اور الم فراق دیا ہی کہ گویا تمنی اپنی جان کو سپرد موت کیا ہی ہمیں لگی تم ایسا روتی ہو کہ ہماری ہوش مارد خروش سی کھوتی ہو فَقَالَ كَيْفَ لَا يَسْتَسْلِمُ مَنْ لَا نَاصِرَ لَهُ وَلَا مُعِينَ مظلوم کربلائی فرمایا ای جان بابا کیونکر مرنی تیار نہو وہ غریب جسکا کوئی یار و مددگار نرہا ہو فَقَالَتْ يَا أَبَةِ رُدَّنَا إِلَى حَرَمِ جَدِّنَا حضرت کی دختر نی کہا ای آقا ہرگاہ تمہارا حال ایسا ہی محنت و بلا میں ہی تو ہمکو وطن پہیر لیچلو اور جد بزرگوار کی روضہ پر پہنچا دو فَقَالَ هَيْهَاتَ لَوْ تُرِكَ الْقَطَا لَنَامَ جناب مظلوم کربلائی ارشاد کیا ہیہات اگر ظالم ہمسی دست بردار ہوتی کیسی جا و مکان میں آرام

بیسویں مجلس حرمِ محترم میں وداعِ سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا

تو مین کہیون تمکو اس ملک مین لاتا اور آپکو ورطۂ ہلاکت مین پہنساتا فتصارخن النساء غمگین
سکینہ خاتون اور امامِ محزون سی تمام بی بیان فریاد و زاری کرنی لگین شدتِ غم سی خاک پر گر کی سر و
پیٹین ء زبانِ حال سی ہر ایک مضطر کا یہ بیان تھا اندر باہر خیمہ کی شورِ نالہ و فغان بلند ہوا فاطمہ
رقیہ چلاتی تہین کہ بابا ہمکو دشتِ غربت مین چھوڑا سکینہ و رباب روتی تہین کہ ای مولا ابتلای
مصیبت مین ہمسی منہ موڑا مادرِ قاسم سر پٹکتی تہی کہ مجھ بیوہ کا اب کوئی آسرا نہ رہا ام کلثوم کہتی تہی
تمہاری سہاری سی عباس کی غم و ہجر مین ضبط کیا جناب زینب عرض کرتی تہین بہائی جان تم روضۂ
جنت کو سدہارتی ہو ہمکو اس بہوکی پیاسی قافلہ کی ساتہ چھوڑی جاتی ہو سید سجاد کی بیماری مین
دوا غذا کہان سی مہیا کرونگی ننہی لڑکو تمکو بیقراری مین تمہاری فراق کی کسطرح تسلی دونگی یا حسین
اس صحرای خونخوار اور لشکرِ نابکار مین اپنی سب گہر کو تمنی مجہی سونپا یہ تو فرماو مجہی کسکی سپرد کیا عورتین
عاجزہ و ناتوان ہون ایکدلِ ضعیف پر ہزار غمِ جان ستان کا بار کسطرح اوٹھاون یہ ظالم دشمن خدا و
رسول جب تمکو مارینگی تو خیمہ پر لشکرِ کوفہ و شام ہمارا سامان و اسباب لوٹین تو کسکی پاس فریاد کرونگی
عداوت سی شمر و خولی اگر ہمکو اسیر کرین تو کسی پکارون ہر گاہ سوار و پیادہ چادر و مقنعہ اوتارلین
تو مین کیا کرون ء بہائی بہتیجونکی لاشین جلتی ریتی پر بیدفن و کفن پڑی ہین ء مان بہنین دروازۂ خیمہ سی اونکی
دیکہنی کو اشکبار کہڑی ہین خاک و خون سی ان کشتونکو کیونکر اوٹھاون ء جنازونکو کسکی تدبیر سی قبر مین اوتارون
جب ظلم و جفا سی اہل شام و کوفہ تمکو شہید کرین ء اور واسطی غارتِ عوراتِ بی پناہ کی یہان آئین اوس وقت
نامحرمون سی کہان جاکر چہپون لٹتی ہی تاب و برقع کی کاہیکا پردہ کرون ای بہائی دیکہو شدت
گرسنگی سی بچی مری جاتی ہین پیاس کی ماری سوکہی زبان دکہاتی ہین اب ہمکو آب و طعام کون دیگا
بیکسی مین ہماری خبر کون لیگا ہرگاہ سکینہ تمہاری یاد مین روکر جان کہوئی تو کیا کرونگی سید سجاد بہی
یتیمی اور اپنی سر دہری تو کیا کہون ہای اس بن مین امان فاطمہ زہرا کی کمائی لٹتی ہی افسوس ناکام

٥٦٣

بیسویں مجلس المحرم سی وداع سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا

بہن کربلا میں بھائی سی چھٹتی ہے اے حاضرانِ بزمِ عزا محبانِ شاہِ کربلا شیخ حسین واعظ سی میں اس کا بیان کیا
سنا ہی کہ چند بار مجلس میں شیعان سی پڑھا ہی او سردم سید الشہدا نی با دیدۂ خونبار خطاب کیا اور زبانِ
حال سی زینب کو جواب دیا ای بہن شہادت پر میری لازم ہی تمکو صبر کرنا جس طور سی غمِ فرقت میں
بزرگوں کی دلکو سمجھایا اوسی طرح ثابت رہنا زینب خاتون نی آہِ سرد بھری حضرت سی یوں عرض کی
ای یادگارِ آلِ عبا ای بقیۂ نسلِ مصطفیٰ جب نانا رسولِ خدا نی دنیا سی کوچ فرمایا میں دیدارِ پدر و مادر
برادرین جی بھلایا جس دن امان فاطمۂ زہرا کا انتقال ہوا باپ بھائیوں کی سایہ کو غنیمت جانا جب
والد بزرگوار نی درجۂ شہادت پایا میں دو برادر کی سلامتی میں آسرا لگایا ہر گاہ امام حسن کی ماتم
فلک نی رولایا سب کی بعد تمہاری ساتھ جی کو چین آیا آج تم بھی جدا ہوتی ہو تو کہ جیا میں جا
جان کھوتی ہوں میں دنیا میں کیونکر زندہ رہوں غمِ تنہائی میں کس امید سی بسر کروں فسکنہا الحسین
علیہ السلام سرورِ شہدا نی اسکو فریاد و زاری میں تسکین دی اور دلاسا تسلی و دلداری کی نصیحت کی
ای اہلِ حرم میں وصیت کرتا ہوں کہ زنہار میری لاش پہ سر کی بال نہ کھولنا سینہ پر طمانچی مار کر رخسارہ کو
نہ نوچنا کلماتِ شکوہ آمیز جزع اور فزع سی گویا نہ ہونا سوای صبر و شکیبائی کی خدا سی کچھ نہ کہنا لاکن تمہیں
رونی سی منع نہیں کرتا ہوں میں کو راہِ سلوک یہ ثواب مولا کی رضا میں بتاتا ہوں تم سب دردمندوں کی
درجۂ جنت سناتا ہوں جو تکلیف شمرِ کوفہ و شام میں گذری کی اونکو سمجھاتا ہوں یہ سب است بیوفا کر
بہت جفا کری تم واسطی خدا کی اوسکو سہو ہر گاہ صد آوستی دشنام دیں جواب میں نہ کرو ساکت رہو
پس حضرت نی ایک غمزدہ کو سینۂ زخمی سی لگایا اور انسو پونچھ کر اپنی زبانِ شکر وحی ترجمان سی سمجھایا
جب نوبت سکینہ خاتون کی پہنچی تو چہاتی شدتِ رقت سی امڈی اور دخترِ عزیز کو اوٹھا کر گود میں لیا
اور ہاتھ سر پہ پھیر کی پیشانی کو بوسہ دیا یہ اشعار انشا فرمای نظم عربی سَیَطُولُ بَعْدِی یَا
سَکِینَۃُ فَاعْلَمِی مِنْکِ الْبُکَاءُ اِذِ الْحِمَامُ دَہَانِیَہ ای سکینہ آرامِ زندگانی نزدیک ہے

بیسوین مجلس المحرم میں وداع سید الشہداء علیہ التحیۃ والثناء

جو بیرا وقت شہادت سامنی آئی اور سر اُتاری جانی کی بعد یہ مصیبت مدت تک بہی ترلائی لا تُحْرِقِی
قَلْبِی بِدَمْعِکِ حَسْرَۃً * مَا دَامَ مِنِّی الرُّوحُ فِی جُثْمَانِیَہ جبتک میری بدن مین روح
باقی ہی اےجان بابسوز حسرت مین اپنی آنسو بہاکی دلکو نہ جلا فَاِذَا قُتِلْتُ فَاَنْتِ اَوْلٰی بِالَّذِی
تَاْتِینَہٗ یَا خَیْرَ النِّسْوَانِیَہ پس جسگہڑی مین شہید کیا جاؤن تو ای بہترین زنان تو سزاوار ہی
کر اجبائی ماتم وغم پدر مین بپاکری * ان باتونکو سنکر سب اہلحرم رونی لگی * اور باپ بیٹی کی ایسے جان کہوتی
رہی سید الشہدانی بہن کو پاس بلایا * زینب خاتون سی فرمایا * میری سکینہ سی خبردار خبا نلت رہنا * اسکو
مصیبت فراق مین بہت پیار کرنا * زنہار اسپر کوئی غصہ نہو بلند آواز سی کبہی نہ گہرکو جینا یہ دختر بیدر
دربدر ہو جائیگی ایذا و محنت سفر اسیری مین اوٹہائیگی یتیم بچونکا دل نازک ہوتا ہی اندک صدمہ سی
لوٹ جاتا ہی زینب خاتون نی کہا ای برادر آرزو یہی تمہاری گلی سی جو تا ر سو تخدا (؟) اکا بوسہ گاہ ہی اپنا منہہ
ملون * اور ہاتہہ گردن مین ڈالکر اسوقت تسلی پاؤن * امام حسین علیہ السلام نی سر جہکا دیا * بہن کو چہاتی سی
لگالیا * صدای الوداع الوداع اور ندای الفراق الفراق بلند ہوئی * خیمہ گاہ مین کسیکو تاب نظارہ باقی نہی

کتاب عین البکاء مین مسطور پایا ہی ناگاہ اوس انبوہ مین امام حسین علیہ السلام نی شہربانو کو نظر فرمایا ہی کہ
سب اہلحرم کی شرم و حیا سی علاحدہ کہڑی ہین * ہمدم روز ہجران شوہر سی ڈری ہین * چوب سرا پردہ کی لپٹی
ہوئی آہستہ آہستہ روتی ہین * او حسرت و یاس مین حضرت کی جانب دیکہتی ہین * مظلوم کربلا کو
اونکی حال پر نہایت رحم آیا * شہربانو نی آواز دردناک سی یہ کلام سنایا * ای مددگار غریبان ای غمخوار
بیکسان * ای مونس ہمدم ای انیس دل پر الم ای مایہ آرام جان * ای قافلہ سالار شہیدان مہربانی قدیم سی
میری طرف دیکہو * اس کنیز لونڈی کی بہی درد کو پوچہو * حضرت نی اونکی زاری پر رو دیا * خاتون
آفت رسیدہ کو پاس اپنی بلالیا * فرمایا ای خاتون بیقرار ای دختر شہریار میری قریب آؤ دلکا مطلب کہو
او مسافر منزل شہادت کی فراہم راہ ہو بانوی اشکبار نی عرض کی ای سردار اہلبیت رسو مخدا (؟) من

فقال رسول الله صلى الله ... الاثنين فاشتراه
بعشرة دنانير وكان فيه ما مستنفق
فامر به رسول الله صلى الله عليه وآله
فسيل وامر باللبن فضرب فبناه رسول
الله صلى الله عليه والرحمن في الارض
ثم بالحيات فنقلت من الحق وكان المسلمون

بیسوین مجلس الحرم سی وداع سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا

عزت اور مرتبہ بی بی کا شوہر کی زندگی تک رہتا ہی جب رانڈ ہو جاتی ہی تو کوئی نہین پوچھتا ہے
میرا شرفِ آبرو فاطمہ کی اولاد مین آپکی دم سی تھا اور رونڈیکی سوہاگ و راج کا تاج و تخت تمہاری
قدم سی بنا تھا ہرگاہ آپ جنت کو چلی اور جد و پدر سی جا ملی مین غریب وبی وارث باقی رہونگی
زن بیوہ ہو کر کسطرح جیونگی زینب و ام کلثوم پیغمبر کی نواسیان آپکی بہنین بین لشکر کوفہ و شام
باوجودِ عداوت اونکی حرمت کرینگی ظلم و تعدی سی اذیت دینگی لاکن مجھی پردیسی دور از وطن
عجمی جان کر ہرگاہ ذلیل و خوار بنائین تو مین کیا کہون اگر قید مین لیجا کر کوفہ و شام مین بیچ ڈالین تو
یہ صدمہ کیونکر سہون فرزند میرا سید سجاد خود بیمار غش مین گرفتار ہی اس مصیبت مین سوای اللہ اور
آپکی میرا کون مددگار ہی تب او کیا وصیت فرماتی ہو اور کسکی سپرد کیے جاتی ہو حضرت نی اوس بی بی سی
کہا اے شہر بانو غم نکہا میری اہلبیت کی ساتھ تمہارا سفر ہوگا سامانِ دربدری اور اسیری خدا تمکو نہ دیگا
خاطر جمع رکہو بیقراری اور نالہ و فریاد نکرو جب میرا سر تن سی اوتار جائیگا ذوالجناح خیمہ کی دروازہ پر جائیگا
اوسکا توکل اللہ مین اوسپر سوار ہونا جہان خدا کی تقدیر کی ہی وہان جانا شیخ نی یہہ بھی پڑھا ہی کہ راوی
کہتا ہی ہرگاہ سب اہلحرم باری باری گلی لگی اور ہر ایک سی حضرت رخصت ہو چکی فضہ کنیز
جنابِ فاطمہ زہرا نی پکارا یا حسین یا نور عین مینی تمکو گود مین پالا ہی زانو پر جھولا جھلایا ہی آرزو تھی کہ
ضعیفی مین تمہاری سایہ تلی رہونگی جب اس گھر مین مرونگی میرا جنازہ تم اوٹھاؤگی کفن دیکر نماز پڑھ
تلقین سناؤگی ہای مین پر حسرت جیتی رہی اور تمہاری یہ مصیبت دیکھی حضرت نے اوسکو تسلی دی اپنا
اور سر کو سینہ سی لگایا باقی کنیز و نکو دلداری دی سب اہلبیت سے رخصت حاصل کی گھوڑی کی رکاب
عنان کو ہلایا خیمہ سی آگی چلنی کا ارادہ فرمایا حاضرانِ مجلس عزا دنیا مین تمنی دیکھا ہی جو کوئی مسافر
گہر سی نکلتا ہی وداع کر کی سوار ہوا عزم رکہتا ہی اہلخانہ کا مجمع دروازی پر آتا ہی کوئی روتا کوئی
دعا لکھتا ہی نامہ و پیام بھیجنی کی تاکید کرتی ہین سوغات لانی کی فرمایش رکہتی ہین دامن

علیہ وآلہ انتظر امر اللہ ثم خطبها عمر فقال مثل ذلک فقیل لعلی لم لا تخطب فاطمة فقال واللہ ما عندی شیء فقیل له ان رسول اللہ لا یسألک شیئا فجاء الی رسول اللہ فاستحیی فرجع ثم جاء فی الیوم الثانی فاستحیی فرجع ثم جاء فی الیوم الثالث فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ یا علی الک حاجة قال بلی یا رسول اللہ فقال لعلک جئت خاطبا قال نعم یا رسول اللہ قال رسول اللہ هل عندک شیء یا علی فقال ما عندی یا رسول اللہ الا درعی فزوجه رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ

عند ذلک خطبها ابوبکر فقال رسول اللہ صلی اللہ جئت بی منازلہ کانت فاطمة علیها السلام قال وکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ یا رسول اللہ رضیت وسلمت للہ ولرسولہ ابو ابہام و ثوابہ باب علی علیہ السلام فقال ما انا امرت بذلک ولکن اللہ امر به

بیسویں مجلس المحرم سے وداع سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا

آستین کو مسافر کی پکڑتی ہیں جلد بازگشت کیواسطے ہوش کھوتی ہیں رکاب بجام مرکب سے لپٹتی ہیں مسافر کی
ساتھ بیتاب ہو کر چلتی ہیں ہر چند یقین جانتی ہیں کہ سلامت پھر یگا کوئی صد گرسنگی تشنگی ور ہلاک کا نہ دیکھی گا
ہای ہای ہیں فدای لہای المحرم امام حسین علیہ السلام اگر اونکی حالت زار آئینہ تصور میں دیکھو تو اوس وقت کی
بیقراری اہلبیت تمکو معلوم ہو وہ ماجرا عمر بھر کی رونیکو کفایت کرتا ہے اور اوس مصیبت کی غم سے دل میں
بھرتا ہے اپنی سردار کی فراق سے عورتوں کو پردے میں تسکین کیونکر رہی ہوگی جبکہ اضطراب اور ناچاری میں اونکی
جان پر کیا بنی ہوگی سید الشہدا دو روز کی بھوک پیاس میں زخم کھانی کو قدم بڑھاتی تھی ضعف سے سما
اور کثرت جراحت سے پای رکاب اور مرکب لڑکھڑاتی تھی ایک سو کہا گلا حسین علیہ السلام کا اور ہزار ہا
خنجر آبدار ایک سینہ بھر اعضسے اور بارہ ہزار تیر خطا کار ایک پہلو ٹوٹا الم سے اور اٹھارہ ہزار نیزہ خونخوار
ایک جسم فگار اور تین ہزار تلوار ایکہ و تنہا امام حسین علیہ السلام مرنیکو جاتی ہی ناامیدی میں صبر کو عمل فرماتی ہی
بیوہ زنان المحرم کہوڑی کی لجام و رکاب کو نہیں چھوڑتی تہیں خدا و رسول کی دہائی دیتی کبھی سر امام کی
روتی تہیں خیمہ میں سامان حشر برپا تھا زمین سے فلک تک ماتم ہو رہا تھا ایکسو بیبیاں کہڑی تہیں
ایکجا بیبیان پیٹ رہی تہیں ایکجانب بہنوں کا حلقہ گہیر تہا ایکطرف اعزا کی عورتوں کا نعرہ بال کہیری تھا
لونڈیوں کا غول سامنی بند ہاتھ تھا ہچکیوں کا شور نوحہ سب سے سوا تھا سلطان کربلا نے ساری بلانصیبوں کو
قسم دیکر سوار ہو میں چھوڑا سوار ہوکر ان سنہ کو میدان شہادت کی طرف موڑا دروازۂ خیمہ سے اہلبیت نگران تہی
بہبی برادر کی آہ و نالہ زینب و ام کلثوم روان تہی ثابت صبر جگر بیٹیں ہیں اور امام حسین علیہ السلام کو
سر کٹانی کی واسطے جاتی دیکہتیں نہ ممکن کہ پردے سے باہر نکلیں اور مولا کی ساتھ میدان بلا میں خدا جانے کر
نظم مولفہ ناظم پرجوش ذکر مصیبت کو دی طول شدت سے آہ و نالہ کی بجتی ہی غل طرز بیان ہی یہ عجب
سوز و دروی کہتی ہیں حبا بجد اعلیٰ سے رسول آنکھوں میں اشک لب پہ فغان دل میں ہی قلق روز طلب
وقت دعا ساعت قبول ہے یارب بحق روح رسول ہر ایک حاضر مجلس کی ہو حصول

۵۶۸

فقال له رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ ... فاطمة ... یا رسول اللہ ما مهرها ... فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ ... من حاجتی ... فقال یا رسول اللہ انا ومالی للہ ولرسولہ فقال یا رسول اللہ ... رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ ... فاطمة علیها السلام ...

اکیسوین مجلس فضائل بکا و جہاد سید الشہدا علیہ التحیۃ و الثنا

جو ہوی قبول ز زبان پہ تاصف حقیقی رہی ثنا ئی حسین ، ارباب حزن و ابتہال کو تازہ براعت استہلال سناؤن ، اور اصحاب اندوہ و ملال کو نئی تمہید مقال سی رولاؤن کہ قطرۂ اشکاب با معرفت بہتر ہی لطمۂ تب غفلت سی اور نم دیدۂ اہل محبت ثانی تسنیم و کوثر ہی مجرای بابحث و عمان رحمت سی جستجو این اسی دریا کی ما بعین ابصار نی پانی بھرا گنہگار پہ اسی بحر صفا کی قلزم یقین کو موج مارتی دیکھا چشمۂ مضمون کی روانی زبان قلم پر گویا روح القدس کی تائید ہی منبع شیرین بیانی ہین مِدَادُ الْعُلَمَاءِ اَفْضَلُ مِنْ دِمَاءِ الشُّهَدَاءِ کی آب و تاب ساتی ہی طریق عبد و معبود کی شناخت اور تحقیق ملت ہین ہر ذی شعور نی ادراک عقل سی جانا کہ صاحب حیات کو قواعد معاش و معاد جو فساد سی بچائین ضرور ہین اور او نکو من اللہ مانا اسواسطی کہ اپنی طرف سی ہر گروہ و قوم اگر قانون بنائین تو وہ سب طاعت و معصیت مین ہمسری سی ممکن ہی خلاف کر جائین لہذا پرداخت دین کو دنیا مین پہلا طبقہ ہی خدا کا بنایا سلسلۂ انبیا و اوصیا و اولیا جو روز الست سی برزخ ہین درمیان خالق و مخلوق ارض و سما او نکی بعد صنف خلفا و علما کہ حامل مَا اَنْزَلَ اللہُ و مفسرین امر و نہی باری کی اسمین افضل ہین واعظین و مدرسین کتاب و سنت ہر قسم فضلا کی لاکن زمرۂ سلاطین سی گاہی پیغمبر و بادشاہ ایک ہی ہوتا جیسی ابو البشر آدم علیہ السلام اور کبھی نبی تابع ملک رہتا مثل ارمیا و یونس و دانیال و زکریا و یحیی علیہم السلام اور کبھی قت رسول کا فرمان بردار ہی کسری و قیصر و خاقان مانند حضرت سلیمان و نبینا صلواۃ اللہ حجت یزدان و مالک فرقان بنا بران قاعدہ و سیاہی گذرا بعینہ معا الامام زمان کی اور متعلق رہی تکلیف مردم درمیان توفیق قبول و عمل حیران اما نجات دارین کو چشم بصیرت نی اولوالامر کی پیروی مین منحصر دیکھا اور خروج تحت حکم سی وَجَعَلْنَاهُمْ اَئِمَّةً یَهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا کی فہیم و صورت نی فعل مقصر سمجھا اقدام اس وادی کو ہنگام شہود و مقتدای حقیقی متابعت ضروری اور طاعت کے سبیل تکمیل مین مو الدت حاضر و غائب اہم امور ہیں ہم تم جو دوستی کا دعوی نسبت اپنی پیشواؤن کی مقصود

صلی اللہ علیہ و آلہ اول غزوۃ غزاہا فی صفر علی رأس اثنا عشر شہرا من مقدمہ المدینۃ حتی بلغ الابواء یرید قریشا و بنی ضمرۃ ... فلم یلق کیدا فاقام بالمدینۃ بقیۃ صفر و صدرا من شہر ربیع الاول و بعث فی مقامہ ذلک عبیدۃ بن الحارث فی ستین ... و کان من المہاجرین لیس فیہم احد من الانصار و کان اول لواء عقدہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ فالتقی ہو و المشرکون علی ماء یقال لہ احیاء و کانت بینہم الرمیۃ و علی المشرکین ابو سفیان بن حرب ثم غزا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ فی ربیع الآخر یرید قریشا حتی بلغ بواط و لم یلق کیدا ثم غزا علیہ و آلہ السلام غزوۃ العشیرۃ یرید قریشا حتی نزل العشیرۃ من بطن ینبع فاقام بہا بقیۃ جمادی الاولی و لیالی من جمادی الآخرۃ و وادع فیہا بنی مدلج و حلفاءہم من بنی ضمرۃ ... و فیہا فی غزوۃ العشیرۃ قال لہ ... یا ابا الیقظان ... ھل لک ... علیہ السلام ... یا ابا تراب لما علیہ من التراب ... قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ ... الا احدثکما باشقی الناس رجلین قلنا بلی یا رسول اللہ قال احیمر ثمود الذی عقر الناقۃ و الذی یضربک یا علی علی ہذہ و وضع یدہ علی ... حتی یبل منہا ہذہ ... [illegible]

اکیسوین مجلس فضائل بکا و شعرا و بانی عزاء جناب سید الشہدا علیہ التحیۃ والثنا

کہتی ہین اوسکی سند پر گواہ صادق شادی کی خوشی غم کا الم موجود کہتی ہین لاکن ولای اہلبیت و ذکر عترت
چار سبب درکار ہین کہ بدون اونکی آغاز و انجام اسلام و ایمان و استحسان بیکار ہین اول ذکر اثنا عشر
دوسری ساعِ حق بنیاد تیسری مکانِ جمعیت چوتھی خلوص عقیدت لہذا ہر واحد کا حدیث و روایت مین
رتبہ مقام اور اجر بالاکلام آیا ہی سب سے پہلی بڑا درجہ شعراء و مادحین نظم و نثر اور اونکی قاریونکا احترام
فرمایا ہی بشارت آئمہ انام فی اپنا معین و ناصر و یاور و محسن بتایا آمد و رفت مین تعظیم و تکریم تحسین و آفرین سی
پہلوی اعزاز مین بٹہایا سید اسمٰعیل حمیری ابی ہارون مکفوف عبداللہ بن غالب فضیل بن عبد ابی عمارہ و دعبل
خزاعی جو خدمت حضرات مین آئی اور اپنی منظومات نتیجۂ فکر و طبع زاد پڑہکی سنائی نقد و جنس و ملبوس خاص کی
آلِ رسول سی انعام پائی اور اونکی ساتہہ جود و کرم سی جائزہ و صلہ دی کی جزای عقبیٰ کی وعدی ٹہرائی
ویسا ہی ہر معتقدی کو لازم ہی پیروی مین ہادیانِ طاہرہ کی عمل مین لانا ذاکری و شنوای ذکر اہلبیت کی
پاکیزہ گہر مین تو قیر سی بٹہانا ترقی اعتقاد پر امداد پہنچانی تاکہ یہ چہرہ چار روزہ حشر تک زیادہ ہوجائی بانی
خیر کو ہر بندۂ خدا شناس باشناسائی موید اسکی ملا درّ بند کی کتاب اکسیر العبادت مین لاتی ہین قول ہی ولایم
علیہم السلام کو سناتی ہین فاعلم ان الاحسان الی قراء المراثی و منشدی الاشعار والذاکرین
لوقایات مصائب آل محمد بای نحو کان ذلک الاحسان من بذل الاموال و
اہداء الاشیاء النفیسۃ الیہم الی وجہ الصلۃ بدرستی کہ نسبت مرثیہ خوان و اشعار کہنی
والونکی احسان کرنا ذاکرین روایات مصائب آل رسول کی رعایت جسطرحسی ہو لازم جاننا بذل
اموال و اہدا اشیاء نفیسہ جو ممکن ہو بطور نذر و صلۂ رحمت و جائزہ فکر اونکو دو واکرامہم و تبجیلہم
والتواضع لہم و مدحہم والثناء علیہم وحبہم باللسان والقلب اکرام و بزرگ داشت
اونکی تواضع کرنا تعریف کلام و ثنای صحبت مین دل و زبان سی دوست رکہنا الی غیر ذالک
من الامور الباعثۃ علی ترویج قلوبہم المراثی والداعیۃ الی کثرۃ رغبتہم

اکیسوین مجلس فضائل شعرا و مرثیہ خوان و اہل نالہ و فغان اور تنہا جہاد سید الشہدا

فِيهَا وَ شِدَّةِ سَعْيِهِمْ فِي تَحْسِينِ الْقِرَائَةِ اور علاوہ اسکی جو باتین کہ رواج قرائت مراثی مین باعث قدر افزائی ہون اور شدت رغبت و شوق ہی اوبھار لاتین کہ اچھا پڑھنی پر ساعی ہوں وَ تَتَبُّعِ الْأَخْبَارِ وَ الْآثَارِ لِتَبَيُّنِ الْأَمْرِ مِنَ الْأُمُورِ الَّتِي يُحِبُّهَا اللهُ وَ يُحِبُّهَا رَسُولُهُ وَ أَوْصِيَائُهُ الْمَعْصُومُونَ تا وہ اخبار و احادیث و روایات صحیحہ کو ڈھونڈہین و فضائل مصیبت کو اپنی زبان بیان مین جلوہ دین چہ سبب امور ایسی مقبول درگاہ احدیت ہین کہ خدا و رسول دوست رکھتی ہین اور اوصیا معصومین محبت و الفت کا نتیجہ دین پیار کرین لاکن یہ کام ہی بالسلسلہ بند اسکی اتمام پر ضرور ہی متفق ہونا چند اشخاص کا پہلی بانی عزا جو ذاکر کو حاطر داری سی بلائی دوسری قاری شعر و انشا کہ خوب پڑہکی سناوی تیسری سامع واقعات جو روی خواہ صورت بکا بنائی چوتہی خادم کہ فرش بچھائی کہانا کہلاوی پانی پلاوی اوسوقت دیکہو فضائل عمل کو ثواب کیا ملتا ہی اور علاوہ اسکی رتبہ اونکا کسقدر بڑہتا ہی فِي خَبَرِ عَلْقَمَةَ عَنِ الْبَاقِرِ فِي حَدِيثِ زِيَارَةِ الْحُسَيْنِ يَوْمَ عَاشُورَا مِنْ قَرِيبٍ أَوْ مِنْ بَعِيدٍ قَالَ بروایت علقمہ حضرت باقر علیہ السلام سی حدیث زیارت سید الشہدا مین آیا ہی جو زائر پاس تربت کی روز عاشورا پڑہی یا اسلام دور ہی کرے فرمایا ہی ثُمَّ لِيَنْدُبِ الْحُسَيْنَ وَ يَبْكِيهِ وَ يَأْمُرُ مَنْ فِي دَارِهِ مِمَّنْ لَا يَتَّقِيهِ بِالْبُكَاءِ عَلَيْهِ وَ يُقِيمُ فِي دَارِهِ الْمُصِيبَةَ بِإِظْهَارِ الْجَزَعِ عَلَيْهِ پھر امام حسین علیہ السلام پر نوحہ گر ہو کی بیتابانہ روتا رہی اور جو گھر کی لوگون سی رونی کا پرہیز نہ رکھتا ہو اونکو رقت و زاری کی واسطی کہی تا سامان عزا و مصیبت کو پیدا کرین خامس آل عبا کی حال مین جزع و فزع سی آنسو بہائین وَ لْيُعَزِّ بَعْضُهُمْ بَعْضًا بِمُصَابِهِمْ بِالْحُسَيْنِ ایک دوسری کو ماتم پرسا دین یا حضرت امام حسین علیہ السلام پر سوگوار باہم اشکبار ہین وَ أَنَا ضَامِنٌ لَهُمْ إِذَا فَعَلُوا ذَلِكَ عَلَى اللهِ تَعَالَى جَمِيعَ ذَلِكَ يَعْنِي ثَوَابَ أَلْفَيْ حِجَّةٍ وَ أَلْفَيْ عُمْرَةٍ وَ أَلْفَيْ غَزْوَةٍ میں ضامن ہون

وكان لواء رسول الله صلى الله عليه وآله ابيض مع مصعب بن عمير والراية مع علي عليه السلام وامدهم الله بخمسة آلاف من الملائكة ... المسلمين في اعين المؤمنين ... الكفار ...

اکیسویں مجلس فضائل بکا و عـــزاے جناب سید الشہدا

اگر یہ آداب ماتم سب عمل میں لائیں بہت حسنات یعنی ثواب دو ہزار حج اور دو ہزار عُمرہ اور دو ہزار غزوہ پائیں قُلتُ اَنتَ الضَّامِنُ لَهُم ذٰلِكَ وَالزَّعِيمُ قَالَ اَنَا الضَّامِنُ وَالزَّعِيمُ لِمَن فَعَلَ ذٰلِكَ راوی ناقل ہے یعنی عرض کی اس اجر ملنے پر آپ کفیل ہوتے ہیں جواب دیا ہیں ذمہ دار ہوں اوسکے خدا کا رو لائیں اور جو روتے ہیں قُلتُ وَكَيفَ يُعَزِّي بَعضُنَا بَعضًا قَالَ تَقُولُ علقمہ مظہر ہے یعنی پوچھا کیونکر تعزیت ادا کریں فرمایا کہے تو یہ قول حزن وملال کو با چشم تر عَظَّمَ اللهُ اُجُورَنَا وَاُجُورَكُم بِمُصَابِنَا بِالحُسَينِ وَجَعَلَنَا وَاِيَّاكُم مِنَ الطَّالِبِينَ بِثَارِهِ مَعَ وَلِيِّهِ الاِمَامِ المَهدِيِّ مِن اٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَيهِمُ السَّلَامُ اگر دوسرا بھی ان کلمات کو باہم تو اجر و ثواب مضاعف عطا ہو وَاِنِ استَطَعتَ اَن لَا تَنتَشِرَ يَومَكَ فِي حَاجَةٍ فَافعَل فَاِنَّهُ يَومٌ نَحِسٌ لَا تُقضٰى فِيهِ حَاجَةُ مُؤمِنٍ اور ہر گاہ ممکن ہو سکے تو اس دن کو طلب حاجت میں صرف نکرنا کہ مراد مومن نہیں ملتی بڑا نحس اور برا جانتا ہے نا وَاِن قُضِيَت لَم يُبَارَك لَهُ فِيهَا وَلَا يَرٰى فِيهَا رُشدًا کبھی مبارک نہ ہوگا اگر کوئی مطلب بھی نکلا خیر و خوبی نہ دیکھیگا ہرگز سود کا زہرا و بکا وَلَا يَدَّخِرَنَّ اَحَدُكُم لِمَنزِلِهِ فِيهِ شَيئًا فَمَن اِدَّخَرَ فِي ذٰلِكَ اليَومِ شَيئًا لَم يُبَارَك لَهُ فِيمَا اِدَّخَرَ وَلَم يُبَارَك لَهُ فِي اَهلِهِ نہ فراہم کرنا اور نہ خریدکی وہ ہرگز اوس روز کوئی چیز مصارف سے گھر کی بس جسنے ایسا کیا اچھا نہ ہوگا اوسی اور نہ وہ اہل عیال گھر کی فَاِذَا فَعَلُوا ذٰلِكَ كَتَبَ اللهُ لَهُم ثَوَابَ اَلفِ حَجَّةٍ وَاَلفِ عُمرَةٍ مَعَ رَسُولِ اللهِ جب یوں کرے بجا لائیں تو اسد لکھے حسنات اوکے نام یعنی ساتھ پیغمبر خدا کی جو کئے ہوں ہزار حج و ہزار عُمرہ ومزید اللہ وَكَانَ لَهُ كَثَوَابِ كُلِّ نَبِيٍّ وَرَسُولٍ وَصِدِّيقٍ وَشَهِيدٍ مَاتَ اَو قُتِلَ مُنذُ خَلَقَ اللهُ الدُّنيَا اِلٰى تَقُومَ السَّاعَةُ اور اجر ملیں گی اوسکو مانند ثواب ہر نبی و رسول و صدیق و شہید راہِ خدا کا فوت ہوا ہو یا قتل کیا گیا ہو ابتدائی دنیا سے تا روز جزا ق فی خبر مسمع عن الصادق

...عليه السلام ... والله لا نحاصمنا في الله ...

اکیسوین مجلس فضیلت اہل بکا و رو و حوض اور کوثر کی ثنا و جہاد و الشہدا

فی حدیثٍ قال افما تذکرُ ما صنع بہ یعنی للحسین قلت بلی اخبر مشتمع مین حضرت صادق سے مذکور ہی کہ ایک دن جناب نی پوچھا آیا چرچا کرتا ہی تو اوس واقعہ کا جو مشہور ہی یعنی امام حسین علیہ السلام کا سانحہ شہادت مینی عرض کی بہت زبان پر لاتا ہون وہ مصیبت قال اتجزع قلت ای واللہ واستعبرُ لذالک حتی یری اہلی اثر ذالک علیّ فرمایا رقت وزاری ہی آیا شور مچاتا ہی مینی کہا اسقدر بجذا روتا ہون کہ اثر حزن و ملال اہل و عیال کو معلوم ہوتا ہی فامتنع من الطعام حتی یستبین ذالک فی وجہی شدت غم سی غذا نہین کہاتی ہی بہوک پیاس سی چہرہ پر ماتم کی اوداسی چہاتی ہی فقال رحم اللہ دمعتک اما انک من الذین یعدون من اہل الجزع لنا والذین یفرحون لفرحنا ویحزنون لحزننا بولی تیری شکر پر اللہ رحمت بہیجی اور توفیق نیک زیادہ عطا کری یہ جان لی کہ تو شمار ہوگا اونمین جو لوگ ہمارا ساتہہ دیتی ہین سرور مین خوشحال او رحزن سی پر ملال رہتی ہین اما انک ستری عند موتک حضور ابائی لک ووصیتہم ملک الموت بک وما یلقونک بہ من البشارۃ ما تقر بہ عینک قبل الموت واقف ہو کہ اپنی وقت مرگ مین دیکہی گا میری آبای طاہرین کو جو بالین تیری آئین گی ملک الموت کو پاسداری و رعایت سفارش فرمائین گی انواعِ رحمت و مہربانی کی بشارت پہنچائین کہ اوسکی وصول مین دل ٹہنڈا روشن آنکہین ہوجائین وان ملک الموت ارق علیک واشد رحمۃ لک من الام الشفیقۃ علی ولدہا بہ رستی کہ قابض ارواح تیری اوپر سب سی زیادہ مصروف عنایت رہیگا جیسی پسر کو مان پیار کری اوس نسبت سی شفقت کریگا ثم استعبر واستعبرت معہ الی ان قال وما بکی احد رحمۃ لنا ولما لقینا الا رحمہ اللہ قبل ان تخرج الدمعۃ من عینیہ بعدازان حضرت صادق علیہ السلام گریان ہوی اور مین انکا رو پا کہ آنسو منہہ پر بہی پہر فرمایا ہماری دکہہ اور غم کی لیی کوئی نہین روتا ہی

اکیسوین مجلس فضیلت اہل بکا و ورود حوض اور کوثر کی ثنا و جہاد الشہدا

الایہ کہ جو آنسو نکلتی ہی آنکھونکی مستحق رحمت ہو رہتا ہی فَاِذَا سَالَ دُمُوعُہ عَلٰی خَدِّہٖ فَلَو اَنَّ قَطرَۃً مِن دُمُوعِہٖ سَقَطَت فِی جَہَنَّمَ لَاَطفَأَت حَرَّہَا حَتّٰی لَا یُوجَدُ لَہَا حَرٌّ پس جب یہ اشک اوسکی رخسارون پر جاری ہو جاتے ہین اگر ایک قطرہ اوسکا آتش دوزخ مین ڈالین سوزنار کو ایسا بجہا دی کہ پھر گرمی کو نہ پائین وَاِنَّ المُوجَعَ قَلبُہ لَنَا لَیَفرَحُ یَومَ یَرَانَا عِندَ مَوتِہٖ فَرحَۃً لَا تَزَالُ تِلکَ الفَرحَۃُ فِی قَلبِہٖ حَتّٰی یَرِدَ عَلَینَا الحَوضَ تحقیق کہ ہماری واسطے جو دل پر غم اوٹھائیگا مرتی وقت ہمکو بالین پر دیکھنی سی خوش ہو جائیگا اوس فرحت کو مدام اپنا ہمدم پائیگا یہان تک جو ہماری حوض کوثر کی پاس خرم و خندان آئیگا وَاِنَّ الکَوثَرَ لَیَفرَحُ بِمُحِبِّنَا اِذَا وَرَدَ عَلَیہِ حَتّٰی اَنَّہ لَیُذِیقُہ مِن ضُرُوبِ الطَّعَامِ مَا لَا یَشتَہِی اَن یَصدُرَ عَنہُ جب ہمارا محب لب کوثر جائیگا وہ خوشی و سرور مین لہرائیگا کہ دوست اہلبیت جام سازگار منہ سی لگائیگا ہر طعام و شراب مرغوب کا مزہ اوسمین اوٹھائیگا یا رب مشتمع مَن شَرِبَ مِنہُ شَربَۃً لَم یَظمَأ بَعدَہَا اَبَدًا وَہُوَ فِی بَردِ الکَافُورِ وَرِیحِ المِسکِ وَطَعمِ الزَّنجَبِیلِ اَحلٰی مِنَ العَسَلِ وَاَلیَنُ مِنَ الزُّبدِ وَاَصفٰی مِنَ الدَّمعِ وَاَذکٰی مِنَ العَنبَرِ یعنی جسنی آب کوثر کا ایک جرعہ پیا کبھی نہوگا ہوکا اور پیاسا وہ پانی سردی مین مثل کافور و خوشبو مانند مشک مزہ دار جیسی زنجبیل شہد سی بڑہکی شیرین مکہن سی نرم تر اشک چشم سی صاف و لطیف عنبر سی زیادہ معطر یَخرُجُ مِن تَسنِیمٍ وَیَمُرُّ بِاَنہَارِ الجِنَانِ تَجرِی عَلٰی رَضرَاضِ الدُّرِّ وَالیَاقُوتِ اوسکا پانی چشمہ تسنیم سی نکلتا ہی نہرون مین جنت کی باتما در و یاقوت پر لوٹتا چلتا ہی فِیہِ مِنَ القِدحَانِ اَکثَرُ مِن عَدَدِ نُجُومِ السَّمَاءِ پیالی کہین عمدہ اوسکی بالای کنار گنتی مین عدد نجوم سی کہین بیشمار یُوجَدُ رِیحُہ مِن مَسِیرَۃِ اَلفِ عَامٍ ہزار برس کی راہ سی اوسکی خوشبو آتی ہی مشام جان کو روایح خلد مین بساتی ہی قدحانہ

اکیسوین مجلس فضائل حوض کوثر و تشبیہ ذبح امام حسن و شبر

مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَاَلْوَانِ الْجَوْهَرِ وہ قدح چاندی اور سونی کی ہین اقسام جواہر
قدرت صانع سی جڑی ہین یَفُوحُ فِی وَجْهِ الشَّارِبِ مِنْهُ كُلُّ فَائِحَةٍ حَتّٰی يَقُولُ الشَّارِبُ
مِنْهُ لَيْتَنِی تُرِكْتُ هٰهُنَا لَا اَبْغِی بِهٰذَا بَدَلًا وَلَا عَنْهُ تَحْوِيلًا پینی والی کو ہر طرح کی
بو باسین اتنی جانفزا ہین کہ دل سی کہی یہی کاش کہ یہان رہنی دین اور دوسری جگہ نہ بدلین
پس ای مدہوشانِ پیمانۂ ولاء و جرعہ نوشانِ خمخانۂ صدق و صفا جو شائق اور مست بزمِ الست کا
جو بادہ پیالۂ چشم کو می رقت سی چھلکائی اور مرحبا ایسی شاہد پرست صدر نشست کا کہ وارثوی بیخودی
حزن و غم کو لبالب جڑھائی جو بہ کشش خوناب جگر ساغر کوثر کا خواہان ہو بینای ابتہال سی قلقل نوحہ
نالہ بلند کری اور نمک چشِ شورہای بصر جو گزک سی طالب نبات جنان ہو کباب دل و جان کو آتش
ملال پر گرم و سوزان دہری بہم کیف و ور غزاین دست افشانی ماتم سی کوتاہی کو نہ غفلت جانو
اور نشۂ زندگانی دنیا کو واسطی بیکانی سرخوش بکا کی غنیمت جانو اگر جام ساقی حوض کو پیا چاہو
تو زلالِ اشک بہاؤ اور قدح سیم و زر کی ہر گاہ تمہو کہو تو حال شیون و فغان لاؤ ایسی تشنہ دہن کی
پیاس پر شیشۂ صبر سنگ جزع و فزع سی توڑ و کہ خنجر کی دہار سی سیراب کیا گیا اوس خستہ تن کی عطش
درد و قدر کو نہ چھوڑو کہ جسی سنانِ اجل نی سرشار کرنی کو دم تیغ کا آب دیا گلا کٹنی کی وہ صورت کہ
چشم روزگار نی مثل اوسکی نہ دیکھی لاشہ بی سر کی تڑپنی ہین ایسی مصیبت کہ سمع لیل و نہار نی کبھی نہ سنی
اِنَّ كَانَ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلَامُ فِی رِوَايَةِ رَيَّانِ بْنِ شَبِيبٍ فِی تَشْبِيهِ ذَبْحِهِ
عَلَيْهِ السَّلَامُ بِذَبْحِ الْكَبْشِ اُمُورًا اُخَرَ عِنْدَ الْقَصَّابِينَ الذَّابِحِينَ مَأْخُوذَةٌ مِنَ الشَّرْعِ
جیسا کہ حدیث امام رضا صلواۃ اللہ علیہ بہ روایت ریان بن شبیب تشبیہ ذبح کا ذکر آیا ہی سر جدا ہوتی
ہین قربانی گوسفند کی مانند مظلوم کربلا کا ماجرا فرمایا ہی لاکن حیوان کشی ہین قصابوں کی صنفی
دستور مقرر کیی ہین کہ وہ مطابق احکام شریعت سی ماخوذ ہوتی ہین وَ ذٰلِكَ مِنْ قَوْلِهٖ بِالشَّرْعِ

اکیسوین مجلس تشبیہ ذبح سی شہید بکا اور جہاد سید الشہدا

وَعَدَمِ اِدَامَتِهَا لَهُ اَیْ لِلْمَذْبُوحِ مِنَ الْکَبْشِ وَغَیْرِہٖ اون امور ضروری سی اول یہ
کہ چھری تیز و بُرّان ہو اور اوسکو دنبا وغیرہ مذبوح نہ دیکھی جو ہراسان ہو وَسُرْعَةِ الْقَطْعِ وَعَدَمِ
تَحْرِیْکِہٖ وَلَا جَرِّہٖ مِنْ مَکَانٍ اِلٰی اٰخَرَ ھا ہتہ کا جھٹکا نہ دینا [illegible] کا جلدی پہیرا ایک
مقام سی کاٹ لینا پھر دوسری جا گلی کو نہ ریتنا وَسَوْقِہٖ اِلَی الْمَذْبَحِ بِرِفْقٍ وَاَنْ یُّضْجَعَ
لِلسِّکِّیْنِ بِرِفْقٍ وَیُجِدُّ فِی الْاِسْرَاعِ لِیَکُوْنَ اَوْحٰی وَاَسْہَلَ بکری ہی کو مسلخ میں پیار سی
ہنکائی چھری حلقوم پر سرعت سی پھرائی اور گوشت و پوست کو صدمہ کشش نہ پہنچائی وقت
ذبح سی اوسکی صرف میں لائی تا سہولت سے جانور ذبح یا قربانی ہو جائی وَعَرْضِ الْمَاءِ عَلَیْہِ
قَبْلَ الذَّبْحِ لاکن پہلی اوسکو دانہ کہلائی پانی پلائی حیوان بی زبان کی بہوک پیاس مٹائی
اب تصور کرو سامعین بزم عزا کہ سید الشہدا پر مقتل کربلا میں کیا گذرا رفقا و برادر و فرزند
باری باری روبرو ماری جاتی تہی تڑپکی خاک پر جان دیتی میں خون میں نہاتی تہی بہوک ایسی کہ کئی وقت
غم کیا غذا نہ لی پیاس اوسقدر کہ تالو سی خشک زبان لگی ہوی علاوہ وفور جراحت سی تمام بدن
چور ایسا زخمی جب زین سی گری اوسکی صدمی کا کیا ذکر ایک ذبیح کی خولی و سنان و شمر لعین
قاتل ہر ایک اپنی حربی سی کرتا تہا کہ ایک زیادہ ایذا دینی کو شاہ کی حلقوم پر خنجر پہیرا پس قفا کی
بارہ ضرب جفا میں گردن کاٹی لہو بہایا خاک و خون آلودہ سر کو نیزہ جفا پر بلند کیا پیکر پاش پاش
عریان و بی وارث دہوپ میں ڈال دیا قاعدہ ہی جو مقتول ہو اوسکی لاش اوٹہاتی اور دفناتی ہین اگر
مجرم شرعی و گنہگار مارا جائی تو بہی غسل و کفن سی محروم نہین کرتی قبر میں چہپاتی ہین وای وای
اوسکی عوض جسم شریف پر گہوڑی دوڑائی گوشت و پوست کی ہم دست نعل مرکب سی پڑیاں اوڑائی
اس واقعہ کربلا سی زبان بیان ذاکر کی لال ہی اندوہ و رقت گلو گیر سینہ صبر و توان پائمال ہی
کاش ہم تم غلامان مولا وہان حاضر ہوتی بجانب کربلا کی قدمون پر حمایت و نصرت میں جان دیتی

العراق ... نزلت الى الشام
ان رسول الله صلى الله عليه وآله ...

والنصارى اولياء الى قوله
الذين آمنوا لا تتخذوا اليهود
اي وناس من بني النضير
نزلت في عبد الله بن
من الذل ... المدينة

اکیسویں مجلس واقعہ کربلا سے آگاہی فاطمہ زہرا و جہاد سید الشہدا

تا فوز شہادت کو پاتے وارین میں یا وران اہلبیت کہلاتے ۔ تمہید ثانی ای اہل شور و نوا خوشا حال تمہارا
کہ رتبہ دوستی آل عبا کا پایا ہے اور دنیا میں پیروی عترت رسول خدا سے وسیلہ آمرزش عقبیٰ کا ہاتھ آیا ہے
محبت کی نشانی ہے اپنے مولا کی محنت پر دل سے رونا علامت ادائے حق غلامی ہے آقا کی مصیبت میں
جان کھونا جو دوستدار شبیر کا ماتم برپا کرتے ہیں یاور فاطمہ زہرا ہیں ۔ جو مشغول تعزیہ غریب کربلا میں مصروف رہتے ہیں
ناصر علی مرتضیٰ ہیں ۔ نوحہ و نالہ کرو اوس مظلوم بیکس کی مجلس عزا میں جسکی لاش پر کوئی رونے والا نتہا
شیون سے خاموش نہ ہو مسافر نینوا کی محفل بپا میں کہ اوسکا جنازہ بے دفن و کفن پڑا رہا سینہ و سر پیٹو
اوس جسم ناز پرور کے واسطے جسکی پشت اور پہلو کو نعل سمند جفا سے روند ڈالا سلسلہ رقت میں بیٹھو
شہید بیسر کی خاطر جسکی عیال کو لوٹ کی پردیسی باہر نکالا اور اسیر کیا حسین علیہ السلام کی تشنہ لبی پر
چشمہ چشم سے اشک دمبدم بہاؤ شاہ دین کی بھوک اور صبر پر حسرت سے غم کھاؤ دیا دین طوق و زنجیر زین العابدین کی
شور و غل مچاؤ واسطے [illegible] عترت یاسین کی سر پر خاک اوڑاؤ ای مومنو یہ عہد ہو ذکر شہادت امام
حسین علیہ السلام کا ہماری اور تمہاری نام ازل سے لکھا ہے اوس خدمت کی شرافت کو حضرت سیدۃ النساء نے
اپنے عہد میں قبول کیا اسی کہا ہے رُوِیَ فِی الْمُنْتَخَبِ الطُّرَیْحِیِّ لَمَّا اَخْبَرَ النَّبِیُّ اِبْنَتَهُ
فَاطِمَةَ بِقَتْلِ وَلَدِهَا الْحُسَیْنِ وَمَا یَجْرِیْ عَلَیْهِ مِنَ الْمِحَنِ بَکَتْ کتاب منتخب طریحی میں سے منقول ہے
حسن سے روایت کی ہے کہ جب رسول خدا صلی اللہ علیہ و آلہ نے فاطمہ زہرا کو شہادت امام حسین علیہ السلام
اور جو مصائب اوپر گذرینگے خبر دی ہے بَکَتْ فَاطِمَةُ بُکَاءً شَدِیْدًا تو سیدۃ النساء بہت بیقرار
نالاں ہوئیں اور زار زار کے روئیں وَقَالَتْ یَا اَبَتِ مَتٰی یَکُوْنُ ذٰلِکَ تو قبول [illegible] کہا
کہ ای بابا یہ سانحہ جانگزا کب گذریگا اور میری نظر میں تمنا ہے یہ حادثہ کس وقت آئیگا فَقَالَ فِیْ زَمَانٍ
خَالٍ مِّنِّیْ وَمِنْکِ وَمِنْ عَلِیٍّ وَمِنْ حَسَنٍ رسول خدا نے ارشاد کیا وہ وقت کہ جب تم لوگ اوس
زمانے میں نہوگے اور میں اور علی او حسن کوئی باقی نہو ۔ وَاشْتَدَّ بُکَاءُهَا پس کہ فاطمہ کی رقت زیادہ

من آذیا و هم و ضج فی المسلمین الصائح فلک لعنه الله
فانهن معاً و صاح ابلیس لعنه الله یا معاشر
محمد رسول الله صلی الله علیه و آله و سلم ان الله
اخرجهم یا ایها الناس انی رسول الله الغزاة فیسبقن
قد و عدنی النصر قال این علی بن ابی طالب و رهبت
الصوت و لا یدرون ما یاتی

اکیسوین مجلس واقعہ کربلا سی آگاہی فاطمہ زہرا و جہاد سید الشہدا

زیادہ ہوئی اور دلکو تابِ صبر و شکیبائی نرہی وَ قَالَتْ یَا اَبَتِ فَمَنْ یَبْکِیْ عَلَیْہِ وَمَنْ
یَلْتَزِمُ بِاِقَامَۃِ الْعَزَاءِ لَہٗ کہا ای پدرِ بزرگوار پس میری فرزند کی مصیبت پر کون روئیگا اور جب ایک
عزیز باقی نرہا تو اوسکی تعزیت مین کون مصروف ہوویگا فَقَالَ النَّبِیُّ یَا فَاطِمَۃُ اِنَّ نِسَاءَ
اُمَّتِیْ یَبْکِیْنَ عَلٰی نِسَاءِ اَہْلِبَیْتِیْ وَرِجَالُھُمْ یَبْکُوْنَ عَلٰی رِجَالِ اَہْلِبَیْتِیْ فرمایا
سید دوسرانی ای فاطمہ بیقراری مت کرو خاطر جمع رکھو ہرگاہ تمہارا پیارا بیٹا حسین درجۂ شہادت
اور ایسے عزاداروں کا رسم ایجاد گروہِ سعادت پژوہ مین میری امت مرحومہ مین ایسی لوگ
پیدا ہوونگی کہ اونکی عورات مصائبِ بانوانِ اہلبیت اور مرد نوائبِ رجال پر دن رات
مناسب مقام ہی کہ مخبرِ صادق اگر فرماتی اپنی بضعۂ طاہرہ کو زبانِ حال مین سمجھاتی وہ اشخاص
مثل ما دربِ مردہ نوحہ و بکا کرینگی لباس ماتم پہنی اندوہناک گریبان چاک کرینگی اپنا مال عزاداری
لئی باسیدِ ثواب صرف مین لاوینگی شریک مجالسِ غم کو سردپانی پلاوینگی اچھی کھانی پکا کی کھلا
ایام محرم اور صفر کو روتی پیٹتی حالِ سوگواری مین سرگذشتِ محنت کو پڑہینگی وَ یُجَدِّدُوْنَ
الْعَزَاءَ جِیْلًا بَعْدَ جِیْلٍ فِیْ کُلِّ سَنَۃٍ ہمیشہ ایک قوم کی بعد دوسری اس رسم نالہ و آہ کو
ہر سال تازہ کرتی رہینگی نظر حسب دوستی ہماری اس طریقۂ اتصال کو نبھاوینگی یہ سلسلہ محشر تک
چلا جاوےگا اسبابِ مزاحمت سی ہرگز انقطاع نہ پاویگا فَاِذَا کَانَ یَوْمُ الْقِیَامَۃِ فَتَشْفَعِیْنَ
اَنْتِ لِلنِّسَاءِ وَاَنَا اَشْفَعُ لِلرِّجَالِ جب روزِ قیامت ای تم عورات کی شفاعت کرنا اپنی
واسطی مردونکی امر شفاعت جاری ہوویگا وَکُلُّ مَنْ بَکٰی مِنْھُمْ عَلٰی مُصَابِ الْحُسَیْنِ اَخَذْنَا
بِیَدِہٖ وَاَدْخَلْنَاہُ الْجَنَّۃَ پس دنیا مین جو رویا ہوگا مصائبِ حسین پر اوسکا ہاتھ ہم اور تم پکڑینگی
اپنی ہمراہ بہشتِ عنبر سرشت مین بیحساب داخل کرینگی یَا فَاطِمَۃُ کُلُّ عَیْنٍ بَاکِیَۃٌ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ
اِلَّا عَیْنٌ بَکَتْ عَلٰی مُصَابِ الْحُسَیْنِ ای فاطمہ یوم جزا ساری آنکہونکی انسو بہا ہی ہونگی

اکیسوین مجلس واقعۂ کربلا سے آگاہی بتول عذرا و جناب سید الشہدا

مگر وہ چشم کہ جسنی مظلومی حسین پر اشک بہائی ہوگی وَ کُلُّ مَنْ بَکیٰ مِنْهُمْ عَلیٰ مَصَائِبِ الْحُسَیْنِ فَاِنَّهَا ضَاحِکَةٌ مُسْتَبْشِرَةٌ بِنَعِیْمِ الْجَنَّةِ جس دیدۂ غمدیدہ کی سرشکِ حسرت بہی ہون اوپر مصائبِ امام حسین کی وہ مسرور و خندان ہوگی پانی سی نعمات جنت اور جاین کی اس حدیث حسن کو سنکی لازم ہی کہ موالیانِ علی علیہ السلام غم و الم حسین پر شیون و بکا سی جہرہ تر این اور دوستان جناب رسولخدا صلی اللہ علیہ و آلہ کو چاہیی ماتم و سوگِ فرزند این ہوا داری فاطمۂ زہرا سی قصور نکرین

نظم لمولفہ ای حاضرانِ باخرد و صاحبانِ ہوش ✲ ترکِ ادب ہی بزمِ عزا مین جو ہو خموش ✲ ماتم شاہ دین کی شیون وہ چاہیی تا عرش ✲ جای غلغلہ آہ کا خروش ✲ طوفانِ نوح اشک سی اپنی اُٹھائیں ✲ ہو مستعین نوحہ مین روزِ جزا کا جوش ✲ جب حالِ کربلای بہلی بیان ہو ✲ غمناک و اشکبار کرو دل سی گوش ✲ اشعارِ ناظم ایسی ہوی سوز و درد کی ✲ تحسین و مرحبا کا صلہ دیتا ہی سروش

استغاثۂ سید الشہدا و امداد بیمار کربلا و شہادت علی اصغر جگر بند امام تشنہ جگر

مُعاونانِ مجالسِ مصیبت و غم و موالیانِ طفلِ بیر شک اندوہ ماتم شہیدانِ تیرآہ و نالہ جانفرسا و فازیانِ معرکۂ امتحانِ کرب و بلا ✲ بخونِ طپیدگانِ عرصۂ حسرت و ملال ✲ و پردہ دریدگانِ خیمہ زاری ابتہال ✲ سانحۂ درد و محنت نو بادہ حضرت رسالت کو زبانِ رقت سی یون روایت کرتی ہین کہ جب روزِ عاشورا لشکرِ خدا صدق و صفای راہِ وفا مین کام آیا ✲ اور سب زمرۂ انصار و اقربای سید الشہدا منزلِ آخر بانگاہ مین مقام پایا ✲ تو بیکسی مین شاہِ کربلا یکہ و تنہا باقی رہی ✲ اور ہجومِ حسرت و یاس مین سپاہِ ابتلا سی ملاقی ہوی ✲ وقت زوالِ آفتاب ہر گاہ قریب آیا ✲ تو غریبِ دشتِ بلا پر سحابِ ظلم و جور چھایا ✲ ثُمَّ الْتَفَتَ الْحُسَیْنُ عَنْ یَمِیْنِهٖ فَلَمْ یَرَ اَحَدًا مِنَ الرِّجَالِ ✲ اوسدم امام حسین علیہ السلام نی اپنی داہنی طرف کو رخ کیا سوای زخمہای کاری کی کوئی ہمدم دکہائی نہ دیا وَ الْتَفَتَ

۸۰

اکیسویں مجلس خروج سید سجاد و اولاد و والدہ پر اور شہادت علی اصغر و جہاد امام تشنہ جگر

عن زیادة فلم نر احدا پھر جانب بیمار سنہ پھیرا وہاں بھی بغیر از افغان اہل حرم ایک بیٹی اور
بھائی کا بیانہ ملا عرصہ دو پہر میں نیرنگی زمانہ کی اسقدر صدمات پے در پے ہیں کہ اٹھائی کہ شدت غم سے
محاسن شریف کے بال سفید ہوگئے اپنی ناچاری اور گرفتاری پر آہ وزاری کی بال شہادت سے
لقای پروردگار پر طیاری کی واقعی اوسس پدر کی آنکھوں میں کیونکر نہ اندھیرا چھائی جسکا نور نظر
مانند علی اکبر شبیہ پیغمبر مارا جائی کیوں نہ قد برادر عبرت سرو و صنوبر کی کمر خم ہو جسکی پشت و پناہ
مثال عباس علمدار کی ہاتھ قلم اور پنجہ ستم سے بیدم ہو کس طرح وہ خستہ تن رقت قلب سے آشفتہ و
پریشان ہو کی اشک نہ بہائی جسکا بھتیجا گیسوؤں والا قاسم ناشاد کف حیات میں لہو کی مہندی
لگائی اندیشۂ اسیری و عریانی میں بیٹی اور بہن کی اساس توکل کو برقرار رکھنا دشوار تھا فکر عار
ناموس اور قید فرزند بیمار میں پابند سلسلۂ تحمل ہونا کار سید ابرار تھا قربان حوصلۂ صبر و شکیبائی
امام حسین علیہ السلام جان فدای مظلومی و بینوائی سلطان مشرقین صبح سے نصف النہار تک ہجوم
شامیان صحابہ وفادار کا بدن صد پارہ میدان سے دروازۂ خیمہ پر جمع کرنا اٹھارہ برادر و عزیز و بیکس
لاشوں کو خاک و خون میں مثل گوسفند قربانی بالای ہم دیکھنا اور الم سہنا میدان میں اکیلا جسم خونچکان
گھری لشکر کی چار طرف سے کمان ستم کی تیر جان ستان کھینچی اور سوار چڑھتی فخرج علی بن الحسین
زین العابدین وکان مریضا لا یقدر ان یقل سیفہ لا خلا گرفتاری سید الشہدا
آسمان و زمین کو بیقراری تھی ہر گوشۂ زمین عصمت سرا میں ایک خاتون مشغول زاری تھی و صدای
نالہ و فغان سکی علی بن حسین زین العابدین علیہما السلام دیدہ پر آب ہوئی ہر چند مرض میں بحال میں
بہت بیحال اور ضعف بیتاب تھی بھوک پیاس کی کثرت سے ہاتھ پاؤں کانپتی تھی بیماری کی سبب سے
سر پھرتا تھا آنکھوں میں تاریکی آتی تھی نقاہت میں کھڑا نہیں ہوا جاتا تھا ناتوانی سے قبضہ تلوار کا چھٹا پڑتا تھا
نہ ہونی سے دوا کی رنگ زرد چہری پر اوداسی چھائی ہوئی دل میں سو طرح کی درد اس حال میں بیماری کی

اکیسویں مجلس نصیحت سیدسجاد و امداد والد پدر و شہادت علی اصغر و جہاد امام تشنہ جگر

مدد کو خیمی سی باہر نکلی آہستہ قدم بڑہاتی ہوی گرتی پڑتی سیدان کو چلی وَاُمُّ کُلْثُوْمٍ تُنَادِیْ خَلْفَهٗ

یَا بُنَیَّ اِرْجِعْ اہلحرم نی جو یہ سانحہ دیکہا شور و اعلیا و علیاه و اغوثاه بر پا کیا اُمّ کلثوم جلدی سی

اونکی پیچھی دوڑین بسر اسیمہ اور مضطر ہوکی بولین ای فرزند دلبند خیمہ مین پہر چلو پست رنجوری کی

سایہ مین بیٹہہ رہو تمہاری بدن مین استیلای بیماری سی طاقت کہان ہی جوان منافقون سی جہاد کی

لیی ارادہ میدان ہی فَقَالَ یَا عَمَّتَاهُ ذَرِیْنِیْ اُقَاتِلُ بَیْنَ یَدَیْ اِبْنِ رَسُوْلِ اللّٰہِ

جواب دیا ای پہوپہی مزاحمت نکرو مجہی واسطی لڑنی کی جانی دو کیا ہی فرزند پیغمبر خدا مین مارا

جاوُن اور سختی زندگانی دنیا زیادہ نہ اوٹہاوُن فَقَالَ الْحُسَیْنُ یَا اُمَّ کُلْثُوْمٍ خُذِیْهِ

لِئَلَّا تَبْقَی الْاَرْضُ خَالِیَةً مِّنْ نَسْلِ اٰلِ مُحَمَّدٍ امام مظلوم نی پکار کی فرمایا حضرت پیغمبر مین

اب کوئی باقی نہ رہا سب نی گلا کٹا یا ای بہن ام کلثوم اس مریض ناتوان کو روک لو دشت نبرد مین

جانی نہ دو مبادا رن مین تیغ کین سی مارا جائی زمین اولاد خیر المرسلین سی خالی رہ جائی جو ہمسرامام

ناکام کو سبہاکی سر اپردہ مین لی گئین سر بالین حلقہ ماتم باندہ کی شکل پروانہ شمع فرار ہوئین وَلَمَّا فُجِعَ

الْحُسَیْنُ بِاَهْلِ بَیْتِهٖ وَ وُلْدِهٖ وَلَمْ یَبْقَ مَعَهٗ غَیْرُ النِّسَاءِ وَالذَّرَارِیْ راوی کہتا ہی

ہرگاہ مصیبت فراق خویش و تبار و اندوہ قلق اہلبیت اطہار نی امام ابرار کو زندگی سی بیزار کیا اور سوا

عورات اہلحرم و کنیزان محترم کوئی یار و آشنا زندہ و کہائی نہ دیا نَادٰی هَلْ مِنْ ذَابٍّ یَذُبُّ

عَنْ حَرَمِ رَسُوْلِ اللّٰہِ سرور یثرب و حجاز نی واسطی اتمام حجت کی آواز جانگداز سی یہ حرف سنا

آیا کوئی حمایت کرنی والا ہی جو حرم رسول خدا کو دشمن کی ہاتہ سی بچائی هَلْ مِنْ مُوَحِّدٍ یَخَافُ اللّٰہَ

فِیْنَا آیا ایک خدا پرست ہی جو قدم ہمت بڑہائی اللہ سی ڈر کی ہماری طرف کو آئی هَلْ مِنْ مُغِیْثٍ

یَرْجُوا اللّٰہَ فِیْ اِغَاثَتِنَا آیا فریاد رسی والا ہی کہ امید رحمت الٰہی مین ترس کہائی ہماری نصرت و

امداد پر بارادہ حاجت اوٹہائی قَالَ فَارْتَفَعَتْ اَصْوَاتُ النِّسَاءِ بِالْعَوِیْلِ یہ سنکر اہلبیت

اکیسوین مجلس خروج سید سجاد و امداد و الدہ اور شہادت علی اصغر وجہاد امام جن بشر

بالاخیر مین کوئی دلسوز نظر نہ پڑا شیون و نالۂ عورات کا غلغلہ سہرا وقات سہی اوٹھا کسی نی کہا دوہائی رسولخدا کی ہمارا وارث بیکس اور تنہا رہا ہی کسی نی آہ کا نعرہ مارا کہان ہین علی مرتضی اور فاطمۂ زہرا کہ اوسکا نازونکا پالا دشمنون مین گہرا ہی فَتَقَدَّمَ اِلٰی بَابِ الْخَیْمَةِ حضرت ہہی روتی ہوی دروازۂ خیمہ پر آئی اور سبکو تسکین مین کلمات صبر و شکیبائی فرمائی فَقَالَ نَاوِلُوْنِیْ عَلِیًّا اِبْنِیَ الطِّفْلَ حَتّٰی اُوَدِّعَهٗ صد ہزار افسوس کہا ای اہلحرم عرصۂ شہادت قریب رہا ہے میری چھوٹی شیر زند علی اصغر کو لاؤ کہ اسکو دیکھ لون وداع کرون اور آخری دیدار سی اوسکی بہرہ مند ہون فَنَاوَلُوْهُ الصَّبِیَّ یہ سنکی زینب خاتون جہولی کی قریب حضرت و بابس مین آئین قنداقہ اوس طفل صغیر کا اوٹھا کی بہلاتی ہوی حضرت کی پاس لائین پیاس کی سبب سی دودہ خشک ہونی کی تشنگی نی بہوک سی علی اصغر کی بدحال صورت دکھائی وَ قَالَ الْمُفِیْدُ دَعَا اِبْنَهٗ عَبْدَاللّٰهِ الرَّضِیْعَ قَالُوْا فَجَعَلَ یُقَبِّلُهٗ شیخ مفید نی اپنی روایت مین یون کہا کہ اوس گوہر صدف امامت کا نام عبداللہ تہا اوسکو حضرت نی خیمہ سی منگا یا ہاتہہ پہیلا کی اپنی گود مین لیا گلی سی لگا کی پیار کرتی تہی لب و دہان پر اپنا منہہ ملتی تہی دیدۂ حیرت سی عجب حال دیکہا کہ دل و جان کو یارای ضبط نرہا پہول سا رخ بی آبی سی کہلایا ہی دودہ کی نہ ہونیسی حلق سوکہا چہرہ سونلایا ہی ضعف کی ماری رویا نہین جاتا ہی طفل بی زبان تکلیف سی آنکہین پہراتا ہی وَ هُوَ یَقُوْلُ وَیْلٌ لِهٰؤُلَاءِ الْقَوْمِ اِذَا کَانَ جَدُّکَ مُحَمَّدُنِ الْمُصْطَفٰی خَصْمَهُمْ سید الشہدا نی اوسکی حالت پر بہت ترس کہایا زبان شامت اور ملامت اعدا کو فرمایا وای اوپر اس قوم ظالم کی جو تیری نانا سید المرسلین رسولخدا اونسی دشمن ہون اونکی اور نفرین کرین وَالصَّبِیُّ فِیْ حِجْرِهٖ اِذْ رَمَاهُ حَرْمَلَةُ بْنُ کَاهِلِ الْاَسَدِیُّ بِسَهْمٍ فَذَبَحَهٗ فِیْ حِجْرِ الْحُسَیْنِ عَلَیْهِ السَّلَامُ وہ بچہ باپ کی آغوش مین ہنستا کبہی دردوتا کبہی آنکہون سی محبت اور الفت کی اشاری کرتا ہوتا ناگاہ سپاہ مخالف سی حرملہ بن کاہل

اکیسویں مجلس جس میں شرح سید سجاد اندا و والد پدر شہادت علی اصغر و جہاد امام تشنہ جگر

یہ ماجرا دیکھا پیکان آبدار کی تیر کو چلہ کمان سی جوڑا گلوی شیر خوار پہ مارا کہ امام حسین کی آغوش میں وہ معصوم ذبح ہوا زخم کی صدمہ میں منہہ سی خوناب جگر اوگلا تڑپ کی ذرا سی جان کا آنکھوں کی راہ دم نکلا جب تیر کو حلق طفل سی باہر کھینچا لہو کا پرنالہ بہنی لگا فَتَلَقَّى الْحُسَيْنُ دَمَهُ حَتَّى امْتَلَأَتْ كَفُّهُ ثُمَّ رَمَى بِهِ إِلَى السَّمَاءِ امام مظلوم جب ہاتھ کی برابر ہاتھ لاتی جب خون سی بھر جاتا تو آسمان کی طرف اچھالتی ثُمَّ قَالَ هَوَّنَ عَلَيَّ مَا نَزَلَ بِي أَنَّهُ بِعَيْنِ اللّٰهِ پھر فرمایا مجھ پہ جو صدمہ گذرا سب آسان ہی تحقیق کہ یہ بلا و مصیبت کو اللہ نگران ہی قَالَ الْبَاقِرُ عَلَيْهِ السَّلَامُ فَلَمْ يَسْقُطْ مِنْ ذٰلِكَ الدَّمِ قَطْرَةٌ إِلَى الْأَرْضِ حضرت باقر علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ اوسمیں سی ایک بوند زمین کو نہیں پہونچی قَالَ فَجَعَلَ الْحُسَيْنُ يَأْخُذُ الدَّمَ مِنْ نَحْرِ لَبَّتِهِ راوی نی کہا پس گلگون کفن کربلا لہو حلقوم فرزند کا اپنی روی مبارک پہ ملتی اور ریش خونخواہی محاسن مقدسہ پہ خضاب کرتی وَيَقُولُ اللّٰهُمَّ لَا يَكُونُ أَهْوَنَ عَلَيْكَ مِنْ فَصِيلِ عرض کرتی الٰہی یہ بیٹا میرا فرزند تیری نزدیک ناقہ صالح سی کم نہو گا ثُمَّ قَالَ اللّٰهُمَّ إِنْ كُنْتَ حَبَسْتَ عَنَّا النَّصْرَ فَاجْعَلْ ذٰلِكَ لِمَا هُوَ خَيْرٌ لَنَا پھر مناجات کی خدایا اگر آج کی دن ہماری نصرت کو مصلحت نہیں جانا تو اسکا عوض خیر عقبیٰ اور وسیلہ نجات دوستان فرما وَفِي رِوَايَةٍ أُخْرَى فَإِذَا بِسَهْمٍ قَدْ أَقْبَلَ حَتَّى وَقَعَ فِي لَبَّةِ الصَّبِيِّ فَقَتَلَهُ اور دوسری روایت میں ذکر ہوا ہی کہ سپاہ گمراہی ایسا خدنگ قضا آیا کہ بچہ کی نازنین گردن پر لگا فوراً مانند مرغ نیم بسمل تڑپا اور تسلیم کی مرگیا فَنَزَلَ عَنْ فَرَسِهِ وَحَفَرَ لِلصَّبِيِّ بِجَفْنِ سَيْفِهِ وَرَمَّلَهُ بِدَمِهِ وَدَفَنَهُ واویلا واحسرتا اس لئی کہ اگر علی اصغر کا لاشہ مقتل میں پڑا رہیگا ماں اوسکی رباب مخدرہ دیکھیگی چھاتیں پہاڑی کی سکینہ خاتون بہن او سپر جان ہی کی مرجائیگی زینب اور ام کلثوم فرط الم سی روئنگی عورات الحرم کو زندگی وبال ہو گی پہر آمادہ دفن کی نا چار امام

اکیسوین مجلس جہاد سید الشہدا و مقتل ہونے مین سی کرنا

ابرار گھوڑی سی اوتری اسکبارہ وہ جنازہ لیے آگی بڑہی گوشہ مقتل مین نوک تلوار سی چھوٹی قبر کھودی جسم علی اصغر مین خاک کربلا بجای کفن اور کافور ملی اوس پیکر مطہر کو زمین پر لٹاکی مٹی برابر کی آبدیدہ پھر کاگل داغ حسرت کی چادر ڈالی ثُمَّ وَثَبَ قَائِمًا وَقَالَ اِنَّ هٰذِهِ الْاَبْيَاتَ لِلْحُسَيْنِ مِنْ اِنْشَادِهٖ وَلَيْسَ لِاَحَدٍ مِثْلُهَا پس مزار علی اصغر سی باچشم تر اوٹھی اوس عالم تنہائی مین کوئی رکاب تھامنی والا نتھا مانند غربا اپنی گھوڑی پر چڑہی ایک جلد کتاب مصیبت مین مرقوم ہی جسکو ملا خطائی پہلی بحر البکا سی نظم و نثر لکہا ہی ذو الجناح چند قدم خیمہ سی بڑہکی رکا جسقدر کہ حضرت نی مہمیز کیا ہرگز نہ چلا گمان ہوا بھوک پیاس کی شدت سی طاقت رفتار جاتی رہی جراحت تیر و نیزہ و شمشیر کی بسیار اذیت سہی اوس برق رفتار بادپا کو جو ٹہرا پایا شہسوار معرکہ وحدت نی فرمایا ای وفادار نانا کی یادگار آج میرا سفر منزل شہادت قریب ہی یہان تیری توقف کی کیا تقریب ہی مرکب نی سر اوٹھایا زبان حال سی مطلب دل سنایا ای سلیمان بساط بلا ای سلطان کشور کربلا اسقدر آپ مجہپر سوار ہوکر خلد برین کو راہی ہوتی ہین مضطر و ناچار مقتل مین سوتی ہین میری جانبازی کی جہاد اعدا مین دیکھی میدان ترکتازی پر جولانی نگاہ سی ملاحظہ کی نزدیک ہی کہ آپکی اور میری دوری ہوجای پہر قیامت کبری تک دولت حضوری میسر نہ آی جب حشر مین روز بازخواست آیگا آپکی سوار کو مرکب پری نژاد مانند براق خدا بہجوائیگا مین عرصہ محشر مین تمہاری ران و رکاب کا امیدوار ہون اس تمنا مین قدمون تلی سرور کی نک وہ پڑا بیار ہون شاہ مظلوم نی جواب دیا ای حیوان بی زبان مینی قبول کیا اس وعدہ پر تو خاطر جمع رہنا یعنی روز عاشورا تھوڑی اور سہنا دشت ستم تمام مین بھی حسین تیری پشت پر چڑہی گا ہر گز وقت فردوس تک اسی زین کو خالی نچھوڑیگا تیری تنگی کو سیلی پر سبقت کی تیار دیکھا کاوہ مین راہ خدمت لی راوی کہتا ہی یہ اشعار گہر بار کلام معجز نظام امام حسین علیہ السلام سی ہین کہ مثل اون کی کسی افصح اور ابلغ عرب سے ہرگز نہیں ہوسکی ہین فَاِنْ تَكُنِ الدُّنْيَا

اکیسویں مجلس جہاد سید الشہدا و مقتل میں یہی گزنا

نَفْسُہ نَفِیْسَۃٌ فَاِنَّ ثَوَابَ اللّٰہِ اَعْلٰی وَاَنْبَلُ یعنی ہرچند دنیا و زینت و سامان اوسکا
نفیس و اچھا ہو بے بقا ہی لاکن اوس سی اجر و ثواب خدا بہت برتر و اعلا ہی وَاِنْ یَکُنِ الْاَبْدَانُ
لِلْمَوْتِ اُنْشِئَتْ فَقَتْلُ امْرِءٍ بِالسَّیْفِ فِی اللّٰہِ اَفْضَلُ اگرچہ بدنہای انسان
واسطی خاک میں جانی کی ہیں اور ہر ایک صید اجل ہونیوالا ہی مگر آدمی کا مارا جانا جہاد راہ الٰہی میں
بہتر اور افضل پایا ہی وَاِنْ یَکُنِ الْاَرْزَاقُ قِسْمًا مُقَدَّرًا فَقِلَّۃُ سَعْیِ الْمَرْءِ فِی الْکَسْبِ
اَجْمَلُ اگرچہ رزق و روزی مقدر میں تقسیم ہوا ہی لاکن تھوڑا ساعی ہونا آدمی کا تحصیل معاش میں
اچھا ہی وَاِنْ تَکُنِ الْاَمْوَالُ لِلتَّرْکِ جَمْعُہَا فَمَا بَالُ مَتْرُوْکٍ بِہِ الْمَرْءُ یَبْخَلُ
جبکہ فراہمی مال کی چھوڑ جانا ہی پس کیوں عطا میں بخل کری جو دانا ہی ثُمَّ اَنَّہٗ دَعَا النَّاسَ
اِلَی الْبِرَازِ بعد ازان وسط معرکہ میں ذوالجناح کو ہمعنان سمند نگاہ جولان دیا پھر نیزہ جانستان
سپاہ سیاہ سی مبارز طلب کیا فَلَمْ یَزَلْ یَقْتُلُ کُلَّ مَنْ دَنَا مِنْہُ مِنْ عُیُوْنِ الرِّجَالِ
حَتّٰی قَتَلَ مِنْہُمْ مَقْتَلَۃً عَظِیْمَۃً جو پیل تن دیو سیرت طنطنۂ دلیری سی مقابل آتا ضرب
فرزند پیامبر سی درکات اسافل کو جاتا جو عدو ستمگر سی صاحب تیغ و سپر کی رو برو ہوتا
مرد و مرکب خاک ہلاک پر گرتا سیدہا سقر کو پہنچتا یہان تک جو ہر سپہ ستمگار میں شتہ گنا انبار لگا یا
خیر الوری کو عالم رویا میں جانب کربلا سے پھر آتی دیکھا کہ پریشان صورت غبار آلودہ
خاک محاسن شریف میں بھری چہرہ متغیر تھا وَهُوَ بَاکِی الْعَیْنَیْنِ حَزِیْنُ الْقَلْبِ
وَمَعَهٗ قَارُوْرَتَانِ مَمْلُوْتَانِ دَمًا وہ جناب بادل حزین انکھوں سے سرشک
بہتی بیتاب کھڑی تہی، دو شیشی لہو سے بھری ہاتھوں میں لیی تہی فرط مصیبت سے دم سرد
بھرتی بیقراری میں آہ و نالہ کرتی اس آفت میں مجھی یارای صبر نہ ہا سلام کر کی سبب اندوہ
پوچھا ای حبیب خدا یہ کیا ماجرا ہی زاری و اشکباری کا باعث کونسا واقعہ گذرا ہی
فَقَالَ لِیْ هٰذِهٖ فِیْهَا مِنْ دَمِ الْحُسَیْنِ وَهٰذِهِ الْاُخْرٰی مِنْ دَمِ اَهْلِ بَیْتِهٖ
وَاَصْحَابِهٖ فرمایا ای عبداللہ بن عباس آج میرا پیارا حسین دشت کربلا میں شہید ہوا
ظلم و جفا سے امت بیوفا نے بہوکا پیاسا میرا سارا کنبہ مارا ہی یہی ایک شیشہ میں اوسکا
خون ناحق لیا ہی اور دوسری میں اصحاب و اقربا کا لہو بھرا ہی وَاِنِّی الْآنَ وَجَدْتُ
مِنْ دَفْنِ وَلَدِیَ الْحُسَیْنِ وَمَا یَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰی نے ہرگاہ مقتضای مقام یہ کلام
حسرت انجام فرمایا ہو تو بجا ہی جسکا ذکر سماعت طالبین کے لیے حضور کو رقت افزا ہی صبح روز عاشورا
حسین کو لشکر مصیبت نے گھیرا تھا ایک ایک یار و انصار بھائی اور بیٹی کو شمشیر کہا
مہمان بلا کی غربت میں کہانی کو ترسایا پیاسونکو ایک قطرہ آب نہیں پلایا افسوس کہ میری
فرزند مظلوم کو زخم تیغ و نیزہ و تیر سے چور کیا قاتل شوم نے سوکھی گلی کو آب خنجر سے پانی دیا سینہ
مجروح کو زانو کی تلی زور سے دبایا لہو بہتی سر کو نیزی پہ چڑھا کی میدان میں پھرایا لاش
صد پاش کو بے دفن و کفن خاک و خون میں چھوڑا ہے گھوڑی اوسپر دوڑا کی ہڈی اور پسلی کی

تیئیسوین مجلس ابن عباس کا پیغمبر کو رویا مین دیکھنا اسیران حرم کا بازار کوفہ سی گذرنا

توڑا ہی اہل حرم کو اسیر مین پکڑ کی تشہیر کو لیگئی مقتل مین بی وارث جنازی سر کٹی پڑی رہی
ناچار مینی اوس معرکۂ محنت مین قدم رکھا اسد حسین وسایر شہدا کو دفن کر کی فراغ
پایا حالِ نالہ وزاری مجبیر طاری ہی خاک وغبارِ کربلا سر و سیما مین بھری ہی وَهُوَ
مَعَ ذٰلِكَ لَا يُفِيقُ مِنَ التَّعَبِ خاتم انبیا یہ سرگذشت بیان فرماتی روتی جاتی
اور نالہ وفغان سی ایک دم تسکین نپاتی بیتاب چلاتی ہی اہل عزا تصور کرو انصاف کے
جاہی حزن والم اس غم مین سرورِ عالم کا حصّہ ہی یہ وہ لاڈلا نواسہ تھا جسی بجای شیر کی
لعابِ زبان ہنگامِ رضاعت پلایا ہی سون نازون سی جان کی برابر پالا رات دن سینہ پر
سلایا عید کو حلّۂ جنت پہنا کی دوشِ کرامت پر چڑھایا مقتل مین لیجا کی سوارِ مہرِ نبوت سکو
دکھایا ابراہیم اپنی یگانہ فرزند کو اوسکی حیات پر نثار کیا نسل سیادت وامامت کو اوسکی
اولاد مین شرفِ اشتہار دیا بجادۃ اطفال ہی کہ حسین علیہ السلام سی ہین ہوتی
کوئی طرحکا قلق اوسکی دلکا گوارا نہین کرتی است پر اوسکی محبّت اور مان باپ کی ولایت
فرضِ عین فرمائی وہ چراغِ حرمین جسکی بزرگی حدیثِ ثقلین مین سنائی ایسی محبوب لال کی
رگِ گردن سی جب لہو بہی پیغمبر کی چشم کیونکر اشک ریز نہ ہو جس گھڑی سر امام حسین علیہ السلام
نیزون پر سوار ہوا شہر بشہر جاہی خیر البشر کو قصرِ جنت مین کسطرح قرار آی وہ تن صد پاش کو
جسکا سینہ اعدا لگدکوب کری حبیبِ خدا کیونکر بسترِ راحت کا آشنا ہی جب حسین علیہ
السلام کی گہر کا سامان لٹی خیمہ جلی مصطفی کی سینہ مین کب تک آتش حسرت کا شرارہ
نہ نکلی حسین کی تہوڑی رحمت سی شاہ کونین مثلِ مادرِ فرزند مردہ حزین ہوتی ہین مصیبت
شہادت سی اوس نور عین کی شور وشین کیونکر جان نہ کہوتی قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ
فَاسْتَيْقَظْتُ نَوْمِيْ فَغَمًّا مَهْمُوْمًا حَتّٰى جَاءَ النَّاعِيْ اِلَى الْمَدِيْنَةِ بِقَتْلِ

تینتیسوین مجلس مسلم معمار کی روایت سے اہل حرم کو بازار کوفہ میں لانا

آل یاسین کو بٹھایا+ طاق حرمت رسول کو جور ستمگرین پر کین نے خراب کیا+ رواق عزت

عترت بتول کو تیشہ جفای ابن سعد نے ڈھایا+ یعنی کروہ فرزند شاہ ولایت کی دشمنہ

ستم سے کٹی+ زینت و رونق کاشانہ امامت سراسر لٹی+ اہلحرم کو مسکن شہرت اور بزرگی سے

باہر نکالا+ واسطے لیجانے کوفی کی شتر بے کجاوہ و پوشش پر بٹھایا+ سرہای شہدا کو مع اسلحہ و

لباس قبائل عرب نے غنیمت پایا+ واسطے تشہیر و بار بہ نامی و رسوائی کی اپنی نیزون پر چڑھا

کربلا سے جانب دار الامدوان روانہ ہوئے+ ہرگاہ حوالی شہر شقاوت بنیان مین وہ بی بیان

پہنچے+ اوس روز اہل و عیال امام حسین علیہ السلام کو رنج و قلق سے صدمہ کمال تھا+ بیچ

ہزارون طرحکا مقابلہ دشمنان بدخصال تھا+ ان کی کمانے جسد مطہر امام حسین علیہ السلام کو

شمر نے بدن سے جدا کیا+ فوراً عمر سعد نے بدست خولی بن یزید حضور ابن زیاد میں بھیجا+ اوسکو

مردود نے ہنگام ورود اہلحرم مین پھیر دیا+ اور سر دار حاملِ عیال رسول کی پاس روانہ کیا

سو اکہ ہمراہ اسرای اولاد مصطفی شہر کی اندر لاؤ خوشنودی یزید کی واسطے ہماری دوستونکو دکھا

رُوِیَ عَنْ مُسْلِمِ الْجَصَّاصِ قَالَ دَعَانِی ابْنُ زِیَادٍ لِاِصْلَاحِ دَارِ الْاِمَارَةِ

بِالْکُوفَةِ کتب معتبرہ مین روایت کی ہے مسلم معمار سے کہ اوسنے کہا ابن زیاد نے مجھے بلا کے

مرمت دار الامارہ کوفہ کی حکم دیا+ فَبَیْنَمَا اَنَا اُجَصِّصُ اَبْوَابَهَا جس ہنگام مین اوسکی

دروازہ شقاوت بنا کی مرمت کرتا تھا اور جگر کو خونابہ حسرت مین گندہ سے بھی دست مشغول

لگاتا تھا وَاِذَا اَنَا بِالزَّعَقَاتِ قَدِ ارْتَفَعَتْ مِنْ جَانِبِ الْکُوفَةِ یکایک

شورش عظیم ایک طرف سے کوفہ کی بلند ہوئی کہ روز محشر سے وہ فریاد اور غل دوبالا تھی

فَاَقْبَلْتُ عَلٰی خَادِمٍ کَانَ یَعْمَلُ مَعَنَا بین ورطہ فکر و حیرت مین مبتلا تھا ناگاہ

خادم ابن زیاد جو میری ہمراہ کام کرتا تھا وہ آیا فَقُلْتُ مَالِی اَرَی الْکُوفَةَ

برادران بشارت باد شمارا که وقت شادی کردن شما امد و فرح دمان شاد میکردند و یکدیگر را بشارت میداد و مختار میرفت تا بمسجد رسید چون الجماعة مختار را دیدند او را استقبال کردند و شادی مینمودند مختار بایشان گفت ای برادران تا کی رنج و بلا و اندوه کشید این زمان وقت آن امد که رنجها براحت مبدل شوند مردم او را دعا میکردند و میگفتند کجا خواهد بود مختار گفت حالا محال است

تیتیسوین مجلس مسلم جمار کی روایت سی اہل حرم کو بازار کوفہ مین لانا

تفصیح اوس نابکار سی یعنی مراد تعجب کی یوچھا آج کیا ہی جو کوفہ مین شور و ہنگامہ برپا ہوا قَالَ السَّاعَةَ أَتَوْا بِرَأْسِ خَارِجِيٍّ خَرَجَ عَلَى يَزِيدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ جواب دیا ایک خارجی کا سر کاٹ کی لائی ہین جسنی یزید پر خروج کیا تھا وہ سپر فتح و نصرت پائی جو اپنی زیاد سے لشکر بہیجا تھا۔ اسکو ہی او سکا سر تیغ قاتل کی داخل ہوتا ہی نظارہ سی قافلہ اسیرو ایک عالم روتا ہی قُلْتُ مَنْ هٰذَا الْخَارِجِيُّ فَقَالَ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ یعنی سوال کیا اوس خارجی کی نام و نسب کا وہ کون تھا کہا حسین ابن علی مرتضیٰ علیہما فرزند نازپرور فاطمہ زہرا۔ قَالَ فَتَرَكْتُ الْخَادِمَ حَتَّى خَرَجَ وَلَطَمْتُ وَجْهِي حَتَّى خَشِيتُ عَلَى عَيْنَيَّ أَنْ تَذْهَبَا تھوڑی دیر خوفسی اوس خادم کی مین چپ رہا جب چلا گیا تو بجوم غم سی اپنا منہہ دونو ہاتہہ سی پیٹا یہان تک سر و سینہ پر دستہا اسکو مارا کہ بصارت جاتی رہنی کا اندیشہ ہوا وَغَسَلْتُ يَدَيَّ مِنَ الْجِصِّ وَخَرَجْتُ مِنْ ظَهْرِ الْقَصْرِ وَأَتَيْتُ إِلَى الْكُنَاسَةِ چونی کی ہاتہہ پہری جلدی دہوکی پشت قصر سی اوترا ہسراغ آن حرم محترم لیا محلہ کناسہ مین جاکی پہنچا۔ فَبَيْنَا أَنَا وَاقِفٌ وَالنَّاسُ يَتَوَاقَفُونَ وُصُولَ السَّبَايَا وَالرُّؤُوسِ زیادتی مجمع تماشائیون سی اگی راہ پا کر قدم بڑہانا چاہا۔ وہین انتظار مین بیقرار و اشکبار کہڑا ہا در و دو اسرای آل محمد کی راہ مین انبوہ خلایق کو نگران دیکہا پہر ایک جگہ پایا تاکہ دیکہین سرہای شہدا لیکی ہمارا لشکر کب اتیگا إِذْ قَدْ أَقْبَلَتْ نَحْوَ أَرْبَعِينَ شُقَّةً تُحْمَلُ عَلَى أَرْبَعِينَ جَمَلًا فِيهَا الْحَرَمُ وَالنِّسَاءُ وَأَوْلَادُ فَاطِمَةَ ناگاہ ازدحام عام گذرگاہ کا بہم و درہم ہوا دور سی قافلہ بیوہ زنون کا آتا نظر پڑا بعدد چالیس کجاوی کو اونٹون پر لادا تھا اسمین بانوان حرم و اولاد فاطمہ کو بٹہایا تھا کثرت مردم سپاہ کو پیادہ و سوار دونو طرف ہٹاتی

تیئیسویں مجلس کوفہ میں داخلہ اسیران الحرم کا

چہار پگڑی سار بان شترہای سوار یکو آہستہ آہستہ لی بڑہاتی۔ بیتاب ہوکی یہیں بہی نزدیک گیا
عجب حالِ پریشان سی اوس قافلۂ غارت زدہ کو دیکہا تا اہی مقنعہ و چادر سی عریان
بدن منہہ کی پردہ میں بال بکہری خواتینِ حرم کی سیلی کپڑی خاک تحت میں بہری۔ جسم ضربِ
تازیانون سی دستِ جفاکی نیلی خونِ اقربا چہرہ ہای نورانی پر ملی۔ اطفالِ خردسال اونکی
گود میں بیٹہی روتی۔ طعنہ اور شماتتِ اعداسی خوف کی ماری مضطر ہوتی۔ ساری اسیران
جہکای نظارۂ نامحرمون سی شرماتی۔ اوس مصیبت میں ناچار اور بقرار شل گرفتاران زنگبار
چلی آتی ہہ اگر سر اونچا کرتی عزیزون کی سرکٹی خون بہری ہمراہ دیکہتی تو چلاتی۔ نگہبان اونکو
تازیانہ و کعبِ نیزہ اوٹہا کی دہمکاتی اور ڈراتی کہ یزید کی جشنِ فتح میں فتنہ نکرو اور ابن
زیاد کی شادی اور خوشی پر ساکت رہو وَاِذَا بِعَلِیِّ بْنِ الْحُسَیْنِ عَلٰی بَعِیْرٍ بِغَیْرِ
وِطَاءٍ وَاَوْدَاجُہٗ تَشْخَبُ دَمًا وَھُوَ مَعَ ذٰلِکَ یَبْکِیْ وَیَقُوْلُ ناگاہ کاروان
اسیرونکی جلو میں علی بن الحسین علیہ السلام کو دیکہا۔ شترِ عریانِ بی جہاز پہ بیٹہا یا طوق و زنجیر
میں اوس علیل کی ہاتہہ پیر کو باندہا تہا کہ اوسکی صدمہ سی بدن اور گلا چہلا خون رگون کا
بہتا تہا مانند سیلاب اشکِ حسرت آنکہون سی جاری۔ ضعف اور نقاہت بیماری
بدن ناتوان پر طاری بکثرتِ حزن و اندوہ میں مبتلا تہا ان اشعار پر جانسوز میں اہل کوفہ کو
خطاب کرتا تہا یَا اُمَّۃَ السُّوْءِ لَاسُقْیًا لِرَبْعِکُمْ یَا اُمَّۃً لَمْ تُرَاعِ جَدَّنَا فِیْنَا
یعنی خدا تمہیں تشنگی قیامت میں کبہی سیراب نکری ای بدترین امت کہ تمنی ملاحظہ حرمت
رسولِ خدا سی نہیں کی ہماری باب میں رعایت لَوْ اَنَّنَا وَرَسُوْلُ اللّٰہِ یَجْمَعُنَا
یَوْمَ الْقِیَامَۃِ مَا کُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَا۔ فردای روزِ محشر کو جب تم حضورِ پیغمبر میں جمع
ہوگی اوسوقت کیا جواب دوگے جو سیر کیا ہی اسکا جواب کیا دوگی تُسَیِّرُوْنَا عَلَی الْاَقْتَابِ

تینتیسوین مجلس کوفہ مین داخلہ اسیران الحرم کا

حَادِیَۃ۔ کَانَّنَا لَمْ تُشَیِّدْ فِیْکُمْ دِیْنَا سرورِ اولادِ نبی کو بے جرم و خطا تشنہ لب قتل کیا، اور بناتِ زہرا کو قیدِ اسیری مین ننگی اونٹون پر بٹھایا گویا ہمین دینِ اسلام سے بیگانہ جانتی ہو، اور ذریّتِ طاہرۂ خیر الورا کو زمرۂ کفار سے مانتی ہو ہمین ناسزا ہماری حق مین کہتی ہو ذلت و خواری ہر دم روا رکھتی ہو اَلَیْسَ جَدِّیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ وَیْلَکُمْ اَهْدَی الْبَرِیَّۃِ مِنْ سُبُلِ الْمُضِلِّیْنَا آیا تم نہین پہچانتی کہ نانا رسو لخدا نے اصلاحِ دین مین کتنا جہاد کیا جو تمکو گمراہی سے پہیر کی طریقہ نجاتِ دنیا و آخرت بتایا ای منکرو عذابِ ابدی مین مبتلا ہو بمکافاتِ جور و جفا خدا سے پاؤ یَا وَقْعَۃَ الطَّفِّ قَدْ اَوْرَثْتِنِیْ حَزَنًا وَاللّٰہُ یَهْتِکُ اَسْتَارَ الْمُسِیْئِیْنَا ای معرکۂ دشتِ کربلا بدستی کر تونی ہمکو مصیبت و اندوہ مین ڈالا ہی قسم خدا کی پردۂ عزت آلِ نبی کو دستِ ستم نے پہاڑا ہی قَالَ وَصَارَ اَهْلُ الْکُوْفَۃِ یُنَاوِلُوْنَ الْاَطْفَالَ الَّذِیْنَ عَلَی الْمَحَامِلِ بَعْضَ التَّمْرِ وَالْجَوْزِ وَالْخُبْزِ راوی کہتا ہی جنکو خدانی مروت و رحم دیا تہا مشاہدۂ بیرو بیمای اطفال سے دل اونکا بہر آیا روٹی اور جوز و خرما دو سے لڑکون کیطرف پہینکتی تہی یالکو خیرات اونکو اقسامِ خورش لاکی دیتی تہی فَصَاحَتْ بِهِمْ اُمُّ کُلْثُوْمٍ یَا اَهْلَ الْکُوْفَۃِ اِنَّ الصَّدَقَۃَ عَلَیْنَا حَرَامٌ جناب امّ کلثوم نی یہ واقعہ دیکہا پکار کی اون خلق سے کہا اہیروہم کو صدقہ حرام ہی کہ ہمارا سلسلہ عترت افضل البشر سیدِ انام ہی وَصَارَتْ تَاْخُذُ ذٰلِکَ مِنْ اَیْدِی الْاَطْفَالِ وَاَفْوَاهِهِمْ وَتَرْمِیْ بِهِ الْاَرْضَ امّ کلثوم نی جسکی پاس دیکہا چہین لیا بچونکی منہہ اور ہاتہ سے لیکی دور پہینکا قَالَ کُلُّ ذٰلِکَ وَالنَّاسُ یَبْکُوْنَ عَلٰی مَا اَصَابَهُمْ عورات بلاحظۂ مصیبتِ اہلبیت عصمت گفتار ہوتی تہین اور بے تابی اور خواری پر اونکی پیمبر کو یاد کرکی روتی تہین ثُمَّ اِنَّ اُمَّ کُلْثُوْمٍ اَطْلَعَتْ رَاْسَهَا

تیئیسویں مجلس کوفہ میں داخلہ اسیران اہل حرم کا

مِنَ الْمَحْمِلِ وَقَالَتْ لَهُمْ صَهْ يَا اَهْلَ الْكُوفَةِ تَقْتُلُنَا رِجَالُكُمْ وَتَبْكِينَا نِسَائُكُمْ فَالْحَاكِمُ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ اللّٰهُ يَوْمَ الْفَصْلِ لِقَضَايَا اوس وقت اُمِّ کلثوم نے اپنا سر مطہر محمل سے باہر نکالا آواز دردناک سے پکار کے فرمایا ای سنگدلان کوفہ عجب ماجرا ہے کہ مردوں نے سب وارثوں کو ہمارے مارا ہے عورتوں نے تمہارے ترس کہا کے عزت رسیدہ بنکا رونا پایا ہے فردای قیامت میں ہمارے اور تمہارے درمیان خدا حکم کریگا یہ تعدی اور ایذا کا بدلا عذاب اور نکال سے دیگا اون بیحیاؤں کو شرم کی مارے سکوت میں رقت تھی اپنے سر ادکے فعل زشت پر ملامت کی فَبَيْنَاهِيَ تُخَاطِبُهُنَّ اِذَا بِضَجَّةٍ قَدِ ارْتَفَعَتْ وَاِذَا هُمْ قَدْ اَتَوْا بِالرُّؤُسِ جس گہری وہ مظلومہ یہ کلام کرتی تہی ناگاہ ایک شورش کی دہوم اوٹہی سواران خونخوار نے اگی قدم بڑہائی سرہای شہدا اونکی نیزوں پر تھے اُلٰئی يُقَدِّمُهُمْ رَاْسُ الْحُسَيْنِ وَهُوَ رَاْسٌ زُهْرِيٌّ قَمَرِيٌّ اَشْبَهُ الْخَلْقِ بِرَسُولِ اللّٰهِ وَلِحْيَتُهُ كَسَوَادِ السَّبَجِ سبکی اول سر سلطان مشرقین امام حسین علیہ السلام نظر آیا کہ اوسکو نور افشان مانند قمر درخشان اشبہ خلق صورت رسول سے پایا قَدِ اتَّصَلَ بِهَا الْخِضَابُ وَوَجْهُهُ مِثْلُ دَارَةِ الْقَمَرِ الطَّالِعِ وَالرِّيحُ تَلْعَبُ بِهَا يَمِينًا وَشِمَالًا خضاب کا محاسن شریف میں دیکھا جاتا وہ چہرہ ماہ شب چہاردہ زیادہ چمکتا جب ہوا کا جہونکا اوسپر چلتا تو دہنی بائین موی ریش اقدس کو ہلاتی تہی لاکن فرق مبارک پر غبار صحرا و بیابان پڑا ہوا جبہہ مقدس ضرب سنگ جفا سے پہٹا ہوا دیدہ پر ضیا میں لہو کی نخی جمی تہی رخساروں پہ تہیرا اور تیر کی زخم لگی تہی لبہای خشک زبان شدت پیاس میں سوکہی رگہای گردن سے قطرات خون بہتی اس حالت میں تلاوت قرآن کرتا زبان وحی ترجمان سے آیات عبرت نشان پڑہتا فَالْتَفَتَتْ زَيْنَبُ فَرَأَتْ

تینتیسوین مجلس کوفہ مین داخلہ اسیران الحرم کا

وَرَاَسَ اَخِیْهَا فَنَطَحَتْ جَبِیْنَهَا بِمُقَدَّمِ الْمَحْمِلِ حَتّٰی رَاَیْنَا الدَّمَ یَخْرُجُ مِنْ تَحْتِ
قِنَاعِهَا جب سر انور امام حسین علیہ السلام نیزی پر کجاوہ زینب خاتون کی برابر پہنچا جارون
خواہر کو جمال برادر جو نہین ملا تہا باشتیاق تمام اوس آفتاب صبح کی طرف دامان بصر پہیلایا
شفق خون مین مہر سپہر رسالت کو ڈوبا پایا بفرط قلق اور غلبہ رنج سی آہ و نالہ کا دم بہرا
اپنی پیشانی کو شدت اندوہ مین چوب محمل پر مارا کہ جبینہ مبارک شق ہوا او نقاب کی تلی
بہنی لگا وَاَوْمَتْ بِخِرْقَةٍ قَلْبِهَا سوز آتش فراق بین سر برادر کو بیکار ادبی اختیار نعرہ وا حسینا
و سیدا و اقبیلا و وا اخاہ بلند کیا مرثیہ فَقَالَتْ یَا ضِیَاءَ عَیْنِیْ وَیَا اَمَلِیْ فَقَدْ اَبْکَاکَ
یَا کَهْفِیَ الْیَوْمَ ضَیَّعْتَنِیْ کہتی تہی ای آنکہونکی تاری ای دل کی سہاری ای میری مددگار
آج تیری غیبت نی مجہی برباد و تباہ کیا اور بیکسی و خواری مین سامان دربدری دیا یا اَخِیْ
یَا ابْنَ اُمِّیْ یَا حُسَیْنُ اَمَا تَرٰی مَقَامِیْ اَیَا حُسَیْنِیْ وَحَرَمُکَ ای بیکس و غریب بہائی جان
ای میری پشت و پناہ حسین یا مجھ کو ان بین نہاں آیا تم نہین دیکہتی بہن کی یہ ذلت اور اذیت کہ
ناچار ہوتی ہون اور جای اقامت کچہ کرن گرین ہتی ہون اَصْبَحْتُ بَیْنَ الْاَعَادِیْ بِ
لَا کَهْفٍ وَلَا مُسَاعِدٍ فَمَا لِیْ یُسَاعِدُنِیْ دشمنون بین تن تنہا بسر کرتی ہون کوئی
مونس پرسا نہین کہ غمخواری کری اور بلا و ایذا بین طرح فداری سی مجہی تسلی دی یا اَکَافِلِیْ
یَا اَخِیْ مَا کَانَ فِیْ نَظَرِیْ اِنِّیْ اَرَاکَ وَمِنْکَ الرَّاْسُ فِی الْقَنَا ای برادر اور پشت و
پناہ و حامی خواہر میری دہیان مین یہ مصیبت ہرگز نہتی کہ تمکو شہید دیکہونگی اور تمہارا سر
خون بہتا ہوا نیزہ بلند پر چڑہا پاونگی یَا لَیْتَ عَیْنِیْ قَبْلَ الْاٰنَ قَدْ عَمِیَتْ وَلَا
اَرَاکَ خَضِیْبَ الشَّیْبِ وَالذَّقْنِ کاش کہ اس وقت سی پہلی میری بینائی جا
جاتی رہتی اور تمہاری ریش سفید کو لہو مین ڈوبا نہ دیکہتی ثُمَّ اِنَّ زَیْنَ الْعَابِدِیْنَ

تینتیسوین مجلس کوفہ مین الحرم کا جانا سید الساجدین کا حسب و نسب شریف سنانا

علیہ السلام اُوحی الی النّاس اَن اُسکتُوا فسکتوا بعد از ان نقیبہ آل عبا آدم
سر اندیب بلا نوحِ طوفانِ کربلا ابراہیم آتش ابتلا اسماعیل قربانگاہ تحمل اسحاقِ اسباط توکل
ایّوب صبر و شکیبائی یحییٰ زہد و پارسائی خضر چشمہ سرشک روان الیاس بیابان نالہ
فغان یعقوب کنعان زاری یوسف زندانِ گرفتاری موسیٰ طورِ غم و الم عیسیٰ دارِ مصیبت
ماتم احمد لقا حیدر شمایل حسن سیما حسین شمائل خلیفۃ اللہ فی الارضین حضرت امام زین العابدین
علیہ السلام کہ ضعف و نقاہت بیماری مین اونکو طاقت کلام نتھی دستِ حق پرست سے
لوگونکو اشارت کی کہ اندک ساکت اور خاموش رہو میری تقریر کو بگوش ہوش سنو پس سب
چپ ہوی اوس طرف کان دہری کہی فقام قائما فحمد اللہ واثنیٰ علیہ
و ذکر النّبی صلّی اللہ علیہ باتن زار و ناتوان سیدہی ہوئی لرزتی ہاتہون سی طوق اور
بیڑی سنبہالی اوٹہی زبانِ فصاحت بیان سی حمد و ثنای خدا کی نام پیغمبر لیا درود بہیجی
ثمّ قال ایّہا النّاس من عرفنی فقد عرفنی و من لم یعرفنی فانا علی بن
الحسین ابن ابی طالب صلوات اللہ علیہم پہر اوس وارثِ رتبہ ہارونی اور
وارثِ مسندِ سلونی خطیب منبر لو کشف الغطا حبیب فرزند و ما ینطق عن الہویٰ نی فرمایا
ای گروہِ خلایق جو میرا حسب و نسب بزرگی جانتا ہی وہ جانتی ہی اور جو نہین واقف ہی
اب پہچانی کہ مین بیٹا حسین ابن علی ابن ابیطالب علیہما السلام کا ہون اور نسل خیر البشر مین
قتل راہِ خدا سی مین بچا ہون انا ابن المذبوح بشطّ الفرات من غیر ذحل
ولا تراث مین فرزند دلدار اوس بزرگوار کا ہون جسنی راہِ خدا مین سر دیا اور بیجرم و گناہ
ہو کا پیاسا شطِ فرات پہ اقربا مارا گیا انا ابن من انتہک حریمہ و سُلبت
نعمتہ و انتہب مالہ و سبی عیالہ مین پسر ایسی سرور کا ہون جسکی الحرم عترت گرفتار ہوی

سوگند خورد بعد از آن برغاز چیزی لازم نیست مگر کہ عادت بوسع خود باید داد و مردمان شیعہ ہمہ گفتند کہ تو گفتی کہ آن فرح و فرج بعبد اللہ کہ ہر بندہ کہ خواست از دست مختار بخشید و گفت کہ ہرگاہ کہ کار ما بہ عاشورہ جمیع بندگان را آزاد کنم و ہر روز ہزار مسکین را طعام دہم و پوشانم و شما ہیچ اندیشہ مکنید و ببرید و اسباب جہاد مہیا کنید کہ در مسلم حق و فرج خواہم کرد انشاء اللہ تعالیٰ ایشان ہمہ گفتند ایہا الامیر

کہ نماز مکن و آنکس از برای خلاص خود

اگر ظالمی کسی را بکار ہمت سوگند دہد

انکار باید کرد کہ خشنودی خدا در آن باشد

خروج کنے عمار گفت ای برادران ما را

کہ خبر عبد اللہ یزید را سوگند دادہ کہ بر او

و گفتند ایہا الامیر حق را در این باب

تینتیسوین مجلس کوفہ مین اہل حرم کا سر بازار پھرانا اور جناب سید سجاد کا خطبہ پڑہکی رولانا

اور حرمت کیا ہی × سامانِ خدم و حشمِ اہلبیت کو چہین لیا ہی مال و اسباب کو غارتگرون

نی لوٹا عیال و اطفال کی سر پر قید و اسیری کا پہاڑ توڑا اَنَا ابْنُ مَنْ قُتِلَ صَبْرًا وَکَفٰی

بِذٰلِکَ فَخْرًا مین سبطِ خلف ہون اوسکا جو میدانِ تسلیم و رضا مین شہید ہوا ×

یہ فخر و مباہات مجہی کفایت کرتا ہی کہ ایسا شرف دنیا مین کسیکو نہین ملا ہی اَیُّہَا

النَّاسُ نَاشَدْتُکُمْ بِاللّٰہِ ہَلْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّکُمْ کَتَبْتُمْ اِلٰی اَبِیْ وَخَدَعْتُمُوْہُ

اے گروہِ غدار قسم ہی تمکو پروردگار کی سچ کہو جو بات مین اظہار کی جانتی ہو کہ تمنی

کسقدر خط لکہی اوس بزرگوار کی بلانیکو آپ و تاب سی اور فریب و دغا کی ہی ظلم

جفا مین اوس جناب سی وَاَعْطَیْتُمُوْہُ مِنْ اَنْفُسِکُمُ الْعَہْدَ وَالْمِیْثَاقَ وَالْبَیْعَۃَ

وَقَاتَلْتُمُوْہُ تمنی بہت جان نثاری کی عہد و پیمان کیی اور بیعت و طاعت کی اقرار کیی

جب وہ تمہاری دیار مین مہمان آیا ہی تو ہمراہ اصحاب و فرزندان بہوکا پیاسا ان

اونا ہی تیزی پرچڑہا کی در بدر پہرایا × اپنی قدیمی بہول کی ہر طرحسی جور و عدوان سی

بیچارہ و مضطر بنایا فَتَبًّا لَکُمْ لِمَا قَدَّمْتُمْ لِاَنْفُسِکُمْ وای اوپر تمہاری اور کردار ناصواب

جو ذخیرہ کئی ہین اپنی واسطی بِاَیَّۃِ عَیْنٍ تَنْظُرُوْنَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ اِذْ یَقُوْلُ لَکُمْ

قَتَلْتُمْ عِتْرَتِیْ وَانْتَہَکْتُمْ حُرْمَتِیْ فَلَسْتُمْ مِنْ اُمَّتِیْ روز محشر مین روبروی پیغمبر

کس منہ سی جاوگی کن آنکہون سی جمالِ خیر البشر پر نظر کروگی جب وہ تمہین کہینگی اور یہ بات کہینگی

ای بیداد گرو میری اولاد کو تمنی قتل کیا حرمت اہلبیت کو میری گنوا دیا پس دور ہو کہ

تم میری امت سی نہین ہو اوس دن خدا اور رسول کا جواب کیا دوگی اور یہ معصیت بلا کا

عذر کس زبان سی کروگی قَالَ فَضَجَّ النَّاسُ بِالْبُکَاءِ وَالْحَنِیْنِ وَالنَّوْحِ وَنَشَرَ

النِّسَاءُ شُعُوْرَہُنَّ وَوَضَعْنَ التُّرَابَ عَلٰی رُءُوْسِہِنَّ وَخَمَشْنَ وُجُوْہَہُنَّ

تینتیسوین مجلس کوفہ مین اہل حرم کا سر بازار پھرائی لانا سید سجاد کا خطبہ پڑہکی سبکو رولانا

وَضَرَبْنَ خُدُوْدَهُنَّ راوی کہتا ہی اہل کوفہ نی جب یہ بیان حسرت نشان سنا شور
نالہ و فغان شدت سی بلند کیا اور سر دہنا عورات بال پریشان کرکی سر پر خاک ڈالتی تہین
منہہ پیٹ کی رخساری نوچکی شیون اور ماتم کرتی تہین فَلَمْ يُرَ بَاكٍ وَبَاكِيَةٌ اَكْثَرَ
مِنْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ شہر کوفہ مین مرد و زن کا رونا کبہی اسقدر نہین ہوا تہا فی الحقیقت
ایسا سانحہ اوس بستی مین کا ہیکو گذرا تہا وہان تو ایک زمانی مین علی ابن ابیطالب
علیہ السلام پادشاہ تہی امام حسین علیہ السلام شاہزادہ اور مالک رتبہ شوکت و جاہ تہی
زینب و ام کلثوم ایوان جلال مین مسند اقبال پر بیٹہتی تہین امیرزادیان اونکی حضور مین
با ارادت و نیاز کہڑی رہتی تہین گہر مین سب طرحکا اسباب راحت بہرا رہتا لونڈیونکی
سر پر ہی مشقت عزت و حرمت پڑا رہتا دروازہ حشمت مین خادم اور غلام پاسبان رہتی
حکومت دوام کی ہزارون اہتمام اور سامان تہی ہر روز صدہا فقیر ونکو نقد آب و طعام
ملتا ننگونکو لباس اسیرونکو آزاد کیا فیض عام تہا ساری شہر کی بیوہ اور یتیم اونکی انعام سی
پرورش ہوتی ہزارون مظلوم داد رسیدہ بیخوف بستر آسایش پر سوتی اونہین حضرات کو جو
مصر و یمن و فارس کی سند ملتی زمین سی آسمان تک آل محمد مصطفی علیہم السلام کی نام پر ہوا
پہرتی اہلبیت کی سواری مین جن و ملک پردہ داری کرتی نثاری اور محافہ اہل حرم کی ہمراہ
اقربای محرم گرد و پیش چلتی اطفال مہد ناز و استراحت مین شادمان کبہی عزیز دیکہا ہوگا کہ
آفت دہر سی قرین الفنا ہی لاکن آجکی دن وہ مصیبتا بیت نہ لشکر و نہ سپاہ و نہ کثرت الناس
نہ قاسم و نہ علی اکبر و عباس ہی امام حسین علیہ السلام کا سر کہ کا گلا خنجر اعدا سی کٹا ہوا گردن کی
رگون سی لہو بہتا سر نیزی پر چڑہا ہوا زینب و ام کلثوم برہنہ سر و پا شتری بیکجاوہ پر سوار
بہائی بیٹی اور اقربا کی سر خون کی پکان آگی ہی آگی قطار بانوان حرم کی جسم سیہ ضرب تازیانون

تینتیسوین مجلس کوفہ مین داخلہ اہلحرم کا

نیلگون کپڑی پھٹی اور بیل بال کھلی بحال زبون ذلت اور خواری مین شکل روم و زنگبار کی آیہ
اوسی شہر کوفہ کی بازار مین نامحرمونکی روبرو تشہیر بجای ایوان اقبال قید خانہ مین کو بجای
تخت و مسند جلال بستر خاک بیٹھنی کو وہ ناداں بچونکا مصیبت اور عسرت مین چلاکی
رونا اعداکا بھائی اور کوڑی اوٹھاکی بضرب و شتم غصہ ہونا دم ہرات اون غریبونکو
فاقہ مین آب و طعام سی کشش تھی طعنہ اور شماتت سی قوم شریر کی ہر دم رنجش تھی اپنی
وارثون کی غمسی اونکو اشکباری کرنی ندیتی یزید و ابن زیاد کی خوشی مین دل آزاری سے
انتقام لیتی زینب خاتون اس فکر مین بیہوش ہوتی کہ جنازہ بھائی کا بی گور و کفن پڑا ہے
ام کلثوم اس فکر مین جان کھوتی کہ میر عباس ثانی کٹا دریا کی ریت پر اکیلا رہا ہی آہ ہی
تین صد پاش کو علی اکبر کی یاد کرتی کہ ہای کیسا جوان مرگ پیارا مارا گیا کبھی واسطی علی اصغر کی
نعرہ مارتی کہ وہ بچہ سو فی جنگل مین ڈرتا ہوگا سکینہ اور فاطمہ در یتیمی سی بی تاب و توان
کانونکی زخم سی طمانچون کو یاد کرکی نالان لونڈیان دختران بی بی زہرا پر مبتلای حسرت
عورات صحابہ بملاحظہ حضرت سید الشہدا سی محو رقت کبھی زنجیر و طوق بیمار کو اوسکی
دست و پا مین دیکھتی سلسلہ محنت مین غل مچاتی کبھی اپنی بی پردگی اور ناموس کا
کو نظر کرتی تھی اس اونتکل ہوجاتی اوس دکھ مین ایک دلسوز نہین جو واقعہ محنت سنتا
ایسی شہر پر سا مین کوئی خدا ترس نہین جو فریاد کو جا پہنچی جس گھر سی ہزاروں محنت
بیوہ طفل یتیم پرورش پاتی اوسکا والا سادینی والا نہ تھا جو سبکی غم اور الم کو زبانی تسلی سی
بہلاتی اونکو کسی نی ماتم اقربا کا پرسا نہ دیا جو ننگوں کو لباس فاخرہ پہناتی اونکی عیال
عریان کو کپڑا سر چھپانی تک نہین جو اسیرونکو بند قید سی چھڑاتی اونکی ال بیتان کو
زندان مین بیٹھی دری چھپانی تک نہین جو دار الامارہ شہنشاہ ولایت رہا کرتی اوسکی دیوار

چونتیسوین مجلس معجزات سید الشہدا و دربار ابن زیاد مین اہل حرم کا جانا

اہلحرم کو مبتلای مصیبت پہنچایا وہان ابن زیاد تخت ضلالت پر بیٹھا تھا اہلبیت کو مثل گنہگارونکی کہڑا کیا نظم ملولغہ ناظم زیادہ طول ندو اس بیان کو + رقت مین ہوش باقی نہین انس و جان کو + دریای اشک آنکھون سی مردم کی ہی روان + بیدم کیا تہرو شینی پیروجوان کو + جاتا رہا سکون زمین و زمان کا + اس غم سی خم ہوا کمر آسمان کو + گذرا جو حال محمد کی آل پر کلفت سی اوسکی شرح مین اپنی زبان کو + کافی ہی حسین کا زینب ہوی اسیر + کافی ہی بس یہ رونیکی حق مین جہان کو +

پینتیسوین مجلس معجزہ سید الشہدا کا اور ملک فتح یاب ابن زیاد حرم کا نا قتل ہونا مین اکابرا اور فرقہ اہلبیت امام کا

رباعی اید ل تو رہا عیش کا جویا تو کیا + اور قائم و مستجاب یہ سویا تو کیا + کچھ فکر عقبی کی نہ شاہ مین رو + غفلت مین اگر جان کو کھو یا تو کیا رباعی آفاق مین مرنکی لیی جینا ہی + اس زیست پہ کیا حسد ہی کیا کینہ ہی جم کا ہی نہ جام اور دارا کی شکوہ + احوال سکندر کا تو آیینہ ہی + رباعی ای مومنو خوش ہو کیون ہو مغموم + تمہری ازل سی فضل رب قیوم کیا ڈر محشر مین ہلا خوف اوسی جسکی ہون شفیع حشر چودہ معصوم رباعی یا تو کہتی تہی لٹ گیا راج مرا + شوہر ہی کفن کی لیی محتاج مرا + سرتن کی بین تشت طلا ہی در در پھرون + مارا گیا وارث مرا سرتاج مرا + تمہید بکا معجزہ سید شہدا و طلب باران برای کوفیان سوختہ ای عزاداران اہلبیت رسول و ای سوگواران دار الحزن عترت بتول آج مجلس مین سامان مقدم احبا سی رونق دو بالا پاتا ہون مجلس کو غلامان اہلحرم سی رشک خورنق دیکہتا ہون مین یہی چاہتا ہون کہ اسیت باچہرہ مولا سی ایوان کیوان بیان کو آرایش کرون مثل مین کہ قطرات معجزہ سید الشہدا سی مکان صنو بحثہ سابقہ کو زیبایش دون + آیینہ طبع کو جلا دیتا ہون

بعد از آن عمر سعد بر پای برخاست
و گفت فرمان بر داریم عبید الله
عبید الله مطیع که چنان دید دیگری
نکو دانست که اگر چیزی دیگر گوید
مردم در کوه شورش و فتنه برخیزد
از منبر بر آمد و بکوشک رفت
و مردمان پراکنده شدند
ثابت بر ممالک رفتند و نامه
نوشتند و از هر چه گذشته بود ایشان را
آگاه کردند مختار چون نامه را برخواند

۸۲۵

چونتیسوین مجلس معجزات سید الشہدا و دربار ابن زیاد مین الحرم کا جانا

حق نماسی ایسا مُستفاد کہاؤن کہ سُورج کہی مہر منیر چہرہ ان ضیا ہو تصویر خاطر بگذر کو وہ آ
رنگِ تقریر دکہاؤن کہ نقشۂ نگار خانۂ جہان محو تماشا ہو کنولِ دلِ مومنین کو غبارِ غفلت سے
جہاڑ کی روشن کرون کہ شعلۂ طور اوسکی شمعِ تجلی پر جلی جہا چشمِ اہلِ دین کو رومالِ عبرت سے
پوچہون تاکیلاس اعتقاد مین قندیلۂ عشقِ حسین علیہ السلام کی لو لگی ہر طاقِ اخلاص و محبت مین
قندیلِ شوق لٹکی ہر محرابِ رواقِ الفت مین حبابِ ذوق چمکی پردۂ عجز و ناتوانی کو اوٹھاؤن
کہ ناظرانِ مصوبہ بصیرت بیحجاب شاہدِ قدرتِ امام کو دیکہین فرشِ اوصافِ علی عمرانِ کی اون
گرشیفتگانِ رخسارۂ ارادت واسطی اوسکا شیفتۂ جمال قوت ہوا اونکی آرام سی بیٹہین تشا لکی
بلاغت سی عروسِ سخن کو جلوۂ ناز و ادا بخشون کہ روح الامین خواستگار ہو اور حدیثِ مسعود
کتاب کو حسن فروشی مین طرازندہ دون کہ آسمان و زمین مین اشتہار ہو وہ یوسفِ مضمون کو
عزیزون کی روبرو بساطِ خوبی پر چہرہ آرا لاؤن کہ سوز آنہای طبایع کو مصرِ عقیدت مین
حیرت سی ہاتہ کٹواؤن قب الاصبغ بن نباتہ قال سالت الحسین فقلت
سیدی اسالک عن شیئ انا بہ موقن کتاب مناقب ابن شہر آشوب مین اصبغ
ابن نباتہ سی روایت کی ہی کہ اونسی یہ عبارت صدق روایت کہی ہی ایکدن مین آقا
امام حسین علیہ السلام کی پاس حاضر ہوا اور اوس جناب سی زبانِ عجز و تمنا مین کہا ای مولا
چاہتا ہون ایک رازِ سربستہ کو تمسی پوچہون ہر چند کہ مین خوبی اوسپر اعتقاد رکہتا ہون
وانہ من سر اللہ وانت السر والیہ ذلک السر وہ مطلب خدا کی بہید
ہی اور تم خازنِ اسرارِ الہی ہو کہ یہ مرتبہ تمہارا جاویدی ہی فقال یا اصبغ اترید
ان ترٰی مخاطبۃ رسول اللہ لابی دون یوم مسجد قبا امام عالم نہان اسکا
نی بدون اظہارِ سائل کی مطلب پہچان لیا اعجاز کی روسی وہ مقصد اوسکا تفصیل ایسا

لِيُثْبِتُوكَ اَوْ يَقْتُلُوكَ اَوْ يُخْرِجُوكَ وَ يَمْكُرُونَ وَ يَمْكُرُ اللهُ وَ اللهُ خَيْرُ الْمَاكِرِينَ

چونتیسوین مجلس سید الشہدا کا مسجد قبا و مخاصمۂ الد دکہانا و دریا بن یا دیین الحرم کا جانا

سمیا اے اَصْبَغْ تو جانتا ہی کہ دیکہا رسول دوسرا نے جو مرتبہ حق جناب امیری والد علی مرتضی علیہ السلام کی طرفسی مسجد قبا مین اوس رجل سی کیا مواخذہ فرمایا قُلْتُ هٰذَا الَّذِیْ اَرَدْتُ مینی عرض کی یا ابن رسول اسد یہی غرض تہی قَالَ فَاِذَا اَنَا وَهُوَ بِالْکُوْفَةِ بولی اوٹہکی کہڑا ہوا اور دیکہہ قدرت خدا کو پس وہ تو سائل اور مسئول جب اپنی مقام پر پہنچی ہوے او سدہم مین اور وہ جناب شہر کوفہ مین تہی فَنَظَرْتُ فَاِذَا الْمَسْجِدُ مِنْ قَبْلِ اَنْ یَرْتَدَّ اِلَیَّ بَصَرِیْ فَتَبَسَّمَ فِیْ وَجْهِیْ یکایک ہمنی آپکو پلک جہپکانی سی پہلی مسجد قبا مین دیکہا مینی بہت تعجب کیا تو میری حیرت پر حضرت نی ہنس دیا ثُمَّ قَالَ یَا اَصْبَغُ اِنَّ سُلَیْمَانَ بْنَ دَاوٗدَ اُعْطِیَ الرِّیْحَ غُدُوُّهَا شَهْرًا وَ رَوَاحُهَا شَهْرًا کہا ای اصبغ خدا نی سلیمان ابن داؤد کی طاعت مین ہوا دی تہی اونکی بساط اوٹہا کی صبح کو مہینہ کا شام تک دوسری شہر مین پہنچاتی وَ اَنَا قَدْ اُعْطِیْتُ اَکْثَرَ مِمَّا اُعْطِیَ سُلَیْمَانُ اور مجہی پروردگار نی زیادہ سلیمان سی صاحب اقتدار فرمایا ہی کہ وہ اختیار خاص اولاد سید ابرار کو نیا ہی فَقُلْتُ صَدَقْتَ وَ اللهِ یَا ابْنَ رَسُوْلِ اللهِ مینی کہا بخدا سچ ہی قول تمہارا ای فرزند رسول دوسرا فَقَالَ نَحْنُ الَّذِیْنَ عِنْدَنَا عِلْمُ الْکِتَابِ وَ بَیَانُ مَا فِیْهِ ارشاد کیا ہم وہ لوگ ہین جو ہماری پاس علم کتاب و لوح محفوظ ہی ہم پر عیان ہی جو اوسمین بیان پنہان خواہ امر و نہی حساب کا محفوظ ہی وَ لَیْسَ عِنْدَ اَحَدٍ مِنْ خَلْقِهِ مَا عِنْدَنَا لِاَنَّا اَهْلُ سِرِّ اللهِ جو فضل و کرامت ہمکو عطا فرمائی کہی موجود نی عالم امکان مین نہین باقی کہ ہم خزینہ دار قدرت کردگار ہین اور حجت ناطق ایزد غفار ہین فَتَبَسَّمَ فِیْ وَجْهِیْ ثُمَّ قَالَ نَحْنُ اٰلُ اللهِ وَ وَرَثَةُ رَسُوْلِهٖ پہر از روی مہربانی میری منہ پر مسکرا کی کہا ہم ہین عیال الہی اور وارث شرف و بزرگی رسالت پناہی فَقُلْتُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی ذٰلِکَ مینی شکر سبحانہ

۸۲۷

بن الاشتر الاسدی برخواست و نزد ابراهیم رفت و گفت ای برادر

مختار گفت ای برادر پس تو برو و دریابد

میدانم کہ او را بخوانید اجابت کند

امام مظلوم شهید کربلاء و یقین

وحق یعنی ست بخون خواستن حضرت

ولیکن ابراهیم خود در پرهیز کار نیست زاهد

گفت چنین ست کہ امیر میگوید

چونتیسوین مجلس معجزات سید الشہداء و دربار ابن زیاد مین الجرم کا جانا

نعمت وعنایت خدا کا کہ ہمکو ایسا امام اور مقتدا دیا اشرف دنیا کا ثُمَّ قَالَ لِي اُدْخُلْ فَدَخَلْتُ بعد ازان امر کیا اندر جانے مین داخل عمارت مسجد ہوا فَاِذَا اَنَا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ مُحْتَبٍ فِي الْمِحْرَابِ بِرِدَائِهٖ فَنَظَرْتُ فَاِذَا اَنَا بِاَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ قَابِضٌ عَلٰى تَلَابِيْبِ الْاَعْسَرِ ناگاہ وہان رسول اللہ کو محراب مین رداء مبارک اوڑہی بیٹہا پایا اور ایک طرف علی مرتضیٰ کو دیکہا کہ اپنی خصم کا گریبان پکڑ کی کہینچا تہا فَرَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ يَعَضُّ عَلَى الْاَنَامِلِ وَهُوَ يَقُوْلُ پیغمبر کو مشاہدہ کیا انگشت مبارک اونکا کی منہہ مین دباتی اوس دشمن علی سی غضب فرماتی بِئْسَ الْخَلَفُ خَلَفْتَنِي اَنْتَ وَاَصْحَابُكَ میری بعد بری پاسداری اور بد رعایت کی تمنی اور بہت برا سلوک کیا تمہاری یارون نی الی آخر الحدیث پس ایک لمحہ مین وہان سی اپنی مقام پر پہیر آئی وہ میری ذاکر ہوا وہ صاحب کرامت سید بلاتی ہے عَنْ صَالِحِ بْنِ مِيْثَمٍ الْاَسَدِيِّ قَالَ دَخَلْتُ اَنَا وَعَبَايَةُ بْنُ رِبْعِيٍّ عَلَى امْرَاَةٍ فِي بَنِي وَالِبَةَ قَدِ احْتَرَقَ وَجْهُهَا مِنَ السُّجُوْدِ کتاب بصائر الدرجات مین صالح ابن میثم اسدی سی ذکر کیا راوی نی کہا مین اور عبایہ ابن ربعی ایک عورت کی پاس بنی والبہ مین گئی جسکی پیشانی پر سجدی کا نشان او داغ تہا فَقَالَ لَهَا عَبَايَةُ يَا حَبَابَةُ هٰذَا ابْنُ اَخِيْكِ قَالَتْ وَاَيُّ اَخٍ قَالَ صَالِحُ بْنُ مِيْثَمٍ قَالَتْ ابْنُ اَخِيْ وَاللّٰهِ حَقًّا اوسکو عبایہ نی کہا یا حبابہ تیرا بہتیجا آیا پوچہا کون فرزند برادر جواب دیا صالح ابن میثم بولی واقعی تحقیق مین ہی بہائی کا بیٹا يَا ابْنَ اَخِي اَلَا اُحَدِّثُكَ حَدِيْثًا سَمِعْتُهُ مِنَ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ قُلْتُ بَلٰى يَا عَمَّةُ ای بیٹی بہائی کی چاہتی ہو بیان کرون امام حسین علیہ السلام سی جو سنا ہی راوی بولا کہو ای پہوپہی جو حضرت نی کہا قَالَتْ كُنْتُ زَوَّارَةَ الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَتْ فَحَدَثَ

چونتیسوین مجلس معجزہ سید الشہدا و کوفہ مین حرم کا داخلہ

بَيْنَ عَيْنِي وَضَحٌ فَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَيَّ وَاحْتَبَسْتُ عَلَيْهِ اَيَّامًا بیان کیا حبابہ نی سفیدی کی

مین بہت زیارت کو جایا کرتی تہی حسین ابن علی علیہما السلام کی ناگاہ پیشانی پر سفیدی مجہی

عارض ہوئی اوسکی سبب سی محروم رہی فَسَئَلَ عَنِّي مَا فَعَلَتْ حَبَابَةُ الْوَالِبِيَّةُ

فَقَالُوا اِنَّهَا حَدَثَ بِهَا حَدَثٌ بَيْنَ عَيْنَيْهَا ایک دن حضرت نی پوچہا حبابہ کو

کیا ہوا لوگون نی عرض کی درمیان آنکہون کی دہبہ نکلا ہی اوس شرم سی باہر آنا موقوف

کردیا فَقَالَ لِاَصْحَابِهِ قُومُوا اِلَيْهَا فَجَاءَ مَعَ اَصْحَابِهِ حَتّٰى دَخَلَ عَلَيَّ وَاَنَا

فِي مَسْجِدِي هٰذَا پس اپنی صحابہ سی فرمایا اوٹہو اوسکی پاس چلین پہر ہمراہ رفقا میری

قرین آئی اور مین اپنی عبادتگاہ مین تہی فَقَالَ يَا حَبَابَةُ مَا اَبْطَاَ بِكِ عَلَيَّ قُلْتُ

يَا ابْنَ رَسُولِ اللهِ حَدَثَ هٰذَا بِي قَالَتْ فَكَشَفْتُ الْقِنَاعَ فَتَفَلَ عَلَيْهِ

الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ ارشاد کیا ای حبابہ کس امر نی ہماری نزدیک آنی سی تجہی روکا رہی

کہا ای سبط رسولخدا میری ماتہی پر یہ سفیدی برص کا دہبہ پیدا ہوا ہے اور یہ تا قل ہی حسرت

میرا مقنعہ اوٹہایا اور حسین بن علی علیہ السلام نی آب دہان معجز نشان اوسپر لگایا فَقَالَ

يَا حَبَابَةُ اَحْدِثِي لِلّٰهِ شُكْرًا فَاِنَّ اللهَ قَدْ دَرَءَهُ عَنْكِ فرمایا ای حبابہ اللہ کا

شکر کر اوسنی بالتحقیق تمہاری بیماری کو دور کیا قَالَتْ فَخَرَرْتُ سَاجِدَةً قَالَ

فَقَالَ يَا حَبَابَةُ اِرْفَعِي رَاْسَكِ وَانْظُرِي فِي مِرْآتِكِ حبابہ کہتی ہی مین گاہ

خدا مین جہکی سجدی کو امام معجز نما بولی سر اوٹہا کی آئینہ مین چہرہ دیکہو قَالَتْ فَرَفَعْتُ

رَاْسِي فَلَمْ اُحِسَّ مِنْهُ شَيْئًا قَالَتْ فَحَمِدْتُ اللهَ تَعَالٰى جب اوسنی حمد و شکر

الہی سی گردن اوٹہائی آئینی پر نظر کی مطلق علامت بیماری نہ پائی مَرْوِيٌّ صَفْوَانُ

بْنُ مِهْرَانَ قَالَ سَمِعْتُ الصَّادِقَ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَقُولُ رَجُلَانِ اخْتَصَمَا

چونتیسوین مجلس غلام حبشی سے روغن راہ مکہ میں لینا و کوفہ کا داخلہ اسیران کربلا

مخبر صادق علیہ السلام نے کہا بعد ازان اوس کو وکسی کیسنے کلام کرنا نہ سنا مجھم من کتاب
الدلائل لعبد اللہ بن جعفر الحمیری باسنادہ الی ابی عبد اللہ قال
خرج الحسین بن علی الی مکۃ سنۃ ماشیا فورمت قدماہ
دلایل میں عبد اللہ ابن جعفر نے اپنی سند لایا ہے اور ابی عبد اللہ جعفر علیہ السلام سے ذکر
کیا ہے کہا ایک سال پیادہ پا امام حسین علیہ السلام جانب مکہ چلے راہ سفر میں قدم
عرش فرسا پر ورم چڑہا چھالی پڑگئی فقال لہ غلام مولیہ لو رکبت لیسکن
عنک ہذا الورم غلام نے عرض کی یا حضرت اگر آپ سوار ہو جاتی تو شاید
حدت ورم کی قدری تسکین پاتی فقال کلا اذا اتینا ہذا المنزل فانہ
یستقبلک اسود ومعہ دہن فاشترہ منہ ولا تماکسہ حضرت نے فرمایا
جب منزل آیندہ میں ہم وارد ہونگی تو ایک حبشی سامنے آئیگا اوسکے پاس تیل ہوگا سو
خرید لینا لیکن تکرار نہ کرنا فقال لہ مولاہ بابی انت وامی ما قدامنا منزل
فیہ احد یبیع ہذا الدواء اوسکی غلام نے کہا یا مولا میرے ماں باپ آپ پر فدا
ہمنے اس راہ و منازل میں جو ایسی دوا بیچتا ہو کوئی نہیں دیکھا فقال بلی امامک
دون المنزل فسار میلا فاذا ہو بالاسود جواب دیا پیشتر ایسا ہی تمہاری
تکرار سامنے تیری وہ آئیگا بس ایک میل آگے بڑہی ناگاہ غلام حبشی سے ملاقی ہوئی
فقال الحسین لمولاہ دونک الرجل فخذ منہ الدہن واعطہ
الثمن امام علیہ السلام نے خادم کو اشارہ کیا دیکھ وہ آدمی تیری آگے آیا تیل کو لینا
دام دینا فقال لہ الغلام لمن اردت ہذا الدہن فقال للحسین
بن علی فقال انطلق بہ الیہ فصار الاسود معہ غلام نے پوچھا یہ روغن

چونتیسوین مجلس معجزہ سید الشہدا غلام حبشی سی روغن لیسینا لونڈین جرم کا دہلنا

اسکی واسطی چاہتا ہی جوابدیا حسین ابن علی علیہما السلام نی مانگاہی وہ بولا اونکی باپ
بہری ساتہ چلو پس خدمتِ جناب مین جاکی حاضر ہوی دونو فَقَالَ يَا ابْنَ رَسُولِ
اللّٰهِ اِنِّي مَوْلَاكَ لَا اٰخُذُ لَهُ ثَمَنًا وَلٰكِنِ ادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَرْزُقَنِي وَلَدًا ذَكَرًا
سَوِيًّا يُحِبُّكُمْ اَهْلَ الْبَيْتِ فَاِنِّي خَلَفْتُ امْرَاَتِي تَمْخَضُ عرض کی ای فرزند
رسول خدا مین غلام و محب ہون تمہارا قیمت تیل کی نہین لونگا بلکہ ... و ... ڈنگا اگر
اسکی عوض دعای خیر کرو تا خدا مجہی بیٹا بخشی جو اچہا ہو دوست رکہی اہلبیت اطہار کو
وین وایمان سمجہی اونکی طاعت کو بیشک اپنی جورو کو دردِ زہ مین چہوڑا ہی وضع حمل مین اوکی
عرصہ ہوا ہی فَقَالَ انْطَلِقْ اِلٰى مَنْزِلِكَ فَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ وَهَبَ لَكَ وَلَدًا ذَكَرًا
سَوِيًّا فرمایا بشارت ہو تجہی اپنی گہر جا کہ خالق نی بیٹا خوش اندام کرامت کیا ہی وہ جو بی
اوسکی پیدایش سی فراغت پائی لڑکا صالح و نیک عرصہ وجود مین لائی ثُمَّ رَجَعَ الْاَسْوَدُ
اِلَى الْحُسَيْنِ وَدَعَا لَهُ بِالْخَيْرِ بِوِلَادَةِ الْغُلَامِ لَهُ حبشی گیا پہر امام حسین علیہ السلام کی
پاس آیا اپنی پسر نیا سنکی ولادت سی دعا دیتا ہوا آیا وَاِنَّ الْحُسَيْنَ قَدْ مَسَحَ
بِرِجْلَيْهِ فَمَا قَامَ مِنْ مَجْلِسِهِ حَتّٰى زَالَ ذٰلِكَ الْوَرَمُ پس امام علیہ السلام
جب وہ دوا کو پیرون مین ملا اپنی جا سی نہ اوٹہی کہ وہ ورم جاتا رہا پہر چند یہ روایت
معجزاتِ امام حسن علیہ السلام کی ہی لاکن نام شاہ تشنہ کام سی بہی لکہی دیکہی شاید کہ دونو
کرامت ظہور مین آئی جو متفقین احادیث نی معتبر و مشہور پائی قَبْ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ
اَعْيَنَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ يُحَدِّثُ عَنْ اٰبَائِهِ اِنَّ مَرِيضًا شَدِيدًا
الْحُمّٰى عَادَهُ الْحُسَيْنُ فَلَمَّا دَخَلَ مِنْ بَابِ الدَّارِ طَارَتِ الْحُمّٰى عَنِ الرَّجُلِ
زرارہ ابن اعین روایت کرامت درایت سی کہتا ہی کہ سنی ابو عبد اللہ صادق علیہ السلام

چونتیسویں مجلس روایت اخلاق کریمانہ سید الشہدا و اہل حرم کا کوفہ میں داخلہ

سنا ہے صحت رکہتا ہی حضرت اپنی آبای کرام کی زبانی بیان کرتی ہی کہ امام حسین علیہ السلام
ایک بیمارِ بخارِ شدید میں گرفتار کی عیادت کو قصد رکہتی تہی جب تشریف والا اندر مکان
مریض میں پہنچی فوراً آپ نی جسمِ رنجور سی مفارقت کی فقال لہ رضیت بما اوتیتم
بہ حقا حقا والحمی تہرب عنکم فقال لہ الحسین واللہ ما خلق اللہ
شیئا الا وقد امرہ بالطاعۃ لنا صاحبِ خانہ بولا راضی و مسرور ہوں جو
فضایل و کرامات اسد نی تمکو دیی ہیں کہ علالت و حمیات تاب قدم مولا سی قدا
سکتی ہیں فرمایا کوئی قسم کی خلقت خدا نی نہیں پیدا کی الا ہماری طاعت و فرمانبرداری کی
تاکید اوسی پہنچادی قال فاذا انحن نسمع الصوت ولا نری الشخص یقول
لبیک قال الیس امیر المومنین امرک ان لا تقربی الا عدوا او مذنبا
لکی تکونی کفارۃ لذنوبہ فما بال ھذا راوی کہتا ہی کہ آواز ہماری کان میں
آتی مگر صورت نظر میں نہیں سماتی عرض کرتی لبیک فرمایا امیر المومنین نی تجہی امر
نہ کیا تہا کہ سوای دشمن خواہ گناہگار دوسری کی نزدیک نہ جانا کہ اوسکو عصیان کا
کفارہ ہو جای بیان کیا تہا کہ جو تیری صدمات سہوم لای فکان المریض عبد اللہ بن
شداد بن الہادی اللیثی قب ومن تواضعہ انہ علیہ السلام
مر بمساکین وھم یاکلون کسرالھم علی کساء فسلم علیھم فدعوہ الی الطعام
کتاب مناقب میں لکہا ہی تواضع سلطانِ دین کا درجہ کہا ہی حضرت نی ایک روز چند
فقیر کو راہ میں دیکہا بیٹہی تہی پارچہ نانِ دریوزہ چادر پہ لئی کہاتی تہی مولای شاہ و گدا نی
رسم سلام ادا کی سب نی آواب تحیت سی اپنی طعام پر صلا کی فجلس معھم
وقال لولا انہ صدقۃ لاکلت معکم صدرنشین عرش و کرسی نی فرمایا

چون دید وسپاهی که با وی بود انها نشان ده غلام
وصد سوار با ابراهیم بودند
پس عقار با ابراهیم بود

چونتیسوین مجلس فقراسی تواضع سید الشہدا وکوفیین الحرم کا ذکر

خاک پر قدم رکہا اونکی پاس اجلاس فرماکی خلق وکرم سی کہا اگر یہ کہانا جنس صدقہ سی نہ ہوتا
جو ہمپر حرام ہی تو مین ضرور تمہاری رفاقت کرتا ثُمَّ قَالَ قُومُوا اِلٰى مَنْزِلِي
وَاَطْعَمَهُمْ وَكَسَاهُمْ وَاَمَرَ لَهُمْ بِدَرَاهِمَ پہر ہدایت کی اوٹہو اور میری گہر مین
چلو سبکو ہمراہ لیکی دولت سرا مین گئی بعد ضیافت مائدہ لذیذ کی خلعت لباس بہی دیئے
نقد درہم سی اونکی جیب و دامن بہری بار سلوک و انعام دوش درویشون پر دہری
شَيءٌ عَنْ مَسْعَدَةَ قَالَ مَرَّ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ بِمَسَاكِينَ قَدْ بَسَطُوا كِسَاءً لَهُمْ
وَاَلْقَوْا عَلَيْهِ كِسَرًا فَقَالُوا هَلُمَّ يَا ابْنَ رَسُولِ اللّٰهِ مسعدہ نی کہا امام حسین
علیہ السلام ایک دن راہ سی گذری کچہہ مساکین چادر بچہائی اوسپر ریزہ نان خشک
پہیلائی کہاتی دیکہی فقرانی حضرت سی بعد سلام تمنا کی آور وقی حاضر ہی نوش کر
فَثَنَى وَرِكَهُ فَاَكَلَ مَعَهُمْ ثُمَّ تَلَا اِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِينَ سرور
خوشخو جاکی دوزانو بیٹہی چند لقمہ تناول کرکی بولی خدا دوست نہین اوسکا جو تکبر کرکی
غربا کو نگہ سی خوار اور بی عزت سمجہی ثُمَّ قَالَ قَدْ اَجَبْتُكُمْ فَاَجِيبُونِي قَالُوا
نَعَمْ يَا ابْنَ رَسُولِ اللّٰهِ پہر فرمایا مینی قبول کیا تمہاری دعوت کو تم بہی میری
ضیافت مین چلو سب فقرا نی عرض کی بہت اچہا ای فرزند رسول خدا وشیدا و صیاد فَقَامُوا
مَعَهُ حَتّٰى اَتَوْا مَنْزِلَهُ فَقَالَ لِلْجَارِيَةِ اَخْرِجِي مَا كُنْتِ تَدَّخِرِينَ یہ وہ سب
بینوا ہمراہ سرور گہر تک دلبر پیغمبر کی آئی بیت الشرف مین مہر حیدر کی قران السعدین
پائی مہمان نوازی کا اپنی نیازنی جاریہ سی کہا جو کچہہ طعام چاشت و شام ذخیرہ ہو سب لا
اس مبارک تذکرہ مین نکتہ پنہان ہی جاننا چاہئی کہ وہ حضرات ابتلای مصیبت مین
مثل ہماری عاجز و ناچار نتہی اور اسباب یقین سمجہہ کر قدرت خداسی کائنات پر جہان

پچیسویں مجلس اہل کوفہ کی واسطی باران طلب کرنا سید الشہدا کا و شہر محرم الحرام کا داخلہ

تصرفات تبدیل و فنای اشیا مین ذی اقتدار تہی جو حادثہ قتل نفوس اور ہتک حرمت سہا بعض پاس طلب اجر عقبی تہا کہی صلہ تحمل جفا مین مرتبہ شفاعت مدنظر رہا کہی الہا بندگی کو رضای مولا مین اپنی ذمہ پر لیا کش عن الصادق علیہ السلام عن ابیہ عن جدہ قال کتاب رجال کشی مین حضرت صادق سی روایت کی ہی کہ اوس جناب نی اپنی والد اور جد بزرگوار کی زبانی کہی ہی جاء اھل الکوفۃ الی علی فشکوا الیہ امساک المطر و قالوا لہ استسق لنا ایک دفعہ کوفہ مین مینہ نہ برسنی سی خشک سالی ہوئی اشجار باغات اور ساری کہیتی سوکہہ گئی قحط نظر آیا کی دکہائی دینی خلق کی ہوش و حواس بجا نہ رہی سب جمع ہوکی اپنی پادشاہ علی ولی اللہ علیہ السلام کی پاس آئی شکایت کی آبی وتشنہ لبی کی اشک چشم مین بہر کی بہر لا حالت خرابی زراعت کہی تمنای مناجات طلب باران مین التجا کی فقال الحسین قم واستسق ساقی کوثر امام بحر و بر نی اپنی پسر حسین علیہ السلام کو بلایا واسطی اوس قوم مضطر کی دعای نزول باران کو فرمایا فقام فحمد اللہ واثنی علیہ و صلی اللہ علی النبی و قال وہ آبیاری مزرعۂ شہادت اور اسطار سحاب شفاعت ابر سپہر جود و سخا اور دریای مروت و عطا اوٹہکی آئی درگاہ خدا مین حمد و ثنا نعت سید انبیا بجا لائی پہر یہ کلمات فصاحت و بلاغت بہری کہی دوستہ دعا مانگنی کی وہ مین فقری پڑہی اللہم یا معطی الخیرات و منزل البرکات ارسل السماء علینا مدرارا و اسقنا غیثا مغزارا واسعا غدقا مجللا سحا سفوحا ثجاجا تنفس بہ الضعف عن عبادک و تحیی بہ المیت من بلادک امین یا رب العالمین یعنی ای پروردگار دینی والا خیرات کا اور

چونتیسوین مجلس اہل کوفہ کی لئی باران طلب کرنا سید الشہدا کا اور شہر مین حرم کا داخلہ

کرنیوالا برکات کا ہماری و اسطی آسمان سی مینہ کو برسادی اور سیراب کر ہمکو باران رحمت بی انتہا سی کہ آسایش پائین اوس سی تیری بندہ تفتیدہ جگر سرسبز ہو وین زمین خشک مین کہیت اور شجر فَمَا فَرَغَ مِنْ دُعَائِہِ عَلَیْہِ السَّلَامُ حَتّٰی غَاثَ اللّٰہُ تَعَالٰی غَیْثًا بَغْتَۃً پس وہ مقرب درگاہ الہ کا کلام ابہی تمام نہین ہوا تہا کہ بادل گرجتا ہوا ن دہار آسمان پر آیا فقط اس شدت سی جہڑی لگی کہ ساری دنیا سیراب ہوگئی وَاَقْبَلَ اَعْرَابِیٌّ مِنْ بَعْضِ نَوَاحِی الْکُوْفَۃِ فَقَالَ تَرَکْتُ الْاَوْدِیَۃَ وَالْاٰکَامَ یَمُوْجُ بَعْضُہَا فِیْ بَعْضٍ یہان تک جو ایک اعرابی اطراف کوفہ سی آیا سر تا پا شور پور وہ کہنی لگا یعنی اس پانی سی نالی اور ندی کو بہرا دیکہا جہیل اور تالاب کو نیستان مین لہراتا چہوڑا پس ای اہل ولا ذرا غور کیا دیکہو کہ ہم اپنی مولا کا اور عالم تصور مین انصاف کرو سلوک پر خلایق کو فہ کی کیا ہی جفا کیا جو سرچشمہ فیض و احسان ایسا مہربان ہو اوسکی ساری قبیلہ کو جہان بلا کی پیاسا مارین جو چشمہ لطف جاودان ظلمات عسرت مین حیات بخش جان ہو اوسکی گہر کو لوٹ کی اگ لگائین جسکی دعا سی ابر رحمت اوٹہی مینہ برسی اوسکا فرزند تشنہ جگر علی اکبر اور علی اصغر چلو بہر پانی کو ترسی جو برگزیدہ سبحان خدا کا پیارا فلک نبوت کا ستارہ ہو اوسکی لاش تین دن تک بی گور و کفن خاک و خون مین سو پارہ ہو جو سرور علی مرتضی علیہ السلام کی انکہو نکا اوجیالا فاطمہ زہرا علیہا السلام کا نازون سی پالا ہوا اوسکا نیزون پر چڑہا کوچہ و بازار شہر مین در بدر پہر تا ہو جسنی اہل و عیال مردم کوفہ کو ہنگام بارش مین ہلاکت قحط سی بچایا ہو اوسکی خواہر اور دختر کو ننگی سر و پا بلوہ عام مین تشہیر کرین جسکی سبب دواب اور مزرعہ و باغ کو زندہ و تازہ پایا ہو اوسکی کنبہ کو واسطی

چونتیسوین مجلس کوفہ مین داخل کرنا اہلِ حرم کا

ذلت کی دروازۂ ظالم پہ لٹکی کہڑی رہین دا بہی اس محفلِ سرور کی عجب رفعت سے +
تھا کہ یہ بزم گلشن جنت ہی + رونق کو ہین جمع عاشقانِ شبیر کیا وقت ہی کیا
لوگ ہین کیا صحبت ہی نظم مولفہ ای اہل عزا ماتم شبیر مین رو لو + دامن دامن
صدفِ چشم کی موتی رو لو + خاموش نہ بیٹھو کہ ملک آتی ہین گریان + عقدی قسمت کی
دستِ غمسی کہو لو + اس عمرِ دو روزہ کو غنیمت سمجھو + بحر زاری مین فرو عصیان ہو لو
مجالس مین کرو شیون و فریاد کا شور + مرقد مین تہیم عیش لیکر سو لو + بازارِ جہان
مین حج ہو خریدار خدا + نقدِ جنت سی تہیہ ناظم تو لو +

اہلِ حرم کو وبادِ اشتیاق و مدینہ کی یاد ... ... (decorative heading, partly illegible)

حاضرانِ دربارِ مصیبت و ملال و ناظرانِ رضا بمحنت و ابتہال متقیانِ سلسلۂ
قدر و قضا و مقربانِ جلبۂ تسلیم و رضا مخبریانِ شہر زاری و افغان و سیاحانِ دیار
خواری و حدان چہوٹی بڑی قبیلہ مضمون کو رشتۂ عبارات عبرات مقرون سی بیان
مجلس سیانِ حسرت مشحون مین وارد ہوتی ہین یون سنتی ہین کہ جب خاندانِ رسول اﷲ
سرِ صر جور و جفای امت سی تباہ ہوا + قافلہ پر اشک و آہ غارت زدہ ستم
گمراہ متصل شہر پناہ کوفہ پہنچا + راوی کہتا ہی دوسری روزِ عاشورا کی سرِ امام حسین علیہ السلام
جو ابن زیاد کی پاس آیا تہا وہ سر وا حالِ اسیرانِ کربلا اور باقی سرہای شہدا کو بہیجا
کہ سب عیال و اطفال اور سرونکو ہمراہ لائی آفتاب سپہرِ امامت کو افقِ نیزہ کی اوپر
شفقِ خون مین ڈوبا دکہائی + پیادہ و سوارانِ لشکر کی غول آگی پیچہی چلی آتی نقارہ و کوس
طنبور اور طبلِ شادی کو وسعت بجاتی بہالی والی سرہای شہدا کو علم کئی جلو مین قدم بڑہاتی

چونتیسوین مجلس کوفہ مین داخل کرنا الحرم کا

اوسکی بعد کجاوی اونٹون پر بندی الحرم سوار وو ہری قطار ساربان لاتی عن سہل

بن حبیب قال کنت فی سنۃ التی قتل فیہ الحسین علیہ السلام

قد اردت الحج واعتقت عنہ فلبثت بالکوفۃ کتاب مقتل ابی مخنف مین

سہل بن حبیب سی روایت کی ہی ناقل کہتا ہی مینی اپنی آنکھون سی یہ مصیبت دیکھی

جس برس بت پرستان کوفی نی کعبہ ایمان کو گرایا کفار نابہندون نی رکن دین

ڈہایا صاحب مقام صفا و مروہ کی ہتک حرمت کی حج و عمرہ کی واسطی تمتع دنیا پر

چشم زمزم سی ہمرشک حسرت نی جوش مارا حرم نی عزای اہلبیت مین جامہ سیاہ پہنا

یعنی امام محراب اور منبر حسین علیہ السلام شہادت کو پہنچا قباچین و مشعر کا مصلا

جاتہ ور ہا مینی بعزم طواف خانہ خدا نیت آدای فریضہ پر احرام باندہا مناسک

مشعر و منا سی فارغ ہوکی کوفہ مین وارد ہوا واذا الاسواق فی ذالک معطلۃ

والدکاکین مغلقۃ والناس مجتمعون خلفا خلفا ناگاہ شہر کا نقشہ

دیکہا مانند اوراق مرقع برہم ہوا تہا ہجوم خوشی مین بازار دن کا راستہ سونا پڑا وفور عیش سی

دوکانونکو بند کیا تہا ایک طرف شادی کی کرنا اور ڈہول بجتا ایک جانب ماریا

طرب کی مغنی اپنی ساز طنبور بربط بجتی کوئی لباس رنگین پہنی گہر سی خندان نکلتا

آپس مین گلی ملتا مبارکباد کہتا کوئی اشعار مدح یزید پڑہتا ابن زیاد کی تعریف کرتا

دعای ازدیاد عمر کا مترطلف پہرتا کوئی بجای بلند پر فرش جلوس بچہاتا ہنگامہ صحبت کو

آشنا و بیگانو سی وہان گرم کرتا جوق جوق عورت و مرد کا ہر کوچہ و محلہ سی سامان

تماشا چلا آتا فقیر و امیر زیب و زیور سی خود آرا بچونکو دوش و کنار مین لئی ہوتا

قدم بڑہاتا و منہم من یبکی سرا و منہم من یضحک جہرا بعضی دوستدار

چونتیسوین مجلس کوفہ مین داخل کرنا اہلحرم کا

رسول دشمنان پرجفا سی پنہان حلقۂ ماتم باندہی سینہ زن یعنی محبّ اولاد بتول گوشۂ تنہائی مین سینہ ڈہانکی نوحہ و الم سی مصروف ہوون چہ بینائی حق دیدہ انکہون مین بصارت رکہتی تہی یو نور چشم پیغمبر پر بیسر شک خون سی بہاکرتی چہ شناسائی خدارسیدہ کی دل معرفت سی چہلکتی تہی پارۂ جگر نہر اپر سینہ مین انگشت حیرت دہرتی چہ دست امید سی دامن شفقت مین استین شفاعت کا طالب تہا حلّہ پوش جنت کی شہادت سی گریبان چاک پہرتا + جو پہلوی نجات کو پشت و پناہ است کی جاتا پائی مصیبت ورقت سر پر خاک ڈالتا کوئی ظاہر و آشکارا سرور و بہجت سی قہقہہ مارتا کوئی ساز و نوا بجاتی و فرحت مین طاؤس وار ناچتا پہرتا کوئی باغ گلشن افتخار مین پہولا نہ سماتا کسی خارجی کا غنچۂ لب ریاض عشرت مین شگفتہ ہوتا فَتَقَدَّمَ اِلٰی شَیْخٍ مِنَ الْقَوْمِ وَقُلْتُ لَہٗ حَدِّثْنِیْ مَالِیْ اَرَی النَّاسَ مُجْتَمِعُوْنَ اَلْکُمْ عِیْدٌ اَلَسْتُ نَعْرِفُہٗ یعنی سینہ زنی ماتم اور ابتلای اندوہ غم سی حیرت ہوئی + یا کوبی نشاط اور ادای اصول شادی مین فکر بیشدت تہی اوس گروہ مین ایک مرد پیر کہڑا دیکہا و اوسکی دریافت حال کی نزدیک جاکی کہا بیان کرو کیا سبب ہی جو لوگ اسقدر جمع ہوکی آتی ہین بعضی ان مین روتی اکثر گاتی بجاتی خوشی مناتی ہین آیا کوئی عید کا دن ہی جو مین نہین جانتا یا تقریب عروسی کا اہتمام ہورہا یا ہ رہا فَاَخَذَ بِیَدِیْ وَعَدَلَ بِیْ اِلٰی نَاحِیَۃٍ عَنِ النَّاسِ وَقَالَ یَا سَیِّدِیْ مَا ھُوَ عِیْدٌ ثُمَّ بَکٰی بُکَاءً شَدِیْدًا ثُمَّ رَقَّ قَلْبُہٗ اوسنی بیدار امیرا ہاتہہ پکڑا + سب خلق سی کنارے لیجا کی کہا ای بزرگ یہ عید کا دن نہین ہی کیا بیان کرون جو ماجرای سنگین ہی + سوزِ دل سی بہت رویا یہان تک کہ میرا بہی ہوش کہویا فَلَمَّا اَفَاقَ قُلْتُ اَخْبِرْنِیْ یَرْحَمُکَ اللّٰہُ سبب او

۸۳۹

و رفت چون پاره راه دیگر رفت ناگاه مشعلها شنید ابراهیم پیش رفت و گفت که شما چه کسانید و چه علامت دارید گفتند علامت ما یا لثارات الحسین است ابراهیم گفت منصور [illegible] گفتند قاسم بن [illegible] ابراهیم [illegible] پیش آمد و ابراهیم [illegible] قاسم [illegible]

در دو [illegible] و دیدو حق و بطلب دیگران وظفر ما را بود ابراهیم گفت ای یاران جزو سید الشهدا ایشان را هزیمت کردم ادم او پیش [illegible] زده وا این [illegible] خود را [illegible] پیش آمد [illegible] حرب کرد [illegible]

چونتیسویں مجلس کوفہ میں داخل کرنا اہل حرم کا

شور بکا سنی ذرا کچھ افاقہ پایا پھر سوال کیا جلدی خبر دی مجھی رحمت کری خدا فَقَالَ حَبِیبِی
إِنَّمَا بُكَائِي بِسَبَبِ عَسْكَرَيْنِ عَسْكَرٌ مِنْهُمْ مُنْهَزِمٌ وَعَسْكَرٌ مِنْهُمْ ظَافِرٌ جواب دیا
ای دوست رقت کا سبب دو لشکر ہی ایک نی فتح پائی دوسری نی شکست کھائی
ہر طرف کی اوسپر تباہی آئی فَقُلْتُ وَلِمَنْ هَذَانِ الْعَسْكَرَانِ میں پوچھا اونکی حقیقت
سنا دونو کی سردار کا کیا نام تہا فَقَالَ عَسْكَرُ الْحُسَيْنِ هُوَ الْمُنْهَزِمُ وَعَسْكَرُ
عُبَيْدِ اللهِ بْنِ زِيَادٍ هُوَ الظَّافِرُ بولا فوج حسین علیہ السلام سب ہاری گئی سپاہ
ابن زیاد نی نصرت پائی قَالَ وَاحَسْرَتَاهُ كَأَنَّهُ السَّاعَةَ يُدْخَلُ عَلَيْنَا رَأْسُ
الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ پھر نالہ و زاری سے کہا واحسرتا امام حسین علیہ السلام کا
سر مبارک پاس لائینگی اور اہل حرم کو اسیر و مقید بازاروں میں پھرائینگی فَمَا اسْتَتَمَّ
كَلَامَهُ حَتَّى رَأَيْتُ الْبُوقَاتِ تُضْرَبُ وَالرَّايَاتِ تَخْفُقُ وَالْأَعْلَامَ
قَدْ نُشِرَتْ اوسکی باتیں یہ ہو رہی تہیں ناگاہ ایک جانب سے شور و ہنگامہ ہوا
کہ بوق اور دف بجاتی نشان اوڑاتی پہریری کہولی ایک غول آیا فَالْتَفَتُّ طَرْفِي
وَإِذَا بِالْعَسْكَرِ قَدْ أَقْبَلَ وَدَخَلَ الْكُوفَةَ جو نظر دوڑائی تو سواد لشکر معلوم ہوا
کہ باہر سے شہر کوفہ میں سوار و پیادوں نی قدم رکہا فَلَمَّا انْقَضَى دُخُولُهُمْ سَمِعْتُ
ضَجَّةً عَالِيَةً اوس روز با انتظار ورود اہل حرم آرایش میں حاکم بلد کا اہتمام تہا
ہر مقام پہ خلق بہیا کا تماشای سرہای شہدا و اسیران کربلا کی واسطی ازدحام تہا
عترت سید ابرار کو جفا کار کوچہ و بازاروں میں پہرانی لائی ہر محلہ کی راہ و گذرگاہ میں حرم
احمد مختار کو ٹہراتی ائی جسدم اونکی داخلی سی تہوڑی دیر گذری خلق کی رقت و زاری
نوحہ و بیقراری بلند ہوئی ہر کوئی چلاتا افسوس حسین کی ہتلا ہی اور تشنہ دہانی کوئی

[illegible]

چونتیسوین مجلس کہ جس مین الحرم کا لانا او مقابل ابن زیاد لیجانا

کہتا حیف جوان فرزندونکی مرگِ ناگہانی ہکوئی نالان کہ لاشین بیدفن اور کفن پڑی ہین
کوئی گریان کہ گہوڑونکی سم سی استخوانِ پہلو و سینہ چور ہوی ہین کوئی جامہ صبر پارہ کرتا
کہ بانوانِ حرم عریان ہین ہکوئی فرطِ اندوہ مین نوحہ پڑہتا کہ امام امم کی بچی یتیم اور بیکس ہو گئے
ہین کوئی سوزِ غم سی کباب کہ خیمونکو جلا یا ہی کوئی دردِ جگر سی بیتاب کہ بیبیونکو تازیانو
مارا ہی کوئی زنجیر و سلاسل رقت کا پابند کہ دربنا بیمار کربلا کو طوق گران پہنایا ہی
کوئی سر پیٹ کی نقاب زاری کا پیوند کہ وا حسرتا چادر و مقنعہ کو سر زینب و ام کلثوم
اوتار لیا ہی کوئی فریاد مچاتا کہ آج دختران امیرِ خیبر گیر اسیر آتی ہین کوئی سانحہ بیدا
سناتا کہ فاطمہ اور سکینہ پدر کو روتی کان کا زخم دکہاتی ہین کوئی شدت قلق سی جان دیتا
کہ سایہ کنبہ بتول کا مٹ گیا ہی ہکوئی کثرتِ حزن سی ہوش مین باقی نہ رہتا کہ نسلِ رسول مین
ایک جوانِ علیل زندہ بچا ہی وَاِذَا بِرَاْسِ الْحُسَیْنِ عَلٰی رُمْحٍ طَوِیْلٍ قَدْ لَاحَتِ
الْاَنْوَارُ مِنْ وَجْہِہٖ فَلَمَّا تَاَمَّلْتُہٗ خَنَقَتْنِی الْعَبْرَۃُ اوس انبوہ مین رسالہ
سواروں نی آگی قدم بڑہایا ناگاہ سر امام حسین علیہ السلام نوکِ نیزہ پہ نظر آیا کہ چہرہ
مبارک سی شعشعہ نور عیان تہا اور خاک و خون مین رخسارہ تابان پنہان تہا جب نگاہ
عبرت سی اوسکی طرف مینی دیکہا بی اختیار انکہوں سی سیل اشک کا دریا بہنی لگا وَاَقْبَلَتْ
مِنْ بَعْدِہِ السَّبَایَا یَقْدُمُہُمْ عَلِیُّ بْنُ الْحُسَیْنِ عَلَیْہِمَا السَّلَامُ اوسکی پیچہی
قافلہ اسیروں کا اونٹوں پر سوار بڑہا تہا ہر کجاوہ بی پوشش مین خواہر و دختر امام
عوراتِ صحابہ کو بٹہایا تہا سب سی آگی علی بن الحسین بیمار کو باتن لاغر اور نقاہت
مرض لاتی تہی اہل حرم رسول کو بصورتِ خواری و زاری تابوای خلایق کو دکہاتی تہی
وَاَقْبَلَتْ اُمُّ کُلْثُوْمٍ وَعَلَیْہَا بُرْقُعُ خَزٍّ اوسمین ام کلثوم بنت علی کی سواری

چہتیسویں مجلس کوفہ میں اہل حرم کا لانا اور مقابل ابن زیاد لیجانا ؂

اگی رہی وہ معصومہ برقع خز اوڑہی تہی وَهِيَ تُنَادِي يَا أَهْلَ الْكُوفَةِ نَحْنُ وَاللّٰهِ سَبَايَا الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ فَغُضُّوا أَبْصَارَكُمْ عَنِ النَّظَرِ إِلَيْنَا

بادلِ بیقرار فریاد کی ای کوفیان بیباد کہ قسم خدا کی ہم اسیرانِ اقربای حسین بن علی علیہما السلام ہیں ہرچند کہ بلا میں بی وارث ہوی لاکن صاحب شرف اور مراتب علیا کی ذوی الاحترام ہیں ہماری یہی کیوں لٹی حال پریشان ہم کو بنظر حقارت نہ دیکہو بیپردہ تماشای عترت رسول سی خوف میں آنکہیں بند کرو اگرچہ لباس بدن تک سامان بہی نہیں اخر تمہاری پیغمبر کی نواسیاں زبدۂ جہان ہیں يَا مَعْشَرَ النَّاسِ مَا تَسْتَحْيُونَ مِنَ اللّٰهِ وَمِنْ رَسُولِهِ تَنْظُرُونَ إِلَى حَرَمِ رَسُولِ اللّٰهِ وَحَرَمِ عَلِيٍّ الْمُرْتَضَى وَبَنَاتِ فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ ای لوگو انصاف سی غور کرو کہ ہم اسیر و قید میں اتی اور خوشی منانی ہو کیوں تمکو کچہ لحاظ نہیں ہے نہ شرم باقی ہوئی واحیا کرو دیکہتی ہو اہل حرم مصطفی کی اور ذریت علی مرتضی و اولاد فاطمہ زہرا کی فَغُضُّوا النَّاسُ أَبْصَارَهُمْ عَنِ النَّظَرِ إِلَيْهِمْ اس نوحہ سی خلقت کو بہت عبرت آئی رقت اور حسرت میں آنکہیں بند کرکی گردن جہکائی قَالَ سَهْلُ بْنُ حَبِيبٍ وَاقِفًا بِبَابِ بَنِي خُزَيْمَةَ وَالْكُنَا عَلَى الْقَنَاةِ سہل کہتا ہی کہ حرم شکاکشا کو دیدہ گریان سینہ بریان بال پریشان برہنہ پا تاکہ رفتہ رفتہ دروازہ محلہ بنی خزیمہ کی پہنچا یا وہاں ساعت بہر نیزہ دار سرہا شہدا علم کئی کہڑی رہی اور اونٹوں کی قطار کو ساربان چہار تہامی روکی رہی اوس وقت اہلبیت کا حال غیر تہا کسی کو ہوش اور حواس درست نہ تہا دن بہر کی مشقت سواری تشنہ ہوی اور گرمی آفتاب راہ سی گرد و خاک میں کوفتہ اور تفتہ تہی بہوک کا غلبہ پیاس سی شدت تا حیدر کی نگاہ کی مصیبت اپنی ناچاری اور بیکسی کی حسرت سرہای اقربا کی محبت

چونتیسوین مجلس کوفہ مین اہل حرم کا لانا اور مقابل ابن زیاد لیجانا

... آنکه او ... بود که ...
مبادا او قصد کشتن شما بکند

سینتیسوین مجلس شہر شام کا داخلہ اہل حرم امام کا

ساکت اور شاکر ہوں فَقَالَ لَهَا مَا حَاجَتُكِ فَقَالَتْ اِذَا دَخَلْتَ بِنَا الْبَلَدَ فَاحْمِلْنَا فِي دَرْبٍ قَلِيلِ النَّظَّارَةِ اوسنی پوچھا وہ مطلب کیا ہی دختر زہرا نی ارشاد کیا تو جانتا ہی کہ ہم پیغمبر خدا کی نواسیاں علی مرتضیٰ کی بیٹیاں منصوص آیت ذوی القربیٰ مخصوص بشارت وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا جور و ستم سی آج بی مقنعہ ورد بند ہیں چہرہ ہی بی نامحرم نظروں کی پیوند زمین کی آرزو مند ہیں جب ہمکو شہر میں داخل کرنا اوس دروازہ کی راہ لی چلنا جدہر انبوہ خلایق کمتر دیکھنا بازار و گذر خلوت سی دریغ نہ کرنا اور تَقَدَّمْ اِلَيْهِمْ اَنْ يُخْرِجُوا هٰذِهِ الرُّؤُسَ مِنْ بَيْنِ الْمَحَامِلِ وَيُنَحُّوهَا عَنَّا فَقَدْ خَزِيْنَا مِنْ كَثْرَةِ النَّظَرِ اِلَيْنَا وَنَحْنُ فِي هٰذِهِ الْحَالَةِ یا حکم دو اپنی سوارونکو سرہای شہدا کو نیزہ لیکی ہماری اونٹوں سی پیشتر چلیں کہ ہم اس حالت میں کثرت ناظرین سی شرماتی ہیں تاکہ اہل حرم کی سربرہنہ مان سی آنکہیں پہرالیں اور شہدا کی سرونکا خلایق تماشا کرین فَاَمَرَ فِي جَوَابِ سُؤَالِهَا اَنْ يُجْعَلَ الرُّؤُوسُ عَلَى الرِّمَاحِ فِي اَوْسَاطِ الْمَحَامِلِ بَغْيًا مِنْهُ وَكُفْرًا اوس ظالم نی جواب ام کلثوم میں غضب کیا عداوت وانکار سی اپنی سوارونکو کہا کہ سب اونہی سرونکی نیزونکو نزدیک حرم لاؤ ہر خاتون کی شتر کی برابر شل سایہ قدم بڑہاؤ تاکہ سب اپنی وارثوں کی گردن کٹی دیکھیں زیادہ اندوہگین ہوویں ہماری اسیر فاسقین یزید کی دولت انکو حقارت سی نظر کرین خوش ہوں وَسَلَكَ بِهِمْ بَيْنَ النَّظَّارَةِ عَلَى تِلْكَ الصِّفَةِ حَتّٰى اَتٰى بِهِمْ بَابَ دِمَشْقَ واحسرتا واصیبتا ای اہل عزا برباد ہو اولاد رسول کا رتبہ کہاں پہنچا برخلاف مراد اہلبیت جدہر انبوہ زیادہ تہی شمر ادہر سی لی چلا کوئی درجہ خواری کا جو ممکن تہا اوسکی ستانی کو باقی نہ رکہا راوی کہتا ہی کہ او سی دن تمام شہر شام با شندی صحرا تک ہجوم آور تہی شوق دیدار میں غریبان دیار بلا کی اپنی جامہ سی باہر تہی

سینتیسوین مجلس شہر شام کا داخلہ حرم امام کا

کمیں ایک دوسری پہ گرتی، ہر جانب ستی جام اب سرد کو پھراتی لب تشنگان انہوں شادی کو دل بھر کی پلاتی، کہین رنگا رنگ سی کہانا پکتا، کوئی جا بوسہ و کنار کا سودا بکتا، سنا بعدان یزید اور بنی امیہ اظہار مین خوشی کی باہم گلی ملتی، ال اطہار کی دیدہ گریان پر مانند گل خندان ہنسنی پھرتی حرثیہ تیاب سکینہ تہی بہت درد کی ماری، ماتم مین شہ دین کی لگی فقرہ زاری دی پھر دیکھہ کی شبیر کی سر کو یہ پکاری، یا سبط نبی لاڈلی مرتی ہی تمہاری، بیٹی کی غریبی پہ نظر کیجئی بابا، پاس اپنی مجھی جلد بلا لیجئی بابا، غورات اہل شام نی دنکو سنا تھا، کہ علی الصباح یزید کا جشن عام ہوگا، زنان و طفلان امام تشنہ لب شکستہ حال آدینگی لشکر کوفہ سر شہیدونکو خون مین غلطان لاوینگی، زینب خاتون اور ام کلثوم بی چادر و مقنعہ ننگی سر آتی ہین، سکینہ و رقیہ بال پریشان نامحرمون سی شرماتی ہین، اہلبیت حسین علیہ السلام بی سر و سامان ہین، سکارہ و انبان حرم شور و شین سی گرم فغان ہین، سب نی عید سی زیادہ طیاری کی اسباب شادی کی رسم و راہ جاری کی، اپنی لڑکی دریائی خوشی مین نہلائی، کرتی زیور پوشن پہنائی واسطی بناؤ کی بالون مین کنگھی کی، انکہونمین کاجل کی سلائی پہیری، ابرو مین وسمہ لگایا، لبون پر رنگ تبسم جمایا، رخ کو صفای بشارت سی جلا بخشی، ہاتھون مین خون بیعت کی مہندی ملی، دلبران دلربایان بی نام دنکا آپ ہی خود آرائی کی، زنان شوخ شنگ سی عشوہ گری کی داد لی، بر مین پوشاک سبز و زرد و لال سجی، سر و گردن مین انواع اقسام کی زینت پہنی، زر کی خلخال پانو مین ڈالی، ناز و ادا کی سراپا انگ نکالی رات بھر ہزار طرح کا سنگار کرتی رہین، دنکو سبھی دوشس و بر مین لیکی باہر نکلین دریچون مین غرفونکی شادمان قرار کیا، خیل اسیرونکی آمد آمد کا سراغ لیا، اتنی حاضران بزم عزا وا ویلاہ وا حسرتاہ، مردم شام مین یہ سبب اہتمام و اسطی دلسوزی آل عبا کی ہوا

سینتیسویں مجلس شہر شام کا داخلہ الحرم امام کا

خاندانِ رسالت پر اوس روز جفا کا حادثہ حد سی دو بالا گذرا جب راندون کا قافلہ تاراج زدہ منظرِ اعدا کی برابر آیا۔ سب نی کہڑی ہو کی نیرنگی زمانی کا معاملہ بنگاہِ تماشا دیکہا۔ جس مولا کو زہرانی نازون سی پالا تہا اوسکا سر خاک و خون سی آلودہ زیبِ سنانِ اعدا تہا۔ جو سرور رسولِ بشیر و نذیر کی دلبند تہی وہ کشور بخواری مین طول سی تشہیر کی درد مند تہی۔ دشمنون کا بزعم نشاط اونکی ملاحظہ سی برہم ہوا۔ نظارۂ الحرم سی جماعت کو بسیدا دگرونکی ضبط کا یارا نہا کوئی اپنی ہم پہلو کو اہلبیت کی تباہی سناتا۔ کوئی انگشتِ حقارت سی سیادت کا پتا بتاتا وہ لڑکا جو طوق و زنجیر مین بندہا ہی امام حسین علیہ السلام کا بیٹا نسلِ نبی مین یہی باقی رہا ہے جو حلقۂ رسن مین توام بندہی اونٹ پر بیٹہی ہین۔ دو نو سلطانِ کربلا کی بہنیں دامِ بلا مین پہنسی ہین کوئی زینب اور ام کلثوم کی صورتِ پریشان پر شناخوان تہا کوئی ام لیلی اور مادرِ قاسم کی اضطراب سی انگشت بدندان تہا۔ کوئی رقیہ اور سکینہ کی صغیری و اسیری مین افسوس کرتا۔ کوئی نالہ و نوحہ سرائی شور کو سنکی چہاتی پر دستِ حسرت دہرتا۔ کوئی زبانِ شماتت سی طعنہ زن کوئی زخمِ دلِ عترت پر ملامت سی نمک افگن۔ کوئی آلِ علی کی رونی پی ہنستا ہوا کہتا۔ آکی بزرگون نی دعوای امامت کیا تہا۔ اخر کو لشکرِ یزید کی تیغ سی پیاسا گلا کٹا۔ ابوتراب کا نام و نشان دنیا سی گیا۔ گہربار کا اسباب کربلا مین جلا اور لٹا۔ موت کی تفرقہ سی بہن بہائی کا ساتہ چہٹا۔ اپنی لاشون نی کفن نہین پایا۔ قید ہوئیں وارثونکی کسینی جنازہ نہین اوٹہایا۔ واویلا شور اہلِ حرم نی جب یہ مقال اہلِ ستم کی سنی جفا کارون سی زبانِ زاری مین تقریر کی۔ ای لوگو ہماری ملامت اور شماتت سی چپ رہو آزار اولادِ نبی مین خدا کی غضب سی ڈرو ہم غم ہونگی حالِ زبون پر خوشی نکرو داوری روزِ محشر سی ڈرو۔ اپنی کو یاد رکہو۔ راوی کہتا ہی ایک بی بی محترم نی بیتِ مرثیہ سر پہرا یا زبانِ حال مین کلامِ جان سوز اوا کیا

سینتیسوین مجلس ال یاسین کا دمشق مین لیجانا سر شاہدین پر عجوزہ کا پتھر لگانا

ہوتیہ پھر دیکھہ مدینہ کی طرف با دلِ خونبار، سر پیٹ کی کہتی لگی وہ بیکس و ناچار، فریاد
اور دادہی یا احمد مختار، حلق شہ تشنہ پہ تو خنجر کی چلی دہار، سر اُنکی ناموس کا بلوی مین
کہلا ہی، کنبۂ شہ مردان کا مصیبت مین پہنسا ہی، اب آپکی اولاد کا پہنچا ہی یہ درجہ
ہر بات مین اُنکو یہ لعین دیتی ہین طعنہ، یا احمد مرسل ہی کلیجا مرا پہٹتا، دیکہا نہین جاتا
یتیمونکا تڑپنا، بہوکی ہین پیاسی ہین نہ بابا نہ چچا ہی، کٹا ہی پڑا سر ہی صغیرونکا کہا
قَالَ سَہلُ ابنُ سَعدٍ وَنَظَرتُ اِلیٰ دَوشَنِ حَلَبَۃِ شَوقٍ فِیہِم
کَثِیرَۃٌ طَائِفَۃٌ فِی السِّنِّ مقتل ابی مخنف مین لکہا ہی، سہل ابن سعد روایت کرتا ہے کہ
با ہزار دشواری جب کاروانِ رقت و زاری پیشتر چلا ایک قصر مرتفع کی قریب جب لشکر
پہنچا تو وہان ہزاروں عورات اور ہمین اعدای اہلبیت کی فراہم تہین صحبت نشاطی کر رہی تہین
سرگرم باہم تہین ہمیشہ کی جانب بغور دیکہا، نگہبانون سی بالب خندان پوچہا یہ کس کشور کا بادشاہ
جنگ کر کہ آیا ہی اور ہمارا لشکر کہان کی سردار کا سر لایا ہی، ایسی قیدی نورانی غیرتِ شمس و
ماہِ کنعانی اور سر ہای زہرہ پیشانی عالمِ فانی مین کبہی نظر نہین پڑی، چشمِ فلک نی با ہمہ سرگردانی
عینکِ ماہ و مہر سی خاک چہانی پہر بہی ایسی بلند اختر نہین ملی، کہینی کہا یہ قبیلۂ بنی ہاشم کی ثنا
خوانان مدینہ کی رفیع درجات عرب سی گزیدہ ذاتِ اشراف عجم کی سطاف بزرگان آل نبی
رسول کی پیاری، بتول کی دولاری، علیِ عمرانی کی بہانی، مقرب درگاہِ سبحانی امام حسین علیہ السلام
اور اقربای بیت کرنین کی سر ہین فخرِ حرمین کی بہو بیٹیاں کربلا کو جو یہی بگڑی اہلبیت کی جن
ہرگاہ جفاکار دل نی اسیرونکا نام و نسب بتایا شاہ تشنہ لب کی سرِ اقدس کا پتا بتا
راوی کہتا ہی تحتِ قصر مین ایک عورت عجوزہ پشت خمیدہ سن رسیدہ دیکہی کہ سب سی زیادہ
سر ہای شہدا و اسرای کربلا کی نظاری مین گرویدہ ہی فَکَانَت حَمَلَ الرَّاسِ مُقَابِلَ الرَّاسِ

سفینے میں مجلس حرم امام کو دمشق میں لیجانا سر شاہ دین پر عجوزہ کا پتھر لگانا

وَثَبَتِ الْعَجُوْزَۃُ وَاَخَذَتْ حَجَرًا ہر گاہ سر شاہ کربلا مقابل میں اوس آبدہ قصر کی پہنچا زن پیر بی پیر نی اپنی دل سخت سا ایک پتھر دوڑ کی ڈہونڈ ہا او بلا دو دو صیبتا محبان سید الشہدا سر پیٹو آنسو بہا کی چھاتی کو ٹو فَضَرَبَتْ بِہٖ رَاْسَ الْحُسَیْنِ عَلَیْہِ السَّلَامُ فَوَقَعَ الْحَجَرُ فِیْ وَجْہِہٖ وہ بیبانی سنگ جفا ناک کی سر امام حسین علیہ السلام کو مارا فرق مبارک پر زور سی جا کی لگا کہ زخم گہرا ہوا سب اہلبیت کی دل کو بہت صدمہ پہنچا حالانکہ بار غم کو ضبط کا یارا نہ تھا فَلَمَّا رَاَیْتُ ذٰلِکَ مِنْہَا قُلْتُ اَللّٰہُمَّ اَہْلِکْہَا وَاَہْلِکْہُنَّ مَعَہَا بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ سند کہتا ہی یہ شدت کی مصیبت جو میں دیکہی جان پر چوٹ لگی تاب صبر و قرار جاتی رہی بی اختیار ہاتہ اوٹھایا دعا مانگی الہی اس کافرہ خطا کار کو ہلاک و فنا کر دی اوسکی یار و انصار سی فشار موت میں انتقام لی بحق محمد و آلہ الطاہرین اونکا مقام اسفل السافلین فَوَاللّٰہِ مَا اسْتَتْمَمْتُ کَلَامِیْ حَتّٰی سَقَطَ الْقَصْرُ وَسَقَطْنَ وَہَلَکْنَ جَمِیْعُہُنَّ وَہَلَکَ تَحْتَہُنَّ خَلْقٌ کَثِیْرٌ قسم خدا کی میری تمام نہیں ہوئی تھی کہ اوس مکان کی زمین لرزنے لگی بہت ہلی اس قدر کہ تلاطم سا اوسکا گرا زن و مرد جو وہاں تھا اس بلا کی شامت سی مر گیا اور خلق کثیر کو اوسکی تلی زیادہ وہ ہی نی پکڑا فَوَقَفُوْا عَلٰی دَرَجِ بَابِ الْمَسْجِدِ الْجَامِعِ حَیْثُ یُقَامُ السَّبْیُ راوی کہتا ہی وقت صبح عترت خیر الانام دروازۂ شہر شام میں داخل ہوئی کثرت ازدحام خلائق اور طول بازار و گذرگاہ سی آخر روز دروازی پر مسجد جامع کی وارد ہوئی کہ وہاں ہمیشہ اسیر روم اور بلاد مشرکین کو لاکی ٹھہراتی تھی ان آل رسول کو بھی کھڑا کرکی خلق کو ذلت اونکی دکہائی قطعہ للمولفہ آگی نہیں زبان کو طاقت کلام کی دلپر ہجوم غم ہی مصیبت سی شام کی ختم سخن دعا پہ کرون باقعان و آہ اک بات میری ہاتہ لگی ہی یہ کام کی ناظم طریق بندگی

اٹھتیسویں مجلس عزا خانوں میں نزول ملایکہ بروز عاشورا تھر دشوں میں کام داخلہ

شتہ کا ہوں غلام + مجکو طلب نہ زر ہی نہ شہرت ہی نام کی + جاگیر خلد منصب غفران اوسی کی
روی رو لائی مدح کری جو امام کی جسنی گلا کٹا کی ہوا شافع قیام اور دوستو نپہ آتش دوزخ حرام کی

اٹھتیسویں مجلس نزول ملائکہ بروز عاشورا صبح کو عزا خانوں میں داخلہ

رباعی جو چشم غم شہ میں سدا روتی ہی + ہر لحظہ فزون اوسمین ضیا ہوتی ہی + اشک غم شبیر کا رتبہ دیکھو + جہان پانی کا قطرہ ہی وہان موتی ہی + رباعی فرزند رسول کی قتل ہوا + دلبند شہنشاہ عرب قتل ہوا + جبو انکو تو پانی دیکی کرتی ہیں ذبح + افسوس حسین تشنہ قتل ہوا + رباعی کیا کیا نہ ستمگار جفا کرتی تہی + شبیر مگر خدا خدا کرتی تہی + جہان تک کہ جبکا شمر خنجر لبک + کا نون سی سنا کہ شہ دعا کرتی تہی + رباعی پانی جو پلانی کو کوئی لاتا تھا + سجاد کو روز قتل یاد آتا تھا + روتی تہی تشنگی پدر کی کر یاد + وہ جام سب آنسو وں سی بھر جاتا تھا + حدیث نزول ملایکہ بروز عاشورا واسطی فراہمی مجالس عزا وخلاص مرد عاصی کا مرجا مردم پسندیدہ حق ہیں کو جو حلقہ مصیبت میں نظر تر چشم احمد مختار پر گریان ہوں خوشا حال اوس مجمع سوگوار کا جو صف رقت میں ساعت حسنت سی دلبند حیدر کرار کی نالان ہون ایسی کی ابر اشکباری کرو جو مظلوم کربلا کی قبر پر باری ہی روز قیامت کو آتش دوزخ کی سپر تمہاری ہی ایک قطرہ اشک دریای مغفرت کی جوش کو بہانہ ہی حزن و اندوہ سی رہنا بزم تعزیت میں بہشت جاودانی کا ٹہکانا ہی

مروی عن الصادق علیہ السلام انہ قال کتاب بحار الانوار میں حضرت صادق علیہ السلام سی ذکر کیا ہی کہ فضایل بکا میں اوس نور دیدہ خیر الانام نی کہا ہی

اِذَا کَانَ یَوْمُ الْعَاشِرِ مِنَ الْمُحَرَّمِ تَنَزَّلُ الْمَلَائِکَۃُ مِنَ السَّمَاءِ روز دہم

اٹھتیسویں مجلس نزول ملائکہ بروز عاشورا دمشق میں حرم کا داخلہ

محرم عالم میں ظاہر ہوتا ہے زمین پر آسمان سے فرشتوں کا غول آتا ہے وَمَعَ كُلِّ مَلَكٍ
مِنْهُمْ قَارُورَةٌ مِنَ الْبَلُّورِ الْأَبْيَضِ ہر ایک غم والم سے صورت عزادار بنا ہوتا ہے ہاتھ میں
سفید شیشہ بلور جنت کا لاتا ہے وَيَدُورُونَ فِي كُلِّ بَيْتٍ وَمَجْلِسٍ يَبْكُونَ فِيهِ
عَلَى الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ سب گھروں میں جہاں مجالس ماتم برپا ہوتی ہیں جو لوگ
امام حسین علیہ السلام کے واسطے روتے ہوں اونمیں پھرتے ہیں فَيَجْمَعُونَ دُمُوعَهُمْ فِي
تِلْكَ الْقَوَارِيرِ جو انسو مومنین کی آنکھ سے گرتا ہے اوسے ہر ایک شیشی میں بھرتا ہے فَإِذَا كَانَ
يَوْمُ الْقِيَامَةِ فَتَلْهَبُ نَارُ جَهَنَّمَ روز قیامت جو آتش دوزخ کا زبانہ اوٹھیگا جو ہر صاحب
محشر میں مانند برق چارطرف دوڑیگا فَيَضْرِبُونَ مِنْ تِلْكَ الْقَوَارِيرِ فَتَقَعُ عَلَى
النَّارِ اوس شیشی کو حکم خدا سے ہر فرشتہ لائیگا جو ایک قطرہ اوسمیں سے پھینکی آگ پر گرائیگا
فَتَهْرُبُ النَّارُ مِنَ الْبَاكِي عَلَى الْحُسَيْنِ مَسِيرَةَ سِتِّينَ أَلْفَ فَرْسَخٍ بکتے کے
اوس اشک سے آگ شرارہ مار فرار کریگا امام حسین علیہ السلام کے رونے والے سے ساٹھ ہزار
فرسنگ دور جائیگا فی الفضیلت امام حسین علیہ السلام کا ہونا امرزش میں شفاعت کا
وسیلہ ہے اور دارین میں ولایت کے سبب خوشنودی خدا و رسول کا ذریعہ ہے عن عبداللہ
بن بكر قال حججت مع ابي عبدالله في حديث طويل کتاب کامل الزیارت میں
روایت ہے کہ عبداللہ ابن بکر نے کہا ایک روز میں حضرت صادق علیہ السلام سے حدیث طولانی
میں بہت اوبھا فقلت يا ابن رسول الله لو نبش قبر الحسين بن علي هل كان
يُصَابُ فِي قَبْرِهِ شَيْءٌ عرض کی اے فرزند رسول خدا اگر کاہ قبر امام حسین علیہ السلام کو شگافتہ
کریں تو کچھ اوس میں جسد مطہر کا اثر پائیں فقال يا ابن بكر ما اعظم مسائلك ان
الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ مَعَ أَبِيهِ وَأُمِّهِ وَأَخِيهِ فِي مَنْزِلِ رَسُولِ اللَّهِ وَمَعَهُ

اٹھتیسویں مجلس فضائل شاعر جعفر بن عفان اور دمشق میں داخلہ اسیران

یُرْزَقُوْنَ وَیُحْبَرُوْنَ جناب نے تعجب سے فرمایا کہ اے مسمع تیری فکر کی بہت بڑا سوال ہے

تیرا بدرستی کہ حسین بن علی علیہما السلام مع اپنے والدین اور بھائی کی منزل پیغمبر میں ہیں

ہیں اور اونکی ہمراہ نعمات الٰہی سے کامیاب ہوتی پھرتی ہیں وَاِنَّهٗ لَعَنْ يَمِيْنِ الْعَرْشِ

مُتَعَلِّقٌ بہ بدرستی کہ وہ بزرگوار داہنی طرف عرش پروردگار کی متعلق ہیں اور تمکین و وقار

مشمول عز و شرف دربار خالق يَقُوْلُ يَا رَبِّ اَنْجِزْ لِيْ مَا وَعَدْتَنِيْ خدا سے کہتے

ہیں کہ تو نے جو وعدہ کیا ہے میری حق میں وفا کر سابق جو فرمایا ہے وَاِنَّهٗ لَيَنْظُرُ اِلٰى زُوَّارِهٖ

فَهُوَ اَعْرَفُ بِهِمْ وَبِاَسْمَائِهِمْ وَاَسْمَاءِ اٰبَائِهِمْ وَمَا فِيْ رِحَالِهِمْ مِنْ اَحَدِهِمْ بِوَلَدِهٖ

بدرستی کہ ہر دم اپنی زوار کی طرف نگراں ہیں اونکو پہچانتی نام اونکی اور والدین کی

وردزبان ہیں جو کچھ اسباب و سواری ہو سب کا شمار ہے جیسی کسیکو زن و فرزندوں کا

استحضار ہے وَاِنَّهٗ لَيَنْظُرُ اِلٰى مَنْ يَبْكِيْهِ فَيَسْتَغْفِرُ لَهٗ وَيَسْئَلُ اٰبَاءَهُ الْاِسْتِغْفَارَ

لَهٗ ہمیشہ اپنی روئیوالونکو بنظر لطف دیکھتے ہیں اور اونکی لئی طلب آمرزش کیا کرتی ہیں اور آبائے

خواہاں ہوتی کہ تم بھی متوجہ ہو میری عزادار کی دعای مغفرت خدا سے مانگو وَيَقُوْلُ

اَيُّهَا الْبَاكِيْ لَوْ عَلِمْتَ مَا اَعَدَّ اللّٰهُ لَكَ لَفَرِحْتَ اَكْثَرَ مِمَّا حَزِنْتَ وَاِنَّهٗ

لَيَسْتَغْفِرُ لَهٗ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ وَخَطِيْئَةٍ مہربانی سے فرماتی ہیں اے شخص کہ مجھ غریب کی

یاد مصیبت میں رو رہا ہے اگر جانتی تو جو خدا نے اجر بہا تیری واسطے مقرر کیا ہے ہر آئینہ شورو

شین سے بھی زیادہ مسرور ہوتا آرزوی رحمت میں دنیا ت ... ۔ کشی عن زید الشحام

قَالَ كُنَّا عِنْدَ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ وَنَحْنُ جَمَاعَةٌ مِنَ الْكُوْفِيِّيْنَ فَدَخَلَ جَعْفَرُ بْنُ

عَفَّانَ عَلٰى اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ فَقَرَّبَهٗ وَاَدْنَاهُ ثُمَّ ... رجال کشی میں زید شحام سے

روایت کی ہے جو اوس نے کہا ہم لوگ اہل کوفہ خدمت میں حضرت صادق علیہ السلام کی

۱۲۵

چھتیسویں مجلس شفاعتِ حسنین علیہما السلام سے رہائی گنہگار و دمشق میں داخلہ آلِ اطہار

علیہما السلام سے کہا بدبختی کہ تمہاری شفاعت سے آیا اللہ نے اسکو بخشا تمہاری توسل گناہ کا بھی تم دو نوجوان باعثِ مغفرت ہو اور سردارانِ شبابِ اہلِ جنان ہو فَاَنْزَلَ اللّٰہُ تَعَالٰی اوسوقت بزیدِ رحمت پروردگار نے یہ آیت نازل کی جسکو رتبہ فضیلت سے حسنین علیہما السلام کی بشارت کا ملی

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ظاہر معنی یہ ہیں کہ ہرگاہ وہ لوگ جو اپنی ہاتھوں سے نفوس پر بیکہ ظلم کرچکتی ہیں × خدا کی توبہ کرکی تیری پاس نادم اور پشیمان آتی ہیں اونکی واسطی پیغمبر استغفار کرتا ہی اور کریم اونکی گناہ بخش دیتا ہی + ہر آینہ قریب ہی کہ اللہ کو آمرزگار پاوی گا اور وہ بندونکو اپنی رحمت سے قرین نجات فرماوی گا فقط مولفہ دنیا و آخرت میں وسیلہ حسین ہی ہر دردِ لا دوا کا مسیحا حسین ہی + بھر رفاہِ امت عاصی ہوا شہید + سب مومنوں کا شافعِ فردا حسین ہی جسکی فروغ سے ہوا روشن چراغِ دین + شمعِ حریم یثرب و بطحا حسین ہی نورِ خدا امامِ ہدیٰ انبیا کی روح + بحرِ شرف میں گوہرِ یکتا حسین ہی + فرمانِ دہِ قضا و قدر نائبِ الٰہ کرسی نشین عرشِ معلیٰ حسین ہی کیا غم ہی دوستدار کو محشر کی ہول سی + ناظم کا دو جہان میں مولا حسین ہی + سب خلق سی مقرب درگاہِ ذوالجلال + سبطِ نبی علی کا پسر فاطمہ کا لال

مجلس دخولِ اہلبیتِ کرام شہرِ شام میں بانی سہل ساعدی صحابی الانصار

زایرانِ بیت المقدس تعزیت سرا و مسافرانِ شہرِ دمشق رفت و بکا را وی اِن اخبارِ دردِ بیقراری و ناقلانِ آثارِ اندوہ و سوگواری عزیزانِ دیارِ حسرت و پریشانی و تماشائیانِ بازارِ محنت و حیرانی دواخل ہونا قافلہ غم و الم کا شامِ ماتم میں زبانِ قلم سی صفحۂ رقم پر یوں بیان کرتی ہیں کہ جب کوفیانِ بی شرم نی اپنی پردہ حیا کو دستِ جفا سی پھاڑ انتقام سی

اٹھتیسوین مجلس روایت سہل ساعدی دمشق مین آمد عترت اطہار کی

دین و ایمان کو عقیدہ ابن زیاد کی مانند بگاڑا پیغمبر کی اولاد کی سر کٹی ہوئی اہلبیت رنجیدہ
رسیّون مین بندہی ہوئی بحالِ تباہ یان کفار نرغہ مین سپاہ کفار کی گرفتار تماشاگاہ خلق مین
ہر دیار کی ذلیل و خوار و اسطی ملاحظہ یزید کی نزدیک شام کفر مقام آئی اہل شہر کی ازدحام
دیکہہ کی غیرت سی گہبرائی کیون ای اہل عزا ذرا غور کرو اس مصیبت کی شدت کو چشم تماشائی دیکہو
اگر ہماری مان بہنین بیٹیان دشمنون کی ہاتہہ مین گرفتار ہون ننگی سر بیٹی کہڑی ماں اون سی منہہ
چہپائی اونٹ کی جہاز پر سوار ہون بلوای عام مین اونکو در بدر پہرائین اپنی دکہہ پر روئین تو یارب
دہکائین یہ اندوہ و الم ہمسی کیونکر سہا جائی ہرگاہ کچہہ بہی اقتدار ہو اوسکا ہیکو صبر آئی قربان جائی
تسلیم و رضای سید الشہدا جان فدای وفا و ابتلای مظلوم کربلا اپنی خوبہا مین ناناکی امت
دوزخی چہڑائی ہماری نجات کو کس درجہ بلا و محنت اوٹہائی ابٹی بہن کا سر کربلا خاک سی بہرا
بہائی کا سر کٹا نیزہ کی نوک پر وہ راہ بی بی کی چہرہ کو نقاب بشرم سی پردہ وہ بہی ہو سکتا
بیٹی کا سیلا کرتا بہی پہٹا لہو کا داغ لگا بی بی امامہ ودرد اطوق و زنجیر سی بیمار سر بندہی ہمارہ کُشتہ
سرونکی ہمراہ شہرون مین بی مقنعہ و چادر پہری جو خواتین ہماری نور کی صدر نشین ہون وہ محمل قیدمین
تو امام غم و الم سہین جنکی گہر کا خادم روح الامین ہوا اونکو لونڈیونکی صورت نامحرم دیکہین الہم
اگر اپنی اقربا کی ماتم سی روئین تو دشمن تازیانون سی دہمکائین تہکی ماندی ہرگاہ زمین پہ بیٹہہ
تو ظالم زن مار کی ہنکائین نادان بچی رونی مین چلائین تو ستمگر ہنس کی طمانچی لگائین بیتابی سی
عزیزونکو بلائین تو کٹی سر لہو بہری دکہائین بہوکی ہون تو غم کہائین پیاسی لگی خون جگر پیئین
فریاد کرین تو بیداد سہین چپ رہین تو جیبن نہ رہین حیف کہان پردہ نشینان اہلبیت
اور بازار کی تشہیر افسوس ہی کجا دختران فاطمہ زہرا بنات امیر کبیر اور برہنہ سر و پا اسیر

رَوَی صَاحِبُ الْمَنَاقِبِ بِاِسْنَادِہٖ عَنْ زَیْدٍ عَنْ اٰبَائِہٖ اَنَّ سَہْلَ بْنَ سَعْدٍ

اٹھتیسوین مجلس روایت سہل ساعدی دمشق مین آمد عترت اطہار کی

قَالَ خَرَجْتُ اِلَى بَيْتِ الْمَقْدِسِ حَتَّى تَوَسَّطْتُ الشَّامَ صَاحِبِ كِتَابِ بِنَابِيعِ

باسنادِ معتبرہ زبیدہ او سکی بزرگون سے روایت کی ہے کہ سہل بن سعدی نے مصیبت عترت

سکل کشا کہی ہے کہ ایک سال مین سفر زیارت بیت المقدس کی پھر اثنای راہ مین

شہر شام کو پہنچا فَاِذَا اَنَا بِمَدِيْنَةٍ مَطْرُوْدَةِ الْاَنْهَارِ كَثِيْرَةِ الْاَشْجَارِ ناگاہ

اوس بلد مین پانی نہرون کا جاری دیکہا باغات کی اشجار کو گہنا میوہ بھرا تر و تازہ پایا

وَقَدْ عَلَّقُوا السُّتُوْرَ وَالْحُجُبَ وَالدِّيْبَاجَ بالاخانون مین پردی دیبا کی بندہی تہی

سامانِ آرایش گوشون مین ہر قسم کی دہری تہی وَهُمْ فَرِحُوْنَ مُسْتَبْشِرُوْنَ ہر طرف

علم نشاط کی پرچم کہلی ہوی رنگا رنگ زین اور لجام کی گہوڑون پر لوگ چڑہی ہوی زن

مرد لباس فاخر پہنی پہرتی پشتِ بام اور دوکان مین سیر و تماشا کرتی وَعِنْدَهُمْ نِسَاءٌ

يَلْعَبْنَ بِالدُّفُوْفِ وَالطُّبُوْلِ اونکی سازِ عشرت مین عورتین ناچتی گاتین خوشی

دف اور نی کو بجاتین لوگ باہم گلی ملتی یکبارگی کہتی عید سی زیادہ جوش عیش کا دم بہرتی فَقُلْتُ

فِيْ نَفْسِيْ لَا نَرٰى لِاَهْلِ الشَّامِ عِيْدًا لَا نَعْرِفُهُ یعنی مین اپنی دلمین بہت تعجب

سمہا کہ اہل شام مین کوئی عید ہی کہ اوسکو ہمنی نہین جانا فَرَاَيْتُ قَوْمًا يَتَحَدَّثُوْنَ

فَقُلْتُ يَا قَوْمُ اَلَكُمْ بِالشَّامِ عِيْدٌ لَا نَعْرِفُهُ یعنی ناگاہ ایک طرف خلایق کی

ہجوم کو باتین کرتی دیکہا پوچہا تمہاری ملک مین آج دن کیسا تقریب کا ہی ہم مین

نہین معلوم کس خوشی کا چرچا ہی قَالُوْا يَا شَيْخُ نَرَاكَ غَرِيْبًا جواب دیا کہ ای شیخ ظاہرا

تو غریب الوطن دکہائی دیتا ہی جو اس ماجرای عظیم کا حیرت سی سوال کرتا سراغ اپنا دی

فَقُلْتُ اَنَا سَهْلُ بْنُ سَعْدٍ قَدْ رَاَيْتُ مُحَمَّدًا یعنی کہا کی الحقیقت تازہ وارد ہون

نام میرا سہل ابن سعد ہی صحابی رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ کا صحابی ہون قَالُوْا يَا سَهْلُ

اٹہتیسوین (۳۸) مجلس روایت سہل ساعدی دمشق مین آمد عترت اطہار کی

ما اعجبت السماء لا تمطر دما والارض لا تنخسف باہلہا یعنی

ای سہل بڑی حیرت کی جا ہی کہ آسمان سی لہو کا مینہ نہین برستا ہی یہ زمین شق کیون

نہین ہوتی اور باشندونکو اپنی خاک مین ڈبوتی، قلت ولم ذالک یعنی گہبرا کی اوسی کہا

کونسا باعث ہی کیا واقعہ ہوا، قالوا ہذا راس الحسین وعترت محمد پہلے

یہم من ارض العراق مجہی سمجہایا کہ دیکہہ سر حسین علیہ السلام اور اولاد رسول الثقلین کو

تن سی کاٹا ہی اہلبیت پیغمبر خدا کو اسیر اور قید کیا ہی ملک عراق سی یزید کی واسطی ہدیہ بہیجی

ہر شہر و دیار مین پہرا کی لشکر ابن زیاد لایا ہی فقلت واعجباہ یہدی راس

الحسین والناس یفرحون یعنی سینہ پیٹ کی آہ و فریاد کا نعرہ مارا گریبان صبر و

تحمل کو دست بیتابی سی پہاڑ کر ہای ہای سر حسین علیہ السلام فرزند نبی کو ظالم ہدیہ لاتی ہین

اہل حرم کی خواتین خلق نامحرم کو دکہاتی ہین اوس پر لوگ جشن کرتی ہین مانند روز عید عورتین

مرد خوش پہرتی ہین فقلت من ای باب یدخل فاشاروا الی باب یقال لہ

باب الساعات یعنی پوچہا اونکو کس راہ سی شہر مین داخل کرینگی اور کب وہ بانی جفا

سرونکو شہدا کی لیکی بڑہینگی مجہی بتایا اوس دروازی سی جسکو باب ساعات کہتی ہین سر ہم

اولاد رسالت کی اسیر ادہر سی گذرتی ہین قال فبینما انا کذالک حتی رأیت الرایات

یتلو بعضہا بعضا یعنی رو رو کی اوسی یہ کلام کرتا تہا ناگاہ سامنی سی نشان لشکر کی آتی

دیکہا فوج فوج پیادہ و سوار کا غول طبل بجاتی آتی ہین ازدحام زن و مرد واسطی تماشی کی اوس طرف

ہجوم لاتی فاذا نحن بفارس بیدہ لواء منزوع السنان علیہ راس من

اشبہ الناس وجہا برسول اللہ دفعتًا دیکہا ایک ستمگار گہوڑی پر سوار آتا نظر پڑا کہ وہ شقی

ساری ہمراہیون سی رجز پڑہتا خوشی کرتا آگی بڑہا طویل نیزہ کہ سنان اوسکی نہتی اپنی ہاتہ مین

۱۹۳۱

دیر زمین پنہان کردہ ست پسر یزید
امام حسینؑ ہستند کہ پدرم ایشان را
و در خانہ با ایشان از قاتلان حضرت
است کہ بنی امیہ از بنی ہاشم اضداد اند
خلوت کرد پسر گفت کہ ای پسر ہان و اعتقاد او
کہ میخواہم خلوت سخنی بتو بگویم عبداللہ

اٹھتیسویں مجلس روایت سہل ساعدی کی دمشق میں آمد عترت اطہار کی

لیتی تھا سر پرخون نورانی کو اور سر بلند کیے تھا یعنی شور محشر میں کہ سر اکی بغور دیکھا تو سر امام
حسین علیہ السلام کو مانند آفتاب قیامت چمکتا پایا سارے خدائی میں رسول دو سرا کی نقشی
سے شباہت ملتی چشم و ابروے خیر الوری کی صورت بعینہ آنکھوں میں پھرتی لاکن فرق مبارک پر
تلوار و پتھر کی زخم موجود اور لب گلبرگ تر پیاس کی شدت سے کبود و محاسن سفید میں لہو کا
خضاب لگا بالوں میں غبار صحرا و بیابان کربلا بھرا رخسارے ماری تمازت کی پھول سے مرجھائی
پیشانی پر پیکان تیر و نشان خدنگ نظر آئی علامت سرداری چہرہ تابان نمایاں بشرہ
مجروح پر ابتدا کی روح بلاگردان خشک دہان سے ذکر الہی میں تر زبان بساتھ فصاحت کی تلاوت
قرآن میں بلاغت کا بیان صورت اعجاز سے آواز دردناک میں یہ آیت کو پڑھا ام حسبت
ان اصحاب الکہف والرقیم کانوا من آیاتنا عجبا یوں ہی تجھوا کر والی سر کو
تم ایسا گردن سے کٹا پاتی تو کسقدر آنسو بہا کی خاک حسرت سر پہ ڈالتی کربلا میں ہوتی لڑتے
بیدفن و کفن پر کیا ماتم کرتی اہلبیت کی دروازہ خیمہ پر کیونکر زینب خاتون کو چھپا دیتی
سید سجاد کو طوق و زنجیر سے بندھا دیکھتی تو نالہ و شیون کا غل نہ مچاتی فاطمہ اور سکینہ کو
پدر کی جدائی سے سر پا ئی فساد طمانچے مارتی تم کہڑی ہوکی نہ بچاتی ام کلثوم و زوجات امام
مظلوم کو سر و پا برہنہ دیکھتی اپنی گھر سے کوئی چادر لاکے اوڑھنی کو نہ دیتی آقا کی حمایت میں
جان و مال سے دریغ نہ ہوتا ادای حق غلامی پر زن و فرزند سے ہر شخص ہاتھ دھوتا فاذا انا
من ورائہ رایت فتیً علی جمال بغیر وطاء راوی کہتا ہے کہ میں اس
حیرت و افسوس میں کہڑا تھا ناگاہ سوار ونکی غول سے نکلا جو سر ہای شہدا کو لاتا تھا
آل نبی کی عورات اسیر تھا نظر آتی دیکھا کہ او ذکر وق کیا وہ او شتر بے جہاز پر بٹھایا تھا الحرم کا حال
ہجوم ملال سے بہم دیکھنی سے اونکے آشنا دیکھا کہ الم و رنج کی شدت اور گرمی سے

بگفت و بازگشت عبداللہ کامل با
سر او بیا فتند پسر و دانست
کہ عبداللہ دانست و بچشم اشک
مالک بود کشندہ غلام حسین بن عبد
مظاہر و ابن حبیب

اٹھائیسویں مجلس بروایت سہل ساعدی دمشق میں داخلہ حرم نبیؐ

بہچانتی ہیں بکہ بخوشی خاطر یزید اہل بغی اور خروج میں کتنی مسلمان بھی نہیں جانتی ہیں فقلتُ
هَل لَكِ حاجةٌ اِلَيَّ فَاَنَا سَهلُ بنُ سَعدٍ مِمَّن رَأى جَدَّكِ وَسَمِعتُ
حَدِيثَهُ راوی کہتا ہی یعنی جو اید یا بندہ سہل بن سعد تمہاری جدّ بزرگوار محمد مصطفی صلی اللہ
علیہ والہ کا صحابی ہوں بیت المقدس کی سفر سی پھرا واقعہ جانکاہ میں رہین بیتابی ہوں
اپکی نانا رسول کو بہت دیکھا ہی کلام اور حدیث صدق مقال بارہا سنا ہی ای خاتون
قیامت کی پوتی اگر کوئی خدمت ہی تو فرما و بجا لاؤں جو چیز کی حاجت ہو ویسی با
بہم پہنچاؤں قالَت یا سَهلُ قُل لِصاحِبِ هذَا الرَّأسِ اَمامَنا حَتّى يَشتَغِلَ
النّاسُ بِالنَّظَرِ اِلَيهِ وَلا يَنظُرُونَ اِلى حَرَمِ رَسُولِ اللهِ کہا ای سہل ہم ذریت
رسول کو اپنی بی پردگی سی حیا آتی ہی منہ چھپانی کو عورات غارت زدہ کی پاس کوئی
چادر اور مقنعہ نہیں باقی ہی یہ خونخوار کینہ و عداوت خاک و خون بھری سر نکو ہمارے
برابر لیجاتی ہیں ہمکو وہ ہری سوزِ بلا و محنت میں جلاتی ہیں اگر سر کو ادہر اوٹھاتی ہیں
تو بہائی باپکا سر سکینہ کی رقت جلاتی ہیں جو گردن جھکاکی بالوں سی چہپاتی ہیں تو یہ جلاتی
تماشی کو ہماری طرف نظر دوڑاتی ہیں تو کار ثواب جانکی وہ سوار جو حامل سر حسین علیہ السلام
او سی کہدی آگی بڑہ جائی خلقت میری سر پدر کی دیکھنی میں مشغول ہو کی نظارہ اہل حرم
باہنہ اوٹھائی قالَ سَهلٌ فَدَنَوتُ مِن صاحِبِ الرَّأسِ فَقُلتُ لَهُ هَل
لَكَ اَن تَقضِيَ حاجَتي وَتَأخُذَ مِنّي اَربَعَ مِائَةِ دِينارٍ مطابق ارشاد سکینہ
ناشاد ہیں دوڑا حامل سر حسین علیہ السلام کی پاس جاکی منت سی کہا ہو سکتا ہی کہ حاجت کو میری
پورا کری اور چارسو دینار مجھ سی لی لی قالَ وَما هِيَ قُلتُ تُقَدِّمُ الرَّأسَ اَمامَ الحُرَمِ
فَفَعَلَ ذلِكَ فَدَفَعتُ اِلَيهِ ما وَعَدتُهُ ظالم ستمگر نی پوچہا وہ کیا ہی جو تو

اٹھتیسوین مجلس بروایت سہل ساعدی دمشق مین داخلہ حرم نبی ؐ

عوض مین زر دنیا ہی چاہی اوسکو مطلب اپنا سمجھا یا کہ سید الشہدا علیہ السلام کی راس پر نور کو
اہل حرم سی آگی بڑہا وہ مردود گہوڑی کو جہپٹ کر آگی لیگیا تب نکالا شمشیر جفا کی اسنے جلا دینی
زن موعود اوسکو دیا ہجوم کو ہٹا کی خدمت اہلبیت کا قصد کیا عین البکا مین لکہا ہی کہ راوی
بیان کرتا ہی میری ہمراہ ایک مرد نصرانی مسافر تھا کہ شوقِ عقیدت سی بیت المقدس کا
وہ بہی زائر تہا ہر روز پیادہ پا تو کے بیچ مین قطع مسافت کرتا محافظت راہ کو ایک تلوار اپنی
پوشاک مین چہپائی پہرتا جب اوس نی جانا کہ اہلبیت پیغمبر کی نواسی شہید کیا ہی ہمراہ امام حسین
علیہ السلام کو بنات رسول کی ہمراہ واسطی یزید کی لیجاتی ہی تماشا دیکہنی کو اسیران اہلبیت کی
طرف گیا وہ نوبت خواری و زاری کی جو نظر پڑی بیخود ہوا نزدیک تہا کہ فرط غم سی غش ہو جائی
دل کی جوش سی رحم کہا کی انسو نکل آئی ناگاہ سر امام حسین علیہ السلام سی اعجاز مین یہ آیت کی تلاوت
کرتی سنا وَلَا تَحْسَبَنَّ اللَّهَ غَافِلًا عَمَّا يَعْمَلُ الظَّالِمُونَ یعنی گمان نکرو اس بات کا
عمل سی ظالمون کی غافل ہی جب اوسنی یہ کیا رہ کہ ایسی فرزند حضرت رسالت کی جناب کفر
مقابل سی نصرانی کی اودہہ کی ہاتہ اسکی ہاتہون نی دروازی سعادت کی کہول دیئی
صدق دل سی کلمہ طیبہ کو پڑہا اپنی تلوار کو غلاف سی نکالا ذریت نبی کی دشمنون پر حملہ آور ہوا
جہاد مین بہت اشقیا ماری درہم و برہم لوگ اوپر تلی گری چھدہا نامرد اوسپر ٹوٹ پڑی
چار طرف سی پتہر اور تیر اور تلوار کی زخم لگی آخر کو وہ تازہ مسلمان شہید ہوا جان کو راہ
دین مین قربان کیا راوی کہتا ہی کہ مین پہر سواری حرم کی اونٹون سی قریب پہنچا
ام کلثوم خواہر امام مظلوم نی پاس بلا کی پوچہا بازار شام مین آج کی روز کیا ماجرا گذرا
مینی نصرانی کا قصہ بیان کیا مدینہ کی طرف رو کی فریاد کی نانا پیغمبری رو دیا دیکہی
واعجباہ کہ نصرانی حرمت کو عترت رسالت کی بجالائی اور مسلمان دشمن ہو گئی

اونسٹھویں مجلس فضائل میں شرکت بکا و اسیران کربلا کا دمشق میں داخلہ

منزلت میں روایت معتبر سے قال ابو عبد اللہ الثانی زینوا مجالسکم بذکر
الحسین فان ذکرہ یحبط الذنوب العظام و صغائرہم ولدتہ امہ
کتاب بحار الانوار میں نقل کی ہے امام جعفر صادق علیہ السلام نے یہ حدیث کہی ہے اے محبان
باایمان اپنی مجمع مجالس کو ذکر امام حسین علیہ السلام سے زینت دو بدرستی کہ اوس مظلوم کا
واقعہ سرگذشت گناہان کبیرہ کو نامۂ عمل سے زائل و ساقط کر دیتا ہے اور مانند اوس
روز کے جو ماں کے بطن سے پیدا ہوا تھا پاک و صاف بنا دیتا ہے ایضا وقال الصادق
علیہ السلام نفس المؤمن المہموم لظلمنا تسبیح وھمہ لنا عبادۃ
وکتمان سرنا جہاد فی سبیل اللہ اور بھی اوسی حضرت سے روایت کی
مخبر صادق نے اہل عزا کو بشارت دی ہے مجالس مومنین میں جہاں فضیلت و مصیبت
ہم اہلبیت کی بیان کریں لوگ زن و مرد اکٹھے وہاں سانس جو لیں ہمارے اونکے سانس لینا
برابر ثواب تسبیح خدا ہے ہمارے واسطے غم کھانا عبادت ہوتا ہے چھپانا ساری بھید کو دشمن
مخفی کا اہل خلاف سے جہاد راہ الہی کا اجر دیتا ہے ثم قال ابو عبد اللہ یجب ان
یکتب ھذا الحدیث بالذھب پھر فرمایا ابو عبد اللہ نے دوست رکھتا ہوں کہ
یہ حدیث سونے سے لکھی جائے اور ہر محب اسکا پڑھا ایک دوسرے کو پہنچائے فی کتاب
البحار عن اسناد الاخبار قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ ان اللہ
یامر ملائکۃ المقربین ان یتلقوا دموعہم المصبوبۃ لقتل
الحسین الی الخزان فی الجنان کتاب بحار الانوار میں اسناد اخبار سے روایت کی ہے
مخبر صادق رسول خدا نے زبان معجز بیان سے کہی ہے بتحقیق کہ اللہ تعالی یوں تعزیت کرنے والوں
کہ اپنی ملائکہ مقرب کو حکم دیتا ہے آنسو حسین کی مصیبت میں رونے والوں کے فراہم کرتے ہیں

اونسٹھویں مجلس فضائل اہل بکا و اسیران کربلا کا دمشق میں داخلہ

اور بہشت میں خازن جنان کو پہنچائیں فیمزجوا بماء الحیوان فتزید عذوبتہا

تاکہ وہ فرشتے آب چشمۂ حیوان میں ڈالتے ہیں قطرہ اشک کی لطافت و شیرینی کو آبحیات کی

بڑھاتی ہیں حل عن ابی ذر الغفاری قال رایت رسول اللہ یقبل

الحسین بن علی علیہما السلام وھو یقول کتاب کامل الزیارت میں

ابی ذر غفاری سے روایت کو جو اونہوں نے کہا میں نے دیکھا ایکدن حضرت رسالت کو اپنی گود میں

لئے امام حسین علیہ السلام کی رخسارہ دہن پر بوسے دیتے پیار سے بار بار کہتے تھے من احب

الحسن والحسین وذریتہما مخلصا لم تلفح النار وجہہ ولو کانت

ذنوبہ بعدد رمل عالج الا ان یکون ذنبہ یخرجہ من الایمان جو کوئی

حسن اور حسین اور اونکی اولاد کو مخلص رضای خدا کی واسطے دوست رکھیگا وہ آتش دوزخ میں

باوجود عصیان کی جلایا نہ جائیگا ہرچند ریگ بیابان عالج کی قدر کثرت گناہ کا رکھتا ہو

مگر یہ کہ اوس خطا کا مرتکب ہو جسمیں ایمان نرہا ہو عن ابی الفتح الغفاری عن ابن

عباس وابی رافع قالا کنا جلوسا مع النبی اذ ھبط علیہ جبرئیل

کتاب امالی میں روایت لکھی ہے کہ ابی فتح غفاری ابن عباس اور ابو رافع سے نقل کی

ہم دونو خدمت میں نبی کی بیٹھے تھے ناگاہ جبرئیل نازل ہوئے ومعہ جام من البلور

الاحمر مملوا مسکا وعنبرا بلور سرخ کا جام خوش قطع دیکھا کہ مشک و عنبر سے

بھرا ہوا ہمراہ تھا فقال لہ السلام علیک اللہ یقرء علیک السلام ویحییک

بہذہ التحیۃ اوسنے سلام کیا اور کہا خدا تمپر درود و سلام بھیجتا ہے اور یہ تحفہ جنت تحیۃ

کرتا ہے ویامرک ان تحیی بہا علیا وولدیہ فرماتا ہے تمکو کہ اس کرامت کو

علی اور اونکی دونو فرزندوں تک پہنچاؤ فلما صارت فی کف النبی ھللت

اڑتالیسویں مجلس جام بلور جنت کی روایت و دمشق میں ورود آل رسالت

ثلثا وکبرت ثلثا جب کہ پیغمبر کی ہاتھ میں وہ کٹورا گیا تین مرتبہ تہلیل اور تین دفعہ
تکبیر سی گویا ہوا ثم قال بلسان ذرب بسم اللہ الرحمن الرحیم طٰہٰ ما انزلنا
علیک القرآن لتشقی پھر زبان فصیح اور بلیغ میں آواز بلند سی ان کلمات طیبات کو پڑھا
فاشمها النبي ثم حياها علیا رسول خدا نی اوسکی رائحہ جان فزا کو سونگھا اور علی ابن
ابیطالب کو دیا فلما صارت في كف علي قالت ہرگاہ دست علی ید اللہ فوق ایدیہم
مالامال کرامت وشرف میں صاف ہوا بسم اللہ الرحمن الرحیم انما ولیکم اللہ
ورسوله الایہ اس آیہ کو نام ولی خدا سی زبان پر مع بسم اللہ تا آخر تلاوت کیا فاشمها
علي وحياها الحسن علی مرتضی نی اوسکی خوشبوی دماغ معطر فرمایا پھر حسن مجتبی علیہ
السلام کو پہنچایا فلما صارت في كف الحسن قالت جب کف مبارک میں امام حسن کی
وہ کٹورا آیا ادب سے صاف کلام کہا بسم اللہ الرحمن الرحیم عم یتساءلون عن
النبأ العظیم الایہ اس آیت کو ساتھ بسم اللہ کی قرائت کیا فاشمها الحسن وحياها
الحسين امام حسن نی اوس رائحہ ربانی سی مشام خوشبو کرکی ریحان رسول امام حسین کو
دیا فلما صارت في كف الحسين قالت جب امام حسین کی بخشندہ کف میں آیا
ہوا تو لطف سی بولا بسم اللہ الرحمن الرحیم قل لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودة
في القربی ان کلمات طیبات کو دست سید الشہداء میں سنایا اور تاکید محبت کو اونکی اہم
ثبوت بتایا ثم ردت الی النبي فقالت پھر سرور کائنات کی ہاتھ میں دیا گیا
اور جام با صفا یوں بولا بسم اللہ الرحمن الرحیم اللہ نور السموات والارض
اس فقرہ کو مع بسم اللہ ساتھ بلاغت کی سنایا فلم ادر علی السماء صعدت ام
في الارض نزلت بقدرة الله راوی ناقل ہیں کہ پھر نہیں معلوم وہ کٹورا فلک چرخ پر چڑھا

اونتالیسوین مجلس ۳۹ وفات ابرهیم فدیہ سید الشہدا ودمشق مین داخلہ اسیران کربلا

یا زمین کی اندر غایب ہوا قدرت خداسی کہان پہنچا ف تفسیر النقاش باسنادہ

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَعَلَى فَخِذِهِ

الْأَيْسَرِ ابْنُهُ إِبْرَاهِيمُ وَعَلَى فَخِذِهِ الْأَيْمَنِ الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ وَهُوَ تَارَةً

يُقَبِّلُ هَذَا وَتَارَةً يُقَبِّلُ هَذَا تفسیر نقاش مین اپنی سندسی ابن عباس کی بابی

ہی کہا جو ادسی کہا ایک روز مین خدمت نبی الوری ہی مشرف تہا وہ جناب ابراہیم

راست امام حسین علیہ السلام کو بٹہائی تہی اور طرف چپ ابراہیم اپنی فرزند والا مقام

چڑہائی تہی کبہی اوسکی جبین ورخسار کا بوسہ لیتی تہی اسکو پیار والفت مین ہنسا دیتا

إِذْ هَبَطَ جَبْرَئِيلُ بِوَحْيٍ مِنْ رَبِّ الْعَالَمِينَ فَلَمَّا سُرِّيَ عَنْهُ قَالَ أَتَانِي

جَبْرَئِيلُ مِنْ رَبِّي فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ إِنَّ رَبَّكَ يَقْرَأُ عَلَيْكَ السَّلَامَ وَيَقُولُ

لَسْتُ أَجْمَعُهُمَا لَكَ فَافْدِ أَحَدَهُمَا بِصَاحِبِهِ ناگاہ جبرئیل وحی الہی لیکر نازل

ہوی جب وہ چلا گئی تو رسولخدا بولی اسدم میری پاس روح الامین آیا اور پیام رب

العالمین یون لایا کہ خدا تمپر سلام بہیجتا ہی بغیرت محبت وپاس حرمت سی کہتا ہی کہ ان دو

تمہاری آغوش مین اکہٹا رہنا مصلحت نہین ہی چاہی جو ہو دوسری پر فدا کردو یہ حکم

دیتا ہی فَنَظَرَ النَّبِيُّ إِلَى إِبْرَاهِيمَ فَبَكَى وَنَظَرَ إِلَى الْحُسَيْنِ فَبَكَى اوسوقت سید

انبیا نی ابراہیم وامام حسین کی طرف دیکہا اور حسرت مین باری باری دونو کی جانب سی

رودیا وَقَالَ إِنَّ إِبْرَاهِيمَ أُمُّهُ أَمَةٌ وَمَتَى مَاتَ لَمْ يَحْزَنْ عَلَيْهِ غَيْرِي فرمایا

کہ مادر ابراہیم ام ولد تہی مدت ہوئی کہ مرگئی اب کون سوای میری غم ابراہیم کا بار اوٹہانی والا

اگر مرجائی تو البتہ اوسکا درد سرمایہ اندوہ دلکا میرا ہی وَأُمُّ الْحُسَيْنِ فَاطِمَةُ وَأَبُوهُ

عَلِيٌّ ابْنُ عَمِّي لَحْمِي وَدَمِي وَمَتَى مَاتَ حَزِنَتِ ابْنَتِي وَحَزِنَ ابْنُ عَمِّي

اونتالیسوین مجلس روایت مارون مناقب حسنین علیہما السلام اور حرم کا داخلہ شام

ابن ابیطالب اور اونکی فرزند امام حسن و امام حسین علیہم السلام سی بغض و عداوت رکہتا ہون
وَلَا وَاللّٰهِ مَا ذٰلِكَ كَمَا يَظُنُّوْنَ قسم خدا کی ایسا نہین یہ حرف بیجا ہی جو اس مین
خلق کو وہم ہوگا ہی وَلٰكِنَّ وُلْدَهُ هٰؤُلَاءِ طَالَبْنَا بِدَمِ الْحُسَيْنِ مَعَهُمْ فِي
السَّهْلِ وَالْجَبَلِ لاکن یہہ اونکی اولاد خونخواہی امام حسین علیہ السلام پر چڑہی
ہماری ساتہہ کوہ و بیابان مین سامی پرخاش رہی حَتّٰى قَتَلْنَا قَتَلَتَهُ ثُمَّ
اَفْضٰى اِلَيْنَا هٰذَا الْاَمْرُ یہانتک کہ بڑی لڑائی اور ہنگامہ جدال درمیان مین ہوا پہر
قدرسی امر خلافت ہمکو ملا فَجَالَنَا هُمْ فَحَسَدُوْنَا وَخَرَجُوْا عَلَيْنَا فَقَاتَلْنَاهُمْ
پس آمیزش کی ہم سی حسد مین اور خروج کیا ہمنی اونکی راہ کہولدی یعنی اونکی حال پر
چہوڑدیا وَاللّٰهِ لَقَدْ حَدَّثَنِيْ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ الْمَهْدِيُّ اَبُوْ جَعْفَرٍ الْمَنْصُوْرُ
عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ
قسم خدا کی یہہ روایت پہنچی مجکو اپنی آبا و اجداد عبداللہ بن عباس کی بیان سی کہ ایک روز
مین خدمت رسول خدا مین حاضر تہا دل و جان سی اِذْ اَقْبَلَتْ فَاطِمَةُ تَبْكِيْ ناگاہ فاطمہ
زہرا صدمہ سی بلبلاتین روتی ہوی پدر کی پاس آئین فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ مَا يُبْكِيْكِ
پیغمبر نی پوچہا بتیرا ہوا بنور دیدہ کیون اشکبار ہو قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ
الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ خَرَجَا فَوَاللّٰهِ مَا اَدْرِيْ اَيْنَ سَلَكَا عرض کی یا رسول خدا
میری فرزند دلبند حسن و حسین گہر سی باہر نکلی ہین اور یہہ نہی معلوم نہین کدہر گئی ہین
فَقَالَ النَّبِيُّ لَا تَبْكِيْنَ فِدَاكِ اَبُوْكِ فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى خَلَقَهُمَا وَهُوَ اَرْحَمُ
بِهِمَا فرمایا نبی نی کہ ای دختر جان پرور تیرا فدا ہو مطلب کہہ رقت نکر دتحقیق کہ حق خدا
اونکو پیدا کیا ہی وہ اونپر بہت مہربان دہر بلا مین نگہبان ہی اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَا

اونتالیسویں مجلس روایت ہارون مناقب حسنین علیہما السلام اور حرم کا داخل شام

اخذا فی بر فاحفظہما وان کانا اخذا فی بحر فسلمہما پھر دعا مانگی خداوندا
میری فرزند خشکی میں ہیں تو حفاظت کرنا اور اگر دریا میں اوتر گئی تو سلامت
پہنچانا فہبط جبرئیل فقال یا احمد لا تغتم ولا تحزن ھما فاضلان
فی الدنیا فاضلان فی الآخرۃ وابوھما خیر منھما او سدم جبرئیل نازل ہوئے
کہا اے احمد مجتبیٰ غم نہ کھاو حزن و اندیشہ نہ لاو تمہاری نواسی دنیا و آخرت میں برگزیدہ
فاضل ہیں اور اونکے والد اونسے اچھے اور کامل ہیں وھما فی حظیرۃ بنی النجار نائمین
وقد وکل اللہ بہما ملکا یحفظہما وہ بزرگوار حظیرہ بنی نجار میں سوتی ہیں تھوڑا
عرصہ گذرا ہی خدا نے ایک فرشتہ کو اونکی حفاظت پر مقرر کیا ہی قال ابن عباس
فقام رسول اللہ وقمنا معہ حتی اتینا حظیرۃ بنی النجار ابن عباس روایت
کرتی ہیں پس نبی سو خدا کھڑی ہوئی اور ہم بھی اونکی ساتھ اوٹھی یا ہم چلی تا کہ حظیرہ بنی نجار
پہنچی فاذا الحسن معانق الحسین واذا الملک قد غطاھما باحد جناحیہ
دیکھا کہ حسن اپنی چھوٹی بھائی حسین کو پیار سے گلے لگائے ہیں اور ملک ایک پر سے سایہ کیا
جیسے خادم ہوتی ہیں فحمل النبی الحسن واخذ الحسین الملک والناس یرون
انہ حاملہما پیغمبر نے اونکو جگایا حسن کو نبی نے دوش پر چڑھایا اور حسین کو فرشتہ نے
کاندھی پر بٹھایا ظاہر میں لوگ دیکھتی اور جانتی تھی دونو کو حضرت اوٹھائی قدم بڑھاتی
تھی فقال لہ ابوبکر وابو ایوب الانصاری یا رسول اللہ الا نخفف عنک
باحد الصبیین بنظر حسن خدمت ابوبکر و ابو ایوب الانصاری نے عرض کی اے رسول خدا
دونو فرزند دلبند میں ایک ہمیں دیجیے کہ آپکا بوجھ ہلکا ہو فقال دعاھما فانہما فاضلان
فی الدنیا فاضلان فی الآخرۃ وابوھما خیر منھما فرمایا انکو اپنی حال پر چھوڑ دو

اونتالیسوین مجلس روایت ہارون سی فضیلت حسنین علیہما السلام اور حرم کا داخلہ شام

یہ فاضل ہین دنیا و آخرت مین اور والد اونکی بہتر ہین اونسی خلقت مین ثُمَّ قَالَ وَاللّٰہِ
لَا شَرَفَ فِیْہِمَا الْیَوْمَ بِمَا شَرَّفَہُمَا اللّٰہُ بعد ازان ارشاد کیا آج ظاہر کرونگا اونکی
شرف و بزرگی کو جو خدانی فرمایا فَخَطَبَ فَقَالَ اَیُّہَا النَّاسُ اَلَا اُخْبِرُکُمْ
بِخَیْرِ النَّاسِ جَدًّا وَجَدَّۃً پس مسجد مین رونق افزا ہوی منبر کی خطبہ پڑھا
پکارکی شادمانی سی + ای گروہ خلایق تمکو خبر دون بہترین مردم کی نانا اور نانی کا
قَالُوْا بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ الْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ جَدُّہُمَا رَسُوْلُ اللّٰہِ وَ
جَدَّتُہُمَا خَدِیْجَۃُ بِنْتُ خُوَیْلِدٍ حضار نی پوچھا کہ ہان ای خیر الورے بتاو کون
اوجدہی فرمایا حسن اور حسین نانا اونکا رسول خدا نانی خدیجہ بنت خویلد ہی اَلَا اُخْبِرُکُمْ
اَیُّہَا النَّاسُ بِخَیْرِ النَّاسِ اَبًا وَاُمًّا پھر فرمایا آگاہ ہوای گروہ حاضرین خبر دیتا ہون
تمکو اشرف بنی آدم سی باپ اور مان کی رتبہ تمکو سی قَالُوْا بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ
قَالَ الْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ اَبُوْہُمَا عَلِیُّ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ وَاُمُّہُمَا فَاطِمَۃُ بِنْتُ
مُحَمَّدٍ اونکو نی کہا ارشاد کرو ای سید دوسرا فرمایا حسن اور حسین ہین باپ اونکی
علی ابن ابی طالب مان فاطمہ بنت محمد شرف ثقلین ہین اَلَا اُخْبِرُکُمْ اَیُّہَا
النَّاسُ بِخَیْرِ النَّاسِ عَمًّا وَعَمَّۃً فرمایا ای مجمع چاہتی ہو کہ تمہین بتا دون بہتر
ناس کو چچا اور پھوپھی کی جانب سی چاہو ن قَالُوْا بَلٰی یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ
الْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ عَمُّہُمَا جَعْفَرُ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ وَعَمَّتُہُمَا اُمُّ ہَانِیْ بِنْتُ
اَبِیْ طَالِبٍ صحابہ نی گذارش کی ہان ای خاتم انبیا ہدایت کرو عرفان کی فرمایا
حسن اور حسین چچا اونکی جعفر ابن ابی طالب اور پھوپھی ام ہانی بیٹی عمران کی اَلَا اَیُّہَا
النَّاسُ اَلَا اُخْبِرُکُمْ بِخَیْرِ النَّاسِ خَالًا وَخَالَۃً پھر فرمایا تمکو خبر کردون افضل

اٹھائیسویں مجلس داخلہ شام اور خرابہ میں قیام عترت امام

محمد علیہما السلام سے روایت کی ہے کہ مجھسے میرے والد محمد باقر علیہ السلام نے یہ مصیبت کہی اپنے پدر علی ابن الحسین علیہما السلام سے باجرا پوچھا اے فرزند رسولخدا دشت کربلا سے یزید کے پاس کیونکر آپکا جانا ہوا فقال حملنی علی بعیر یطالع بغیر وطاء فرمایا اوسنے اونٹ پر مجھی چڑھایا جسکی پشت پر بچھاوہ اور محمل نتھا ورأس الحسین علی علم امام حسین بن علی علیہما السلام کا سر اقدس لمبے نیزے پر دھرا تھا اوسکو آگے سوارلیکے سب سے آگے بڑھاتا ونسوتنا خلفی علی بغال واکف سب عورات حرم بھی مرکب ہواری کے بیری سوار تھیں نا ہمواری جای نشست سے ٹھہر نہ سکتی گری پڑتی پھر اٹھتیں والفارطة خلفنا وحولنا بالرماح چارطرف سے ہمکو لشکر گھیرے بھالے تانے قدم بڑھاتا اور خرامت اور درباش کی واسطے ہمکو ہٹاتا ان دمعت من احد نا عین قرع رأسه بالرمح ہماری اہلبیت میں اگر کسی کی آنکھوں سے آنسو بہتا پاتے تو اوسکے سرزنش کو فرق پر نیزہ کی بہچہاا لگاتے حتی اذا دخلنا دمشقا صاح صائح یا اہل الشام هؤلاء سبایا اہل البیت الملاعین تا کہ بعزارحمت ہمکو شہر دمشق میں داخل کیا ایک منادی نے اوسدم چلا کے لوگوں سے کہا اے سکناے شام یہ قیدی جو آئی ہیں اہلبیت ملعون رحمت خدا سے دور ہم لائی ہیں فی البحار وقالوا فلما دخلنا دمشقا ادخلنا بالنساء والسبایا بالنهار مکشفات الوجوه بحارالانوار میں رواۃ اخبار سے کہا ہے کہ اہلبیت اسیر کا داخلہ زنانی حریم محترم یوں کیا جب اعدائے ہمکو شہر دمشق میں بسہہا روز روشن عورات و اطفال کا منہہ کھلا سبکو دکھایا فقالوا اہل الشام الجفاة ما راینا سبایا احسن من هؤلاء اہل شام سے مردم بازار و بلوائی جو ہر طرف

ورق مثله النار التی لیس دونه ومالا الدی فی عینی پس گفت ای عمر سعد

هو الخسران المبین

فقطع دابر القوم الذین ظلموا والحمد لله رب العالمین

میگفتند که بواسطه ملک ری ابن سعد را از دست میدهی و تو قبول نکردی

اونتالیسویں مجلس اہلبیتؑ کا وارد ہونا شام اور کلام پیرمرد نیک انجام

مرتبہ سطوت دیا اوس پیر نے عترتِ خیر البشر کی مذمت حد سے زیادہ کہی باسباب ظاہر اولادِ رسول ہونے کی خبر تھی ظالمین نے یادسی حال ایسا بنا دیا تھا کہ ذریتِ احمد بلکہ اشرافِ عرب کا بھی منظنہ ہو تا فَقَالَ لَهُ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ يَا شَيْخُ هَلْ قَرَأْتَ الْقُرْآنَ قَالَ نَعَمْ سید الساجدین جو طوق و زنجیر میں گرفتار کھڑے تھے پھر حلقہ گلو دار اسیر گردن جھکائے رو رہے تھے اوسکو خطاب فرمایا اپنی فضایل کو جتایا اے شیخ تو نے یہ باتیں نادانی سے کہیں ہم گنہگار اس جفا کے سزاوار نہیں تجھے ہمارا حال برخلاف پہنچایا ہے آیاتِ قرآن جو ہمارے نانا پر نازل ہوا پڑھا ہے اوسنے تلاوت کا اقرار کیا اور حالتِ سکتہ میں دیکھا فَقَالَ هَلْ عَرَفْتَ هٰذِهِ الْآيَةَ زین العابدینؑ نے پوچھا مصحف دیکھا ہے اس آیت کو تو نے یاد رکھا ہے قُلْ لَا أَسْأَلُكُمْ عَلَيْهِ أَجْرًا إِلَّا الْمَوَدَّةَ فِي الْقُرْبَىٰ قَالَ الشَّيْخُ قَدْ قَرَأْتُ کہا بخوبی حفظ کیا ہے لوح دل پر نقش ہو گیا ہے فَقَالَ لَهُ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ فَنَحْنُ الْقُرْبَىٰ يَا شَيْخُ فرمایا مصداق آیہ کریمہ ہم ہیں کہ مقصود خداوند عالم ہیں ہماری محبت کو اوسنے بندوں پر لازم کر دیا صلہ رسالت و اجر ہدایت میں دوستی اقربا کو چاہا فَهَلْ قَرَأْتَ هٰذِهِ الْآيَةَ پھر مرد پیر سے سوال کیا کہ یہ آیت کو تو نے کتاب خدا میں بھی پڑھا وَاعْلَمُوا أَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِنْ شَيْءٍ فَأَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهُ وَلِلرَّسُولِ وَلِذِي الْقُرْبَىٰ قَالَ نَعَمْ شامی نے تصدیق کی کہ ہاں میں نے تلاوت کی اور یاد بھی رکھی قَالَ عَلِيٌّ فَنَحْنُ ذِي الْقُرْبَىٰ يَا شَيْخُ بیمار کربلا نے کہا وہ لوگ ہم ہیں جنکے واسطے یہ آیت خدا نے بھیجی اپنے پیغمبر کو ہمارا حق وہی بات بتائی ہے هَلْ قَرَأْتَ هٰذِهِ الْآيَةَ فرمایا اے شیخ یہ آیت بھی تو نے دیکھی ہوگی بلکہ صفحۂ خاطر میں لکھی ہوئی إِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ

اونتالیسوین مجلس اہلبیت کا وروو شام اور کلام پیرمرد نیک انجام

الْبَیْتِ وَیُطَہِّرَکُمْ تَطْہِیْرًا قَالَ الشَّیْخُ قَدْ قَرَأْتُ ذٰلِکَ عرض کی ہیرنےٖ
پڑہی ہی اور یہ عبارت یاد رکہی ہی قَالَ لَہٗ عَلِیٌّ فَنَحْنُ اَہْلُ الْبَیْتِ الَّذِیْنَ
خَصَّصَنَا بِاٰیَۃِ الطَّہَارَۃِ یَا شَیْخُ زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا ای پیر یہ آیت
ہماری تو قیر مین آئی ہی خدا نے ہمکو طہارت کی ساتہ تعبیر فرمائی ہی فَقَالَ فَبَقِیَ الشَّیْخُ
سَاکِتًا نَادِمًا عَلٰی مَا تَکَلَّمَ بِہٖ سماعت سی ان حضرات کی وہ مرد شامی نادم اور شرمندہ
ہوا حیرت مین سی یاد زبانی کی دیرتک چپ اور درماندہ رہا وَقَالَ بِاللّٰہِ اِنَّکُمْ
ھُمْ اوس مرد نی پوچہا تمکو قسم ہی خدا کی وہی لوگ ہو جنکی شان مین یہ آیتین نازل ہین
وہ بزرگ مبتلای سوک ہو فَقَالَ عَلِیُّ بْنُ الْحُسَیْنِ تَاللّٰہِ اِنَّا لَنَحْنُ ھُمْ مِنْ غَیْرِ شَکٍّ
وَحَقِّ جَدِّنَا رَسُوْلِ اللّٰہِ اِنَّا لَنَحْنُ ھُمْ علی ابن الحسین علیہما السلام نی جواب دیا ای
پیر بی شبہ بلا ادنی اللہ کی سوگند بدون شک ہم وہی ہین اور اپنی جد امجد احمد مختار کی قسم
ہم وہی ہین فَبَکَی الشَّیْخُ وَرَمٰی عِمَامَتَہٗ وَرَفَعَ رَاْسَہٗ اِلَی السَّمَاءِ مرد پیر نے یا
عمامہ سر سی اوتار کی زمین پر مارا سر کو آسمان کی جانب مناجات کو اوٹہایا اور کہا
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَبْرَأُ اِلَیْکَ مِنْ عَدُوِّ اٰلِ مُحَمَّدٍ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ بارخدایا بیزار ہون آل
محمد علیہ الصلوۃ والسلام کی بیزار ہون جن وانس مین جو مخالف اونکی ہین سبہی سی پہر کہا
ثُمَّ قَالَ ھَلْ لِیْ مِنْ تَوْبَۃٍ رو کی مرد پیر بولا ای فرزند رسول علی علیہ السلام آیا
تمہین نی ہمارا معاف کرو آیا میری توبہ قبول ہوگی جو گناہ بخشدو فَقَالَ لَہٗ نَعَمْ
اِنْ تُبْتَ تَابَ اللّٰہُ عَلَیْکَ وَاَنْتَ مَعَنَا فرمایا جب تو نے پشیمانی ظاہر کی
خدا تیری توبہ قبول کریگا اور حشر مین ہماری ساتہ ہو تو نہین مو صول کہی فَقَالَ
اَنَا تَائِبٌ عرض کی مین نادم اور تائب دل سی ہوا تمہاری جناب مین اوسکا قدر

اوستالیسوین مجلس شام کی خرابہ مین قید اہلبیت پیغمبرؐ اور ملاقات منہال بن عمر

اس خرابہ شکستہ مین ہمکو اوتارا ہی حرم پیغمبرؐ سی مکر و عداوت کرتا ہا ہی اوسی منظور ہی
یہ دیوار و بام ہمپر گر جائین چھوٹی بڑی وبکی اپنی جان گنوائین فَرَاطَنِ الْحَرَسُ فَقَالُوْ
اُنْظُرُوْا اِلٰی هٰؤُلَاءِ یَخَافُوْنَ اَنْ تَقَعَ عَلَیْهِمُ الْبَیْتُ وَاِنَّمَا یُخْرَجُوْنَ غَدًا
فَیُقْتَلُوْنَ جب یہ کلام بانوانِ حرمِ امام کی کہ در دروازہ کی پاسبان ملازمانِ یزیدی سینا
حیرت سی آپسمین چرچا کیا دیکھو یہ اسیرِ غریب اندیشہ کرتی ہین رو رو سیاہ ایکان کی
در و دیوار سے سر پہ گری کہی کی دست و پا مین چوٹ لگی صدمہ پہنچی نہین جانتی کہ روز آئندہ
اسیران سبکو قتل کرینگا عورت و مرد مین ایک بچہ بھی زندہ نہ رہیگا قَالَ عَلِیُّ ابْنُ الْحُسَیْنِ
عَلَیْهِمَا السَّلَامُ لَمْ یَکُنْ فِیْنَا اَحَدٌ یُحْسِنُ الرَّطَانَةَ غیر منی امام زین العابدین علیہ
السلام فرماتی ہین وہ اندوہ و بلا سہی کہ سوای میری غم و الم کی شدت ہماری اہلبیت
کسی کی ہوش بجا نہی کتاب عیون البکا مین منہال ابن عمرو سی روایت کی ہی جس ایام مین کہ
شہدا و حرم امام کو صعوبت پی در پی دی ہی اون ہی ایام مین شہر شام مین وارد تھا با فراغت
وہ ما جرا سنا کہ حضرت سید الشہدا بہی کشتگی مین اوتری ہین اونکی تلاش مین پھرتا تھا ناگاہ ایک روا
کوچہ سی میرا عبور ہوا زن و مرد کی آہ و آہ شیون کان مین آئی جو آئی پڑا تو خرابی سی صدا نکلتی
پائی ساعت سی اس سیرا نگری ہوا قدم بڑھا کی دروازہ شکستہ پہنچا ایک طرف دیکہا
جوان ماہ طلعتِ خورشید سیما با چہرہ زرد و قد خمیدہ حال ژولیدہ ننگی سر کہڑی ہی با غبار
بال اٹی دو نہر اشک آنکھون سی روان لب پر ہجوم نالہ و افغان دیوار کی سایہ مین کہڑا ہے
جسکا پرستار نالہ زار غمخوار آہ شرربار ہونس تنہائی ہمکنین یاد غربت شکیبائی بی بسی مصاحب
ایام در بدری منصب ناکام یتیم پروری ہین فکر حیرت مین ہوا یہ ستمزدہ کون مولا ہے
پیکر قسمت مین زنجیر و طوق کا سبب کیا ہی شاید سرور دین زین العابدین یہی ہونگی وہ مظلوم

اونتالیسویں مجلس شام کی خرابہ میں قید اہلبیت پیغمبر اور ملاقات منہال بن عمرو

شدتِ ضعف سے زمین پر بیٹھ گیا کوئی فرش اور تکیہ جو نہ تھا پشتۂ خاک پر بیٹھا اور پا برہنہ
تھا ہی بہت میرا دل کباب ہوا ادب سے آگے بڑھا سلام کو سینہ پر ہاتھ دھر اسکا الی نقاہت و
مزید عنایت سے جواب فرما کے پوچھا کہاں رہتا ہے اے مرد تو کون ہے جو ہم آفت زدوں کو
سلام کرتا ہے اسواسطے کہ یہ شہر کے لوگ تحیت و اکرام روا نہیں رکھتے گو یا آلِ خیر الانام کو
اہلِ اسلام سے غیر سمجھتے منہال نے عرض کی میں تم پر فدا ہوں تمہارے گھر کا غلام کہلاتا ہوں
دوستی اور محبت کا دم بھرتا بہت مدت آپکے جد بزرگوار کا ملازم رہا چند روز سے اتفاق
زمانہ یہاں لا یا تمہاری مصیبتیں جو دیکھی لہو کی آنسو سے رولا یا اے فرزند رسول کرام آپکی
صبح و شام کیونکر گذرتی ہے آپکی شام میں فرمایا مثالِ بنی اسرائیل قوم فرعون ایام میں کہ بیٹا ان کی
مردوں کو ہلاک و قتل کیا اور عورات بچوں کو اسیر اور لونڈیاں بنا لیا پھر عرض کی اے اقربائے
کوئی حرم رسالت کی حال پرسی کرتا ہے کوئی اس مصیبت میں پرسا دینے کو یہاں گذرتا ہے
فرمایا کنیز و غلامانِ مردہم شہر آتی ہیں اپنا دل ہماری سوزِ مصیبت پر جلاتی ہیں کہ ہم اسیر و
دلگیر ہیں وہ بھی مفید اور دستگیر نہیں پھر پوچھا کہ اے بیمار تپ درد و بلا و اے رنجیدۂ قید بلا
جفا کوئی آپکی عیادت پر خبر لیتا ہے شدتِ مرض میں کوئی تسلی دیتا ہے رو کے زبان
حال سے جواب دیا کہ آزار میں ناچار ہوں بستر ایذا میں بے پرستار ہوں شربت تپ زدہ
گرما گرم سنگ یہ بجائے تحفۂ دماغ بوئے خون سرہائے شہدا غذائے پرہیزی و دوری ما
دوائے خارجی طعنہ اور شماتت یا شوربہ کرنیکو حلقۂ زنجیر بہن دیکھنے کو تحفۂ تقیہ بیداری
طوق کی ہاتھ گردن میں حمایل دل بہلانے کو آہ و نالہ مصاحب بے بدل پھر عرض کی اے
تم قوت رفتار نہیں رکھتے ہو اس وقت کہ ہر جانے کا قصد کرتی ہو ارشاد کیا پرانی گھر
جو ہمیں کہا ہے چھت کا تختہ بھی سلامت نہیں رہا ہے جسکا سایہ ہو یا عافیت کا گوشہ ہوتا

چالیسویں مجلس میوۂ جنت پیغمبر کا نواسونکو دینا آرایش دربار یزید و حرم کا داخلہ

شام میں کسنی دیکھی وہ خرابی صفحۂ ایام میں + شاہدین کا سر کٹا ناموس خالق لٹ گئی
ننگی سر زینب پھری بلوای خاص و عام میں + ہی غضب تشہیر ہو دین دختران فاطمہ
اہل کینہ شاد بیٹھیں خانۂ آرام میں + کوٹ کر سینہ بہا و اشک حسرت مومنین
شور ماتم ہو رہا ہی چرخ نیلی فام میں + بدلی اس تضمین کی ناظم بھی امید ہے
خلد کی جاگہ ہو پای حشر کو انعام میں

چالیسویں مجلس میں بیان عزاداری امام حسینؑ و آرایش دربار یزید و حرم امام الشہدا

رباعی کیا کیا نہ ستم اہل جفا سے کھینچا + لاکن نہ قدم راہ رضا سے کھینچا + سر دار ہی حیدر کے
سجاد حزین + کاٹا ہی نہ کچھ کف پا سے کھینچا + رباعی کیا مرتبۂ سلطان حجاز کا
کیا عز و شرف امام نمازی کا ہی + سجدی کا نشان دیکھکی سب کہتی تھی + یہ
سر کسی نمازی کا ہی + رباعی عابد سی غم شاہ میں سونا چھوٹا + لیٹی ہی جو خاک
بچھونا چھوٹا + کہانا پانی نشاط و عیش و آرام + سب چھوٹ گئی مگر نہ رونا چھوٹا
رباعی جب ماتم سرور کا مزا پڑتا ہی + دل اپنا مصیبت میں گرا پڑتا ہی + اس
جا تو نہیں برستا نہ برس + یہاں اشکوں کا روند و نگرا پڑتا ہی + شہید کیا
سید الشہدا سی محبت سر و ا نبیا جنت کی میوہ ہی دینا
زانیہ کا سر و تحفہ دیکھنا دربار یزید میں اہتمام داخلہ
حرم امام نظم لمولفہ ای نالۂ جانسوز اثر اپنا دکہا دی + ای آہ شرربار جہاں کو
ضیا دی + ای نطق رسا حرف غم و درد سنا دی + دریای سرشک آنکھ سے مردم کی بہا
ای فکر صواب اسمیں خطا بھی نہو وی + رحمت کو نم اشک کی حصہ میں بتا دی

چالیسوین مجلس حدیث امامت حسنین علیہما السلام و دربار یزید مین داخلہ عترت امام

ای طبع صفاپیشہ بس آیینۂ دلکو + بندش مین مضامین کی صیقل سی جلا دی + ای خاطر ناشاد زہی عزت و توقیر + جو مدح کہی شہ کی خدا اوسکو صلہ دی + ای خامۂ انگشت قسم کر وہ حدیثین + تا روح رسول اور بتول اوسکی جزا دی + ای سیف زبان جوہر تقریر سے اسدم + میدان عزا مین صف شیون کو بچہا دی + ای چشم ذرا دیکہہ فضیلت کو بکا کی + آنسو جو بہی شعلۂ دوزخ کو بجہا دی + ای کام دہان تشنگی شاہ کو مت بہول + تا ساقی کوثر ہی جنت کو پلا دی + ای سینہ ماتم یہ تری پیٹنی کا داغ + امید ہی حوروں کی گلی جلد ملا دی + ای درد جگر اوٹہہ کہ یہی وقت مدد ہی + فریاد کو اپنی دل زہرا کو سنا دی + ناظم کو بنایا ہی جو اس طرز کا پڑہنا + ای طفل دبستان علی خوش ہو دعا دی + کیا فضیلت کہوں عزای مظلوم کربلا کی + ہزاروں کرامت و آمرزش بہیان دیکہی گویا خدا کی مغفرت کا دریائی اشک کا سوتا ہی اور جوش رحمت حق آہ کی سوزسی پیدا ہوتا ہی زہی توفیق اوسکی جو اس بہانہ کو یاد کری خوشا سعادت نصیب کہ مصروف نالہ و شیون یا ذکر یا مرثیہ غم امام حسین علیہ السلام کا احاطۂ رقم سی باہر ہی بیان مین ایک شمہ کی زبان قاصر ہی شمار ہی منقبت وہ پڑہوں جو معتبر ہو بتوجہ خاطر سنو روایت ایسی عرض کروں کہ حزین رہو دل سی آفرین کہو قیب وَاجْتَمَعَ اَهْلُ الْقِبْلَةِ عَلٰی اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ قَالَ الْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ اِمَامَانِ قَامَا اَوْ قَعَدَا کتاب مناقب مین روایت کی ہی کہ اہل قبلہ و اسلام کی رای متفق ہوئی ہی جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ نی فرمایا ہی کہ امام حسن و امام حسین دونو کو خلیفۂ الہی و پیشوای امت بنایا ہی چاہین اعدا پر ظاہر ہو و خروج کرین اور مناسب جانین گوشہ عزلت مین بیٹہین مُرْوِیَ عَنْ زَیْدِ بْنِ اَرْقَمَ اَنَّ النَّبِیَّ قَالَ لِعَلِیٍّ وَفَاطِمَةَ وَحَسَنٍ و

۹۵۸

چالیسویں مجلس حدیث محبت نبی با حسنین علیہما السلام و در باب یزید پلید و خلہ حرم امام

وَحُسَیْنٍ اَنَا سِلْمٌ لِمَنْ سَالَمْتُمْ وَحَرْبٌ لِمَنْ حَارَبْتُمْ کتاب حافظ ابو بکر
محمد متوانی میں زید ابن ارقم سے روایت کی ہی کہ خیر الوریٰ نے علی مرتضیٰ و فاطمہ زہرا و حسنین
علیہم السلام کو بشارت دی ہی میں آشتی و ملاپ رکھتا ہوں جسکی ساتھ تمہارا مصالحہ ہو
اور جنگ و پرخاش کرتا ہوں جو تم سب میں ایک سی لڑتا ہو رُوِیَ اَنَّ الْعَبَّاسَ
رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ جَاءَ یَعُوْدُ النَّبِیَّ فِیْ مَرَضِہٖ فَرَفَعَہٗ وَاَجْلَسَہٗ
فِیْ مَجْلِسِہٖ عَلٰی سَرِیْرِہٖ سند معتبرہ سے روایت کی ایک دفعہ پیغمبر کو
علالت ہوی عباس چچا حضرت کی عیادت کو آئی رسم آداب و تحیت بجالائی +
سرور کائنات نے تعظیم سے آگی بلا یا اپنی تخت پر پاس بٹھایا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ
رَفَعَکَ اللّٰہُ یَا عَمِّ فَقَالَ الْعَبَّاسُ ھٰذَا عَلِیٌّ یَسْتَاذِنُ خاتم انبیا نے
یا عم خدا تمہارا مرتبہ بڑا کری عباس نی کہا در پر حیدر صفدر کھڑی منتظر ہیں رخصت کی
فَقَالَ اُدْخُلْ فَدَخَلَ وَمَعَہُ الْحَسَنُ وَالْحُسَیْنُ رسول مقبول نی پکارکر کہا یا علی
اندر آو جب وہ تشریف لائی تو حسن و حسین بھی اونکی ہمراہ آئی فَقَالَ الْعَبَّاسُ
ھٰؤُلَاءِ وَلَدُکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ ھُمْ وَلَدُکَ یَا عَمِّ عباس نی عرض کی
یارسول اللہ یہ آپکی فرزند ہیں فرمایا ای چچا ہاں وہ تمہاری جگر بند ہیں فَقَالَ
اُحِبُّھُمْ قَالَ اَحَبَّکَ اللّٰہُ کَمَا اَحْبَبْتَھُمَا عباس بولی میں پیار کرتا ہوں تمہاری
دونوں بیٹوں کو سید البشر نی کہا اللہ تمہیں دوست رکھی جیسا کہ انسی الفت کرتی ہو +
عَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِیِّ قَالَ اَتَیْتُ النَّبِیَّ فَسَلَّمْتُ عَلَیْہِ ثُمَّ
دَخَلْتُ عَلٰی فَاطِمَۃَ سلمان فارسی کی زبانی روایت ہی جو کہا ایک روز حضرت
سرور کائنات میں گیا اور سلام کیا پھر فاطمہ زہرا کی پاس آیا اداب و بندگی

ازکان دیگر بود و دیگر شایستهٔ تر و صادر تر و دانا تر ازکان دیگر بهم چه بقرآن و تاویل و تنزیل و ناسخ و منسوخ و قصص و امثال علم و تنها که در کتاب خدای عزّ و جلّ است

و با وجود این همه ها با او چگونه کردند همه شما ها را معلوم است و بر هیچکس پوشیده نیست و لیکن برادرم کردند نامه ها بنزد وی فرستادند که ما امامی و پیشوای نداریم بدین نوع او را طلب کردند و چون بدانجا رسید او را منظور نساختند که ما مکاتبات او را طلب کردیم و عاقبت او را شهید کردند با فرزندان و برادر زادگان و عیالان ایشان را سر برهنه ...

چالیسوین مجلس بیچ حضرت پیغمبر کا نواسونکو میوہ دینا دربار بہشت مین ...

وتحیت سی بجالایا فقالت یا عبد الله هذان الحسن والحسین جایعان یبکیان فخذ بایدیهما فاخرج بهما الی جدهما یعنی کہا ای عبد اللہ یہ دونو حسن وحسین بہوکی روتی ہین بھلا دونون ہاتھہ پکڑو اپنی ساتھہ خدمت جد مین انکی لیجاو فاخذت بایدیهما وحملتهما حتی اتیت بهما الی النبی یعنی اونکو دوش چڑہاکی عزم مسجد کیا تاکہ حضور مین سرور خدا کی پہنچا دیا قال ما لکما یا حسنای قالا نشتهی طعاما یا رسول الله سید الانبیا نی جب دیکہا بیتاب بہوکی نواسون سی پوچہا میری حسنین کیا حال تمہارا ہی عرض کی بہوک مین طاقت نہی طعام کی استدعا ہی فقال النبی صلی الله علیه واله اللهم اطعمهما ثلاثا حبیب خدا نی درگاہ الہی مین دست مناجات اوٹہایا تین مرتبہ کہا ای رزاق انکو نعمت کہلا قال فنظرت فاذا سفرجلة فی ید رسول الله شبیهة بقلة من قلال هجر اشد بیاضا من الثلج واحلی من العسل والین من الزبد راوی یہی کہتا کہ ناگاہ یعنی دست نبی الہی مین ایک بہی عمدہ دیکہی مانند قلولہ پتہرکی برف سی زیادہ سفید وشہد سی شیرین ومکہن کی مثال نرم تہی فعرکها بابهامه فصیرها نصفین ثم دفع الی الحسن والی الحسین نصفها بعد ازان اپنی انگشت قدرت سی اوسکو توڑا جب دو حصہ ہو گئی نہال قدرتکو برابر کر لیا دو نصف حسن وحسین علیہما السلام کو دیا وہ دونو میوہ دل زہرا نی کہانا شروع کیا فجعلت انظر الی النصفین فی ایدیهما وانا اشتهیها قال یا انس لعلک تشتهیها قلت نعم راوی نی کہا مین دونوں کی ہاتہہ مین وہ پارچہ بہی دیکہتا تہا اور طلب تہا وحسرت آرزو سے عطا بیتہا تہا اشرف انبیا نی پوچہا ای سلمان

... کہ انتظار در ... و ... ان بیهان ... فرستادید ... عبد الله ... فرستادید ... حسین ...

چالیسوین مجلس عورتِ زانیہ کا بخشا جانا حرمِ امام کو دربارِ یزید مین لانا

تو گویا چاہتا ہی عرض کی ہان ای قاسمِ جنّت و طوبیٰ بہت جی للچاتا ہی قَالَ یَا سَلْمَانُ هٰذَا طَعَامٌ مِنَ الْجَنَّةِ لَا یَأْکُلُهُ اَحَدٌ حَتّٰی یَنْجُو مِنَ الْحِسَابِ فرمایا ای سلمان یہ خورش جنت ہی کہ مزید کرم سی ہدیہ ربّ العزّت ہی یہ جایز نہین اور کسی کو جو اسی کہائی جبتک حسابِ قیامت سی نجات نپائی وَ حُکِیَ فِی کِتَابِ الْبِحَارِ اَنَّ اِمْرَاَةً ذَاتَ فُحْشٍ کَانَتْ مَشْهُوْدَةً بِالْمَدِیْنَةِ وَلَهَا جَارٌ وَکَانَ مُوَاظِبًا عَلَی الْمَاتَمِ کتابِ بحار مین نقل کی ہی اوسکی سند اعتقاد پر حوالہ رکہی ہی کہ شہرِ مدینہ طیبہ مین ایک عورت زانیہ رہتی بسببِ فحبہ گری کی شہرت حالانکہ رکہتی اوسکی ہمسایہ مین قدیم سی مردِ مومن کا گہر تھا + وہ ہمیشہ ماتمِ امام حسین علیہ السلام کی مجلس مین نامور تھا وَکَانَ عِنْدَهٗ ذَاتَ یَوْمٍ رِجَالٌ یُنْشِدُوْنَ وَیَبْکُوْنَ عَلَی الْحُسَیْنِ فَاَمَرَهُمْ بِاصْطِنَاعِ طَعَامٍ بعادت معہود ایک روز بہت لوگ اوسکی مکان مین فراہم آئی ذاکر کی بیان پر مصیبتِ سیّد الشہدا مین قت وشیون کی علم اٹھائی پھر کہانا کہلانی پلانی مین مرد با ہمت تھا خورش اہل بکا کی واسطی پختنِ طعام کو امر کیا فَاَخَذَتِ الْمَرْاَةُ الْفَاحِشَةُ تُرِیْدُ نَارًا وَاِذَا بِالنَّارِ قَدْ اِنْطَفَتْ مِنْ غَفْلَتِهِمْ بِهَا پس عورت فاحشہ کو نار درکار ہوئی ہمسایہ سی دہوان اوٹہتی دیکہا وہان آگ اپنی کوئی چولہی مین غفلت سی اہلِ خانہ کی آتش خاموش پائی سب لوگ جہڑنی مین مصروف تہی اشتعال کو کسی نی لکڑی نہ لگائی فَمَا زَالَتِ الْفَاحِشَةُ بِالنَّفْخِ سَاعَةً حَتّٰی اِنْتَفَخَتْ یَدَاهَا وَاحْمَرَّتْ عَیْنَاهَا وہ زانیہ چولہی کی برابر جا کی بیٹہی منہ سی چند مرتبہ پہونکتی رہی آگ سلگانی مین اوسکی ہاتہ ذرا جلگئی دہوین سی قطرات اشک آنکہو نکی نکلی اور یہی فَلَمَّا اَوْقَدَتْ اَخَذَتْ مِنْهَا وَمَضَتْ لِقَضَائِهَا

چالیسویں مجلس عورت زانیہ کا بخشا جانا حرم امام کو دربار یزید میں لانا

تمام پیہا جب آتش خوب روشن ہو چکی اوسمیں سی تہوڑی بقدر حاجت لی اپنی گہر میں پہر مراجعت کی رفع ضرورت میں سرگرم مقصد ہوئی فلما صار الظهر وكان الوقت صائفا فرقدت وكان لها عادة بالقيلولة ساعة ہر گاہ دوپہر کو وقت ظہر ہوا + وہ موسم شدت گرمی کا تھا عورت خواب قیلولہ کی روز عادی تہی پر سر دوپہر کی ایک ساعت سو رہی واذا هي ترى طيفا كان القيامة قامت ناگاہ عالم رویا میں میدان ہولناک دیکھا کہ عرصۂ محشر پر یوم قیامت برپا ہوا اور دہوپ کی گرمی کی شدت ہجوم و انبوہ خلائق بکثرت دار و گیر میں ملائکہ عذاب کی سختی اور شدت عقوبات شور و غل میں لوگ تباہ + زبان پر وفور عطش سی نالہ و آہ ہنگامۂ وانفسی ہر طرف ہوش ربا + واقعہ دہشت میں گویا نفخ صور کا [illegible] صراط کی راہ باریک اور پر خطر سی جی ڈرتا + میزان کی تول نا [illegible] عذاب کا خیال سب کی جان پر بنی مرنی کی آفت ہی ہول گئی واذا بجهنم يقصفونها بسلاسل من نار وهم يقولون يا زانية غضب الله عليك وامرنا بان نلقيك في قعر جهنم ناگاہ فرشتہ ہای باہیبت و خوف زبانیۂ جہنم کی ساتھ دوڑی + وہ جہنم آتش سوزاں لی اوس عورت کی سمت بڑہی چلاتی تہی ای فاحشہ خدائی تیری اوپر غضب نازل کیا ہی ہمکو واسطی قہر و زجر تیری الہی کو بہیجا وهي تستغيث فلا تغاث وتستجير فلا تجار جب گذرا الٰہی میں او پکڑا + بی دردی سی جانب سقر کہینچا + ہر چند مددگار و یار کو پکاری + فریاد و استغاثہ میں بہت جان ماری کوئی بچانی والا نہ پایا + بیکسی اور عاجزی میں ایک حامی نہ آیا قالت والله لقد صرت على شفير جهنم وہ بیان کرتی ہی قسم خدا کی

چالیسویں مجلس عورت زانیہ کا بخشا جانا حرم امام کو دربار یزید میں لانا

جبھی لیکی چلی تاکہ مارتی ستاتی سنا جہنم پر پہنچی چاہا کہ قعر میں اولٹا گرا دیں جیسے
ہر ایک پاداش گناہ میں جلا ئیں وَاِذَا بِرَجُلٍ اَقْبَلَ یَصِیْحُ بِہِمْ خَلُّوْہَا
ناگاہ جوان رعنا مانند رحمت خدا پایا کہ حالت یاس و نومیدی میں گوشہ سی آیا بزبان
شفقت و مہربانی فرشتوں کو پکارا میری رہائی کی واسطی حکم فیض توام دیا اس ضعیفہ سے
مزاحمت نکرو یہ بیچارہ کو چھوڑ دو قَالُوْا یَا بْنَ رَسُوْلِ اللّٰہِ وَمَا سَبَبُہٗ
عرض کی ای فرزند رسول کیا سبب ہی جو اس زانیہ پر رحم کہاتی ہو جناب باری سے
اوسکی عذاب کو فرمایا تم رہائی دلاتی ہو قَالَ نَعَمْ اِنَّہَا دَخَلَتْ عَلٰی قَوْمٍ یَبْغُوْنِیْ
عِرَاقِیْ وَقَدَّاَوْ قَدَتْ لَہُمْ نَارًا یَجْمَاوُوْنَ بِہَا طَعَامًا ارشاد کیا بیشک یہ زانیہ
عقوبت تہی جیسا کہ رب کریم نی تمکو اوسکی حقیقت کہی لاکن وہ میری عزاداروں کی گہر میں گئی
جو بیان مصیبت پڑہتی روتی تہی اونمیں جبھی جب چولہی پر کہانا پکتا تھا اوسکی آتش کی
روشن کیا یعنی ایندہنا اوس سی طعام پکا اس واسطی قدری وہ جو ان آنکھوں میں کہیا السنہ کی طرح
عفو و آمرزش کا ملا اب مقام عتاب اور موا خذہ گناہ باقی نرہا فَقَالُوْا کَامْتِثَالٍ
یَا بْنَ الشَّافِعِ وَالسَّاقِیْ فرشتوں نی کہا بہت خوب ای فرزند شافع محشر ہماری
تعمیل تیری ارشاد کی طاعت ہی جو تو کہی وہ مرضی رب العزت ہی قَالَتْ فَقُلْتُ
مَنْ اَنْتَ الَّذِیْ مَنَّ اللّٰہُ عَلَیَّ بِکَ زن زانیہ کہتی ہی جب میں نسیہ ہوا کی
رہائی پائی دم ٹھہرا جان میں جان آئی تو اوس بزرگ سی پوچھا ای مسیحای دردو بلا
عاجز و بینوا شافع ہر جرم و خطا تو کون جو اس حالت یاس میں کام آیا تیری خاطر سے
خدا نی مجھی آمرزیدہ فرمایا قَالَ اَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ عَلِیٍّ فرمایا میں حسین فرزند علی
ہوں دلبند رسول شہید کربلا ہوں فَانْتَبَہْتُ وَاَنَا مَرْعُوْبَۃٌ وَمَضَیْتُ اِلٰی

چالیسوین مجلس عورتِ زانیہ کا بخشا جانا حرمِ امام کو دربارِ یزید مین لانا

اَلْمَجَالِس فَبَلْاَنْ يَتَفَرَّقُوْا وَحَكَتْ لَهُمْ اوس عورت نی کہا مین خواب سی ڈرتی لرزتی اوٹھی مجالس مین عزاداروں کی دوڑتی گئی پیشتر ان لوگونکی متفرق ہوجانی کی پہنچی اور ننی یہ ساری حکایت اپنی بیان کی فَتَعَجَّبُوْا وَقَامَ الْبُكَاءُ وَالْعَوِيْلُ اوس مجمع نی یا حال سنکی تعجب کیا فرطِ شوق مین رقت اور شیون کو بڑہایا وَتُبْتُ عَلٰى اَيْدِيْهِمْ مِنْ فِعْلِ الْقَبِيْحِ رو برو حضار اشکبار کی مین دعای توبہ پڑہی اپنی کردار سی پشیمان ہوئی ترکِ امر قبیح مین نیت کی سبحان اللہ غلامانِ مولا دیکہا تمنی اقتدار و اختیار سید الشہدا کا اور معبانِ آقا ثنا وہ پایہ و کرم نسبتِ امام حسین علیہ السلام کی ربِ علا کا نظم لمولفہ کیا مرتبہ ہی امام فرزندِ نبی ہی بخشش کا وسیلہ یہ خفی اور جلی ہی ہی آہ جگرسوز درِ خلد کی مفتاح ہی یہ راہ صفا تو صدہیون سی کہلی ہی آسیا وسعتِ رحمت ہی ذرا غور سی دیکہو قیمت درِ شہوار کی آنسو نکو ملی ہی ہرچند گنہگار ہون شبیر کی غمخوار اندیشہ نہین ہاتہ مین دامانِ علی ہی اللہ سی توفیق طلب کرتا ہی ناظر لکہی وہ مصیبت کہ سند جسکی ملی ہی

مجلس اکتالیسوین دربارہ مدینہ و داخلِ حرمِ امام شہید و سرِ جنابِ سید الشہدا

اشکبارانِ منزلِ اندوہ و ملال و بیقرارانِ محفلِ زاری و ابتہال و حاشیہ نشینانِ مسندِ ماتم و صدرِ گزینانِ وسادہ غم و الم ہمرگردانانِ بازار و کوچہ احزان و ایستادگانِ دربارِ نوحہ و فغان مستوراتِ حکایات کو وقود الحرم کی دربارِ یزید بانی ستم مین تشنہ نالہ و فریاد سی بند ہاراہِ بیابانِ بیان سی یون آتا نظر کرتی ہین کہ جب واقعہ آید اسیرانِ کربلا و سرہای شہدا اوس بیحیا کی سناد اور سب اسبابِ جشن و خوشی کو اپنی دیدہ منا آمادہ دیکہا حکم دیا کہ عمارتِ خلافت کو و آسطی دربارِ عام کی آراستہ کرو جا بجا زینت افزا

چالیسویں مجلس بارگاہ یزید میں زینت بڑہانا اہلبیت کا خرابہ سے روبرو جانا

دبدبہ شوکت کی سامانِ دل خواستہ مہیا رکہو بلانہ مان بی ایمان فی حسب الامر کارکنان
کی در و دیوار ایوان کو اندر سے باہر تک صفائی دی پہر کو آبشارِ دیدۂ حسرت سے لبریز بہرا
چمن میں خزانِ باغ رسالت سے رنگا رنگ غنچہ یاس کہلا فرش ہای دیبای رومی اور قصب
مصری سطحِ شقاوت میں بچھائی پردۂ زربفت زنبوری طاق و محرابِ شناعت پر لٹکائی
آئینِ صورت نمائی اعمالِ ناہنجار مقابل میں رکہی حباب آبلۂ دلِ احباب کی قندیل وار
باندہی عود و سوز بخاراتِ سینۂ پرکینہ کی ہر طرف دہری گلدستی شگفتگی حدیقۂ مراد کی قرینہ سی
چنی تختِ عاج کو بصد زیبِ ملاست وسط میں عمارت کی نصب کیا اوسکی گرد و پیش کرسیوں کو
واسطی جلوس امراکی پایتخت ملاء دربان اور چوبدار بہ دست بستہ میں کہڑی ہوئی دروازون
چوکی پہری کی سپاہی دہری سپاہیات کہر دیوانِ جور و طغیان کی آرائش میں اہتمام رہا +
جسکو بارگاہِ فرعون اور شداد سی زیادہ دارالظلم مرتب ہوا روز [illegible]
بزرگانِ شام کو اذنِ عام تہا ہر محلہ میں منادی کی زبان پہ خلقت کو دعوتِ عشرت کا پیام
تہا جو چاہی سر بریدۂ فرزند رسول اور بندی اولاد بتول کی ذلت و خواری میں آکی دیکہی
امیر الفاسقین ہی کہ خوشی اور شادی ہی [illegible] فراہم آکی بیٹہی یزید نی [illegible]
نمائش کی لباس فخر و مباہات پہنی تیغ خونریزی سادات کی کمر عداوت میں باندہی تاج [illegible]
درِ یاقوت رسوائی کا سر پہ دہرا قصد میں جلوس مسند ضلالت کی اپنی محل سرا سے نکلا +

عَنِ الْفَضْلِ قَالَ سَمِعْتُ الرِّضَا عَلَيْهِ السَّلَامُ يَقُولُ لَمَّا حُمِلَ رَأْسُ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِلَى الشَّامِ اَمَرَ يَزِيدُ فَوُضِعَ وَنُصِبَ عَلَيْهِ مَائِدَةٌ

کتاب بحار میں فضل کی زبانی روایت کی ہی + حضرت امام رضا سی یہ حدیث سنی ہی
ہر گاہ سرِ امام حسین علیہ السلام و قیدیانِ اولادِ سبطین وارد شام ہوی دن بہر کوچہ بازار میں

چالیسوین مجلس یزید کا حاضری سر و کہانا اہلبیت کا دربار مین آنا

تشہیر ہو کی سکان خراب مین اونہی یزید نی اکابر قریش کی اکل و شرب مین ستر خوان بچہوایا خوان سالار نی جب ہر طرح کا طعام لذیذ بساط پر پہیلایا فَاَقْبَلَ هُوَ وَاَصْحَابُهٗ یَاْکُلُوْنَ وَیَشْرَبُوْنَ الْفُقَّاعَ اپنی اصحاب کاسہ لیس کو ہمراہ لیکی مائدی پہ بٹہایا بریانی دل محبان و کباب جگر ایمان سی کہانا شروع کیا ندیمان بزم کفر کی ساتہہ پیمانہ نبیذ کو دور عشرت مین پیا جب وہ حریص لقمہ حرام کسی خونخوار بدمست کو جام دیا سلام کر کی لیتا فَلَمَّا فَرَغُوْا اَمَرَ بِالرَّاْسِ فَوُضِعَ فِیْ طَسْتٍ تَحْتَ سَرِیْرِہٖ ہر گاہ وہ بادہ نوش خم جور و ظلم سرخوش ہوا دو اسطی حاضری سر انور کی اپنی روبرو خدام سی کہا پس ایک طشت طلا مین سر نو باوہ پیمبر کو لائی اور ساتہہ اوس سر وارث شہدا کی رؤس اقربا اصحاب بہی آئی کتب فارسی مین لکہا ہی کہ شمر مرد چالاک عیار تہا دریافت ضمیر یزید کی لیئی سنان کو سر انور دیا کہ تو اپنی ہاتہہ مین سامنی لیجا وہ مردود جو فرق خون آلود لیکی بہ فخر و مباہات مین ان ابیات کو پڑہا اِمْلَاْ رِکَابِیْ فِضَّۃً اَوْ ذَہَبًا اَیْ قَتَلْتُ الْمَلِکَ الْمُحَجَّبَا یعنی بہر دی میری رکاب تک زر و سیم کا صلہ کہ مینی بڑی پادشاہ کا سر تن سی اوتارا قَتَلْتُ خَیْرَ النَّاسِ اُمًّا وَاَبًا وَخَیْرَہُمْ حَسَبًا وَنَسَبًا جو ماں باپ سی بہترین خلایق تہا اوسی قتل کیا افضل و اشرف حسب و نسب کا تہہ مارا یزید پلید کی غضب مین آیا بولا اگر ایسا جانتا تہا تو کیوں لیوہایا وَبُسِطَ عَلَیْہِ رُقْعَۃُ الشِّطْرَنْجِ وَجَلَسَ یَزِیْدُ یَلْعَبُ بِالشِّطْرَنْجِ اوسوقت بساط شطرنج کو بچہایا یزید نی اپنی حریف سی مہرہ بازی لگا یا دین کی نقد کو قمار مین ہارا دنیا کو لہو و لعب کی داؤن جیت مارا وَیَذْکُرُ الْحُسَیْنَ وَاَبَاہُ وَجَدَّہٗ وَیَسْتَہْزِءُ بِذِکْرِہِمْ مشغلہ چال مین امام حسین علیہ السلام اور جد و پدر کو ذلت سی یاد کرتا اور ان ممدوح خدا کی ذکر سی استہزا

چالیسوین مجلس شراب نشاط پینا یزید کا ور روبرو منگانا سرہا و عترت امام شہید کا

ہوکی شعر پڑہنا فمتی اقم صاحبہ تنا والقعاع فشربہ ثلاث مرات
ثم صب فضلتہ مما یلی الطست من الارض جو یار شاطر کو مات کرلیتا
تو پیمانہ چہلکا کی شراب کا پیتا تین جام چڑہا کی تہ جرعہ اوس طشت مین ڈالتا جسمین
سر امام حسین علیہ السلام رکہا زمین پر دہرا تہا قال یا حسین لقد اسرع الیک
الشیب جب ہوا رخسارہ امام حسین علیہ السلام کی طرف چلتی محاسن کی بال پریشان
کردیتی یزید کی نظر موی مبارک پر جو پڑی خضاب خون کی بیچ سفیدی دکہائی دی تو بولا
یا حسین تمکو جلدی پیری نی گہیر لیا مانی ضعیف اور بڈہا کیا عن سہل ابن سعد
قال وضع راس الحسین علیہ السلام فی حقۃ و دخلوا علی یزید
دوسری روایت مین سہل ابن سعد نی کہا سر امام حسین علیہ السلام کو ایک ظرف مین یزید کی
روبرو لیجا کی رکہا فدخلت معہم وکان یزید جالسا علی سریرہ وعلی
راسہ تاج مکلل بالدر والیاقوت وحولہ کثیر من مشایخ
قریش پس مین بہی اون سروں کی پیچہی دربار مین گیا یزید تخت پر بیٹہا تاج
مرصع موتی اور یاقوت کا پہنی ہوا اوسکی اطراف مین صدہا مشایخ بنی امیہ اور قریش کا
جلسہ دیکہا ہرگاہ وہ سر پرنور مانند آفتاب روز افروز عرصہ نگاہ مین چمکا تمام اہل شام
تماشی کو بہم دو ہم ہوا ہر ایک اپنی جا سی کہڑا ہو کی آگی بڑہا وا ویلا عجب صورت کا
دنیا مین نظر پڑا فرق فرقدین سا ملاحظہ مین سر عریان بانوان کی پر غبار زلف معنبر سا
سی گیسوی پریشان خواہران ابو مین سرشار پیشانی نورانی شکستہ جبہہ زینب خاتون
سی نگار ابروی ہلال نا گرفتاری اعداسی حرم کی ساتہہ زخم ارہ دیدہ حق بین سکینہ کی
چشم نمائی شمر سی سقرو حہ رخسارہ جدا سا لالہ عارض فاطمہ سی داغدار و مجروح بیتی

چالیسویں مجلس دربار یزید کی زینت بڑھانا اہلبیت کا خرابہ سی بارگاہ مین جانا

بیچارہ باغِ عیال پیمبر بوی راحت سی مشام سدہ و دلہای گلبرگ نزاطفال کی پژمردگی

بشدت خشک اور کبود ہو دہانِ دُرجِ گوہر تابِ گوتی بدو بانون کی عسرت سی ناکام

طلاقت ذوقِ رشکِ کوثر اہلبیت کی غرقابیِ چاہِ بلاسی فتادہ بحرِ حیرت گوش مطہر

سکانکی شکاف سی اُمّ کلثوم کی خون آلودہ گلوی سنورِ طوق سی گردنِ اولاد کی قطعِ رگ

جان مین فرسودہ محاسنِ سفید جو کی نیلِ تازیانہ پشت سی سیاہ خالِ جبینِ خجلِ تابِ

طعنہ دشمن کا آماجگاہ صورتِ مبارکہ سلسل ہونی سی زین العابدین کی حلقہ کاکل مین

گرفتارِ قدہای تارک بیجی آنی مین اسیرانِ حرم کی خنجرِ الم سی دو چارہ خلاصہ سبزہ طیبان شامر کو

تابِ کی خورشیدِ چہرہ بی اندہا کمیاد دیکھنی سی اوس مہرِ فلکِ رسالت کی ہر شخص کو سکتہ ہوا

جو مردم کہ چشمِ شفاعت نورِ الہدیٰ خیر الوریٰ سی رکہتی تہی ضیای دیدہ مصطفیٰ کی سر گشت

بیتابِ رو تی تہی وہ وہ لوگ جو شبیہ علیِ مرتضیٰ کو ایمان سمجہاتی تہی صورتِ سید الشہدا سیکی اندوہ

قلق مین جان کہوتی تہی ثُمَّ اُدْخِلَ ثِقْلُ الْحُسَیْنِ وَنِسَاؤُہٗ وَمَنْ تَخَلَّفَ مِنْ

اَهْلِہٖ عَلٰی یَزِیْدَ وَهُمْ مُقَرَّنُوْنَ فِی الْحِبَالِ بعد ازان یزید نی حکم دیا کہ خواہر و دختر و

اولاد امام حسین علیہ السلام کو دربار مین لاو اور اونکو اسیر و مبتلای خواری و زاری

دوستونکو دکہاو کو فیانِ جفا پیشہ سکانِ خرابہ مین جاکی پکاری اِی اہلِ رسول اوٹھو چلو

سب اہلِ دربار منتظر ہین تمہاری بعضی لوگون سی ایران کی سنا ہی کہ قوم عرب مین دستور تہا

جب اسیرانِ خاندانِ امرا و سلاطین کو روبروی حاکم لاتی ہین تو چادر اوڑہا کی اور

کمر مین رسّی باندہکی بڑہاتی ہین تا حلقِ ناظرین اونکی عظمتِ قبیلہ کو جانین ترقی اور شوکت

اسلام و ذلتِ کفر کو پہچانین اسیت سیدین فی آلِ طہٰ و یاسین کو بہی ویسا ہی خوار بنایا

سارا قافلہ ایک رسن مین باندہکی دار الفساد کو بڑہایا اہلِ حرم کو اندیشہ تہا دیکہین یزید

چالیسوین مجلس المحرم کو دربار مین لانا یزید کا اپنی گھرا ونہین بچہ انا

امام زین العابدین کو شہید کری یا چھوڑ دی اور ہم عورات بی وارث کو کیا دکھہ پہنچائی کونسا کلام
بیہودہ کہی نا سنا بیہ خوف سی لرزتی ماری غیرت کی پانو آگی نہ بڑہتی وہ دختر امیر المومنین
جو قدمین بلند بالا تہین کنیز وکی آرمین جاتین زبانِ حال سی زینب خاتون سبکو تسلی فرماتین
ای خواہران دربدر آج ہماری مصیبت بھاری ہی بمقابلہ مین صد ہزار ذلت ورسوائی کی
بیقراری ہی بہنہ پر آستین شکیبائی رکھو سرکی بالون سی چہرکا پردہ کرو اگر سخت سنو
تو نرم جواب دو وہ کوئی برا بہی کہی تو اچہا سمجھو امام زین العابدین کی نزدیک گئین آواز درد
انگین سی آہستہ بولین ای فرزند برادر یزید سی کلام درشت درمیان مین نہ لانا اوسکی گفتار
ناہنجار سی جلال مین نہ آنا راہِ صبر مین ہم کہا نا مبادا وہ خونخوار تمکو ہماری ہاتھہ سی کہوئی
خدا نکردہ نسلِ رسول اولاد بتول دنیا سی قطع ہوئی راوی کہتا ہی ایک رسی تنی کہ جس کی
کشان کشان جاتا تہا بانون کا پرا چارون طرف سی خلق کو ہٹاتا امام زین العابدین علیہ السلام
کی روایتِ مشہور ہی زبان اہل سیر پر اوسکا مذکور ہی نحن اثنا عشر رجلاً مغلولون
یعنی ہم بارہ آدمی ایک ساتھہ طوق پوش رسی مین جکڑی تہی جیسی قصاب گوسفند
قربانی کو باندھکی لیجاتا ہی ویسی ہتہکڑی پڑی تہی گلو نمین اونکو ہاتھہ لگی تہی سینہ نمین دم
رکی تہی زینب خاتون کو سید سجاد کا بڑا دہیان تہا اونکی حال مین ہر وقت تشویش کا سامان
دل ہراسان تہا جب بندی آلِ رسول کی زینۂ ایوان پر چڑہنی لگی زین العابدین کو بسبب لنگر
طوق وزنجیر اور نقاہت بدن کی اوپر جانی مین دقت پڑی لاچار توقف مین زینب ڈری
مبادا ستمگر دیکھی تازیانہ لیکی ماری ام کلثوم کو پکاری ای خواہر دوڑو اس ناتوان کی مدد کرو
جب وہ دونو بناتِ زہرائی ارادۂ دستگیری کیا نا چاہی مین ہاتھہ جو بندہی تہی بازو کا
سہارا دیا اندر جا کی ہجوم مردانی مین پہنچی ساری اسیر مقابل فرعون ثانی کہڑی ہوئی زینب

چالیسویں مجلس دربار یزید کی زینت بڑھانا اہلبیت کا خرابے سی بارگاہ میں جانا

بیمار ماغی عیال پر بوی راحت سی مشام مسدود لبہای گلبرگ نو اطفال کی پژمردگی
بشدت خشک اور کبود دہان درج گوہر تلخ گو تی بدنہ بانون کی عترت سی ناکام
طلاقت ذوقِ رشکِ کوثر اہلبیت کی غرقابی چاہِ بلاسی فتادہ بحرِ حیرت گوشِ مطہر
سکینہ کی شگاف سی اُمّ کلثوم کی خون آلودہ گالوی سنور طوق سی گردنِ اولاد کی قطع رگ
جان میں فرسودہ حجابِ سفید بچوں کی نیلِ تازیانہ پشت سی سیاہ خالِ جبینِ ننگ
طعنۂ دشمن کا آیا جگاہ صورتِ مبارک مسلسل ہوئی سی زین العابدین کی حلقۂ کاکل میں
گرفتار قفای تاریک میں آئی میں اسیرانِ حرم کی خنجرِ الم سی دوچار خلاصہ شہرہ طبعانِ شام کو
تابندگی خورشید چہرہ سی اندھا سیاہ دکھنی سی اور جہرِ فلکِ رسالت کی ہر شخص کو سکتہ ہوا
جو مردم کو چشمِ شفاعت نورِ الٰہی کی خیر الوریٰ سی رکھتی تھی ضیای دیدۂ مصطفیٰ کی سرگذشت
بیتابیِ مردانی تھی وہ لوگ جو شبیہِ علی مرتضیٰ کو ایمان پہچانتی تھی صورتِ سید الشہدا پر کہ اندوہ
قلق میں جان کھوتی تھی ثُمَّ اُدْخِلَ ثِقَلُ الْحُسَیْنِ وَنِسَاؤُہٗ وَمَنْ تَخَلَّفَ مِنْ
اَهْلِهٖ عَلٰی یَزِیْدَ وَهُمْ مُقَرَّنُوْنَ فِی الْحِبَالِ بعد ازان یزید نی حکم دیا کہ خواہر و دختر و
اولاد امام حسین علیہ السلام کو دربار میں لاؤ اور اونکو اسیر و مبتلای خواری و زاری
دوستونکو دکھاؤ کو فیانِ جفا پیشہ سکانِ خرابہ میں جا کی پکاری ای الِ رسول اوٹھو چلو
سب اہلِ دربار منتظر ہیں تمہاری بعضی لوگون سی ایران کی شاہی کہ قوم عرب میں دستور تہا
جب اسیرانِ خاندانِ امراء و سلاطین کو روبروی حاکم لاتی ہیں تو چادر اوڑھا کی اور
کمر میں رسّی باندہ کی بڑھاتی ہیں تا حلقِ ناظرین اونکی عظمتِ قبیلہ کو جانیں ترقی اور شوکت
اسلام و ذلت کفر کو پہچانیں اسیت بیدین نی آلِ طٰہٰ و یاسین کو بہی ویسا ہی خوار بنایا
سارا قافلہ ایک رسّی میں باندہ کی دار الفساد کو بڑھایا اہلحرم کو اندیشہ تہا کہ ہمیں یزید

چالیسوین مجلس المحرم کو دربار مین لانا یزید کا اپنی گھرا ونہین بیجوانا

امام زین العابدین کو شہید کری یا چھوڑ دی اور ہم عورات بی وارث کو کیا دکھ پہنچائی کونسا کلام
بیہودہ کہی مانند بید خوف سی لرزتی تہی ماری غیرت کی پانو آگی نہ بڑہتی ہوہ دختر امیر المومنین
جو قد مین بلند بالا تہین کنیزونکی آڑ مین جاتین زبان حال سی زینب خاتون سبکو تسلی فرماتین
ای خواہران دربدر آج ہماری مصیبت بہاری ہی مقابلہ مین صد ہزار ذلت و رسوائی کی
بیقراری ہی منہہ پر آستین شکیبائی رکھو سرکی بالون سی چہرہ کا پردہ کرو اگر سخت سنو
تو نرم جواب دو وہ کوئی برا بہی کہی تو اچھا سمجھو امام زین العابدین کی نزدیک گئین آواز درد
انگین سی آہستہ کہتی تہین ای فرزند برادر یزید سی کلام درشت درمیان مین نہ لانا اوسکی کہنا
ہاتہہ سی جلال مین نہ آنا راہ صبر مین قدم رکھنا مبادا وہ خونخوار تمکو ہماری ہاتہہ سی کہوئی
خدا نکری نسل رسول اولاد بتول دنیا سی قطع ہوئی راوی کہتا ہی ایک رسی مین تنی جکڑی
کشان کشان جاتا تہا نون کا پرا چارون طرف سی خلق کو ہٹاتا امام زین العابدین علیہ السلام
کی روایت مشہور ہی زبان اہل سیر پر اوسکا مذکور ہی نحن اثنا عشر رجلا مغلولون
یعنی ہم بارہ آدمی ایک ساتہہ طوق پوش رسی مین جکڑی تہی جیسی قصاب گوسفند کی
قربانی کو باندہکی لیجاتا ہی ویسی بی پہرہ کڑی تہی گلو مین آنکہ ہاتہہ لگی تہی سینہ مین دم
رکی تہی زینب خاتون کو سید سجاد کا بڑا دہیان تہا اونکی حال مین ہر وقت تشویش کا سامان
دل ہراسان تہا جب بندی آل رسول کی زینہ ایوان پر چڑہنی لگی زین العابدین کو بسبب سنگینی
طوق و زنجیر اور نقاہت بدن کی اوپر جانی مین وقت پڑی ایسہ توقف مین زینب ڈرتی
مبادا ستمگر دیکہی تازیانہ لیکی ماری اُم کلثوم کو پکاری ای خواہر دوڑو اس ناتوان کی مدد کرو
جب وہ دونو بنات زہرائی ارادۂ دستگیری کیا ناچاری مین ہاتہہ جو بندہی تہی بازو کا
سہارا دیا اندر جاکی ہجوم مردانی مین پہنچی ساری اسیر مقابل فرعونِ ثانی کھڑی ہوئی تہین

چالیسویں مجلس دربار یزید میں حرم کا داخلہ فاطمہ و زینب دختر امام کا نالہ

خاتون اور اُمّ کلثوم نے اپکو کنیزوں کی بیچ میں چھپایا دیدۂ نامحرموں سے منہہ کو پھرایا فَلَمَّا وُقِفُوا بَيْنَ يَدَيْهِ وَهُمْ عَلٰى تِلْكَ الْحَالِ ہرگاہ مسافرانِ کربلا کی صف روبروی تختِ یزید کھڑی ہر ایک ظالم کی نظر اونکی سر وصورت پریشان پر پڑی ہای ہای اونکا حالِ تباہ سے دیکھا خدا کسی کا ایسا درجہ نکری جو اونکا ہوا رشتہ جبر و جفا دست وگردن و کمر میں بندھا تھا سر سے پیر تک شبیہ بربادی اور ابتری کا مرقع کھنچا تھا میلی کپڑی جا بجا سی پھٹی ہوئی بی چادر و مقنعہ در و بند سر کھلی ہوئی پردۂ رخسار کو بال بکھری اور وہ بھی گرد و خاک سے بھری دہوپ کی ماری رنگِ عارض سونلای کثرت بکاسی آنکھوں میں حلقی پڑی ہونٹھ پہ پپڑی کسی کا گوش دریدہ لہو جما ہوا کسی کا ماتھا شق زخم ابھرا ہوا کسی کا فرق بھالی کی انی سے پھٹا کسی کی اوپر نشان تازیانوں کی نیل کا کسی کی منہہ پر سیاہی نوک کی لہو کی شرم سی گردن نیچی زمین کو جھکی ہوئی مثالِ عندلیب تصویرِ خاموش بزرگ سلسلۂ قید بلا میں از خود فراموش اونکی عریانی اور تباہی میں نظر کو رفت سے فرصت نہیں سرگردانی اور ناچاری پر سنگ دل کو بھی ضبط کی قوت نہیں قَالَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَا يَزِيْدُ بَنَاتُ رَسُوْلِ اللّٰهِ سَبَايَا او ستم شعار و ستمگار ہو کی فاطمہ دختر امام حسین علیہ السلام نی کہا ای یزید یہ ہجوم عام نامحرموں کا اور غارت زدہ رسول خدا کا کنبہ ہم بہو بیٹیاں پیغمبر کی بی چادر کھلی سر اونکی روبرو آویں نا ستی اسیران کنبہ کا کھڑی ہو کی بلوی میں دکھہ پاویں یہ لوگ ہمیں خوار و زار دیکھتی ہیں اہلبیت نبی یا غم سی اس گھڑی مرتی ہیں فَبَكَى النَّاسُ وَبَكٰى اَهْلُ دَارِهٖ حَتّٰى عَلَتِ الْاَصْوَاتُ یہ بین سنکی ساری حضار دربار نی بے اختیار گریہ کیا رو دیا اور گھر یزید کی بھی شیون اور فریاد سی کہرام ہوا با وجود بی رحمی کی سکون نہ رہا زن و مرد شام نی نوحہ اور نالہ بلند کیا قَالَ لَهٗ عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ اَنْشُدُكَ اللّٰهَ

چالیسویں مجلس دربار یزید میں حرم کا داخلہ فاطمہ زینب دختر و خواہر امام کا نالہ

یا یزید و ما ظنک برسول اللہ لو رآنا علی ہذہ الحالۃ اوسوقت سید سجاد نے یزید سے خطاب فرمایا ای ظالم تجکو خدا کی قسم دیتا ہوں سچ بتا تیری گمان میں کیا آتا ہے اگر ناناِ خیر الوریٰ تجکو اس طور ذلیل و خوار کہ ہر زن و مرد عترت کو رسّی میں بندھا آشنا و بیگانہ کا محلِ تماشا دیکھیں تجہی کیا کہیں وہ بانی جفا سنہ پھرا کی چپ ہو رہا ثم وضع رأس الحسین علیہ السلام بین یدیہ واجلس النساء خلفہ لئلا ینظرون الیہ اس کلام امام سے خجل ہو کے سر سید الشہدا علیہ السلام کو اپنی پاس رکھوایا اور اہل حرم کو بلاکی پشت تخت بٹھایا تا کہ وہ سر امام حسین علیہ السلام پر نظر نہ کریں اور کی دل اور جگر سوز آتش حسرت میں زیادہ نہ جلیں ثم اقبل یزید علی اہل مجلسہ فقال ان ہذا کان یفخر علیّ بعد ازان اہل مجلس کو سنایا کہا یہ اوسکا سر ہا سارا کنبا میرا بیان گٹہاتی جو میری اوپر فخر و مباہات کرتا تھا و یقول ابی خیر من اب یزید و امی خیر من ام یزید فرماتا کہ میرا باپ حیدر صفدر بہتر ہے یزید کی پدر اور ماں فاطمۃ الزہرا اشرف و بہتر ہے یزید کی مادر سے و جدی خیر من جدہ و انا خیر منہ فہذا الذی قتلہ ارشاد کرتا کہ نانا میرا پیغمبر افضل بشر اور ہی جد یزید اور میں حسین بن علی کا لال اور اعلیٰ ہوں خود یزید سے پس دیکھو اب کیسا مارا گیا سر و تن پھر لاش کو سم مرکب نے روندا گہر بار لٹا زن و فرزند کا قافلہ اسیر ہو کے بیت ہیں لشکر سے آلایا و اما زینب علی فانہا لما رأت اخوہا الحسین اخوت جیبہا فشقتہ راوی کہتا ہے کہ زینب خاتون دختر علی مرتضیٰ علیہا السلام نے جو سر برادر کو طشت طلا مقابل تخت یزید دیکھا شدت زاری اور حالت بیقراری میں دلکو یارای ضبط نہ رہا دست اندوہ کہ گریبان پیراہن پر ڈالی بے اختیار جامہ صبر کیا پارہ ثم نادت بصوت

جانشیون مجلس الجرم کو دربار مین لانا یزید کا اپنی آونہین بجوانا

حَزِيْنٍ تَفَزَّعُ الْقُلُوْبَ يَاحُسَيْنَاهُ يَاحَبِيْبَ رَسُوْلِ اللّٰهِ نالہ حزین و اندوہگین سی بھائی کو پکاری کہ سامعین کی چھاتی اوس نعرہ جانسوز سی پھٹتی کسیکو طاقت ضبط نرہی یا مظلوم حسین ای نور عین رسول الثقلین ای پیاری فرزند سید کونین ای سرپرست ہر غریب و بیمار ای بیوہ اور یتیم کی پرستار ای کہانا دینی والی بہوکون کی ای تہما کرنیوالی بیچارونکی یَابْنَ مَكَّةَ وَمِنىٰ يَابْنَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَاءِ سَيِّدَةِ النِّسَاءِ ای صاحب مکہ و منی کی لاڈلی ای چشم فاطمہ زہرا کی او جیالی ای سبط محمد مصطفی یا بن بتول سیدۃ النسا زبان حال سی یہ مقال کی پھر بہادر سی اپنی سرگذشت انہال کہی ای بہائی بنظر حسرت ہماری طرف دیکھو جو صدمات غم اور دکہ اوٹھاتی مین غور کرو کی ہاتہہ رسن مین بندہی ہین بلوای عام مین بی مقنعہ اور چادر کہلی سر مانند گنہگاران کہڑی ہین ساری اسیر ہوی ہین تمہاری بیٹیان تشہیر ہوی ہین زین العابدین بیمار کو بہاری طوق پہنا یا زنجیرین باندہا سکینہ کو روتی پیٹ کر زور سی طمانچہ مارا فاطمہ کا گوشوارہ چہینا بیرحمی سی کان چیر کر لہو بہا گہر مین اکی اسباب لوٹا خیمہ جلا کی پردیسی باہر نکالا در حسرت لوٹا شتر بی کجاوہ پہ ہمکو بٹہایا نا ہموار سواری نی چند بار زمین پر گرایا ہر شہر و قریہ مین ذلیل و خوار پہراتی لائی منزل ویران اور پر زحمت مین ٹہراتی آئی اب و طعام کی جا خون جگر و یا خواب و آرام ہاری تانہ یا نونکی بی خبر کیا یہ اطفال نادان کو کس بہانہ سی بہلا دن یہ عیال نالان کو کس بیان سی صبر اور تسلی مین بٹہاوین تم جنت مین اپنی جد و آبا کی وصال سی شادمان ہین ہم اس غارت زدہ کنبہ کی پرستاری مین حیران قَالَ فَأَبْكَتْ وَاللّٰهِ كُلَّ مَنْ كَانَ فِي الْمَجْلِسِ وَيَزِيْدُ سَاكِتٌ راوی کہتا ہی کہ ساری حاضرین دربار نی اس کلام آہ و نالہ کیا افسوس اور اندوہ مین ہر ایک نی رو دیا یزید بغض و حسد سی چپ رہا اوس

چالیسوین مجلس دربارِ یزید مین حرم کا جانا بید کی چھڑی لبِ امام پر لگانا

اوس سنگدل سی نیا ظلم اور ہوا ثُمَّ دَعَا یَزِیْدُ بِقَضِیْبِ خَیْزُرَانٍ فَجَعَلَ یَنْكُتُ
بِهٖ ثَنَایَا الْحُسَیْنِ عَلَیْهِ السَّلَامُ بِت کی چھڑی خام سی منگائی اپنی ہاتھ سی منہ
شاہِ مظلوم کی لگائی اوس لبِ نازنین کو چوب سی کھولتا زبان حقارت مین دانتونکی
تعریف کرتا کہیون ای محبانِ علی علیہ السلام یہ ستم ہی مقامِ فغان و نوحہ و ماتم ہی حسین علیہ السلام
فرزندِ نازپرورِ فاطمہ کا سر تن سی کاٹا جائی در بدر پھرایا جاوی بروبرو نظرِ یزید کی آئی وہ بی ادبی
ہاتھ بڑھاوی پیاسی ہونٹون پر لکڑی سی ضرب لگائی فَاَقْبَلَ عَلَیْهِ اَبُوْ بَرْزَةَ الْاَسْلَمِیُّ
وَقَالَ وَیْحَكَ یَا یَزِیْدُ اَتَنْكُتُ بِقَضِیْبِكَ ثَغْرَ الْحُسَیْنِ بْنِ فَاطِمَةَ جب اس
شدتِ مصیبت کو ابو برزہ اسلمی صحابی رسولِ خدا نی دیکھا با چشم گریان و دلِ بریان چلاکی کہا
وای او بیتری یا یزید ای دشمنِ خدا حسین جانِ زہرا کی لب و دندان کو اپنی چھڑی سی [illegible]
اَشْهَدُ لَقَدْ رَاَیْتُ النَّبِیَّ یَرْشُفُ ثَنَایَاهُ وَثَنَایَا اَخِیْهِ الْحَسَنِ اسکی قسم
گواہی دیتا ہون کہ بارہا دیکھا ہون پیاری احمدِ مختار حسین کی منہ کو چومتی اور اوسکی بھائی
حسن کی ہونٹ کو بوسہ دیتی وَیَقُوْلُ اَنْتُمَا سَیِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ فَقَتَلَ
اللهُ قَاتِلَكُمَا وَلَعَنَهُ وَاَعَدَّ لَهٗ جَهَنَّمَ وَسَاءَتْ مَصِیْرًا فرماتی تم دو نورِ چشم
جوانانِ جنان ہو برگزیدہ اہلِ زمین اور آسمان ہو خدا لعنت کری تمہاری قاتلونکو جہنم مین
بھری دونو کی مارنی والونکو وہ بری جای بازگشت اور قرار ہی درکاتِ سقر ہین دشمنِ آل
پیغمبر کا مقام دار البوار ہی قَالَ فَغَضِبَ یَزِیْدُ وَاَمَرَ بِاِخْرَاجِهٖ فَاُخْرِجَ سَحْبًا
راوی کہتا ہی یزید بہت غصہ ہوا اور زبانِ شقی سی اخراج صحابی کا حکم دیا وہ بندہ خدا
کشان کشان نکالا گیا آزردہ حال روتا ہوا باہر چلا قَالَ وَجَعَلَ یَتَمَثَّلُ یَزِیْدُ
بِاَبْیَاتِ ابْنِ الزِّبَعْرٰی (نام شاعر) اوسوقت یزید اشعار ابن زبعری سی تمثل دیتا اپنی اجداد

اٹھاسیوین مجلس معجزۂ امام و دربار و حرم یزید مین داخلۂ عترت کرام

بت پرست کو یاد کر کی کہا لیت اشیاخی ببدر شہدوا جزع الخزرج من وقع الاسل کاش بزرگ ہماری مشایخ قریش جو بدر مین ماری گئی قبر سی بدر کی دیکھتی کہ بنی ہاشم بہالون سی بنی خزرج کی کیونکر بیتابی کرتی رہی واھلوا واستھلوا فرحا ثم قالوا یا یزید لا تشل خوش ہو کی غلغلہ کرتی اور کہتی ای یزید تیرا ہاتھ شل نہو قد قتلنا القرم من ساداتہم وعدلناہ ببدر فاعتدل غازیان بدر جیسا کیا تہا ہمنی اوسکا انتقام لیا جنگ مین اونکی اولاد کو مار ڈالا اوسکا خوب برابر اوتارا لست من خندف ان لم انتقم من بنی احمد ما کان فعل مین تو بنی خندف سی نہون اگر ال احمد سی مار کی عوض نکرون + نظم او لغو مجالس و روز و شام کی اندوہناک ہی + شرح بیان سی دلمین قلق سر پہ خاک ہی + آئین غم کی آینہ بندی کو کیا کہون + آنکھون مین اشک لب پہ فغان سینہ چاک ہی + سوز جگر سی جن و ملک بیقرار ہین + ماتم مین شاہ دین کی عالم ہلاک ہی + ای چرخ کجروش یہ ہجوم الم کی ساتھ آوارہ ہو وہ قوم جو رشتی سی پاک ہی + ناظم جو اشکبار ہی ذکر حسین مین + عصیان سی روز حشر نہین اوسکو باک ہی +

اٹھاسیوین مجلس فضایل معجز امام و دربار یزید مین اہلبیت کرام

رباعی شبیر کی غم مین جان سب کہوتی ہین + کہاتی ہین نہ پیتی ہین نہ سوتی ہین + دریا جو سوتی ہین غم سرور مین + وہ بہی نہین سوتی ہین سدا روتی ہین + رباعی یکتا ہی بلاج مدام اوسکا ہون + واحد جو ہی عبد بیکنام اوسکا ہون + پوچہی جو نکیرین تو کہدون کہ انیس + قنبر کا جو مولا ہی غلام اوسکا ہون + رباعی کس کس طرح سی ہمکو نہ رنج و الم ہوی + غافل پہ شکر حق سی نہ ہم ایک دم ہوی + جن دوستون کی دیکہنی سی تہا بہت سرور +

اکتالیسوین مجالس معتبرۂ امام و وربارۂ جرم یزیدین و اخاکہ عترت کرام

افسوس وہ مسافر ملک عدم ہوی رباعی سجاد کا دم سینہ مین گھبراتا ہی جب دشت شہادت اوسی یاد آتا ہی یون ہوگئی صحبت اوسکی برہم جیسی تصویر کا ایک ورق اولٹ جاتا ہے

تمہید بکا رِوایت ابو ھریرہ واحیای زن مردہ ازادی غلام ہوی وکنیز امام کی بہبودی عَظَّمَ اللّٰهُ اُجُوْرَنَا وَاُجُوْرَكُمْ بِمُصَابِنَا بِالْحُسَيْنِ وَجَعَلَنَا وَاِيَّاكُمْ مِنَ الطَّالِبِيْنَ بِثَارِهٖ مَعَ اِمَامِ الْمَهْدِيِّ مِنْ اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ حدیث مین وارد ہی جو شخص برادر مومن سی عزا مین ملاقات کری اپنی آقا کی مقام مصیبت اور بکا مین ان کلمات کو حسرت سی کہی معاصی کبیرہ کی سند مغفرت خلعت با شفاعت پائی ساتھ شہدای کربلا کی بی سفارش جنت مین جائی محبان مولا و غلامان با وفا گوش غیبت مین فضیلت آقا کی روایت حسن سنو چراغ ایمان کو خلوت مین دل و جان کی نور معرفت سی روشن کرو صدق ارادت سی رونا اوسکی سرگذشت پر شعار ماتم ہی حق محبت مین لوازم تعزیت سی ادا ہونا افتخار عالم ہی ب عَنْ اَنَسِ ابْنِ مَالِكٍ قَالَ رَاَيْتُ الْحُسَيْنَ بْنَ عَلِيٍّ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ مَعَ جَنَازَةٍ لِاَصْحَابِهٖ فَصَلَّيْنَا مَعَهٗ كَمَا منتخب فخری مین انس ابن مالک سی روایت کی ہی کہ اوسنی کہا امام حسین علیہ السلام کو دیکھا اپنی صاحب مردہ کی ہمراہ باہر قدم رکھا تشییع جنازہ کی لیی جماعت مسلمین ساتھ چلی اوس امام کی پیچھی ہم سب نی نماز میت پڑھی فَلَمَّا فَرَغْنَا مِنَ الصَّلٰوةِ رَاَيْتُ اَبَاهُرَيْرَةَ يَقْبِضُ التُّرَابَ عَنْ اَقْدَامِ الْحُسَيْنِ وَيَمْسَحُ بِهٖ وَجْهَهٗ جب کہ فارغ ہوی فریضہ موتی سی تو ابا ہریرہ کو نظر کی مینی خاک قدم امام حسین علیہ السلام کی تحت سی اوٹھا پاک اعتقادی سی نام مبارک پہ درود پڑھتا چہری پہ صورت غازۂ عنبر و غالیۂ مشک و عنبر بی باک ملتا آینہ رخسار کو غبار نعلین سی فرزند لولاک کی جلا کرتا فَقَالَ لَهُ الْحُسَيْنُ

اکتالیسوین مجلس معجزهٔ امام دربار وحرم یزید مین و اخلهٔ اہلبیت کرام

لم تفعل هذا یا ابا هریرة امام حسین علیہ السلام نی اونکو ٹوکا اور کہا ای اباہریرہ

یہ فعل نکرو مٹی کو منہہ پر ملنا فقال دعنی یا ابن رسول الله فوالله لو یعلم

الناس مثل ما اعلمه من فضلات لحملوک علی اعناقهم فضلا

اعناقهم اونہی کہا ای فرزند رسول خدا مجہکو چہوڑ دو ملامت نکرو کہ تمہاری خاک پاسی خسار

سیہ انور افزا ہو قسم خدا کی جو مین واقف ہون کرامت اور بزرگی سی تمہاری اگر لوگ ہی

اوسکا شمہ جانتی تو ہر آینہ آنکہونکی پتلی پر بٹہاتی اور گردن تحت قدم شریف جہکاتی

یا ابن رسول الله فی هاتی اذنی سمعت رسول الله یقول علی منبره

ای سبط مصطفی ان دونو کانو سی اپنی سنتی تہی نبی الوری نی عرشہ منبر پر آپکی مدح مین فرمایا

هذا ولدی الحسین سید شباب اهل الجنة من الخلق اجمعین

یہ فرزند دلبند میرا حسین سردار جوانان جنان ہی اور ساری خلق مین برگزیدۂ خالق دو جہان

ہی وانه یموت مذبوحا عطشانا مظلوما لعن الله من قتله تحقیق کہ نور عین

علی و فاطمہ جور و جفا سی پیاسا مارا جایگا غریب و مظلوم اپنی خون مین نہائیگا خدا لعنت کری

اوسکی قاتلونکو میری شفاعت سی محروم رکہی اون ظالمونکو یہیں عن ایوب بن

اعین عن ابی عبد الله قال ان امرأة کانت تطوف وخلفها رجل

کتاب تہذیب مین ایوب بن اعین اور ابی عبد الله ثانی سی سابلہ لکہا ہی کہ ایام طواف

کعبہ مین ایک عورت پیشتر جاتی اوسکی پیچہی مرد نامحرم چلا آتا تہا فاخرجت ذراعها

فمال بیده حتی وضعها علی ذراعها ناگاہ عورت نی اپنی باہنکو باہر نکالا

مرد بیگانہ نی ہاتہہ بڑہا کی باہم ملایا فاثبت الله ید الرجل فی ذراعها

حتی قطع الطواف قدرت خدا نی ہاتہہ اور پہنچا مرد و عورت کا جوڑ دیا کہ

٩٦٧

اکتالیسویں مجلس مصیبت امام و دربار یزید میں و حسلہ آل خیر الانام

کسی عنوان انہیں جب انہوں نے اسکا طواف دونوں نے قطع کیا خلق نے اونکو باہر نکال دیا وَاَرسَلَ
اِلَی الْاَمِیرِ وَاجْتَمَعَ النَّاسُ وَاَرْسَلَ اِلَی الْفُقَهَاءِ فَجَاءُوا یَقُولُونَ
اَقْطَعْ یَدَهُ فَهُوَ الَّذِیْ جَنَی الْجِنَایَةَ پس حاکم کے روبرو پہنچایا تماشائیوں کا ہجوم چارطرف
فراہم ہوا امیر نے علمای شہر بلاکر فقہاسی فتوی پوچھا سب نے تجویز کیا کہ ہاتھ کاٹو یہی سزا ہے
کہ دونوں پر گناہ کبیرہ ہوا ہے فَقَالَ هٰهُنَا اَحَدٌ مِّنْ وُلْدِ مُحَمَّدٍ رَسُولِ اللّٰهِ
قَالُوا نَعَمْ اَلْحُسَیْنُ بْنُ عَلِیٍّ قَدِمَ اللَّیْلَةَ فرمانروای مکہ نے پوچھا یہاں کوئی
اولاد محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ سے تشریف رکھتے ہیں لوگوں نے بتایا کہ ہاں امام حسین
علیہ السلام آج کی آئے خبر سنتے ہیں فَاَرْسَلَ اِلَیْهِ فَدَعَاهُ فَقَالَ اُنْظُرْ مَا اَتَی ذَانِ
پس اونکو آدمی بھیجا بلایا جب فرزند رسول کا تشریف لایا تو کہا دیکھو کیا ہوا دونوں کو
جو مناسب ہو وہ حکم دو فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ وَرَفَعَ یَدَیْهِ فَمَکَثَ طَوِیْلًا
یَدْعُو ثُمَّ جَاءَ اِلَیْهِمَا حَتّٰی خَلَّصَ یَدَهُ مِنْ یَدِهَا وہ مجمع صدق و صفا اور
مقتدای مردہ و بینا جانب قبلہ متوجہ ہوے ہاتھ اوٹھا کر دیر تک دعا میں مصروف
رہے پھر اونکی طرف آئے دونوں کے ہاتھ ہمدیگر سے چھڑائے فَقَالَ الْاَمِیْرُ اَلَا نُعَاقِبُهُمَا
بِمَا صَنَعَ قَالَ لَا حاکم نے پوچھا کہ ان کو سزا دوں جو عمل زشت کیا فرمایا نہیں
مواخذہ کرنا چھوڑ دیا مروی ہے عَبْدُ الْعَزِیْزِ کَثِیْرًا اَنَّ قَوْمًا اَتَوْا اِلَی الْحُسَیْنِ
وَقَالُوْا حَدِّثْنَا بِفَضَائِلِکُمْ عبد العزیز نے بہت مرتبہ ذکر کیا کہ ایک جماعت نے امام
حسین علیہ السلام سے کہا ہمارے سامنے کچھ بیان کرو اپنی فضائل کا مرتبہ قَالَ لَا
تُطِیْقُوْنَ وَاَنَا اُذِیْعُهُ لِاُخْبِرَ اِلٰی بَعْضِکُمْ فَاِنْ اَطَاقَ سَاحَدِّثُکُمْ
فرمایا تم سماعت پر تحمل نہ کر سکو گے اور ہماری فضائل کی معرفت میں طاقت نہ پاؤ گے

اکتالیسوین مجلس معجزۂ امام در دربار یزید مین داخلہ عترت انام

واصل امتحان کی دور جا بیٹھو تا ایک سی مین تہوڑا بہید کہون اگر وہ بارِ کرامت کو اوٹھا

توسمجہو ہم سبکو واقف کرون فَتَبَاعَدُوا عَنْهُ فَكَانَ يَتَكَلَّمُ مَعَ أَحَدِهِمْ

حَتّٰى دَهِشَ وَوَلِهَ وَجَعَلَ يَهِيمُ وَلَا يُجِيبُ أَحَدًا وَانْصَرَفُوا

عَنْهُ حسب الامر سب نی کنارہ کیا ایک مردِ عاقل ہوشیار کو حضرت کی پاس چہوڑ دیا

جناب سِرُّ اللہ اور ابن ولی اللہ نی لبِ اعجاز کہولی قدری کلامِ راز و نیاز اوسکی سنا

اک ساعت سی وہ وحشت زدہ اور دیوانہ ہو کی فریاد کرنی لگا جو کوئی پوچہتا تو جواب

نہ دیتا متحیر تہا ساری لوگ عاجز و پریشان سرورِ اصفیا سی جدا ہوئی مراتب اتنا

پرحیران وازخود رفتہ پہری مصداق مقال ہی حَدِيثُنَا صَعْبٌ مُسْتَصْعَبٌ

لَا يَحْتَمِلُهُ إِلَّا مَلَكٌ مُقَرَّبٌ أَوْ نَبِيٌّ مُرْسَلٌ فرمایا کہ حدیث ہماری بہت دشوار

ہماری ہی نہین اوسکا تحمل کرتا الا نبیِ مرسل یا جو ملک مقرب ایزدِ باری ہی قَبَ

عَنْ يَحْيَى ابْنِ أُمِّ الطَّوِيلِ قَالَ كُنَّا عِنْدَ الْحُسَيْنِ إِذْ دَخَلَ عَلَيْهِ شَابٌّ

يَبْكِي فَقَالَ لَهُ الْحُسَيْنُ مَا يُبْكِيكَ کتاب مناقب مین یحییٰ ابن ام طویل سی

روایت کی ہی کہ اوسنی کہا ہم کئی شخص کی جمعیت خدمت امام حسین علیہ السلام مین حاضر

تہی ناگاہ ایک جوان نالہ و آہ کرتا ہوا سامنی آیا سید الشہدا نی مزید لطف سی باعث

رقت اور بکا پوچہا قَالَ إِنَّ وَالِدَتِي تُوُفِّيَتْ فِي هٰذِهِ السَّاعَةِ وَلَمْ توصیہ

عرض کی ایمولا ایہی میری مان دنیا سی گذر گئی اور کچہہ وصیت اوسنی نہین کی وقد کانا

مَالٌ وَكَانَتْ قَدْ أَمَرَتْنِي أَنْ لَا أُحْدِثَ فِي أَمْرِهَا شَيْئًا حَتّٰى أُعْلِمَكَ

بِخَبَرِهَا اوسکا مال اور اسباب بہت سا تہا مرتی وقت بتاکید مجہی کہا ای فرزند

بیرا کوئی کام نکرنا جبتک پہلی مولا کو خبر دینا فَقَالَ الْحُسَيْنُ قُومُوا حَتّٰى

اکتالیسوین مجلس معجزۂ امام و دربار یزید میں داخلہ عترت امام

نَصْبِرُ اِلیٰ ھٰذِہِ الْحُرَّۃِ امام حسین علیہ السلام نے صحابہ سے فرمایا اوٹھو کی چلو تاکہ اوس
نیک عورت آزاد کی خبر لو فَقُمْنَا مَعَہٗ حَتّٰی اِنْتَھَیْنَا اِلٰی بَابِ الْبَیْتِ
الَّذِیْ تُوُفِّیَتْ فِیْہِ الْمَرْاَۃُ مُسَجَّاۃً ہم سب حضرت کے ساتھ کھڑے ہو گئے
بڑھے تاکہ اوس دروازے پر جسکے گھر میں وہ ضعیفہ مری اور ڈھکی پڑی تھی پہنچے فَاَشْرَفَ
عَلَی الْبَیْتِ وَدَعَا اللّٰہَ لِیُحْیِیَھَا حَتّٰی تُوْصِیَ بِمَا تُحِبُّ مِنْ وَصِیَّتِھَا فَاَحْیَاھَا
فلکِ اعجاز جب مکان متوفیہ پر رونق افزا ہوئے واسطے جلانے زن بیجان کی الفاظ
دعا حضورِ خدا میں پڑھے تاکہ مردہ پھر زندہ ہو جاے اپنی وصیت جو چاہے بجالاے فَاَحْیَاھَا
اللّٰہُ وَاِذَا الْمَرْاَۃُ جَلَسَتْ وَھِیَ تَتَشَہَّدُ راوی کہتا ہے کہ اوس قبلۂ عز و شرف کی
مناجات ابھی تمام نہو چکی تھی کہ زن مومنہ زندہ ہو کے کلمۂ شہادت پڑھنے کو بیٹھی ثُمَّ
نَظَرَتْ اِلَی الْحُسَیْنِ فَقَالَتْ اُدْخُلِ الْبَیْتَ یَا مَوْلَایَ وَمُرْنِیْ بِاَمْرِکَ
پھر دیکھا اور آنکھوں کو زیارتِ حسین علیہ السلام نورِ خدا سے ضیا دی آواز شوق میں لب
تمنا سے عرض کی یا مولا اندر گھر کے قدم عرش فرسا رکھیے مجھے اپنے ارشاد اور ہدایت سے زندہ
جاوید کرو فَدَخَلَ وَجَلَسَ عَلٰی مِخَدَّۃٍ ثُمَّ قَالَ لَھَا وَصِّیْ یَرْحَمُکِ اللّٰہُ امام
ہدیٰ اندر حجرے کی تشریف فرما ہوئے قرینِ اعزاز بیٹھے کے عورت سے بولی خدا تجھ پر اپنی
رحمت اور مغفرت بھیجے فرصت غنیمت ہے جو چاہے وصیت کر لے فَقَالَتْ یَا ابْنَ
رَسُوْلِ اللّٰہِ لِیْ مِنَ الْمَالِ کَذَا وَکَذَا فِیْ مَکَانِ کَذَا وَکَذَا عرض کی اے فرزند رسولِ خدا
مجھے پوشیدہ کیا ہے میرا مال اتنا اور وہاں وہاں دھر رکھا ہے فَقَدْ جَعَلْتُ ثُلُثَہٗ
اِلَیْکَ لِتَضَعَہٗ حَیْثُ شِئْتَ مِنْ اَوْلِیَائِکَ اوس نقد و جنس کا تیسرا حصہ بطور حق
نذر تم لو اپنے دوستوں میں جسے چاہو عطا کرو وَالثُّلُثَانِ لِابْنِیْ ھٰذَا اِنْ عَلِمْتَ

گفت ای برادران ابراہیم پیغمبر
ہجرت کرد از بیت اللہ بشام و موسی
ہجرت از بیت المقدس بمصر کرد
و حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ
والہ ہجرت کرد از مکہ بمدینہ و از
پیغمبران بہتر نیستم چنانچہ ایشان
ہجرت کردند منم ہجرت خواہم کرد
بسوی یمن و طایف از دست پسر
زبیر و اینزد فتن ...

اکثا لیسویں مجلس امام کا عورتِ مردہ کو جلانا اور بروی یزید جہنم کا ہمسایا تا

آنہ من موالیک واولیائک اور وہ تمہاری واسطی میری بیٹی کی ہی اگر جانو کہ وہ تمہاری غلام اور محبون میں ثابت رہی وان کان مخالفا فخذہ الیک فلا حق للمخالفین فی اموال المومنین ہرگاہ معلوم ہو کہ یہ مخالف ہی اور دشمن سمجھو تو وہ بھی اوس لڑکی سی لی لو اپنی تصرف میں رکھو منافقین کا حق اموال مومنین میں نہیں ہوتا ہی جو لونڈی غلام کی پاس ہو وہ آقا کو پہنچتا ہی ثم سالتہ ان یصلی علیہا وان یتولی امرھا پھر درخواست کی شاہ دین سی کہ میری جنازی پر نماز پڑھنا تجہیز و تکفین میں متوجہ رہنا تلقین عقاید کرنا ثم صارت المراۃ میتا کما کانت پس وہ ضعیفہ رو بقبلہ ہو کی جیسی تھی مردہ گری تصدق جان رونمائی میں آقا کی نثار کی حضرت نی اوسکی دولت کو بموجب وصیت تقسیم کردیا تشییع جنازی کی واسطی اپنی اصحاب کو ہمراہ لیا باطہارت نہلایا کفن پہنایا اسکا فورڈلوایا جماعت کی ساتھ نماز پڑھکی تابوت اوٹھایا باعزاز واکرام قبرستان میں پہنچایا لحد میں اتارا تلقین سنا کی ہزار ہا ہمیشہ ایسی رحمت میں پرستاری نبیان وبیوہ زنان اور بیمار وں کی مصروف رہتی تھی ناناکی امت پدر کی اہل ولایت کا سر انجام امور کرتی ہائی لیکن دست جفا سی فریاد ظالم اعدا کی بیداد سی اشقیای ایسی امام رہنما پرورش کرنیوالی غربا کو جب بیگناہ مارا لاشِ صدپارہ بی سرکو گہوڑوں کی سم سی روندا دفن اور کفن کا سامان درکنار سرکو نیزی چڑہایا عیال و اطفال کو غارت زدہ اسیر و بی نوا کیا ماتم تک نہ کرنی دیا کربلا کی دونو بالین شہدا پر رونی نہیں دیا وہ بدن نازنین جلتی ریت پر عریان پڑا رہا اہلبیت کی مصیبت میں اہتمام ایذا دہی سوا کیا طعام حاضری کی جا کسینی ایک جرعہ پانی کا نہ بہیجا زینب کو سوگ برادر میں کوئی غمخوار نی پرسا نہ دیا زین العابدین سی باپ کی تعزیت میں کوئی

اکتالیسویں مجلس غلام یہودی کو آزادی دلانا اہل حرم کا دربار یزید میں جانا

مناقب وروی عن الحسین ابن علی علیهما السلام انه قال صح عندنا
قول النبی صلی الله علیه وآله کتاب مناقب میں روایت کی حسین ابن علی
علیہما السلام سے کہ اون حضرت نے کہا صحت کو پہنچا میری نزدیک یہ قول جناب
رسالت کا افضل الاعمال بعد الصلوٰة ادخال السرور فی قلب المؤمنین
بما لا اثم فیه بہترین عمل حسنات بعد صلوٰۃ کی دل پر اور مومن کو خوش کرنا ہے جب تک اس میں
گناہ نہو اور خلاف مرضی خدا سے نہو فانی رایت غلاما یواکل کلبا فقلت
له فی ذلک فرمایا ایک دن میں راہ سے گذرتا تھا ناگاہ ایک غلام کو دیکھا کتے کو اپنا
طعام کھلاتا تھا میں اس حرکت کا باعث اوس مرد سے پوچھا فقال یا ابن رسول
الله انی مغموم اطلب سرورا بسروره لان صاحبی یهودی
ارید افارقه اوس نے کہا ای امام بندہ وآزاد میں یہودی کا غلام زر خرید ہوں
اس کام سے کتے کی خوشی میں اپنی مسرت کا طالب ہو رہا ہوں امید قوی ہے بلکہ یقین ہے
الہی کا وسیلہ ہو جائے آقا سے اسرائیلی سے علاقہ چھوٹ جائے تکلیف بندگی ٹل جائے فاتی الحسین
الی صاحبه بمائتی دینار ثمنا له امام حسین علیه السلام رحم فرما کی بغرض شفاعت
آپ یہودی کے گھر گئے دو سو دینار قیمت اوس کی دیکر اوس غلام کی طالب ہوئے فقال
الیهودی الغلام فداء لخطاک وهذا البستان له ورددت علیک
المال یہودی نے عرض کی یا مولا غلام کو تمہارے اقدام پر تصدق کیا اور اپنا باغ
اوسکو بخشا اشرفی وزر آپکا جو لائے ہو پھیر دیا اس تشریف آوری کو نقد احسان
سے مول لیا فقال علیه السلام وانا قد وهبت لک المال فقال قبلت
المال ووهبته للغلام اوس بخشندہ نے بہشت اور صاحب جود وہمت نے عرض کیا

اکتالیسوین مجلس شرف وبزرگی امام وودربار یزیدبین دخلہ آل خیر الانام

کر مال کو بھی بخشا یہودی نی عرض کی مینی پایا قبول کیا اور اوسکو بھی غلام کو دیا فقال
الحسین اَعتقتُ الغلامَ وَوَهبتُ لهُ جمیعًا یعنی طفر کش برات ازادکی
رفقہ کشای عقدۂ بندگی نی فرمایا کہ ای یہودی اس غلام کو مینی عتیق (ازاد) کیا اور حرفہ عطای
مال توفیق الہی نی اوسکی واہلی سیا فقالت امراتہُ قد اسلمتُ ووهبتُ
زوجی مهری زوجہ یہودی نی کہا مین طریقۂ اسلام پر ایمان لائی اور اپنی مہر شوہر کو بخشا
کردی فقال الیهودیُّ وانا ایضًا اسلمتُ واعطیتُها هٰذهِ الدّار
یہودی بولا مین بھی مسلمان ہوا یہ مکان کو تحت تصرف مین زوجہ کی سونپا سبحان اللہ
کیا برکت ہی قدم سید الشہدا مین جبہ ہر جا نفع پہنچاتی ذی کرم مین خلق خدا مین غلام
یہودی کی نجات ورہائی مین شفاعت کرتی نکا فرکی راحت کو اپنی اذیت اور مال حریف
نہ کہتی حیران ہون جب دشمن پر یہ مہربانی فرمائین دوست کو کس درجہ کرامت افزون
دلوائین ماں باپ کی سوای جو مال وجان کو اونکی راہ مین اوٹھاتی ہین اپنی مردنی ہا
جو ذرات سر وسینہ پیٹ کی خاک اوڑاتی ہین یہ لوگ کیا مرتبہ عالی مین جائین سے کچھ
کس قدر صلہ واحسان سی خوشحالی پائین گی، و قال حدّثنا محمّد بن یزید
المبرّد النحویّ فی اسنادہ ذکرہ قال انصرف النبیُّ الی منزل فاطمة
فرآها قائمةً خلف بابها محمد بن یزید مبرد نی اپنی سند مین ذکر کیا کہ ایک روز
انبیا کا جانب خانۂ فاطمۂ زہرا سی گذر ہوا دیکھا وہ معصومہ بیتاب دروازہ پر کھڑی ہین
اور بیکہ وتنہا فرط الم سی رو رہی ہین فقال ما بالُ حبیبتی هٰهنا فقالت
ابناك خرجا فلدوة وقد غبی علیّ خبرهما پوچھا ای پیاری بیٹی یہان
توقف کا سبب کیا ہی عرض کی صبح سی دونو فرزند تمہاری باہر گئی اوٹھا یا ہمین علا

پیغمبر و مردم طایف همه بمذهب او
کہ پدر او از خوارج بود دشمن آل
باد سید را عجب آمد از گفتار غسان
غسان گفت مال و جان ما همه فدای تو
همه مسلمان بودند سید را ثنا کردند
بیرون آمد و تواضع کرد و مردم طایف

و مردم این شهر را هم مهربان میبینم
سبب این را میخواهم بدانم غسان
گفت ای سید چنین بود که شما میفرمائید
ولیکن قصه پدرم بشنو

اکتالیسوین مجلس کرم امام و دربار یزید مین داخلہ عترت خیر الانام

ابر بالاک سی روایت کی ہی کہ سند صحیح مین یہ حکایت نقل ہوئی ہی ایکدن ہم ریاض حسین
امام حسین علیہ السلام کی حاضر تھی گل حدیقہ رسول کی رنگ و بوی اخلاق سی شگفتہ خاطر
تھی ناگاہ ایک لونڈی بصورت نسیم بہار آئی اپنی ہاتھ مین شاخ ریحان کو سرسبزی
باغ قبول کی امید پر ہدیہ لائی فَقَالَ عَلَیْہِ السَّلَامُ لَہَا اَنْتِ حُرَّۃٌ لِوَجْہِ اللّٰہِ
اوس ابیار چمن عطانی غنچۂ لب بہا کی فرمایا اسکی عوض تجھی راہ خدا مین گلزار آزادی سی
برومند بنایا فَقُلْتُ تُحَیِّیْکَ بِطَاقَۃِ رَیْحَانٍ لَا خَطَرَ لَہَا فَتُعْتِقُہَا
راوی کہتا ہی مینی التماس کیا تمہاری کنیز نی دستۂ نہال ناچیز دیا کہ قدر و قیمت کا کچھ
اندازہ نہین ہوسکتا اوسکی مقابل آپنی طوق بندگی کہو لا جا یہ کو میزان عقلا مین نقد
خوشدلی سی تولا قَالَ کَذَا اَدَّبَنَا اللّٰہُ قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی سرور نہ مین و زبان و معانی
کرامت و احسان بولی ہمکو ایسا ہی ادب بتایا قرآن مین خدای تعالی نی وَاِذَا حُیِّیْتُمْ
بِتَحِیَّۃٍ فَحَیُّوْا بِاَحْسَنَ مِنْہَا اَوْ رُدُّوْھَا یعنی جب کوئی تمہی تحیت پہنچاوی
تمکو تو اوسکو بہتر اوس سی بدل کر دیا مثل و برابر پھیر دو وَکَانَ اَحْسَنَ مِنْہَا
عِتْقُہَا اس لونڈی کی واسطی آزادی سی اچھا کوئی بدل نتہا یعنی وہی سعادت
مین اوسکو دیا ہی ای تماشائیان خیابان محبت و ای گلچینان ریاض ولایت
خوشا حال اون زارعان حدیقۂ تعزیت کا جو ہر دم ریاحین آہ و نالہ کو تر و تازہ لاتی ہین
نہی کمال و سنگاران بساتین مصیبت کا کہ پی ہم سنبل و یاسمین فریاد کو روضۂ ماتم پہ
بڑہاتی ہین یہ گل اشک لالہ گون سیّد الشہدا کی عزا مین دامن شیون مین بھرتی ہین
دستۂ غم و الم کو رشتۂ حسرت سی باندہکی مولا و آقا کی بزم حضور مین سوگ بدن کہتی ہین
روز حساب کو آزادی بند عقاب پائینگی پروانہ آمرزش لینگی داخلہ جنان کا میاب ہوئینگی

اکتالیسوین مجلس روبروی یزید حرم کا جانا کلام امام سی اوسکا شرمانا

نظم مولف اِمرای سوسنو شبّیر بہت اہل وفا ہی * یہ عقدہ شہادت کی گواہی کہلا ہی * احسان کسیکا نہین کرنی کا فراموش * الفت کی لئی مال ہی کیا سر کو دیا ہی * جو نذر کری ہر قسمت کو باخلاص * جاگیرِ جہان گنجِ نعیم اوسکا صلہ ہی * غم کہانی سی شہ کی جو اوسی شاد کروکی * یادوکی وہ رتبہ کہ جسی خلد سنا ہی * ای اہلِ عزا قدر کو اس بزم کی جانو * خاموش نہ بیٹھو کہ یہی وقت بکا ہی * غافل ہی وہ عاقل کہ دمِ موت کو بہولی * جینی کا بھروسا ہی کہان عمر فنا ہی * مضمون احادیث و روایات کو ناظم * کرتا ہی رقم یہ مددِ لطفِ خدا ہی *

مجلس یزید حرم کا داخل ہونا بیت مدح فال الحکم قبل عاکی بلا بیعہ ری اسی ابلا ابن

بستگان عقدۂ اندوہ و ملال * و خستگان صدمۂ زاری و ابتہال * بیچارگان منزلِ جور و جفا و بیتابانِ منزلِ خواری و ابتلا * ناظران خوابِ حسرت و پریشانی * و ناطقان محبت و بیدبان تیانی مصیبت زمرۂ اولیا کو دوازدہمنت و بلا مین قاعدۂ امتحان بلاغت اور فصاحت سی یون ثابت کرتی ہین کہ جب شب تعزیت سحر المصیبت شافع محشر پر خرابۂ دمشق مین گذری * اور صبح تعب روز قیامت بدتر و اسطی دلسوزی آلِ خیر البشر کی ظاہر ہوئی * یزید پلید بانیِ فتنہ اور بلیات سوتی سی جاگا لباس و تاجِ فخر و مباہات کو قتلِ عترتِ نبی کی باعث پہن کر اوپر آیا * اور ہزار سامانِ جفاسی انتظام دیا نقارۂ رسوائی کو بامِ طغیان اور شرارت پر شور افزا کیا * جملہ مشایخ بنی امیہ اور بزرگان شام کو مہمان بلایا * صدر تماشا مین اسیرانِ کربلا و سرہای شہدا کی جابجا کسیون پر بٹھایا و دور نخوت مین بادۂ شقاوت کی پیاؔنہ پر ہاتھ مارا * حریف کفر کی ساتھ بساطِ شطرنج مین مہرہ ایمان کا ہارا * وہ ازوِ جامِ ذلت و خواری پہنچانی کو ذریت سید انام کی بی مزاحم تھا اہتمام سازِ سرورِ غمِ ہلاکت پر امام حسین علیہ السلام کی جشنِ عید قربان کا لازم تھا قال ابن نما قال رحمہ الله

اکتالیسویں مجلس دربار یزید میں عترت کا جانا اونکی حال کو چھپانا

رسالت پناہی کی بزم ستم پر بہم انواع بیکسی اور غریبی سی عترت امام امم کی جلسہ عشرت سے ماتم
قیدیوں کا غول گنہگاروں سی بدتر روبرو ہمنشینان یزید کی کھڑا ہوا بیبیوں نی انگوشت
گیسووں کی پردہ عصمت میں چھپا لیا بچی اس حالت میں مانند طفل اشک خاک پر گری
بڑی بوڑھی اونکی صورت پر ہاتھ پھیرکی دلاسا کرتی ہیں لباس کہنہ اور مقنعہ سر میں نہاں
سر برہنہ پیروں میں چھالی پڑی گرد و غبار صحرا میں بھری عاجز و حیران اپنی حال پیاسا ماندہ
آشفتہ جان ہوا اندوہ دشمن سی خوف کی ماری لرزان و ہراسان رخساری ناخن غمسی مجروح
چہرہ نکھا پوست و ہڈی سے پاش پاش اذیت کی دہشت میں رنگ اوڑا ہوا
علقی پڑی ہوئی الہامی غیرت عشق میں پھرائی ہوئی سر اور افسردہ صورت میں گہرائی
عقیدہ ثریا دہ ستاری فلک سیادت کی نظروں میں سمائی تھی صبر تسلیم و رضا میں
دو سالہ شرافت گردن جھکائی تھی اپنی مصیبت پر آہستہ روتی کھڑی ہوئی
منت میں دار بلا پہنچی ہوئی جو شبیہ وَمَا اَطْرَقَا الحَیِیُّ الکَرِیمُ وَاَیْنَ بَیْتُ
الحُسَیْنِ نَتَطَلَّعُ الوَجْهَ بِالکَفِّ یزید نی نخوت و تکبر میں اسیروں کی جانب
التفات کیا بعد از مدت گوشہ چشم سی حقارت میں متوجہ ہو کی دیکھا بیتہ عزیز
امام حسین علیہ السلام کی جو کہ دن ہاتھ سی سنبھالی ہی شرم بی پردگی سی اپنی شانہ میں منہ
ڈالی ہی فَقَالَ مَنْ هٰذِهِ حَسَنُ الَّتِی مَلَکَتْ وَجْهَهَا کَبَدٍ عَلٰی قَدِّهَا
کَمَا لَا اَلِفَ پوچھا یہ دختر کیا اختر درخشندہ رو و جبین ہی کیا نام کون قبیلہ کی بیٹی
ایسی حسین ہی اسکا چہرہ مانند ماہ چاردہ چمکتا ہی اور قد اسکا بالا مثال الف لاغر کیا بلا
ای اہل عزا وہ لاڈلی کا دبلا ہونا کیا تعجب کی جا ہی جسکا باپ مارا جای اتنا ستم اٹھای
عزت سی ذلت پای یا تو وہ نازو نعم میں سو طرحکا پیار تھا یا شمر کی طمانچی دربدری کا آزار

وسلام کرد و گفت یا امیر المومنین
گفتم دیگر شما اید و نزدیک سید امد
بیرون نبرد این فرزند علامت و شما را
حمله بر شما اورد یک کس از دست او جان
شداد گفت ای قوم رخود بترسید کار او
شنیدم که از هوا می امد و کس را ندیدم
پسر عبد الله عباس گفت آواز بگیرها

فرزند فتم تو دانی و این قوم سید گفت
تو نبی و فرزند امیر با ایشان چه باید کرد
امیر عثمان بگرد اید در رفت و
همراه ان گروه بنی بهزیمت در فتند یاران
خواستند که از عقب ایشان بروند سید
ایشان را منع کرد ایشان باز گشتند و سید
سپاه امدند و چون این راه و فتند راه گم
کردند و در میان بیابان افتادند تشنگی بر
ایشان غلبه کرد خواستند که باز گردند
ناگاه از پیش روی ایشان اوازی آمد

اکتالیسوین مجلس دربار یزید مین آل نبی کا جانا مقال سکینہ کا دربیان آنا

جینا دشوار تھا فقالوا سکینۃ بنت الحسین ومن جمیع ملکات یا ابیہ
عقب اہل کوفہ جو بیٹی اور بہن کو سید الشہدا کی جانتی تہی آگی بڑہی باادب کہنی لگی یہ سکینہ
خاتون بنت حسین علیہ السلام پروردہ نازہی باقی سب کنیز اوسکا لونڈیان اور تابع اسیر
سرفراز ہی اونکی خطا کو بخشدی آل نبی سی بدلا لی فقالوا کیف رأیت اباک
قالت صح الیس قلبلت منا یا العین شعف زینب خاتون نی جو دیکہا
کہ یزید پرسان ہوا سکینہ کی حال پر اسکہڑی مہربان ہوا بنظر اسکی کہ دشمن جان نبی کی
عترت پر کبہی رحم کرتا ہی زبانی اور گویائی مین سلوک و بخشش کو مضایقہ نہین رکہتا
اشارہ کیا پہوپہی قربان آگی جا کی باتین کرو بلکہ یہ خونخوار ٹہرا ور غضب سی پشیمان ہوا
علی ابن الحسین کا قصد ہلاک نکرے بقیہ عترت کی قتل سی ہمپر مصیبت تازہ نہ پڑی شہزادی کی
جانی تخت یزید کی نزدیک آئی جہکی کہڑی ہوکی گردن جہکائی یزید نی کینہ دیرینہ سی کہا
ای سکینہ کیسا دیکہا حال اپنی باپا کا یعنی کثرت زخم سی بدن پہٹا بہوک پیاس مین سوکہا
گلا کٹا گہوڑونکی سم سی جنازہ پامال نیزی پر سر پہرا خاک و خون سی لال دہ خنجر کی تلی مرغ
بسمل سا تڑپا زانوی شمر سی جہانی کا دہنا بہائی کا حسرت بہن کو اشکبار دیکہنا بہن کی
درسی عورتونکا ناچار دہائی دینا اوس شاہزادی کا جگر اس طعنہ سی دکہا قاتل اولاد پیمبر
زبان حسرت مین کہا ای بیرحم اتنی ظلم و جور ہمپر کر چکا ابہی تیرا دل ہماری مصیبت اور خواری
نہین بہرا سمع منا یا رأت عینا یا اذ نظرت فی لیلۃ ہذہ قال اللعین
قصی متوجہ ہوکی بیرا ماجرا اس عالم رو یا کا اس شب کو مین عجیب واقعہ خواب مین دیکہا
یزید بولا ای سکینہ میری روبرو نقل کرو خاطر جمع رہو کسی بات مین نہ ڈرو اوس خیرہ و باغی
عن الہدی نی سرگذشت کہی تاکہ سر پدر کی زیارت جرأت کو ہوئی تہی بیان کی کہ قی

الغطبی و ما یلیہ بالطاقة الملک الاکبر قدحا و افاد
فایما یا الاتیب والتقعب علے شی ابیطالب بسیار راغب
یا اتھا شی علی شی کفت توجہ دانستی کہ
ارادہ کفت کہ حرف ازان حیا نم وفات بلم و افاد
کینم شناختم و محمد افاد و دادم و فات ایمان او
علے ابن ابیطالب ایمان او داشت ناز مان

اکتالیسوین مجلس دربار یزید مین حرم کا جانا کلام و الزام سید سجاد کا فرمانا

فِی کِتَابِ الْاَحْمَرِ رُوِیَ اَنَّہٗ قَالَ لِزَیْنَبَ تَکَلَّمِی فَقَالَتْ ھُوَ الْمُتَکَلِّمُ

کتاب احمر مین روایت کی ہی جب سرگذشت اہلبیت برقت کہی ہی ناگاہ کاروان غارت شدہ
مین یزید کی نگاہ پڑی ایک زن بلند بالا کر خمیدہ پر نالہ و آہ دیکھی کہ مانند نخل ماتم سراپا
غم سی جلتی چہرہ مین اوسکی طہارت و عصمت رسول و بتول کی شان نکلتی پوچھا یہ خاتون
کون پر تقصیر ہی کہا اسیرہ سی بڑی دختر علی ابن ابیطالب زینب ہی کہ قافلہ اسیران حرم کی
سردار ہی بیمار کربلا کی پرستار یزید نے زینب کو خطاب کیا جیسی باتین کرچکی تہی جواب دیا
جو چاہتا ہی سید الساجدین سی پوچھ اس کلام سی یزید پلید بیتاب ہوا ایک حلقہ اسیرو مین
بنظر عتاب دیکھا ایک جوان مانند خورشید تابان کہڑا ہی قد سرو بالا لنگر سی طوق و زنجیر کی
دوہرا ہی بیصد صدمہ اور ناتوانی کی زردی چہرہ پر عیان غلبہ جفا و محنت مین تشریح کی سو
پوست و استخوان ہی سر برہنہ بی عمامہ و ردا عاجز و ناچار سلسلہ اہلبیت سی بند بلا مین
